UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224115
UNIVERSAL
LIBRARY

Checked 1978

Checked 1988

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم

بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ ھجري

مطبوعہ مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ

باھتمام حافظ عبدالرزاق

سنہ ۱۲۹۱ ھجري مطابق سنہ ۱۸۷۴ ع

۱۲۹۰۵

اِطلاعؔ

بخدمت ممبران و خریداران تہذیبؔ الاخلاق

اُن صاحبوں کو جن کے پاس تہذیب الاخلاق سنہ ۱۲۹۱ ھجری جمع ھی مناسب ھی کہ اب اُس کو ایکؔ جلد میں مجلد فرمالیں اور یہہ دو ورقہ جسؔ میں پہلا ورق بطور ٹائیٹل پیج کے ھی اور دوسرے ورق پر فہرست مضامین ھی اس جلد کے اول لگادیں تاکہ وہ سب پرچے بصورت کتابؔ بن جاویں اور فہرستؔ سے مضامین کا نکالنا جب چاھیں آسان ھوجاوے *

فہرست مضامین تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۹۱ ھجری

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۱۷۳	اختتام و شروع سال جدید ...	سید احمد	۲
۱۷۴	انسان کی زندگی کی ٹرین ریل کی ٹرین سے مشابہ ہی ...	منشی مشتاق حسین	۵
۱۷۵	اصل شایستگی خیال کی شایستگی ہی ...	منشی مشتاق حسین	۱۰
۱۷۶	اسلام کی دنیوی برتریں ...	منشی چراغ علی	۱۴
۱۷۷	حب ایمانی اور حب انسانی ...	سید احمد	۵۸
۱۷۸	افسوس مسلمانوں کے حال پر ...	سید احمد	۵۹
۱۷۹	مدرسۃ العلوم کی روئدادیں تہذیب الاخلاق میں نہ چھپیں ...	سید احمد	۶۰
۱۸۰	مباحثہ نئی تہذیب اور پرانے خیالات کا ...	فارقلیط اللہ	۶۰
۱۸۱	تفسیر السموات ...	سیداحمد ۶۸و۷۰ار۱۲۵	
۱۸۲	مسلمانان یارقند ...	رابرٹ شا صاحب	۷۸
۱۸۳	چندہ گوجرانوالہ و ضلع بستی متعلق مدرسۃ العلوم ...	منشی مشتاق حسین	۸۸
۱۸۴	سلسلہ تعلیم مدرسۃ العلوم مسلمانان	مرزا رحمت اللہ بیگ	۹۰
۱۸۵	مراسلہ مہدی علی بنام منشی ماجد علی ...	مولوی مہدی علی	۱۰۲
۱۸۶	تقرر کمیٹی ہاے تعلیم مدرسۃ العلوم و توسیع دفعہ ۵ ...	سید احمد	۱۱۴

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۱۸۷	من تشبہ بقوم کو شیعہ حدیث نہیں کہتے ...	سید اقبال علی	۱۲۱
۱۸۸	مضمون نسبت ختم رسالت ...	سید احمد	۱۲۳
۱۸۹	دافع البہتان ...	سید احمد	۱۳۳
۱۹۰	محاکمہ بنام نہاد راے منصفانہ ...	سید محمد مرتضی	۱۵۸
۱۹۱	خط مولوی عبدالرحمن صاحب کلیانی ...	مولوی عبدالرحمن	۱۵۹
۱۹۲	ترغیب چندہ مدرسۃ العلوم ...	مولوی عبدالرحمن	۱۵۹
۱۹۳	سید احمد خاں کی تکفیر کی تردید ...	حافظ محمد حسین	۱۶۲
۱۹۴	علامات قرامت ...	سید احمد	۱۶۵
*	خط مولوی محمد یعقوب صاحب	محمد یعقوب	۱۷۰
۱۹۵	سرلیپن یا تہذیب ...	سید احمد	۱۷۲
۱۹۶	تہذیب اور اُسکی تاریخ اور انعال انسانی کے باقاعدہ ہونے کا ثبوت ہنریط اسپنکل صاحب		۱۷۴
۱۹۷	مسلمانوں کا افلاس ...	سید احمد	۱۸۶
۱۹۸	مانسیور ایف گیزو صاحب کا پہلا لکچر ...	گیزو	۱۸۷
۱۹۹	مانسیور ایف گیزو صاحب کا دوسرا لکچر ...	گیزو	۱۹۸
۲۰۰	مانسیور ایف گیزو صاحب کا تیسرا لکچر ...	گیزو	۲۱۶
۲۰۱	لعنۃ اللہ علی الکاذبین ...	مولوی مہدی علی	۲۲۲

حساب جمع خرچ پرچه تهذیب الاخلاق بابت سنه ۱۲۹۱ هجري

باقیات سابق بتحویل منیجر ... ... لاکھ ۱۴ ۳ پائي

آمدني زر چنده از ممبران

جناب حضرت مولوي سید امداد علي صاحب سب آرڈینٹ جج بهادر صاحب گنج عرف گیا بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

مولوي سید مهدیعلیصاحب منجمله زرچندهٔ سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

سیّد احمد خان بهادر سي ایس آئي سب آرڈینٹ جج بهادر بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

مرزا محمد رحمت‌الله بیگ صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

مولوي محمد سمیع‌الله خان صاحب سب آرڈینٹ جج بهادر علیگڈه بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

مولوي سید زین‌العابدین صاحب منصف بلند شهر بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

مولوي خواجه محمد یوسف صاحب وکیل عدالت دیواني علیگڈه بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ۵

آمدني سالانه از خریداران اخبار

مولوي عبدالقیوم صاحب سب آرڈینٹ جج بهادر آگره منجمله قیمت بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... ۸/ ۷

مولوي سید علاءالدین صاحب تحصیلدار ریاست رتلام بابت بقیه سنه ۱۲۹۰ هجري ۸/ ۷

مولوي سید علاءالدین صاحب تحصیلدار ریاست رتلام بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... لاکھ

مولوي خواجه فتح احمد خانصاحب ڈپٹي کلکٹر بهادر [illegible] بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. لاکھ

[illegible] صاحب هیڈ ماستر از لاهور ابتدای [illegible] سنه ۱۲۸۷ لغایت آخر سنه ۱۲۹۱ هجري .. ۱۰

[illegible] صاحب اورسیر از دپالپور بابت [illegible] هجري .. .. لاکھ

لاله چني لعل صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. لاکھ

لاله چهنو لعل صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. لاکھ

منشي محمد ابوالحسن صاحب منصف تاجپور ضلع ترهت بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... . لاکھ

نواب احمدالله خانصاحب پٹرول پرمٹ از هردا ابتدای شوال سنه ۱۲۸۷ لغایت سنه ۱۲۸۹ هجري ... لاکھ

نواب احمدالله خانصاحب پٹرول پرمٹ از هردا بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. لاکھ

نواب سیف‌الله خانصاحب و إسلام‌الله خانصاحب ابتدای سنه ۱۲۹۰ لغایت سنه ۱۲۹۱ هجري ۵

مولوي سید محمد صاحب از جونپور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري لاکھ

مولوي نورالحق صاحب مدرس مڈل إسکول گورکهه پور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... لاکھ

میانجي سید محمد حسن صاحب از دیوبند بابت سنه ۱۲۹۱ هجري. .. .. .. لاکھ

شیخ قدرت‌الله صاحب سوداگر از پٹیاله بابت سنه ۱۲۹۱ هجري.. ... . لاکھ

سید عنایت علیصاحب نایب بخشي از پٹیاله بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. لاکھ

منشي غلام محمد صاحب از بمبئي بابت سنه ۱۲۹۱ هجري لاکھ

مولوي سید فضل‌الرحمن صاحب از پٹنه بابت بقیه سنه ۱۲۹۱ هجري ۷

مولوي شیخ محمد صاحب از اعظم‌گڈه بابت بقیه سنه ۱۲۹۱ هجري ۷

منشي سید علي حسن صاحب تحصیلدار روڑکي ابتدای سنه ۱۲۹۰ هجري لغایت سنه ۱۲۹۱ هجري .. ۵

جي محمد سیف‌الدین صاحب و خان محمد شاه صاحب از امرتسر ابتدای سنه ۱۲۹۰ هجري لغایت سنه ۱۲۹۱ هجري ۵

منشي محمد عبدالله صاحب مدرس چترایں کالج بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. لاکھ

منشي محمد عبدالله صاحب مدرس چےنراين كالج بنارس
ابتداى شوال سنة ۱۲۸۷ لغايت سنة ۱۲۸۸ هجري صم

منشي عبداللطيف صاحب رايٹر كمسريت اگزامنر آفس از
مدراس بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

شيخ فخرالدين احمد صاحب هيڈ ماسٹر ضلع اسكول
نرسنگپور بابت سنة ۱۲۹۱ هجري ... ... للا

منشي غلام مرتضي صاحب رئيس و وكيل منصفي فتحآباد
ضلع آگرة بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

شيخ الطاف حسين صاحب از كانپور بابت سنة ۱۲۹۱ هجري للا

مولوي عبدالصمد صاحب وكيل عدالت ديواني غازيپور
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

قاضي ارشاد عليصاحب منصرم عدالت منصفي غازيپور
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

مولوي عبدالواسع صاحب مدرس لور إسكول ريواڑي بابت
سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

ماسٹر محمد خدا بخش خانصاحب ناظم نهر از پٹيالة
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

سيد اقبال عليصاحب وكيل عدالت پرتاب گدة بابت
سنة ۱۲۹۱ هجري ... . للا

منشي وكيل احمد صاحب از حيدرآباد دكهن قصبة رايچوڑ
ابتداى شوال سنة ۱۲۸۷ لغايت آخر سنة ۱۲۹۱ هجري عص

مولوي وارث عليصاحب از الهةآباد بابت بقية سنة ۱۲۹۱ هجري عم

منشي اجودهيا پرشاد صاحب سب آرڈينٹ جج اعظم گدة
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

منشي محمد امين الدين خانصاحب سب انسپكٹر ڈاكخانجات
از فتحپور هنسوا بابت سنة ۱۲۹۱ هجري ... للا

بابو محمد شايق صاحب سب اسسٹنٹ سرجن گورکهة پور
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

محمد اكرام الله خان صاحب از دهلي بابت سنة ۱۲۹۱
هجري .. .. للا

نواب محمد حسن خان صاحب از بنارس منجملة قيمت
بابت سنة ۱۲۹۰ هجري .. .. عم
۲۰۷

سيد عطاءالله خان صاحب از ناگپور بابت سنة ۱۲۹۱ هجري للا

مولوي سيد اكرام علي صاحب از كوٹله بابت سنة ۱۲۹۱
هجري ... . للا

سيد فدا حسين صاحب سب انسپكٹر پولس از بنارس بابت
بقية سنة ۱۲۹۱ .. .. .. ے
۸۱

مرزا جلال الدين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس بابت
سنة ۱۲۹۱ هجري .. ... للا

منشي محمد معصوم علي خان صاحب پيشكار تحصيل
هاترس بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

مولوي محمد كريم صاحب ڈپٹي كلكٹر بهادر الهةآباد
ابتداى سنة ۱۲۹۰ هجري لغايت آخر سنة ۱۲۹۱ هجري ے

قاضي شهاب الدين صاحب بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

شيخ الهي بخش صاحب ٹهيكة دار از ميرٹهه ابتداى
شوال سنة ۱۲۸۷ هجري لغايت سنة ۱۲۹۱ هجري عص

منشي محمد عبدالستار صاحب وكيل عدالت ديواني گورکهة پور
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

منشي محمد معصوم خان صاحب منصرم عدالت هجي
گورکهة پور بابب سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

منشي صفدر حسين خان صاحب ناظر عدالت ديواني گورکهة پور
إبتداى سنة ۱۲۸۷ هجري لغايت سنة ۱۲۹۱ هجري عص

مولوي علي احمد صاحب وكيل منصفي بانسي بابت
سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

شيخ غلام حسن صاحب تاجر پشمينة از امرتسر إبتداى
سنة ۱۲۹۰ لغايت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. ے

مولوي محمد عبدالرحمن خان صاحب كرياني مدرس و حاكم
اپيل عدالت ديواني و فوجداري اردى پور ميواڑ

إبتداى شوال سنة ۱۲۸۷ لغايت آخر سنة ۱۲۹۱ هجري عص

منشي محمد الهي بخش صاحب سب انجينير و ڈپٹي
مجسٹريٹ نهر گنگ ضلع بلند شهر بابت سنة ۱۲۹۱ هجري للا

خان بهادر شيخ عبدالقادر صاحب إنسپكٹر پولس پونا
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. للا

مولوي حاجي علي بخش خان صاحب سب آرڈينٹ جج
بهادر گورکهة پور بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

هائي إسكول لودهيانة بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

مولوي محمد كريم بخش خان صاحب اكسٹرا اسسٹنٹ
كمشنر كونچ ضلع جالون بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

مولوي احمد شفيع صاحب هيڈ ماسٹر إسكول وزيرآباد
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للا

منشي محمد سلطان خان صاحب ڈپٹي مجسٹريٹ نهر
گنگ ڈويژن ميرٹهه بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

نواب محمد نقي علي خان صاحب از كاكوري ضلع لكهنؤ
بابت سنة ۱۲۹۱ هجري ... . للا

منشي محمد يسين صاحب سكرٹري محمدن امپرومنٹ
ايسوسي ايشن كشنگڑهي بابت سنة ۱۲۹۱ هجري .. للا

منشي محمد عبدالسلام صاحب انسپکٹر پولس ايلور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

سيد محمد علي صاحب سرشته دار إجلاس خاص سريحضور مهاراجه صاحب والي پٹياله بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

حافظ مجتبي کريم صاحب داروغه صفائي شهر بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للعه

منشي غلام حسين خان صاحب صوبه دار رجمنٹ ۲۸ پنجابي از کلکته بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. ... للعه

منشي اودة بهاري لعل صاحب پيشکار کلکٹوي بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

حافظ حاجي محمد حسين صاحب از اجمير بابت سنه ۱۲۹۴ هجري ... . للعه

شيخ محمد حسين صاحب از سنبهل مُرادآباد إبتداى سنه ۱۲۸۹ لغايت آخر سنه ۱۲۹۱ هجري .. عه عه

مولوي محمد نورالحسن صاحب تحصلدار کالپي بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

مولوي منيرالدين احمد صاحب منصف جونپور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

مولوي محمد افضل حسين صاحب مدرس فارسي مدرسه رتلام بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. ... للعه

مولوي محمد انوارالحق صاحب وکيل عدالت مرادآباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

له دهنپت راى صاحب هيڈ کلارک دفتر إسٹور کيپر محکمهٔ ريلوي از وزيرآباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

منشي کشن گوپال صاحب از وزيرآباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

منشي تفضل حسين صاحب ڈپٹي کلکٹر بهادر بستي بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

نور جوالا پرشاد صاحب از الهٰه‌آباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

سيد چراغ شاه صاحب مدرس اول تعليم‌المعلمين از بهاولپور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

سيد محمد نورالحسن صاحب منصف ضلع شاه‌آباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

منشي فضل ربي صاحب از مرشدآباد بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

سيد حسن عسکري صاحب سرشته دار کلکٹري ضلع بهاگلپور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

لاله شيوپرشاد صاحب سي ايس آئي از بنارس بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

مستر هاروي صاحب بهادر از اعرتسر منجمله قيمت سنه ۱۲۹۱ ه ۵ر معا

مکرم‌الدوله بهادر صدرالمهام مال از حيدرآباد دکهن إبتداى سنه ۱۲۸۷ هجري لغايت آخر سنه ۱۲۹۱ هجري عه عه

نواب اسدالله خان صاحب از سهاگپور بابت سنه ۱۲۹۱ ه للعه

محمد رمضان صاحب نقشه نويس از مقام روپڑ إبتداى سنه ۱۲۸۹ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري .. ... للعه

حافظ عبدالرحمن صاحب مدرس از پالم‌پور بابت سنه ۱۲۹۱ ه للعه

محمد بخش صاحب بگل ميجر رجمنٹ ۲۸ پنجابي از کلکته بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

مولوي محمد حيدر حسين صاحب وکيل عدالت ديواني گورکهه پور إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري عه عه

منشي شيو شنکر لعل صاحب تحصلدار هاتا إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۰ هجري .. ... عه

عبدالمجيد صاحب طالب‌علم از رامپور إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري .. .. صم ۸ر

منشي منگل سين صاحب ڈپٹي کلکٹر بندوبست از عليگڈه بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

محمد عزيزالدين خان صاحب از اندور بابت سنه ۱۲۹۱ ه للعه

مولوي سيد لطف حسن صاحب از ضلع اوناؤ بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

مولوي عبيدالله صاحب عبيدي سپرنڈنٹ مدرسه ڈهاکه بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

مولوي محمد عمر صاحب ضلعدار نهر گنگ از بلند شهر بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

مولوي محمد حنيف صاحب هيڈ ماسٹر إسکول ترهن ضلع ترهت إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. عه عه

مولوي شيخ احمد حسين صاحب از حيدرآباد دکهن بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

مولوي ذکاءالله صاحب از گورکهه پور إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۰ هجري ... . عه

مولوي محمد نجم‌الدين صاحب مدرس از دهلي إبتداى سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. عه

مولوي ماجد علي صاحب از مرزا پور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

امانت خان صاحب مالگذار از ناگپور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

مولوي عبدالقيوم صاحب از مرزا پور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

امر نائبه صاحب إنسپکٹر مدارس رتلام إبتداى سنه ۱۲۸۹ لغايت سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. صم

مولوي محمد محسن علي صاحب از چنسورا منجمله بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. معا

نواب علي احمد خان صاحب تحصيلدار غازي‌آباد ضلع
ميرٹھ ابتدای شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري عـه عـه
محمد عبدالعامد صاحب نايب تحصيلدار جالون بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للـه

محمد عبدالغفار خان صاحب از پريوا تحصيل پيلي بهيت
ضلع بريلي ابتدای شوال سنه ۱۲۸۷ هجري لغايت
سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. عـه عـه

مولوي امين‌الدين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سنه ۱۲۸۹ هجري .. .. .. عصا ۸ر

سيد عبدالسلام صاحب از بير بهوم منجمله بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. عصا

منشي حشمت حسين صاحب از مظفر پور بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للـه

جناب حسن بن عبدالله صاحب بهادر از حيدرآباد ابتدای
شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري : عـه عـه

منشي محمد انور حسين صاحب از غازيپور بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للـه

مولوي اكبر حسين صاحب وكيل هاى كورٹ الهٰ‌آباد
ابتدای شوال ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۹۱ هجري ... عـه عـه

مولوي عين‌الحق صاحب نايب صدر منصرم گونڈة بابت
بقيه سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. عصا

شيخ اثيرالدين صاحب مختار محكمة كلكٹري بنارس
بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للـه

مولوي محمد ذكاءالله صاحب از الهٰ‌آباد بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للـه

مولوي فضل‌الله صاحب از بانكے پور بابت سنه ۱۲۹۱ هجري للـه

منشي مادهو لعل صاحب منصف مرزا پور ابتدای شوال
سنه ۱۲۸۷ هجري لغايت آخر سنه ۱۲۹۱ هجري ... عـه عـه

محمد عمر بخش صاحب از جالندهر بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للـه

شاة دلاور حسين احمد خان صاحب بهادر ڈپٹي كلكٹر و
ڈپٹي مجسٹريٹ موتي هاري بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. للـه

منشي بحال سنگه صاحب سرشتة دار نيابت عدالت
ديواني پٹياله بابت سنه ۱۲۹۱ هجري .. للـه

منشي محمد ذكاءالله صاحب پروفسر ميور كالج الهٰ‌آباد بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... للـه

صادق علي صاحب از كپور تهله ابتدای شوال
سنه ۱۲۸۷ هجري لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري ... عصم ۸ر

شيخ محمد كريم صاحب عطا زميندار اعظم گڈة بابت
بقيه سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. لـے

سيد لعل محمد صاحب از اجمير بابت محصول اخبار بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري ... . عصم

بابت قيمت پرچه هاى متفرق .. .. .. لـے

واپس از آجرت چھپوائي حساب جمع خرچ سنه ۱۲۹۰ هجري عکـ

پيشگي جو خريداروں سے وصول هوا
بابت سال آينده

منشي محمد ابوالحسن صاحب منصف تاجپور ضلع ترهته
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. عصم

سيد حسن عسكري صاحب سرشتة دار كلكٹري از بهاگلپور
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. عصم

محمد عبدالغفار خان صاحب از پريوا تحصيل پيلي بهيت
ضلع بريلي بابت سنه ۱۲۹۲ هجري و بابت سه ماهي
اول سنه ۱۲۹۳ هجري ... . عصم

مولوي محمد افضل حسين صاحب مدرس مدرسة وتلام
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. عصم

منشي مادهو لعل صاحب منصف مرزا پور بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. للـه

شيخ عبدالقادر صاحب انسپكٹر پوليس از پونا بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. عصم

نواب محمد نقي علي خان صاحب از كاكوري بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري ... . عصم

سيد اقبال علي صاحب وكيل عدالت پرتاب گڈة بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري ... ... للـه

سيد جعفر حسين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري ... ... للـه

لاله كوليشر پرشاد صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري ... ... للـه

مولوي امين‌الدين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري ... . للـه

مرزا جلال‌الدين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. للـه

حافظ فضل‌الرحمن صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سنه ۱۲۹۲ هجري .. .. .. للـه

مولوي عبدالستار صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس بابت
سنه ۱۲۹۲ هجري ... . للـه

الہ چھنوں لعل صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس بابت سنہ ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
مولوی شجاع الدین حیدر صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس بابت ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
الہ پونیت لعل صاحب خلف لالہ گوبند پرشاد صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس بابت سنہ ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
مولوی فخرالدین خاں صاحب سابق ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع بدایوں بابت سنہ ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
مولوی محمد فریدالدین احمد صاحب سرشتہ دار عدالت دیوانی بزرگ از حیدرآباد دکھن بابت سنہ ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
سید فدا حسین صاحب سب انسپکٹر پولس بنارس بابت سنہ ۱۲۹۲ ھجری	للعہ	
میزان کل	الکاملعہ ۱۰ر۹ پائی	

اخراجات بابت سنہ ۱۲۹۱ ھجری

خرید کاغذ از لندن و کلکتہ معہ اخراجات کرایہ ریل و جہاز وغیرہ	۲ر	ماصعہ
اجرت چھپائی معمولی	۱۰ر	ماصعہ
محصول خطوط و تقسیم پرچہ تہذیب الاخلاق معہ محصول آمدرفت پولندہ پرچہ مذکور از علیگڈھ تا بنارس ..	۸ر	ماکعہ
ٹیسبندی پرچہ ہای اخبار سنہ ۱۲۹۰ ھجری ..	۸ر	صعہ
خرید کاغذ برای ٹیسبندی سنہ ۱۲۹۰ ھجری ...		صعہ
خرید کاغذ بانس برای پشت بند اخبار		صعہ
تنخواہ محرر معمولی بابت یکسال		سعہ
تنخواہ محرر جدید بابت یکسال		ماعہ

واضح ہو کہ پد۔ محرر جدید تہذیب الاخلاق اور کمیٹی مدرسہ مسلمانان دونوں کا کام کرتا ہی مگر اسکی کل تنخواہ تہذیب الاخلاق کے حساب میں اسلیئے ڈال دی گئی ہی کہ کمیٹی مدرسہ مسلمانان میں کفایت ہو اور آمید ہی کہ ممبران تہذیب الاخلاق اسکو ناپسند نہ فرماوینگی .. ..

اجرت چھپوائی پرچہ حساب		للعہ
میزان کل	الکاملعہ ۱۲ر۳ پائی	
فاضل	للعہ ۱ر۶ پائی	

جن لوگوں کا چندہ اس حساب کے طیار ہونے کے بعد آیا ہی وہ سنہ ۱۲۹۲ ہجری کے حساب کے ساتھہ چھاپا جاویگا ●

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم محرم الحرام سنہ ۱۲۹۱ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبري [نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں و اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوّر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چاہے آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۷۳

اختتام سال سنہ ۱۲۹۰ هجری

و

شروع سال سنہ ۱۲۹۱ هجری

از بندہ خضوع و التجا می زیبد
بخشایش بندہ از خدا می زیبد
گرمن کنم آنکہ آں مرا نازیبا است
تو کن همہ آنکہ آں ترا می زیبد

الحمد للہ کہ سنہ ذوے پورا هوا اور سنہ اکیانوے شروع هوگیا همارے اس پرچہ کو جاري هوئے سوا تین برس هوگئے *

پچھلا سال بھي خندہ گل و نالہ بلبل سے خالي نہیں گیا همارے آہ و نالہ نے بدستور غلغلہ رکھا اور همارے ناصحان شفیق کا بھي شور و شغف کم نہوا *

حسن شہرت عشق رسوائي تقاضا میکند
جرم معشوق و گناہ عاشق بیچارہ نیست

ناصحان شفیق نے همکو کبھي کچھہ کہا اور کبھي کچھہ آخرکار همکو کافر و ملحد ٹھراهي دیا دور و نزدیک کے مولوي صاحبوں سے کفر کے فتووں پر مہریں چھپ واهي منگوائیں اور همارے کفر پر همارے ناصح شفیق جناب مولوي حاجي سید امدادالعلي صاحب نے ایک رسالہ چھاپ هي دیا اور امدادا لافاق اُسکا نام رکھا بھلا اور کچھہ هوا یا نہوا بچارے غریب چھاپے والے کو تو فائدہ هوگیا *

اسي سال میں همارے تحریرات کي تردید میں مولانا علي بخش خاں بہادر نے (جو اُمید هی کہ اب تک حاجي بھي هوگئے هونگے اور انشاءاللہ تعالي آیندہ سے اُنکو بھي حاجي لکھا کرینگے) دو رسالے تحریر فرمائے هیں جن میں سے ایک کا نام شہاب ثاقب هی اور دوسرے کا نام تائیدالاسلام *

اخبارون میں ذوالانوار تو اپنا نور عالم میں برساتا هي تها مگر اوس سے ایک اَور پرچہ اُنکے گھر کا ارجالا مسمی بہ نورالاخلاق لدفع ظلمۃ اهل النفاق پیدا هوا هی جو نہایت هي دلچسپ هی اور همارے اس پرچہ تہذیب الاخلاق کے جواب میں نکلا هی اُسکے مضامین ظاهرا تو جناب حاجي مولوي سید امدادالعلي صاحب بہادر کے طبع زاد معلوم هوتے هیں مگر بعضے لوگ اُن مضامین کو لے پالک بتاتے هیں بہرحال همکو اس سے کیا کہ وہ میاں نذیر کے هیں یا میاں بشیر کے کسیکے هوں مگر دلچسپ هیں خدا اُسکي بھي عمر دراز کرے *

همنے بھي اپنے مضامین لکھنے اور قومي بھلائي کي کوشش میں کمي نہیں کي اگر چہ پچھلے سال میں کارروائي مدرسۃالعلوم مسلمانان کي انٹر چھپتي رهي الا مضامین دلنشینوں سے بھي یہہ پرچہ خالي نہیں رها همارے عزیز دل شکستہ دوست مولوي سید مہدیعلي کا لکچر مسلمانوں کي تہذیب پر جو اس سال کے پرچوں چھپا درحقیقت ایک ایسا کارنامہ هی جسکي قدر وهي لوگ جانتے هیں جو اُسکي قدر جانتے هیں — همارے همعصر اکثر اودہ اخبار نے اُسکي ویسي هي قدر داني کي هی جسکا وہ مستحق هی همکو نہایت فخر هی کہ ایسا عالي مضمون همارے اس ناچیز پرچہ کے ذریعہ سے مشتہر هوا جو همارې قوم کي اگلي حالت کو یاد دلاتا هی اور پچھلي حالت بتاکر شرمندہ کرتا هی اور پھر آیندہ کي بہتري کي توقع سے دل و جان کو تقویت دیتا هی *

بڑي مبارکي اس سال میں همارے پرچہ کو یہہ هوئي هی کہ جناب مولوي چراغ علي صاحب نے بھي اس میں مضمون لکھنے شروع کیئے هیں ایک آدہ مضمون اُنکا پچھلے سال میں چھپا هی اور آیندہ اور بہت سے عمدہ مضامین کے چھپنے کي توقع هی *

هم دیکھتے هیں کہ همارې تحریروں کے سمجھنے میں جو کبھي کبھي نسبت مسایل مذهبي لکھي جاتي هیں انٹر لوگ غلطي کرتے هیں وہ نہیں سمجھتے کہ همارے اُصول نیا هیں اور نہ اُصولوں پر همارې تحریریں مبني هیں اس لیئے مناسب معلوم هوتا هی کہ اس سال کے شروع میں هم اپنے اُن اُصول کو لکھدیں تاکہ لوگ اُن اصول کي صحت و سقم پر غور کریں اگر وہ اُصول صحیح هیں تو اُمید هی کہ جو تحریریں اُنپر متفرع هیں اُنمیں بھي کچھہ غلطي نہوگي بالجملہ یہہ مقولہ نہایت صحیح هی —

کہ هیچ نفس بشر خالي از خطا نبود

اور وہ اُصول یہہ هیں —

اول خداے واحد ذوالجلال ازلي و ابدي خالق و صانع تمام کائنات کا هی *

دوم اُس کا کلام اور جس کو اُس نے رسالت پر مبعوث کیا اُس کا کلام هرگز خلاف حقیقت اور خلاف واقع نہیں هوسکتا *

سوم قران مجید بلاشبہہ کلام الهي هی کوئي حرف اُس کا نہ خلاف حقیقت هی اور نہ خلاف واقع *

چہارم قران مجید کي اگر کوئي آیت همکو بظاهر خلاف واقع یا خلاف حقیقت معلوم هو تو دو حال سے خالي نہیں یا تو اُس آیت کا مطلب سمجھنے میں هم سے غلطي هوئي هی یا جسکو هم نے حقیقت اور واقع سمجھا هی اُس میں غلطي کي هی — اس کے برخلاف کسي مفسر یا محدث کا قول همارے نزدیک قابل تسلیم نہیں هی *

پنجم جسقدر نظام الٰہی جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم پر نازل ہوا وہ سب بین الدفتین موجود ہی ایک حرف بھی اُس سے خارج نہیں ہی — اِس لیئے کہ اگر ایسا مانا جاوے تو کوئی ایک آیت بھی قرآن مجید کی بطور یقین قابل عمل نہوگی کیونکہ ممکن ہی کہ کوئی ایسی آیت خارج رہ گئی ہو جو آیات موجودہ بین الدفتین کے برخلاف ہو *

نہ ملنا کسی ایسی آیت کا اُس کے عدم وجود کی دلیل نہوسکیگا *

ششم کوئی انسان سوائے رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم کے ایسا نہیں ہی جسکا قول و فعل بلا سند صحیح قول و فعل رسول کے دینیات میں قابل تسلیم ہو یا جسکی عدم تسلیم سے کفر لازم آتا ہو — اس کے برخلاف اعتقاد رکھنا شرک فی النبوۃ ہی *

مقصود یہہ ہی کہ جسطرح امت و پیغمبر میں تفاوت درجہ ہی اسیطرح اُن کے قول و فعل میں بھی جو دینیات سے متعلق ہیں درجہ و رتبہ کا تفاوت ہی *

ہفتم دینیات میں سنت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی اطاعت میں ہم مجبور ہیں اور دنیاوی امور میں مجاز *

اس مقام پر سنت کے لفظ سے میری مراد احکام دین ہی *

ہشتم احکام منصوصہ احکام دین بالیقین ہیں اور باقی مسائل اجتہادی اور قیاسی اور وہ جنکی بنا امر ظنی پر ہی سب ظنی ہیں *

فہم انسان خارج از طاقت انسانی مکلف نہیں ہوسکتا پس اگر وہ ایمان پر مکلف ہی تو ضرور ہی کہ ایمان اور اُس کے وہ احکام جنپر نجات منحصر ہی عقل انسانی سے خارج نہوں *

مثلاً ہم خدا کے ہونے پر ایمان لانے کے مکلف ہیں مگر اُس کی ماہیت ذات کے جاننے پر مکلف نہیں *

دہم افعال مامور فی نفسہ حسن ہیں اور افعال ممنوعہ فی حد قبیح ہیں اور پیغمبر صرف اُن کی خواص حسن یا قبح کے بتانے والے ہیں جیسیکہ طبیب جو ادویہ کے ضرر اور نفع سے مطلع کردے *

اِس مقام پر لفظ افعال کو ایسا عام تصور کرنا چاہیئے جو افعال جوارح اور افعال قلب وغیرہ سب پر شامل ہو *

یازدہم تمام احکام مذہب اسلام کے فطرت کے مطابق ہیں اگر نہ ہوں تو اندھے کے حق میں نہ دیکھنا اور سرجا کے حق میں بھینگا گناہ ٹھہر سکیگا *

دوازدہم وہ قوی جو خدا تعالیٰ نے انسان میں پیدا کیئے ہیں میں وہ قوی بھی جو انسان کو کسی فعل کے ارتکاب سے روکتے ہیں ان تمام قوی کے استعمال پر انسان مختار ہی — مگر ازل سے خدا کے علم میں ہی کہ فلاں انسان کن کن قوی کو اور کس کس طور پر کام میں لاویگا — اُس کے علم کے برخلاف ہرگز نہوگا مگر اِس سے انسان اُن قوی کے استعمال یا ترک استعمال پر جب تک کہ وہ قوی قابل استعمال کے اُس میں ہیں مجبور نہیں متصور ہوسکتا *

سیزدہم دین اسلام اُن مجموع احکام کا نام ہی جو یقینی من اللہ ہیں *

چہاردہم احکام دین اسلام دو قسم کے ہیں ایک وہ جو اصلی احکام دین کے ہیں اور وہ بالکل فطرت کے مطابق ہیں دوسرے وہ جن سے اُن اصلی احکام کی حفاظت مقصود ہی مگر اطاعت اور عمل میں اُن دونوں کا رتبہ برابر ہی *

پانزدہم تمام افعال اور اقوال رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم کے بالکل سچائی تھے مصلحت وقت کی نسبت رسول کی طرف کوئی سخت بے ادبی ہی جسمیں خوف کفر ہی *

مصلحت وقت سے میری مراد وہ ہی جو عام لوگوں نے مصلحت کے معنی سمجھے ہیں کہ دل میں کچھہ اور کہنا یا کرنا کچھہ یعنی ایسے قول یا فعل کو کام میں لانا جو در حقیقت بیجا تھا مگر بندہ وقت بن کر اُس کو نہدیا یا کردیا *

ہمارا خیال یہہ ہی کہ یہہ اصول پانزدہگانہ ایسے ہیں کہ جن سے کوئی مسلمان انکار اور اختلاف نہیں کرسکتا اور جب وہ لوگ جو ہم سے اختلاف رائے رکھتے ہیں ان اصولوں پر غور کرینگے اور یہہ بھی سمجھینگے کہ ہماری تحریریں ایسے سچے اصولوں پر مبنی ہیں تو کیا عجب ہی کہ وہ بھی ہم سے متفق ہوجاویں *

تہذیب قومی

اصلی مقصود تو ہمارے اِس پرچہ کا تہذیب قومی ہی مسایل مذہبی کی بحث بمجبوری آجاتی ہی اس سال میں بھی جہاں تک ہوسکا ایسے مضامین جو قومی تہذیب سے علاقہ رکھتے ہیں اِس پرچہ میں لکھے گئے ہیں اور کچھہ عجب نہیں کہ اُن مضمونوں نے کسی کے دل پر اثر بھی کیا ہو مگر ہمکو یہ نسبت اسکے کہ ہمارے مضمونوں نے کسی دل کو نرم کیا ہی اِس بات سے زیادہ خوشی ہی کہ ہم اپنے فرض کو ادا کرتے ہیں اور یہی ہمارا مقصد ہونا چاہیئے کیونکہ بندہ کا کام صرف سعی کرنا ہی اور اُس کو پورا کرنا اور اثر دینا خدا کا کام ہی اسی معنی والاتمام من اللہ تعالیٰ ایک مشہور مقولہ ہی پس شکر ہی کہ جہاں تک ممکن ہے ہم اپنا فرض ادا کرتے ہیں *

دل پر گذرتے هيں مگر چپ هي اپنے کيئے پر پشيمان هي اور چپ بيٹھا هوا هي روپيہ پاس نهيں جو دولتمند غلاموں اور کاهلوں کي طرح وہ بھي رهائي پاتا — اُس نے اپنا جيبہ ريل والوں کے سامنے پيش کيا کہ اِسکو ليلو اور مجھے آزاد کرو ليکن اُس ميں ستر بهتر سوراخ تھے کسي نے بھي اُس طرف التفات نہ کيا پھر اُس نے اپني پھٹي پراني ميلي کچيلي دستار اپنے سر پر سے اُتار کر ريل والوں کے قدموں پر ڈالي کہ اسکو قبول کرو اور ہمارے خدا مجھے چھوڑ دو مگر کسينے يہہ بھي نہ جانا کہ کون بکتا هي اور کيا بکتا هي آخر اُس نے اپني جيب ٹٹولي اور اُس ميں سے کچھہ منصوري پيسے نکالے اور ريل والوں کے سامنے پيش کيئے کہ اب اِسکے سوا ميرے پاس اور کچھہ نهيں هي — ريل والوں نے وہ پيسے اُس سے ليليئے مگر وہ بھي رهائي کے ليئے مکتفي نہوئے اور آخرکار اسي حال ميں وہ مجسٹريٹ کے هاں سے قيد هوا اور کچھہ ميعاد تک جيلخانہ کے عذاب اور ذلتيں بھگت نے کے بعد اُسنے اُس رسوائي سے نجات پائي *

يهي حال بجنسہ اُن لوگوں کا هوتا هي جو اپني زندگي ميں اپنے ايمان کي کچھہ حفاظت نهيں کرتے نہ اپنے جيتے جي کچھہ ايسے کام کرجاتے هيں جو آخرت ميں اُنکي نجات کا ذريعہ هوں جب وہ لوگ خالي هاتھوں اس دنيا سے سدھارتے هيں تو جاتے هي پکڑے جاتے هيں هر طرف سے پھٹکار هوتي هي عذاب کے فرشتہ متعين هوتے هيں وہ اپنے اُن ساتھيوں کو ديکھتا هي جو زندگي ميں اپنے ايمان کي طرف سے هوشيار تھے اُنکے نامہ اعمال عارفۃالعين ميں معائنہ هوتے هيں اور وہ جنت ميں داخل هوتے چلے جاتے هيں — پھر بعض ايسے لوگ آتے هيں جنهوں نے دنيا ميں بهت سے عمدہ کام کيئے تھے بهت سي نيکياں اپنے ساتھہ لائے تھے اپني قوم کے ليئے ايسے ايسے مدرسے بنا گئے تھے جنکي بدولت دين و دنيا ميں اُسکو عزت هو عامہ خلايق کي بھلائي ميں اُنهوں نے عمريں صرف کردي تھيں مگر اداے فرايض ميں اُن سے کچھہ قصور هوگيا تھا اپني غفلت اور کاهلي سے نماز روزہ کو اچھي طرح ادا نهيں کيا تھا فرشتوں نے اُن کو بھي پکڑا جکڑا اور چاها کہ اِن کو بھي اور گنهگاروں کي طرح ذليل کريں مگر آواز آئي کہ خبردار يہہ ميرے خاص بندے هيں انکو ميرے پاس لاؤ تب فرشتے اُن کو خدا کے پاس ليگئے خدا کي عظمت و جلال ديکھکر اس انسانوں کا رنگ فق هوگيا بدن کانپ گيا پاؤں ڈگمگا گئے اور زبان لڑکھڑانے لگي تمام اعضا ميں رعشہ سا آگيا تب خدا نے اُن سے ايک پر رعب آواز کے ساتھہ ارشاد کيا کہ بے شک تمنے اپني زندگي ميں اسقدر ذخيرہ اپني نجات کا اکٹھا کرليا هي کہ وہ آج تمهاري اِن تقصيرات کا جن ميں فرشتوں نے تمکو پکڑا کافي معارضہ هوگا — آج ميں اپنا وعدہ ان الحسنات يذهبن السيات بھي کرونگا اور تمکو تمهاري کوششوں کا پورا صلہ دونگا ليکن مجھکو تم سے بهت هي بڑي شکايت هي تم ميرے خاص بندوں ميں تھے اور هميشہ اسبات کي اُميد کرتے تھے کہ ايک دن خدا کے سامنے عزت سے حاضر هونگے تم سے اداے فرايض ميں قصور اور کاهلي هونا نهايت افسوس کي بات هي تم ميں سے هرايک کي کاهلي نے ميرے اور بندوں کو بھي کاهلي کي تعليم دي اور اپنےاس کردار سے ميرے بهت سے بندوں کو اپني بکار آمد کوششوں ميں شريک هونے اور اپني عمدہ نصيحتوں پر عمل کرنے سے باز رکھا — کيا تم نے يہہ جان ليا تھا کہ مجھکو تمهاري يہہ کاهلي کچھہ خرچي معلوم هوتي هوگي کيا تم نے دنيا ميں کسي ايسے بادشاہ کا دربار نديکھا تھا يا اُسکے حال سے واقف نہ هوئے تھے جسنے اپنے درباريوں اور اپنے نوکروں اور اپني رعايا کے واسطے کوئي ضابطہ بادشاہ کي تعظيم بجالانے کا مقرر کرديا هو کيا تم يہہ نجانتے تھے کہ اگر کوئي شخص يا کوئي اعلي رتبہ کا اميد اُس بادشاہ کي تعظيم اُس طريقہ سے بجا نہ لاتا تو اُس بادشاہ کا قهر و غضب کسقدر مشتعل هوتا کيا کوئي اميد اُس بادشاہ کا گو اُسکي ذات سے کيسي هي عمدہ عمدہ خدمتيں ظهور ميں آئي هوتيں يہہ جرات کرسکتا تھا کہ بغير حکم بادشاہ کے اپني کاهلي سے اُسکي مقررہ تعظيم ميں کچھہ قصور کرے پھر کيا تمهارے پاس ميرا کوئي فرمان آگيا تھا يا کوئي فرشتہ تمهارے کان ميں کہہ گيا تھا کہ تمهارا روزہ نماز تمهاري خرچي پر منحصر هي يا تمکو اسقدر عقل نہ تھي جو يہہ سمجھتے کہ احکم‌الحاکمين هماري اِس کاهلي سے ناخوش نہ هوتا هوگا — اگر کوئي عام آدمي ايسي غفلت ميں گذارتا تو مجھکو اُس سے اسقدر شکايت نهوتي اور ايک خفيف‌سا عذاب اُسکو ديکر چهوڑ ديتا ليکن تم ميرے برگزيدہ بندوں ميں سے تھے تمهاري ان بے ادائيوں سے مجھکو بهت رنج هوا هي *

پھر خدا نے اُن سے سوال کيا کہ آيا تمکو يہہ اُميد تھي يا نهيں کہ خدا کے هاں هم عزت سے حاضر هونگے تب اُنهوں نے بهت هي دبي هوئي اور روتي هوئي آواز سے جواب ديا کہ هاں اے باري تعالي همکو تيرے رحم اور فضل و کرم سے ايسي هي توقع تھي تيري عنايت سے همکو ايسا هي بهروسہ تھا اور هم تيري ايسي عنايت کے بهروسہ پر اپنے ارادوں ميں اسقدر ثابت قدم رہ سکے — پھر خدا نے اُن سے پوچھا کہ کيا تمکو عامہ خلايق اور قومي بھلائي ميں ساعي هونے ميں انبياء کرام سے بھي کچھہ زيادہ دعوے تھا جواب ديا کہ حاشا ثم حاشا اُنکي خاک پا کے برابر بھي کبھي رتبہ نهيں هوا پھر خدا نے اُنسے پوچھا کہ کيا انبياء کے صحابيوں سے تمهارا درجہ ان کوششوں کے لحاظ کچھہ بڑھا هوا تھا جواب ديا کہ نهيں هماري کيا مجال تھي کہ هم تيرے اُن

مقدس بندوں کی برابری کا دعوی کرتے خدا نے فرمایا کہ پھر تمہاری بضاعت کی قوت کہاں تھرتی گئی تھی جب ہمارے نبی اور ہمارے انبیاء کے صحابہ باوجود امامۃ خلائق اور اپنی امت کی اصلاح حال میں اسقدر کوشش بلیغ اور سعی موفورہ کرنے کے کبھی ایک لحظہ کے واسطے بھی ہمارے فرایض کے ادا میں کاہل نہ پائے گئے تیروں اور تلواروں کے طوفان میں بھی انہوں نے نماز روزہ کو نہ چھوڑا سخت سے سخت مصیبت میں بھی وہ ہمیشہ ان فرایض کے ادا میں ثابت قدم رہے تو تمنے کیا سمجھ لیا تھا جو ہمارے خاص ان فرایض کے بجالانے میں کوتاہی کی — انبیاء اور صحابہ کا اس قسم کے ادائے فرایض میں ثابت قدم رہنا ہی ایک بڑا ثبوت اسبات کا تھا کہ خدا کے بندوں کو اُس کے بجالانے میں کاہلی مناسب نہیں علاوہ اس کے میں نے قران میں بھی صدہا مقام پر بالتخصیص نماز کی تائید کی اُس کی خوبیاں پنتائیں اُس کے فائدوں کو جتلایا مگر بالیقینہ تم نے میرے اُن احکام کی کچھہ قدر نہ کی آج تم کس منہ سے اپنے کاموں کا صلہ مجھسے چاہتے ہو — تب یہہ گنہگار کچھہ جواب نہ دے سکے اور بے اختیار رو دیئے اور اپنے کیئے پر بہت ہی پشیماں ہوئے اور بڑی عاجزی اور زاری سے عرض کیا کہ الہی ہمکو اپنے کاموں کا کچھہ دعوی نہیں ہی تو محض اپنے کرم اور فضل سے چاہے ہمکو بخش دے اور چاہے نہ بخشدے بے شک ہم گنہگار ہیں مگر تیری ذات غفور الرحیم ہی اور تیری اس صفت پر جو تیری عین ذات ہی ہمیشہ ہمکو سچا یقین رہا ہی آج اُسی سے ہمکو اپنی نجات کی ترقع ہی — تب اُس غفور الرحیم نے بڑے جوش میں آکر حکم دیا کہ میں نے تمکو بخشا اور یہہ بھی فرمایا کہ تمہاری خدمتیں جو اسلام کے حق میں ہوئیں سب میں نے قبول کی ہیں یہہ خدمتیں جنکی تمہاری بدنصیب قوم نے کچھہ قدر نہ کی ایسی بڑی عظمت کی ہیں کہ اُن میں سے ہر ایک خدمت تمہاری ایسی ایسی سو کاہلیوں کا تلافی ہوسکتی ہی لیکن شکایت اسبات کی تھی کہ تم میرے خاص بندے تھے تمہارا رتبہ میرے ہاں بہت بڑھا ہوا تھا اسلیئے تمکو اپنا کام بہت احتیاط سے کرنا مناسب تھا — سچ ہی جن کے رتبہ ہیں اُن کو سرا مشکل ہی *

جو لوگ اپنے ساتھہ بہت سی نیکیاں لائے تھے وہ باوجود اپنی غفلت اور قصور کے بھی اسی طرح سے خوشی خوشی جنت کو تشریف لیجاتے اور پھر وہاں جو جو کچھہ اُن کی خاطر و مدارات ہوئی وہ بیان میں نہیں آسکتی ما لاعین رات ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر *

مگر وہ بیچارہ غریب مسافر جو بالکل خالی ہاتھوں آیا مشکیں بندھی ہوئی قیامت کے اُس ہولناک میدان میں دم بخود کھڑا ہی

اے تھی دست رفتہ دربازار * ترسمت باز ناوری دیگر

دنیا میں کوئی ایسا نیک کام نہیں کیا جس کی عوض میں اُس عذاب اور ذلت سے رہائی ہوتی مدرسۃالعلوم مسلمانان میں اخلاص نیت سے کبھی ایک ٹکا نہیں دیا جس کے بدلے نجات ملتی آخر جب وہ بہت گھبرایا تو اپنے دنیا کے اُن کاموں کو اُس نے یاد کیا جن کو وہ ٹھیک جانتا تھا اُس نے فرشتوں سے کہا کہ میں نے دارالحرب سے ہجرت کی اور مکہ معظمہ میں اقامت اختیار کی تھی کیا اس کا کچھہ ثواب بھی آج مجھکو نہ ملیگا فرشتوں نے جواب دیا کہ وہ ہجرت خدا کے واسطے نہ تھی پھر روپیا صاف وش لونڈیوں کے اشتیاق میں ایک وحشیانہ حرکت تھی لوگوں کی نظروں میں اُس بیہودہ کام سے تمنے اپنی عزت پیدا کی لیکن خدا کو تو تمہاری نیت کا حال معلوم ہی *

پھر اُس نے کہا کہ میں نے بیسیوں دفعہ بھنڈارہ کیا اور راہ خدا میں فقیروں کو کھلایا کچھہ اُس کا حساب دیکھو — فرشتوں نے جواب دیا کہ وہ تمہاری ایک بیجا فضول خرچی تھی اُن تمام بھنڈاروں میں کسی ایک مستحق کو بھی کھانا نہیں پھونچا البتہ ایک کتہ اور تمنے پلاؤ کی بچی ہوئی ہڈیاں ڈال دی تھیں اُسکا کچھہ تھوڑا سا ثواب ملا ہی جس سے تمہارے عذاب میں کچھہ تخفیف ہوگئی ہی اُس بھنڈارہ میں سب کے سب ایسے لوگ تمہارا مال کھا گئے جنہوں نے پھنگ روزہ کے سوا نماز و روزہ کی کچھہ بھی حقیقت نہیں جانی پھر فرشتے اُسکو ایک اونچے ٹیلہ پر لیگئے وہاں سے اُس نے کچھہ لوگوں کو دیکھا جو نہایت ہی سخت عذاب میں مبتلا ہیں یہہ شخص اُنکو دیکھکر ڈر گیا فرشتوں نے کہا کہ یہی وہ فقیر ہیں جو تمہارے بھنڈارہ میں حاضر تھے راہ خدا میں اگر کچھہ دینا تھا تو مدرسۃالعلوم مسلمانان کے طالبعلموں کے واسطے کچھہ انعام اور وظائف مقرر کیئے ہوتے اگر اُس کو برا جانتے تھے تو دیوبند ہی کے مدرسہ کے طلباء کی خدمت کی ہوتی تم نے تو کچھہ بھی نہیں کیا جس کام میں سو آدمیوں نے تمہیں واہ واہ کہی اُسی کو تم نے پسند کیا پھر ثواب کہاں سے ملتا *

پھر اُس بد نصیب نے فرشتوں سے کہا کہ میٹھے نلاں نلاں سوداگر صاحب اور خواجہ صاحب اور مفتی صاحب اور ملاں صاحب و غیرہم کی خدمت کی تھی بہت سا روپیہ ہو سال یہہ لوگ میری سرکار میں لیجاتے تھے اور وہ سب مجھسے کہا کرتے تھے کہ یہی دینا خدا کی راہ کا دینا ہی اُس حساب کو دیکھو اُس میں ضرور تمکو مغالطہ ہوا ہی غالباً اس حساب میں بہت سا ثواب ملیگا — فرشتوں نے جواب دیا کہ میاں دیوانہ ہوئے ہو ہم کو بھی تم نے اپنی سرکار کا کوئی مخبر سمجھا ہی جو ہم سے غلطی ہوجانے کا گمان کرتے ہو اِس حساب

ميں بهي خاک تمهارا يا فتني نهيں هي سب حساب همارا ديکها هوا هي بسوقت تم روپيه ديتے جاتے تهے هم اُسي وقت ديکهتے جاتے تهے — کيا خدا نے تم کو ان سب لوگوں کا نام پتلا ديا تها که ان کا ديدنا ثواب هي يا جو کچهه يهه کهيں وه سب سچ هي ان سب پيٹ کے پاپيوں نے تمکو دغا دي اُنهوں نے ديں کے پرده ميں دنيا کمائي تمهارے خوش کرنے کے واسطے بهت سے فتوے تمهاري مرضي کے مطابق لکهديئے جس فتوے کو وه درحقيقت غلط جانتے تهے اُسپر بهي اُنهوں نے تمهاري خاطر سے مهريں کرديں — مدرسةالعلوم مسلمانان ميں روپيه ديني کو پوا بتايا تاکه اُن کي روزي ميں خلل نه پڑے اور خود رقمين کي رقمين هضم کر گئے اور کبهي ذکار تک نهيں لي خواه هزاروں روپيه کے مالک تهے مگر زکواة کا پيسه هميشه ليتے رهے ميت کے وارثوں کو هميشه اس بات کا يقين دلايا که ميت کا اسباب هم سے لوگوں کو ديني سے ميت کي روح کو ثواب پهنچيگا کيا ايسے فريبي اور دغابازوں کا ديدنا الله کي راه کا ديدنا هي — الله کي راه ميں عالموں کي خدمت کرني تهي تو مدرسةالعلوم مسلمانان ميں مسلمان عالم مدرسوں کي تنخواهوں کے واسطے سرمايه ديا هوتا ديوبند اور عليگڈه هي کے عربي مدرسے ميں کسي مدرس کي تنخواه کي کفالت کي هوتي يهه کهکر فرشتے اُس بد نصيب کو پهر ايک اُونچے ٹيلے پر ليگئے وهاں سے اُسنے ديکها که کچهه لوگ ايک آتشي گڑهے ميں پڑے هوئے هيں اور خدا کا عذاب اُن پر نازل هو رها هي — وه روپيه جو اُنهوں نے دغا اور فريب سے حاصل کيا تها سانپ اور بچهوؤں کي صورت ميں اُن کے بدن سے لپٹا هوا هي اور ان موذي جانوروں نے کاٹ کاٹ کر تمام بدن کو چهلني کرديا هي مگر اُن کے هاتهه کي اُنگليوں پر سب سے زياده تکليف هي وه زهريلے جانوروں کے ڈنک کے اثر سے پاني پاني هوکر بهه جاتي هيں اور پهر دوباره يهي مصيبت برداشت کرنے کے واسطے تازه جهلي پاکر اپني حالت اصلي پر آجاتي هيں — يهه شخص اُن کي مصيبت اور عذاب کو ديکهکر ڈر گيا اور خوف کے مارے کانپنے لگا اور کچهه نه پهچان سکا که يهه کون لوگ هيں تب فرشتوں نے اُس کو بتلايا که يهي وه مولوي صاحب اور خواجه صاحب اور مفتي صاحب اور ملاں صاحب هيں جو دغا ديکر تجهه سے هر سال رقميں کي رقميں ليجاتے تهے اور تجهکو دهوکا ديکر اس صرف کو خدا کي راه کا صرف بتلا ديتے تهے ان کي صورتيں اب مسخ هوگئي هيں اسليئے تو اُنکر پهچان نهيں سکتا پهر اُس نے پوچها که اُن کي اُنگليوں پر کيوں ايسا عذاب هي فرشتوں نے کها که اُنهوں نے بالکل بد ديتي اور تعصب کي راه سے نه مغالطه يا اختلاف راے کي وجهه سے ان اُنگليوں سے مدرسةالعلوم مسلمانان ميں چنده نه ديئے پر مهريں کي تهيں اور اس ذريعه سے اُنهوں نے تمام مسلمانوں کو ذلت اور ادبار ميں پڑے رهنے کي تدبير کي تهي اور اُن کي ديني اور دنياوي ترقيات ميں هارج هوئے تهے اسليئے خدا نے اُن کي اُونگليوں پر زيادة سخت عذاب نازل کيا هي پهر اُس بد نصيب نے فرشتوں سے پوچها انهيں لوگوں پر کيا منحصر هي مدرسةالعلوم کي نسبت تو اور بهي بهت سے عوام آدميوں کي راے مخالف تهي فرشتوں نے جواب ديا که وه بهي انهيں حضرات کے بهکانے سے تهے علاوه اس کے ابهي اُن لوگوں کا معامله تيري آنکهوں کے سامنے گذر چکا هي جنهوں نے نماز و روزه ميں کاهلي کي تهي اور تو نے ديکها که خدا اُن پر کس قدر غصه هوا وه کيا بات تهي وه بهي يهي بات تهي که وه لوگ خدا کے خاص بندوں ميں تهے اُن سے ايسي حرکت کا هونا نهايت ناپسنديده تها علي هذاالقياس يهه لوگ جو عالم اور فقيهه اور مولوي اور مفتي اور مجتهد کهلاتے تهے اور اُنهوں نے علم حاصل کيا تها ديں کي کتابيں پڑهي تهيں هر طرح کي سمجهه رکهتے تهے اُن کا کام يهه تها که لوگوں کو نيک کام پر رغبت دلاتے نه يهه که اُلٹا اُنهوں نے اُن کو گمراه کيا اسي ليئے خدا نے ان پر سخت عذاب نازل کيا هي اور نهيں معلوم که کب تک اُن پر يهه عذاب قايم رهتا هي *

تب وه بد نصيب گنهگار جو خالي هاتهوں خدا کے هاں آيا بهت پچتايا اپنے اور تمام کاموں کو جن پر اُس کو بهت بهروسه تها اس طرح اوڑتي هوئي خاک کي طرح برباد هوتا هوا ديکهه کر بهت روٹا مگر پهر کچهه ياد کرکے اور همت باندهکر سنبهل بيٹها اور ايک زلده آواز کے ساتهه فرشتوں سے اُس نے کها که مجهے اپنے جيتے جي بهت سي مسجديں راه خدا ميں تعمير کرائي هيں اُن کا حساب کهاں هي جن زمينوں پر ميں نے مسجديں بنوائيں وه مجهکو کچهه بهکانے نهيں آئي تهيں جو ايٹيں اور مصالح ميں نے اُن مقدس اور پاک عمارتوں ميں صرف کيا تها اُس پے زبان نے کچهه اس کام کے واسطے ميري خوشامند نه کي تهي يهه کام ميرا اس طرح اکارت هوگا — فرشتوں نے وه سب حساب اُس کو دکهلا ديا جن مسجدوں ميں هزار ها روپيه صرف هوا تها اور جن پر اُس کمبخت کو بهت ناز تها وه بالکل راه خدا کے حساب ميں سے خارج کر دي گئيں تهيں اُن ميں سے کسي کي نسبت تو يهه لکها هوا تها که گانوں کے ٹهاکروں سے بيدخلي کاشت پر نزاع هوا تها اُن کو رنج دينے کے واسطے يهه مسجد اُن کے مندر کے پاس بنائي گئي هي هم سے اس مسجد سے کچهه واسطه نهيں اور کسي کي نسبت حساب ميں يهه يادداشت تحرير تهي که اسپر ايک بڑا کتبه قايم کيا گيا تها جس پر اس کے بنانے والے نے اپنے آپ کو حاتم کوزمان اور حامي دين و ايمان لکهوايا تها اور اُس سے يهه غرض تهي که ميرا نام ٹيک اس کے ذريعه سے دنيا ميں قايم رهي چنانچه جب تک وه مسجد زمين پر قايم رهي اُسکا وه مقصد دنيا ميں حاصل رها هماري

انسان کي زندگي

حساب سے اُس کو کچھہ ضرورکار نہیں ہی البتہ چند چھوٹي چھوٹي مسجدیں اور بعض پراني مسجدوں کي مرمتوں کو راہ خدا کے حساب میں شامل کیا گیا تھا اور اُن کا ثواب بھي جاري تھا فرشتوں نے اُس چد نصیب سے کہا کہ صبح اور شام ایک ایک جام ٹھنڈے پاني کا جو تجھکو مل جاتا ہی وہ اسي ثواب کي وجہہ سے ہی پیہ سکتے وہ چد نصیب پھر رونے لگا اور اپني زندگي کي حالت پر بہت افسوس کیا مگر تھوڑي سي مزاحمت کے بعد اُس نے بھي اُس مفلس مسافر کي طرح جس کو اپنا ٹھکٹ گمانے کي بدولت کچھہ روزوں جیلخانہ میں رہنا پڑا عذاب سے رہائي پائي *

پھر جس طرح ریل کي ٹرین میں گاڑیاں مختلف درجہ کي ہوتي ہیں کوئي شاہي گاڑي ہی اور کوئي امراء شاہي کي کوئي اول درجہ کي کوئي دوم درجہ کي کوئي درمیاني درجہ کي اور کوئي سب سے آخر کا درجہ — اسي طرح انسانوں کي زندگي کي ٹرین کا حال ہی وہ بھي مختلف درجوں میں منقسم ہی شاہي گاڑیوں سے انبیا صالحین علیہم اجمعین کي زندگي مراد ہی جنھوں نے اپني تمام عمریں اپني اُمت کي اصلاح حال میں صرف کیں اُن سے گاڑیاں سیٹیں پتھر کھائے مگر ہمیشہ اُن کو دعاے خیر سے یاد کیا اور بڑے استقلال مگر حلائمت اور نرمي کے ساتھہ اپنا کام کرتے رہے *

اس کے بعد امراء شاہي کي گاڑیوں کے مقابلہ میں نبیوں کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کي زندگي ہی جو بالکل انبیا کے قدم بقدم چلے اور جن کاموں کي بنیاد اُن کے ٹپي ڈال گئے اُس کو اُنھوں نے ویسے ہي استقلال اور تحمل کے ساتھہ پورا کیا *

ریل کے اول درجہ کي گاڑیوں کي مناسبت میں اُن عالي رتبہ لوگوں کي زندگي ہی جنھوں نے عام مخلوق اور اپني قوم کي بھلائي میں اپنا وقت اپنا آرام اپنا مال صرف کیا اور کر رہے ہیں جنکي بھلائي چاہتے ہیں وہي برائي پہونچانے پر مستعد ہیں جن کے ساتھہ دوستي کرتے ہیں وہي دشمني سے پیش آتے ہیں جن پر اپني جان قربان کرتے ہیں وہي گلے کا ہار ہوتے ہیں جنکي حمایت کرتے ہیں وہي مخالفت پر کمر کستے ہیں — جنکے اسلام کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں وہي کفر کے فتوے سنتے ہیں — اور یہہ خدا کے شیر اپني قوم سے برا بھلا سنتے ہیں اور خوش ہیں کفر کے فتوے سنتے ہیں اور پیوند نعلین سماتے قوم کي پست ہمتیاں اور نالائقیاں دیکھتے ہیں مگر ہمت نہیں ہارتے — میرے نزدیک اسي درجہ کے انسانوں کو وارث انبیاء کہنا صحیح ہی البتہ اور مخلق اور ریاضیات اور ادب وغیرہ میں لاجواب ہونے اور صاحب جبہ و دستار بن جانے سے انبیاء کا ورثہ نہیں مل سکتا — اور بھي چیزے دیگر آماس چیزے دیگرست *

ریل کے دوم درجہ کي گاڑیوں کے مقابلہ میں مي زمانہ اُن لوگوں کي زندگي ہی جو اول درجہ کے لوگوں کي مدد کر رہے ہیں اور اُنکے ارادوں کي تکمیل میں ساعي ہیں ایسے لوگوں کا وجود بھي بہت ہي غنیمت ہی ترقي خوشي کي بات تو یہہ ہی کہ اس درجہ کے لوگ ایسي ترقي کریں جو اس ٹرین میں بہت سي اول درجہ کي گاڑیاں اُنکے واسطے زاید لگائي رہیں ورنہ کم سے کم اسقدر کوشش اُن کو ضرور کرنا چاہیئے کہ اگر وہ پہلے درجہ کے لوگ جنکي عمر خدا دراز کرے اور اُن کو ابھي مدت تک صحیح و تندرست رکھے جو وقت اپني منزل پوري کرکے اپني گاڑي میں سے اُتریں اور اول کے اسٹیشن ماسٹر کو اپنا ٹکٹ حوالہ کریں تو یہہ دوسرے درجہ کے لوگ اُن کے جانشین ہوجاویں اور اس ٹرین کي اُن معزز گاڑیوں کو خالي نہ چھوڑیں *

درمیاني درجہ تھوڑے روزوں سے ریل کي ٹرین میں شامل ہوا ہی یہہ اُن لوگوں کي زندگي کے ٹھیک مناسب ہی جو کچھہ تھوڑے روزوں سے زمانہ کے حالات پر غور کرنے لگے ہیں اور اپنے آپ کو پست حالت سے نکالنے کي فکر میں ہیں لیکن بے استطاعتي یا کم ہمتي سے ابھي اوپر کي معزز گاڑیوں میں جانے سے جھجکتے ہیں مگر اُمید ہی کہ وہ سب اعلی درجہ میں رفتہ رفتہ ترقي کرینگے *

سب سے اخیر درجہ ریل کا جو اب تیسرا درجہ کہلاتا ہی اُن عام انسانوں کي زندگي ہی جنکي اصلاح اور ترقي میں معزز گاڑیوں والے کوشش کر رہے ہیں اور تھوڑے بہت فاصلہ سے اُن کے ساتھہ ساتھہ اس ٹرین میں اپني زندگاني طے کر رہے ہیں اُن کي دلي خواہش یہہ ہی کہ اس ذلیل درجہ میں سے سب لوگوں کو نکالکر معزز درجہ کي مختلف گاڑیوں میں سوار کردیں لیکن مجبوري یہہ ہی کہ خود اس قدر مقدور نہیں رکھتے جو سب کے لیئے اعلی درجہ کا ٹکٹ لے دیویں اور اس ذلیل درجہ کے بیٹھنے والے صرف ہمت نہیں کرتے *

غرض کہ جہاں تک غور کیجیئے ریل کي ٹرین اور انسانوں کي زندگي بہت سے حالات کے لحاظ سے یکساں طریقہ سے چل رہي ہی یہاں تک کہ ہم در حقیقت کسي ملک کي ریل کي ٹرین کو دیکھکر یہہ دریافت کرسکتے ہیں کہ اس ملک کے انسانوں کي زندگي کسطرح پر بسر ہوتي ہی ہمارے ملک کي ٹرین میں سب سے پست درجہ میں مسافروں کي بہت ثرت ہوتي ہی جسکا نتیجہ ملک کي حالت کے ٹھیک مناسب ہی یعني سب تباہي اور ذلت میں مبتلا ہیں معزز درجہ کي گاڑیوں میں بیگانہ ملکوں کے کالي کرتي والوں کے سوا اس ملک کے سفید پوش بہت ہي کم نظر آتے ہیں چنانچہ ظاہر ہی کہ ہمارے اس تمام عالي غزل میں بہت کم ایسے ہیں جو در حقیقت اصلي مزے کے مستحق ہیں *

اب میں اپنے مسلمان بھائیوں سے یہہ مفت عرض کرتا ہوں کہ وہ اس خراب اور ذلیل حالت سے بالا تر درجوں میں ترقي کرنے کي فکر کریں اور جو لوگ اِس عمدہ کام میں اُن کي دستگري کر رہے ہیں اُن کي نصیحتوں کو تمام تر شکر گذاري کے ساتھہ سنیں اور اُن پر عمل کریں والسلام *

نمبر ۱۷۵

تهذيب و شايستگي

اصل شايستگي خيال كي شايستگي هى

همارے اس زمانه ميں شايستگي اور تهذيب پر بهت بحث هورهي هى اور مسلمانوں ميں اُس كي نسبت ايك گرم مباحثه قايم هى اور لوگوں كي مختلف رائيں هورهي هيں كوئي طرز لباس كو شايستگي پر بهت كچهه موثر سمجهتا هى اور كوئي كهانا كهانے كے طريقوں كي تبديلي كرنا چاهتا هى كسي كو ايك بات مهذب اور شايسته معلوم هوتي هى دوسرا اُسي كو نامهذب اور ناشايسته ٹهراتا هى — كوئي اپني گهيتلي جوتي اور جبه و دستار ميں خوش هى كه شايستگي را همچنيں شايد — كوئي انگريزي بوٹ چڑهاے اپنے كوٹ و پتلون پر غش هى كه تهذيب همين يك معني دارد — مگر ميري دانست ميں يهه سب قصے اور بكهيڑے هيں اور اصل شايستگي خيال كي شايستگي هى *

تهذيب و شايستگي كا عمده اور اعلى منشاء يهه هى كه انسان اس طرح پر اپني زندگي بسر كرے جس سے اپني ذات بهي هميشه آرام اور خوشي اور تندرستي كے ساتهه رهے اور دوسروں كو بهي اُس سے فائدة پهونچے اور ايسے وسيلے بهم پهونچاے جاويں جن سے هرقسم كي مشكلات پر غالب آنا سهل اور هر قسم كي خوشي اور راحت حاصل هونا آسان هوجاوے — پس جس انسان كے دماغ ميں ايسي قوت هو كه وه ان تمام باتوں پر قادر هوسكے اُسي كو هم شايسته كهه سكتے هيں اور اسي كا نام خيال كي شايستگي هى باقي وه امور جو طرز معاشرت اور طريق تمدن سے علاقه ركهتے هيں وه انسان كي بسر زندگاني كے ايسے خارجي اسباب هيں جنپر ايك شايسته اور مهذب آدمي ملك كے مختلف موسموں اور آب و هوا وغيرة كے لحاظ سے احتياط پر غور كرسكتا هى كه ان امور ميں سے كس امر سے مجهكو آرام ملیگا اور كس سے ميں بخوبي تندرست رة سكتا هوں اور كون سي چيز ميري خوشي كو بڑها سكتي هى اور ميرا كونسا كام دوسروں كے ليئے مفيد هوسكتا هى — اور پهر جو راے قايم هو اُسپر هو عامل انسان كو عمل كرنے كا حق هى ليكن خيال كي شايستگي اور درستي سے پهلے اُن امور ميں سے كسي كو تقليداً اختيار كرنا اور كسي كو ترك كرنا انسان كو شايسته نهيں بنا سكتا *

جس آدمي كا خيال شايسته هى اُس كے تمام كام خود بخود ايسي عمده ترتيب سے انجام پاتے هيں جس سے وه تمام خوشياں اور آرام جو تهذيب و شايستگي كا نتيجه هيں بالضرور حاصل هوں — نامهذب آدمي كے تمام كام هميشه بے ترتيب هوتے هيں جن سے زندگي اور تلخ هو — مهذب آدمي كي مثال بالكل انسان كي تندرستي كي سي هى — جب تك انسان تندرست هوتا هى اُس كے تمام اعضا اپنے اپنے موقع سے وه تمام كام خود بخود كرتے رهتے هيں جو انسان كي راحت اور خوشي بڑهانے كا ذريعه هوں اور رنجوں اور تكليفوں كو دور كريں — جن آدميوں كا خيال شايسته نهيں هوا هى اور وه كسي شايسته اور مهذب قوم كي چند رسموں اور دستوروں كي تقليد هي كو شايستگي سمجهتے هيں اُن كي مثال بالكل ايك ايسے مريض كي سي هى جو تندرستوں كي سي حركتيں كرنا چاهتا هو — مگر اُسي طرح اُس مريض كي يهه حركتيں ايك تندرست آدمي كے كاموں كي برابر نهيں هوسكتيں — اسي طرح جن لوگوں كے ابهي خيال شايسته نهيں هوئے اُنكے بعض تقليدي طريقے اُن كو مهذب اور شايسته نهيں كرسكتے *

پس مسلمانوں كو لازم هى كه سب سے پهلے اپنے خيالات كو عمده كريں اور اگر اُن كے خيال عمده هوگئے تو سب قسم كي ترقياں خود بخود اُن ميں هوجاوينگي ورنه تقليدي شايستگي سے كچهه كام نهيں چل سكتا كيونكه ايسي ٹهني سے پهراوں كے كهانے كي توقع نهيں هوسكتي جسكا سلسله ايك مستحكم جوتك نهيں پهونچتا گو ديكهنے والوں كي نظروں ميں وه كيسي هي سرسبز اور شاداب معلوم هوتي هو *

اور خيالات اُس وقت تك عمده نهيں هوسكتے جب تك دوسروں كے خيال سے معارضه نه كيا جاوے جس طرح مال و دولت پهير پدل سے بڑهتا هى اسيطرح خيال كي بهي ترقي هوتي هى جب آدمي تعصب كو چهوڑ كر دوسروں كي راے اور دوسروں كے خيال پر غور كرتا هى اور اپنے خيالات سے دوسروں كو مطلع كرتا هى اور پهر دونوں راييں اور دونوں خيالوں كا باهم مقابله هوتا هى اور ايك خيال صحيح اور دوسرا خيال غلط يا ايك كامل اور دوسرا لايق اصلاح معلوم هونے لگتا هى تب رفته رفته انسان كا خيال ترقي كرنے لگتا هى اور جب يهه ترقي كامل هوجاتي هى تو انسان مهذب اور شايسته كهلانے كا مستحق هوتا هى *

انسان كے خيال كي ترقي بالكل اسطرح سے هوتي هى جس طرح كوئي شخص درجه بدرجه سيڑهيوں پر چڑهتا هى اور كسي بلند زينه كو طے كرتا هى فرق صرف يهه هى كه زينه كو طے كرتے وقت انسان خود بهي ديكهتا جاتا هى كه كسقدر دوري ميں طے كرچكا هوں اور كسقدر دوري ابهي باقي هى خيال كي ترقي ميں انسان كو خود اسيطرح معلوم نهيں هوتا كه ميں نے كسقدر ترقي كي ليكن اور ديكهنے والوں كو معلوم هوجاتا هى *

انسان ايك وقت ميں ايك عمده اور نهايت عمده كام كو اسقدر برا جانتا هى اور اپنے نزديك اُسكي برائي كا ايسا قطعه فيصله

گولیتا ہی کہ اُس رائے کے برخلاف تذکرہ کرنا بھی فضول سمجھتا ہی خیال کی یہہ حالت اُس وقت ہوتی ہی جب تک وہ ترقی کے زینہ پر قدم نہیں رکھتا *

مگر جب ایسی گفتگوئیں اُسکے سامنے برابر جاری رہتی ہیں تو یہہ شخص اُن کو سن سن کر پیچ و تاب کھاتا ہی اور اپنی مخالف رایوں کو رد کرنے لگتا ہی بہت سے دلائل اپنے خیال کی تائید میں پیدا کرتا ہی اور بڑی جد و جہد سے اپنی مخالف رایوں کے جواب دینے کی فکر میں پڑجاتا ہی — یہہ حالت خیال کی ترقی کی پہلی سیڑھی ہی *

جب کوئی آدمی اس سیڑھی پر چڑھ گیا تو اب وہ ایک ایسے مباحثہ میں پڑا جہاں بالضرورت موافق اور مخالف رائیں اُسکو دیکھنی پڑتی ہیں کچھہ مدت تک وہ پہلی ہی سیڑھی پر قدم مضبوط گاڑے ہوئے کھڑا رہتا ہی مگر آخرکار اُسکا خیال اسبات پر غور کرنے لگتا ہی کہ ان دونوں رایوں میں سے کون سی صحیح ہی اور کون سی غلط یہہ حالت خیال کی ترقی کی دوسری سیڑھی ہی *

سچائی کا یہہ ذاتی وصف ہی کہ اگر انسان اُس پر بغیر کسی تعصب کے غور کرتا رہے تو بے شک اُسکو سچائی کا اقرار کرنا پڑتا ہی اور میں یہہ کہتا ہوں کہ اگر سخت سے سخت تعصب کے ساتھہ بھی کسی بات پر برابر غور اور مباحثہ جاری رہے تو بھی ایک نہ ایک دن سچائی غالب ہو رہیگی مگر بہت دیر کے بعد پس جن رایوں پر انسان دوسری سیڑھی پر کھڑا ہوا غور کرتا ہی اگر اُن میں سے وہ رائے جسکو وہ پہلے برا جانتا تھا درحقیقت سچ ہوتی ہی تو بالشبہہ انسان اُسکو اپنی استعداد کے موافق خواہ جلد خواہ بدیر قبول کرلیتا ہی

اور یہاں وہ انما یستجیب الذین یسمعون کا مصداق بنتا ہی یعنی بات کو قبول وہی کرتے ہیں جو سنتے ہیں — یہہ حالت خیال کی ترقی کی تیسری سیڑھی ہی *

اس سیڑھی پر پہنچکر آدمی اُس رائے کو جسکے برخلاف ایک دن گفتگو تک کرنا نضول خیال کرتا تھا اب غلط سمجھنے لگتا ہی اور کچھہ مدت تک وہ اسی تیسری سیڑھی پر کھڑا رہتا ہی وہ اوروں کو چوتھی سیڑھی پر چڑھتے ہوئے دیکھتا ہی مگر خود ارادہ نہیں کرتا وہ اپنے ساتھیوں کو ایک کام کرتے ہوئے دیکھتا ہی جس کو وہ صحیح تسلیم کرچکا ہی مگر اُسپر عمل کرنے کو وہ اچھا نہیں جانتا — وہ اہل کتاب کے ساتھہ موالات کو اب برا نہیں جانتا اُس کو مستحق عذاب الہی نہیں سمجھتا اور آخر کار اُس کی مغفرتوں کا بھی اقرار کرنے لگتا ہی مگر نہ آپ اُس کے کرنے کی جرأت رکھتا ہی نہ دوسروں کے اس عمل کو پسند کرتا ہی مگر کچھہ دنوں کے بعد وہ چوتھی سیڑھی پر چڑھتا ہی — یہاں بھی وہ اُس کام کو اختیار نہیں کرتا جس کو خود اچھا جان چکا ہی مگر اتنا فرق ہوجاتا ہی کہ یہاں پہونچکر وہ دوسروں کو بھی اُس کام کی وجہہ سے برا نہیں سمجھتا اُن کو ملامت کرنا چھوڑ دیتا ہی جو حقارت اور نفرت اُس کے دل میں اُس کام کے اختیار کرنے کے سبب سے اوروں کی طرف سے ہوتی ہی وہ اب باقی نہیں رہتی — ہمارے بعض دوستوں کا قول ہی کہ جن لوگوں کے خیال کی ترقی اس چوتھے درجہ تک ہوجاتی ہی وہ تہذیب و شایستگی کی پونیورسٹی یا دارالعلوم میں داخلہ کا امتحان پاس کرلیتے ہیں *

اس کے بعد جب آدمی دوسروں کو وہ کام کرتے ہوئے دیکھتا ہی جس کا مفید ہونا اُس کو تسلیم ہی اور اُن کا وہ فعل اُس کو ناگوار بھی نہیں معلوم ہوتا تو تھوڑی دیر دم لیکر اب وہ پانچویں سیڑھی پر آتا ہی یہاں وہ اس تردد میں پڑتا ہی کہ میں بھی اس کام کو کروں یا نہ کروں — دوسروں کو مفید مفید کام کرتے ہوئے دیکھکر جی بہت للچاتا ہی مگر جرات نہیں پڑتی — عقل بالکل آگے چلنے کی رغبت دلاتی ہی مگر مصلحت † دامن نہیں چھوڑتی — اس پانچویں سیڑھی پر بڑی بے چینی سے گذرتی ہی صبح کو ارادہ ہوتا ہی کہ آج تو مسلمان ہوہی جائینگے مگر شام پھر ویسی ہی تاریک آتی ہی جیسی گذری ہوئی شام تھی شام کو یہہ قصد ہوتا ہی کہ کل ہرچہ بادآباد مگر صبح کو آفتاب کا تھر ناک چہرہ پھر ویسی ہی ہیبت طاری کردیتا ہی جیسی کل تھی *

لیکن آخر کار ہمت مرداں مدد خدا ایک دن یہہ مشکل مقام بھی طی ہوجاتا ہی اور خدا کا نام لیکر آدمی اُن کاموں کو خود کرنے لگتا ہی جن کو وہ ایک دن نادانی اور نا سمجھی سے برا سمجھتا تھا اور اب بہت سے مباحثوں اور گفتگوؤں اور غور و تامل کے بعد اُن کو نہ صرف برائی سے بری خیال کرتا ہی بلکہ اُن کے مفید اور نہایت مفید ہونے پر کامل یقین کرلیتا ہی — یہہ حالت انسان کے خیال کی ترقی کی چوتھی سیڑھی ہی *

اس سیڑھی پر قدم رکھتے ہی آدمی کو معلوم ہوتا ہی کہ اب وہ زینہ ختم ہوگیا اور اب وہ ایک ایسے بلند اور خوش فضا سطحہ پر پہونچ جاتا ہی جس کی خوبیاں بیان سے باہر ہیں اور ہر ایک سیڑھی پر جتنی جتنی دیر ٹھہرنے کا اتفاق ہوا تھا اُس پر افسوس کرتا ہی — اب وہ دیکھتا ہی کہ اُس نہایت ہی دلکش میدان میں جا بجا صاف اور شیریں چشمے اور نہریں جاری ہیں سیڑھ نے تمام میدان پر فرش زمردیں بچھادیا ہی — مختلف قسم کے پھول اور

† یہہ ایک ہنسی ہی اُن لوگوں کی جو کسی کام کی خوبی کو عقلاً تسلیم کرتے ہیں مگر مصلحت کا عذر کرتے ہیں حالانکہ عقل اور مصلحت بالکل ایک ہی —

تہذیب الاخلاق
یکم محرم سنہ ۱۲۹۱ ہجری
مطابق سنہ ۱۸۷۵ عیسوی

پردے اور درخت جدا لطف دکھا رہے ہیں — مرغان خوش الحان اپنی اپنی بولیوں میں اپنے پروردگار کی یاد میں مصروف ہیں وہاں اگر کوئی ناہموار مقام بھی ہے تو نہایت ہی دلچسپ دکھلائی دیتا ہے اور وسط میں ایک چشمہ کے کنارہ پر نہایت خوبصورت ایک مینار ہے اور اُس پر موٹے موٹے حلائی حرفوں میں مربی خط سے یہہ عبارت لکھی ہوئی ہے *

دنیا میں خدا کی یہہ رحمت خاص اُن مسلمانوں کے واسطے ہے جو چھوں سیڑھیاں طے کرکے یہاں تک پہونچے جاویں *

میں نے ایک مقابل کے اونچے ٹیلے پر چڑھکر اس تمام کیفیت کو دیکھا — میں نے دیکھا کہ اُس گلستان ہمیشہ بہار میں جا بجا نہایت ہی قرینہ کے ساتھہ بہت ہی پر تکلف بہت سے تخت اور اوام چوکیاں بچھی ہوئی ہیں — بہت سے لوگ مجھکو اُن تختوں اور ارام چوکیوں پر بیٹھے ہوئے معلوم ہوئے لیکن نہ میں اُن لوگوں کی صورت پہچان سکا نہ اُن کی بولی کچھہ میری سمجھہ میں آئی مگر سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہہ لوگ مصر اور قسطنطنیہ اور ٹرنس وغیرہ کی طرف کے مسلمان ہیں جو ان چھوٹوں سیڑھیوں کر طے کر چکے ہیں اور اب خدا کی رحمت کے مزے لوٹ رہے ہیں *

میں اُن بہت سے شخصوں میں سے صرف دو شخصوں کو پہچان سکا جو اس تخت میدان کے کنارہ پر اُس مقام پر بچھے ہوئے تھے جہاں وہ زینہ ختم ہوتا ہے ایک تخت پر میں نے سید احمد خاں کو دیکھا کہ تہذیب الاخلاق کی بہت سی نفیس نفیس اور سنہری جلدیں اُن کے سامنے رکھی ہوئی ہیں اُن میں سے وہ کسی کسی جلد کو اُٹھا کر کوئی کوئی مضمون ہندوستان کے مسلمانوں کو سنا رہے ہیں اور جس عمدہ مقام پر وہ خود موجود ہیں اور جہ کی خوبیاں وہ اپنی آنکھوں سے دیکھہ رہے ہیں اُس کو بڑی دلسوزی اور محبت کے ساتھہ اُن لوگوں کو سمجھاتے ہیں جو اُس زینہ کے نیچے گروہ در گروہ نہایت بے ترتیبی اور بے سرو سامانی کی حالت میں اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں اور زبان حال سے یہہ کہتے جاتے ہیں — یا لیت قومی یعلمون *

میں نے اُس ٹیلہ پر سے دیکھا کہ کوئی مسلمان جس کے کان میں سید احمد خاں کی آواز پہونچی ایسا باقی نہ رہا تھا جسنے اپنی جگہہ سے حرکت نہ کی ہو — میں نے دیکھا کہ تمام مسلمان پہلی آواز پر اُٹھہ کھڑے ہوئے اور اُس خیال کی ترقی کے زینہ کی طرف کو دوڑے اور جیسی جس کی استعداد اور قوت تھی ویسی ہی اُس نے ترقی کی بعض ضعیف الجثہ اور کم ہمت یا نابینا اور لولے لنگڑے ابھی پہلی سیڑھی تک بھی نہیں پہونچے ہیں باقیوں میں کوئی پہلی سیڑھی پر ہی کوئی دوسری سیڑھی پر کسی نے تیسری سیڑھی تک ترقی کر لی ہے اور کوئی چوتھی سیڑھی پر پہونچ گیا ہے اور بعض جو بہت ہی عقلمند اور ذکی اور چست و چالاک تھے وہ پانچویں سیڑھی تک بھی پہونچ گئے ہیں جو لوگ پانچویں سیڑھی پر پہونچ گئے ہیں اُنکو سید احمد خاں ہاتھہ بڑھا کر اپنی برابر اوپر لے لیتے ہیں چنانچہ میرے دیکھتے دیکھتے اُنھوں نے پانچویں سیڑھی پر سے ایک شخص کا ہاتھہ پکڑ کر اوپر کو کھینچ لیا وہ بھی اُس پر فضا میدان کی راحتوں اور خوشیوں کا لطف حاصل کرنے لگا اور سید احمد خاں کی برابر اپنی آرام چوکی سے ہاتھہ لگا کر کھڑا ہوگیا۔ میں نے جب غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ آہا یہہ مولوی سید مہدی علی صاحب ہیں جو اپنی چستی اور رسائی عقل سے بہت جلد چھوں سیڑھیاں طے کر گئے اُن کو میں اس عمدہ مقام میں پہونچا ہوا دیکھہ کر بہت ہی خوش ہوا مولوی سید مہدی علی صاحب نے بھی ایک جلد سید احمد خاں کے سامنے سے اُٹھا لی اور اُنھوں نے بھی اُس کے مضامین بآواز بلند اُن لوگوں کو سنانے شروع کیئے جو یا زینہ طے کر رہے تھے یا زینہ کے نیچے اُس پر چڑھنے کی فکر میں کھڑے ہوئے تھے *

میں نے ایک اور مولوی صاحب کو بھی دیکھا جو چوتھی سیڑھی سے پانچویں سیڑھی پر چڑھنے کی تیاری کر رہے تھے اور متفرق پانچویں سیڑھی پر پہونچنا چاہتے تھے مگر اُنھوں نے مجھے دور سے اشارہ سے منع کیا کہ میرا قیام ابھی کسی سے نہ لینا اُنھوں نے بھی سید احمد خاں کی ہاں میں ہاں ملانا شروع کردی اور جو بات وہ سید احمد خاں سے قریب ہونے کی وجہہ سے اوپری طرح سنتے اور سمجھتے تھے اُس کو نیچے سیڑھیوں والوں کو سمجھانے لگے *

پہلی اور دوسری سیڑھیوں والوں کی کیفیت دیکھہ کر مجھکو بے اختیار ہنسی آئی میں نے دیکھا کہ وہ سید احمد خاں کی آواز سنتے ہی دوڑے اور کوئی پہلی اور کوئی دوسری سیڑھی اُس زینہ کی طے کرگیا گویا سید احمد خاں کے منشا کی پوری تعمیل میں مصروف ہیں لیکن بایں‌ہمہ وہ سید احمد خاں سے مخاطب ہوکر زبان درازیاں کرتے جاتے ہیں اُن میں سے کوئی کہتا ہی کہ سید احمد خاں کی ایک صد سنو کوئی کہتا ہی کہ بالکل اُس کے برخلاف کام کرو یہہ دھتے جاتے ہیں اور اوپر کو چڑھتے جاتے ہیں — سید احمد خاں بھی اُن کی اس حالت کو دیکھکر مسکرا پڑے اور کہنے لگے کہ جیسے پاگل آدمی ہیں جس کام کو کرتے جاتے ہیں اُسی کو برا کہتے ہیں جس راستہ کو بند کرتے ہیں اُسیطرف کو چلتے جاتے ہیں مگر تاہم تین سیڑھیاں ان کو بھی طے کرنا باقی ہیں سمجھہ دار ہوتے جاتے طے کرلیتے نادان ہیں پدیر طے کرینگے *

یہہ مزے مزے کی باتیں دیکھکر میں اُس ٹیلہ پر سے اُتر آیا اور اُسوقت سمجھا کہ سید احمد خاں کے تہذیب الاخلاق نے ہندوستان کے مسلمانوں میں کیا اثر پیدا کیا ہی اور آیندہ کیا اثر پیدا کریگا *

راقم
مشتاق حسین

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم صفر سنہ ۱۲۹۱ هجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۲

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خراہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ صحہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ترنیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۷۶

اسلام کي دنيوي برکتيں

FOR OBVIOUS EFFECTS WHICH ISLAM HAS PRODUCED UPON THE WELFARE OF MANKIND.

هم اس مقام پر اسلام کي دنيوي برکتيں بيان کرتے هيں اور کهلاتے هيں که قران نے انسان کي اصلاح معاش کي باتيں کيونکر سکهلائيں اور يهه که همکو اپنے همجنسوں سے کس طرح سلوک کرنا چاهيئے اور باهم کے معاملات ميں کس طرح پر برتاؤ عمل ميں لانا چاهيئے اور حسن معاشرت کي ترقي کيونکر اسلام کي وجهه سے ظهور ميں آئي اور بني نوع کي بهبودي اور سلامتي اور کافه انام کي جان و مال کي حفاظت کي کيا وصيتيں فرمائيں اور بادشاه سے ليکر فقير تک کيسے سب کو آزاد قرار ديا اور جمله بني آدم کے امن و امان سے رهنے اور خدا کي برکتوں سے فائدہ مند هونے کي کيا کيا سبيل هوئي — اس مضمون کو هم پهلے حفاظت اطفال سے شروع کرتے هيں *

۱ دختر کشي کي بد رسم تو قديم زمانه سے تقريباً تمام جهان ميں پهيلي هوئي تهي يونان اور روم کيسے ميں جهاں بڑے بڑے حکيم اور اهل ناموس گذرے هيں يهه رسم پسنديدہ اور معروف تهي — مگر ملک عرب ميں خصوصاً اور اؤر ملکوں ميں عموماً قران نے هي لڑکيوں کي جان بچائي اور تمام جهان ميں جهاں تک اسلام کي دستوس هوئي اُسي نے اُن بے رحم والدين کو جو لڑکي کو مار ڈالتے تهے خدا کے غضب اور قيامت کے عذاب سے ڈرايا — اسلام هي کي تعليم کے اثر سے دختر کشي کي رسم اسلامي ملکوں سے مٹ گئي اسي کي پر تاثير اور خوف خدا دلانے والي تقرير سے قتل مولوده کي بيخ کني هوئي — اور جهاں اب اسلام پهيلتا جاتا هي وهاں يهه رسم نسياً منسياً هوتي جاتي هي شروع هي سے قران نے اس مهلک رسم کے دفعيه کا وعظ کها *

Abolished Infanticide.

" اذا الموؤدة سئلت باي ذنب قتلت " † — [تکوير] *

۲ عرب ميں جهالت اور حميت کے غلبه سے لڑکيوں کا رکهنا ايک سخت ذلت اور اهانت تهي وه کمبخت اُن لڑکيوں کو يا تو هوتے هي مار ڈالتے تهے يا پال پوس کے جيتا گاڑ ديتے تهے *

† اور جب بيٹي جيتي گاڑ دي کو پوچهے کس گناہ پر ماري گئي —

" اذا بشر احدهم بالانثى ظل وجهه مسودا و هو كظيم يتوارى من القوم من سوء ما بشر به ايمسكه على هون ام يدسه في التراب † — (نحل) *

علامه رازي تفسير کبير ميں فرماتے هيں و اعلم انهم كانوا مختلفين في قتل الاولاد فمنهم من يحفر حفيرة ويدفنها فيها الى ان يموت — و منهم من كرميها من شاهق جبل — و منهم من تغرقها — و منهم من يذبحها — و هم كانو يفعلون ذلك تارة للغيرة والحمية وتارة خوفا من الفقر والفاقة ولزوم النفقة *

۳ يهه تو ايک خاص صورت لڑکيوں کے قتل کي تهي ورنه عموماً قتل اولاد بهي قديم زمانه سے هوتا چلا آيا — افلاطون اور ارسطو يهه دونوں نامي حکيم قتل اولاد کے حامي تهے ! — ارسطو کا قول هي که لنگڑے لڑکوں کا پرورش پاجانا قانوناً روکنا چاهيئے اور جب کثرت بني آدم کو کم کرنا منظور هو تو جنين ميں جان پڑنے سے پيشتر اسقاط حمل کرانا چاهيئے — ملک اسپارٹا (يونان) ميں يهه قانون تها که جب کسيکے يهاں لڑکا پيدا هوتا تو وه شخص اُس کو قوم کے وجوه و اعيان کے پاس لے جاتا وه لوگ اُس کو ملاحظه کرکے ديکهتے که وه تام الخلقت اور تندرست هي تو اُسے حکم ديتے که اس کي پرورش کرے اور اگر اُس ميں کوئي نقص ديکهتے تو کوه طيجيتوس کے قعر ميں گرا ديتے تهے — اهل روما ميں بهي ايسا هي دستور تها که بچے کي پرورش اُس کے باپ کي راے پر موقوف تهي — قوم اورش ميں بهي ايسا هي دستور تها که اگر بچے کا باپ چاهے تو اُسے پرورش کرے ورنه اگر اُس ميں ضعف و نقص پاے تو جنگلي جانوروں کو کهلا دے — فيجي قوموں ميں بهي يهه هنوز ايک رسم عام هي — ايک سياح نے بيان کيا که ملک واذرا ليود کے بعض اضلاع ميں تو قتل اولاد کي تعداد کل باشندوں کي ايک نصف سے بڑه کر دو ثلث تک پهونچتي هي — چين اور هند ميں اس کا عام رواج تها اور هنوز باقي هي قران نے اس رسم قبيح کي اصل و بنياد پر گرفت کي اور فرمايا " لا تقتلوا اولادكم خشية املاق نحن نرزقهم و ايا كم ان قتلهم كان خطأ كبيراً " (اسري) — ۳۳ *

Human sacrifices superseded.

اولاد کي جان کو ايک اور آفت يهه تهي که بے رحم ماباپ اپنے عزيز ننهے بچوں کو بتوں کي نذر چڑهاتے اور قربان کرتے تهے — علاوہ اور ملکوں کے (مثلاً انگلستان و هندوستان وغيره) جهاں انساني قرباني عمل ميں آتي تهي عرب ميں بهي ايسے حادثات پائے جاتے هيں

† اور جب خرخشيري ملے ايسي کسي کو بيٹي کي سارے دن رهے منهه اُس کا سياه اور جي ميں گهٹ رها چهپتا پهرے لوگوں سے مارے برائي اس خرخشيري کے جو سني اور اُس کو رهنے دے ذلت قبول کر کر يا اُس کو داب دے مٹي ميں —

پروکوپیوس (مورخ ۶۰۰ع) کہتا ہی کہ المنذر شقیق بادشاہ حیرہ [جسکو یونانی لہجہ میں المندروس ہو سکیکی کہتے ہیں] بادشاہ غسان کی ایک بیٹی کو قید کرکے لات یا عزا کی قربانی چڑھا دیا تھا — اور پوکوک [مورخ ۱۸۰۰ ع] نے اسی بادشاہ کی ایک کیفیت لکھی ہی کہ وہ اپنے دو دوستوں کے قتل کے کفارہ میں ہر سال یوم نحس کو آدمیوں کی قربانی کیا کرتا تھا اسی مورخ اور نیز ایراگوریوس [۶۰۰ع] نے ایک نعمان کا ذکر کیا ہی کہ وہ اپنے ہاتھہ سے آدمیوں کو بتوں کی قربانی کیا کرتا تھا اور پورفری نے [۳۰۰ ع] مقام دمیتہ میں جسے دو مقالجندل قیاس کیا جاتا ہی ایسی ہی قربانی کا ذکر کیا ہی اور دور کیوں جاؤ عبدالمطلب کا حضرت عبداللہ کو قربانی چڑھائے جانے کی نذر کرنا اسلامی تاریخوں میں پایا جاتا ہی اور غالباً بالکل بے اصل نہیں ہی اس قسم کی نذر یہود سے عرب میں آئی ہوگی اُن میں یہہ دستور تھا کہ بعض اولاد کو صرف دینی کام کے لیئے مخصوص کردیتے تھے حضرت مریم بھی اسی قسم سے تھیں " قالت امراۃ عمران رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررا "[ح ۳] مگر عرب تو اس نذر میں کام ہی تمام کر دیتے تھے † اور غالباً اسی آیت میں اسی رسم بد پر اشارہ ہی " کذلک زین لکثیر من المشرکین قتل اولادھم شرکا ئھم لیردوھم ولیلبسوا علیھم دینھم " ‡ — [انعام ۱۳۸]

۶ جب اس طرح لڑکوں کی جان بچانے کا سامان کردیا تو اب اسلام نے اُن کے مال کی حفاظت اور یتیموں کی جائداد اُن کے متولیوں کی خورد برد سے محفوظ رکھنے کے لیئے یہہ احکام صادر کیئے اور عموماً اُن سے شفقت اور اکرام کرنے کا حکم دیا *

Orphans protected against injustice.

ا " فلا تکھر الیتیم " § [نحل]

ب " فاما الیتیم فلا تقھر " [ضحی]

ج " و اقربوا مال الیتیم الا بالتی ھی احسن حتی یبلغ اشدہ " — [انعام]

د " و ابتلوا الیتامی حتی اذا بلغوا النکاح فان انستم منھم رشدا فادفعوا الیھم اموالھم ولا تاکلوھا اسرافاً وبداراً ان یکبروا ومن کان غنیا فلیستعفف ومن کان فقیراً فلیاکل بالمعروف " — [نساء]

ز " وما یتلی علیکم فی الکتاب فی یتامی النساء التی لا تؤتونھن ما کتب لھن و ترغبون ان تنکحوھن والمستضعفین من الولدان والنساء الولدان و ان تقوموا للیتامی بالقسط " — [نساء — ۱۹ ع]

۷ اس پچھلی آیت سے یہہ پایا گیا کہ جو لوگ نابالغ اور یتیم لڑکے اور لڑکیوں کے ولی ہوتے تھے وہ اُن سے اور اور طرح سے تو جور و ظلم کرتے ہی تھے مگر ایک صورت خاص اور رواج عام یہہ بھی تھا کہ یتیم لڑکیوں سے شاید اُن کی نابالغی ہی کے زمانہ میں نکاح بھی کرلیتے تھے اور اُس میں اُن یتیموں کی کئی طرح سے حق تلفی ہوتی تھی اور جب کہ اُن سے مقصود صرف اُن کا

Guardians interdicted to marry their minors.

† اوراردگین مورخ نے پچاسویں باب میں لکھا ہی [ص ۲۱۳ سنہ ۱۸۶۲ع] کہ انسان کی جان کسی آفت عام کے دفعیہ کے لیئے سب سے عمدہ قربانی ہی فرقیا اور مصر اور روما اور قرطاجنہ کے مذہب انسانی خون سے آلودہ رہتے تھے اور عربوں میں بھی یہی بے رحم رسم مدت سے جاری تھی اور تیسری صدی میں ہر سال ایک لڑکا قبیلہ دمہ اتیہ کا قربان ہوا کرتا تھا الخ

‡ اور اسی طرح پہلی دفعہ لڑی تھی مشرکوں کو اُنکے شریکوں نے کہ اُن کو ہلاک کریں اور اُن کا دین غلط کریں —

§ ا پھر تم عزت نہیں کرتے یتیم کی —

ب سو چور یتیم ہو اُس پر قہر نہ کر —

ج اور دے ڈالو یتیموں کو اُن کے مال اور نہ بدلو گندہ ستھرے سے اور نہ کھاؤ اُن کے مال اپنے مالوں کے ساتھہ یہہ ہی بڑا وبال —

د جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ کھاتے ہیں —

ہ اور پاس نہ جاؤ مال یتیم کے مگر جس طرح بہتر ہو جبتک وہ پہونچے اپنی قوت کو —

و اور سدھاتے رہو یتیموں کو جب تک پہونچیں نکاح کی عمر کو پھر اگر دیکھو اُن میں ہوشیاری تو حوالہ کرو اُن کے مال اور کھا نہ جاؤ اُن کو اُڑا کر اور گھبرا کر کہ یہہ بڑے ہو جاویں اور جو کوئی غنی ہی تو چاہیے بچتا رہی اور جو کوئی محتاج ہی تو کھاوے موافق دستور کے —

ز اور جو تمکو سناتے ہیں کتاب میں سو حکم ہی یتیم عورتوں کا [جن کو تم نہیں دیتے جو اُن کا مقرر ہی اور چاہتے ہو کہ نکاح میں لو] اور مغلوب لڑکوں کا اور یہہ کہ قایم رہو یتیموں کے حق میں انصاف پر —

مال لے لینا ہوتا تھا † تو حقوق زوجیت کی بھی رعایت نہیں کرتے تھے لہذا اُن لوگوں کو جن کی ولایت میں یتیم لڑکیاں تھیں منع کردیا تھا کہ جن کے ولی ہوں اُن سے نکاح نہ کریں چنانچہ جس مقام سابقہ کا حوالہ اس آیت کے الفاظ " وما یتلی علیکم فی الکتاب " میں ہی وہ یہہ ہی — " فان خفتم ان لاتقسطوا فی الیتامی فانکحوا ما طاب ‡ لکم من النساء مثنی و ثلث و رباع فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ او ما ملکت ایمانکم " — [نساء]

یعنی اگر تمکو اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں سے نکاح کرلینے سے ان میں انصاف نہ کروگے تو نکاح کرلو بالغ عورتوں سے دو دو تین تین چار چار پھر اگر ڈرو کہ برابر نہ رکھوگے تو ایک ہی یا جن کے [یعنی جن یتیموں کے] تمہارے ہاتھہ مالک ہو چکے [نکاح سے] *

چونکہ یہہ ہر ایک صاحب شریعت و ناموس و اہل قانون کا دستور ہی کہ قانون کے خلاف جو صورتیں ظہور میں آ چکتی ہیں اُن کو الثر تو بحال و برقرار رکھا جاتا ہی اسیطرح گر اُن کو یتیموں یا ثانی بالغوں سے نکاح کرنا (ان قباحتوں کے ظہور کی وجہہ سے جنکا بیان ہوا ہی) منع کیا مگو جو یتیم لڑکیاں ان کی ملک نکاح میں آچکی تھیں اُن کو ویسے رہنے دیا اور اسی آیت کے اخیر میں علاوہ اور تقیدوں کے پھر بھی ان ملک نکاح میں آئی ہوئیں یتیم لڑکیوں کے حق میں انصاف کی وصیت فرمائی — و ان تقوموا للیتامی بالقسط *

اب یہاں پر عموماً دو اعتراض وارد ہونگے (۱) یہہ کہ مالکت ایما نکم سے لونڈیاں مراد ہیں (۲) یہہ کہ اس تقریب سے جیسے ہم نے معنی لیئے ہیں اُو بمعنی إلا ہوا جاتا ہی *

---

† و کان الرجل منهم یضم الیتیمة الی نفسه و مالها و ان کانت جمیلة تزوجها و اکل المال و ان کانت دمیمة منعها من التزوج حتی تموت فترثها — مدارک التنزیل

صاحب تفسیر معالم التنزیل نے اپنی سند سے روایت کی ہی اخبرنا عبدالواحد الملیحی انا احمد بن عبدالله النعیمی انا محمد بن یوسف انا محمد بن اسمعیل انا ابو الیمان انا شعیب عن الزهری قال کان عروة بن الزبیر یحدث انه سال عایشة رضی الله تعالی عنها و ان خفتم ان لا تقسطوا فی الیتامی فانکحوا ما طاب لکم من النساء قالت هی الیتیمة تکون فی حجر ولیها فیرغب فی جمالها و مالها و یرید ان یتزوجها بادنی من سنة نسائها فنهوا عن نکاحهن الا ان تقسطوا لهن فی اکمال الصداق و امروا بنکاح من سوا هن من النساء الخ *

‡ و قیل ان خفتم الا تقسطوا فی نکاح الیتامی فانکحوا ما حللن لکم من النساء فی العدد فان خفتم الا تعدلوا فی العدد فواحدة او ما ملکت ایمانکم — (مدارک)

پہلے شبہہ کا جواب تو ہم یہہ دیتے ہیں کہ جبکہ ملک یمین کا اطلاق نکاح پر بھی ہوتا ہی اور نساء کے لفظ میں تو لونڈیاں بھی آگئیں اسلیئے اب مکرر اس لفظ سے لونڈیاں لینی فضول ہیں — اور یہہ تو بے عقلی کی بات ہی کہ حرف ما صرف غیر ذوی العقول کے لیئے آتا ہی اور لونڈیاں کچھہ انوثیت کی وجہہ سے اور کچھہ خرید و فروخت ہونے کی وجہہ سے بہایم کی قسم میں ہیں کیونکہ اسی جگہہ نساء پر بھی ما کا حرف آیا ہی — "ما طاب لکم من النساء" — اور اس کے علاوہ خدا پر بھی یہی لفظ آیا ہی چنانچہ فرمایا ہی " و لا إثنتم عابدون ما اعبد" *

اور دوسرے شبہہ کا یہہ جواب ہی کہ اولاً یہاں پر لفظ بطریق تخییر بین المعانوین ہی جیسیکہ اور جگہہ بھی قران میں اسی صورت سے آیا ہی چنانچہ " نفدیة من صیام او صدقة او نسک " — بس ایسے ہی اُن لوگوں کو جو اپنی ولایت کی یتیم لڑکیوں سے نکاح کرچکے تھے اختیار تھا کہ یا اُن کو رہنے دیتے اور آیندہ کو پرہیز کرتے یا چاہتے تو اُنھیں سے کنارہ کرتے اور ثانیاً اُو استثنا کی صورت میں بھی تو آتا ہی چنانچہ بقرہ ۳۱ ع میں " و لا جناح علیکم إن طلقتم النسا مالم تمسوا هن او تفرضوا لهن فریضة " *

۸ ہرچند کہ کثرت ازدواج قانون قدرت اور نظام الہی کے خلاف نہیں اور بعضے ملکوں کی آب و ہوا کی تاثیر اور وہاں کے رہنے والوں کی طبیعت کا مقتضا اس کے جواز کا باعث ہی مگو عرب میں یہہ اظہار بھی بہت بے موقع اور حد کے درجہ پر تھا — اور چونکہ ازواج کا معاملہ انسان کی تہذیب معاش اور حسن معاشرت میں بہت کچھہ دخل رکھتا ہی لہذا اسلام نے اُسمیں بھی اصلاح ضروری تصور کی اور نظام الہی میں بڑی حکمت سے " فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنی و ثلث و رباع " *** میں کثرت ازواج کے عدد کو بہت کم کرکے گھٹا دیا — اور نیز " فان خفتم الا تعدلوا فواحدة " میں عدالت کی ایسی سخت اور مضبوط قید لگا دی جو دو حقیقت ہو ایک کو کثرت ازواج پر جرأت نہ کرنے دیگی اور بعد اس کے خود تنزیل میں ایسی عدالت کے قایم نہ رکھہ سکنے اور اس کے قایم کرنے کی حرص کرنے پر بھی قاصر رہنے کا مذکور فرما دیا ہی — " و لن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء و لو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروها کالمعلقة" † * — (نساء)

---

† اور تم ہرگز عدالت یعنی برابری نہ رکھہ سکوگے عورتوں میں اگرچہ اسکا شوق بھی کرو سو ایسے پھر بھی نہ جاؤ کہ قال رکھو ایک کو جیسے ادھر میں لٹکتی *

Polygamy discouraged.

اور آیت " ذلک ادنی ان لا تعولوا" میں اسي مصالحت شرعي ازواج پر حسب تفسیر امام شافعي اشارہ پایا جاتا ہی — تفسیر بیضاوي میں ہی — و نسوبان لا یکثر میالکم * * * و لعل المراد بالعیال

ازواج — اسي صورت میں اس آیت کے معني یہہ ہونگے کہ تمھاري بیبیاں بہت ہوجاویں چنانچہ جس شخص کي عورتیں زیادہ ہوں تو کہتے ہیں اعال الرجل — مگر اس محاورہ پر باب اعال یعیل سے تعیلوا ہونامعاہیئے — کہتے ہیں کہ حمیر کي زبان میں ایساہي بولتے ہیں یعني تعولوا بمعني تعیلوا — یہي تفسیر امام شافعي نے اختیار کي ہی اگر علقمہ بن المطرف نے بھي اس آیت کو تفسیر کے طور پر تعیلوا بیان کیا ہی اور ایسے ہي طاؤس نے بھي *

تفسیر صحالم التنزیل میں ہی قال الشافعي ان لایکثر میالکم و ما قالہ احد انما یقال اعال یعیل عالۃ اذا نثر میالہ — و قال ابو حاتم کان الشافعي رضي اللہ عنہ اعلم بلسان العرب منا فلعلہ لغۃ — و یقال ہي لغت حمیر — قرء علقمۃ بن المطرف ان لا تعیلوا — و ہي حجۃ لقول الشافعي رضوان اللہ *

اور تفسیر کبیر میں ہی نقل ہی الشافعي رضي اللہ عنہ انہ قال " ذلک ادنی ان لا تعولوا" معناہ ادنی ان لایکثر میالکم — * * * و من المشہور ان طاؤس کان یقرء ذلک ادنی ان لاتعیلوا — اور نیز امام فخرالدین رازي نے اچھي طرح پرسرد کیا ہی ان اعتراضوں کو جو بعضے مقلدین نے اس بحث میں امام شافعي پر کیئے تھے (دیکھو تفسیر سورۃ نساء أیۃ ۳) *

مسلمانوں ہي میں ایسے لوگ بہت کم ہونگے جو یہہ سمجھتے ہونگے کہ اسلام نے کثرت ازدواج میں ایسي اصلاح فرمائي *

سیاوري جو ایک فرانسیسي مترجم قرآن ہی سورۃ نساء کے ذیل میں لکھتا ہی کہ " جب یہہ آیت " فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ " نازل ہوئي تو عرب کے لوگوں میں سے اکثر پاس آٹھہ آٹھہ اور دس دس عورتیں تھیں اور وہ اُن سے بد سلوکي سے پیش آتے تھے کثرت از دواج کا ممالک مشرقي میں ہمیشہ دستور رہا ہی محمد [صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم] نے اُسے کچھ کم کردیا"—انتہی اور ہمارے یہاں کي روایتیں بھي اسي کي مؤید ہیں احمد اور ترمذي اور ابن ماجہ نے روایت کي ہی — ان غیلان بن سلمۃ الثقفي لما اسلم وتحتہ عشر نسوۃ في الجاہلیۃ فاسلمن معہ فقال النبي صلعم امسک اربعاً وفارق سائرھن — اور شرح السنۃ میں روایت ہی من تزوج معاریۃ

قال احامد و تحتي خمسۃ نسوۃ فسالت النبي صلی اللہ علیہ و سلم فقال فارق واحدۃ و امسک اربعاً † *

ٹامس کارلئل ایک مشہور عالم محقق کا قول اس مقام پر نقل کرنا بے موقع نہوگا وہ لکھتے ہیں " اسلام کي میل الی الشہوات کي نسبت بہت کچھہ تقریریں اور تحریریں ہوئیں ہیں اور یہہ اعتراضات انصاف کي حد سے بڑھکر ہیں — وہ پروانگیاں جو ہمکو قبیح معلوم ہوتي ہیں اور جنکي اجازت اُنھوں نے ہي وہ خاص اُنکي ایجاد نہ تھیں اُنھوں نے ان باتوں کو عرب میں قدیم الایام سے مروج اور غیر معیوب پایا مگر (محمد صلی اللہ علیہ و سلم) نے جو کچھہ کیا وہ یہہ کیا کہ اُن کو روک دیا نہ صرف ایک ہي طرف سے بلکہ کئي پہلو سے (لکچر ۲ صفحہ ۶۴ مطبوعہ ۱۸۷۲ع)

Concubinage discouraged.

۹ سورۃ نسا کي ۳ آیت جو پچھلي دفعہ میں نقل ہوئي اور جسکي بحث ۷ دفعہ میں ہوچکي ہی چار عورتوں تک کے حکم میں بہ اوصاف ہی اور عورتوں میں آزاد اور غیر آزاد دونوں داخل ہیں اور ہرایک شخص جسکو یہود کے مسائل مخترعہ اور ایام جاہلیت کي رسم کي تقلید اور سبق ظن ہو وہ قرآن کے لفظوں سے تو ایساہي سمجھیگا — چنانچہ جارج سیل مترجم قرآن [مات سنہ ۱۷۳۶] نے مقدمہ کتاب اور ذیل سورۃ نسا میں ایساہي بیان کیا ہی کہ ازواج اور سراري یعني بیبیاں اور لونڈیاں یہہ ہوتوں اس قید اربع میں محدود ہیں فقط مگر اب رسم تو یہہ پڑي کہ لونڈیوں کے واسطے کوئي تعداد ہي نہیں !! — تاہم ہمکو نقلا اور اہل الراے کا اسقدر ذکر کرنا ہوتا جاہیئے کہ اُنھوں نے آزاد عورت پر لونڈي کو جمع کرنا جایز نہیں کیا — امام ابو حنیفہ اسي کے قایل تھے مگر چونکہ اجتہادي بات قرار پائي اس لیئے اور علماء شیعہ ‡

† یہہ روایتیں مشکواۃ میں ہیں ان کا مطلب یہہ ہی کہ غیلان کے پاس دس عورتیں تھیں تو نبي صلعم نے فرمایا کہ چار رہنے دو باقي کو جدا کرو اور نوفل کے پاس پانچ تھیں ان سے بھي ایساہي کہا گیا —

نصیبا اور مزیر نبیوں نے بھي اس قسم کے حکم دیئے چنانچہ جن یہودیوں نے خلاف توریت اجنبي عورتوں سے نکاح کرلیئے تھے وہ چھوڑوا دیئے [صحیفہ عزرا باب ۱۰ ورس ۱۱ و ۱۲ و ۱۹]

‡ ان الایۃ صریحۃ في انحصار سبب الاباحۃ في القسمین المذکورین و ھما الزواج و ملک الیمین علی سبیل انفصال الحقیقي اے اما زواج او ملک یمین بحیث لا یجتمعان و لا یرتفعان "

کذا في تفسیر ایات الاحکام — کتاب النکاح

[ذیل آیت والذین ھم لفروجھم حافظون]

و سني نے کچھه انکار کچھه اقرار کيا مگر آڑ هم قرآن کو تو ديکهيں اُس ميں کيا هی پانچويں پارة کے شروع ميں لکها هی —

"و من لم يستطع منکم طولا ان ينکح المحصنات المومنات فمن ما ملکت ايمانکم من فتيا تکم المومنات * * * * * ذالک لمن خشي العنت منکم و ان تصبروا خير لکم" † —

اس ميں فتيات مومنات سے نکاح کي اجازت تو هی مگر تين شرطوں سے (۱) جب که آزاد عورت سے نکاح کا مقدور نهو (۲) بے نکاح رهنے ميں زنا ميں پڑ جانے کا انديشه هو ‡ (۳) وه لونڈياں مسلمان هوں —

پهلي شرط سے تو وه بات جاتي رهي که بيبياں بهي هوں اور لونڈيوں کا بهي زيور بهرا جاوے اور تيسري شرط سے وه بات جاتي رهي که لڑائي ميں مشرک عورتوں کا کال پکڑ لائے اور اُن پر تصرف کيا *

پس لونڈيوں سے نکاح کرلينے کا حکم کسي طرح قابل اعتراض نهيں هوسکتا بلکه ميں حکموں و مصلحتوں هي تها اور سمجهنا اس کي قباحتيں سب واضح اور صاف هيں اسي ليئے ضرورت شديد اور ناچاري کا يهه علاج هي تها *

امام فخرالدين رازي اُس آيت کي تفسير ميں لکهتے هيں الاية دالة على التحذير من نکاح الاماء و انه لا يجوز اقدام عليه

† يعني جسکو مقدور نهو آزاد بيبيوں سے نکاح کرنے کا تو مسلمان لونڈيوں کو ملک نکاح ميں لے آوے * * * * يهه اس کے واسطے جو کوئي ڈرے تکليف ميں پڑنے سے اور اگر صبر کرو تو بهتر هی تمهارے حق ميں —

‡ و لم يختلفوا في ان ذلک راجع الى نکاح الاماء فکانه قال فمن ما ملکت ايمانکم من فتياتکم المومنات ذالک لمن خشي العنت منکم و هو الضرر الشديد الشياق — قال فيما رخص فيه من مخالطة الهمامي" و الله يعلم المفسد من المصلح و لو شاء الله لا منتکم لے يشدد الامر عليکم والزمکم التميز طعامکم من طعامهم تلحقکم بذالک ضرر شديد — وقال ودوا ما عنتم قد بدت البغضاء من افواههم — لے احبوا ان تقعوا في ضرر الشديد — و المفسرين فيه قولان — احد هما ان الشبق والشديد والغلمة العظيمة ربما يحمله على الزنا فيقع في الحد على الدنيا والعذاب العظيم في الاخرة فهذا هو العنت *

والثاني ان الشبق الشديد والغلمة عظيمة قد يتاذي الى اختناق الرحم و اما في حق الرجال فقد يتاذي الى ارجاع الورکين والظهر — و الا ثر على الوجه الاول لانه هو الليق ببيان القرآن * تفسير کبير الاعند الضرورة و السبب فيه وجوه † * * * فهذه الوجوه ما لاجلها الله في نکاح الامة الا على سبيل الرخصة —

مگر پهر بهي کلام الهي ميں يهي حکم هی که ان تين شرطوں کي رعايت پر اگر لونڈيوں سے نکاح نه کيا جاوے تو بهتر هی و ان تصبروا خير لکم" — تفسير کبير ميں هی (مسئله) المراد ان نکاح الاماء بعد رعاية الشرايط الثلثة اعني عدم القدرة على التزوج بالحرة و خوف العنت وکون الامة مومنة الاولى تركه لما بينا من المفاسد الحاصلة في هذا النکاح — اور تفسير مدارک التنزيل نسفي ميں هی وصبرکم عن نکاح الاماء متعففين خير لکم لان فيه ارقاق الولد والانها خراجة ولاجة ممتهنة مبتذلة و ذالک کله نقصان يرجع الى الناکح و مهانته والحرة من صفات المومنين و في الحديث الحرائر صالح البيت والاماء هلاک البيوت *

۱۰ يهاں پر فوراً يهه اعتراض پيش هونگے که جب لونڈيوں کي اولاد ميں ايسي ذات اور اهانت هی تو کيا گمان کيا جاوے اُن بزرگوں کے حق ميں مثلاً حضرت اسمعيل جو هاجرة سے تهے — حضرت ابراهيم بن النبي جو ماريه قبطية سے تهے يا محمد بن حنيفه رضي الله تعالے عنه يا شهر بانو رضي الله تعالے عنها مادر ارمية اهلبيت تو اس کا جواب يهه هی که حضرت هاجرة کو لونڈي سمجهنا بيوجهه هی وه کسي طرح پر لونڈي نهيں هو سکتيں — عوام يهود تو ضرور اس امر ميں تعصب کرتے هيں اور مسلمانوں کي روايتيں اس امر خاص ميں اس وجهه سے اعتبار کے قابل نهيں که اصل لفظ اصحاب يا ايمه نے هاجرة رضي الله عنها کي نسبت کچهه هي فرمايا هو مگر چونکه راويوں کي عقل اور دماغ ميں ملک يمين سما رها هی اور يهود نے بهي ايسا مشهور کر رکها هی پس وه

Hagar was not a concubine,

† لونڈيوں سے نکاح کي مضرتوں ميں پانچ وجهيں امام رازي نے لکهي هيں جن کو همنے متن ميں چهوڑ ديا هی اُن کا خلاصه يهه هی [۱] جو اولاد هوگي وه بهي رقيق هوگي [۲] وه لونڈي باهر نکلنے پهرنے اور غيروں سے ميل جول رکهنے ميں ناشايسته هو جاويگي (۳) اُس لونڈي کے مالک کا حق اس پر اُس کے شوهر سے زياده هی پس وه اپنے شوهر سے باخلاص نهيں مل سکتي (۴) اگر اُس کا مالک اُس کو کسي اور کے هاتهه بيچ ڈالے تو يا تو نکاح ٹوٹ جاويگا يا مالک جديد کهيں کا سفر کرے تو وه ساتهه جاويگي پهر جدا شوهر کو بڑي مضرت پهرنچيگي (۵) اگر اُس کا مهر مقرر هوا هوگا تو اُسے اختيار نهوگا که مهر بخش دے — ان وجوه پر جنسي بهي آتي هی اور روٹا بهي *

خواہ مخواہ روايت بالمعني ميں لفظ جاريہ بالملک يمين هي ٹہہرينگے — مگر ياد رهے کہ رواييں يہود کي رواييتيں اس مضمون کي هيں کہ هاجرہ لونڈيوں کي بيٹي تهيں اور اُسنے ابراهيم عليہ‌السلام کي کواسط اور پوزرگي ديکهہ کر اُن کو اُنهيں ديا تها — [ديکهو کتاب بريشيت رباه ۵۱ | — مذکورہ ازيں جن عورتوں کي نسبت کتب عهد عتيق ميں لکها هی کہ حرم تهيں [جيسے هاجرہ] تو وہ لفظ فقہ کي اصطلاحي ملک يمين کے هم معني نهيں هی — وہ تو شرعي بيبياں تهيں جو حقوق زوجيت ميں پهلي بي‌بي کي برابر هوا کرتي تهيں فرق اتنا هي تها کہ انتظام خانہ داري ميں پهلي هي بي‌بي کو دخل رها کرتا تها اور اگر يہہ دوسري بي‌بي جو حرم کهلائي پهلے خادمہ تهي تو بعد نکاح بهي بدستور خدمت کرتي رهتي تهي (ديکهو تفسير هارن جلد ۳ صفحہ ۴ ب ۳) *

اور ماريہ قبطيہ سے ابراهيم بن النبي کا پيدا هونا ايسا تاريخي واقعہ اور قطعي مثال نهيں هی جس سے وہ ذلت اور خرابي لازم آوے جو اولاد ام ولد ميں لازم آتي هی کيونکہ (۱) ماريہ تين عورتوں کا نام رواييتوں ميں هی اور يہہ تينوں يا دونوں خادم‌النبي کهلاتي هيں ابن حجر عسقلاني نے ۳ نام لکهے هيں ابن مندہ نے ايک ماريہ جس کي کنيت ام‌الرباب هی اور دوسرے ايک اور ماريہ خادم‌النبي الگ الگ لکهي هيں اور اُسے روايت کي هی مگر ابونعيم نے دونوں کو ايک کرديا هی اور ماريہ قبطيہ هنوز علحدہ هيں — ايسے اختلافوں سے ٹهيک نهيں معلوم هوتا کہ کيا تها (۲) يہہ بهي قطعي نهيں کہ ماريہ کے پيٹ سے ابراهيم بن‌النبي پيدا هوئے هوں — علي ابن‌الحسين جنيد‌الرازي نے اپني تاريخ ميں ابراهيم کو بطن خديجہ سے لکها هی اور ماريہ کا ذکر بهي نهيں کيا اور ابن مندہ نے لکها هی " واستسرے جارية قريظية فولدت له ابراهيم " اس سے معلوم هوتا هی کہ ابراهيم کسي قيد کي هوئي اونٹني يهود قريظيہ سے پيدا هوئے تهے (۳) ماريہ کي بعض مخصوص رعايتيں مثل قسم ضرب حجاب وغيرہ جو رواييتوں ميں هی اُس سے پايا جاتا هی کہ ماريہ سے اونٹنيوں کي طرح پيش نهيں آيا جاتا تها بلکہ بيبيوں کي طرح — (۴) ايک ميسائي بادشاہ کا ايک ٹٹي کو دو جوڑکرياں تحفہ ميں بهيجني محض خلاف قياس اور تعجب انگيز هی [۵] ماريہ قبطيہ از قبيل عامہ اماء نهيں هوسکتيں وہ کسي لڑائي ميں قيد نهيں هوئيں اور نہ وہ خريد يا فروخت هوئيں بلکہ مدينہ ميں آنے سے پيشتر مسلمان هو چکي تهيں [ديکهو ابن سعد کي روايت کتاب‌الاصابہ] اُن وجوہ پر نظر کرنے سے ايسا معلوم هوتا هی کہ کچهہ بعيد

That a Chapter of the Coran was revealed in the affair of Maria the coptie is utterly wrong.

Maria the coptie was not a concubine—rather an imaginary personage.

نهيں هی کہ ماريہ ايک خادمہ هونگي اور انهيں کي کنيت بهي ام‌الرباب بهي هوگي اور اسي کو ابن سعد وغيرہ نے اپنے خيال سے کهديا کان يطاعاً بملک يمين *

زيادہ تعجب کي جگہ تو يہ هے کہ بعض صحيح رواييتيں هيں جن کو اصحاب صحاح نے روايت نهيں کيا مگر اور لوگوں نے روايت کي هی کہ نزول سورۂ تحريم کا سبب ماريہ قبطيہ کو ايک مرتبہ حرام کرلينا تها *

يہہ روايت جيسا کہ ظاهر هی سخافت اور اهانت ادب سے خالي نهيں مگر همکو ذاتاً بهي اُس کي صحت ميں کلام هی (۱) اس وجهہ سے کہ عمايد اهل صحاح مثل بخاري و مسلم صاحبا‌الصحيحين نے اس قصہ کي روايت نهيں کي اور اُن کا باوجود ضرورت اور حاجت کے اس قصہ کو طرح دينا اُس کي بے اعتباري کي دليل هوسکتا هی [۲] انهيں اهل صحاح نے اسي سورۂ تحريم کي شان نزول ميں نہ صرف يهي کيا کہ اس قصہ کو باوجود احتياج چهوڑ ديا هو بلکہ اس کے معارضہ ميں ايک اور هي سبب يعني تحريم عسل کي روايت کي هی [۳] تحريم ماريہ کي سب رواييتيں اخبار احاد هيں [۴] معنعن هيں (۵) بعضي مرسل بهي هيں [۶] کوئي بهي ان ميں سے مرفوع نهيں — اور ايسي رواييتوں سے گو فقهي احکام کا استنباط هوا کرے مگر قطعيت واقعہ اور تاريخي حالات کے ثبوت ميں يہہ اخبار بالکل غير مفيد عالم هيں *

اب هم اس ميں تهوڑي سي قدح تفصيلي بهي کرتے هيں [۱] نسائي نے جو انس سے روايت کي هی اُس ميں ماريہ کا نام نهيں [کانت له امة يطأها فام يزل به حفصة و عايشة حتى حرمها] پس کچهہ مفيد نهيں [۲] طبري نے زيد بن اسلم تابعي سے روايت کي هی مگر اس روايت ميں قطع نظر اس سے کہ ام ابراهيم کي کنيت ميں اختلاف هی ايک بڑا نقص يہہ هی کہ وہ روايت مرسل هی اور اسي ليئے ضعيف هی — علامہ سيوطي نے تدريب‌الراوي شرح تقريب النواوي ميں لکها هی — ثم‌المرسل حديث ضعيف لا يحتج به عند جماهير‌المحدثين کما حکاہ منهم مسلم في صدرصحيحه و ابن عبدالبر في‌التمهيد و حکاہ حاکم بن مسيب و مالک والشافعي و کثير من الفقها و اصحاب‌الرسول والنظر المجهل بحال‌المحذوف لانه يحتمل ان يکون غير صحابي و اذا کان کذلک فيحتمل ان يکون ضعيفا و ان اتفق ان يکون المرسل لا يروى من ثقة فالتوثيق مع‌الابهام غير کاف کما سياتي في ولانه اذا کان المجهول المسمي لايفيد فالمجهول عينا و حالا اولي

[۳] طبراني نے اور ابن مردويہ نے ابوهريرہ سے معنعن روايت کي هي جس ميں تحريم ماريہ کا ذکر هي مگر وہ خبر معنعن هي اور وہ ويسي هي غير معتبر هي جيسي موسل [۴] طبراني کي ايک اور روايت من طريق الضحاک عن ابن عباس الخ هي اور ضحاک نشيرالارسال هي اور اُس کي روايت ابن عباس سے بلا واسطے نہيں هي قال الزين العراقي والضحاک لم يسمع من ابن عباس — اور علامہ سيوطي نے اتقان في علوم القران ميں لکها هي و طريق ضحک بن مزاحم عن ابن عباس منقطعة فان الضحاک لم يلقہ — پس روايت منقطعہ غير صحيح هي —

[۵] سعيد بن منصور نے ابي مسروق اور حضرت عمر سے جو روايت کي هي اُسميں ماريہ قبطيہ کا نام نہيں اور وہ روايتيں معنعن هيں پس ضعيف ٹهريںگي اور نيز اصل راويوں نے اپنا ماخذ نہيں بيان کيا *

ايک تاليف جديد ميں قصہ تحريم ماريہ کے ثبوت ميں بڑا اهتمام کيا گيا مگر حاصل کچهہ نہيں هوا — ص ۱۳۱ ميں لکهتے هيں — صحيح بخاري ميں هي باب " لم تحرم ما احل الله لک " عن سعيد بن جبير انہ اخبرہ انہ سمع ابن عباس يقول اذا حرم امراتہ ليس بشيئ و قال لکم في رسول الله اسوة حسنة — قال الشارح و اشار ذالک الی قصة ماريہ انتهی مگر اس ميں سارا زور و شور مستدل کا شارح کے قول پر هي مگر وہ شارح کا صرف خيال هي ممکن هي کہ تحريم عسل کي طرف اشارہ هو *

دوسري روايت اُنهوں نے نقل کي روي النسائي عن سعيد بن جبير ان رجلا سال ابن عباس نقال اني جعلت امراتي علي حراما فقال کذبت ليست عليک الحرام ثم تلی يا ايها النبي لم تحرم ما احل الله لک *

مگر اس ميں تو قصہ ماريہ کا کہيں سان و گمان بهي نہيں — ظاهر هي کہ ابن عباس نے اس ميں عموم لفظ قرآن سے استدلال کيا يہہ کچهہ ضرور نہيں کہ سبب بهي خاص رهي ايک هو علامہ سيوطي لکهتے هيں اختلف اهل الاصول هل العبرة لعموم اللفظ او بخصوص السبب والاصح عندنا الاول و قدنزلت ايات في اسباب واتفقوا علی تعديتها الی غير اسبابها الخ *

اب ان روايتوں کے سوا اگر اور کوئي سند اس قصہ باطل کي پيش هوگي تو اس ميں بهي اُنهيں ضرابط اور قواعد سے نظر کي جاويگي *

اور والدہ محمد بن حنيفہ کي مثال بهي بالکل غلط هي کيونکہ وہ اونڈي نہ تهيں اور نہ اُن پر حضرت علي نے اونڈي کے طور پر تصرف کيا چنانچہ سيد مرتضی علم الهدی نے اپني تصنيفات ميں صاف لکها هي " لم يستبحها بالسبی بل نکحها و مهرها " *

اور حضرت شهر بانو بهي ملک يمين نہيں تهيں بلکہ وہ مدينہ ميں آتے هي قيد سے رها هو گئيں تهيں ديکهو مناقب ابن شهراشوب اور بحارالانوار کي ۱۳ جلد *

۱۱ عورتوں کے حق ميں آزادي پهيلاني تهذيب اور مفت لپاس ميں احتوام (سورہ نور) اور اُن سے گفتگو ميں ادب (وقلن قولا معروفا — سورا ۳۳ ع ۲) کے احکام جاري کيئے اور ايسے احکام اُن کي حالت کے موافق اور مناسب صادر کيئے جو حکماء سابقين سے نہوسکے تهے اور ايسے ايسے احکام جن کو بجز اُس خالق حقيقي کے جو مرد اور عورت کي فطرت اصلي سے واقف اور اُن کا بنانے والا هو اور کوئي آگاه نہيں هوسکتا — جو بد رسميں اور قبيح رواج عورتوں کي نسبت تهے اور جو کچهہ اُن کے حق ميں ظلم و زيادتي مردوں کي طرف سے هوا کرتي تهي اُن سب باتوں کي اصلاح کي — جاهليت کي بد رسموں ميں سے ايک يہہ رسم عام تهي کہ باپ کے مرنے کے بعد بيٹا اُس کي سب بيبيوں کا جبراً اور کرهاً وارث هوا کرتا تها اور اُن سے نکاح بهي کرليتا تها مگر ان سب قبيح اور مکروہ دستوروں کو قطعاً موقوف کيا *

Islam elevated and improved the state of female sex.

" ياايها الذين آمنو لا يحل لکم ان ترثوا النساء کرها " اور " ولا تنکحوا ما نکح اباء کم من النساء الا ما قد سلف انہ کان فاحشة مقتا وساء سبيلا " * — (نساء)

ايک مقام پر اڈريل وليم ميور صاحب اپني سيرت محمدي (ج ۳ ص ۳۰۳) ميں اس کا اعتراف کرتے هيں کہ ايک امر خاص ميں محمد صلعم نے عورتوں کو ايک سخت اور ثا ثوار قباحت سے چهوڑايا وہ يہہ تهي کہ بيٹا اپنے باپ کي بيبيوں کا وارث هوا کرتا تها *

يہہ رسم جيسي کہ قديم سے هوتي آئي تهي اُس وقت ميں بهي اس کي ايک مثال هي يعني زيد بن آمر بن نفيل اور حضرت عمر ابن خطاب بن نفيل باهم چچيرے بهائي اور ايک حساب سے چچا بهتيجے تهے يعني آمر نے اپنے باپ کي بيوہ جيدہ سے نکاح کيا اور اُس سے زيد هوا جو آمر کا بيٹا اور نفيل کي بيوي کا بهي بيٹا هوا (ايضا ج ۲ ص ۵۲) جو جو ايسي صورتيں هوئيں اور جو آڈر بهي اُس وقت موجود هونگي وہ الاماقد سلف کے حکم ميں هيں پهر اسرائيل بهي ايسا کربيٹهتے تهے (۲ صمو ۷)

۱۲ عورت کو قرآن نے جملہ حقوق اور اختيارات ميں مرتبہ اور تمام قابليتوں ميں مردوں کے مساوي قرار ديا هي *

"ولہن مثل الذي علیهن بالمعروف" † (ج ۲)

"للرجال نصیب مما اکتسبن وللنساء نصیب مما اکتسبن ‡ [نساء ۵ ع]

بجز اس ایک قدرتی فوقیت کے جو صانع مطلق نے مرد کو عورت پر دی ہی *

"الرجال قوامون علی النساء" § [۵ ح ۳ ع]

"وللرجال علیهن درجة" || [بقر ۲ ح ۲۸ ع]

عورتوں کے حقوق کے باب میں قدیم رسوم سے قطع نظر کرکے صرف انگلستان کے قانون کو دیکھا جاوے کہ ان لوگوں نے باایںہمہ اصلاح و تہذیب عورتوں کے حق میں کیسے جور اور حیف کو جایز رکھا ہی اور مردوں کی خود رائی کے تابع کردیا ہی — نکاح کے بعد بہت سے احکام میں عورت کی ذات ہی نہیں قایم رہتی وہ گویا اپنے شوہر میں مستہلک ہوگئی وہ اپنے نام سے کوئی معاهدہ نہیں کر سکتی اور اُس کی ذاتی جائداد جو قبل نکاح سے حاصل کی ہو وہ بھی شوہر کی ملک میں آتی ہی اور اُسے اختیار ہوتا ہی جیسے چاہے اُسے صرف کردے — عورت کو اتنا بھی حق نہیں ہوتا کہ وہ اپنے نام سے یا اپنی ذات خاص کے لیئے ضروریات خرید کرلے یا منگوا بھیجے — گو مرد پر ذات نفقہ عورت کا واجب ہی مگر رسم انگلستان میں اسکی تعمیل کرا پانے کا کوئی صاف ذریعہ نہیں ہی اور نہ عورت کو روٹی کپڑے کی نالش کر سکنے کا حق ہی مگر کچھہ ضمنی صورتیں نکالی گئی ہیں — اور نیز بہت سے مدارج بدسلوکی اور اذیت کے ایسے ہیں جن کا کچھہ چارہ نہیں نہ عورت کی کوئی فریاد سنتا ہی نہ عدالت کچھہ کرسکتی ہی — گو عورت اپنے شوہر سے مفارقت کر کے مرضہ سے الگ رہے مگر جو کچھہ جائداد وہ حاصل کریگی وہ شوہر ہی کی ہوگی اگر عورت پیشتر سے کچھہ بندوبست نہ کرلے تو عورت کا وہ مال و اسباب جو اُس نے ایام مفارقت میں حاصل کیا ہی اُسکے شوہر کے قرض کےواہ اُسے لے سکتے ہیں — مرد کو اپنی نل جائداد کا اختیار حاصل ہی چاہے وہ اپنے حین حیات غیروں کو دے جاوے عورت کو کچھہ نہیں مل سکتا — جب ایسے دستور جاری ہوں اور مرد تنک مزاج اور موم کی ناک ہو تو عورت کی بڑی حق تلفی

† عورتوں کا بھی حق ہی جیسا اُن پر حق ہی موافق دستور کے [بقر ۲۸ ع]

‡ مردوں کو حصہ ہی اپنی کمائی سے اور عورتوں کو حصہ ہی اپنی کمائی سے [ح ۵]

§ مرد حاکم ہیں عورت پر

|| مردوں کو عورتوں پر درجہ ہی

ہوتی ہی — علاوہ ازیں بعضی باتوں میں عورتوں کی رعایت اور مردوں کی حق تلفی بھی ہی — جرایم سنگین میں تو نہیں مگر اُوّر جرموں میں اگر عورت اور مرد دونوں اُس کے مرتکب ہوئے ہوں تو عورت سزا یاب نہوگی احصان کی وجہ سے عورت کو یہاں تک پروانگی ہی کہ زنا کی سزا سے بھی محفوظ ہی || — اور اگر عورت اپنے شوہر کا کیسا ہی مال و متاع لیجاوے اُس کی پوشش نہوگی اگر کوئی غیر شخص صرف مال کے لالچ سے (بغیر زنا) عورت کے ساتھہ اُس کے شوہر کا مال نکالوا لیجاوے تو اکثر صورتوں میں تو دونوں میں سے ایک بھی سزا نہ پاوے — غرض یہہ سب افراط اور تفریط کے بے موقع قانون ہیں جن کی مہذب قومیں پابند ہیں گو اب اُس کے ابطال کے لیئے بہت کچھہ زور مارتی ہیں اور اُسکی شناعت اور قباحت رفع کرنے کو حیلے بھی پیدا کیئے ہیں مگر وہ امیروں کے لیئے — اوسط اور ادنی درجہ کی قومیں اُن سے محروم ہیں البتہ امکانات لینڈ کے قانون بعض باتوں میں کچھہ معقول ہیں مگر پھر بھی سب کے سب احکام الہی اور وحی کی اصلاح کے محتاج ہیں *

۱۳ تمام ممالک ایشیا میں خصوصاً یہودیوں اور پرٹانیوں میں نکاح ایک قسم کی خرید و فروخت کا معاملہ ہوتا تھا کہ بیاہ کرنے والا لڑکی کے باپ کو ایک رقم معین دیتا تھا (پیدایش ۳۴ و ۱۲ اصمول ۱۸ و ۲۵ اور ہوسیع نبی نے اپنی بیوی پندرہ روپیہ اور ڈیڑھ حمر جو کو خریدی تھی $\frac{3}{2}$) اور اب تک بھی یہہ رسم قزوس ترک اور ملک ہوران کے عیسائیوں اور بعض اعراب میں ہی مگر قرآن نے نکاح ایک عقد قرار دیا جو طرفین کے اختیار اور رضامندی سے ہوتا ہی اور زر مہر عورت کے باپ کو نہیں ملتا بلکہ خود عورت کا حق ہوتا ہی *

"وأتوا النساء صدقاتهن نحلة" † [نساء ۱ ع]

"فما استمتعتم به منهن فاتوا هن اجورهن فریضة ‡ (نساء ۴ ع)

بعضی اعتراض کرنے والوں نے لفظ اجر پر اک گونہ تعریض کی ہی گویا اُس کو نامناسب لفظ سمجھے مگر در اصل اُس میں اشارہ ہی اس پر کہ زر مہر عورت کا اجر ہی جس کی وہ مستحق ہی نہ کہ اُس کی قیمت جو اُس کا باپ لیلے *

† اور دے ڈالو عورتوں کو اُن کے مہر خوشی سے

‡ پھر جو تم کام میں لائے ان عورتوں میں سے اُن کو دو اُن کے حق جو مقرر ہوئے —

۱۴ قرآن نے عورت اور مرد کي باهمي گزران ميں کمال عدالت اور محبت کو برابر قايم رکهنا ضرور قرار ديا هي اور مهر کا تقرر اور نکاح فسخ هونے کي صورت ميں واجب الادا اور ناقابل نقصان

Social affection and comfort of domestic life.

هونے کي وجهه سے عورت کو بےدل معاملہ رهنے اور مرد کو اس کا فياضدل اور محتاج الهها هونے اور هميشه کو ملے رهنے کي تدبير کردي — اتحاد زوجين کي برکت اور مسرت اور اُس کے نتيجه ميں حسن معاشرت کي حالت سے قرآن خوب واقف هي *

" و خلق لکم من انفسکم ازواجاً لتسکنوا اليها وجعل بينکم مودة ورحمة " † [روم ۳ ع]

اور پهر اسي مانيت اور محبت دوم هاي کو جو باهم زوجين ميں هوني چاهيئے ايک دائمي اور غير قابل انتزاع اور لازوال اور غير لايق انفصام تشبيه ميں بيان فرمايا *

" هن لباس لکم و انتم لباس لهن " ‡ [بقر ۱۸۲]

اور چونکه اصلي غرض تجويز نکاح سے اقامة تدبير منزل اور تعاون باهمي انتظام خانه داري اور تحصين فرج هي اور يهه باتيں بغير دايمي نکاح اور آپس ميں مثل لباس ايک دوسرے کے محتاج رهنے اور ملے رهنے کے نهيں هوتيں اس ليئے ضرور هوا که فطرت کي راه سے اُن ميں باهم مودت اور رافة خلق کي جاوے — اور يهه سب مصلحتيں جو نکاح کے دايمي قايم رهنے ميں خيال ميں آسکتي هيں ان دو لفظوں ميں بيان کرديں *

" محصنين غير مسافحين " § [نساء]

اس جمله کي پهلي خبر محصنين ميں تمام حکمتيں اور بهلائيں جو نکاح سے متصور هيں داخل هيں اور جزو دوم غير مسافحين ميں تمام قباحتيں جو چند روزه نکاح اور غير منضبط طريق سے باهم معاشرت کرنے سے پيدا هوتي هيں منع کردي گئيں — درحقيقت يهه فقره عجب جامع اور مانع هي اور اسميں اثبات اور نفي سے تمام حکمت منزلي کے مصالح اور مفاسد سمجهه ديے هيں *

۱۵ جبکه اس بيان سے نکاح کي مصلحتيں معلوم هوئيں تو اسکي مقتضا سے طلاق کي ممانعت بهي [الا بعض نادر غير حالتوں ميں] ثابت هوئي

Divorce discouraged

کيونکه برابر نکاح اور طلاق کي رسم جاري رکهنے ميں صرف عورتوں سے لذت حاصل کرني هي حالانکه اسلام نے

† بنادي تمکو تمهاري قسم سے جورتي که جيں پکڑو اُن کے پاس اور رکها تمهارے بيچ پيار اور مهر

‡ وہ پوشاک هيں تمهاري اور تم پوشاک هو اُن کي

§ قيد ميں آنے کو نه مستي نکالنے کو

نکاح کي اصل علت محصنين قرار دي نه که مسافحين — پهر جب که نکاح کي بناء تعاون پر هي اور مرد و عورت باهم باعث اطمينان اور ايک دوسرے کے مددگار ديني اور دنياوي باتوں کے هوئے [جيسا که لباس کي تشبيه سے ظاهر هي] تو پهر جب طلاق کي رسم نکلي تو يهه بات جاتي رهي — علاوه ازيں اس رسم سے دونوں کے دلوں پر سے اس عقد اور نظم کي عظمت بهي جاتي رهتي هي ايک کو دوسرے پر اطمينان اور اعتماد نهيں رهتا باهم کا اخلاص اور نياز جاتا رهتا هي — دلوں ميں نفاق پيدا هوجاتا هي اور طلاق کے انديشه سے خيانت اور اضطراب اور تربيت اولاد ميں بالکل بے ترتيبي اور اصلاح منزل ميں ابتري پڑ جاتي هي — اور جهاں جهاں قرآن مجيد ميں نکاح کا ذکر اور زنا سے ممانعت هي اُنهيں مقامات ميں اِن سب قباحتوں پر بهي اشاره هي *

شاه ولي الله صاحب حجة الله البالغه ميں لکهتے هيں (ص ۳۲۵)

اعلم ان في اکثار من الطلاق و جريان الرسم بعدم المبالاة به مفاسد کثيرة و ذلک ان ناساً ينقادون لشهوة الفرج و لا يقصدون اقامة تدبير المنزل والتعاون في الارتفاقات ولا تحصين الفرج — و انما مطمح ابصارهم التلذذ بالنساء و ذوق لذة کل امراة فيهيجهم ذلک الی ان يکثروا الطلاق والنکاح — و لا فرق بينهم و بين الزناة من جهة مايرجع الی نفوسهم — و لا تميزوا منهم باقامة النکاح و الموافقة لسياسة المدينة و هو قوله صلی الله عليه و سلم لعن الذواقين و الذواقات — و ايضا ففي جريان الرسم بذلک اهمال لتوطين النفس علی المعرفة الدائمة او شبهه الدائمة و عسی ان تقع هذه الباب ان يضيق صدره و صدرها في شی من محقرات الامور فيندفعان الی الفراق — و ايضا ففي ذلک من احتمال اعباء الصحبة والاجماع علی ادامة هذا النظم و ايضا في اعتياد هن بذلک و عدم مبالاة الناس به وعدم جزمهم عليه يقتح باب الوقاحة — و ان لا يجعل کل منهما ضرر الاخر ضرر نفسه — وان يعطوا کل واحد الاخر — يمهد لنفسه ان وقع الافتراق — و في ذلک ما لايخفي —

۱۶ طلاق کي رسم تو يهوديوں ميں عام اور بکثرت تهي اور موسوي شريعت ميں اُسکو شايد مطلقاً جايز کرديا تها حتی که حضرت عيسی عليه السلام کو اُسکا عذر کرنا پڑا (متي ۱۹/۸) — حضرت مسيح سے کچهه پيشتر نکاح کے باب ميں فقهاء يهود ميں دو مذهب هوگئے تهے شماي اور اُس کے مقلدوں کي يهه راے تهي که صرف فعل قبيح کے ارتکاب پر يا فاحشه مبينه پر طلاق دي جاوے اور هلل اور اُس کے مقلدين کا يهه مذهب تها که ادني سي خطا پر بهي عورت کو طلاق ديديني چاهيئے — اُن لوگوں کا يهه قول تها که اگر کسي کو اپني

موت پري معلوم هو تو اُسے نکال ڈالے [استثنا ۲۴ و ۱] ربي مقيد کہتا هي کہ اگر کوئي مرد کسي عورت کو اپني عورت سے خوبصورت پاوے تو اپني عورت کو نکالدے کيونکہ لکھا هي کہ اگر وہ اُسکي نظر ميں اچھي نہ معلوم هو الخ — قرآن صريح اِس کے خلاف کہتا هي " فان کرهتموهن نعسي ان تکرهوا شيئاً و يجعل الله فيه خيراً کثيرا " † [نسا ۳ ع] — معلوم هوتا هي کہ اگر کسي کي عورت اپنے شوهر کا کهانا بهت نمک ڈال کے خراب پکاوے يا اُسے زيادہ بهوں دے تو وہ عورت مطلق ديدي جاوے — مگر قرآن کہتا هي — " لا تدري لعل الله يحدث بعد ذلک امرا " ‡ [طلاق]

يورپ کے ملکوں ميں رومن کيتهلک مذهب کي رو سے تو جيسا کہ کونسل آف ٹريونٹ سنہ ۱۵۶۲ ع ميں قرار پايا زنا کے بعد بهي طلاق نهيں هوسکتي — انگلستان وغيرہ ملکوں ميں جب سے اصلاح هوئي هي تب سے قاعدہ طلاق ميں کچهہ تبديل هوئي ٹيو پارک ميں صرف زنا پر طلاق هوتي هي اور اور ملکوں ميں زنا پر اور نهايت ظلم سے بدسلوکي پر اور قصداً مفارقت اختيار کرنے پر اور مدت دراز تک نامعلوم غايب رهنے پر بهي طلاق هوتي هي اور انگلينڈ ميں طلاق کا باعث زنا اور ايذا رساني هي هوتا هي اور اسکاٹ لينڈ ميں زنا يا قصداً چهوڑ کر چلے جانے سے طلاق هو جاتي هي — انگلستان ميں قانون رنڈوريا جاري هونے سے پهلے ايسي عورت کے ايڈے جسے اُس کے خاوند نے قصداً چهوڑ ديا هو چارہ جوئي اور داد رسي کي سبيل نہ تهي اب ايسي صورت ميں عدالت سے افتراق هو جاتا هي اور اگر مفارقت کے ساتهہ زنا بهي موديف هو تو طلاق بهي ممکن هي *

۱۷ قرآن نے مرد کو کبهي اختيار نهيں ديا کہ بلا وجهہ شديد اور بغير پيشتر کي اطلاع کے دفعۃً واحدۃً اور مطلقاً اور فوراً اور بلا کسي شرط کے طلاق ديدے اور معاشرت اور تمدن کي خوبي اور خوشي اور برکت کو اپني تنک مزاجي يا شکر رنجي سے کهو ڈالے اور

Texts of the Coran discouraging divorce.

† پهر اگر وہ تمکو نہ بهاويں تو شايد تمکو نہ بهاوے ايک چيز اور الله رکهے اُس ميں بهت خوبي —

والمعني فان کرهتموهن فلا تفارقوهن بکراهۃ النفس، وجدها ربما کرهت النفس ما هو اصلح في الدين و اولى الى الخير واجب ما هو بعد ذلک ولکن النظر في اسباب الصلح والنصائح قوله فعسى ان تکرهوا جزاً للشرط لان المعني فان کرهتموهن فاصبروا عليهن مع الکراهۃ فلعل لکم فيما تکرهون خيراً کثيرا ايس فيما تهوونه — مدارک التنزيل نسفي

‡ اُس کو خبر نهيں شايد ايسا نکالے الله اُسکے پيچهے کوئي کام —

پرباد کردے — ميں يہاں پر چند اشارے کلام مجيد سے طلاق کي ممانعت پر نقل کرتا هوں *

۱ " و عاشروا هن بالمعروف فان کرهتموهن فعسى ان تکرهوا شيئاً و يجعل الله فيه خيراً کثيرا " [نسا ۳ ع]

يعني گزران کرو عورتوں کے ساتهہ اخلاق سے پهر اگر تمکو وہ بري معلوم هوں تو [اس پر صبر کرو اور اُن کو جدا نہ کرو] شايد تمکو نہ پسند آوے کوئي چيز مگر خدا نے اسي ميں اصلاح اور خير اور برکت رکهي هو — ديکهو تفسير مدارک مندرجہ دفعہ سابق *

۲ " و بعولتهن احق بردهن في ذالک ان ارادوا اصلاحاً " [بقر ۲۸ ع]

يعني عدت کے زمانہ ميں اُن کے خاوندوں کا حق هي اُن کا پهير لينا اگر چاهے صلح کرني — اس ميں ترغيب هي اس پر کہ ملے رهنے ميں اصلاح هي اور الگ هو جانے ميں فساد *

۳ " لا يحل لکم ان تاخذوا مما اتيتموهن شيئاً " الاية [بقر ۲۹ ع]

يعني تمکو حلال نهيں کہ لے اور کچهہ اپنا ديا هوا عورتوں کو الخ اِس کو ملاؤ اُس آيت سے جهاں مهر کو قنطار کے لفظ سے تعبير کيا هي يعني ڈهيروں پلا تعداد پس اس ميں بهي مصلحت هي کہ جب زر مهر سے کچهہ بهي لے لينا حرام ٹهرا اور ادهر مهر کي کوئي حد نهيں رکهي تو يہہ اسي ممانعت طلاق کا بندوبست هي *

۴ " فان طلقها فلا تحل له حتى تنکح زوجاً غيرہ فان طلقها فلا جناح عليهما ان يتراجعا " — يعني اگر کوئي تيسري بار بهي طلاق ديدے تو پهر وہ اس پر حلال نهيں هوسکتي مگر اس صورت ميں کہ وہ عورت کسي اور سے نکاح کرلے اور پهر شايد وهاں سے ايسي هي نا تفاقي هوکر طلاق تک نوبت آوے تب هوسکتا هي اس ميں هميشہ حرام هو جانے کي دهمکي اسي ممانعت طلاق کي تدبير هي — اور جب ايسي ايسي تحريزيں اور تدبيريں منع طلاق کي هيں تو درپے کيونکہ سے طلاق کيوں هونے لگي تهي *

۵ زيد نے اپني بي بي کو طلاق دينا چاها جناب پيغمبر صلي الله عليہ وسلم نے قطعاً منع فرمايا " وامسک عليک زوجک واتق الله " — [احزاب ۲۲ ج]

۶ " والصلح خير " (نسا ۱۹ ع) يعني عورت اور مرد ميں باهم صلح کرلينا خوب چيز هي *

۷ " لا تدري لعل الله يحدث بعد ذالک امرا " (طلاق).

يعني کيا معلوم هي کہ خدا اس کے بعد نيا کام نکالے يعني آپس ميں صلح کي توفيق اور ترک ارادہ طلاق کي سبيل کرے *

۱۸ قران ميں هو هي تين موقع طلاق کے جايز هو سکنے کے پائے جاتے هيں اور وہ صورتيں وهي هيں جو اصلي اور قدرتي عقد کي غرض اور نکاح کے مقصود کے خلاف هيں اور ايسي صورتوں ميں طلاق کو جايز رکھنا ميں حکمت اور مصلحت هي —

Divorce permitted not to gratify the levity, caprice or profligacy of either party—but only in the case of unfaithfulness of nuptial vow.

۱ ايک صورت طلاق کو بے الزام جايز رکھنے کي يہہ هي کہ عقد کے بعد اور خلوت هونے سے پيشتر طلاق ديدي جاوے تو اس ميں کوئي گناہ يا قباحت عقلي نہيں هي کيونکہ يہہ نکاح کوئي لغوي نکاح نہيں هي بلکہ اصطلاحي نکاح هي يعني وہ ايک معاملہ هي قول و قرار کا اور اس سے وہ غرض جو فطرت الهي ميں خلق ازواج سے هي حاصل نہيں هوئي هي *

' لاجناح عليکم ان طلقتم النساء مالم تمسوهن ' — (بقر ۲۱ ع)

يعني اگر عورتوں کو جن سے عقد هوا هو هاتهہ لگانے سے پہلے طلاق ديدو تو کچهہ مضايقہ نہيں هي — الخ — ايسے هي احزاب کي ۴۱ آيت ۶ ع ايسے اصطلاحي نکاح ميں بهي عورت کے ليئے بڑي رعايت اور احسان کيا هي يعني جب ايسي صورت ميں مهر نہ مقرر هوا هو تو دستور کے موافق اُس کو خرچ دينا چاهيئے اور اگر مهر مقرر هو چکا هو تو نصف مهر دينا چاهيئے اس قدر تو ضروري هي الا عورت سب چهوڑ دے يا مرد سب ديدے تو اور بهي بهتر هي — (ديکهو اُسي آيت کے بعد کي آيتيں) *

۲ دوسري صورت امکان طلاق کي يہہ هي کہ عورت زنا کرے چونکہ خدا نے نکاح کو تحصين کا ذريعہ بنايا هي اور هر جگهہ محصنين غير مسافحين اور ولا متخذي اخدان کے لفظ فرمائے هيں † تو جب اس کے خلاف کوئي فعل هوگا وہ فطرت الهي وضع ربائي اور شرع اسلامي کے خلاف هوگا — ‡ ' ولا تعضلوهن لتذهبوا ببعض ما اتيتموهن الا ان يا تين بفاحشة مبينة ' — (نسا ۳ ع) يعني جايز نہيں کہ تم اپني بيبيوں کو بند کر رکهو تاکہ اُن سے کچهہ مهر ميں سے چهوڑ والو مگر اس حالت ميں کہ جب وہ صريح بے حيائي کا کام کريں — من الحسن الفاحشة الزنا فان فعلت حل لزوج ان يسالہ الخلع (مدارک) يعني حسن کہتا هي کہ فاحشہ سے مراد زنا هي اور جب عورت زنا کرے تو مرد کو جايز هي کہ اُس سے خلع چاهے — اور يهي مضمون سورۂ طلاق کي پہلي آيت ميں بهي هي " ولا تخرجوهن من بيوتهن ولا يخرجن الا ان يا تين بفاحشة مبينة " — يعني مت نکالو ان کے گهروں سے اور وہ بهي نہ نکليں مگر جو کريں صريح بيحيائي *

۳ تيسري صورت امکان اور جواز طلاق کي مگر نہ خواہ مخواہ طلاق کي يہہ هي کہ نشوز اور ايذا اور بدخلقي مداومت نفاق سوءالعشرة اور فساد منزل کي صورتيں پيش آويں اِس کا علاج طلاق هي نہيں بلکہ اس کي تدارک اس طرح پر چاهيئے *

(ا) " واللتي تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن في المضاجع و اضربوهن فان اطعنکم فلا تبغوا عليهن سبيلا " (نساء ۶)

يعني جن عورتوں کي بد خوئي کا تمکو ڈر هو تو اُن کو سمجهاؤ اور جدا کرو سونے ميں اور اگر اسپر بهي نہ مانيں تو مارو (آهستہ سے تاديبا) پس اگر مان جاويں تو اوپر الزام نہ تلاش کرو (يعني طلاق نہ دو) *

(ب) " و ان خفتم شقاق بينهما فابعثوا حکما من اهله و حکما من اهلها ان يريدا اصلاحا يوفق الله " *

يعني اگر تم ڈرو کہ وہ دونوں آپسميں ضد رکهتے هيں تو بهيجا کرو ايک منصف مردوالوں ميں سے اور ايک منصف عورت والوں ميں سے اگر يہہ دونوں [منصف] چاهينگے صلح تو خدا ملاپ کرديگا ان ميں *

(ج) " و ان امراة خافت من بعلها نشوزا او اعراضا فلا جناح عليهما ان يصلحا بينهما صلحا والصلح خير واحضرت الانفس الشح و ان تحسنوا و تتقوا فان الله کان بما تعملون خبيرا " [نساء ۱۹ ع]

يعني اگر کوئي عورت ڈرے اپنے خاوند کے لڑنے سے يا جي پهر جانے سے تو وہ دونوں آپسميں صلح کرليں اور صلح خوب چيز هي اور جيؤں کے آگے دهري هي حرص اور اگر تم نيکي کرو ان عورتوں سے [اس طرح پر کہ گو وہ تمهيں ناگوار هوں مگر تم صبر کيئے رهو اور اُن کي صحبت کي رعايت کرو] اور بچو [لڑنے سے اور جي پهر جانے سے] تو خدا کو تمهارے سب کاموں کي خبر هي *

بعض اهل علم نے لکها هي کہ مسيح عليہ السلام نے صرف حرامکاري کي صورت ميں طلاق جائز رکهي هي مگر جس لفظ کا ترجمہ حرامکاري کيا جاتا هي وہ نہ صرف زنا هي کے واسطے هي بلکہ اس سے نشوز اور بيوفائي اور غدر جو عورت کي طرف سے هو مراد هي چنانچہ سلٹن اور ملٹن نے رسالہ اگزوز ميريہ اور اعتقادات ميسريہ ميں بہت سي اسناد ربانيان يهود کے معاورے اور کتب مقدسہ کے حوالوں سے ثابت کيا هي *

۱۹ جبکہ مرد اور عورت ميں جو ايک بڑي مضبوط زنجير اور پکے عہد سے باندهي گئي اور فطرت الهي کے قانون کے محکوم هيں کوئي

† نسا ۴ ع (مکرر) اور مائدہ ۱ ع —

‡ اس کے پہلے کرهاً پر وقف موجود هي اور يہہ جملہ مستانف اور جديد هي

وجہہ شدید اور باعث قوی تہ ہو سکنے یا فرض اصلی کے تہ حاصل ہو سکنے کا ہو تو نا اتفاقی شدید اور بے لطفی نا قابلہ برداشت کی حالت میں یا زوج کے ترش مزاج یا تارک طبع ہونے کی صورت میں اس عہد موثق اور عقد دائمی کا ایسی آسانی سے دفعتاً اور بغتة ٹوٹ جانے کا حکم نہیں دیا بلکہ علاوہ ان تدابیروں اور تدبیروں کے جن کا بیان پچھلی دفعہ میں مفصل گذرا جب ہٹاجاری و ہمیشہ ہی ارادہ طلاق اور قصد مفارقت کی ثابت آ جاوے تب بھی ایک مدت دراز کی مہلت فکر اور غور کرنے کو دی گئی اور اس عرصہ میں بھی کئی ایک تدبیریں صلح کی قایم کردیں *

۱ "یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْھُنَّ لِعِدَّتِھِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللّٰہَ" † [سورۂ طلاق ۱] عدت کے مقرر ہونے میں ایک خاص اور بڑی مصلحت یہی ہی کہ باہم صلح ہو جاوے اور بعولتہن احق بردھن فی ذالک کا بیان اسی پچھلی دفعہ میں گذرا *

۲ پھر اس عدت میں عورت کو اپنے گھر سے نہ جانے دینا چاہیئے اور نہ وہ عورت خود جاوے الا یہہ کہ زنا کی مرتکب ہو *

لا تخرجوا ھن من بیوتھن و لا یخرجن الا ان یاتین بفاحشة مبینة — [طلاق]

۳ پھر جہاں مرد خود رہے وہیں عدت والی عورت کو بھی جگہہ دے *

"واسکنوھن من حیث سکنتم من وجدکم ولاتضاروھن لتضیقوا علیھن" — (طلاق)

یہہ سب تدبیریں اس مصلحت سے ہیں کہ اُن کے باہم سے رنجش دور ہو اور باہم رغبت کریں — اور ہو کوئی نا عاقبت اندیش ذرا سی سرد مزاجی یا اختلاف پر طلاق نہ دے بیٹھے *

۴ بالکل سورۂ طلاق میں یہہ بھی ہی کہ عدت پوری ہو جانے کے بعد یہہ کچھہ ضرور نہیں ہی کہ طلاق ہی دی جاوے اور مفارقت ہی اختیار کی جاوے بلکہ یہہ حکم ہی *

"فاذا بلغن اجلھن فامسکوھن بمعروف او فارقوا ھن بمعروف" —

یعنی جب وہ پھوپچھیں اپنے وعدہ کو تو یا رکھہ لو دستور سے یا جانے دو دستور سے *

۲۰ اکثر مخالفوں نے قران میں طلاق کے احکام مکرر دیکھہ کر سمجھا کہ صاحب قران کی نظر میں یہہ ایک ہلکی سی بات ہی اور عدم مبالات کی نظر سے دیکھہ کر سمجھتے ہیں کہ قران نے عموماً طلاق کے جواز سے حسن معاشرت کی خوابی تدبیر منزل کا نساد اور باہم

† جب تم طلاق دو عورتوں کو تو طلاق دو اُن کی عدت پر اور گنتے رہو عدت اور ڈرو اللہ سے —

آسایش کی گزران میں بد نظمی اور ترتیب اولاد میں ابتری روا رکھی مگر اُن لوگوں نے ان حکموں میں کبھی غور سے نظر نہیں کی کسی نقیہہ سے احکام پوچھہ لیئے یا احکام قرانی کو اُس کی راے پر حمل کرلیا اور ظاہر ہی کہ نقیہہ کا منصب حمایت اسلام و دفع مطاعن نہیں ہی اُس کو ہر ایک صورت اور ضرورت کے احکام جو احکام قرانی اور راے اور قیاس سے نکل سکیں بتا دینے سے کام — البتہ متکلمین اسلام کا یہہ کام ہی *

طلاق کو ایسے ناگزیر اور سخت موقع پر جس کا ہمنے بیان کیا ہی جایز رکھنا انسان کے حق میں بڑی بہبودی اور احسان کا کام ہی ایسے ازدواج سے جس میں دونوں کی زندگی حرام اور عیش تلخ ہو مخلصی دلانا عین حکمت ہی — جو لوگ طلاق کے باب میں بہت سخت ہیں وہ بھی دو ایک صورت طلاق کی جایز رکھتے ہیں پھر جب کسی ضرورت شدید سے اُس کا جواز ماننا پڑا تو پھر اُس کے احکام قلم بند نہ کرنے بے معنی ہیں اور نہ اُن احکام کے بیان سے طلاق کی اباحت ایسی بے پروائی آزادی اور مطلق العنانی سے ثابت ہوسکتی ہی اگر ایام جاہلیت کی رسوم ازدواج و طلاق کو دیکھا جاوے تو ثابت ہووے کہ جملہ احکام طلاق ان بد رسموں کی اصلاح اور تہذیب میں صادر ہوئے ہیں جن کی حوکتیں بہایم اور درندوں کی مانند تھیں یا ان شدید التعصب کے وہم باطل کی پرستش کے لیئے تھے جو وقوع زنا پر بھی طلاق کو جایز نہ سمجھتے تھے پس ان سب افراط اور تفریط پر نظر کرکے اُس کی قباحتیں روکی گئیں اور برائیاں دفع کی گئیں نہ نہ از سر نو اجازت دی گئی ہو یا ابتداً جاری کیا ہو *

۲۱ اب ہم پھر اُن احسانات اسلام کا بیان کرتے ہیں جو بنی نوع انسان پر مبذول فرمائے گئے *

Beneficial ordinances in the favor of female sex.

ایام جاہلیت میں طلاق کے حیلہ سے بہت ظلم کیا کرتے تھے مثلاً عورتوں کو حبس میں کر رکھتے تھے یا معلق چھوڑ دیتے تھے تاکہ وہ زر مہر میں سے کچھہ چھوڑ دیں یا طلاق کے بعد بھی اُن کو اس فرض سے روک رکھتے تھے کہ کسی اور سے نکاح نہ کریں تاکہ زوج سابق کی ذات ٹھہر مگر قران نے ان سب باتوں کو منع کیا اور زن مطلقہ سے کچھہ واپس لینا کیسا اولٹا اسے کچھہ دینا واجب ٹھہرایا *

۱ " ولا تمسکوا ھن ضرارا لتعتدوا و من یفعل ذلک فقد ظلم نفسہ " یعنی عورتوں کو بند نہ کرو ستانے کے لیئے اور جو کوئی ایسا کرے اُسنے اپنے حق میں برا کیا *

(پھر ۲۶ ع)

۲ " فاذا طلقتموهن فبلغن اجلهن فلاتعضلوهن ان ينكحن ازواجهن اذا تراضوا بينهم بالمعروف " يعني جب طلاق دي تمنے عورتوں کو اور وہ پہونچ چکيں مدت کو تو اب نہ روکو انکو کہ نکاح کرليں اپنے خاوندوں سے جب راضي ہوجاويں موافق دستور کے * (ايضاً ۳۰ ع)

۳ اس ميں اسبات کا بھي اشارہ نکلتا ہی کہ عورت کے سيکے کے لوگ اُسکو بعد مدت اپنے شوہر سے پھر ملجانے کو نہ روکيں *

۴ " وللمطلقات متاع بالمعروف حقا علي المتقين " - (بقر ۳۰ ع)

۵ اگر طلاق پانے والي عورت پيٹ سے بھي ہو تو جب تک وہ بچہ نہ جنے اسکو کھانا کپڑا اپني حيثيت کے موافق دينا ضرور ہی اور اگر بچے کو دودہ بھي دھي پلاوے تو پھر اس کي اجرت جداگانہ *

۶ " وان كن اولات حمل فانفقوا عليهن حتى يضعن حملهن فان ارضعن لكم فاتوهن اجورهن " * (طلاق)

يعني اگر وہ عورتيں پيٹ سے ہوں تو اُنکو نفقہ دو جب تک بچا ہو اور اگر دودہ پلاويں تمہاري خاطر تو اُنکو دو انکا نيگ *

۲۲ بيووں کے نکاح اور لونڈي اور غلاموں کے نکاح کا عام حکم عرب کي رسم کے خلاف اور رومن کيتھلک کے علي الرغم جاري کيا چنانچہ فرماتا ہی

(Objections refuted.)

" وانكحوا الايامى منكم والصالحين من عبادكم وامائكم - ان يكونوا فقراء يغنهم الله من فضله " † * (نور ۴ ع)

اس آيت کا آخري فقرہ کہ اگر وہ لونڈي اور غلام محتاج ہونگے تو خدا اُن کو اپنے فضل سے مالدار کرديگا اس پر دليل ہی کہ غلام بھي اپنے مال کے مالک ہوتے ہيں اگلے زمانہ ميں اور اب بھي غلاموں کي يہہ خرابي ہی کہ وہ آپ کسي جائداد کے مالک نہيں تصور کيئے جاتے اور اسي وجہہ سے غلاموں کے مالک اُن کو ازدواج سے بھي محروم رکھتے تھے *

اہل عرب اپنے باپ کي جوروؤں کے نکاح ميں مضايقہ کرتے تھے اس طرح کہ وارث خاندان اپني سوتيلي ماؤں کو روک رکھتا تھا تاکہ وہ دوسري شادي نہ کريں اور عيسائيوں ميں ايک قسم ايسي عورتوں کي تھي جو تمام عمر بے شوہر رہتي تھيں اور ايک فرقہ ايسے مردوں کا تھا جو مذہبي اُمور کي پابندي سے تمام عمر نکاح نہيں کرتے تھے - اور يورپ اور کونسل کے فتوى اس باب ميں بہت سي تباہيوں کے باعث ہوئے اور اُن کي بنا نہ صرف پوپ کي بدعات اور رسوم پر تھي بلکہ پولوس مقدس کي راے کا رجحان بھي بارجوہ طمطاؤس [illegible] کے اسي طرف تھا ديکھو اول کرنتھيوں باب ۷ ورس ۸ و ۲۶ و ۳۷ و ۳۸ و ۴۰ *

اور جو جو قباحتيں ان بد رسموں کے پيدا ہونے ميں اور جو جو نامعقول کليسا ميں بڑے بڑے عہدے پانے والوں کے تجرہ کے ليئے مقرر ہوئے اُن کي ايک بڑي تاريخ ہی - عيسوي مشايخ ميں سے جيروم [سنہ ۴۲۰] اور امبروس [سنہ ۳۹۷] اور دوماسي اسقفوں ميں سے داما سيوس [سنہ ۳۸۴] اور سري سيوس [سنہ ۳۹۹] اس کے بڑے حامي تھے اور سنہ ۳۰۵ ع کي کونسل البيريس ميں ہر بشپ اور ڈيکن اور پادريوں کو تجرد کا عام حکم ملا اور تولےدو کي کونسل سنہ ۵۸۹ ميں يہہ حکم نکلا کہ کلوجي (پادري ؟) کسي عورت سے مشتبہ پايا جاوے تو قاضي اس عورت کو بيچ ڈالے اور اُس کي قيمت مسکينوں کے صرف ميں لاوے - اسقف جرجيس اکبر تجرد کے مسئلہ کا بڑا حامي تھا اور ايک نقل مشہور ہی کہ جب اُس نے اپنا قالب صاف کرايا تو اُس ميں چھہ ہزار بچوں کي کھوپڑياں نکليں - يہہ نتيجہ اُس قانون کا تھا جسميں اُسنے ديني عہدہ داروں کو مخالفت سے ممانعت کي تھي - اس نتيجہ ميں جو جو خرابياں ہوئيں اُن ميں سے ايک يہہ بھي ہی کہ پادريوں کے لڑکے جو باوجود اس تجرد کے ہوئے بغير نہيں رہتے تھے کالعدم قرار ديئے گئے اور بيوانتاک ۸ نے کونسل پنوپيا سنہ ۱۰۲۲ ميں اُن لڑکوں کو کالعدم قرار دے کے ہميشہ کي غلامي ميں ديديا - اور شہنشاہ ہنري ۲ نے ان احکام کي تعميل ميں سياست بھي ہمرديف کردي - آخرالامر سينکڑوں برس کے بعد ان خرابيوں کي اصلاح شروع ہوئي - اور لوتھر کو سب سے اول تو نہيں مگر وہ بھي منجملہ مفکرين مسئلہ تجرد تھے اور سنہ ۱۶۲۵ ميں کونسل ديں پررا سے جو دائمي تجرد کي نفر کرچکے تھے مگر پھر اس سے پھر گئے تھے نکاح کيا — قران ميں اس وہانيت کي اصلاح ان لوتھر وغيرہ لوگوں سے صدہا سال پيشتر ہوچکي تھي — اور جو ٹھيک ٹھيک اسکي منشاء اور کيفيت تھي اسپر اشارہ ہوا ہی *

" ورهبانية ابتدعوها ما كتبناها عليهم الا ابتغاء رضوان الله فما رعوها حق رعايتها " [حديد ۴ ع]

يعني عيسائيوں نے دنيا چھوڑنا نيا نکالا ہمنے انپر واجب نہيں کيا تھا يہہ اُنھوں نے خدا کي رضامندي کے ليئے نکالا مگر جيسے نباہنا چاہيئے تھا نہ نباہا —

اور لوتھريانيہ في اسلام بارہا سر پر ہے مشہور ہی *

† اور بياہ دو رانڈوں کو جو تم ميں ہوں اور جو نيک ہوں تمہارے غلام اور لونڈياں اگر وہ ہونگے مفلس اللہ اُن کو غني کريگا اپنے فضل سے —

۲۳ اس مقام پر چند اعتراضات متعلق مسائل نکاح و طلاق نقل کرکے اُن کا جواب لکھنا بہت ضرور ہی گو میں دیکھتا ہوں کہ مضمون طول ہوا جاتا ہی — مگر ان اعتراضوں سے (Objections refuted.)

یہہ فائدہ ہی کہ عوام ملاؤں کي آنکھیں کھلیں اور جواب سے یہہ فائدہ ہی کہ اسلام یا قرآن پر سے پیچیدا تہمتیں دفع ہوں اور اُس کے احکام کي خوبیاں ظاہر ہوں اور نیز جو کچھہ خالص احکام قرآن اور رسوم باطلہ میں فرق ہی وہ بھي عیاں ہو جاوے *

اعتراض	جواب
عورتوں کي تعداد کي کوئي حد مقرر نہیں ہی اُس سے ہر کوئي مسلمان بالحاظ اپني چار عورتوں کے اور بغیر کسي رسم ماقبل یا ضمائم ما بعد تصرف کرسکتا ہی اور لونڈیاں بنانے کي رسم اس نامحدود اجازت کے لیئے ایک ضروري شرط ہی اور کوئي مسلمان اپنے دل سے یا خوشي سے اس کے پند ہونے پر راضي نہوگا *	ہمنے اپني تیرہویں دفعہ میں بیان کیا ہی کہ قرآن مجید کے لفظ نساء میں آزاد اور غیر آزاد دونوں داخل ہیں پس ۴ کے عدد سے معدود ہیں — اور یہہ بھي وہیں بیان ہو چکا ہی کہ لونڈیوں سے نکاح اُس صورت میں تھا جب کہ آزاد سے نکاح کا مقدور نہو پس جب کہ ایک کا وجود دوسري کي نفي پر موقوف ہی تو دونوں کے جمع کرنے کي کوئي

عورت نہیں — اور ہمنے بعض فقہا کے قول کي طرف بھي اشارہ کیا ہی اذا کان تحتہ حرة لم یجزلہ نکاح الامة [ابو حنیفة امام — تفسیر کبیر] پس یہہ اعتراض قرآن پر پیچیدا ہی — اور بغیر کسي رسم کے اُن کا تصرف بھي میں تسلیم نہیں کرتا کیونکہ فانکحوھن باذن اھلھن میں صاف نکاح کا حکم ہی اور پھر دوسرا فقرا محصنات غیر مسافحات † اور ولا متخذي اخدان اور بھي عورتیں مداومت کي ہیں — اور ضمائم کے واسطے مہر کا تعین کنیزوں سے زیادہ ہی ہی جیسا کہ ازاد سے و آتوھن اجورھن بالمعروف اور دیدو اُنکو مہر موافق دستور کے [نساء ۴ ع] اور یہہ بات کہ مسلمان کبھي اس رسم ملک یمین کے بند ہونے پر راضي نہونگے اس کا جواب فقہا کے ذمہ ہی *

† یعني وہ لونڈیاں قید میں آتیاں نہ مستي نکالیں اور نہ چوري باز کرتیاں —

۲ اعتراض

یہہ اکثر کہا جاتا ہی کہ اسلام نے عورتوں کي حالت میں تہذیب اور اصلاح کي مگر میں سمجھتا ہوں کہ اسلام نے ازدواج کي صورت میں بہ نسبت زمانہ جاہلیت کے عورت کي حالت زیادہ تر ذلیل اور پست کردي ہی البتہ ایک امر خاص میں تو یعني بیٹي کا اپنے باپ کي جیزوں کا وارث ہونا اس میں تو اسلام نے عورت کو ایک سخت اور شدید عذاب حالت سے چھوڑایا ہی اور کوئي ازاد عورت شریعت اسلام کي رو سے اپني مرضي کے خلاف نکاح کرنے پر مجبور نہیں ہوسکتي — مگر ازدواج کي صورت میں جو حیثیت عورتوں کي اسلام نے قرار دي ہی وہ ایک ایسي ذمیني اور ذلیل مفارق ہی جو اپنے شوہر کي خدمت کے لیئے مفارق کي گئي ہی اور بغیر ایک گھنٹہ کے پیشتر سے خبر دینے کے نکل دیجاتي ہی اور خاوند کو ایسا اختیار مطلقا فورا بے غور و تامل طلاق دینے کا دیا ہی مگر عورت کے لیئے کوئي رعایت اس قسم کي نہیں رکھي وہ تو اپني مرضي کے خلاف اور معمل ہمیشہ اپنے خاوند کي لونڈي بني ہوئي اور معلق رہتي ہی — جب کہ درحقیقت طلاق ہوجاوے تو وہ اپنے مہر کا دعوي کرسکتي ہی

جواب

شریعت اسلام کے اصلاحوں کي خوبي اور خصوصاً منزلي تدبیروں کا حسن تب ہي خوب معلوم ہوتا ہی جب جاہلیت کي رسوم اور اداب نکاح اور ملکوں کے بلکہ بلاد فرنگ کي اب تک کي رسوم ازدواج کو بلا سبق ظن اور تعصب قرآن کے احکام سے مقابلہ کیا جاوے *

جو باتیں معترض نے منکوحہ عورتوں کے حق میں قرآن سے منسوب کي ہیں وہ بےبنیاد ہیں ہم پہلے ثابت کرچکے ہیں کہ قرآن نے ازواج کي پیدایش مردوں کي تسکین اور محبت اور راحت کے واسطے کي ہی † اور پھر اُنکو باہم ایک دوسرے کے لباس سے تشبیہ دي ہی ‡ اور اس میں اُنکے مزیز اور گواہي اور بالکل محتاج الیہا ہونے پر اشارہ کیا ہی اور اُن سے نیک طریق پر معاشرت کرنے اور صلح قایم رکھنے کي مکرر وصیت فرمائي § ہی اور اُنکے حقوق کو آزادي اور اختیار اور جملہ تصرفات میں مردوں کے مساوي قرار دیا ہی || اور جہانتک نیچر اور عرف نے اجازت دي ہی جیسے عورتوں پر حق ہی ویسا ہي اُنکا بھي حق ہی ¶

اور تعجب ہی کہ معترض نے طلاق کو ایسا سمجھا کہ بغیر ایک گھنٹے کي نوٹس کے بھي

† سورہ روم ۳ ع
‡ سورہ بقر ۱۸۲ آیت
§ نساء ۵ ع
|| بقر ۲۸ ع
¶ نساء ۳ ع

کو اس بات کا علم کہ عورت ایسا معاملا اور فورا مؤثر هوجاتي هي يا کوتہ انديشي اور غصہ کي حالت ميں فورا نافذ هوجاتي هي حالانکہ جو وجوہ اور اسباب نکاح کے قران ميں لکھے هيں وہ خود هي مانع طلاق هيں اور پھر صورت ذيل اور واقع لا علاج جو باعث فساد منزل اور موجب انفکاک نظم هو اس ميں سے ايک يا دو مرتبہ کي طلاق کو کافي نہيں سمجھا بلکہ ايک بڑي مدت فکر اور تامل کے واسطے مقرر فرمائي اور اُس ميں صلح کي ترغيب دي اور پھر مدت اور رجعت اور تيسرے مرتبہ ميں اسبات کي تعريف نہ کي طلقها فلا تحل لہ حتي تنکح زوجا غيرہ سب تدبيريں طلاق کے حفظ اور ضبط کے واسطے هيں — اور مرد کي راے بدل جانے کا تدارک طلاق نہيں قرار ديا بلکہ جھگڑے اور ناخوشي کے رفع دفع کرنے کي تدبيريں آخر هيں جو ۱۸ دفعہ کي ۳ ضمن ميں بيان هوئي هيں *

اور يہہ بھي عجب هي کہ معترض نے اس بات سے انکار کيا کہ گويا طلاق کا عورت کو اختيار نہيں ديا گيا حالانکہ فلا جناح عليهما فيما افتدت بہ ميں صاف مسئلہ خلع کا بيان هي *

اور جو عورت کے معاق رهنے يا عموماً معروض عليها هونے ميں لکھتے هيں وہ بھي خلاف تصريحات قراني هي کيونکہ هر جگہہ حسن معاشرت پر تاکيد هي فعاشروهن بالمعروف (۴ ع ۱۴) اور بالتخصيص اسي مقدمہ ميں يہہ بھي فرمايا فلا تميلوا کل الميل فتذروها کالمعلقة اور يہہ بھي عجب هي کہ اونڈيوں کے حق ميں ادا مہر کي شرط نہيں حالانکہ واتوهن اجورهن بالمعروف (۵ ع ۴) هر قوني قران ميں پڑھ سکتا هي *

اور نشوز کي حالت ميں کمال حکمت اور مصلحت هي پہلے نصيحت کرنا اور اگر اس سے اصلاح نہ هوسکے تو هجرت في المضاجع اور جب يہہ تدبير بھي فساد منزلي کي اصلاح کو کافي نہ هو تو پٹاچاري اور مصلحتا تاديب بھي مناسب هي اور يہہ سب صورتيں طلاق کي تدبير سے بہت هي نرم اور کم هيں کہ خوردہ گيري کے لايق *

پس ايسا مارنا جس کي تفسير ضرب غير مبرح سے کي گئي هي اور گويا طلاق کا بدل هي عورتوں کي حالت کو نقصان اور مضرت نہيں پہونچا سکتا اور اور جگہہ قران ميں عورتوں کو ضرر پہونچانے کي صاف ممانعت هي چنانچہ —

ولا تمسکوهن ضرارا لتعتدوا (بقر ۳۹ ع)
والتضاروا هن لتضيقوا عليهن [طلاق]

۳ اعتراض

استبدال زوج يعني ايک عورت کو طلاق دينا اس غرض سے کہ دوسري سے نکاح کريں قران ميں تسليم کيا گيا هي صرف اس شرط سے کہ مہر پورا ادا کيا جاوے پس جبکہ مابہ المضرور اس طرح پر مجہول اور مقہور اور مقيد اور مہجور اور في الفور دفعتا قصہ ميں يا اضطرارا نکالدي جاوے تو يہہ کيونکر کہا جاوے کہ شريعت اسلامي نے عورتوں کے حق ميں بہبودي کي — مجھے اس کہنے ميں کچھہ تامل نہيں کہ زمان جاهليت ميں عورت کو زيادہ آزادي بڑي صحت و تندرستي زيادہ مفت سے اختيار حاصل تھا —

جواب

ان ارد تم استبدال زوج کو ايک حکم ابتدائي اور جواز استبدال کي پروانگي سمجھنا خلاف مراد نظم الهي هي کيونکہ آية کا مقصود يہہ هي کہ طلاق کي حالت ميں زوجہور ميں سے کچھہ بھي لے لينا کسي طرح درست نہيں اور اُس طرح کے واپس لينے کو امر فاحش اور صريح گناہ قرار ديا اور تيز اسے خلاف عہد بھي بتلايا — پس اس آيہ ميں گو ضمنا جواز طلاق کو تسليم کيا مگر مقصود ممانعت طلاق هي کيونکہ جب مہر کامل ادا کرنا اور اس ميں سے کچھہ بھي نہ لينا ايک حکم محکم قرار ديا اور ادهر مہر کي کوئي حد نہيں رکھي بلکہ قنطار کے لفظ سے اس کي تعداد کا بيشمار هونا ظاهر کيا تو ايسي صورت ميں طلاق کے مقدمے بہت هي کم نکلينگے گويا کہ طلاق کو ايک بڑي مشکل شرط پر موقوف رکھا تو اس کا مقصود منع طلاق ٹھہرا نہ کہ جواز اور ايک لطف يہہ هي کہ اردتم کا لفظ فرمايا هي جس سے وقوع طلاق کي تسليم و تجويز نہيں نکلتي — خلاصہ يہہ کہ اس آيہ سے جواز طلاق [اور وہ بھي ناپسنديدہ اور قبيح طريقہ سے] ميں پيش کرنا ايک ناقص شہادت هي — اور اس آيہ کو اس طرح بيان کرنا کہ اس سے طلاق کو ترويج دي ايک بڑي بے باکي هي کيونکہ اس کا مقصد يہہ نہيں کہ تم طلاق ديا کرو بلکہ محل کلام يہہ هي کہ زمہر ميں سے کچھہ نہ ليا کرو — کو ايسا موقع اُسي وقت پيش آويگا جبکہ طلاق هوگي مگر اس حکم کي منشاء ديکھني چاهيئے کہ طلاق کے جواز کو صرف ضمناً تسليم کرليا هي نہ يہہ کہ اس سے اسکو بالاستقلال جايز کيا هو اور اسيليئے اردتم کا لفظ بھي کہا اور محاورات ميں بسا اوقات ايسا بول جاتے هيں کہ نتيجہ ميں گفتگو کرني منظور هوتي هي تو سبب کا ذکر فرض و تسليم کي صورت ميں هوجاتا مگر اس سبب کے جايز يا ناجايز هونے کا ذکر مقصود نہيں هوتا *

اور در حقیقت اس آیت میں اِس مقام مزاج شناعتیں اندیش کی چوپچوری حرکت پر جو گھوڑی میں گھور بنانے اور گھوڑی میں بگاڑنے تنبیہ کردی ہی تاکہ وہ بلا سبب اور بغیر ضرورت محض لذت حاصل کرنے کے لیئے استبدال زوج چاہتا ہو — اس صورت میں یہہ حکم اس ارادہ کا قوی مانع ہوگا — پس ان سب تقریروں کے خلاصہ میں ہم کہتے ہیں کہ زمان جاہلیت کے اداب میں بلکہ یہود اور روس کی رسوم میں بھی عورت کی ذات بہت بدتر کمتر ذلیل تر حالت میں اکثر بے اختیار اور قیدی کی طرح بسر کرتی تھی اور حسن معاشرت کے بہت سے فائدے اور زوجیت کے بہت سے حقوق سے محروم رہتی تھی اور انگلستانی وسویں اپنک اسکے حق میں سخت اور شدید ہیں مگر اسلام کے شارع نے احکام قران میں عورتوں کی حالت کو ایام زوجیت اور بیوگی میں اگلے زمانہ کی حالتوں سے کہیں بڑھکر بہتر اور برتر کردیا — اور عدالت کے حکم اور عاشروھن بالمعروف کی وصیت اتامروا بالمعروف کے فقرے سے اس سے زیادہ خوش حال اور فارغ البال کردینے سے اس اصلی غرض کو جس پر محصنین غیر مسافحین میں اشارہ کیا ہی اس قدرتی تسکین اور باطمی اطمینان کو جو ہوں لباس لکم سے مراد ہی بڑے کامل طور سے پورا کیا *

۴ اعتراض

اور لونڈیوں کے حق میں جو مسلمانوں کی غلامی میں ہوں دشوار ہی کہ اُنکی حالت مذلت سے زیادہ جنس انسان کی اور کوئی حالت قیاس میں آسکے۔ ان سے تو کمتروں مخلوقات کی حیثیت سے سلوک کیا جاتا ہی — قید و بند تو اُن پر ایسی ہی گویا کہ وہ منکوحہ ہیں مگر حقوق زوجیت سے وہ صاف صاف محروم ہیں وہ بالکل اپنے مالکوں کے اختیار میں ہیں صرف ایک صورت مخلصی کی یہہ ہی کہ جب وہ ام ولد کہلاجاوے تو بک نہیں سکتی اور مالک کی وفات پر آزاد ہو جاتی ہی — یہ بھی قران شریف میں نہیں ہی ماریہ قبطیہ کی مثال پر قیاس کیا جاتا ہی *

جواب

لونڈی اور غلام کی کامل آزادی اسلام میں ہوچکی ہی اسکا ذکر آگے آتا ہی مگر یہاں پر اسیقدر کافی ہی کہ اسوقت میں کنیزوں سے تجویز کی تجویز ایک شاذونادر صورت میں ہی اور وہ بھی مصلحت سے خالی نہ تھی یعنی جس شخص کو نکاح آزاد کا مقدور نہو اور بےنکاح رہنے میں زنا کا اندیشہ ہو مگر پا اینہمہ پھر بھی لونڈیوں کے نکاح سے اجتناب ہی بہتر گواہ دیا چنانچہ فرمایا کہ "و ان تصبروا خیر لکم" *

[دیکھو اس مضمون کی ۹ دفعہ]

۵ اعتراض

طلاق کے قاعدوں میں ایک قاعدے کی نسبت بے بولے رہا نہیں جاتا کہ ایک خاوند در مرتبہ طلاق دیدیکر تو پھیر سکتا ہی مگر تیسری مرتبہ کے بعد پھیر نہیں سکتا اور یہہ فعل کیسا ہی ناحق اور مضر ہو اور کیسے ہی غصہ کا نتیجہ ہو اور اس سے کیسا ہی کچھہ نہ اُس بیچارہ عورت کو — نہیں بلکہ اس کے معصوم بچوں کو اثر پہونچتا ہو اور وہ شوہو بھی کیسا ہی کچھہ اس ظلم کی اصلاح چاہتا ہو مگر اب وہ منسوخ ہی نہیں ہوسکتی مگر یہہ کہ وہ طلاق دی ہوئی عورت ایک سخت شرط پر پھر آسکتی ہی کہ پہلے اسکا کسی اور سے نکاح ہو اور یہہ بھی اسے طلاق دیدے (بقر ۲۳۱) *

مسلمانوں کی حیا و غیرت کا اسی پر قیاس کرلیا جاوے کہ مطلقہ بائن کے پھر جایز ہونے کے لیئے ایک مستحصل یعنی عارضی شوہر گویا اُجرت پر رکھہ لیا جاتا ہی اسکی ایک مثل مشہور ہوگئی ہی الف عشق ولا مستحصل *

جواب

طلاق بائن کی جو اخلاقی اور منزلی اور تمدنی قباحتیں بیان ہوئی ہیں وہ احکام قرانی پر عاید نہیں ہوتیں — قران میں پہلے ہی اس کو تہ اندیش تنگ مزاج قانون طبع خفیف‌الحرکت سیکسو مردکے غیظ و غضب اور جوش و خروش اور عدوان کا علاج کردیا ہی اور کئی تدبیروں اسکے روک تھام کی مثلاً عدت کا مقرر ہونا اور ظاہر ہی کہ اتنے عرصہ دراز میں وہ شخص اچھی طرح اپنے ارادہ سے پشیمان ہوکر باز آسکتا ہی اور نیز یہہ کہ مدت عدت تک دونوں ایک ہی جگہہ ایک ہی مکان میں رہیں جو خاص اس غرض سے تھی کہ دونوں میں باہم صلح ہوجاوے — پھر اس عدت کے بعد بھی ضرور نہیں کہ طلاق ہی دیجاوے بلکہ اختیار ہی کہ یا رخصت کریں یا رہنے دیں تو کیا اتنے عرصہ میں اور ان تدبیروں پر بھی تلون مزاج کی دفعتاً غلبہ اور غضب سے باز آنیکا موقع نملیگا اور کیا اب بھی وہ اپنی مجبوری اور بے سببی کا عذر کرسکتا ہی اور کیا اتنی مدت تک اسکی بد خوئی مستمر رہیگی — پس ان تینوں طلاقوں میں (الطلاق مرتان) اے علی‌التفریق دون الجمع ***** فان طلقھا (اے ثالثۃ) (فلا تحل لہ) جو جدا جدا اک عرصہ ممتدہ کے بعد ہوں شریعت نے کوئی عذر اور حیلہ ناگہانی قصد اور فلتۃ ناخوشی کا اُٹھا نہیں رکھا کہ جس سے اب جلد بازی اور تیز مزاجی پر ندامت اور افسوس ہو بلکہ اک اختیاری فعل ہی کہ اُسکا الزام اپنی ہی عقل و تمیز پر ہوسکتا ہی *

اور حلالہ کا حکم بھی اس رسم طلاق کے گھٹانے اور کم کرنے کی غرض سے ہوا ہی اور بے شک اُسکی روائی کسی صاحب غیرت کو اپنے ارادہ

پر جرأت نہ کرنے ديگي يعني کوئي بھي حميت نہ طلاق پاين ديگانہ حلالہ کي رسوائي اُٹھائيگا — اور محلل لہ اور محلل کي شناعت پہلے ہي بيان ہوچکي ہي — ابھي ہم حجة الله البالغہ ميں ديکھتے ہيں لعن رسول الله صلعم المحلل و المحلل لہ *

اور يہہ تو ايک بڑي غلط فہمي ہي کہ گويا شريعت نے اس بے جرم صاحب عفت کي پردہ دري اس رسم سے گوارا کي ہو کيونکہ مستحل صرف اس عورت کو اِس فرض سے کہ وہ اگلے شوہر کو اس حيلہ سے حلال ہوجاوے پہلے ہي سے ارادہ کرکے تھوڑي ديو کے ليئے نکاح کرے تو وہ ہرگز درست نہوگا کيونکہ نکاح ميں تو مداومت اور تحصين اور عدم سفاح اور تعاون في العشرت اور باہم کي تسکين اور اتحاد مواد اور مقصود ہي تو ايسي صورت ميں محلل کا نکاح دايمي ہوگا جب تک کہ کوئي ايسي ہي ناگزير ضرورت طلاق کي جنکا بيان آگے ہوچکا ہي پيش نہ آوے — پس اس عورت کا پاين ہونے کے بعد حلال ہونا اُس مرد کے ليئے سزا ہي کہ اُس نے عہد الہي اور قانون قدرت کي رعايت نکي ضروري شريعت ميں بھي مطلقہ اپنے شوہر پر حرام ہوجاتي تھي مؤبداً [سماوي ۲۴] مگر قرآن کي نظر ميں اتفاق کو ترجيح ہي افتراق پر*

۲۴ حيف ہي اگر اس مقام پر جناب پيغمبر صلعم کي خاص ازواج مطہرات کے احکام نہ بيان کيئے جاويں گو اس تحرير کي وضع سے يہہ بحث خارج ہو *

ہر ايک انسان کي عقل ضرور اس امر کي طلبگار ہوگي کہ معلم قوم اور ہادي انام نے [جس نے ايسي حکمت اور مصلحت کے احکام جاري کيئے اور زمانہ جاہليت کي رسوم قبيحہ اور عادات ضارہ کو روکا اور کم کيا] خود اپنا نمونہ کيسا دکھلايا — اور بالضرور ہر ايک شخص کا وجدان اس پر گواہي ديگا کہ ناصح ملت اور مہذب مذہب خود بھي ايک نمونہ ہونا چاہيئے تمام اخلاق اور حسنات اور خيرات کا تا نہ ہو اُس سے تغرت نہ کريں اور يہي امر اصل ہي مسئلہ عصمت کي *

جناب پيغمبر صلي الله عليہ وسلم کے احکام ازدواج عجب حکمت کے احکام تھے جس سے ہم اب بھي اس بات پر استدلال کر سکتے ہيں کہ کسي متنبي سے ايسے احکام صادر ہونے کي توقع اور احتمال نہيں کيونکہ يہہ احکام بڑي تنگي اور قيد نفس اور حرمان شديد کے ہيں — اوايل سورہ نساء کي آيہ (جس ميں عورتوں کي حد مقرر ہي) نازل ہونے سے پيشتر † جناب پيغمبر صلي الله عليہ وسلم کي نسبت يہہ

† يہہ بات کہ سورہ احزاب پہلے نازل ہوئي نساء سے اُس کے ثبوت ميں يہہ دليليں ہيں [۱] قصيدہ تقريب الحاصل في ترتيب النزول تصنيف برہان الجعبري کا ايک شعر يہہ ہي —

الاحزاب مايدة امتحان والنساء * مع زلزلت ثم الحديد تامة

۲ ابن ضريس نے فضائل القرآن ميں ابن عباس سے روايت کي ہي اس ميں مدني سورتيں اس طرح پر ترتيب دي ہيں ' ثم البقر ثم الانفال ثم آل عمران ثم الاحزاب ثم الممتحنة ثم النسا ء الخ '

۳ بيہقي نے مکرمہ سے روايت کي ہي دلائل النبوة ميں اس ميں مدني سورتوں کي ترتيب اس طرح پر ہي ' ويل للمطففين والبقرة و آل عمران والانفال والاحزاب والمائدة والممتحنة والنساء الخ ' —

‡ اس اظہار تحليل سے يہہ نہيں لازم آتا کہ اب تک جو کچھہ ہوا وہ غير حلال تھا کيونکہ اب تک جو ہوا تھا اُس کي حلت سنت يعني فعل رسول اور انبياء سابقين کے دستور اور قوم کي رسم اور قانون قدرت کي مطابقت سے ہوا تھا اور اب اُسي تحليل کا اظہار ہوا پاين معني کہ ہم حلال کرچکے ہيں ان ان کو مگر آيندہ الخ —

اور ايسي کئي مثاليں مل سکتي ہيں جن ميں نزول حکم متاخر ہي اور عمل متقدم مثلاً آية وضو جو بالاتفاق بعد ہجرت نازل ہوئي مگر اُس کا حکم مکي ہي ايسي ہي آية جمعة جو مدني ہي مگر جمع کي فرضيت مکي ہي ايسے ہي فرضيت زکوة کا حکم بھي متاخر ہي اور اُس کا عمل اوايل ہجرت سے ہي ديکھو اتقان ميں ايک خاص باب اسي بيان ميں ہي متاخر نزولہ عن حکمہ [نوع ۱۲]

اور يہاں تو سب صيغے ماضي کے ہيں اور وہ بھي امر کي صورت ميں نہيں ميں بلکہ خبر کے طور پر ہيں پس يہہ آيت سابق ہي کي حلت ظاہر کرتي ہي — آيندہ کے واسطے کوئي حکم نہيں ديتي —

§ تفسير جلالين ميں مما افاءالله کي تفسير ميں صفية اور جويريہ کا نام لکھا ہي اور يہہ دونوں مشہور ہي کہ آزادي کي حالت ميں نکاح ميں آئيں —

|| بنات عم سے نساء قريش مراد ہيں —

¶ بنات خال سے نساء بني زہرة مراد ہيں —

* '' ان وهبت '' — کوئي ايسي عورت مدينہ ميں آں حضرت صلي الله عليہ وسلم کے پاس نہ تھي — من عيدالله ابن عباس و مجاهد لم يكن عندالنبي امراة وهبت نفسها منه — [معالم التنزيل] اور نہ اس ميں کوئي حکم مستقبل کا ہي — کچھہ ضرور نہيں کہ ان ذرعليہ ہو محتمل ہي کہ '' قد '' کے معني ميں ہو اور تحليل کے واسطے ہو — پس حضرت خديجہ مواہ ہونگي اور نکرہ ممکن ہي کہ تعميم کے ليئے ہو —

+ يعني سورہ فرقان اور موصنرں اور پھر ميں جوکچھہ ازواج کي نسبت احکام اور وصيت ہوئي — اور يہہ سورتيں مقدم ہيں احزاب پر ديکھو قصيدہ تقريب الحاصل في ترتيب النزول اور ابن ضريس کے رسالہ فضايل القرآن ميں ابن عباس کي روايت —

حکم ہوا تھا کہ ازواج موجود (جن کا عدد بعد کي مقرر ہوئي نصاب سے زيادہ تھا) حلال ہيں (تنزيل ميں بھي اُنکي حلت کو ظاہر فرمايا گيا) ‡ اس طرح پر يا ايہاالنبي انا احللنالک ازواجک التي اتيت اجورهن و ماملكت يمينك مما افاء الله عليك § و بنات عمك و بنات عماتك || و بنات خالک و بنات خالاتک التي هاجرن معک ¶ و امراة مومنة ان * وهبت نفسها للنبي ان ارادالنبي ان يستنكحها خالصة لک من دون المومنين † قد علمنا مافرضنا عليهم في ازواجهم

و ما ملکت ايمانهم لکيلايکون عليک حرج ط [احزاب ۳۹] — يعني همنے حلال کيں تجهکو تيري مورتيں [ياهم جايز کرچکے هيں تجهکو تيري مورتيں] جن کے مهر تو دے چکا اور جن کا تو مالک هوچکا في کے ذريعه سے [اب جو مهر دے چکنے کي وجهه سے حلال نهيں اُن کي تفصيل هي] تيري چچا زاد اور پهوپهي کے قبيله کي مورتيں اور ماموں زاد اور خاله کے قبيله کي مورتيں جنهوں نے هجرت کي تيرے ساتهه — اور وه مورت جس نے اپنے آپ کو عرض کيا نبي پر اور نبي نے بهي چاها اُس کو نکاح ميں [مراد خديجه رضي الله عنها] [يهه احکام جن ميں اس وقت موجود مورتوں کے جايز رکهنے کا حکم هي اس طرح پر که عين ان مورتوں کا اور ذات شخصيه اُن مورتوں کي حلال هو چکي اس حيثيت سے که اُن ميں تغير اور تبدل نهو سکے) خاص تيرے هي ليئے (تاکه تو ضبط اور قيد ميں نمونه هو اوروں کو اور تاکه اُس سے ظاهر هو تيري عدم متابعت نفس اور مجبوري احکام الهي کي گو وه خلاف هوں خواهش هاے بشري کے) سواے سب مسلمانوں کے (کيونکه) همکو معلوم هي جو اُن پر حکم هوا هي اُن کي نسبت جو ان کي مورتيں هيں اور اُن کے هاتهه کے مال هيں (مسلمان اونقياں) (وه يهه که اُن کے ليئے ذات معين نهيں اور اُن ميں تغير و تبدل اور کمي بيشي معروف طور پر هو سکتي هي مگر تيرے ليئے خاص اُن مورتوں کي تخصيص هي جن ميں کمي بيشي اور تغير اور تبدل نهيں هو سکتا) تاکه تجهه پر گناه نهو (ان خورده گيروں کي نظر ميں جو محض کثرت پر نظر کر کے طعن کريں که نبي نے متابعت نفس کے ليئے ايسا کيا حالانکه اصل حقيقت اُن کي فهم کے خلاف هي چنانچه بهو فرمايا) مگر —

" لا يحل لک النساء من بعد † ولا ان تبدل بهن من ازواج

† من بعد التسع و هو في حقه کالاربع في حقنا او من بعد الايوم حتي لوماتت واحدلم تجزله نکاح اخري — (بيضاوي)

بعضے لوگوں کو اس آيه ميں بڑي غلط فهمي واقع هوئي هي — يعني اس آيه کو منسوخ بتلاتے هيں مگر قطع نظر اس سے که نسخ توان ميں هوا هي يا نهيں ايک اَور لطف يهه هي که اس کا ناسخ اس سے پهلے هي — ان هذا لشئي عجاب — حالانکه آيات کي ترتيب توقيفي هي اور اُس پر اجماع بهي هي — اور يهه بتواتر ثابت هي که جناب پيغمبر صلي الله عليه وسلم اسي طرح سے قرآن پڑهتے تهے جس طرح اب آيتيں مرتب هيں — پس ممکن نهيں که اُن آيتوں کي ترتيب مين ايسي صريحي تاريخي غلطي هوگئي هو — علامه سيوطي اتقان ميں فرماتے هيں — الاجماع والنصوص المتوادتة علي ان ترتيب الايات توقيفي لاشبهة في ذالک اصالاجماع نقلة غيو واحدة منهم الزر کشي في البرهان و ابو جعفر بن الزبير في مناسباته و عبارته ترتيب الايات في سورها واقع بتوقيفه صلي الله عليه وسلم وامره من غير خلاف في هذا ... المسلمة... — انتهے — اور پهر قاضي ابوبکر (الباقلاني) کا قول

ولوا اعجبک حسنهن الا ما ملکت يمينک " ‡ ط (احزاب ۴۱)

يعني اس وقت سے سب مورتيں تجهه پر حرام هيں اور اسليئے اُن مورتوں کے [جن کا ذکر هوا] بداے اور مورتيں کوئي بهي (ايسي

نقل کيا هي ان الاية ضبطت من النبي صلي الله عليه وسلم ترتيب اے کل سورة و مواضعها و عرفت مواقعها کما ضبط عنه نفس القوان و ذات التلاوة الخ —

علاوه ازيں جس آيت کو اُس کا ناسخ هونا تفسير بيضاوي کمالين اور معالم ميں نقل کيا هي يعني تومجهي من تشمشن و تؤوي اليک من تشاء اس ميں ايک حرف بهي اس پر دلالت نهيں کرتا که ازواج موجودة کے سوا اُن کے غير سے نکاح کيا جاوے — بعض نے اور بهي ترقي کرکے يهه کها هي که اس ۴۱ ايت کي اور بهي پهلے کي يعني ۳۹ آيت اس کي ناسخ هي — لاحول ولا قوة نسخ کيا هوا ايک دعوا هي که پيچها هي نهيں چهوڑتي — بلا دليل اور بغير ضرورت اُلٹي پلٹي باتيں خلاف تحقيق جو جي ميں آتا هي صرف بات کي بيچ پر کهديتے هيں — البته رجما بالغيب ايک قول حضرت عايشه کا نقل کرتے هيں که ما مات رسول الله حتي احل له النساء يهي الفاظ هيں تفسير کشاف و بيضاوي اور صحيح ترمذي کے اور اس سے کوئي حرف زيادة نهيں هي اور يهه سچ هي اس ميں اشاره هي اس پر که جناب پيغمبر صلي الله عليه وسلم کي کثرت ازواج کي حکمت تنزيل ميں ظاهر هو چکي هي پس نسخ کا مذکور تو کهيں خواب و خيال ميں بهي نهيں هي — اب اگر اس پر بهي ثقه ماڻيں اور حضرت عايشه کے قول کو پهينک پهاڑ کر اپنے هي مطلب پر لاويں تو اُس کے معارضه ميں هم انس کا قول پيش کرينگے جو کهتا هي که رسول خدا صلي الله عليه وسلم کے مرتے تک وهي حرمت کا حکم جو لايحل لک النساء من بعد ميں تها قايم رها چنانچه تفسير معالم التنزيل ميں هي قال انس و مات علي التحريم —

تائيد الاسلام مطبوعه سنه ۱۸۷۳ کے ص ۱۰۸ و ۱۰۹ ميں هو روايتيں ترمذي سے اس مطلب کے ليئے نقل هوئي هيں که سوره احزاب کي ۴۱ ايت کے بعد ۳۹ آيت نازل هوئي يهاں زيادة تفصيل کي گنجايش نهيں مگر اس قدر تنبيهه کرني ضرور هي که يهه دونوں روايتيں صحيح نهيں هيں کيونکه وه حسن هيں اور حسن صحيح سے کمتر هي اُس کے راوي درجه عدالت تک نهيں پهونچے گو فاسق بهي نهوں — اور دوسرے يهه که وه روايتيں صرف عبدالحميد بن بهرام کے واسطے سے هيں اور اُس نے عبدالله بن موسي سے روايت کي هي مگر عبد بن حميد کي روايت جو منقول هي وه وه هي جو شهر بن حوشب سے هو چنانچه ابو عيسي ترمذي نے ان روايتوں کے بعد لکها هي سمعت احمد بن الحسن يذکر عن احمد بن حنبل قال لا باس بحديث عبدالحميد بن بهرام عن شهر بن حوشب—انتهے پس وه روايتيں کيهي اس لايق نهوئيں که وه نظم و ترتيب قران کو مختل کرديں يا کسي واهيات اور منکر مضمون کي اُن سے تائيد هوسکے —

‡ ايک مخالف نے يهه اعتراض کيا که گو اس آيت ميں پيغمبر خدا صلي الله عليه وسلم کو ازواج کي اجازت نه هوئي مگر ملک يمين

حالت میں کہ اُن میں سے کوئي مر جاوے یا طلاق دیوے) حرام ہوئیں گو اوروں کي صورت پسند بھي ہو [تب بھي تجھکو یہہ سخت قید اور بند اور مشتہیات نفس کے خلاف بلکہ میلان قلب کے بھي خلاف حکم دیا گیا جس میں ثبي کا ضبط اور سایر مسلمین سے عفت اور مخالفت نفس میں استقلال اور پرتري ظاہر ہو اور یہہ بھي معلوم ہو جاوے کہ کوئي جھوٹا آدمي ایسے احکام اپني غرض کے خلاف صادر نہیں کرسکتا] مگر یہہ حرمت اُن عورتوں سے متعلق نہیں ہی جو تیري ملک نکاح میں آ چکي ہیں [کیونکہ پہلے سے فعل ثبي اور عطاے مہر سے نکاح میں بطور معروف آ چکي اور پچھلي آیت میں ان کي تحلیل بھي ظاہر ہو چکي ہی] *

پس اب اس بیان سے ظاہر و ثابت ہوتا ہی کہ اِس پہلي ایت میں [احزاب ۵۹ آیت] نہ تو کسي نئي بات کي ایجاد ہی اور نہ کسي امر غیر موجودہ کے پیدا ہونے کا حکم اور نہ آیندہ کو کسي نئي بات کا استحقاق ہی اور نہ کوئي مفید مطلب پروانگي ہی اور جو کچھہ تخصیص من دون المومنین ہی وہ ممانعت اور قید کي صورت ہی نہ کہ آزادي اور بے قیدي کي کیونکہ حرام مسلمین کے لیئے صرف عدد کا تعین تھا نہ کہ منکوحات کا اور ممکن ہی کہ موت یاطلاق کي ضرورت میں ہمیشہ ادل بدل ہوتا رہے مگر جناب پیغمبر صلعم کي نسبت

تخصیص تھي منکوحات کي کہ نہ تو ان عورتوں سے زیادہ کوئي اور نکاح کرسکتے تھے اور نہ اُن کے بدلے میں نکاح کرسکتے تھے — پس ظاہر ہی کہ جناب پیغمبر کو نکاح کے باب میں اَوْر مسلمانوں کي بہ نسبت زیادہ دقت اور قید اور ممانعت تھي اور ایسا ہي شان نبي کے لایق بھي تھا — پس یہہ صریح امتناعي احکام اور قہر نفس اور تحصین شدید کے جو مقتضاے بشریت پر صبر اور میلان قلبي پر بھي جبر کرنے کے ہوں اُن سے صاف ثابت ہی کہ جناب پیغمبر صلعم نے جیسے اور احکام تنزیل وحي کے مسلمانوں کي عفت اور پرہیزگاري کے بیان فرمائے اُن سے زیادہ اپني مخالفت نفس کے احکام ظاہر فرمائے *

اس تقریر سے تین پرنٹو اور فانٹر صاحبوں کے اعتراضات تو باطل ہو ہي گئے مگر بعض نا فہم مسلمان جو اسلام کے نادان دوست ہیں اُن کي رکیک توجیہات اور خام خیالات بھي باطل ہوگئے و للہ الحمد علی ذالک *

۲۵ اور منجملہ برکات اسلام ایک یہہ ہی کہ اپني جان کي حفاظت اور مہلکوں سے صیانت کا حکم ہی *

Suicide and gladatorial shows mitigated.

[۱] ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکة † — [بقر ۱۹۱]

[۲] ولا تقتلوا انفسکم — [۵ ح ۲ ع]

خود کشي جس پر اس پچھلي آیت میں اشارہ ہی جاہلیت کے زمانہ میں عرب و روم وغیرہ آباد ملکوں میں جہاں سیاست اور ذہن بني تھے بے روک ٹوک جاري تھي اور بعضي صورتیں آپ سے آپ مرجانے کي عبادت میں داخل تھیں *

ایک تو — ایل کي رسم ممالک فرنگ میں عجیب رسم تھي کہ دو آدمي باہم مقاتلہ کرتے تھے اور گواہ بھي حاضر رہتے جو ان کے ہاتھہ میں آلات حرب دیتے اور اور انتظام کرتے تھے — اور اُس کي بنا یہہ اعتقاد ہوا کہ ضرور ہی کہ خدا ظالم کو بلا واسطہ سزا دے اور مظلوم کي نصرت کرے چنانچہ یہاں تک یہہ رسم ہوئي کہ مقدمات حقیقت میں اسي رسم کو محک عدالت اور معیار حقیقت قرار دیا اگر ایک اُنتادہ زمین پر تنازع ہی تو اُنہوں نے کہا کہ آؤ لڑیں جو مر جاوے وہ غیر حق پر تھا — کیا خوب عدالت تھي اور کیا اچھا فیصلہ ہوتا تھا اسلام میں شروع سے اُس کي اصلاح ہوئي اور پھر قطع

† افضل العلما راقم دیل صاحب نے اس آیت کي تفسیر میں لکھا ہی کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہی کہ محمد صلعم نے بالکل والے کو آزادي کي تعلیم دي — انتہے در حقیقت رائے کي آزادي بیحد بڑي نعمت ہی اور اُس کا ڈبوہ قوم اور ملک کي اصلاح پر بہت مفید ہی ح

میں تو آزادي حاصل ہی — اس مقام پر جو لفظ اقلیدي ثم اصل اعتراض میں ہی وہ تو ایک تیر جگر دوز ہی — مگر عامہ مسلمین کو اس کي کیا پروا ہی — الا در حقیقت کوئي یہہ پوچھے کہ حضرت ملک یمین الفت کي راہ سے ارتفاق کو کہتے ہیں یا یہہ لفظ منقول شرعي یعني فقہا کي اصطلاح ہی پہلي صورت کي سند لائیئے اور دوسري صورت میں قران کے الفاظ کو فقہا کي اصطلاح پر محدود و مصروف نہ فرمائیئے — ابي العالیہ اور سعید بن جبیر اور عطا اور سدي متقدمین مفسرین نے تصریح کي ہی کہ ملک یمین نکاح میں بھي پائي جاتي ہی [دیکھیئے تفسیر مجمع البیان اور نیز تفسیر کبیر] پس چونکہ مضمون عدم حلت نسوان زنان موجودہ و منکوحہ پر بھي حاوي تھا نہ اس وقت کے بعد سے تمپور عورتیں حلال نہیں — اس لیئے الاماملکت یمینک کہنا ضرور ہوا کہ جو عورتیں ملک نکاح میں آچکي تھیں وہ مستثنی رھیں —

اور ملکت جو ماضي کا صیغہ ہی وہ تو حقیقت میں ماضي پر دلالت کرتا ہی اُس کو مستقبل پر حمل کرنا مجازي طور پر ہی اور حقیقت سے مجاز کي عارف جانے کے لیئے کوئي قرینہ صارف من الظاہر ضرور ہونا چاہیئے — ایک صاحب فارسي کا یہہ شعر تو پڑھتے ہیں چار جا ماضي بیاید معنیش مستقبلہ الخ مگر کوئي صاحب حقیقت سے عدول کرنے کي ضرورت شدید اور مانع قوي اور قرینہ واضح بیان نہیں کرسکتے — اور ظاہر ہی کہ صرف بیاید کچھہ کام نہیں آسکتا — فتدبر ولا تکن من الجاہلین وتامل حتی یاتیک التبیین —

گواہوں پر یا قسم پر معیار عدالت قرار پایا — اور نیز ذاتی تنازعات خارج از عدالت بھی اسی قرایل سے طے ہوا کرتے تھے — اسلام میں پہنچ آکے ہوا تو مباہلہ ہوا *

کہتے ہیں کہ سنہ ۵۰۱ ع میں جرمن گنڈیبالڈ بادشاہ نے اس رسم کو قسم کی جگہہ فصل خصومات میں مقرر کیا — ان دونوں قسم کے قرایل یعنی ایک تو عدالت کی حیثیت سے درسری صفایر عدالت کئی طرح پر جاری رہی یعنی تلواروں سے لڑنا اور پستولوں سے گولی مارنا — اور دو اینٹی ایک زہر آلود ایک روئی کی بنی ہوئی کھلانا — انگلستان کے بادشاہوں نے آخر زمانہ میں اس رسم کے بند کرنے کا بڑا اہتمام کیا لیکن فرانس میں اُس کا رواج کثرت سے رہا *

۲۶ اور کئی ایک احکام بڑی تاکید سے ہر ایک طبقہ کے انسان سے نیکی اور رعایت کرنے کے قران میں بکثرت ہیں —

Islam inculcates to show kindness to parents, to kindred, to orphans, to poors, to neighbours whether kinsmen or strangers, to a fellow traveller, to wayfarers, to slaves and captives &c.

(ا) وبالوالدین احسانا وبذی القربی والیتامی والمساکین والجار ذی القربی والجار الجنب والصاحب بالجنب و ابن السبیل وما ملکت ایمانکم — [نساء ۵ ع]

پھر سورۂ بقر میں ہی —

(ب) " و اتی المال علی حبہ ذوی القربی والیتامی والمساکین و ابن السبیل والسایلین و فی الرقاب " — (۲ ح)

اس میں [۱ و ۲] والدین سے نیکی کرنی [۳] رشتہ داروں سے [۴] یتیموں سے [۵] محتاجوں سے احسان کرنا [۶] پردسی ناتے والے سے [۷] اور ہمگانے پردسی سے [۸] اپنے رفیق سے [۹] مسافر سے (۱۰) غلاموں سے خادموں سے (۱۱) قیدیوں سے نیک سلوک کرنا اور اُن کو اپنا مال دینا بڑی تاکید سے واجب قرار دیا ہی *

اس میں کوئی قسم جنس انسان کی ایسی باقی نہیں رہی جس پر اسلام نے شفقت کرنے اور نیکی سے پیش آنے کا حکم نہ دیا ہو — نہ صرف ایک یا دو ہی جگہہ بلکہ مختلف طور سے اور جدا جدا ترکیب سے ان احسانات اور خیرات کو بیان فرمایا ہی *

(ج) ما انفقتم من خیر (۲) فللوالدین (۳) والاقربین (۴) والیتامی [۵] والمساکین [۶] وابن السبیل " — [۲ ح]

[د] " [۲] و بالوالدین احسانا واما یبلغن عندک الکبر احدھما او کلھما فلا تقل لھما اف ولا تنھر ھما وقل لھما قولاً کریما — واخفض لھما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمھما کما ربیانی صغیرا " — [۱۵ ح]

اور ماں باپ سے نیکی کرو اور جو کوئی ان دونوں میں سے پہنچہ ہو جاوے تو نہ کھوک اور نہ جھڑک اُن کو اور اُن سے ادب کی بات کہہ — اور جھکا ان کے آگے کندھے عاجزی کرکے پیار سے اور کہہ اے رب ان پر رحم کر جیسا پالا اُنہوں نے مجھے چھوٹا سا " —

[ہ] " و آت [۳] ذی القربی حقہ [۵] والمساکین [۹] و ابن السبیل " —

یعنی اور دیدے پالنے والوں کا حق اور محتاج کا اور مسافر کا [ایضا]

[و] " ولیأتل اولوالفضل منکم والسعۃ ان یوتوا [۴] اولی القربی [۵] والمساکین [۹] و المھاجرین فی سبیل اللہ " — [نور]

اور قسم نہ کھاویں بڑائی والے تم میں سے اور کشایش والے کہ ناتے والوں محتاجوں اور خدا کی راہ میں وطن چھوڑنے والوں کو مال نہ دیویں —

[ز] " و وصینا الانسان [۲] بوالدیہ احسانا حملتہ امہ کرھاً و وضعتہ کرھاً " — [احقاف ۲ ع]

اور ہمنے تقید کیا ہی انسان کو اپنے ما باپ سے بھلائی کا پیٹ میں رکھا اُس کو اُس کی مانے تکلیف سے اور جنا اُس کو تکلیف سے *

(ح) " فلا اقتحم العقبۃ و ما ادراک ما العقبۃ (۱۱) فک رقبۃ او اطعام فی یوم ذی مسغبۃ [۴] یتیما ذا مقربۃ او (۵) مسکینا ذا متربۃ " —

اور انسان نہ ہمک سکا گھاٹی کو اور وہ گھاٹی کیا ہی — آزاد کرنا غلم کا یا کھانا کھلانا بھوک کے دن میں بے باپ کے لڑکے کو جو ناتے دار ہی یا محتاج کو جو خاک میں رلتا ہی " — [بلد]

(ط) " فاما الیتیم فلا تقھر و اما السائل فلا تنھر " — [ضحی]

سو جو یتیم ہو اُس کو نہ دبا اور جو مانگتا ہو اُس کو نہ جھڑک —

ان احکام کو جو جملہ طبقات ناس کی ہر ایک قسم پر حاوی ہیں توریت اور انجیل اور حکماء سلف کی وصیتوں سے مقابلہ کرو ایسی جامعیت اور تفصیل ایسی عمدہ ترتیب اور قدرتی نظام کی رعایت اور خصوصاً احسان کے احکام نہ پاؤگے *

۲۷ غلاموں کی حالت بالتخصیص بڑی اصلاح کی محتاج تھی اُن کی آزادی اور آیندہ کے سدباب کے لیئے بڑی کوشش اور اہتمام ہوا — اور کتاب کا امر محکم اور حکم لازم صادر کیا —

Islam liberated slaves not as only a merit, but as strict and an indispensable duty.

" والذين يبتغون الكتاب مما ملكت ايمانكم فكاتبوهم ان علمتم فيهم خيراً و اتوهم من مال الله الذي اتاكم " — [نور] †

يعني جو کوئي لونڈي يا غلام يہہ کہے کہ ميں اتني مدت ميں اس قدر روپيہ کما دونگا مجھے ابھي آزاد کردو تو اُن کو اقرار لکھدو اگر اُن ميں نيکي ديکھو اور هو اُن کو الله کے مال سے جو تمکو ديا هی *

اور جب مالک سے اس طرح اقرار نامہ هوجاوے تو پھر سب پر [جنميں مالک بھي هی] واجب کيا کہ اس کا زر کتابت پورا کرديں اور مالک کو بھي لازم هوا کہ اس اقرار ميں سے ايک مقدار کثير چھوڑدے چنانچہ کلبي اور مقاتل اور نخعي نے بھي تفسير کي هی اور امام شافعي کا بھي مختار هی کہ مالک پر واجب هی کہ مکاتب کو مال ديوے کيونکہ امر وجوب کے ليئے هی *

تفسير کبير ميں هی — ثالثها ان هذا الامر من الله تعالى للساعة والناس ان يعينوا المكاتب على بما كتابته يمكنهم و هذا قول الكلبي و عكرمة والمقاتل والنخعي *** قال الشافعي يجب على المولى ايتاء المكاتب و هو ان يحط عنه جزء من مال الكتابة اويدفع اليه جزأ مما اخذ

† داؤد الاصفهاني وغيرہ (جن کو يہہ اهل الرائے اصحاب الظواهر کہتے هيں) اور اور علماء يہہ کہتے هيں کہ يہہ امر کتاب کا ايجاب کے واسطے هی يعني جب غلام درخواست کرے اپني آزادي کي اقرارنامہ پر اور مالک سمجھے کہ اسميں اُسکي بهتري هی تو فوراً آزاد کردے *

اور حقيقت بھي يہي هی کہ جب اسلام کي اصلي نيکي اور خير اور صلاح پر نظر کرتے هيں تو بالضرور هم اپنے وجدان سليم سے يہي پاتے هيں کہ يہہ حکم وجوب کے واسطے هی ائي وجھہ سے [۱] يہہ کہ امر تو ايجاب کے واسطے هوتا هی اور اسکا سبب نزول بھي اسيکي تائيد کرتا هی کہ حويطب بن عبدالعزی کے غلام نے جسکا نام صبيح تھا کتابت چاهي تو اُس کے آقا نے انکار کيا اس پر يہہ حکم هوا پس ظاهر هی کہ انکار کے مقابلہ ميں حکم ديا تو ضرور هی کہ وہ حکم واجب هو [۲] حضرت عمر نے ايک شخص کو مکاتب کرنے کا حکم ديا اُس نے انکار کيا تو اُنھوں نے اُسکي تعزير کي پس اگر کتابت واجب نہوتي تو اُسکو مارنا جبر اور ظلم ٹھہرتا حالانکہ اصحاب ميں سے کسي نے اُن پر اعتراض نہيں کيا تو گويا يہہ مسئلہ اجماعي هوگيا [۳] عمر ابن دينار و عطا و داؤد بن علي اور محمد بن جرير يہاں پر وجوب کے قايل هوئے هيں — پس ان سب قولوں پر نظر کرنے سے يہي ثابت هوتا هی کہ کتابت واجب هی اور درحقيقت يہہ بڑي فضيلت هی اسلام کي *

جو لوگ کہتے هيں کہ يہہ امر مندوب هی اُنکي واهيات سي حجت اور نامعقول سا قياس هی وہ کہتے هيں کہ مکاتب کرنا اور بيچ ڈالنا برابر هی اور بيچ ڈالنا واجب نہيں هی تو مکاتب کرنا بھي واجب ٹھہرگا مستحب هو مگر افسوس کہ اُنھوں نے حکم کتابت کي خوبي

نہيں پائي — اُنکے ذهن اور طبيعتيں ايسي پست اور دبي هوئي هيں کہ انسان کي بھلائي اور فطرتي آزادي اور غلاموں کے آزاد کرنے کے محاسن اور اسلام کا مقصد اصلي غلاموں کے حق ميں رعايت اور احسان کرنا اور اس امر خاص ميں تمام دنيا کے مذاهب اور شرايع پر فوقيت اور فضيلت پانا اُن کي سمجھہ هي ميں نہيں آتا — کتابت کے معاملہ کو بھي اُنھوں نے قرضہ کا سا معاملہ سمجھہ ليا حالانکہ اُنھيں کے اصول موضوعہ پر کتابت کا روپيہ کوئي دين صحيح نہيں هی کيونکہ آقا کا غلام پر کوئي قرضہ نہيں هوسکتا *

اصل حقيقت يہہ هی کہ مکاتبت کا روپيہ آقا کو دلوانے کا حکم صرف اُس کے آنسو پوچھنا هيں ورنہ ادهر تو آقا کو حکم واجب هی کہ مکاتب کو اپنے مال ميں سے دو *

اور لطف يہہ هی کہ امام شافعي اس " و اتوهم من مال الله الذي اتاكم " کو واجب جانتے حالانکہ يہہ فرع هی کتابت کي پس مکاتبہ بھي واجب هوگا کيونکہ واجب کا مقدمہ بھي تو واجب هی *

علاوہ ازيں ايک اَور اعتراض اس حکم کے مندوب هونے پر يہہ هی کہ مندوب در حقيقت مامور بہ هو هی نہيں سکتا کيونکہ مندوب ميں ايجاب نہيں هی اور امر ايجاب هی کے واسطے حقيقت ميں هوتا هی — اور اگر مندوب مامور بہ هوسکے تو ترک مندوب گناہ هوگا حالانکہ ترک مندوب بالاتفاق معصيت نہيں تو پس مندوب مامور بہ بھي نہيں هوسکتا ديکھو مسلم الثبوت مقالہ ۲ باب ۲ اور کشف المبهم [ص ۱۸۸ تا ۱۹۰]

پس ثابت هوا کہ اس آيت ميں امر ايجاب کے واسطے هی —

اور قد کے معنی میں اور جس چیز کا نعل محقق الوقوع ہو وہاں تعلیل ہی کے معنی مناسب ہونگے دیکھیئے —

لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ *

اتقوا اللہ ان کنتم مومنین *

و انتم الاعلون ان کنتم مومنین *

اور قد کے معنی اس آیت میں

۴ اذکر ان ثفعثا الذکری *

اِس میں شرط کے معنی صحیح نہیں کیونکہ ذکر اور وعظ تو ہر حال میں مامور بہ ہی ایسے ہی مکاتبہ میں بھی شرط کے معنی صحیح نہیں کیونکہ کتاب تو مامور بہ اور امر وجوبی ہی پس آیت کے معنی بہت چسپاں اور مناسب ہونگے کہ جو تمہارے غلام تمسے آزادی پر اقرار نامہ لکھوانا چاہیں اُن کو لکھدو کیونکہ تم اُن میں بھلائی جان چکے ہو —

اور اس تفسیر پر ان علمتم فیہم خیراً میں اس بات پر بھی اشارہ ہی کہ مکاتبہ تو واجب ہی مگر بلا درخواست کتابت بھی فی نفسہ غلام کی آزادی واجب ہی *

۵ اور لفظ اِن کی بحث میں دور کیوں جاؤ اسی آیت کے بعد کی آیت میں دیکھیئے اِن کیا معنی دیتا ہی *

ولا تکرھو فتیٰتکم علی البغاء ان اردن تحصناً —

۲۸ کہ صرف ایک مکاتب کرنے کا ہی حکم دیا بلکہ بہت سے

Treatment of slaves among Mahomedans more liberal than in other nations.

احکام جن سے غلاموں کی سختی جاتی رہی اور اُن کی حالت میں بہ نسبت سابق کے بہت کچھ آسایش اور بہبودی میں ترقی ہوگئی چنانچہ ہمارے یہاں کی کتب صحاح و مسانید و مجامع میں بہت سی حدیثیں اور فقہ کی کتابوں میں بہت سے مسایل ایسے مدون اور کثرت سے ہیں کہ اگر اسی قدر ہی احکام ہوتے تو بھی یہ نسبت اور قوموں کے رسم قانون کے مسلمانوں کی رسم و قانون میں بہت ترقی اور آسانی تھی اور انہیں احکام قرانی اور مسائل فقہیہ کی بدولت ہند کے مسلمانوں میں غلاموں اور خدمتگاروں میں صرف نام کا ہی فرق رہ گیا تھا — اور چونکہ اسلام کو غلاموں کے حق میں زیادہ رعایت منظور رہی ہی اسلیئے غلام کو اس ملک میں اپنے ما یحتاج کی فکر نہیں کرنی پڑتی تھی اور نہ اسکو اپنے بال بچوں کی طرف سے تردد رہتا تھا اسکے مسلمان آقا کو خود ہی اسکی تمام ضروریات کی فکر واجب و لازم ہوتی تھی اور اس سے یہ قومی گورنمنٹ سے پیش آیا جاتا تھا — اور اس اتفاق کے بدلے میں غلام سے صرف گھر کا معمولی اور آسان کام لیا جاتا تھا — یہہ کیفیت میں اُس وقت کی بیان کرتا ہوں جب ہندوستان میں انگریزی عملداری کی جانب سے غلاموں کی حالت میں دستاندازی نہیں ہوئی تھی (دیکھو رسالہ مکفاتِ معلومہ ولسن) ہمکو اس بات کے ثبوت میں کہ مسلمانوں کے فقہی مسائل کا برتاو بھی غلاموں کے حق میں بہ نسبت اور قوموں کی ہمدردی کے بہت نرم اور معلوم ہی یہہ قول پیش کرنا ضرور ہی کہ جب ہندوستان میں مسٹر رچارڈسن بندیلکھنڈ کے جج اور مجسٹریٹ نے سنہ ۱۸۱۰ع میں انسداد رسم غلامی میں ایک مسودہ قانون تصنیف کیا تو اس میں اُنھوں نے یہہ راے دی کہ اگر ہندوستان میں سے رسم غلامی کو قطعا موقوف کردینا مناسب نہ ہو تو ہندوؤں کے شاستر کے احکام ترک کرکے اُنکی جگہہ ہرایک بات میں شریعت اسلام کے احکام کو رواج دیا جاوے کیونکہ وہ غلاموں کے حق میں بہت ہی ملائم ہیں *

The Coran (Chap. XLVIII v 4) abolished future slavery and concubinage by ordering that the Captives of war to be either dismissed freely or ransomed. A law of universal obligation.

۲۹ یہہ سب تدبیریں تو اُس وقت کے موجود غلاموں کی آزادی کی تھیں اور ہرچند کہ عقل خیراندیش کو آیندہ غلام بنانا اس سے ممنوع پایا جاتا مگر اس وقت کے اذہان اور عقول انسان کے فطرتی آزادی کا ادراک اچھی طرح نہیں کرسکتے تھے اور ہرایک بشر کا وجدان سلیم اسپر گواہی دیتا ہی کہ وہ کبھی اپنی ذات یا مزیزوں کے لیئے غلامی پسند نہ کریگا اور یہہ ایک قدرتی دلیل ہی اُسکے فطرت الٰہیہ کے خلاف ہونے کی کہ اُس کی ناجوازی اور ناگواری انسان کی طبیعت اور جبلت میں رکھدی گئی ہی الا رسم قدیم جاہلیت کی گمراہی سے عوام لوگ اسکے مخاسن مقابح کو خوب نہیں پاتے تھے اور ایسے امور کی اصلاح صرف علوم کی بتدریج اشاعت اور تزکیہ اور حکمت کی تعلیم سے ہوسکتی ہی تاکہ ہوایک قوم احکام الٰہی کے بصیرت اور عقل کی ہدایت سے دریافت کرے کہ درحقیقت تمامی خلق اللہ کی بہبود اور مافیہ اور عقلی اور مذہبی تمدنی اور حسن عشرت کی اصلاح اسی آزادی پر موقوف ہی اسلیئے ضرور ہوا کہ آیندہ کی رسم غلامی کے موقوف اور محدود ہونے کے لیئے صاف صاف حکم دیا جاوے چنانچہ سورہ محمد میں فرمایا —

" فاذا لقیتم الذین کفروا فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فامامنا بعد و اما فداء حتی تضع الحرب اوزارھا " *

چونکہ لڑائیوں کے قیدی غلام بنائے جاتے تھے غلامی کی رسم کی ابتدا بھی معلوم ہوتی ہی اور اُس وقت کی رسم میں لڑائی کے قیدیوں

سے چار طرح پر سلوک کيا جاتا تھا [۱] قتل کرنا [۲] غلام بنانا (۳) احسان رکھ کر چھوڑ دينا (۴) فديہ ليکر چھوڑنا — اس آيت نے صرف ۳ و ۴ صورت پر لڑائي کے قيديوں کے حق ميں عمل کرنا منحصر کيا اور ۲ اگلي صورتوں کو بالکل موقوف اور مسدود کرديا — اور يہہ اسلام کي ايسي بڑي اور اتنا بڑا احسان هی کہ کسي مذهب و ملت ميں ايسي تدبير انسان کي فلاح اور اصلاح کي نہيں کي گئي *

۳۰ اس آية محکم پر کئي طور سے بحث هوئي هی اور رسالہ تبرية الاسلام من شين الامة و الظلم ميں سيد احمد خاں صاحب بہادر سي ايس آئي نے بسط و تفصيل سارا کلام سے اس کے هر ايک پہلو اور جانب پر بحث کي هی اور اسلام ميں يہہ اول تحرير و تصنيف هی جو اس آية کي تنزيہ اور تفسير ميں هوئي هو اور جس نے تمام عالم پر اسلام کي فضيلت ثابت کي هو اور همارا يہہ مضمون ايسے نقيض مباحثوں کے ليئے نہيں هی اس ميں هم مختصر گفتگو نفس آيت کے متعلق کرينگے *

(ا) زمانہ نزول آيت

مسلمانوں ميں يہہ اصطلاح کہ فلاں سورت مکي هی يا مدني مختلف هی بعض تو اس اصطلاح کو زمانہ کي بنا پر رکھتے هيں يعني تاريخ کي حيثيت سے جو آيت قبل هجرت نازل هوئي هو وہ مکي هی اور جو بعد هجرت ظاهر هوئي وہ مدني هی خواہ مکہ هي ميں سال حج يا سال فتح کو آئي هو — اور بعضے اس اصطلاح کو صرف مکان کے متعلق رکھتے هيں يعني جو سورہ مکہ ميں نازل هوئي خواہ قبل هجرت يا بعد هجرت وہ مکي هی اور جو مدينہ ميں وہ مدني هی [ديکهو تفسير اتقان في علوم القرآن نوع ۱] اور اسي اصطلاح کي بنا پر سورہ محمد بهي مختلف هی بعضے کہتے هيں مدني هی اور يہہ سچ هی کيونکہ بعد هجرت نازل هوئي اور بعضے کہتے هيں کہ مکي هی اور يہہ بهي سچ هی کيونکہ مکہ ميں نازل هوئي يعني سنہ ۸ هجري ميں پس يہہ سورت جو بعد هجرت کے مکے ميں نازل هوئي اس ليئے مدني هی اور مکي بهي — پس يہہ صرف اصطلاح کي تکرار تهي نہ کہ حقيقت ميں اس کے شهر مکہ ميں بعد هجرت نازل هونے پر کچھہ شبہہ اور تردد هو *

علامہ سيوطي نے اس سورہ کو مختلف فيہ سورتوں ميں درج کيا هی (مقام مذکور) اور لکهتے هيں سورۃ محمد حکي النسفي قولا فريدا انها مکية — اس ميں غرابت صرف اصطلاح کي بنا پر هی نہ کہ حقيقت ميں *

(ب) آيت کي دلالت

اس ميں کچھہ گفتگو اور نزاع نہيں هوسکتي کہ اس آيت ميں لڑائي کے قيديوں کے ليئے بجز من اور فدا کے اور کوئي صورت نہيں هی اور اختيار نہيں کہ سوائے ان دو صورتوں کے اور کسي طرح سے پيش آيا جاوے — متعدد مفسرين و صحابہ و تابعين جو اس آيت کے نسخ کے قايل ميں وہ هماري استدلال کے مؤيد هيں کيونکہ اگر اس آيت سے قيديوں کا غلام بنانا بهي کسي تاويل بعيد و توجيہہ غير سديد سے نکل سکتا تو نسخ کي کيا ضرورت تهي — تفسير کمالين ميں هی روي من ابن عمر عباس و الحسن ابن سيرين و قال ابو حنيفة والاوزاعي هي منسوخة لقوله تعالى فيالبراءة واقتلوالمشرکين حيث وجد تموا هم لان البراءة اخر مانازل و روي عن قتادة و مجاهد و عطاء و سدي و روي عن ابن عباس ايضا — اور تفسير بيضاوي ميں هی — منسوخ عندابي حنيفة او مخصوص بحرب بدر فانهم قالوا يتعين القتل اوالاسترقاق — اور بيضاوي کے حاشيہ پر لفظ منسوخ کي ذيل ميں لکها هی —

و اليہ ذهب ابن عباس و قتادة و ابن جريج والسدي والضحاک و مجاهد و روي نحوہ عن ابي بکر رضي الله عنہ —

پس ان فقها و مفسرين جن ميں صحابہ و تابعين بهي داخل هيں يعني [۱] ابن عمر [۲] عباس (۳) حسن ابن سيرين (۴) ابو حنيفہ (۵) اوزاعي (۶) قتادہ (۷) مجاهد (۸) عطاء (۹) سدي (۱۰) ابن عباس (۱۱) ابن جريج (۱۲) ضحاک (۱۳) ابي بکر رضي الله عنہ اس آيت ميں بجز ان دو صورتوں کے اور کوئي تيسري صورت نہيں سمجهتے تهے اور اسي ليئے بضرورت قتل يا استرقاق اس کو منسوخ بتلاتے هيں *

اور (۱۴) امام شافعي و (۱۵) مالک و (۱۶) حنبل تو اس آيت کو مخصوص بهي نہيں بتلاتے بلکہ جائے کہ منسوخ — چنانچہ معالم ميں لکها هی — قولہ فامامنا بعد و اما فداء — الخ اي فاما تمنون منا بالاطلاق و اما تفدون فداء بالاسترقاق و هوثابت عندالائمة الثلاثة منسوخ عند ابي حنيفة لقوله اقتلوالمشرکين حيث وجدتموهم لان سورة براءة آخر ما نزل او مخصوص بحرب بدر و يتعين عندهم القتل والاسترقاق فاسي العقاقة لا غير — يعني يا تو اُن کو احسان رکھہ کر چھوڑ دو اور يا بمقابلہ استرقاق کے اُن سے فديہ ليلو اور يہہ آيت تينوں اماموں کے نزديک غير منسوخ هی اور ابي حنيفہ کے نزديک منسوخ هی لقولہ اقتلوالمشرکين سے کيونکہ سورۃ براءۃ آخر نازل هوئي يا بدر کي لڑائي سے مخصوص هی اور اُن کے نزديک قتل اور استرقاق متعين هی پس من کے معني بجز چهوڑ ديئے کے اور کچھہ نہيں هيں *

(ج) بحث نسخ

امام شافعي اور مالک اور احمد تو اس آيت کو ثابت بتلاتے هيں لا حضرات حنفيہ اس کو منسوخ ٹهراتے هيں اور ناسخ اس کا سورة براءة کي پانچويں آيت کو قرار ديتے هيں *

نسخ کي بحث ميں تاريخ کا تعين تو ضرور هي کيونکہ منسوخ کو زمانہ ميں تقدم هونا چاهيئے اور ناسخ کو تاخر — مگر امر تنقيح طلب ميں کسي قدر بے انضباطي هوتي هي اور عموماً يهہ کہا جاتا هي کہ سورہ براءت اخر نازل هي مگر يهہ حجت ٹهيک نهيں هي آيتوں کے باب ميں تو روايتيں بهت هي مختلف هيں اور هر ايک نے اپنے علم اور راے سے بعضي بعضي آيتوں کو اخر نازل قرار ديا هي الا سورتوں ميں بهي اختلاف هي *

اخرج مسلم عن ابن عباس رضي الله عنہ قال آخر سورة نزلت اذا جاء نصرالله والفتح —

اخرج الترمذي والحاکم عن عايشة قالت اخر سورة نزلت المائدة — و اخرجا ايضاً عن عبد ابن عمر قال اخر سورة نزلت سورة المائدة والفتح — [اذا جاء نصرالله]

و في حديث مثماني المشهور براءة من آخر القران نزولا — [اتقان نوع ۸]

[عن البراء ابن عازب آخر سورة نزلت کاملة براءة بخاري]

اگر يهہ روايتيں صحيح هوں تو ان اختلافات کي تطبيق اس طرح پر هو سکتي هي کہ هر ايک شخص نے اپني معلومات کو بيان کيا پس اس ميں کوئي بات قطعي نهيں هي *

قال البيهقي يجمع بين هذه الاختلافات ان صحت بان کل واحد اجاب بما عنده —

قال ابوبکر في الانتصار — هذه الاقوال ليس فيها شيئي مرفوع الي النبي صلي الله عليہ وسلم و انما قالہ بضرب من اجتهاد و غلبة الظن يحتمل ان کلا منهم اخبر عن اخرما سمعہ من النبي الخ — [اتقان ۱۲]

پس تنقيح طلب اس امر کو قرار دينا چاهيئے کہ [۱] ايا دونوں آيتوں ميں يعني سورة محمد کي ۴ آيت اور سورة براءة کي ۴ آيت ميں ايسا اختلاف هي کہ بغير تسليم نسخ کے رفع هي نهيں هو سکتا اور [۲] ان دونوں ميں کونسي آيت [نہ کہ سورت] مقدم هي تاريخ نزول کے اعتبار سے [نہ کہ تاريخ اشتهار يا قراءت خاص کے لحاظ سے] *

همنے جو يهہ دو امر تنقيح طلب قرار ديئے هيں اُن کو سب محققوں نے نسخ کے ليئے ضروري قرار ديا هي — ابن الحصار نے کہا حرب تقرر کي هي *

انما يرجع في النسخ الي نقل صريح من رسول الله صلي الله عليہ وسلم او من صحابي يقول آية کذا نسخت کذا * * * * وقد يحکم بہ عند وجود التعارض المقطوع بہ مع علم التاريخ ليعرف المتقدم والمتاخر * * * * * ولا يعتمد في النسخ علي قول عوام المفسرين بلا ولا اجتهاد المجتهدين من غير نقل صحيح ولا معارضة بينة لان النسخ يتضمن رفع حکم او اثبات حکم تقرر في عهدہ صلي الله عليہ وسلم فالمعتمد فيہ النقل والتاريخ دون الراے والاجتهاد — يعني نسخ ميں تو صرف رسول کے بيان صاف پر يا الصحابي کے قول پر کہ اس آيت نے اُس آيت کو منسوخ کيا رجوع هو سکتا هي اور جبکہ دونوں آيتوں ميں قطعي تعارض پايا جاوے اور ساتهہ هي اُس کے تاريخ سے اُس کا آگے پيچهے نازل هونا بهي ثابت هو جاوے تب نسخ مانا جا سکتا هي اور يوں نسخ ميں عوام مفسروں کا قول اعتبار کے لايق نهيں هي بلکہ مجتهدوں کے اجتهاد کا بهي اعتماد نهيں هي کيونکہ نسخ ميں ايک حکم کا جو رسول کے وقت ميں مقرر تها اُٹهانا يا ثابت کرنا هوتا هي پس اس ميں نقل اور تاريخ هي پر اعتماد هوسکتا هي نہ کہ راے اور اجتهاد پر *

پس اب هم ان دونوں تنقيحوں کي نسبت يهہ لکهتے هيں کہ —

۱ ان دونوں آيتوں ميں کوئي تعارض واقع نهيں هي سورة محمد کي چوتهي آيت ميں قيديوں کا حکم هي کہ جب لڑائي کے بعد بقيةالسيف رہ جاويں اُن قيديوں کو يا تو احسان رکهہ کر چهوڑ ديا جاوے اور يا فديہ ليکر چهوڑ ديا جاوے اور سورة براءت کي چوتهي آيت ميں حکم هي کہ مشرکوں کو جنهوں نے عهد توڑا هي قتل کيا جاوے — پس ان ميں کچهہ تعارض نهيں هي *

۲ کوئي حديث صحيح جناب پيغمبر صلي الله عليہ وسلم سے آج تک مدعيان نسخ نے نقل نهيں کي جس سے يهہ معلوم هوتا کہ براءت کي چوتهي آيت سے سورة محمد کي چوتهي آيت کو منسوخ کيا *

۳ کسي صحابي سے کسي خبر واحد يا ضعيف ميں بهي يهہ منقول نهيں هي کہ اس آيت نے اُس آيت کو منسوخ کرديا اور نہ مدعيان نسخ کوئي ايسي روايت بتلاسکے — البتہ اوزاعي کا ايک قول پيش کيا گيا هي چنانچہ ترمذي نے لکها هي — قال الاوزاعي بالغني ان هذه الاية قوله تعالي فاما منا بعد و اما فداء نسختها فاقتلوا هم حيث ثقفتموهم — مگر اوزاعي هوں يا کوئي اور هوں اُن کو ايسے بے پر کي خبريں ملا کريں ايسي خبروں سے کيا هوتا هي جب تک نہ نقل صريح اور روايت صحيح جناب پيغمبر صلي الله عليہ وسلم سے ٹهوس ايسي خبريں محض بيکار هيں *

۴ نسخ کا امکان انهيں احکام ميں هوسکتا هي جو غير موقت هوں اور سورة محمد کي چوتهي آيت تو موقت هي حتي تضع الحرب اوزارها پس يهہ کسي طرح منسوخ نهيں قرار پاسکتي — علامہ سيوطي نے تفسير اتقان نوع ۴۷ ميں لکها هي — وقسم هو قسم منضبوص

لامن قسم المنسوخ و قد امتثلني ابن العربي بتحريره فاجاد فقوله ان الانسان لفي خسر الا الذين آمنوا — والشعراء يتبعهم الغاوون الا الذين آمنوا — فاعفوا و اصفحوا حتى ياتي الله بامره — و غير ذالک من الايات التي خصت باستثناء او غاية وقد اخطا من ادخلها في المنسوخ — ومنه قوله ولا تنكحوا المشركات حتى يومن — قيل انه نسخ بقوله والمحصنات من الذين اوتوا الكتاب و انما هو مخصوص به — انتهى

۵ آيتوں کي تاريخ نزول معلوم هوني بهت دشوار هي اور هر ايک راوي اپنے علم اور قياس سے کهتا هي — اور اُس کے علاوہ سبب نزول کي اصطلاح ايسي غير منضبط اور وسيع مقرر هوئي هي که جس بات پر کسي آيت سے استدلال کيا جاتا هي يا اُس آيت کي مراد بيان کرني مقصود هوتي هي وهاں بهي يهي بولتے هيں نزلت في کذا پس اکثر تو ايسي روايتيں محض راويوں کے اجتهاد اور راے پر هيں ته که تاريخي حالات اور نقل واقعات پر — ابن تيميه نے لکها هي قولهم نزلت الاية في کذا يرادبه تارة سبب نزول و يرادبه تارة ان ذالک داخل في الاية و ان لم يکن السبب کما تقول عنى بهذه الاية کذا — اور زرکشي نے برهان ميں لکها هي — قد عرف من عادة الصحابه والتابعين ان احدهم اذا قال نزلت هذه الاية في کذا فانه يريد بذلک انها تتضمن هذا الحکم لا ان هذا کان السبب في نزولها فهو من جنس استدلال على الحکم بالاية لامن جنس النقل لما وقع — پس جب که محاورات کي يهه کيفيت اور اطلاقات کي يهه صورت هو تو دشوار هي که واقعي سبب نزول دريافت هوسکے *

۶ کسي موقع خاص يا مشهد عام پر چند آيات کا پڑها جانا يهه نهيں ثابت کرتا که وه ايک اُسي وقت نازل هوئي هو — جناب پيغمبر صلي الله عليه وسلم نے حضرت علي کو سورة برات کے شروع کي آيتيں ديکر بهيجا تها که حج اکبر کے دن سنه ۹ هجري ميں پڑه سنانا اس سے يهه لازم نهيں آتا که سورة برات کي وه آيتيں اُسي وقت نازل هوئي تهيں *

(ن) والمحصنات من النساء کي تفسير

بعضے لوگوں نے سورة نسا کي ۲۷ آيت اس مراد سے پيش کي هي که سورة محمد کے بعد بهي آزاد عورتوں کي جو قيد هو آويں لونڈي بنانے کي اجازت هي [استغفرالله] اور حضرت ابو سعيد خدري کي روايت پيش کي هي جس کا ماحصل بروايت مسلم و ترمذي نسائي اور ابو داؤد [قطع نظر از زيادت و نقصان الفاظ] يهه هي که اوطاس کے قيديوں ميں عورتيں بهي پکڑي آئيں تو مسلمانوں نے اُن عورتوں سے مباشرت کرنے کو گناه سمجها اور خوف کهايا کيونکه اُن کي ازواج موجوده تهے اس پر يهه آيت نازل هوئي والمحصنات من النساء الا ما ملکت ايمانکم الخ اس ميں نزول کا لفظ ان معنوں ميں تو صحيح نهيں هي که يهه آيت اسي قدر اور اُسي وقت نازل هوئي تهي کيونکه تاريخ کي راه سے سورة نساء سنه ۸ هجري کے قبل کي هي اور ۲۶ اور ۲۸ آيت کے سياق سے بهي اُس کا عاهده هونا پےموقع معلوم هوتا هي مگر هاں نزلت يا تو وهي اصطلاح هي که يتضمن ذلک الحکم يا راوي نے اُسکو اسيوقت سنا هو يا اور سلسلة کے راويوں نے اسکو غير منضبط طور سے بيان کيا غرض اس سے قطع نظر کرکے نفس روايت کا مضمون جيسا ميں سمجهتا هوں ميں حق و صواب هي اور اُس وقت کے مسلمانوں کا انديشه و تامل بهي اُنکي احتياط اور پرهيزگاري پر دال هي *

لشکر ميں تو سب هي قسم کے لوگ هوتے هيں خصوصا اوطاس وغيرة لڑائيوں ميں مکه کے لوگ جو ابهي جديد الاسلام تهے بهت جمع تهے اور اوطاس کے قيديوں ميں عورتوں کو ديکهکر بعض نے ايام جاهليت کي رسم † برتنے کا ذکر کيا هوگا مگر اور اصحاب نبي نے اس امر کو گناه سمجها اس ليئے که اِن عورتوں ميں کے هر ايک کے ازواج ابهي مشرکوں ميں موجود تهے (اور بعض پے شوهر ابهي هونگي اور بعض کے شوهر ابهي قيد ميں ساتهه هي هونگے) — کيونکه قيد هوجانے سے نکاح تو فسخ نهيں هوسکتا ‡ پس وهي ۲۷ آيت سورة نساء کي اسوقت پڑهي گئي جو ۲۶ آيت سے متعلق هي اور جس کے معني يهه هيں که زنان مفيفه تمپر حرام هيں مگر وه عورتيں جنکو تم ملک نکاح ميں لے آئے — اور اس طرح سے اُن لوگوں کو حکم الهي سناکر اُس ارادة قبيح سے باز رکها *

مگر بعضے جاهليت کي سي ترهيب اور طبيعت والے راوي اپنے سبق ظن کي وجهه سے اس واقع کو اولٰي سمجهے يا قصدا اسي رسم کي طرف اسے پهير نے لگے مگر بعضے راويوں نے جنهيں تهذيب اسلام نے زيادة اثر کيا تها اتنا فقرة شرح کے طور پر بڑهايا اذا انقضت عدتهن § حالانکه اس آيت ميں محصنات سے زنان شوهردار مراد هي نهيں هوسکتيں پهر مدت کے کيا ضرورت هي — پهر بعضے مفسروں نے اس ميں ايک اور حکم الهي کي مخالفت ديکهکر يهه تاويل کي که وه قيدي عورتوں مسلمان هوجاويں تب اُن پر يهه حکم جاري هو ورنه مشرکه سے تو ملک هيمن کے طور پر مباشرت جايز نهيں [ديکهو تفسير الجلالين ۵ ج آيت ۱]

† ايام جاهليت ميں جس عورت کو قيد کرليتے لڑائي ميں اس کے اگلے نکاح کو فسخ سمجهکر اس سے بے تکلف اور بلا توقف تصرف جايز سمجهتے تهے اسلام ميں اسکي بڑي ممانعت هوئي —

‡ قال ابو حنيفة لا سبي الزوجان لم يرتفع النکاح و لم تحل للسابي [تفسير بيضاوي] —

§ ابو علقمه الهاشمي کي ايک روايت ميں يهه فقرة بڑها هوا هي اور اسيکي اور روايتوں ميں نهيں هي —

حالانکہ کتب سير و مغازي ميں ارطاس کي قيدي عورتوں کے مسلمان هوجانے کا ذکر نہيں هے *

اور نہ اُنکي استبراء کا زمانہ پورا هونے پايا کيونکہ بہت تھوڑے هي عرصہ ميں اُنکي تائيد اور رهائي احسان کے طور پر حسب حکم سورة محمد آيت ۴ هوگئي تھي *

غرضکہ يہہ تاويليں اور ملامتيں ان معنوں پر اُٹھائي پڑتي هيں جو بعضے راويوں اور نقيبوں نے اپنے سبق ظن سے اختيار کرلي هيں ورنہ کلام الهي تو هر ايک عيب و قصور سے پاک هے *

۳۱ معاملات ميں سچائي اور عدالت ديانتداري ايفاے عهد اور وزن اور پيمانہ ميں راستبازي اصلاح منزل اور اطاعت حکام اور منع فتنہ و فساد ادائے امانت کے احکام غرض جو جو باتيں حسن معاشرت کے اصول اور بنياد هيں اور جن پر رياستوں اور سلطنتوں ميں امن و آسان قايم رهتا هے اور جن پر خلايق

Islam enjoins charity, truthfulness in testimony, honesty in weights and measures and the faithful observance of covenants.

کي بہبود منحصر هے اُنکي نسبت صاف صاف تعليم هوئي هے *

۱ ويل للمطففين الذين اذا اکتالوا علي الناس يستوفون و اذا کالوهم او وزنوهم يخسرون [تطفيف]

۲ لاتطغوا في الميزان — اقيموا الوزن بالقسط ولاتخسروا الميزان (رحمن)

۳ ولا تبذر تبذيرا — ان المبذرين کانوا اخوان الشياطين و کان الشيطان لربہ کفورا [اسري]

۴ ولا تجعل يدک مغلولة الي عنقک ولا تبسطها کل البسط تقعد ملوما محسورا —

۵ اوفوا بالعهد ان العهد کان مسئولا — [ايضا]

۶ اوفوا الکيل اذا کلتم وزنوا بالقسطاس المستقيم — (ايضا)

۷ واوفوا بالعهد اذا عاهدتم ولا تنقضوا الايمان بعد توکيدها — ولا تتخذوا ايمانکم دخلا بينکم فتزل قدما بعد ثبوتها — [اسري]

۸ يا ايها الذين آمنوا لا تخونوا الله و الرسول و تخونوا اماناتکم (انفال)

۹ و اذا قلتم فاعدلوا و لو کان ذا قربي و بعهد الله اوفوا ذلکم وصکم بہ — [انعام ۱۹]

۱۰ يا ايها الذين آمنوا اوفوا بالعقود — (مائدة)

۱۱ و احفظوا ايمانکم — [مائدة]

۱۲ يا ايها الذين آمنوا کونوا قوامين بالقسط شهداء لله ولو علي انفسکم او الوالدين والاقربين — [نساء]

۱۳ ان الله يامرکم ان تؤدوا الامانات الي اهلها و اذا حکمتم بين الناس ان تحکموا بالعدل ان الله نعما يعظکم بہ — [نساء] .

۱۵ لا تصعر خدک للناس ولا تمش في الارض مرحا ان الله لا يحب کل مختال فخور واقصد في مشيک واغضض من صوتک — [لقمان]

۱۶ ولاتمش في الارض مرحا انک لن تخرق الارض ولن تبلغ الجبال طولا — [اسري]

۱۷ يا ايها الذين آمنوا لا يسخر قوم من قوم عسي ان يکونوا خيرا منهم ولانساء من نساء عسي ان يکن خيرا منهن ولاتلمزوا انفسکم ولاتنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الايمان — [حجرات]

۱۸ يا ايها الذين آمنوا اجتنبوا کثيرا من الظن ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ولا يغتب بعضکم بعضا ايحب احدکم ان ياکل لحم اخيہ ميتا فکرهتموہ — (حجرات)

۱۹ اطيعوا الله واطيعوا الرسول و اولي الامر منکم

۲۰ وان طائفتان من المومنين اقتتلوا فاصلحوا بينهما فان بغت احديهما علي الاخري فقاتلوا التي تبغي حتي تفيئ الي امر الله فان فاءت فاصلحوا بينهما بالعدل واقسطوا ان الله يحب المقسطين — انما المومنون اخوة فاصلحوا بين اخويکم — (حجرات)

اور بھي چند متفرق احکام جو مصالح قومية کے قايم رکھنے اور اُن ميں باهمدگر تعلقات کي رعايت اور پابندي کے ليئے ضرور هيں يہہ هيں —

۲۱ ان الله يامر بالعدل والاحسان وايتاء ذي القربي و ينهي عن الفحشاء والمنکر والبغي [نحل]

۲۲ يا ايها الذين آمنوا انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون انما يريد الشيطان ان يوقع بينکم العداوة والبغضاء في الخمر والميسر ويصدکم عن ذکر الله و عن الصلوة فهل انتم منتهون — [مائدة]

۲۳ طعام الذين اوتوا الکتاب حل لکم و طعامکم حل لهم † ايضاً

† شيخ الاسلام محي الدين نووي نے شرح صحيح مسلم [ص ۹۷ جلد ۲ مطبع منشي نولکشور] ميں لکھا هے و طعام الذين اوتوا الکتاب حل لکم قال المفسرون المراد بہ الذبائح و لم يستثن منها شيئاً لانها و لا لهما ولا غير و فيہ حل ذبائح اهل کتاب و هو مجمع عليہ وام يخالف فيہ الاالشيعة و مذهبنا و مذهب الجمهور اباحتها سواء سموا الله تعالي امر لا — و قال قوم لا يحل الا ان يسموا الله تعالي فاذا ذبحوا علي اسم المسيح او کنيسة و نحوها لا تحل تلک الذبيحة عندنا وبہ قال جماهير العلماء — يعني مفسرون نے کہا هے کہ اس آيت ميں ذبيحہ کي حالت سواے هے اور کوئي چيز اس ميں سے مستثنٰي نہيں هوئي نہ گوشت نہ چربي نہ کچھہ اور اس ميں اهل کتاب کے ذبيحوں کي حلت هے اور اس پر

۴۲ قل لااجد فيما اوحي الي محرما علي طاعم يطعمه الا ان يکون ميتة او دما مسفوحا او لحم خنزير فانه رجس او فسقاً اُهل لغير الله به فمن اضطر غير باغ ولا عاد فان ربک غفور الرحيم — [انعام]

اور ديکھو سورة مائدة کي ۳ آيت *

(يہي حکم بعينہ انجيل ميں هي ديکھو اعمال الحواريين ۱۰/۱۱ فرق اتنا هي که حال کے نسخوں ميں بمقابلہ لحم خنزير لفظ (زنا) هي مگر قياس اس کا مقتضي هي که اصل عبارت انجيل ميں کورنثياس [لحم خنزير تھي] جس کي صورت حال کے نسخوں ميں پورنثياس [زنا] هوگئي هي کيونکه اس وقت حواريوں ميں يہود کي رسمي شريعت کي بحث تھي نه که اخلاقي احکام کي پس زنا کو خون اور گلا گھونٹے جانور اور بتوں کي قرباني سے کيا مناسبت تھي اِس کا ذکر تو خارج از محل

مب کا اجماع هي کسي نے اس ميں خلاف نہيں کيا مگر شيعوں نے اور همارا اور سب مسلمانوں کا يہي مذهب هي که اُن کے ذبيحے مباح هيں خواہ وہ خدا کا نام ليں يا نه ليں — اور کچھه لوگوں نے کہا هي که جبھي حلال هوگا جب که خدا کا نام ليں اور جب مسيح کے نام پر يا اُن کي کنيسه پر ذبح کريں تو حلال نہيں — اور اسي بات کو سب علما نے کہا هي *

البتہ اماميہ مذهب والے اس مسئلہ ميں متفرد هيں مگر بعضے متقدم اور رئيس علماء مثلاً شيخ مفيد و ابن جنيد و ابن ابي عقيل انسے اس ميں خلاف منقول هي — اور بعضي روايتيں اس کے جواز ميں هيں چنانچه صحيحه جميل و محمد بن حمران ميں هي انهما سألا ابا عبدالله عليه‌السلام عن ذبايح اليهود و النصاري والمجوس فقال کل و قال بعضهم انهم لايسمون فقل ان حضر تموهم فلم يسموا فلا تاکلوا و اذا غاب فکل — اور روايت عبدالملک قال قلت لابي عبدالله عليه‌السلام ما تقول في ذبائح النصاري فقال عليه‌السلام لاباس بها قلت انهم يذکرون عليه المسيح فقال انما ارادوا بالمسيح الله — يعني راوي نے ابا عبدالله سے پوچھا که يہوده و نصاري و مجوس کا ذبيحه کهاجانا چاهيئے تو حضرت نے فرمايا که کها يہود راوي نے عرض کيا که وہ خدا کا نام نہيں ليتے تو فرمايا که اگر تمهارے سامنے خدا کا نام نه ليں تو نه کهاؤ اور اگر غيبت ميں ذبح کريں تو کهاؤ — اور عبدالملک کي روايت ميں هي که ميں نے ابا عبدالله عليه‌السلام سے پوچھا که اب يہود و نصاري کے ذبيحوں کي نسبت کيا فرماتے هيں تو ارشاد کيا که کهاؤ تب ميں نے عرض کيا که وہ لوگ مسيح کا نام ليتے هيں تو اُنهوں نے فرمايا که مسيح سے يہي اُن کي مراد خدا هي هي — اور زکريا بن ابراهيم سے روايت هي قال دخلت علي ابي عبدالله عليه‌السلام فقلت اني رجل من اهل الکتاب و اني اسلمت وبقي اهلي فلهم علي النصرانية و انا معهم في بيت واحد لم افارقهم بعد فآکل من طعامهم فقال لي ايا کلون لحم الخنزير قلت لا و لکنهم يشربون الخمر فقال لي کل معهم و اشرب — انتهي

اور يہ مرقع تھا — البتہ پورنثياس يعني لحم خنزير وغيرہ چيزوں پر جنسے يہود کي رسمي شريعت ميں حلت اور حرمت متعلق تھي بعضه هوئي تھي که غير قوم عيسائيوں پر بھي اُس کا بار ڈالا جاوے يا نہيں۔ همارے اس قياس کي تائيد اس سے زيادہ قوي هوتي هي که ڈاکٹر ہينٹلي اور مسٹر ريورس يہ دونوں محقق جنهوں نے انجيل کے نسخوں کے اختلاف اور تصحيح ميں بڑي محنت اور تحقيق کي هي اسي عبارت کو ترجيح ديتے هيں) *

۴۵ ولاتقتلوا النفس التي حرم الله الا بالحق و من قتل مظلوما فقد جعلنا لوليه سلطانا فلا يسرف في القتل انه کان منصوراً — (اسرٰي)

۴۶ يا ايها الذين آمنوا انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون — انما يريد الشيطان ان يوقع بينکم العداوة والبغضاء في الخمر والميسر ويصدکم عن ذکر الله و عن الصلوٰة فهل انتم منتهون — [مائدة]

۴۲ صبر اور تحمل کے احکام اور برائي کے بدلے ميں بھلائي کرنا اور مخالفوں کي تقصيروں سے درگذر کرنا اور اپنے دشمنوں کے حق ميں دعا کرنا بہت تائيد اور تکرار سے سکھلايا گيا هي سو

Universal forgiveness and forbearance has invariably been inculcated in the Coran.

۱ ولا تستوي الحسنة ولا السيئة ادفع بالتي هي احسن فاذا الذي بينک و بينه عداوة کانه ولي حميم — (حم سجدة)

۲ فاعفوا و اصفحوا حتي ياتي الله بامرہ — [بقر]

۳ وليعفوا وليصفحوا الا تحبون ان يغفر الله لکم — [نور]

۴ يا ايها الذين آمنو کونوا قوامين لله شهداء بالقسط ولا يجرمنکم شنآن قوم علي ان لا تعدلوا اعدلوا هو اقرب للتقوي — (مائدة)

۵ يا ايها الذين آمنو ان من ازواجکم و اولادکم عدولکم فاحذروهم و ان تعفوا وتصفحوا و تغفروا فان الله غفور الرحيم — (تغابن)

۶ فاعف عنهم وقل سلام — [زخرف]

۷ فاعف عنهم واصفح ان الله يحب المحسنين — [مائدة]

۸ و اعرض عنهم و عظهم و قل لهم في انفسهم قولاً بليغا — (نساء)

۹ قل للذين آمنو يغفروا للذين لا يرجون ايام الله — (جاثية)

قرآن ميں اس کي پيشين گوئي هوئي تھي که مسلمانوں کو مخالفوں سے بڑي اذيت پہونچيگي اور اُن کو هدايت هوئي تھي که وہ صبر کرتے رهيں *

۱۰ واتبلوا في اموالکم و انفسکم ولتسمعن من الذين اوتوا الکتاب من قبلکم و من الذين اشرکوا اذي کثيرا و ان تصبروا و تتقوا فان ذلک من عزم الامور — (آل عمران)

[باقي آيندہ]

بمقام عليگڈھ — مطبع عليگڈھ انسٹيٹيوٹ ميں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اهتمام سے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم ربیع الاول سنہ ۱۲۹۱ ھجری سنہ ۱۳۰۵ نبوی [نمبر ۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

جن درستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاری کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسی کو بھی بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھی ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ علاقہ نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ سمیت اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنہی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام مذہبی اس ترقی کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھی مٹائے جاویں *

(تتمہ مضمون نمبر ۱۷۶)

BENEFICIAL EFFECTS OF ISLAM.

اسلام کے وعظ اور اصلاح کی تاثیر

" اسلام جس طرح کہ اخلاقی اور روحانی نیکیاں تعلیم "
" کرتا ہی — نہیں نہیں جسطرح سے کہ اخلاقی اور روحانی "
" نیکیوں کو دل میں بٹھا دیتا ہی اسیطرح تمدن اور حسن "
" معاشرت کی جو نیکیاں ہیں اُنکو بھی اپنے پیروؤں کے "
" برتاؤ میں ایسا ملا جلا دیتا ہی کہ کسیطرح اُن سے الگ "
" نہیں ہو سکتیں اور بطور فطرتی عادتوں کے دکھلائی دیتی "
" ہیں اور طبیعت ثانی ہونے سے بھی بڑھکر اصلی طبیعت "
" ہو جاتی ہیں * "

سید احمد

(پرچہ تہذیب الاخلاق جلد ۲ نمبر ۱۰)

۳۳ یہاں تک جو احکام بیان ہوئے اُنکی منشا انسان کی حالت کی اصلاح و تہذیب تھی تو اب ہم یہہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی اصلاح نے جو بڑی دقت اور مشقت اور کمال رافت اور شفقت سے ہوئی تھی کیا کیا نتیجے پیدا کیئے اور اس سے کیسی تعجب انگیز اور دایم الاثر تاثیریں ظہور میں آئیں اور کس طرح سے اُس نے قوموں اور ملکوں میں اسایش اور عافیت اور خلایق کی بہبودی کو از سر نو زندہ کیا اور کس طرح سے مہلک اور مضر رسموں کو نیست و نابود کیا اور کئی ایک اور خرابیوں کو جو بالکل مٹ نہیں گئیں بہت کچھہ اُن کی اصلاح اور درستی کی — اور ان سب کا اثر انسانوں کی ذات واحد اور جماعت اور ریاست پر کیسا نفع بخش اور سود مند ظہور میں آیا اور آتا جاتا ہی *

۳۴ اسلام کو شروع ہوئے ابھی تھوڑا ہی زمانہ گزرا تھا کہ کفار مکہ کی اذیت اور تکلیف دھی سے کئی ایک مسلمان ملک ابی سینیا کو چلے گئے وہاں کے عیسائی بادشاہ نیگوس [نجاشی] کے دربار میں حضرت جعفر نے جو تقریر دلپذیر فرمائی ہی وہ ایام جاہلیت اور ابتداء زمانہ اسلام کا حال خوب آئینہ کر دیتی ہی مکے سے جو لوگ ان مسلمانوں کو پکڑ لانے کے لیئے گئے تھے اُن کے مقابلہ میں حضرت جعفر کی تقریر یوں ہوئی —

Appeal of an early Moslem to the beneficial effects of Islam.

" ہم لوگ جہالت اور بت پرستی اور بد کاری میں زندگی بسر کرتے تھے — زور آور کمزور پر ظلم کرتا تھا — ہمارے چور کے عادی تھے اور خدمات مہمان نوازی کی رعایت نہیں کرتے تھے — تب ایک نبی قایم ہوا جس کو ہم لڑکپن سے جانتے تھے اور جس کے حسن اخلاق دیانت اور طریق عمل سے ہم لوگ خوب واقف تھے اُس نے ہمکو سکھلایا کہ خداے واحد کی عبادت کریں عہد اور میثاق اور قسم کو پورا کریں اپنے قرابت داروں کی مدد کریں شرایط مہمان نوازی کو پورا کریں اور جملہ ڈپاک چیزوں اور نفر و فحاوی سے پرہیز کریں — ہم اُس پر ایمان لائے اور ہمنے اُس کا ساتھہ دیا لیکن ہمارے ملک کے لوگوں نے ہمکو اذیت دی ہمپر ظلم کیا اور ہمسے ہمارا مذہب چھوڑوانا چاہا اور اب ہم اپنے آپ کو بادشاہ کی حمایت میں لے آئے ہیں " *

Previous dark and torpid state of Mecca and Arabia.

یہہ تقریر تو ایک انگریزی کتاب سے لی گئی ہی مگر سیرت کی کتابوں میں مفصل لکھا ہوا ہی — [دیکھو سیرت ہشامی صفحہ ۲۱۹ و ۲۲۰ * مطبوعہ لندن سنہ ۱۸۶۵ ع] — اور کتاب سبیل الہدی والرشاد فی سیرت خیر العباد مشہور بسیرت شامی میں اس طرح پر ہی — [ج ب ۱۹] " فقال الجعفر ایہا الملک کنا قوماً اہل جاہلیۃ نعبد الاصنام ونأکل المیتۃ و ناتی الفواحش و نسی الجوار و یاکل القوی الضعیف فکنا علی ذلک حتی بعث اللہ الینا رسولاً منا نعرف نسبہ و صدقہ و امانتہ و عفافہ فدعا الی اللہ لنوحدہ ونعبدہ و نخلع ما کنا نعبد نحن و آبائنا من دونہ من الحجارۃ والاوثان و امرنا ان نعبداللہ وحدہ لانشرک بہ شیئاً و امرنا بالصلاۃ والزکاۃ والصیام فعدد علیہ امور الاسلام ثم قال و امر بصدق الحدیث واداء الامانۃ وصلۃ الرحم و حسن الجوار والکف عن المحارم والدماء ونہانا عن الفواحش و قول الزور و اکل مال الیتیم و قذف المحصنات فصدقناہ و اتبعناہ علی ما جاء بہ من اللہ تعالی فعبدنا اللہ تعالی وحدہ ولا نشرک بہ و حرمنا ما حرم اللہ علینا و احللنا ما حل لنا فعدا علینا قومنا فعذبونا و فتنونا عن دیننا لیردونا الی عبادۃ الاوثان من عبادۃ اللہ تعالی و ان نستحل ما کنا نستحل من الخبایث فلما قہرونا و ظلمونا و ضیقوا علینا و حالوبیننا و بین دیننا خرجنا الی بلادک و اخترناک علی من سواک ورغبنا فی جوارک ورجونا ان لا نظلم عندک یا ایہا الملک " —

۳۵ مکہ کی تیرہ و تاریک حالت جو قبل اسلام تھی اور جو زمانہ اسلام میں اہل مکہ میں اخلاقی اور روحانی ترقیاں اور مرتبہ ضیاء ایمان باللہ اور حسن اخلاق کی روشنی ایسی تعجب انگیز اور حیرت خیز ہی کہ ایسی تاثیر الہی اور برکت ربانی کا اقرار ہمارے مخالفوں کو بھی ہی — والفضل ما شہدت بہ الاعداء —

سر ولیم میور صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ " ایک زمانہ نامعلوم سے مکہ اور تمام جزیرہ عرب کی روحانی حیثیت بالکل بیحس ہو گئی تھی گو ایک خفیف اور ناپائدار سا اثر یہودیت و نصرانیت

یا فلسفہ کا عرب پر ہوا تھا جیسیکہ ایک دریاچہ فیر رواں کي سطح کا اِدھر اُدھر لہرَ کھاتا مگر تہ میں محض بے حس و حرکت رہتا ہے — تمام عرب ترھمات و ظلم اور بدکاریوں میں فرق ہو رہے تھے یہہ عام رسم تھي کہ بڑا بیٹا اپنے باپ کي بیبیوں کو جو اور جائداد کي مانند میراث میں آتیں بیاہ لیتا — اُن کے فرور اور افلاس سے رسم دخترکشي بھي اُنمیں جاري ہوگئي تھي جیسے ہندوؤں میں — اُن کا مذھب حد کے درجہ کي بت پرستي تھا اور اُن کا ایمان ایک مسبب الاسباب مالک علی الاطلاق پر نہ تھا بلکہ غیر مرئي ارواح کے توھم باطل کي سي ھیئت کا اُس کا ایمان تھا انہیں کي رضامندي مناتے تھے اور اُنہیں کے ناراضگي سے احتراز کرتے تھے قیامت اور جزا و سزا جو فعل یا ترک کا پاداش ہو اُس کي اُنہیں خبر ھي نہ تھي " —

" ھجرت سے ۱۳ برس پیشتر تو مکہ اس طرح سے ایسي ذلیل حالت میں پیچاں پڑا ہوا تھا — مگر اِن تیرہ برسوں نے کیا ھي اثر عظیم پیدا کیا سیکڑوں آدمیوں کي جماعت نے بت پرستي چھوڑ کے خداے واحد کي پرستش اختیار کي اور اپنے اعتقاد کے موافق وحي الھي کي ھدایت کے مطیع و منقاد ہوگئے — اُسي قادر مطلق سے بکثرت و بشدت دعا مانگتے اسي کي رحمت پر مغفرت کي اُمید رکھتے اور حسنات و خیرات پرھیزگاري اور انصاف کرنے میں بڑي کوشش کرتے تھے — اب اُنہیں شب و روز اُسي قادر مطلق کي قدرت کا خیال اور یہہ کہ وھي رزاق ھماري ادنی حوایج کا خبر گیراں ھی — ھر ایک قدرتي یا طبعي کیفیت میں ھر ایک امور متعلقات زندگاني میں اور اُن کي خارت اور جارت کے ھر ایک حادثہ یا تغیرات میں وہ اُسي کے ید قدرت کو دیکھتے تھے — اور اُن پر بالا وہ لوگ اس نئي روحاني حالت کو جس میں وہ خو خصال اور جمد کنان رہتے تھے خدا کے فضل خاص و رحمت یا اختصاص کي علامت سمجھتے تھے اور اپنے کافر اھل شہر کے کفر کو خدا کي تقدیر کیئے ہوئے خذلان کي نشاني جانتے تھے محمد [صلعم] کو وہ اپنا حیات تازہ بخشنے والا سمجھتے تھے جو کہ اُنکي ساري اُمیدوں کے واسطے مآخذ تھے اور انہیں کي مناسب اور کامل اطاعت کرتے تھے " —

Effect produced on the Moslem converts by the thirteen years of Mahomet's ministry at Mecca.

" ایسے تھوڑے ھي زمانہ میں مکہ اس عجیب تاثیر سے دو حصوں میں منقسم ہوگیا تھا جو بالکل قبیلہ و قوم ایک دوسرے کے درپے مخالفت و ھلاکت تھے — مسلمانوں نے مصیبتوں کو تحمل اور شکیبائي سے برداشت کیا اور گو ایسا کرنا اُن کي ایک مصلحت تھي مگر تو بھي ایسي جاني ھمتي کي بردباري سے وہ لوگ تعریف کے مستحق ھیں —

ایک سو مرد اور عورتوں نے اپنے ایمان عزیز سے انکار نہ کرکے اپنا گھر بار چھوڑ کر جب تک کہ یہہ طوفان مصیبت فرو ہووے حبش کو ھجرت کر چکے تھے — اور اب پھر اس تعداد سے بھي زیادہ آدمي اور اُن میں نبي بھي اپنے عزیز شہر کو اور مقدس کعبہ کو [جو اُن کي نظر میں تمام روے زمین پر سب سے زیادہ مقدس تھا] چھوڑ کر مدینہ کو ھجرت کر گئے — اور یہاں بھي اسي عجیب تاثیر نے ۲ یا ۳ برس کے عرصہ میں ان لوگوں کے واسطے ایک برادري جو نبي اور مسلمانوں کي حمایت میں جان دینے کو مستعد ہوگئي طیار کردي " —

" اھل مدینہ کے کانوں میں یہودي حقاني باتیں عرصہ سے گوش گذار ہوچکي تھیں مگر وہ بھي اُسوقت تک خواب خرگوش سے نہ چونکے جب تک کہ روح کو کپکپا دینے والي باتیں نبي عربي کي نہیں سنیں — تب البتہ دفعتاً ایک نئي اور سرگرم زندگاني میں دم بھرنے لگے " * (ج ۲ ص ۲۶۹ — ۲۷۱)

اس تقریر کے بعد مصنف نے سورۂ فرقان کي چند آیتیں قدماے مسلمین کے مجامد وارصاف میں ترجمہ کي ھیں اُن کو ھم جداگانہ مقام پر لاوینگے *

Mighty effects of Islam on the conducts of early Moslems as described in the contemporary records of the Corau.

۳۱ اسلام کي اصلاح کي قوت تاثیر کے ثبوت میں طبقہ اول کے مسلمانوں کا حسن اخلاق اور نیک کردار اُن کے ظاھري اور باطني افعال و احوال میں ایک تعجب انگیز لیکن معلمانہ کرنے والي مثال ھی کہ اس تعلیم الھي کي تاثیر سے وہ لوگ کیا تھے کیا ہوگئے تھے ھرچند کہ قرآن کا منشاء یہہ نہیں ھی کہ اس زمانہ کے لوگوں کا تذکرہ یا تاریخ لکھے مگر نیکیوں پر رغبت اور اور منکرات سے منع کرنا اسلیئے بعض مقامات پر جو اگلے زمانہ کے مسلمانوں کي کیفیت بیان ہوئي ھی اس سے ظاھر ھی کہ وہ لوگ کمال درجہ میں اخلاق اور فضایل سے آراستہ و مہذب تھے اور دیني اور دنیوي برکتوں سے معمور تھے اور یہي غرض تھي نبي کي بعثت سے

" ویزکیھم و یعلمھم الکتاب و الحکمۃ "

[۱] ۲۳ الا المصلین
۲۴ الذین ھم علی صلاتھم دائمون
۲۵ والذین في اموالھم حق معلوم للسایل و المحروم
۲۶ والذین یصدقون بیوم الدین †

† (۱) مگر وہ نمازي جو اپني نماز پر قایم ھیں — اور جنکے مال میں حصہ ٹھہر رہا ھی سایل کا — اور درماندہ کا اور جنکو انصاف کے دن کا یقین ھی —

۲۷ والذين هم من عذاب ربهم مشفقون
۲۸ [ان عذاب ربهم غير مامون]
۲۹ والذين هم لفروجهم حافظون
۳۰ الا على ازواجهم اوماملكت ايمانهم فانهم غير ملمومين
۳۱ فمن ابتغى وراء ذلك فاولئك هم العادون
۳۲ والذين هم لاماناتهم و عهدهم راعون
۳۳ والذين هم بشهاداتهم قايمون
۳۴ والذين هم على صلاتهم يحافظون
۳۵ اولئك هم في جنات مكرمون — (معارج)
[ب] ۶۳ و عبادالرحمان الذين يمشون على الارض هونا و اذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما
۶۴ و الذين يبيتون لربهم سجدا و قياما
۶۵ والذين يقولون ربنا اصرف عنا عذاب جهنم ان عذابها كان غراما
۶۶ انها ساءت مستقرو مقاما
۶۷ والذين اذا انفقوا لم يسرفوا و لم يقتروا و كان بين ذلك قواما

۶۸ والذين لايدعون مع الله الها آخر ولايقتلون النفس التي حرم الله الا بالحق ولايزنون و من يفعل ذلك يلق اثاما
۶۹ (يضاعف لهالعذاب يوم القيامة و يخلدفيه مهانا
۷۰ الامن تاب و آمن و عمل عملا صالحا فاولئك يبدل الله سياتهم حسنات و كان الله غفورا رحيما
۷۱ ومن تاب و عمل صالحا فانه يتوب الى الله متابا)
۷۲ والذين لايشهدون الزور و اذا مروا باللغو مروا كراما
۷۳ والذين اذا ذكروا بآيات ربهم لم يخروا عليها صما وعميانا
۷۴ والذين يقولون ربنا هب لنا من ازواجنا وذرياتنا قرة اعين واجعلنا للمتقين اماما
۷۵ اولئك يجزون الغرفة بما صبروا و يلقون فيها تحية و سلاما — [فرقان]

اور جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں (بیشک ان کے رب کے عذاب سے بے خوف نہو جانا چاہیئے) — اور جو لوگ اپني نفساني خواہشوں کو قابو میں رکھتے ہیں (مگر اپني بیبیوں پر یا حرمیں جو ملک نکاح میں آ چکیں) اسوجہ سے کہ اُن کو محصنات سے نکاح کا مقدور نہیں) اور جو انسے بڑھ جاوے تو وہي ہی حد سے بڑھنے والے — اور جو لوگ اپني امانتوں اور اپنا قول پورا کرتے ہیں اور جو اپني گواہي پر قایم ہیں — اور جو اپني نماز سے خبردار ہیں وہي لوگ جنت میں ہیں عزت سے —

[ب] ۶۳ اور بندے رحمان کے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر دبے پاؤں اور جب بات کرتے ہیں اُنسے بے سمجھے لوگ تو کہیں صاحب سلامت *

۶۴ اور وہ رات کاٹتے ہیں اپنے رب کے آگے سجدے میں یا کھڑے

۶۵ اور وہ جو کہتے ہیں اے رب ہمٹا ہم سے دوزخ کا عذاب بیشک اُس کا عذاب بڑي چٹي ہی

۶۶ وہ بري جگہہ ہی ٹھہراؤ کي اور بري جگہہ رہنے کي

۶۷ اور وہ کہ جب خرچ کرنے لگیں تہ اوڑادیں اور نہ تنگي کریں اور ہی اس کے بیچ ایک سیدھي گذران

۶۸ اور وہ جو نہیں پکارتے اللہ کے سوا کسي حاکم کو اور نہیں خون کرتے جان کا جو منع کیا اللہ نے مگر جہاں چاہے اور بدکاري نہیں کرتے اور جو کوئي کرے یہہ کام وہ پوڑے گناہ سے

۶۹ دونا ہو اُس کو عذاب دن قیامت کے اور پڑا رہی اُسمیں خوار ہوکر

۷۰ مگر جسنے توبہ کي اور یقین لایا اور کیا کچھہ کام نیک سو ان کو بدل دیگا اللہ برائیوں کي جگہہ بھلائیاں اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان

۷۱ اور جو کوئي توبہ کرے اور کرے کام نیک سو وہ ٹھہرایا ہی اُسکي طرف ٹھہرانا

۷۲ اور وہ جو شامل نہیں ہوتے جھوٹے کام میں اور جب ہو نکلیں کھیل کي باتوں پر تو نکل جاوے بزرگي رکھکر

۷۳ اور وہ جب اُن کو سمجھاوے اُن کي رب کي باتیں تہ ہو پڑیں ان پر بہرے اندھے

۷۴ اور وہ جو کہتے ہیں اے رب دے ہمکو ہماري عورتوں کي طرف سے اور اولاد کي طرف سے آنکھہ کي ٹھنڈک اور کر ہمکو پرہیزگاروں کے آگے

۷۵ اُن کو بدلا ملیگا کوٹھوں کے جھروکے اس پر کہ ٹھہرے رہے اور لیتے آوینگے اُن کو وہاں دعا اور سلام کہتے

(فرقان)

(ج) ۱ قد افلح المومنون †
۲ الذين هم في صلاتهم خاشعون
۳ والذين هم عن اللغو معرضون
۴ والذين هم للزكواة فاعلون
۵ والذين هم لفروجهم حافظون
۶ الا على ازواجهم او ما ملكت ايمانهم فانهم غير ملومين
۷ فمن ابتغى وراء ذلك فاولئك هم العادون
۸ والذين هم لاماناتهم و عهدهم راعون
۹ والذين هم على صلواتهم يحافظون
۱۰ اولئك هم الوارثون
۱۱ الذين يرثون الفردوس هم فيها خالدون (مومنون)

(د) ۲۰ الذين يوفون بعهد الله و لاينقضون الميثاق
۲۱ و الذين يصلون ما امر الله به ان يوصل و يخشون ربهم و يخافون سوء الحساب
۲۲ و الذين صبروا ابتغاء وجه ربهم و اقاموا الصلواة و انفقوا مما رزقناهم سراً وعلانية ويدرؤن بالحسنة السيئة اولئك لهم عقبى الدار — [رعد]

(ہ) ۸ يوفون بالنذر و يخافون يوماً كان شره مستطيرا

[ج] † فلاح پائي ايمان والوں نے — جو اپني نماز ميں ڈرے هيں اور جو نكمي بات پر دهيان نهيں كرتے اور جو زكات ديا كرتے هيں اور جو اپني خواهشوں كي حفاظت كرنے هيں مگر اپني عورتوں پر يا اپنے هاتهه كے مال پر سو ان پر الزام نهيں پهر جو كوئي ڈهونڈے اس كے سوا وهي هيں حد سے بڑهنے والے اور جو اپني امانتوں اور اقرار سے خبردار هيں اور جو اپني نماز سے خبردار هيں وهي هيں ميراث لينے والے جو ميراث پارينگے باغ ڈهنڈي جهاؤں كے وه اسميں سدا رهينگے [مومنوں]

(د) ۲۰ اور وه جو پورا كرتے هيں اقرار الله كا اور نهيں توڑتے اقرار

۲۱ اور وه كه جوڑتے هيں جو الله نے فرمايا جوڑنا اور ڈرتے هيں اپنے رب سے اور انديشه ركهتے هيں برے حساب كا

۲۲ اور وه جو ثابت رهے چاهتے ترجمه اپنے رب كي اور كهڑي ركهتي نماز اور خرچ كيا همارے ديئے ميں سے كهلے اور چهپے — كرتے هيں برائي كے مقابل بهلائي ان لوگوں كو هي پچهلا گهر

(ہ) ۸ پوري كرتے هيں منت اور ڈرتے هيں اُس دن سے كه اُس كي برائي پهيل پڑيگي

۹ و يطعمون الطعام على حبه مسكينا و يتيما و اسيرا
۱۰ انما نطعمكم لوجه الله لانريد منكم جزاء و لاشكورا
۱۱ انا نخاف من ربنا يوما عبوسا قمطريرا — (دهر)

(د) كنتم خيرامة اخرجت للناس تامرون بالمعروف و تنهون عن المنكر وتؤمنون بالله — (ال عمران ۱۲ ع)

۹ اور كهلاتے هيں كهانا اُس كي محبت پر محتاج كو اور بے باپ كے لڑكے اور قيدي كو
۱۰ هم جو تمكو كهلاتے هيں فقط الله كا منهه چاهيئے كو نه تم سے هم چاهيں بدلا نه چاهيں شكر گذاري
۱۱ هم ڈرتے هيں اپنے رب سے ايك دن اوداس كي سختي سے — [دهر]

(د) تم هو بهتر سب لوگوں سے جو پيدا هوئے هيں حكم كرتے هو اچهي بات كا اور منع كرتے هو بري بات سے اور ايمان لائے هو الله پر — [ال عمران ۱۲ ع]

† اور پهرنے نكالو اور ياد كرو احسان الله كا اپنے اوپر جب تهے تم آپس ميں دشمن پهر الفت دي تمهارے دلوں ميں اب هوگئے اُس كے فضل سے بهائي — [ال عمران ۱۲ ع]

۳۷ يهه كيفيت تو انسان كے ذاتي افعال اور خصال كي اصلاح اور تهذيب كي تهي اب ديكهنا چاهيئے كه جماعت قوم پر اسلام نے كيا اثر كيا يعني تمدن كي حيثيت سے كونسي بڑي بركت اور خير كثير ظاهر هوئي *

Its beneficial effects on the political state of the world.

اسلام كے قبل تمام قوم عرب باهم ٹوٹ پهوٹ كر ٹكڑے ٹكڑے هورهے تهے مگر اسلام نے اُنكو ايك رشته برادري ميں منسلك كركے سب كو بهائي بنا ديا — اُنكي عداوت مبدل به الفت هوگئي اور وه باهم كے شب و روز كے كشمكشوں ايك لطف مسدود هوگئے اور صلح اور امان اور اتفاق قومي هر قوم اور قبيلے ميں پايا گيا *

لاتفرقوا واذكروا نعمت الله عليكم اذ كنتم اعداء فالف بين قلوبكم فاصبحتم بنعمته اخوانا — † [ال عمران ۱۱ ع]

ايسا تصرف انسان كے دلوں پر ايك عجيب الشان تصرف هي اور بے نظير مثال هي جسكے حاصل كرنے ميں سالها سال كي ملكي تدبيريں اور نظام سلطنت قاصر هوجاتے هيں *

والف بين قلوبكم لوانفقت مافي الارض جميعا ما الفت بين قلوبهم ولكن الله الف بينهم ‡ — [انفال ۸ ع]

‡ اور ان كے دل ميں الفت ڈالي اگر تو خرچ كرتا جو سارے ملك ميں هي تمام نه الفت ديسكتا اُن كے دل ميں ليكن الله نے الفت ڈالي اُن ميں — [انفال ۸ ع]

يهه کيسا کچهه اسلام کا نپش هوا که جس کے نتيجه ميں مرهٹوں کے خون خرابے اور پاهم کے جدال و قتال موقوف اور معدوم هوگئے اور ايک دوسرے سے نياضي اور همدردي کرنے ميں سامي اور سرگرم هوگئے اور نه صرف خونريزي اور مقاتلات کو روکا بلکه کينه کشي اور غرور کي جڑ کاٹي اور تمام ملک ميں امن و آسان و صلح و اشتي قايم کردي *

جس شخص کو ايام عرب پر نظر هوگي وه خوب سمجهتا هوگا که عرب کي قومين اور قبيلے پاهم ايسے متفرق اور ايک دوسرے سے بے نياز هو رهے تهے که ان ميں کوئي اُميد مذهبي اصلاح اور اتحاد قومي کي نه تهي اور يهه وجهه بهي تهي که کبهي کسي غير ملک والے يا رئيس کو اُن پر تسلط اور تمکن حاصل نهيں هوا

The prospects of Anti-Mahometan Arabia were unfavorable to the hope of political union or national regeneration.

کيونکه جب جماعتيں ايسي متفرق هوں که کوئي انکا راس و رئيس نهو تو اُنکا مسخر اور منقاد کرلينا بهت دشوار هوتا هی *

يهوه بهي تو مرصه سے عرب کے اطراف و جوانب ميں بلکه وسط عرب ميں رهتے تهے اور عيسائيوں کي کئي رياستيں اور سلطنتيں قرب و جوار عرب ميں مثل سلطنت مصر و شام و حبشه تهيں اور نيز خاص عرب ميں حرا و غسان اور يمن کي عيسائي بادشاهتيں اور نجران ميں بني حارث اور يمامه ميں بني حنيفه اور تيمه ميں بني علی اور نيز بني تغلب يهه سب عيسائي قومين رهتي تهيں مگر اُن سے نه تو کچهه عرب کي حالت تمدن ميں اصلاح نه اُنکے اخلاق ميں کچهه اثر نه اُنکے اوضاع و اطوار ميں شايستگي نه اُنکے رسم و رواج ميں تغير واقع هوسکا — اور مذهب ميں تو سب برابر هي سے تهے *

خوب غور کرو اعراب کي حميت اور عصبيت کي کينه کشي اور عداوت کي رسم کو اور پهر ديکهو اسلام کي صلح اور عفو کے احکام کو اور اس کے نتيجه ميں ملاحظه کرو عرب کي مذهبي اصلاح رسوم کي تهذيب اور موافقت عام

Islam united the hostile tribes of Arabia in a brotherly union.

ملکي اتحاد اور قومي يگانگت گويا ازسرنو ايک طبقه جديد پيدا هوگيا وه خلقت هي بدل گئي وه جبلت هي جاتي رهي *

اگر حضرت موسی کے انتظام سياست ميں تهوڑا سا بهي غور کرو تو بهت فرق پاؤ — حضرت موسی ايک ايسي قوم اور جماعت پر گئے جو باهم متحد تهے اور اسپر علاوه يهه که ايک جابر بادشاه کي ظالمي ميں گرفتار اور کسي ادني سے محرک يا چهڑانے والے کے وقف انتظار تهے — حضرت موسی کو کچهه بهي تکلف نهيں کرنا پڑا اور اُس قوم نے دلي آرزو اور اخلاص سے اُنکو اپنا سردار اور نجات دهنده قبول کرليا کيونکه وه تو مضطر اور پے بس تهے اور قدرته کو تنکے کا سهارا بهت هوتا هی اور بالينهمه وه لوگ رهائي پاکر شايسته و منقاد نهوئے اصل غرض تبريه باري اور توحيد الهي کے کئي بار خلاف ظهور ميں آيا برخلاف عرب کي قوم کے — اِن ميں حد کے مرتبه کا تفرق اور مباينت تهي اور جناب پيغمبر صلعم اُن کے جمله دين و آئين کو گمراهي قرار ديتے تهے اُن کے خداؤں اور پتّوں کو بيکار محض بتلاتے تهے اور وهاں کے کسي ايک قبيله نے بهي کلمهٔ جناب پيغمبر کو تسليم اور قبول نهيں کيا شروع هي سے مشرکوں کا معارضه اور مقابله هونے لگا مگر آخر کو قران کے احکام و نصايح کي تاثير يهه هوئي که اُنهيں لوگوں ميں سے هزاروں اور لاکهوں ايمان لائے اور اپنے عزيز بتوں اور پيارے ٹهاکروں اور عمر بهر کے مسجود اور شب و روز کے معبوده کو ترک اور موقوف کرديا اور وه قومي تفرق اور طبعي بغض و عناد سب جميعت واحده اور قومي اتحاد اور اخوت سے بدل گيا *

۳۸ اور منجمله مصالحه نوعيه اور امور مفيد عام احکام صدقات اور خيرات اور خدا کي راه ميں مال دينے اور فقيروں اور محتاجوں کي اعانت کرنے کے هيں خصوصا صيغهٔ وقف جسے زمانه جاهليت

Instituted charitable designs.

ميں کوئي نهيں جانتا تها اور اس امر خاص ميں مسلمانوں کي فياضي اور سخاوت تواريخ دهر اور صفحات عالم پر ثبت هی *

اقوارڈگبن صاحب ايک مشهور اور عاليقدر مورخ لکهتے هيں که [جلد ۶ ب ۵۰] "مسلمانوں کي نيکياں [خيرات] جانوروں تک کے حق ميں هوتي هيں اور قران ميں محتاج اور مسکين کي اعانت کو نيکي مکرر تاکيد هوئي هی اور اس کو نه محض تبرع يا ثواب کے طور پر بلکه فرض اور حکم ناگزير کے طور پر واجب قرار ديا هی شايد محمد(صلعم) هي صرف ايسے صاحب شريعت هيں جنهوں نے خيرات کا ٹهيک ٹهيک اندازه کيا هر اس کي مقدار معين جائداد کي نوعيت اور مقدار پر بدلتي هی مثلاً زر نقد غله يا مويشي اثمار و اسباب تجارت مگر جب تک نه مسلمان اپنے مال کا دسواں حصه نذر اپنے شريعت کي تکميل نه کي — درحقيقت فياضي بنياد هی عدالت کي اور جن لوگوں کي اعانت همکر لازم هی اُنکو ضرر پهونچانا ممنوع هی — کوئي نبي عالم لاهوت اور برزخ کے مغيبات و اسرار بيان کيا کرے مگر احسانيات کے احکام ميں اسکو همارے هي دل کے احکام بيان کرنے هونگے" *

اس مقام کے حاشيه پر گبن صاحب لکهتے هيں که مراکشي نے تعصب کے مارے روس کيتهلکوں کي زيادہ خيرات اور صدقات کا شمار کيا

ھی کہ ۱۵ ھزار شفاخانے ھزاروں بیماروں اور زائروں کے لیئے بنے ھوئے ھیں اور ۴۵ سو عورتوں کو ھر سال جہیز ملتا ھی ۵۶ مدرسے خیراتی بنے ھوئے ھیں اور ۱۲۰ جلسے ھراھوان ایمائی کے اپنے بھائیوں کی اعانت کرتے ھیں وغیرہ وغیرہ — اور لندن کی فیاضی تو اس سے بھی بڑھکر ھی مگر مجھے اندیشہ ھی کہ بہت کچھہ اس میں سے لوگوں کی انسانیت کی طرف منسوب ھوسکتا تہ یہہ کہ مذھب کی حیثیت سے ھو — انتہی *

(۱) "سورہ بقر میں ھی " ان تبدوا الصدقات فنعما ھی و ان تخفوھا و تؤتوھا الفقراء فھو خیرلکم" (۲ ح)

(۲) "الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ ثم لایتبعون ما انفقوا منا ولا اذی لھم اجرھم عندربھم ولاخوف علیھم ولاھم یحزنون" — قول معروف ومغفرۃ خیر من صدقۃ یتبعھا اذی واللہ غنی حلیم [۲ ح]

(۳) "والذین تبوؤ الدار والایمان من قبلھم یحبون من ھاجر الیھم ولایجدون فی صدورھم حاجۃ مما اوتوا و یؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ" (حشر ۹)

ابراھیم ریس کے مجمع العلوم میں ایک جگہہ لکھا ھی کہ خیرات دینے میں انڈیا اور اس کے ترغیب دینے میں مسلمانوں کے مذھب سے زیادہ سرگرم کوئی مذھب نہیں ھی — قران نے قبول دعا کے واسطے خیرات کرنے کو واجب قرار دیا ھی اور خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کہا کرتے تھے کہ ' نماز ھمکر آدھے رستے تک پھونچاتی ھی اور روزہ ھمکر عرش الہی کے دروازے تک لیجاتے ھیں ' اور خیرات سے ھمکو خدا کے گھر تک بار ملتا ھی ' — خیرات کو اھل اسلام بہت ھی ثواب کا کام سمجھتے ھیں اور بہت سے مسلمان خیرات دینے کی شہرت میں ضرب المثل ھیں — بالتخصیص حضرت حسن بن علی جو کہ محمد [صلعم] کے نواسے تھے روایت ھی کہ اُنھوں نے اپنی حیات میں ۳ مرتبہ اپنا مال محتاجوں کو نصفا نصف بانٹ دیا اور دو مرتبہ تو سب جو کچھہ تھا دے دیا — اور عوام مسلمین نیکیاں کرنے کے ایسے عادی ھو رھے ھیں کہ حیوانات تک سے وہ نیکی کرتے ھیں *

[دیکھو سائیکلوپیڈیا ریس لفظ آمز]

قران کے معدن حکمت اور مسلمانوں کے مصدر علوم ھونے کا ذکر

LITERARY BENEFITS OF ISLAM.

۳۹ زمان جاھلیت میں تمام عرب میں کسی علم کی کوئی کتاب نہ تھی اور بجز علم انساب اور شعر کوئی کے اور کوئی تعلیم نہ تھی یہی پہلی کتاب مستطاب جو عرب میں مدون ھوئی وہ قران مجید ھی جو علاوہ اس کے کہ ارشادات الہی اور احکام ربانی کا مصدر ھی مأوم حکمیہ عقلیہ اور حکمت الہیہ کا بھی معدن ھی — بعد اس زمانہ نزول وحی اور انتشار علوم الہیہ کے مسلمان کئی ایک جلیل القدر اور عظیم الشان علوم کے موجد اور ماخذ ھوئے اور علوم متعارفہ کو بہت کچھہ تہذیب و اصلاح کرکے دور دور کے ملکوں میں پھیلایا اور کئی ایک ملک کے مالک مسلمانوں کی بدولت اھل علم ھوگئے اور جس زمانہ میں کہ اور سب قومیں جہالت کے تیرہ و تاریک قعر میں پڑی تھی مسلمانوں ھی میں علم کا رواج پایا جاتا تھا *

۴۰ [۱] منجملہ علوم مشتہرہ قران مجید نیچرل تھیالوجی اور نیچرل فلاسفی اور نیچرل تھیالوجی ھی — نیچرل فلاسفی جس سے مراد علم مناظر قدرت و مظاھر فطرت ھی اس سے قران مجید مالا مال ھی اس میں حقایق موجودات اور محاسن کائنات کا بیان کثرت سے پایا جاتا ھی اور یہو ان سے وجود واجب تعالی اور اس کے علم و قدرت پر استدلال ھرجگہہ ھوتا گیا ھی *

Natural Philosophy and Theology of the Coran.

۱ † انا صببنا الماء صبا — ثم شققنا الارض شقا فانبتنا فیھا حبا و عنبا و قضبا — و زیتونا و نخلا — و حدایق غلبا — و فاکھۃ و ابا — † [عبس]

۲ افلا ینظرون الی الابل کیف خلقت — والی السماء کیف رفعت — و الی الجبال کیف نصبت و الی الارض کیف سطحت (غاشیہ)

۳ الم نجعل الارض مھادا — والجبال اوتادا — و خلقنا کم ازواجا — و جعلنا نومکم سباتا — و جعلنا اللیل لباسا — وجعلنا النھار معاشا — و بنینا فوقکم سبعا شدادا — و جعلنا سراجا وھاجا — و انزلنا من المعصرات ماء ثجاجا — لنخرج بہ حبا و نباتا — و جنات الفافا — [نبا]

† ۱ ھمنے ڈالا پانی اوپر سے — اور پھر چیرا زمین کو — پھر اُگایا اُس میں اناج انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجوریں — اور گھنے باغ اور میوہ اور درب —

۲ کیا نہیں نگاہ کرتے اونٹوں پر کیسے بنائے ھیں اور آسمان پر کیسا بلند کیا ھی اور پہاڑوں پر کیسے کھڑے کیئے ھیں اور زمین پر کیسی صاف بچھائی ھی —

۳ کیا ھمنے نہیں بنائی زمین بچھونا اور پہاڑ میخیں اور تمکو بنایا جوڑی جوڑی اور بنائی نیند تمہاری دفع ماندگی اور بنائی رات اوڑھنا اور بنایا دن روزگار کو اور چنی ھمنے اوپر سات چھتی مضبوط اور بنایا ایک چراغ چمکتا اور اُتارا نچوڑتی بدلیوں سے پانی کا ریلا کہ نکالیں اُس سے اناج اور سبزہ اور باغ گھنے میں اپنے ھوئے

۴ والارض وضعها للانام — فيها فاكهة والنخل ذات الاكمام والحب ذوالعصف والريحان **** مرج البحرين يلتقيان — بينهما برزخ لا يبغيان † [رحمان]

۵ افلم ينظروا الى السماء فرقهم كيف بنيناها و زيناها وما لها من فروج — والارض مددناها والقينا فيها رواسي وانبتنا فيها من كل زوج بهيج — تبصرة وذكرى لكل عبد منيب ونزلنا من السماء ماء مباركا فانبتنا به جنات و حب الحصيد — والنخل باسقات لها طلع نضيد — رزقا للعباد و احيينا به بلدة ميتا — [ق]

۶ والذي خلق الازواج كلها و جعل لكم من الفلك والانعام ما تركبون لتستووا على ظهوره ثم تذكروا نعمة ربكم اذا استويتم عليه وتقولوا سبحان الذي سخر لنا هذا و ما كنا له مقرنين — وانا الى ربنا لمنقلبون — [زخرف]

۷ ومن آياته الجوار في البحر كالاعلام ان يشاء يسكن الريح فيظللن رواكد على ظهره — ان في ذلك لايات لكل صبار شكور — [شوری]

۸ ان في خلق السموات والارض لايات للمومنين — و في خلقكم و ما يبث من دابة آيات لقوم يوقنون — و اختلاف الليل والنهار وما انزل الله من السماء من رزق فاحيا به الارض بعد موتها و تصريف الرياح آيات لقوم يعقلون — † [جاثيه]

۹ و اية لهم الليل نسلخ منه النهار فاذا هم مظلمون — والشمس تجري لمستقر لها ذلك تقدير العزيز العليم — والقمر قدرناه منازل حتى عاد كالعرجون القديم — لا الشمس ينبغي لها ان تدرك القمر ولا الليل سابق النهار — و كل في فلك يسبحون — [يس]

۱۰ الم تر ان الله انزل من السماء ماء فاخرجنا به ثمرات مختلفا الوانها و من الجبال جدد بيض وحمر مختلف الوانها و غرابيب سود و من الناس والدواب والانعام مختلف الوانه — [فاطر]

۱۱ خلق السموات بغير عمد ترونها والقى في الارض رواسي ان تميد بكم وبث فيها من كل دابة و انزلنا من السماء ماء فانبتنا فيها من كل زوج كريم [لقمان]

---

† ۴ اور زمين کو رکھا واسطے خلق کے اس ميں ميوہ هی اور کھجوريں جس کے ميوہ پر غلاف هيں اور اناج جس کے ساتھ بھس هی اور پھول خوشبو کے ***** چلتے دو دريا جو آپس ميں ملکر چلتے هيں اُنکے بيچ ميں هی ايک پردہ زيادتي نہيں کرتے —

۵ کيا نگاہ نہيں کيا آسمان کو اپنے اوپر کيسا همنے بنايا اسکو اور رونق دي اور اُس ميں نہيں کوئي سوراخ اور زمين کو بچھاليا اور ڈالے اس ميں بوجھ اور اُگائي اس ميں هر قسم کي رونق کي چيز سوجھانے کو اور ياد دلانے کو اُس بندے کو جو رجوع رکھے اور اُتارا همنے آسمان سے پاني برکت کا پھر اُگائے همنے اس سے باغ اور اناج کھيت کا اور کھجوريں لمبي اُن کا گابھا هی تہ پر تہ روئي ديني کو بندوں کے اور جلايا اس سے همنے ديس مردہ —

۶ جس نے بنائے سب چيز کے جوڑے اور بنا ديئے تمکو چوپائے اور کشتي جس پر سوار هوتے هو تا چڑھو بيٹھو اسکي پيٹھ پر پھر ياد کرو اپنے رب کا احسان جب بيٹھو چکر اُسپر اور کہو پاکذات هی وہ جس نے بس ميں ديا همارے يہہ اور هم نہ تھے اسکے مقابل هونے والے اور همکو اپنے رب کي طرف پھر جانا هی —

۷ اور ايک اسکي نشاني هی چلتے جہاز دريا ميں جيسے پہاڑ اگر چاہے تھام دے هوا پھر رہ جاويں سارے دن ٹھہرے اس کي پيٹھ پر مقرر اس ميں پتے هيں هر ٹھہرنے والے کو هر حق کي بات ماننے —

۸ بيشک آسمانوں ميں اور زمين ميں بہت پتے هيں ماننے والوں کو اور تمہارے بنانے ميں اور اُن جانوروں کے پھيلانے ميں پتے هيں لوگوں کو جو يقين رکھتے هيں اور بدلنے ميں رات دن کے اور وہ جو اتاري الله نے آسمان سے روزي پھر جلائي اس سے زمين کو مرنے پيچھے اور بدلنے ميں هواؤں کے پتے هيں ان لوگوں کو جو بوجھتے هيں —

۹ اور ايک نشاني هی انکو رات اندھيرا ليتے هيں هم اس سے دن پھر رهجاتے هيں اندھيرے ميں اور سورج چلا جاتا هی اپني ٹھہري راہ پر يہہ سادها هی اس زبردست باخبر کا اور چاند کو همنے بانٹ دي هيں منزليں کہ پھر آ رہے جيسے ٹہني پراني پھنکا سورج کو پہونچے کہ پکڑے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھے دن سے اور هر کوئي ايک ايک کھيرے ميں تيرتے هيں —

۱۰ تونے نہ ديکھا کہ الله نے اتارا آسمان سے پاني پھر نکالے اس سے ميوے طرح طرح کے اُنکے رنگ اور پہاڑوں ميں گھاٹياں هيں سفيد اور سرخ طرح طرح کے اُنکے رنگ اور کالے بھجنگ اور آدميوں ميں کيڑوں ميں چوپايوں ميں کئي رنگ کے هيں —

۱۱ بنائے آسمان بےٹيکے اُسے ديکھتے هو اور ڈالے زمين ميں بوجھ کہ نہ ٹہکے لےکر جھک نہ پڑے اور پھيلائے اُس ميں سب طرح کے جانور اور اُتارا همنے آسمان سے پاني پھر اُگائے زمين ميں هر قسم کے جوڑے عمدے —

۱۲ اللہ الذی یرسل الریاح فتثیر سحابا فیبسطہ فی السماء کیف یشاء ویجعلہ کسفا فترٰی الودق یخرج من خلالہ فاذا اصاب بہ من یشاء من عبادہ اذا ھم یستبشرون † (روم ۲۵)

۱۳ و ان لکم فی الانعام لعبرۃ نسقیکم مما فی بطونہ من بین فرث و دم لبنا خالصا سائغا للشاربین — ومن ثمرات النخیل والاعناب تتخذون منہ سکرا و رزقا حسنا (نحل)

۱۴ و اوحی ربک الی النحل ان اتخذی من الجبال بیوتا و من الشجر و مما یعرشون — ثم کلی من کل الثمرات فاسلکی سبل ربک ذللا یخرج من بطونھا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس (نحل)

۱۵ واللہ اخرجکم من بطون امھاتکم لاتعلمون شیا وجعل لکم السمع والابصار والافئدۃ لعلکم تشکرون — الم یروا الی الطیر مسخرات فی جو السماء مایمسکھن الا اللہ ان فی ذلک لایات لقوم یومنون — واللہ جعل لکم من بیوتکم سکنا وجعل لکم من جلود الانعام بیوتا تستخفونھا یوم ظعنکم و یوم اقامتکم و من اصوافھا و اوبارھا و اشعارھا اثاثا ومتاعا الی حین — واللہ جعل لکم مما خلق ظلالا وجعل لکم من الجبال اکنانا وجعل لکم سرابیل تقیکم الحر و سرابیل تقیکم باسکم کذلک یتم نعمتہ علیکم لعلکم تشکرون ↓ (نحل) .

۱۶ والانعام خلقھا لکم فیھا دفء و منافع و منھا تاکلون ولکم فیھا جمال حین تریحون و حین تسرحون — و تحمل اثقالکم الی بلد لم تکونوا بالغیہ الا بشق الانفس ان ربکم لرؤف الرحیم — والخیل والبغال والحمیر لترکبوھا وزینۃ و یخلق لکم ما لاتعلمون (نحل)

۱۷ ولہ الجوار المنشات فی البحر کالاعلام (رحمان)

۱۸ ولا اقسم بالخنس الجوار الکنس [کورت]

غرض کہ ایسی طرح تمام قرآن میں نیچرل فسطری اور نیچرل تھیالوجی کے اصول کی مفصل کیفیتیں اور مکرر اشارتیں ہیں مگر یورپنیوں کی طبعی والہی کی نہیں بلکہ حقیقی باتوں کی اور نیز دیگر علوم حکمیہ کے اشارے خصوصاً علم جیالوجی کے اصول پر کثرت سے حوالہ ہوا ہی مگر جن لوگوں نے اس علم کا نام بھی نہ سنا ہو وہ اُس کے استنباط پر کیسے قادر ہوسکتے ہیں *

۲۱ [۲] دوسرا ایک عظیم الشان علم جو خاص مسلمانوں میں ایجاد ہوا وہ علم اسماء الرجال ہے جس کو یورپئی زبان میں بیوگرافی کہتے ہیں — جس کثرت سے مسلمانوں نے اس علم خاص پر توجہ کی اور جس دقت اور تلاش سے ہر ہر اہل علم اور راویوں کے حالات ضبط کیئے اور اُن کے مولد اور منشاء کا بیان اور مزاج کی رقعت اور رائے کے تغیرات اور عام رویہ کے حالات کو ڈھونڈھا اور بڑی بڑی مجلد کتابوں میں قلمبند کیا وہ آج تک کسی قوم میں اور کسی مذہب میں نہیں ہوا *

Mahomedan Biographies.

---

† ۱۲ اللہ جو چلاتا ہی ہواؤں کو اور ابھارتا ہی بدلی کو پھر پھیلاتا ہی اُس کو آسمان میں جس طرح چاہے اور رکھتا ہی اُس کو تہ پر تہ پھر تو دیکھے مینھہ نکلتا ہی اُسکے بیچ سے پھر جب اُس کو پہونچایا جس جگہہ چاہے اپنے بندوں میں تبھی وہ لگے خوشیاں کرنے —

۱۳ اور تمکو چوپاؤں میں عبرت کی جگہہ ہی پلاتے ہیں ہم تمکو اُس کے پیٹ کی چیزوں میں سے گوبر اور لہو کے بیچ میں سے دودھ ستھرا رہتا پینے والوں کو اور میووں سے کھجور کے اور انگور کے بناتے ہو اُس سے نشا اور روزی خاصی —

۱۴ اور حکم بھیجا تیرے رب نے شہد کی مکھی کو کہ بناتی پہاڑوں میں گھر اور درختوں میں اور جہاں چھتریاں تانتے ہیں پھر کھا ہر طرح کے میووں سے اور چل راہوں میں اپنے رب کی صاف چلی ہیں نکلتا ہی اُن کے پیٹ میں سے پینے کی چیز جس کے کئی رنگ ہیں اس میں آزار چنگے ہوتے ہیں آدمیوں کے *

۱۵ اور اللہ نے نکالا تمکو تمہاری ماں کے پیٹ سے کچھہ نہ جانتے تھے اور دیئے تمکو کان اور آنکھیں اور دل شاید تم احسان مانو کیا تمہیں دیکھتے اُڑتے جانور حکم کے باندھے آسمان کی ہوا میں کوئی نہیں تھام رہا اُن کو اللہ کے سوا اس میں پتے ہیں اُن لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں اور اللہ نے بنادیئے تمکو تمہارے گھر بسنے کی جگہہ اور بنادیئے تمکو چوپایوں کی کھال سے ڈیرے جو ہلکے لگتے ہیں تمکو جس دن سفر میں ہو اور جس دن گھر میں ہو اور اُنکی اُون سے اور بیونیوں سے اور بالوں سے کتنے اسباب اور برتنے کی چیزیں ایک وقت تک

اور اللہ نے بنادی تمکو اپنی بنائی چیزوں کی چھائیں اور بنادی تمکو پہاڑوں میں چھپنے کی جگہہ اور بنادیئے تمکو کرتے جو بچاؤ ہو گرمی کے اور کرتے جو بچاؤ ہوں لڑائی کے اسی طرح پورا کرتا ہی اپنا احسان تمپر شاید تم احسان مانو —

۱۶ اور چوپائے بنا دیئے تمکو اُن میں جاڑا ہی اور کتنے فائدے اور بعضوں کو کھاتے ہو اور تمکو اُن سے رونق ہی جب شام کو پھیر لاتے ہو اور جب چراتے ہو اُگلے لیجاتے ہیں بوجھہ تمہارے اُن شہروں تک کہ تم نہ پہونچتے وہاں تک مگر جان توڑ کے بیشک تمہارا رب بڑا شفقت والا مہربان ہی اور گھوڑے بنائے اور خچریں اور گدھے کہ اُن پر سوار ہو اور رونق ہو اور بناتا ہی جو تم نہیں جانتے —

۱۷ اور اُس کے ہیں جہاز اُٹھتے گھرے دریا میں جیسے پہاڑ سے

۱۸ سو قسم کھاتا ہوں میں پیچھے ہٹ جانے سیدھے چلنے دیکھنے جانے والوں کی —

ڈاکٹر اسپرنگر صاحب جن کي عبارت علوم عربيه ميں مشهور هے اور بڑے صاحب نظر تهے اُنهوں نے جب صاحبان کورٹ آف ڈائرکٹرس کي هدايت اور کلکته ايشياٹک سوسئيٹي کے زير اهتمام کتاب الاصابه في تميز الصحابه تصنيف علامه شيخ ابن حجر عسقلاني [سنه ٨٥٢] چهاپني شروع کي تو اُس کے ديباچه ميں بزبان انگريزي يهه مضمون لکها که " مسلمانوں کے علوم کي عزت علم اسماء الرجال هي نه تو کوئي ايسي قوم گذري اور نه کوئي اب هي جس نے مسلمانوں کي مانند بارة سو برس کے عرصه ميں هر ايک اهل علم کے حالات زندگي قلمبند کيئے هوں — اگر مسلمانوں کي کتب رجال جمع کي جاويں تو غاليا هم کو پانچ لاکهه علماء مشاهير کا تذکره مل جاوے — ان کي تاريخ ميں کوئي قرن يا نامي جگهه ايسي نهيں هي جس کا کوئي آدمي اس تذکره ميں نهو — " انتهي *

فن رجال ميں تحقيق و تلاش کي ترقي ابن سعد کے زمانه ميں خوب هوئي جس کي کتاب اسماء رجال و احوال رواة کے طبقات ابن سعد کے نام سے مشهور هے — اور محمد بن اسمٰعيل بخاري اور ابن ابي خيثمه نے اپني اپني تاريخوں ميں اور ابن ابي حاتم نے کتاب الجرح و التعديل ميں عموماً راويوں کي پوري گرافي لکهي اور عجلي اور ابن حبان اور ابن شاهين نے ثقه راويوں کو الگ چهانٹا اور ابن عدي اور پهر ابن حبان نے مجروح اور ضعيف راويوں کو جدا کيا — اور بعضوں نے خاص خاص کتب حديث کے راويوں کے طبقات اُن کے موالديد اور وفيات علحدة علحدة لکهے مثلاً ابي نصرالکلا باذي نے بخاري کے راويوں کو اور ابي بکر منجويه نے مسلم کے راويوں کو اور ابي الفضل بن طاهر نے دونوں بخاري اور مسلم کے راويوں کو اکهٹا جمع کيا اور عبدالغني المقدسي نے کل صحاح ستّه کے راويوں کو کتاب الکمال في معرفة الرجال ميں ضبط کيا اور پهر مزي نے اس کتاب کا خلاصه کيا جسکا نام تهذيب الکمال هي — اور علامه ابن حجر عسقلاني نے اسکو خلاصه کرکے اور اور بهت کچهه اس پر زيادة کرکے تهذيب التهذيب نام کي کتاب لکهي *

اور فرقه اماميه ميں بهي اس فن کي تدوين قديم زمانه سے هوئي چنانچه حسن بن علي بن فضال اور عبدالله بن جبله نے [سنه ٢٠٠] اسماء رجال ميں کتابيں لکهيں اور حميد بن زياد نينوي نے [سنه ٣٠٠] رجال کي جرح و تعديل ميں کتاب لکهي اور محمد بن عيسٰي بن عبيد بن يقطين نے بهي اس فن ميں کتابيں لکهيں اور ايسے هي شيخ محمد بن يعقوب کليني اور شيخ صدوق محمد بن بابويه قمي اور کهي اور چهاهي اور شيخ ابو جعفر طوسي نے کتابيں لکهيں اور متاخرين کي کتابوں مثل تصنيف علامه حلي و تقي الدين بن داؤد و شيخ شهيد ثاني اور اُن کے بعد فاضل محمد استرابادي و مير ابوالدين علي [صاحب کتاب ايجاد المقال] مشهور و معروف هيں *

اور محققين اهل سنت ميں متاخرين کي مشهور کتابيں مثل استيعاب ابن عبدالبر اور ميزان الاعتدال في نقد الرجال حافظ شمس الدين ذهبي کي اور نيز کاشف اور کتاب الضعفاء المتروکين اور شيخ الاسلام محي الدين نووي کي کتاب تهذيب الاسماء و تقريب اور امام ابن حجر عسقلاني کي تهذيب التهذيب و تقريب التهذيب و لسان الميزان اور اصابه في تميز الصحابه اور علامه سيوطي کي تدريب الراوي شرح تقريب النواوي اور اَور کتابيں نامي اور مستند هيں *

٤٢ [٣] ايک اور علم جليل الشان علم حفظ اسناد اور اصول درايت هي دوسري صدي هجري سے مسلمانوں ميں حديثوں کے قلمبند کرنے اور روايتوں کو جمع کرکے لکهنے کا شوق هوا اور پيسيوں تصنيفيں روايتوں کي جمع هوئيں اسليئے ان کے تنقيه اور راويوں کي جرح و تعديل خوب ضبط اور تحقيق سے نهيں هوئے حتي که اهل صحاح نے اس ميں بڑا ضبط اور اهتمام کيا مگر متقدمين رجال کي نظر ميں ان ميں بهي بهت سے راوي متکلم فيه اور مجروح نکلے *

Preservation of traditions and their critical examination not to be found in any other nation.

الهته جو طريقے اصول روايت کے قايم کيئے اور جسطرح روايتوں کو اصطلاحي قسموں پر تقسيم کيا اُن سے اُن کي دقت نظر باريک بيني ذهانت اور عدم تقليد خوب ثابت هي — ابتدا ميں راسهرمزي نے ايک مختصر تصنيف فن درايت ميں لکهي پهر حاکم نيشاپوري معروف بابن البيع نے معرفت حديث ميں کتاب لکهي اور پهر احمد بن عبدالله ابونعيم اصفهاني نے کتاب النهاية فن حديث ميں لکهي اور خطيب بغدادي نے جنکي شهرت اور تلقي بالقبول تمام علماء اسلام ميں ظاهر هي اس فن ميں کتاب کفاية لکهي اور اور کتابيں مثل شرف اصحاب الحديث والسابق و اللاحق والمتفق و المفترق و المؤتلف و المختلف و تلخيص المتشابه و غنية المقتبس في تميز الملتبس و تميز متصل الاسانيد وغيره ذالک تصنيف کيں اور جيسيکه اپنے زمانه ميں خطيب تمام ايشيا ميں بے مثل تهے ايسے هي انهيں کے معاصر يورپ ميں [پانچويں صدي ميں هي] ابن عبدالبر صاحب کتاب الاستيعاب حافظ مصر تهے * *

يهه علم سواے سلسلة رواة کي تحقيق اور راويوں کي تفتيش مسلمانوں هي سے مخصوص هي — يهود نصاري ميں احاديث اور روايتوں پر عمل نهيں اور کتاب قاموده اور مشنا وغيره کتب يهود

روایتوں کے مجموعہ میں ان میں سے مشنا کی روایتیں ہرسوی صدی عیسوی میں قلمبند ہوئیں اور تالمود ہجرت سے سو برس پیشتر لکھی گئی مگر سلسلہ اسناد گویا کہ ندارد ہی ہی چاہے ان میں وہ باریکیاں اور نازک خیالیاں اور خبر کے افادہ علم کرنے یا مفید یقین ہونے کے معقول قاعدے معلوم ہوئے ہوں *

Grecian philosophy and its influence on the people of the Book.

۴۳ [۴] ایک اور علم مہتم بالشان علم کلام ہی یونانیوں میں علوم عقلیہ و حکمت کی اشاعت سن عیسوی سے پانچ یا چھ سو برس پیشتر ہوگئی تھی اس لیئے یہودیوں عیسائیوں اور مسلمانوں کے مذہب پر یونانی فلسفہ کا کم و بیش ضرور اثر ہوا یہود کی دینی کتاب یعنی توراۃ میں تو اسکا کچھ اثر نہیں پایا جاتا کیونکہ اسکی تالیف یا تصنیف اس فلسفہ کی اشاعت سے سالہا سال پیشتر کی ہی البتہ مصریوں کے علوم و فنون کا تعلق توراۃ کے احکام سے اگر کوئی شوق کرے تو دریافت ہوسکتا ہی مگر یونانی فلسفہ کی اشاعت ہوجانے کے بعد یہود کے عقاید میں بہت کچھ فلسفیت آگئی تھی اور عیسائیوں نے تو اول واجل عقاید کو اسی طرز پر قایم کیا اور حضرت یوحنا اور پولوس نے اور بعارس نے بھی شاید عموماً یونانیوں کی زبان اور علوم کی شہرت اور رواج سے اور خصوصاً نو یہودی سرآمد فلسفہ و جامع معقول و منقول کی معاصرت اور کچھ مصاحبت سے بھی تعدد قدما کا سا مسئلہ بالتخصیص لوگوس یعنی کلمہ کی ازلیت اور واجب الوجود سے اُس کی معیت ویسی ہی اعتقاد کرنے جیسی فاریہودی فیلسوف اور یونانیوں نے کی تھی *

یہود میں علم حکمت و معقولات کا رواج حضرت داؤد اور سلیمان سے ہوا — حضرت سلیمان کے رسالے حکمت کے مختلف علوم کے مدت سے محفوظ نہیں [علم حیوانات میں سے بالتخصیص علم منطق الطیر کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہی — یہہ اُڑتے جانوروں کا علم ایک شاخ ہی تیچرل ہسٹاری کی — اور منطق کا لفظ یونانی زبان کے لوجی کے مقابلہ میں ہی جس کے معنی ہیں علم جیسے جیولوجی — ڈولوجی فزیولوجی میں اور اسی منطق الطیر اور دیگر علوم سلیمانی کا ذکر کتاب اسقطیر باب ۵ پرق ۱۴ (نسخہ میراثی) میں ہی] مگر بعد زمانہ حضرت سلیمان علیہ‌السلام کے یہودیوں نے علوم حکمیہ میں بہت کم توجہ کی — قید کے زمانہ میں اُنھوں نے بہت سی نئی باتیں حاصل کیں اور بعد میں فلسفہ یونان میں سے بہت کچھ حق اور باطل باتیں حاصل کیں — اور کتاب حکمت سلیمان میں فلسفہ یونان بھرا ہوا ہی — اور بعد میں فلسفہ کو یہود میں بہت ترقی ہوئی — اور اسی فلسفہ کی بنا پر ان میں کئی فرقے مثلاً صدوقی فریسی وغیرہ ہوگئے اور حضرت عیسی کے زمانہ میں فریسیوں میں بھی کئی فرقے اور ہوچلے تھے اور اسی زمانہ میں خاص یہود میں حکیم اُور فیلسوف اور شماعی [یونانی سیاس شاید سمعون — ورق ۲ و ۲۵] اور گمالیل [اعمال ۵ و ۲۲ شاید وہی جو استاد پولوس مقدس تھا] بہت نامی زبردست اور صاحب مذاہب متبعہ گذرے *

جب سے فلسفہ یونان یاکادینیاں نے رواج پایا تھا یہودیوں نے روح کے تناسخ اور غیر فانی اور پہلے سے پیدا ہوچکنے کے مسئلہ کو تسلیم کرلیا تھا † پیروان فیثاغورس وافیقورس بلکہ افلاطون سے بھی مسئلہ تناسخ ‡ و تقدم خلق ارواح کے § ایجاد ہوئے اُنھیں سے یہودیوں نے اور اُن سے عیسائیوں نے سیکھا اور اسی طور سے مسئلہ وجود لوگوس یعنی کلمہ اس طرح پر کہ وہ عین ذات الٰہی اور قدیم ہی عیسائیوں نے فلسفہ یونان سے حاصل کرکے اپنے دینی عقاید کے مسئلوں میں شامل کر لیا حتی کہ حواریوں کے زمانہ میں اور یہودی فیلسوف جسطور کہ فلسفہ یونان کے تتبع پر لوگوس کا مسئلہ بیان کرتا تھا بعینہ اسی طور پر حضرت یوحنا حواری نے جیسا کہ مشہور ہی اپنی انجیل کے دیباچہ میں [باب اول ۱ — ۴] اسے درج کیا

† دیکھو تاریخ زریق‌الکبرا مصنفہ گین باب ۴۷

‡ تناسخ کا سا مسئلہ حواریان مسیح کے اعتقاد میں بھی معلوم ہوتا ہی دیکھو انجیل یوحنا ۹

§ عالم ارواح کا مسئلہ یعنی سب روحیں آدمیوں کے پیدا ہونے سے پہلے پیدا ہو چکی تھیں مسلمانوں میں بھی آیا اس اعتقاد سے کچھ اُن کی الٰہیات میں خلل نہیں واقع ہوا کیونکہ اُس کا اثر ذات الٰہی کے متعلق مسئلوں پر کم پہونچتا ہی مگر ہوچکا کہ عوام یا متفاسفین نے اسے قبول کیا الا محققین اسلام اور جامع معقول و منقول علماء مثل سید مرتضی علم‌الہدی و امام غزالی نے اس سے انکار کیا اور عوام‌الناس جو سورۃ اعراف کی [۱۷۱] ایت اور بعضی روایتوں سے جن کو اصحاب موالید بہت پڑھتے ہیں اس پر غلط استدلال کیا تھا اچھی طرح پر اُس کے صحیح معنی ظاہر کیئے ہیں چنانچہ سید مرتضی نے نقاب دررغرر میں اور امام غزالی نے کتاب النفخ والتسویہ [المضنون بہ علی غیرہ] میں اُس کی تفصیل کی ہی —

‖ "ابتدا میں نظام تھا اور نظام خدا کے ساتھہ تھا اور کلام خدا تھا وہی ابتدا سے خدا کے ساتھہ تھا" (انجیل یوحنا) مگر یاد رہے کہ فسخہ کلیمنس الکسندریانوس میں پہلی آیت یوں ہی * * * اور کلام خدا میں تھا *** پس حال کی عبارت سے جو تعدد قدما لازم آتا ہی جاتا رہتا ہی — اور دوسری آیت تو جانہ قدیم اور معتبر نسخوں میں جو محققین گیر ہسٹاچ اور میتھوٹی نے چھاپہ کی پائی نہیں جاتی *

اس سے پايا گيا کہ فلسفہ کا بہت بڑا اثر يہوديوں اور علي الخصوص عيسائيوں پر ہوا مگر مسلمانوں نے فلسفہ يونان کے مقابلہ ميں علم کلام ايجاد کيا اور عمدہ عمدہ کتابيں اصول عقايد کي لکھيں اور اُس کي ترديد اور تطبيق ميں کوشش کي *

۴۴ مسلمانوں ميں علوم کي عموماً ترقي اور حکمت اور فلسفہ يونان کي تحصيل دوسري صدي سے شروع ہوئي * Real progress of Moslems in Sciences.

علامہ ذهبي نے سنہ ۱۴۳ ع کے بيان ميں لکھا شرع علماء الاسلام في هذا العصر في تدوين الحديث والفقه والتفسير فصنف ابن جريج بمكة و مالك الموطا بالمدينة والاوزاعي بالشام و ابن ابي عروبة و حماد بن سلمة و غيرهما بالبصرة و معمر باليمن و سفيان الثوري بالكوفه صنف ابن اسحاق المغازي و صنف ابو حنيفة رحمة الله الفقه والراے ثم بعد يسير صنف هشيم و اللغه و ابن لهيعة ثم ابن المبارك و ابويوسف و ابن وهب و كثيرتدوين العلم وتبويه و دونت كتب العربية و اللغة و التاريخ و ايام الناس [تاريخ الخلفاء سيوطي] —

جيمبرس کے سائکلوپيڈيا ميں ايک مختصر سي کيفيت اسلام ميں ترقي علوم و فنون کے بيان ميں لکھي گئي هي اُس کا کچھہ انتخاب يہاں نقل کيا جاتا هي *

"سنہ ۷۴۹ ع ميں خلفاء عباسيہ کے عہد ميں علم ادب و فنون حکمت کا ظہور هوا اور المنصور [سنہ ۷۵۴ — ۷۷۵] کے ايام حکمراني سے هارون الرشيد [۷۸۶ — ۸۰۸] تک پوري فياضي سے اُن کي ترويت هوئي بہت سے ملکوں سے اهل علم طلب کيئے گئے اور بادشاهانہ سخاوت سے اُن کي بہت کچھہ داد و دهش کي گئي اهل يونان و شام و ايران قديم کي عمدہ عمدہ کتابيں عربي ميں ترجمہ هوکر مشتهر اور شايع هوئيں خليفہ مامون نے [جس نے ۸۱۳ سے ۸۳۲ تک سلطنت کي] سلطان روم کو سالانہ پارہ من سونا اور هميشہ کي صلح اس شرط پر منظور کي کہ ليو فيلسوف کو اجازت دي جاوے کہ چند مدت کے ليئے وہ يہاں آکر مامون کو فلسفہ و حکمت سکھلا جاوے فلسفہ حاصل کرنے کے ليئے ايسے زر خطير صرف کرنے کي بہت کم مثال مليگي — اسي مامون کے زمانہ ميں بغداد بصرہ بخارا اور کوفي ميں بڑے بڑے مدرسوں کي بنا پڑي اور اسکندريا بغداد اور قاهرہ ميں عظيم الشان کتب خانے بنائے گئے — اسپين ميں مدرسہ اعظم قرطبہ کا بغداد کي علمي شہرت کي همسري کرتا تھا — اور عموماً دسويں صدي ميں جہاں ديکھو وهاں مسلمان هي علوم کے حافظ اور سکھانے والے نظر آتے تھے — فرانس اور اور ممالک فرنگستان کے طالب علم جوق جوق اُندلس کو آنے شروع هوئے اور رياضي اور طب مدرسوں سے سيکھنے لگے — اُندلس ميں ۱۷ مدرسے اور ۵ بڑے بڑے کتب خانے جن ميں سے حاکم کے کتب خانے ميں ۶ لاکھہ کتابيں تھيں جمع هوئے — يہہ کيفيت ترقي علم کي جب کہ اُس زمانہ سے ملائي جاوے جو قبل زمانہ (محمد صلعم) گذرا تو ثابت هوتا هي کہ جيسا کہ عرب تنزلات ميں سبقت کرتے تھے ايسے هي ترقي علم ميں بھي يہہ لوگ تيز رفتار تھے *

"جغرافيہ تاريخ فلسفہ طب طبيعيات اور رياضي ميں مسلمانوں نے بڑا کام کيا — اور عربي الفاظ جو اب تک علوم حکميہ ميں بولے جاتے هيں مثلاً الکحل عطوبہ زينة قانو اور بہت سے ستاروں کے نام وغيرہ ذالک اس بات کي دليل هيں کہ يورپ کے انتساب علوم پر قديم سے مسلمانوں کو بہت دخل و تصرف هوا — مگر بعد کے زمانہ ميں ان سے جغرافيہ کا علم بہت کچھہ يورپ کو حاصل هوا — ايشيا اور افريقہ ميں جغرافيہ کي بہت اشاعت هوئي اور علم جغرافيہ ميں پراني عربي کتابيں اور سفر و سياحت کے رسالے تصنيفات ابوالفدا ادريسي ليو افريقانوس ابن بطوطہ ابن فضلان ابن جبير البورتي المنجم اور اوروں کي تحريريں اب تک مفيد اور گراں قدر هيں" *

"علم تاريخ بھي محدث سے حاصل کيا گيا اور قديم عربي مورخ جس کا حال همکو ملتا هي محمد الکلبي هي (جو سنہ ۸۱۹ ع ميں مرگيا) مگر اسي زمانہ ميں اور کئي ايک مورخ گذرے — اور دسويں صدي کے شروع سے تو عرب نے عام تاريخ پر بہت توجہ کي اور جن لوگوں نے تمام جہان کي تاريخ لکھنے کا ارادہ کيا اُن ميں ابن مسعودي — طبري — همزہ — اصفہاني — اور يوطيکيوس بطريق اسکندريہ ميں (مسعودي کي تاريخ کا نام مروج الذهب و معدن الجواهر هي) ان کے بعد ابوالفرج اور جارج الماقين [دو عيسائي] اور ابوالفدا وغيرہ هيں — نويري نے جزيرہ سقليہ کي تاريخ ايام سلطنت عرب کي لکھي — بہت سے اعراب عربي تاريخوں کے جن ميں عيسائيوں کي جنگ مقدس کا بيان هي فرانسيسي زبان ميں ترجمہ هوئے هيں اور اُندلس ميں مسلمانوں کي سلطنت کے حالات ابوالقاسم قرطبي [سنہ ۱۱۳۹ ع] تيجاني وغيرہ نے متعدد کتابوں ميں لکھے هيں جس کسي کو ان حالات کے دريافت کرنے کا زيادہ شوق هو تو تلو پھر کي تصنيفات خصوصاً وان هيمر کي کتابوں پر رجوع کرے" *

* * * * * * * * * *

"عرب کے فلسفہ کو جو يوناني الاصل تھا قران سے وهي نسبت تھي جو اوسط زمانے کے معقولات کو عيسائيوں کي کتب مقدسہ سے —

يعني فلسفه كو دينيات كا خادم سمجهاجاتا تها عربوں نے ارسطاطاليس كي تصنيفات كو بهت پڑها اور اسپين ميں اُس كي بڑي شهرت هوئي اور بالاخر تمام فرنگستان ميں عربي زبان سے لاطيني ميں ترجمه كے ذريعه سے اس كي اشاعت هوئي گو عرب كو خود هي عهد عباسيه ميں ترجمه كے وسيلے سے حاصل هوا تها — منطق اور علم مابعد الطبيعة پر زيادة تر توجه هوئي — اور مسلمانوں ميں مشاهيراهل فلسفه يهه لوگ هوئے هيں الكندي بصري جو نويں صدي عيسوي ميں تها الفارابي جس نے سنه ٩٥٤ ميں اصول [؟] ميں كتاب لكهي ابن سينا [مات ١٠٣٦] جس نے منطق اور علم مابعد الطبيعة اور طب كو جمع كيا اور علم كيميا و تشخيص امراض اور شناخت ادويات نباتي ميں بڑي ترقي كي — ابن يحيى جس كي تحقيق كي بڑي شهرت هوئي — الغزالي [مات ١١١١] جس نے كتاب تهافة الفلسفه تصنيف كي — ابوبكر ابن طفيل (مات ١١٩٠) جس نے اپنے قصه حي ابن يقدان [مطبوعه آكسفورڈ مقام اكسفورڈ سنه ١٦٧١] ميں انسانوں كا حيوانوں سے ظهور ميں آنے كا مسئله بيان كيا اور اس كا شاگرد ابن الرشد جو ارسطاطاليس كے مفسر هوئے ميں بڑا مشهور اور گراني قدر تها — ان لوگوں كا اور ان كے مسلک كا بيان شوكدرس اور رٹر كي كتابوں ميں مفصل مليگا " *

" بهت سے ان عرب فيلسوفوں ميں طبيب بهي تهے ان كے علم خواص ادويه ميں مهارت كامل حاصل كرنے كو هندوستان نے معلومات جغرافيه سے منسوب كيا هي * * * * * * * * * * * * * علم طب اس حيثيت سے كه وه ايک علم هي عرب هي كي ايجاد هي جنكر نهايت قديم اور وسيع ماخذ يعني هندي طبيب شروع هي سے مل گئے تهے — معجون بنانے كي كيمياوي تركيب عربوں نے هي ايجاد كي اور دواؤں كے مركب كرنے اور قسطه لكهنے كي ايجاد بهي انهيں سے هوئي — اور مدرسه سالرنو كے ذريعه سے يهه علم فرنگستان جنوبي ميں پهيل گيا [ديكهو رساله كوس موس مصنفه هنيرلك جلد ٢ ص ٥٨١ ترجمه بوهن] دواسازي اور قوانادين كي وجهه سے علم كيفاقات اور كيميا كي حاجت پڑي — اور تين سو برس تک يعني ٨ سے ١١ صدي ع تک كثرت سے ان علوم كي تحصيل هوتي رهي — اور جندسابور بغداد اصفهان فيروزآباد بلخ كوفه بصره اسكندريا قرطبه وغيره ميں فلسفه اور طب كے مدرسے جاري هوگئے — اور طبابت كے هر ايک صيغه ميں بجز علم تشريح كے بڑي ترقي هوئي — اس كے استثنا كي يهه وجهه هي كه قران ميں اجسام كي تشريح منع كي گئي هي [؟] — علم طب ميں يهه لوگ بڑے ناسي مشهور هوئے اهارون الكندي — ابي سينا † جس نے قانون لكها اور ايک مرصه تک اس فن ميں يهي ايک نصاب درس ميں رهي — علي بن عباس — اسحاق بن سليمان — ابوالقاسم — اور رؤس ‡ جس نے طب كي تكميل كي اور علي ابن عيسى وغيرهم " *

" رياضي ميں اهل عرب نے بڑي ترقي كي اور الجبرواالمقابله كو وسعت دي بغداد اور قرطبه كے مدرسوں اور رصدگاهوں ميں علم هيئت كمال شوق سے پڑها جاتا تها الحسن نے علم مناظر و مرايا ميں تصنيف كي اور نصير الدين طوسي نے اصول اقليدس كا ترجمه كيا جبر ابن عقله نے بطليموس كے علم مثلث پر شرح لكهي اور نظام بطليموسي كي كتاب مجسطي كو البتاني [؟] اور سو جيوس نے سنه ٨١٢ ميں عربي ميں ترجمه كيا — اور دسويں صدي ع ميں البتاني نے زمين كے دائره نصفيه كے ارتفاع پر نظر كي اور محمد بن جبر البتاني نے رفتار شمس كي دريافت كي — البطراجيوس نے ثوابت كے بيان ميں كتاب لكهي اور ابوالحسن علي نے آلات علم هيئت ميں تصنيف كي " انتهے

Literary benefits of Islam to most distant provinces.

٣٥ اسلام كي علمي فيض بخشي دور و دراز ملكوں ميں بهي هوئي اور ممالک فرنگستان كے رهنے والے بهي مسلمانوں كي ترقي علوم سے بهره ياب هوئے فرنگستان كے عيسائيوں كو مسلمانوں كي وجهه سے عربي زبان اور عرب كے اخلاق و عادات كے علم سے بهت بڑا فائده ديني پهنچا هوا كه عهد عتيق كي كتابيں جن كي زبان عبراني مدت سے متروك الاستعمال هي بهت سے مقامات پر عربي كي استعانت سے صاف صاف سمجهه ميں آئي شروع هوئيں — كيونكه عهد عتيق ميں بهت سے ايسے محاورات صرف هوئے هيں اور ايسے عادات كا بيان هي جو

† قانون في الطب عبراني زبان ميں بهي ترجمه هوا — اور لاطيني زبان كا ترجمه سنه ١٥٩٥ ميں چهپا اور اور فلسفه كے رسالے لاطيني زبان ميں ترجمه هوكر سنه ١٤٩٠ و ١٥٢٣ و ١٥٦٤ع ميں شهر وينس ميں چهاپے گئے — اور قانون كا عربي متن سنه ١٥٩٣ ع ميں روما ميں چهاپا گيا — چ غ

‡ يعني ابن رشد جن كا پورا نام ابوالوليد محمد بن احمد بن محمد ابن رشد هي ولادت سنه ١١٤٩ ع مقام قرطبه اور وفات ١١٩٨ يا ١٢٠٦ ع ميں — ابن رشد كي تصنيفات سے ترجمه حكمت ارسطاطاليس اور شرح ارسطاطاليس اور طب ميں كليات مشهور هيں اور اكثر لاطين ميں ترجمه هوئي اور جرمن ميں اصل بهي چهپي چ غ

اهل يورپ نهيں سمجهتے تهے مگر عرب ميں اُن کا استعمال اور رواج تها — مگر افسوس که يهاں باوجود شدت احتياج زبان ميري يا يوناني نهيں سيکهتے اور بڑے بڑے افضل الفضلا يهه نهيں جانتے که فارسليط کس زبان کا لفظ هی — ميں سمجهتا هوں که همارے زمانه کے اکثر علماء دين اور نيز مفسرين سابقين چهارم قرآن کے مضمون کو اس وجهه سے اچهي طرح نهيں سمجهه سکے که اُن کو يهوه کي زبان اور رسوم و عادات مذهب و خيالات طريق معاشرت اور اُن کي کتب ديني پر اطلاع نهيں †

هنري اوئيس نے هسٹري آف فلاسفي ميں لکها هی که —

"مسلمانوں هي کي وجهه سے يورپ ميں علم اور فلسفه پهونچا اس امر خاص ميں يورپ اُن کا ممنون احسان هی اور اس سے بڑا احسان عرب کا يورپ پر يهه هی که اُن لوگوں نے علم هندسه اور هيئت اور طب اور کيميا ميں بڑي کوشش کي اور اُنهيں کي بدولت اسپين سے فرانس هوکر فرنگستان ميں علم پهيلا" ‡

اورئينٹل ٹرانسليشن کميٹي کي اول تجويز ميں اس امر کا اعتراف هی که شايد عربوں اور فارسيوں سے زيادہ کسي قوم ميں علم تاريخ و تذکرہ و فن بديع کے ذخيرہ جمع نهيں هيں — اُن کي تاريخوں اور تذکروں کي کتابيں جن ميں اُن کے ارد گرد کے ملکوں کے حالات لکهے هيں وهي کتابيں اصلي ماخذ هيں اُن ملکوں کي تاريخ اور نامي اشخاص کے تذکرہ کي — اُن کي تاريخيں جنگ مقدس کے بيان کي جن ميں صحيح صحيح حالات لکهے هوئے هيں اُن کے پڑهنے ميں هر ايک پڑهنے والے کا دل لگيگا اور اهل تاريخ کو اُن سے بڑي مدد مليگي — فن ادب اور خصوصاً قصص و حکايات ميں تو کوئي اُن سے بڑهکر نهيں هوا اور جو کچهه ايسي کتابيں فرنگي زبانوں ميں ترجمه هوئي هيں اُن کے پڑهنے سے افسوس آتا هی که ايسي کتابيں جن سے ايسي مسرت حاصل هوتي هی بهت کم ترجمه هوئي هيں — اور في الحال همکو کيسي هي فضيلت ايشيا کے علوم و فنون پر حاصل هو مگر جهاں سے همنے اپنے مبادي علوم کو حاصل کيا تها اُس کا دريافت کرنا بے سود نهوگا — اس نسبت ميں همکو تسليم کرنا چاهيئے که ايشيا کي زميں فرنگستان کي بڑي بهن اور معلمه هی هے اور اگرچه وحشيوں کے ايک گروه نے اُس کے ملک غرب و شمال سے سيلاب کي مانند پهيل کرکے اُس کي روشني کو بجهها ديا مگر تو بهي هم لوگ فرنکاطه قرطبه اور سيولي کي مسلمان سلطنتوں کے ممنون احسان هيں جنهوں نے پهر علم کي روشني قايم کي کيونکه يورپ نے بهت سے وه علوم و فنون جو اب اُس نے بڑے اعلے درجه پر پهونچائے هيں ابتدا ميں وهيں سے حاصل کيئے تهے — رياضي اور طب کي ايشيائي تصنيفوں سے تو اب شايد کچهه علم نه حاصل هو مگر جب که يورنانيوں سے علم جاتا رها تها تو خلفاء کے عهد ميں ان علوم کي ترقي کا نشان پانا علم کے شايق کو بے مذاق نه معلوم هوگا کيونکه يونان کي مشهور کتابيں خلفاء بغداد نے عربي ميں ترجمه کرائيں تهيں تو کچهه بعيد نهيں که يونانيوں کي بعضي مفقود کتابيں اب عربي لباس ميں پائي جاويں الخ *

۴۶ يهه کيفيت ترقي کي مسلمانوں کي چند صديوں تک رهي مگر فقهاء کي نظرت اور فقه ميں بيحد توغل هونے سے وه ترقي رک گئي اور زوال شروع هو گيا — اور اب اس اخير زمانه ميں جهل اور اُس کي وجهه سے نکبت اور نقاهت مسلمانوں کے نصيب حال هوئي جس طرح پر که متقدمين مسلمانوں نے حکمت قديم اور فلسفه يونان کي تحصيل و تحقيق ميں جودت اور ذهانت دکهلائي اور اپنے اصول عقايد سے اُس کي تطبيق يا ترديد کرنے ميں نامور حاصل کي اسي طرح واجب اور لازم تها که متاخرين اهل اسلام بهي حکمت جديد اور فلسفه مجدده کو حاصل کرکے اپني فضيلت اور اسلام کي حقيقت تمام دنيا پر ظاهر کرتے کيونکه ان دنوں علوم جديده کي تحصيل بهت آسان هی اور نيز حکمت جديد مذهب اسلام کي مؤيد اور مصدق هی اور فلسفه فرنگ ميں وه باتيں

All this culture of early ages of Mohamedanism presents a strong contrast to the ignorance which now prevails among them.

† واركموا معالواقعين [بقر ع ۵] کي تفسير ميں مفسرين متحير هوئے اور بعضے بڑے مفسر لکهتے هيں " لاس اليهود لاركوع في صلواتهم " ! اور ايسا هي تفسير بيضاوي — معالم — کمالين وغيرہ ميں هی !!! —

‡ پرچه تهذيب الاخلاق جلد ۴ ص ۱۴۲

جو فلسفہ بھشیہ تیاسیہ میں تھیں تھیں ہیں اور فلسفہ شہودیہ جس کی بنا عیان و شہود پر ہی بہت مفید اور کار آمد ہی —

Modern writers have attempted to imitate European forms of thought and sentiments.

اس زمانہ میں بعضے دور اندیش دردمند اور مستعد مسلمانوں نے یورپ کے علوم جدیدہ کا اکتساب اور علوم اسلامی سے اُس کی تطبیق دینی چاہی ہی اور طرز معاشرت اور شایستگی عادات و طرز تحریر اور طریق تعلیم میں یورپ کا تتبع اختیار کیا ہی چنانچہ میکائل صباغ شامی جن کی کتاب بزبان عربی و فرانسیسی پاریس [١٨٠٥ ع] میں چھپی اور شیخ رفاعۃ القاھری جنکی متعدد تصنیفات نئی طرز پر قاہرہ اور پاریس میں مطبوع ہوئیں اور اُن میں ایک کتاب تلخیص الابریز فی تخلیص الباریز ہی جس میں فرانس کے سیر و سفر کا حال لکھا ہی — اور سیف اللہ بیروتی جس نے ڈی ساسی کے چھاپے ہوئے مقامات حریری [سنہ ١٨٣٨ ع] پر محققانہ نظر کی اور جنرل خیرالدین احمد وزیر مملکت ٹرنس (ترسیس) جن کی کتاب اقوم المسالک فی احوال الممالک کا اردو ترجمہ بھی یہاں مشتہر ہونے والا ہی — اور شیخ احمد افندی جن کی کتاب کشف المخبا عن فنون اوربا جس کی نواب لفٹننٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی نے کتب درسیہ میں داخل ہونے کی تجویز کی ہی — اور مولوی کرامت علی صاحب جونپوری متولی امام باڑہ مجسٹیہ ہوگلی صاحب رسالہ ماخذ علوم معہ ضمیمہ جمدہ مصنفین ہیں — اور مولوی مہدی علی صاحب کی فرزانہ اور دردمند تقریروں اور حکیمانہ تحریروں مسلمانوں کی درد انگیز حالت پر نہایت موثر طریقہ پر تاثیر ہوتی ہیں — خصوصاً جناب مولوی سید احمد خاں بہادر کی کوششیں جو مختلف طور سے بانتظام شتی مسیلمانوں کی خواب حالت اور نکبت و فلاکت کی اصلاح اور درستی اور علوم جدیدہ کی اشاعت اور حمایت اسلام میں بزرگے کار آرہی ہیں اُنہوں نے اکثر مخالف اور موالف کے بژمردہ بلکہ مردہ دلوں میں تحریک پیدا کر دی — اور ہندیوں کے تنگ و تاریک خیالات کو حقیقی نور کی آبیاری سے تر و تازہ کرنے کا سامان کیا — اور بالتخصیص مدرسۃ العلوم للمسلمین کی بنیاد ہمارے دین اور دنیا کی آرایش اور آسایش کا سرچشمہ ہی *

٢٧ یہہ مختصر تحریر اسلام کی دنیوی نعمتوں کے بیان میں جیسی کہ مفصل اور متین چاہیئے تھی نہیں ہوسکی اور بہت سے محاسن ملی و مدنی اور اخلاق اور معاشرت کی خوبیاں جو اسلام کی وجہ سے مسلمانوں میں پھیلیں وہ اچھی طرح سے تحریر میں نہیں آسکیں اور جو فائدے غیر قوموں اور دور و دراز کے ملکوں کو اسلام کے نور سے

A brief review of the positive benefits produced by Islam on the moral and political society and in private life shows that it is of heavenly origin, and a blessing to the world.

حاصل ہوئے اُن کا بھی استقراء اس تحریر میں نہیں ہوسکا کیونکہ ان سب مضامین کے لیئے ایک ضخیم کتاب اور اُس کے لیئے بہت بڑا سامان چاہیئے اور نیز حواسوں اور سمجھوں کے بیچ میں آ پڑنے سے سلسلہ کلام اور تقریر کے نظام میں خلل پڑ جاتا ہی مگر تاہم جس قدر اسلام کی خوبیاں اور اُس کے اثر میں بدیہی نتیجے ہمنے بیان کیئے ہیں اُن سے ثابت اور ظاہر ہی کہ جماعت اور قوم کے تمدن اور اخلاق پر اور نیز شخصی تہذیب اور تزکیہ میں اسلام کی جو تاثیر ہوئی اور جو اصلاح اُس کی مد نظر رہی وہ اُس کے منجانب اللہ ہونے کی مضبوط دلیل ہی — اور ہمیں خوب معلوم ہی کہ کسی فیلسوف کی حکمت یا کسی مزور کی جو ایسی باتیں ایسی الہی تاثیر اور عام اصلاح نہیں پیدا کرسکیں *

اس تقریر کو میں اس شہادت پر ختم کرتا ہوں جو افضل العلماء ریورینڈ راڈویل صاحب نے قرآن کے حق میں لکھی ہی — وہ چلد کہ وہ اس پر تجویز خرافیزی و غلامی وغیرہ کے غیر صحیح الزامات لگاتے ہیں مگر اُس کے کریمانہ اخلاق اور حکمت بالغہ کو تسلیم کرتے ہیں اور بالآخر لکھتے ہیں کہ " عرب کے سیدھے سادھے بھیڑیان چرانے والے خانہ بدوش بدو لوگ ایسے بدل گئے جیسے کسی نے سحر کردیا ہو — وہ لوگ مملکتوں کے بانی مبانی اور شہروں کے بنانے والے اور [جتنے کتب خانہ اُنہوں نے خراب کیئے † تھے اُن سے

† معلوم نہیں مصنف نے کس حادثہ پر اشارہ کیا ہی — لوگوں کے ذہن اُسی طرف جاوینگے کہ اسکندریہ کے کتب خانہ کی ویرانی جو عمرو بن العاص کے ہاتھہ سے چلیفہ ثانی کے حکم سے ہوئی — مگر

زيادہ) کتب خانوں کے جمع کرنے والے ہوگئے — اور قسطاط — بغداد قرطبہ اور دلي کے شہروں کو وہ قدرت ہوئي کہ عيسائي يوروپ کو کپکپا ديا — اور قرآن کي قدر ہميشہ اُن تبديليوں کے اندازہ سے ہوني چاہيئے جو اُس نے اپنے (طوعاً يا کرہاً) ماننے والوں کے عادات اور اعتقادات ميں داخل کيں — بت پرستي کے مٹانے — جہالت اور مادياتِ کے ترک کے عوض اللہ کي عبادت قايم کرنے — اطفال کشي کي رسم کو نيست و نابود کرنے — بہت سے توہمات کو دور کرنے اور ازواج کي تعداد کو گھٹا کر اُس کي ايک حد معين کرنے ميں قرآن بے شک عربوں کے ليئے برکت اور قدرتِ حق تھا گو عيسائي مذاق پر وحي ہو — اور جبکہ ہر ايک عيسائي کو بالضرور اس امر پر افسوس

اہل يورپ ميں اب تو يہہ عام راے ہی کہ يہہ قصہ دروغ محض اور بے بنياد ہی — جيمبرس کے انسائکلوپيڈيا جلد ايک ميں اسکندريہ کے کتب خانہ کے بيان ميں لکھا ہی کہ — متعصب عيسائيوں کے ايک گروہ نے بسرکردگي ارک بشپ تھيوفليس حملہ کرکے سنہ ۳۹۱ ع ميں جو پٹرسراپيس کے بتخانہ کو ڈھاديا اور غالباً وہاں کے علمي خزانہ يعني کتب خانہ کو بھي برباد کيا — اور يہہ اُس وقت ميں ہوا کہ کتب خانہ کي تباہي شروع ہوئي نہ کہ سنہ ۶۳۲ ع ميں عرب کے ہاتھوں سے خلافت عمر رضي اللہ عنہ ميں — وہ قصہ جس ميں يہہ ہی کہ عربوں کو بہت سي کتابيں جو چھ مہينے تک حمام گرم کرنے کے ليئے کافي ہوں وہاں ملگئيں تھيں — سخريہ کے طور پر مبالغۃً بيان کيا گيا ہی — مورخ اُروسيوس جس نے اس مقام کو بعد ازاں کہ عيسائيوں نے اسے خراب کر ڈالا تھا ملاحظہ کيا لکھتا ہی کہ اُس نے اُس وقت کتب خانہ کي صرف خالي الماريان ديکھيں *

مسلمانوں ميں تاريخي واقعات ميں تسامح اور مساہلت بہت ہوئي ہی اس وجہہ سے بے تکے اڑجاتے ہيں شايد اس قصہ کي ابتدا

ہوگا کہ مسلمان فتحمندوں نے بہت سے پہولے پھلے مکروني کليسہ ڈھا ديئے مگر اُسي وقت اس بات کو نہ پہولنا چاہيئے کہ يورپ نے منطقي فلسفہ کا علم — طبابت اور فن معمارت عربوں ہي سے حاصل کيا — اور مسلمانوں نے عيش و عشرت کے بہت سے سامان اور مفيد چيزوں کو ايک ملک سے دوسرے ملک کو ليجانے ميں مشرق اور مغرب کے قلابہ ملا ديئے " —

(ديباچہ ترجمہ قران ص ۲۴ مطبوعہ سنہ ۱۸۶۱ع)

راقـــــــم

چراغ علي

لکھنؤ — ۸ ذيقعد سنہ ۱۲۹۰ هجري

عبداللطيف (۱۱۶۲ — ۱۲۳۱) صاحب تاريخ مصر سے ہوئي ہو اس کے بعد ابوالفرجيوس (۱۲۲۶ — ۱۲۸۲) عيسائي مورخ ارمني اسقف کے ذريعہ سے بہت شہرت ہوئي اور احمدالمقرزي القاہري [۱۳۶۰ — ۱۴۴۲] اور ابن خلدون وغيرہ مورخوں نے مقالہ نقل کيا — مگو يرمليکيوس مصري بمطابق اسکندريہ (۸۷۶ — ۹۴۰ ع) اور جارج الماسين مصري مورخ [۱۲۲۳ — ۱۲۷۳ ع] ان دونوں عيسائي قديم و جديد مورخوں نے اور شاہ اسمعيل ابوالفدا (۱۲۷۳ — ۱۳۳۱) مسلمان مورخ اور ٹيز اوروں نے اس امر کا ذکر نہيں کيا — اور ارڈارڈ گبن [۱۷۳۷ — ۱۷۹۴] اور الکسندر ہميلٹ جرمني نے بڑي قوت سے اس کا انکار کيا ہی [ديکھو تاريخ رومہ جلد ۶ صفحہ ۳۳۶ مطبوعہ سنہ ۱۸۶۲ ع] [اور جلد ۲ نقاب کاس مرس ص ۵۸۲ سنہ ۱۸۶۴ ع] *

مجھے ايک حيرت ہی کہ جب کہ کتب خانہ اسکندريہ ۶۳۲ ميں جل گيا تھا تو نسخہ قدکس اسکندريہ جو قبل ہجرت کا لکھا ہوا کہلاتا ہی کيونکر بچ رہا ہوگا ! — چ غ *

بمقام عليگڈھ — مطبع عليگڈھ انسٹيٹيوٹ ميں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شايع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۱ ھجری سنہ ۱۳۰۵ نبوی [نمبر ۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاری کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسی کو بھی بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھی ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضائے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فوقتکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام مذہبی اس ترقی کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھی مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۷۷

حب ایمانی

اور

حب انسانی

کسی شخص کا قول ہی کہ محبت کسی حیثیت سے ہو ایک ایسی چیز ہی کہ محبوب کی دوستی دل میں بٹھا دیتی ہی اور یہی وجہ ہی کہ کافروں سے دوستی و محبت کسی وجہ سے کیوں نہو ممنوع ہی پس سید احمد خاں جو یہہ بات کہتے ہیں کہ مذہب اسلام کی رو سے کافروں سے صرف رہی دوستی ممنوع ہی جو من حیث الدین ہو اور اسکے سوا کسی کی دوستی اور سچی محبت جو ایک انسان کو دوسرے انسان سے ہوسکتی ہی کافروں سے کوئی شرعاً ممنوع نہیں تو ہم نہیں سمجھ سکتے کہ دوستی و محبت میں ان دونوں حیثیتوں کی تمیز ہم کیونکر کرسکتے ہیں *

مگر ایسا کہنا اور ایک بدیہی امر میں تمیز نہ کرنا کافی طور پر غور نہ کرنے کا نتیجہ ہی — ان دونوں حیثیتوں سے جو محبت اور دوستی انسانوں میں ہوتی ہی وہ ایسی بدیہی ہی کہ ہر شخص اعلی و ادنی عالم و جاہل اُس میں تمیز کرتا ہی *

فرض کرو کہ کوئی شخص کسی سے محبت رکھتا ہی ہم اُس سے سوال کرتے ہیں کہ تم اُس سے کیوں محبت رکھتے ہو وہ اس کا جواب دیتا ہی کہ وہ میرا بڑا محسن ہی اُس نے بڑے مشکل مشکل وقتوں میں مجھپر احسان کیئے ہیں تنگی کے وقت روپیہ سے مدد کی ہی بیماری کی حالت میں میری تیمار داری کی ہی دوا دارو علاج معالجہ میں بڑی کوشش کی ہی —

یا وہ اس کا یوں جواب دیتا ہی کہ ہم اور وہ مدت تک ساتھہ رہے ہیں دن رات آپس میں اُٹھنا بیٹھنا کھانا پینا ساتھہ رہا ہی روز روز کی ملاقات بات چیت ہنسی مذاق دل لگی مزاج کی ہمدمی موافقت کے سبب آپس میں دوستی و محبت ہوگئی ہی —

یا وہ یہہ کہتا ہی کہ جس فن کا مجھکو شوق ہی اُس فن کا اُس کو بدرجہ غایت کمال ہی اُس فن کے کمال کے سبب جس کا مجھکو شوق ہی اُس شخص سے دلی محبت اور جانی دوستی ہوگئی ہی —

یا اُس کا سبب وہ یہہ بتلاتا ہی کہ وہ شخص نہایت خوبصورت ہی اُس کے حسن و جمال نے میرے دل میں اُس کی محبت بلکہ اُس کا عشق پیدا کردیا ہی *

پھر ہم اُس سے دوسرا سوال کرتے ہیں اور کسی بزرگ کا بزرگان دین میں سے نام لیتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ تم اُن بزرگ سے بھی محبت رکھتے ہو وہ ضرور جواب دیتا ہی کہ ہاں کیوں نہیں *

تب ہم اُس سے کہتے ہیں کہ وہ بزرگ تو تمسے کئی سو برس پہلے گذر چکے ہیں اُنہوں نے کوئی تمہر احسان نہیں کیا کسی مشکل کے وقت میں تمہارے کام نہیں آئے کبھی تنگی کے وقت میں تمکو کچھہ نہیں دیا کبھی تمہاری تیمار داری نہیں کی کبھی تمہاری ہوا درمن علاج معالجہ میں کوشش نہیں کی کبھی وہ اور تم ساتھہ نہیں رہے نہ کبھی ساتھہ اُٹھے بیٹھے نہ کبھی آپس میں ملاقات بات چیت ہوئی نہ کبھی ہنسی مذاق ہوا نہ باہم مزاحی موافقت ہوئی جس فن کا تمکو شوق ہی وہ اُس کا نام بھی نہیں جانتے تھے نہ تمنے اُن کو دیکھا کہ اُن کے حسن و جمال نے تمکو فریفتہ کرلیا ہو پھر کیوں تم اُن سے محبت رکھتے ہو *

اس سوال کا وہ نہایت ناراض ہوکر اور لال سرخہ کرکر غصہ بھری آواز سے جواب دیتا ہی کہ میاں وہ بزرگان دین تھے خدا کے ہاں اُن کا بڑا درجہ ہی وہ دینداری میں یگانہ وقت تھے خدا پرستی اور زہد و تقوی و عبادت میں یگانہ تھے ایمان کامل اُن کو نصیب تھا دین میں سب کے سردار تھے اس لیئے اُن سے محبت رکھتے ہیں *

اب میں بتاتا ہوں کہ یہی پچھلی محبت ' محبت من حیث الدین ہی جس کو میں حب ایمانی کہتا ہوں اور یہی محبت غیر مذہب سے رکھنی شاعاً ممنوع اور حرام بلکہ کفر ہی اور پہلی محبت جس کو میں حب انسانی کہتا ہوں شرعا ممنوع نہیں اور دونوں قسم کی محبت میں بالبداہت تفرقہ و تمیز موجود ہی کہ ایک قسم کی محبت اُن اسباب ظاہری کی باعث تھی جو بمقتضاے فطرت انسانی ایک کو دوسرے کے ساتھہ پیدا ہو جاتے ہیں اور دوسری قسم کی محبت باوجود معدوم ہونے اُن تمام اسباب ظاہری کے صرف من حیث الدین تھی اب کون شخص ہی جو ان دونوں قسموں کی محبت میں تمیز نہیں کرسکتا *

پس جن لوگوں کا یہہ خیال ہی کہ غیر مذہب والوں سے سچی دوستی اور دلی محبت کرنا ممنوع ہی یہہ اُن کی محض غلطی ہی جو چیز کہ خدا تعالے نے انسان کی فطرت میں پیدا کی ہی وہ برحق اور بالکل سچ ہی ہمکو تمام دوستوں سے گو وہ کسی مذہب کے ہوں سچی دوستی اور دلی محبت رکھنی اور برتنی چاہیئے مگر وہ تمام محبت اور دوستی حب انسانی کے درجہ پر ہو نہ حب ایمانی کے کیونکہ حب ایمانی بلا اتحاد مذہب بلکہ بلا اتحاد مشرب ہرگز غیر ممکن ہی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہی ہدایت ہمکو ہمارے سچے مذہب اسلام نے کی ہی — وللہ درمن قال *

ما قصۂ سکندر و دارا نخواندہ ایم
از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

راقم
سید احمد

نمبر ۱۷۸

افسوس

مسلمانوں کے حال پر

ناصر الاخبار دہلی نے قسطنطنیہ کے اخبار سے کچھ حال بیت المقدس کے مسلمانوں کا لکھا ہی ہم بھی اُس کو اپنے اس پرچہ میں نقل کرتے ہیں اس مراد سے کہ ہمارے بھائی ہندوستان کے مسلمان اُس پر غور کریں اور اپنی قوم کی بھلائی و بہتری و ترقی کی کوشش کریں — دیکھو تمام دنیا کے مسلمانوں کا اور اُن کا بھی جو خود مسلمان بادشاہت میں رہتے ہیں تعصب و جہالت و نادانی اور کم فہمی سے کیا حال ہوگیا ہی اور آیندہ کیا حال ہونے والا ہی پس اب کون سی ذلت اور خواری باقی ہی جس کے آنے کی خوشی میں بیٹھے ہو — دیکھو خبردار ہو ہوشیار ہو جو راہ ہم نے مدرسۃ العلوم قایم کرنے اور مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کی سوچی ہی وہی راہ اُن کی بھلائی کی ہی — دیکھو اُس کی امداد سے غافل نہو کوشش کرو اور دل و جان سے اُس کے لیئے چندہ جمع کرو — دیکھو ہماری ناچیز کوششوں سے ایک لاکھ ساٹھ ہزار سے زیادہ چندہ ہوگیا ہی اگر اور لوگ بھی دل سے کوشش کریں اور باہمی نفاق اور اختلاف کو نکال ڈالیں تو مسلمانوں کے حق میں زیادہ تر مفید ہوگا — کیا تعجب کی بات ہی کہ جو کوئی یہہ خیال کرے کہ اگر مجوزہ مدرسۃ العلوم قایم ٹھہرا تو سید احمد کو حظ ہوگی سید احمد کو حظ ہو یا نہو اس میں کچھ شک نہیں کہ ہندوستان کے تمام مسلمانوں کو تو منہ دکھانے کی جگہہ نہیں رہنے کی اور یہہ بھی ہم اپنی عزیز قوم کو سمجھائے دیتے ہیں کہ اگر یہہ تدبیر کارگر ٹھہرتی اور انجام کو ٹھہ پہنچتی تو یقین جانو اپنا کہ پھر کبھی مسلمانوں کی بھلائی و بہتری کی ترقع نہیں ہوسکیگی پس یہہ اخیر دوا ہی خدا کو مائوس کر ہوتے در اپنی قوم کے حق میں اپنے ہاتھوں کانٹے مت بوؤ اگر مسئلہ مسایل میں بحث ہی یا مخالفت ہی تو ہم سے مدرسۃ العلوم سے اُس سے کیا تعلق ہی گنہگار ہوں تو میں ہوں تقصیر وار ہوں تو میں تمام مسلمانوں نے اور اُن کی ارداے نے اور خود تمہاری ارداے نے تمہارا کیا تصور کیا ہی جو مدرسۃ العلوم کی مخالفت ہے یا اُس میں مدد نکرنے سے اُن کے ساتھہ دشمنی کرتے ہو *

اُس اخبار میں لکھا ہی کہ اس زمانہ سے پیشتر شہر قدس میں ایک لاکھہ سے زیادہ مسلمان آباد تھے اور تین سو ساٹھہ سے زیادہ مسجدیں تھے چنانچہ اب تک اُن کے نشان موجود ہیں اور بزبان حال اس مضمون کے گویا ہیں کہ سواے خدا کے سب ہی کو تغیر و زوال ہی اور اب اُس شہر میں تیس ہزار سے زیادہ باشندے نہیں ہیں جنمیں سے اٹھارہ ہزار یہودی اور پانچ ہزار مسلمان ایک ہزار کاتھلک اور تین ہزار روسی اور مسکوبی اور ایک ہزار ارمنی و قبطی اور سریانی و حبشی اور ایکہزار انگریز پروٹسٹنٹ اور الیمانی اور ایک ہزار اور مختلف قوموں ہندی اور عجمی ہیں *

اکثر مکتب یہودی اور نصرانیوں کے ہیں اور مسلمانوں کے مکتب کا پتا بھی نہیں ہاں ایک مکتب رشیدیہ خاص اُن کا ہی مگو ایسا مکتب ہی کہ جسدن سے وہ مکتب کھلا ہی جسکو سات برس کا عرصہ گذرا ہی کوئی عالیعلم اُسمیں ایسا نہیں نکلا جو عربی لکھنا جانتا ہو چہ جائیکہ ترکی یا فرانسیسی یا اور کوئی زبان بھی جانے اس واسطے تمام سوداگر اور اہل حرفہ یہودی ہیں یا نصاری ہیں لیکن کوئیلے والے اور لکڑیوں والے اور ترکاری والے اور مزدور مسلمان ہیں — فاعتبروا یا اولی الالباب *

پس ہم اپنے بھائی ہندوستان کے مسلمانوں سے ہمنہ عرض کرتے ہیں کہ اس واقعہ سے نصیحت پکڑیں اور اپنے بھائی مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کے لیئے جو مدرسۃ العلوم قایم ہونا تجویز ہوا ہی اُسکے لیئے چندہ فراہم کرنے کی کوشش فرماویں *

یہہ حال جو لکھا گیا اُن مسلمانوں کا تھا جو خاص سلطان روم کی عملداری کے رہنے والے ہیں ہندوستان کے مسلمانوں کا حال بھی ایسا ہی یا ایسا ہی ہونے والا ہی میرٹ گزٹ میں پنجاب ریلوے کے ایک ملازم نے ایک واقعہ چھاپا تھا جسکی اس مقام پر مرقعۃ تہذیب لکھتا ہے بعینہ نقل کیجاتی ہی اُس واقع کا راقم لکھتا ہی کہ "میں پنجاب ریلوے کے کارخانہ سے متعلق ہوں اندنوں دو سو قلیوں کے رکھنے کی ضرورت پڑی — کیا عرض کروں جس کثرت سے اُمیدوار آئے ہیں یوں ہمارے ہاں تو روز پروز دوچار تاک میں لگے رہتے ہیں لیکن اندنوں اس کثرت سے آئے جیسے مسلمان لوگ کہیں نیاز کی روٹیاں تقسیم ہوتی ہوں اور وہاں اوپر تلے گرے پڑتے ہیں دو سو آدمی رکھے بھی گئے مگو ابھی تک لوگ اُسی طرح چلے آتے ہیں مفلس قلانچوں کو دیکھ دیکھ نکالا جاتا ہی مگر پیشہور درزی روز پھر اُمیدوار موجود ہوتے ہیں — میں خوب غور سے دیکھتا ہوں کہ مسلمان ہی بہت آتے ہیں اور ہندو بہت کم سید اور حافظ اور ملا اور بعضے لکھے پڑھے خاصے منشی ان قلیوں کی نوکری کرنے کے لیئے میرے پاس آئے جو دو سو آدمی ملازم رکھے گئے ہیں اُنکا حال بھی سن لیجیئے دو تلث مسلمان ہیں اور ایک تلث ہندو تل شمار میں سید جوتھائی سے زیادہ ہونگے — سو قلی کے کام پر لگائے گئے اور بیس لوہار اور اُسی مستری کے کام پر — لوہاروں

اور مستریوں میں مینے دیکھا تو بڑی تنخواہ پانے والے فقط دو مسلمان نکلے ورنہ سب ہندو ہیں — اس سے یہہ پایا گیا کہ مسلمان لوگ سوائے ساگ پات بیچنے اور رزیل تر رزگار کرنے کے دستکاری کے کاموں میں بھی اور اقوام کے برابر ترقی نہیں کرتے ہیں میں شہر میں رہتا ہوں ہر روز سیکڑوں آوازیں سنتا ہوں کہ ہایا سیدآل رسول کو للہ ایک روٹی دو مینے یہہ حال آپکی خدمت میں اسواسطے لکھہ بھیجا ہی کہ مسلمان لوگ اسے دیکھکر ذرا شرمائیں اور اپنی حالت درست کرنے اور اپنے تئیں مرتفع الحال بنانے کے اسباب حاصل کرنے میں ہمہ تن مصروف ہوجاویں کیا غضب ہی کہ آل رسول کہلائیں اور اپنے آپ کو ایسا ذلیل بنائیں — رسول خدا کو کیا جواب دینگے اور اُس شریف آل کو جو زکواۃ کا مال اپنے اوپر حرام سمجھتے ہیں (گدائی تو ایک طرف) کیا مونہہ دکھاوینگے " *

اب ہم اپنے مسلمان بھائیوں سے پوچھتے ہیں کہ اس سے زیادہ اور کیا بدبختی اور بدقسمتی ہوگی پس آپسکی مخالفت کو چھوڑو اور اپنی قوم کی دستگیری پر یکدل ہوکر مترجمہ ہو *

راقـــــــم
سید احمد

نمبر ۱۷۹

مدرسۃالعلوم مسلمانان

ایک ہمارے دوست نے ہمکو نصیحت کی کہ تم جو مدرسۃالعلوم کی کمیٹی کی روئدادیں تہذیب الاخلاق میں چھاپتے ہو اس سے لوگ سمجھتے ہیں کہ تہذیب الاخلاق اور مدرسۃالعلوم ایک چیز ہی آیندہ سے مت چھاپا کرو — اول تو ہمکو اسبات کے سننے سے تعجب ہوا پھر ہمنے خیال کیا کہ شاید یون ہی ہو اسلیئے جواب دیا کہ بہت خوب مگر شاید اُس کے حالات کی خبر لکھنا کچھہ جرم نہو *

مدرسۃالعلوم کی حالت عنایت الہی سے بہت اچھی ہی روز بروز اُس کے چندہ کو ترقی ہوتی جاتی ہی انتیسویں مارچ تک اُس کا چندہ ایک لاکھہ ساٹھہ ہزار آٹھہ سو ستاوہ روپیہ آٹھہ آنہ ہوچکا ہی نہایت نیک اور خدا پرست باشرع متقی عالم لوگوں نے بھی چندہ دیا ہی اور کمیٹی کی ممبری بھی قبول کی ہی نہایت خوشی کی بات ہی کہ ہمارے شیعہ بھائی بھی اس مدرسہ کا قایم ہونا دل سے چاہتے ہیں ہمکو جناب مجتہد العصر سید علی محمد صاحب سلمہ‌اللہ تعالی سے اس معاملہ میں بہت کچھہ امداد کی توقع ہوئی ہی *

حضور عالی حاجی حرمین شریفین نواب محمد قلب علی خاں بہادر والی رامپور فرزند دلپذیر ہولی انکاشیہ کمیٹی مدرسۃالعلوم کے پیٹرن ذمہ‌ئی مربی و سرپرست ہوئے ہیں اور پندرہ ہزار روپیہ نقد اور بارہ سو روپیہ سالانہ کی جاگیر وقفی قیمتی تیس ہزار روپیہ کی بطور سرمایہ مدرسہ مرحمت فرمائی ہی اور فوتگیشن کے اخراجات جو پانچ ہزار روپیہ سے کم نہونگے اپنے ذمہ قبول فرمائے ہیں اور اس عطیہ کی میزانتک پچاس ہزار روپیہ کی ہوتی ہی *

گورنمنٹ اضلاع شمال و مغرب نے ایک نہایت عمدہ اور وسیع قطعہ زمین تعدادی پونے دو سو بیگھہ پختہ کا واسطے تعمیر مکان مدرسہ اور باغ متعلق مدرسہ کے مرحمت فرمایا ہی *

کمیٹی نے فی‌الفور باغ کی درستی کی تدبیروں شروع کی ہیں اور منظور اُن عنایات و امداد کے جو حضور سر ولیم میور صاحب بہادر ایل ایل ڈی کے سی ایس آئی نواب لفٹننٹ گورنر بہادر اضلاع شمال و مغرب نے فرمائی ہی اُس باغ کا نام " دی میور پارک " رکھنا تجویز ہوا ہی *

اب ہم اپنے بھائی مسلمانوں سے عرض کرتے ہیں کہ جو جو لوگ اس خیال سے ہمت ہارے ہوئے تھے کہ اتنا بڑا کام کیونکر انجام ہوگا اُنکو غور کرنا چاہیئے کہ بہت کچھہ اس کام میں ہوتا جاتا ہی اب ہمت ہارنی نہیں چاہیئے اور مستعد ہوکر اس کام کے انجام میں کوشش کرنی ضرور ہی ہمت مرداں مدد خدا مشہور مقولہ ہی ہمت کرو اور جسقدر بڑا کام اور جسقدر زیادہ مشکل ہو اُتنی ہی زیادہ کوشش کرو خدا سب مشکلوں کا آسان کرنے والا ہی —

مشکلے نیست کہ آساں نشود
مرد باید کہ ہراساں نشود

راقم
سید احمد

نمبر ۱۸۰

مباحثہ

نئی تہذیب اور پرانے خیالات کا

ایک دوست ایک اپنے قدیم دوست پاس آئے اور دیکھا کہ وہ قدیم دوست کسیقدر نئی تہذیب میں ہیں کچھہ دل میں آزردہ ہوئے اور کہا کہ آج کل ہندوستان میں تہذیب کی بڑی دھوم دھام ہی کوئی کہتا ہی کہ پتلون پہنا اور چوری کانٹے سے کھانا میز کرسی پر بیٹھنا بہت بڑی تہذیب ہی اور بہت لوگ کہتے ہیں کہ یہہ سب باتیں دین اسلام کے برخلاف ہیں اپنے بزرگوں کے دستوروں کو چھوڑنا بہت بری بات ہی پھر فرمائیے تو کہ آپ کس رنگ میں ہیں *

جواب — آپ نے اخلاق ظاہری اور اخلاق جلالی ضرور ملاحظہ کی ہوگی اُس زمانہ میں علماء اسلام نے حکماء یونان کے اقوال کو نہایت اچھا سمجھا تھا اور اُن کو اختیار کیا تھا اور جو کہ حکماء یورپ کے

اقوال اُن سے بھی عمدہ ہیں اس لیئے اس زمانہ کے مسلمانوں کو لازم ہی کہ یورپ کے حکماء کے اقوال کی عزت کریں *

سوال — آپ نے تہذیب کے کیا معنی سمجھے ہیں *

جواب — وہی جو اخلاق جلالی و اخلاق ناصری میں لکھے ہیں یعنی سیاست نفس سیاست منزل سیاست مدن مگر اتنا فرق ہی کہ اُس زمانہ کے لوگوں نے لکھا پر کیا کچھہ نہیں یورپ کی قوموں نے ان تینوں باتوں کو بدرجہ کمال پہونچا دیا *

سوال — کیا تہذیب انگریزی بوٹ اور کالا کوٹ ہی پہننے میں ہی جس پر لوگ ہنستے ہیں اور برا کہتے ہیں *

جواب — ہنسنا تو ایک حماقت کی بات ہی مگر سمجھنا چاہیئے کہ ہر ایک چیز کی جدا جدا تہذیب ہی لباس اور روزمرہ کے دستورات کی تہذیب بمنزلہ الف بے کے ہی اگر یہہ شروع نہو تو سبق تہذیب کا آگے چل نہیں سکتا *

میں نے جو یہہ کہا کہ ہر ایک چیز کی جدا تہذیب ہی اس کی پختہ تمثیلیں سفر ہندوستان میں پہلے سب آدمی مٹی کے چراغ میں تیل ڈالکر طاق میں رکھتے تھے جس سے طاق چکنا اور دیوار کالی ہوتی تھی ہزاروں پتنگے اُس میں چمٹ کر رہ جاتے تھے اُس میں تہذیب ہوئی اور لکڑی کا دیوٹ بنایا گیا طاق کا چکنا ہونا اور دیوار کا کالا ہونا تو موقوف ہوا مگر دیوٹ ایک ایسی بے ڈول چیز تھی جسپر سیروں چیکٹ جم جاتا تھا ہزاروں جانور چمٹ چمٹ کر مرجاتے تھے جس اُٹھاکر دوسری جگہہ لیجاؤ تو ہاتھہ کالا اور چکنا ہوجاتا تھا پھر اُس میں بھی تہذیب ہوئی کہ پیتل کا دیوٹ بنایا اور فتیل سوز اُسکا نام رکھا اُس میں بھی وہ سب نقص تو رہے مگر اتنا ہوا کہ اٹھویں دسویں روز سلیقہ والے گھروں میں پورہل ڈالکر اور مانجھہ کر صاف کرلیتے تھے اب حکماء یورپ نے اُس کی اور زیادہ تہذیب کی اسپ نکالا جسکا تیل سب چھپا ہوا ہی ایک نل کے ہلانے سے بتی اوپر تلے چڑھ اُتر آتی ہی پھر روشنی کی چیز میں تربتی کی کراسین کا تیل نکالا جس میں مطلق چکناہٹ نہیں پھر اُس سے بھی بڑھ کر گیس نکالی کہ وہ صرف ایک ایسی صاف ہوا ہی جو نظر بھی آتی ہی مگر نہایت عمدہ بغیر تیل بتی کے جلتی ہی اور اب ایک اَور قسم کی روشنی نکلتی ہی جو ان سب سے بڑھ کر ہی پس یہہ تمام درجے جو میں نے بتائے چراغ کی تہذیب کے تھے اگر ہمارے ملک کے لوگوں سے کہا جاتا کہ چراغ میں تہذیب کرو تو وہ اپنی نادانی سے ہنستے اور کہتے کہ چراغ میں کیا تہذیب ہوگی تہذیب کی باتیں تو اَور ہیں اسی طرح وہ لوگ بھی احمق ہیں جو یہہ بات کہتے ہیں کہ لباس نشست برخاست میں کھانے پینے میں کیا تہذیب ہی تہذیب کی باتیں تو اَور ہیں *

دیکھو ہندوستان میں بیٹھنے کی چیز پیڑھی تھی کرسیاں اور کوچیں اُس کی تہذیب ہیں چمڑے کی جامدانی تمام ہندوستان میں عمدہ چیز گنی جاتی تھی اب چمڑے کے بکس اور انواع اقسام کے پورٹ مینٹو اور بیگ اُس کی تہذیب ہی کات کے صندوق سب استعمال کرتے تھے اُس کی تہذیب خانوں دار الماری ہی جس میں سب چیز علاحدہ علاحدہ احتیاط سے رہتی ہی *

ہندوستان میں قورمہ دار پندرق اور اچیر کو پتورنہ کے چھیر بچھہ تھے اب دیکھیئے کہ اُس کی تہذیب ہوکر کیسی کیسی عمدہ پندرقیں اور عجیب و غریب مہنچے ایجاد ہوئے ہیں آپ نے پینڈی کی طرف سے بھرنے والی پندرقیں دیکھیں جن کا کارتوس خود آتا جاتا ہی اور چھوٹنے کے بعد خود گر پڑتا ہی اور بغیر رنجک اور پٹاخہ لگائے چل جاتا ہی *

آپ ہندوستانی گاڑی اور یکہ و رتھہ پر ضرور سوار ہوئے ہیں جس میں پھپچا تک ہل جاتا ہی اُسکی تہذیب بگھی و چرٹ ہی اور اسوقت ریل سب سے اعلی اُنکی تہذیب کا درجہ ہی پس اُن نامہذب چیزوں کا استعمال تہذیب ہی یا مہذب چیزوں کا *

سوال — بیشک اُن تہذیب یافتہ چیزوں کا استعمال تہذیب میں داخل ہی اور روز بروز تمام قوموں میں اور مسلمانوں میں اُنکا استعمال ہوتا جاتا ہی مگر بوٹ اور کوٹ پتلون پہننا اور میز کرسی پر چھری کانٹے سے کھانا خاص انگریزوں کا دستور ہی ہمکو اُنکی تقلید کرنی کیا ضرور ہی جناب پیغمبر خدا صلعم نے چھری کانٹے سے میز پر بیٹھہ کو نہیں کھایا علاوہ اس کے جو لوگ ایسا کرتے ہیں اُنکی نسبت علماء میں تشبہ بقوم کی دلیل سے کفر کا فتوی دیتے ہیں *

جواب — آپ نے تو بہت سی باتیں کہہ مدت کردیں مگر سب کا الگ الگ جواب سنیئے *

انگریز اس دلیل سے تو میز کرسی پر کانٹے چھری سے نہیں کھاتے کہ حضرت عیسی یا حواریین نے اصلاح پر کھایا ہی پھر آپ کیوں دنیاوی پرتاؤ کی باتوں میں جناب رسول خدا صلعم کا ذکر لاتے ہیں جو حالت اور جو طریقہ زندگی اور گفتار اوقات اور کھانے پینے کا جناب رسول خدا صلعم کا تھا وہ کسیکا ہی جو کچھہ چیزیں آپ کھاتے ہیں اور پہنتے ہیں اور تورہ سے کھنچے ہوئے پلنگ پر سوتے ہیں اور چار چار جمالوں دار تکیہ اِدھر اُدھر ہوتے ہیں اور ہر در گل تکیہ اُس پر مزید ہیں دن رات پان بازی ہوتی ہی در گوشتا پلاؤ نوش ہوتا ہی — کیوں جناب رسول خدا صلعم نے بھی ایسا کیا ہی پس ایسی باتوں میں آنحضرت صلعم کا نام مبارک لیتے ہوئے ہمکو شرم کرنی چاہیئے ہمارا مقصد اس لایق نہیں ہی — یہہ سب اُمور دنیوی ہیں عقل و حکمت سے علاقہ

رکھتے ہیں دین و مذہب سے اُنکو کچھہ تعلق نہیں ہی ہم کب کہتے ہیں کہ تم انگریزوں کی تقلید کرو بلکہ دنیاوی باتوں میں جو عقل کے نزدیک بہتر ہو اُس پر چلو *

آپ اور تمام ہندوستان کے لوگ انگریزوں کا بنایا ہوا کپڑا پہنتے ہیں کیونکہ وہ نہایت عمدہ ہوتا ہی لباس سے در چیزیں متعلق ہیں ایک کپڑے کی عمدگی جس کا لباس بنایا جاوے دوسرے لباس کی قطع پہلی بات کو تو آپ قبول کرتے ہیں کہ انگریزی کپڑے سے بہتر کپڑا نہیں مگر انگریزی لباس کی جو قطع ہی اُس سے بہتر کوئی قطع بھی نہیں جسطرح کہ خدا تعالی نے انسان کے بدن کو بنایا ہی اُسیطرح انگریزی لباس کی قطع ہی اور بھی سبب ہی کہ انگریزی لباس ہو مضر کے موافق اور بدن میں ٹھیک و چست ہوتا ہی برخلاف ہندوستانی لباس کے کہ ایک اُس کی قطع بھی اعضاء بدن کے موافق نہیں ہی پس اسصورت پر لباس کی قطع کرنا بھی ایک صنعت ہی جس طرح کہ ہزاروں آدمی کپڑے کی صنعت کو پسند کرتے ہیں اسیطرح بہت سے آدمی قطع کی صنعت کو بھی پسند کرتے ہیں *

یہاں تک گفتگو ہوئی تھی کہ مجیب صاحب خانہ نے ایک کتاب اُٹھالی اور کھول کر دیکھایا کہ یہہ تصویر سلطان عبدالمجید خاں مرحوم قیصر روم کی ہی اور یہہ تصویر نکلس شہنشاہ روس کی ہی اب بتاؤ کہ ان دونوں کے لباس میں کیا فرق ہی — چند صفحہ اُلٹکر سلطان عبدالعزیز خاں سلطان حال کی تصویر دکھائی یہہ تصویر اُس وقت کی تھی جب وہ لندن گئے تھے پھر ایک ورق اُلٹ کر اسمعیل پاشا خدیو مصر کی تصویر دکھائی پھر عبدالسلام بادشاہ مراکو کی تصویر دکھائی کہ سب انگریزی قطع کا لباس کوٹ پتلون پہنے ہوئے ہیں اور کہا اب تمام مسلمانی ملکوں کے سرداروں اور امیروں نے بھی لباس اختیار کیا ہی کیا یہہ سب کافر ہیں — نعوذباللہ *

ایک اَور صاحب جو وہاں بیٹھے ہوئے چپکے چپکے باتیں سن رہے تھے بول اُٹھے کہ صاحب جس حال میں سلطان روم اور تمام مسلمان بادشاہ اور اُنکے امراء اور وزراء ایسا لباس پہنتے ہیں جہاں بڑے بڑے علماء بھی موجود ہیں اور خود سلطان عادل کا مرتبہ مجتہد سے فایق ہی تو اب اس میں بحث کرنا † محض فضول ہی *

سوال — صاحب یہہ سب سچ مگر کیا نیچچیئے ہندوستان کے ملا تو من گشیہہ پر فتوی دیکر کافر بنائے دیتے ہیں *

جواب — جناب یہہ ملا نہیں ہیں بلکہ تکیہ ملاں ہیں یہہ ترجمہ در مختار کا جسکو مولوی محمد احسن صاحب نے چھاپا ہی موجود ہی حنفی مذہب میں یہہ کتاب نہایت معتبر ہی اور اسی پر حنفی مذہب کا مدار ہی اس کی جلد اول صفحہ ۸۲۵ میں یہہ عبارت لکھی ہی کہ "مشابہ ہونا اہل کتاب سے ہر چیز میں مکروہ نہیں مثلاً کھانا اور پینا اور دوسری ضروریات مدنی مسلمانوں اور اہل کتاب کی یکساں ہیں تو مشابہت سے کچھہ حرج نہیں بلکہ بری بات میں مشابہت مکروہ ہی" علاوہ اس کے احادیث شریف میں بھی آیا ہی کہ جناب پیغمبر خدا صلعم نے اور ملکوں کا لباس پہنا ہی یعنی جبۂ شامیہ اور جبہ رومیہ اور کسروانیہ اور قباے فروج جسکا پیچھے سے دامن چاک تھا زیب تن مبارک فرمایا ہی اور اونی دلیلوں سے علماء روم نے فتوی دیا ہی ہندوستان کے کٹھہ ملا اگر تعصب سے اپنی آنکھیں بند کرلیں تو اسکا کیا علاج ہی بعد اسکے کتاب فتوح الصفو اور فتوح الشام کھولی اُس میں لکھا تھا کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ علانی لباس حاکم بعلبک کا پہنے ہوئے تھے پھر کیمیاے سعادت غزالی اُس کے رکن سوم اصل دہم میں لکھا ہوا تھا کہ جناب سلطان الانبیا صلعم کے واسطے کفار جو کپڑا ہدیہ بھیجتے آپ اُسے بھی پہن لیتے صحابہ کبار بھی جو کپڑا کفار کی لوٹ میں پاتے بے تکلف پہن لیتے *

ایک صاحب حاضرین میں سے بول اُٹھے کہ جب ہندوستان کے بھی ارگ متفق ہوجاوینگے تب قدیم لباس چھوڑا جاویگا ورنہ قدیم جاا چھوڑنی لازم نہیں *

صاحب خانہ نے کہا کہ حضرت ہزار عاقل تو ایک بات پر متفق ہو جاتے ہیں مگر جاہل دو بھی ایک بات پر متفق نہیں ہوتے ہندوستان میں توہمات باطلہ بہت ہیں ممکن نہیں کہ ایک بات پر گروہ کیسی ہی اچھی ہو چند شخص متفق ہو جاویں ایک زمانہ تھا کہ کھڑکی دار پگڑی اور گھیردار جامہ اور گھنٹلہ جوتے کا رواج تھا پھر ٹیمہ بھی پہننے لگے اور رنگ برنگ کے چپرے اور لپٹواں پٹیاں باندھنے لگے پھر دوپلڑی ٹوپی اور چھ نلیا انگرکھہ اور غرارہ دار پاجامہ شروع ہوا کسی کمیٹی نے یہہ لباس نہیں شروع کیا تھا کسی ایک شخص نے اُس کو جاری کیا دیکھا دیکھی سب کرنے لگے مگر جو لوگ جامہ اور ٹیمہ پہننے کے عادی تھے وہ ان لوگوں کو ہزاروں نام رکھتے تھے اور برا بھلا کہتے تھے پھر چند روز کے بعد اُنھیں جامہ پہننے والوں نے اُس لباس کو پھینا اور اُن کی اولاد نے تو بالکل اُسی کو اختیار کرلیا اب اگر کوئی جامہ پہنکر نکلے تو لڑکے تالیاں بجاکر پیچھے پڑجاویں میرا لباس دیکھیئے کہ اگرچہ ہندوستانی لباس سے کسی قدر فرق ہی مگر انگریزی قطع کا بھی نہیں ہی صرف قدیمی لباس میں کسی قدر ترمیم کی ہی خلقان ایک قدیمی لباس ہی اُس کا طول نصف ٹخنے پر رہتا ہوں کلیاں چوڑیدار بدستور ہندوستانی قطع کا ہی اکثروں میں

† اس مباحثہ کے وقت سید احمد خاں کے کسی دوست کی روح وہاں حاضر تھی وہ بول اُٹھی کہ اسی لیئے یہ تقلید مسلمانان سید احمد خاں نے بھی یہہ لباس اختیار کیا ہی — ۱۲ مہتمم

صدری کا ساز لگا ہوا ہی پھر میں پٹی ہیں اور پھر پلیٹ دار ہیں عورتوں طرف سینہ پر اور پشت پر دو انچھہ چوڑی پلیٹ ہی یہہ خاص توکوں کا ایجاد ہی اور کمر کی پٹی بھی ترکوں کا دستور ہی اور پاجامہ معمولی وضع کا ہی باریک کپڑہ پسینہ نفوذ کرنے سرد و گرم ہوا کے انسان کے لیئے مضر ہی اس لیئے غف کپڑہ کی پرھاک بناتا ہوں جاڑے میں بالات اور کشمیرہ کا لباس پہنتا ہوں *

سوال — ہندوستان میں جو لباس مروج ہیں اُس میں کیا برائی ہی اور اُس میں تبدیل اور تہذیب کی کیا ضرورت ہی *

جواب — آپ کو گاڑی اور رتھ کے بدلے چرث اور پکھی رکھنے اور قیوت اور قتیل سوز کے بدلے لمپ اور فانوس جلانے کی کیا ضرورت ہی صرف اُن کی مندگی کے سبب سے تبدیل کی گئی ہی پس لباس کے تبدیل کرنے کی بھی یہی ضرورت ہی ڈھیلا لباس آدمی کو چست نہیں رکھتا اور جاڑے میں رضائی یا دوشالہ میں لپٹ کر آدمی آدمی نہیں رہتا بلکہ ایک گٹھری ہو جاتا ہی *

مہمان نے کہا کہ اس میں کچھہ شک نہیں کہ اونچا لباس اور چست سب طرح سے اچھا ہوتا ہی سواری شکاری میں بھی فائدہ دیتا ہی مگر یہہ تو فرمائیے کہ چھری کانٹے سے کھانے کی کیا ضرورت ہی بلکہ خلاف سنت ہی اور ہاتھہ سے کھانا سنت ہی *

جواب — ہاتھہ سے کھانا سنت موکدہ نہیں ہی جس کے ترک میں گناہ ہو آپ ہزاروں کام سنت موکدہ کے خلاف کرتے ہیں اور کچھہ خیال بھی نہیں کرتے مگر ہاتھہ سے کھانے کی سنت آپ کو یاد ہی جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں چالیس چالیس روز تک چھوارہ اور پانی کے سوا اور کچھہ نہوتا تھا جو کے بغیر چھنے آٹے کی روٹی اکثر نوش فرماتے تھے مگر آپ روز مرہ قورمہ اور پلاؤ اور متنجن بریانی مزعفر فیرینی رغیرہ مرغن سے مرغن کھانے نوش فرماتے ہیں کبھی مسنون کھانا کھانے کا خیال نہیں آتا مگر کھانے کے مسنون طریقہ پر بھت کرتی ہی اور وہی ٹھیک مثل آپ پر صادق آتی ہی جو حامی اسلام سید احمد خاں نے کہی ہی کہ کھانے فرعونی اور طریقہ مسنونی — ایک طرف دس انگریز اور ایک طرف دس مسلمان اور ایک طرف دس ہندو کھانا کھانے کو بیٹھا دو کہ اپنے اپنے طریق پر کھاویں اور تمہارے دل میں جو باتیں سمائی ہوئی ہیں اُنکو تھوڑی دیر کے واسطے علیحدہ طاق میں رکھہ دو اور موروکوں کی آنکھہ سے پلہ تعصب دیکھو کہ تینوں قومیں میں سے کس کے طریقہ میں نفاست اور صفائی ہی میرے تین دوست ایک انگریز کے یہاں مہمان ہوئے ایک اُن میں سے سو گھیئے ہوئے سواری صاحب بھی تھے انگریز اونچی میز و کرسی پر یہہ تینوں اُس کے سامنے فرش پر بیٹھے اور کھانا کھانا شروع کیا سواری صاحب کے ہاتھوں پر ضرر پہنچنے لگا اور وہ بار بار چاٹنے لگے یہہ دیکھہ کر وہ انگریز پہلے تو ہنسا آخر اُس کو اس قدر کیوں آئی کہ کھانا چھوڑ کر کمرہ سے باہر نکل گیا جیسا آپ ہندوؤں کو ننگے بدن چوکے میں بیٹھا دیکھہ کر اُن کی طرز خورش پر حقارت سے ہنستے ہیں ایسا ہی انگریز ہم لوگوں کے کھانے کے طریقہ کو حقارت کی نظر سے دیکھتے اور اُس پر ہنستے ہیں اور کھانے والوں کو گنوار کہتے ہیں *

مہمان نے کہا یہہ تو آپ نے سچ فرمایا کیونکہ جب کئی مسلمان باہم کھانا کھانے بیٹھتے ہیں تو اُن میں سے بعضے ایسے قحلے پن سے کھاتے ہیں جسکو دیکھکر نفرت آتی ہی اُنکا یاں شوربہ سے بھرتی جاتی ہیں اور وہ چاٹتے جاتے ہیں پلاؤ میں شوربہ ہاتھہ سے ملاتے ہیں اور اُسی لتھڑے ہوئے ہاتھہ سے اُسکو کھاتے ہیں چاروں اُنگلیوں سے قرنی کے سڑپے بھرتے ہیں جی تو چاہتا ہی کہ میں بھی چھری کانٹے سے کھایا کروں مگر لوگوں کے برا کہنے سے ڈر لگتا ہی *

جواب — یہہ آپ کا خیالی ڈر ہی لوگوں کا یہہ دستور ہی کہ پہلے تو ایک شخص پر ہنسا کرتے ہیں اور پھر آپ بھی ویسے ہی ہو جاتے ہیں *

سوال — انگریزوں کے ساتھہ کھانا کھانا کیسا ہی *

جواب — انگریزوں کے ساتھہ کھانا خدا اور رسول کے حکم سے

جائز ہی قران شریف میں صاف حکم موجود ہی طعام الذین اوتو الکتاب حل لکم اور خود جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے مسماۃ زینب یہودیہ کی دعوت کھائی جس نے گوشت میں زہر ملایا تھا چنانچہ اُس زہر کے اثر نے بہت سے تکلیف جناب رسالت مآب کو دی اُور بھی یہودیوں نے دعوت کی ہی اور آنحضرت صلعم نے قبول فرمائی ہی اور جب کبھی جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے اور اپنے بعد خلفاء حضرت عمر رضی اللہ اھل کتاب یعنی یہود یا نصاری سے صلح کرتے تو شرایط صلح میں یہہ شرط بھی اُنسے قبول کراتے کہ جو کوئی مسلمان اُنکے یہاں جاوے اُسکی مہمانی اور دعوت کیا کریں حضرت ابو بکر صدیق کے عہد خلافت میں جب حاطب بطریر ایلچی کے مقوقس بادشاہ مصر کے پاس گئے جو نصرانی تھا اور دسترخوان بچھایا گیا اور اُس پر سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا چنا گیا اور سب کھانے پر بیٹھے تو حضرت حاطب سے کہا گیا کہ تم بھی کھانے میں شریک ہو اُنھوں نے انکار کیا تب بادشاہ نے مسکراکر کہا کہ میں جانتا ہوں جو تمہیں حلال ہی اسلیئے سوائے گوشت پرندوں کے کوئی اور چیز حرام ہم تمکو نہ کھلاویں گے حاطب نے جواب دیا کہ میں سونے چاندی کے برتنوں میں نہیں کھاتا اللہ تعالی

نے اُن کا وعدہ ہم سے جنت میں کیا ہی پس بدل دیا اُنھوں نے کھانا مٹی کے برتنوں میں اور حضرت حاطب نے کھایا اور ہمیشہ سے ہمارے سلطان روم اوز خدیو مصر اور شاہ ایران اور اُن کے امراء اور رعایا ہر کوئی اہل کتاب یعنی انھیں انگریزوں اور یہودیوں کے ساتھہ کھاتے ہیں اور کچھہ پرہیز نہیں کرتے *

سوال — اہل کتاب اس زمانہ میں سورہ کا گوشت کھاتے ہیں اور شراب پیتے ہیں تو پھر کیونکر ہم اُن کے ساتھہ کھا سکتے ہیں*

جواب — یہہ کوئی بات نہیں ہی اہل کتاب ان چیزوں کا استعمال پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی کرتے تھے اگر اُن کے استعمال کی وجہہ سے اُن کے ساتھہ حلال چیزوں کا کھانا جایز نہوتا تو قران شریف میں اُن کے کھانے کی حلت کا حکم نازل نہوتا اور جناب رسالت مآب کبھی کسی یہودی یا نصرانی کی دعوت قبول نہ فرماتے اب ہندوستان میں بھی جاٹ وغیرہ بعض ہندو قومیں سور کھاتی ہیں اور کایتہ کثرت سے شراب پیتے ہیں اور ہندو گائے کا پیشاب بھی پاک سمجھہ کر پی لیتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی مسلمان اُن کے گھر کا اور اُن کے ہاتھہ کا پکا ہوا کھانا کھانے میں کچھہ بھی کراہت نہیں کرتا *

سوال — میںنے سنا ہی کہ جوتا پہنے نماز پڑھنا گناہ ہی اور آپ بوٹ پہنے بیٹھے ہیں کیا اسی طرح آپ نماز بھی پڑہ لیتے ہیں — آپ نے کس سے سنا ہی کہ جوتا پہنے نماز پڑھنا منع اور گناہ ہی — لوگوں کی زبانی سنا ہی *

جواب — آپ نے رواجی مسلمانوں کی زبانی سنا ہوگا جو احکام دین پر رسم و راج کو مقدم سمجھتے ہیں در مختار میں صاف لکھا ہی مسجد میں جانے والے کو چاہیئے کہ اپنے جوتہ کو دیکھہ بھال لے کہ کہیں نجاست سے آلودہ تو نہیں ہی اور جوتہ اور موزہ پہن کر نماز پڑھنا بشرطیکہ وہ طاہر ہوں افضل ہی اور وجہہ افضلیت کی یہہ ہی کہ طہاوی نے ایک حدیث اس مضمون کی روایت کی ہی کہ جوتوں کو پہنکر نماز پڑھو اور یہود کی مشابہت مت کرو ہاں شامی نے البتہ لکھا ہی کہ جوتا پہن کر مسجد میں جانا اس زمانہ کے عرف میں داخل بے ادبی ہی اور مسجد کے فرش کی آلودگی کا خوف ہی مگر یہہ تو فرمائیے کہ جناب پیغمبر خدا صلعم کا حکم واجب التعمیل ہی یا شامی اور مراقی کا شامی در مختار کا شارح ہی اگر اُس نے اپنی رائے یا زمانہ کا دستور لکھہ دیا تو وہ اصل شریعت کا حکم نہیں ہوسکتا اس دستور کے قایم ہونے کی وجہہ یہہ ہی کہ جناب پیغمبر صاحب کے زمانہ میں مرب میں فرش بچھانے کا دستور نہ تھا مگر جب مسلمان مرب سے باہر نکلے اور شام اور مصر اور ایران فتح کیا تو اپنی پرانی طرز معیشت کو چھوڑ کر اچھے لباس پہننے اور عمدہ فرش مکانوں میں بچھانے لگے اُس فرش کو صاف رکھنے کے لحاظ سے پیادہ پھرنے کے بعد جوتا اوتار کر فرش پر آنے اور بیٹھنے کا دستور ہوگیا وہی دستور مسجد میں بھی جاری ہوگیا مگر خلفاے بنی امیہ کے ہاں اس کا رواج نہیں ہوا اُن کے روبرو جوتا یا موزہ اوتار کر جانا بے ادبی میں داخل تھا مصنف آپ دیکھتے ہیں کہ اس کمرہ میں فرش ہی اور قالین بھی بچھا ہی جسپر میں برف پہنے بیٹھا ہوں جب نماز کا وقت آتا ہی تو اسی طرح برف پہنے ہوئے نماز پڑہ لیتا ہوں *

مہمان نے کہا اب مجھکو یقین ہوا کہ جو کچھہ عرف عام میں مشہور ہی محض غلط ہی اور وجہہ اس غلطی کی یہی ہی کہ لوگ علم دین سے ناواقف ہیں ترجمات میں پھنسے ہوئے ہیں مگر اب انٹر نیشنل اُردو میں ہوتی جاتی ہیں تو مولوی صاحب کی بھی ضرورت گھٹتی جاتی ہی ابتو میں بھی ایسا ہی کرونگا کہ مکان پر جوتا پہنے نماز پڑھا کرونگا لیکن مسجد میں رعایت علم کی وجہہ سے جوتا اوتار دیا کرونگا تاکہ جاہل تکرار نکریں — میں نے کہا کہ بعض ناخواندہ جاہل اسقدر متعصب نہیں ہوتے جسقدر کہ لکھے پڑھے جاہل متعصب ہوتے ہیں *

سوال — یہہ تو فرمائیے کہ انگریز مہذب اور ہندوستانی نامہذب کیوں کہلاتے ہیں *

جواب — اس بات کی تحقیق نہایت آسان ہی ایک ایسے انگریز اور ہندوستانی کے گھر میں جاکر دیکھو جو یکساں عہدہ رکھتے ہوں یا برابر تنخواہ پاتے ہوں تو تم انگریز کے بنگلہ میں دیکھوگے کہ بنگلہ کے تمام اطراف نہایت صاف ہیں احاطہ کے دروازہ سے برانڈہ تک عمدہ سڑک بنی ہوئی ہی ایک چھوٹا سا چمن لگا ہوا اور خوشنما روشیں اور پگڈیاں ہیں بنگلہ کے اندر ہر کمرہ میں نہایت صاف اور اچھا فرش بچھا ہی جس غرض کے لیئے جو کمرہ ہی اُس میں اُسی قسم کا ساز و سامان مہیا ہی میزیں اور کرسیاں اور الماریاں اور شیشہ آلات سب اپنے اپنے موقع سے سجی ہیں بچہ اور اُن کی آیہ نہایت صاف اور اُجلا لباس پہنے ہیں کھانے کے وقت کھانے کی میز نہایت خوشنمائی اور صفائی سے آراستہ ہوگی جو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہی خانساماں خدمتگار کوچوان یہاں تک سائیس اور خاکروب تک لباس اور وردی سے ٹھیک اور درست ہونگے ہتیار اور سواری غرضیکہ ہر ایک چیز نہایت نفیس اور صاف ہوگی اور ہندوستانی کے یہاں ہر چیز برعکس اس کے خراب اور میلی اور ابتر پاؤگے جس کی تفصیل کرنا مناسب نہیں *

تہذیب الاخلاق
یکم ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۱ ہجری
مطابق سنہ ۱۳۰۵ ٹیبی

مباحثہ

سوال — یہہ تو آپ نے صحیح فرمایا انگریز نہایت صفائی سے عمدہ طرز پر رہتے ہیں گویا دنیا کی زندگی کا اصلف اُنھیں کو حاصل ہی مگر یہہ تو فرمائیے کہ ہندوستانی انگریزوں کو دیکھتے ہیں پھر کیوں نہیں صفائی سے زندگی بسر کرتے *

جواب — خداتعالی نے انسان میں ایک قسم کی خودپسندی پیدا کی ہی جسکے سبب سے ہر ایک شخص اپنی ہر ایک بات کو گو وہ کیسی ہی بری کیوں نہو پسند کرتا ہی اور ہوسروں کی باتوں کو گو وہ کیسی ہی اچھی کیوں نہو اچھی نہیں جانتا دیکھو حبشی اپنے کالے رنگ موٹے ہونٹ بھیڑ کے سے بالوں کو عمدہ اور خوبصورت سمجھتا ہی — میں آپکو ایک مثال سے اسی بات کو سمجھاتا ہوں آپ فرم ڈھیر کے ارگرس کے پاس جائیے جو بالکل غیر مہذب بلکہ وحشی ہیں اور اُنکو سمجھائیے کہ تم پھوس کے نہایت خراب جھونپڑہ میں رہتے ہو ایک لنگوٹی باندھے ہو اسباب عائلہ داری تمہارا نہایت خراب ہی زمین پر پھسکڑا مارو کو بیٹھے ہو اس سبب سے تمہارا بدن میلا ہی تمکو چاہیئے اچھا مکان بناؤ اچھے کپڑے پہنو اپنی اولاد کو علم پڑھاؤ پاک صاف رہو تو وہ لوگ آپ کی اِن باتوں کی ہنسی اُڑاوینگے اور سمجھینگے کہ آپ کو جنون ہوگیا ہی اور یہہ جواب دینگے کہ ہماری موجودہ حالت بزرگوں سے ایسی ہی چلی آتی ہی یہی بہت اچھی ہی اگر آپ اُنکی طرز معیشت اور دستوروں کی کچھہ برائیاں بیان کرینگے تو آپ کو دھکے اور گالیاں دیکر نکال دینگے کچھہ بھی نہیں سنینگے مگر اُنھیں میں سے ایک نوجوان ڈھیر کو پولیس میں کانسٹیبل مقرر کردو اور اُسکو اُردو لکھنا پڑھنا حسب دستور پولیس کے سکھاؤ تو اُسکو روپی کے پہنے رہنے سے چند روز میں ننگے پھرنے کی عادت چھوٹ جاویگی اور کچھہ ضابطہ فرجداری بھی یاد کرلیگا اسکے بعد وہ ہیڈ ہوجاوے یہاں تک کہ انسپکٹری کے عہدہ پر ترقی پاوے اور کچھہ انگریزی پڑھ لے تب اُس سے آپ دریافت کریں کہ جب ہم تمہارے گھر تمکو سمجھانے گئے تھے تو تم اور تمہارے بھائی برادر اپنی موجودہ حالت کو اچھا بتاتے تھے اور اب تم عمدہ لباس پہنے ہو عمدہ اسباب رکھتے ہو عمدہ مکان میں رہتے ہو اور اب کہو کیا کہتے ہو تو آپ یقین فرماویں کہ وہ ضرور کہیگا کہ سمجھکر اُسوقت عقل اور تمیز نہ تھی میرے اہل برادری سب احمق اور جاہل ہیں وہ حالت کسی طرح اچھی نہیں ہوسکتی عمدہ حالت یہی ہی جو اب میری ہی اب میرا ارادہ ہی کہ مال کا قانون پاس کرکے تحصیلداری کا امتحان دوں صاحب کلکٹر میری کارگذاری سے نہایت خوش ہیں فوراً تحصیلدار کردینگے اور اُمید قوی ہی کہ پھر چند روز میں ڈپٹی کلکٹر ہوجاونگا *

مہمان نے کہا کہ فی الواقع یہہ مثال تو آپ نے بہت ہی ٹھیک بیان کی بیشک یہہ جہالت اور نادانی کا سبب ہی جو ہم اچھی باتوں کے حاصل کرنے سے انکار کرتے ہیں اور اپنی موجودہ خواب حالت کو اچھا جانتے ہیں *

میں نے کہا کہ تمام مسلمان ترک روم اور شام اور مصر اور ٹونس وغیرہ کے مدت سے بیدار ہوچکے ہیں اور اور ملکوں کے مسلمان بھی بیدار ہوتے جاتے ہیں مگر ہندوستان کے مسلمانوں کا حال حال افسوس کے قابل ہی کہ یہہ خواب غفلت میں پکی نیند میں پاؤں پھیلائے سوتے ہیں پرچہ تہذیب الاخلاق اُنکو جگاتا ہی مگر جیسے سوتا ہوا غافل آدمی جگانے والے سے ناراض ہوکر لاتیں مارتا ہی پراتا ہی اُنکے بھی جو کچھہ مونہہ میں آتا ہی بکتے ہیں مگر آنکھیں نہیں کھولتے ہاں جن لوگوں کی نیند بہت غفلت کی نہیں تھی وہ بیدار ہوکر کوشش کرنے لگے ہیں اور اوروں کو جگاتے ہیں *

راقم
فارغلیط اللہ

اشتہار

ہمارے دوستوں نے یہہ صلاح دی ہی کہ اس نظر سے کہ تہذیب الاخلاق کے مضامین سے زیادہ تر لوگ فائدہ اوٹھائیں اُس کی پچھلی جلدوں کی قیمت جو بترتیب ہمارے پاس موجود ہیں کم کردی جاوے پس ہم اشتہار دیتے ہیں کہ آیندہ سے اگر کوئی شخص پچھلی جلدیں مکمل خرید کرنی چاہے تو بقیمت مفصلہ ذیل اُسکو مل سکینگی اور محصول ڈاک بھی خریدار کو دینا نہوگا ہمارے ذمہ ہوگا *

تہذیب الاخلاق روز اجراے سے یعنی یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ ہجری سے لغایت آخر سنہ ۱۲۸۸ ہجری بابت سوا برس کے ... ۷ے
تہذیب الاخلاق بابت سال تمام سنہ ۱۲۸۹ ہجری ۸ے
تہذیب الاخلاق بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۰ ہجری ۸ے

راقم
سید احمد منیجر تہذیب الاخلاق
از مقام بنارس

اشتہار

کتب مفصلہ ذیل واسطے فروخت کے ہمارے پاس موجود ہیں اور محصول ڈاک کا علاوہ اس قیمت کے جس صاحب کو خریدنی منظور ہوں وہ خریدفرماویں

وہ کتابیں جن کی قیمت مدرسۃالعلوم مسلمانان کی کمیٹی میں جمع ہوگی *

کتاب جان ڈیون پورٹ متضمن حمایت اسلام بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصا

کتاب حمایت الاسلام ترجمہ کتاب گاڈ فری ہیٹنس متضمن جواب اعتراضات عیسائیان بزبان اُردو قیمت فی جلد ... صم

کتاب خطبات احمدیہ مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عـہ

اگر کوئی غریب مسلمان انگریزی خواں خطبات احمدیہ کو خاص اپنے پڑھنے کے لیئے چاہے تو اُس کو نصف قیمت پر ملجاویگی *

کتاب مباحثہ مذہبی پادری فنڈر صاحب و ڈاکٹر وزیر خاں و مولوی رحمت اللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸ر

جواب کتاب ڈاکٹر ہنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خاں انگریزی معہ ترجمہ اُردو قیمت فی جلد عصہ۸ر

حصہ اول تاریخ ہندوستان زمانہ ہندوان مؤلفہ منشی محمد ذکاءاللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸ر

وہ کتابیں جن کی قیمت کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان میں جمع ہوگی *

کتاب رپورٹ سلیکٹ کمیٹی اُردو و انگریزی معہ خلاصہ رسالہ ہاے موصولہ کمیٹی قیمت فی جلد عصہ۸ر

وہ کتابیں جن کی قیمت دوسری کمیٹی مسلمانان میں جمع ہوگی *

جواب کتاب ڈاکٹر ہنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصہ۸ر

اسباب بغاوت ہندوستان مؤلفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصہ۸ر

تہذیب الاخلاق من ابتداے شوال سنہ ۱۲۸۷ ھجری لغایت سنہ ۱۲۸۸ ھجری قیمت ... صہ

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۸۹ ھجری قیمت للہ

دستخط
سید احمد خاں سکرٹری
کمیٹی ہاے مذکورہ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] ۱۵ ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۱ ھجری سنہ ۱۳۰۵ نبوی [نمبر ۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاری کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اِس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوّر کسی کو بھی بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھی ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ چار آنہ مع اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام مذہبی اس ترقی کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھی مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۱

تفسیر السموات

حررہ العبد المفتقر الی اللہ الصمد السید احمد

ہمکو یہہ بات معلوم نہیں ہی کہ علماء اسلام نے کوئی خاص علم ہیئت ایسا مقرر کیا ہی جس کی بناء قران مجید یا حدیث پر ہو جہاں تک ہمکو معلوم ہی وہ یہی ہی کہ جو علم ہیئت یونانی حکیموں نے اختیار کیا تھا وہی پہیلہ بذریعہ ترجموں کے جو یونانی زبان سے عربی زبان میں ہوئے ہم مسلمانوں میں بھی پھیل گیا — جب قران مجید کی تفسیریں لکھی گئیں اور قران مجید کی کسی آیت میں کوئی ایسا مضمون آیا جو علم ہیئت سے علاقہ رکھتا تھا تو اُنھوں نے اُسکی تفسیر اُسی یونانی علم ہیئت کے اصول پر کی یہاں تک کہ قران مجید میں سات آسمانوں کا ذکر تھا اور یونانی تو آسمان مانتے تھے تو علماء اسلام نے اُن سات آسمانوں میں عرش اور کرسی کو ملاکر پورے نو کردیئے پس ہم سمجھتے ہیں کہ علماء اسلام نے یونانی علم ہیئت کو تسلیم کیا اور اُسی کے اُصول کو مذہبی کتابوں اور قران مجید کی تفسیروں میں داخل کردیا رفتہ رفتہ وہ مذہب کے ساتھہ اور مسائل مذہبی میں ایسا مل جل گیا کہ یونانی علم ہیئت سے انکار کرنا گویا مسائل ضروریہ مذہب سے انکار کرنا خیال میں سما گیا پس جسقدر کہ ہمکو انکار ہی اُنھی مسائل علم ہیئت یونانیہ سے ہی جنکو علماء اسلام نے مسائل مذہبی و تفسیر قران مجید میں شامل کیا ہی *

یونانی حکیم آسمانوں کا ایک ایسا جسم مانتے ہیں جو نہایت مضبوط و سخت ہی اور وہ ایک مکان کو گھیرے ہوئے ہی اور وہ مثل کرہ کے گول اور اندر سے خالی ہی جیسے انڈے کا چھلکا اور دنیا کے چاروں طرف کو گھیرے ہوئے ہی اور تمام دنیا اُن کے اندر ایسی ہی جیسیکہ انڈے کے چھلکے میں اُس کے اندر کی زردی و سفیدی *

وہ کہتے ہیں کہ بیچوں بیچ میں زمین اسیطرح پر ہی جیسیکہ انڈے میں انڈے کی زردی اُس کے اوپر پانی ہی مگر جس طرح کہ بعضی دفعہ انڈا اوبالتے میں اُس کی زردی ایک طرف کو ہوجاتی ہی اور سفیدی سے باہر نکل آتی ہی اسیطرح زمین بھی بیچ میں سے ٹل گئی ہی اور پانی کے ایک طرف نکل آئی ہی جس کے اوپر ربع مسکون یعنی دنیا ہی † پھر وہ کہتے ہیں کہ پانی پر ہوا ہی اور ہوا پر کرہ آتش ہی اور کرہ آتش پر اول آسمان ہی جس میں چاند ہی پھر دوسرا آسمان ہی جس میں عطارد ہی پھر تیسوا آسمان ہی جس میں زہرا ہی پھر چوتھا آسمان ہی جس میں آفتاب ہی پھر پانچواں آسمان ہی جس میں مریخ ہی پھر چھٹا آسمان ہی جس میں مشتری ہی پھر ساتواں آسمان ہی جسمیں زحل ہی پھر آٹھواں آسمان ہی جس میں یہہ لاکھوں ثوابت جڑے ہوئے ہیں پھر فوق فلک الافلاک ہی جو سب کو محیط ہی *

وہ یہہ بھی کہتے ہیں کہ فلک الافلاک کے اوپر کچھہ نہیں ہی یعنی فلک الافلاک کے اوپر مکان کا اطلاق نہیں ہی اور اسی سبب سے وہ نہیں بتاتے کہ فلک الافلاک کی سطح محدب کسکی مماس ہی یعنی اُس کے اوپر کیا ہی مگر یہہ کہتے ہیں کہ اُسکی سطح مقعر فلک نہم کی سطح محدب کی مماس ہی اور اسیطرح تمام آسمانوں کی سطح مقعر اُس کے نیچے کے آسمان کی سطح محدب سے مماس ہی اور اسلیئے وہ قایل ہیں کہ زمین سے فلک الافلاک تک کہیں خلا نہیں ہی *

وہ اسکے بھی قایل ہیں کہ تمام آسمان معہ کواکب کے جو اُن میں جڑے ہوئے ہیں زمین کے گرد پھرتے ہیں اور زمین اُن میں مثل مرکز کے ہی کرہ میں انھی اصولوں کو علماء اسلام نے بھی اختیار کیا ہی اور انھی اصول پر قران مجید کے مفسروں نے قران کی تفسیر کی گو کہ بعض بعض باتوں میں کچھہ اختلاف بھی کیا ہو مگر نظام بھی تسلیم کیا ہی — اس تحریر کے ساتھہ جو ایک پرچہ شامل ہی اُس میں جو شکل نمبر اول کی مندرج ہی اُس سے بخوبی تصویر آسمانوں اور ستاروں کی سمجھہ میں آسکتی ہی جس طرح پر کہ یونانی حکیموں نے مقرر کی ہی *

اب ہم یہہ دعوی کرتے ہیں کہ جس طرح پر یونانی حکیموں نے آسمانوں کا مجسم ہونا تسلیم کیا ہی اور اُن کو معہ کواکب زمین کے گرد پھرنا مانا ہی یہہ بالکل غلط اور خلاف واقع ہی اور علماء اسلام نے بڑی غلطی کی ہی جو انھی اصولوں کو اپنے مذہبی مسائل میں ملادیا ہی اور قران مجید کی آیتوں کی تفسیر اُسی یونانی علم ہیئت کے مطابق کی ہی کیونکہ وہ بناء فاسد علی الفاسد ہی *

ہمکو مشاہدہ سے بذریعہ دوربین کے (جو ہمارے نزدیک اور ہر ایک انسان کے نزدیک جو ذرا بھی واقفیت اور عقل رکھتا ہی دلیل قطعی ہی) برخلاف اُس کے ثابت ہوا ہی جو آسمانوں اور کواکب نظام یونانی حکیموں نے قرار دیا ہی اور جس کی تفصیل ذیل میں مندرج ہی *

اول — ان سات سیاروں کے سوا جن کو ہر کوئی دیکھتا اور جانتا ہی اور جن کے لیئے یونانیوں نے سات آسمان مثل انڈے کے چھلکے کے قرار دیئے تھے اَور بھی سیارے بذریعہ دوربین کے دکھائی دیئے ہیں جو اب تعداد میں دس یا گیارہ شمار ہوئے ہیں پس یونانیوں نے جو

† یونانیوں کو احیانا کی خبر نہ تھی کہ اس دنیا کے نیچے دوسری دنیا آباد ہی اگر اسکی خبر ہوتی تو ایسا خیال نکرتے ۱۲

سات آسمان سات ستاروں کے لیئے قرار دیئے تھے وہ بالکل غلط ہوگئے اور علماء اسلام نے جو لفظ سبع سموات کی تفسیر میں وہی یونانی حکیموں کے سات آسمان سمجھے تھے یقینی اُن علماء نے غلطی کی تھی کیونکہ کلام الہی کبھی خلاف واقع نہیں ہوسکتا پس اس سے ثابت ہی کہ سبع سموات سے یہہ مطلب نہیں ہیں جو علماء اسلام نے تفسیروں میں قرار دیا ہی *

دویم — مشتری کے گرد چار چاند اور زحل کے گرد سات چاند اور جرجیس کے گرد جو نیا سیارہ دکھائی دیا ہی چھ چاند دوربینوں کے ذریعہ سے دکھائی دیئے ہیں اور وہ اپنے اپنے سیارہ یعنی مشتری و زحل و جرجیس کے گرد پھرتے ہیں اور ہم اُن کی گردش کو اپنی آنکھہ سے بذریعہ دوربینوں کے دیکھتے ہیں پس اگر آسمان ایسے ہی مجسم ہوتے جیسیکہ یونانی حکیم قرار دیتے ہیں اور جیسا کہ علماء اسلام نے غلطی سے قرار دیا ہی تو اُن چاندوں کا گرد اُن ستاروں کے پھرنا ممکن نہ تھا *

فرض کرو کہ ایک کوٹھڑی ہی اور غول کبوتروں کا اُس کے اُوپر سے اندر گھستا ہی اور دروازہ سے نکلتا ہی تو ہر شخص یقین کریگا کہ اُس کوٹھڑی پر چھت نہیں ہی یا کبوتروں کے گھسنے کے بقدر کھلی ہوئی ہی یا وہ چھت ایسی ہی کہ کبوتروں کے جانے آنے کو مانع نہیں ہوسکتی ورنہ ممکن نہیں کہ کبوتر اُوپر سے کوٹھڑی میں گھستے پس اگر ستارے آسمانوں میں جڑھے ہوتے یا در آسمان انگشے کے چھلکے کی طرح ہوتے تو ممکن نہ تھا کہ اُن سیاروں کے چاند بغیر آسمانوں کے توڑے اُن سیاروں کے گرد دورہ کرتے *

سویم — اگلے زمانہ میں یونانی حکیموں نے دم دار ستاروں کو یہہ سمجھا تھا کہ آسمان و زمین کے بیچ میں پیدا ہو جاتے ہیں اور پھر جاتے رہتے ہیں مگر اب مشاہدہ سے بذریعہ دوربینوں کے ثابت ہوا ہی کہ یہہ بات غلط تھی وہ بھی بچارے خود ستارے ہیں اور بہت دور چلے جاتے ہیں اور پھر چلے آتے ہیں اور اُن کی حرکت ایسی پڑی ہی کہ تمام کواکب اور فلک الافلاک مقررہ حکماء یونان سے بھی اُونچے ہو جاتے ہیں اور جبکہ دم دار ستارے بھی متعدد ہیں اس لیئے متعدد سمتوں پر حرکت کرتے ہوں پس جس طرح کا جسم آسمانوں کا یونانی حکیموں نے قرار دیا ہی اگر ویسا ہی جسم آسمانوں کا ہوتا تو دم دار ستاروں کا یا اس طرح پر حرکت کرنا ناممکن ہوتا یا اُن کی حرکت سے تمام آسمان ہمیشہ کی طرح چکنا چور ہو جاتے *

دوربینوں کے ذریعہ سے دکھائی دیتا ہی کہ کواکب اس طرح پر واقع ہیں جیسا کہ شکل دویم میں بنائے گئے ہیں اور اُن کا دورہ بھی دوربینوں کے ذریعہ سے اُسی طرح معلوم ہوتا ہی جس طرح کہ اُس شکل میں دایرے کھینچے ہیں پس اب خیال کرو کہ اگر آسمان اس طرح پر مجسم ہوں جیسا کہ حکماء یونان نے قرار دیا ہی اور ایک کا مقعر دوسرے کے محدب سے مماس ہو تو مشتری اور زحل اور جرجیس کے چاند کیونکر اُن کے گرد پھر سکتے ہیں اور اگر آسمانوں میں فاصلہ بھی مانا جاوے تو یہہ خرابی الافتاب یعنی دم دار ستارے کس طرح تمام آسمانوں کو توڑ پھوڑ چکنا چور کر کر نکل جاتے ہوں *

اگر یہہ بات کہی جاوے کہ ہم آسمانوں کا جسم ایسا نہیں مانتے جیسا کہ یونانی حکیموں نے مانا ہی بلکہ ہم ایسا لچہ اور ڈھلم ڈھلا مانتے ہیں جسمیں سے سب چیزیں نکل جاتی ہیں جیسے پانی یا ہوا یا اُس سے بھی زیادہ جسم لطیف مگر اس کہنے پر ہم پوچھتے ہیں کہ ایسا جسم ماننے کی کیا ضرورت پیش آئی ہی — اُس پر ہمارے دوست کہتے ہیں کہ ضرورت یہہ ہی کہ قرآن مجید سے انکار لازم نہ آوے *

ہم اُس کے جواب میں کہتے ہیں کہ حضرت اگر ایسا ہی جسم آسمانوں کا مانا جاویگا تب بھی مفسرین کی تفسیروں سے تو انکار کرنا پڑیگا کیونکہ سبعاً شداداً کے جو معنی اُنہوں نے قرار دیئے ہیں وہ کسیطرح ایسے لچے ڈھلم ڈھلے جسم پر صادق نہ آوینگے اور ضرور دوسرے معنی قرار دینے پڑینگے *

پھر ہم اُن کو دوسری طرح سمجھاتے ہیں کہ قرآن مجید کے سبب سے کسی چیز کو مان لینا اور اُس کی واقعیت پر کسی دلیل کا نہ لا سکنا کچھہ کام کی بات نہیں ہی — جاہل مسلمانوں کا یقین ہمارے یقین سے بہت زیادہ مضبوط ہی اُن کو تو نہ ہمیں اس بات کے سمجھانے کی حاجت ہی کہ آسمانوں کا جسم یونانی حکیموں والا جسم ہی یا اور کسیطرح لطیف، والطف لچ لچا اور ڈھلم ڈھالا جہاں تک گفتگو ہی وہ لکھے پڑھے آدمیوں سے ہی اور مذہب کے سچے عقیدہ کی دلیل زیادہ تر اُن لوگوں سے متعلق ہیں جو اس مذہب کو نہیں مانتے تھے یا اُن لوگوں سے متعلق ہیں جو پہلے اس مذہب کو مانتے تھے مگر کسی وجہ سے اب اُس سے پھر گئے ہیں پس اگر ان دونوں قسموں کے لوگوں کے سامنے آپ فرمائینگے کہ ہم آسمان کا ایسا جسم لطیف اس لیئے مانتے ہیں کہ قرآن کا انکار لازم نہ آوے تو اُس کے دل میں یہہ بات کیا اثر کریگی بلکہ مثل اُس شخص کے جس نے آذانی شاعر کو کہا تھا کہ شعر گفتن چہ ضرور تعرفو پالله وہ بھی جواب دیگا کہ تسلیم کردن قرآن چہ ضرور *

علاوہ اس کے نہایت ضعف یقین کی بات ہی کہ ہم قرآن مجید کے کسی کلام کی نسبت جسمیں واقعات اور حقایق موجودہ کا ذکر ہو

یہہ کہیں کہ اُس کے واقعی ہونے کا کچھہ ثبوت ہمارے پاس نہیں ہی ایسی بات سے کیا فائدہ ہی جسکے واقعی ہونے کا دل میں تو یقین نہو مگر صرف زبان سے اقرار کیا جاوے ہمارا ایمان تو قرآن مجید پر ایسا مستحکم ہی کہ ہم تمام حقایق موجودہ کو اور قرآن مجید کو مطابق دل سے یقین کرتے ہیں *

چہارم — ہم بذریعہ دوربین کے زہرہ کو اور اُس کے سوا اور ستاروں کو بھی دیکھتے ہیں کہ مثل چاند کے بدر و ہلال ہوتے ہیں پس اگر وہ ستارے آفتاب کے گرد پھرتے نہوتے بلکہ زمین کے گرد پھرتے ہوتے تو اُن کا بدر و ہلال ہوکر ہمکو دکھائی دینا غیر ممکن ہوتا پرانی حکیموں کو یہہ بات معلوم ہی نہیں ہوئی تھی کہ اَور ستارے بھی بدر و ہلال ہوتے ہیں *

پنجم — ہم بذریعہ دوربین کے اپنی آنکھہ سے دیکھتے ہیں کہ عطارد اور زہرہ جب آفتاب کے پاس آجاتے ہیں تو کبھی تو وہ آفتاب سے اس طرح پر مل جاتے ہیں کہ آفتاب نیچے ہوتا ہی اور وہ اُس کے اوپر ہوتے ہیں اور کبھی آفتاب اوپر ہوتا ہی اور وہ اُس کے نیچے ہوتے ہیں اور یہہ بات ہو نہیں سکتی جب تک کہ آفتاب ساکن نہو اور تمام سیارات مع زمین کے اُس کے گرد نہ پھرتے ہوں اگر آفتاب چوتھے آسمان میں جڑا ہوا ہوتا اور وہ دونوں اُس سے نیچے ہوتے یعنی عطارد دوسرے آسمان میں اور زہرہ تیسرے آسمان میں اور وہ سب زمین کے گرد پھرتے ہوتے تو ممکن نہ تھا کہ عطارد و زہرہ کبھی آفتاب کے اوپر آفتاب سے جاکر ملتے پرانی حکیموں کو یہہ بات معلوم ہی نہیں ہوئی تھی کیونکہ اُس زمانہ میں دوربین ایجاد نہیں ہوئی تھی مگر اس زمانہ میں اُنکا مقررہ علم ہیئت مشاہدہ سے غلط ثابت ہوتا ہی پس اس سے زیادہ انسان کی نادانی کیا ہوگی کہ قرآن مجید کی تفسیر ایسے اصول پر کرے جنکی غلطی علانیہ ہو اور ایسے اصول پر تفسیر کرنے کو کفر سمجھے جو بالکل واقع کے مطابق ہو *

علاوہ اس کے اور بہت سی دلیلیں ہیں جنسے بطوریہ بمنزلہ عین الیقین بلکہ حق الیقین کے ثابت ہوتا ہی کہ یونانیوں نے آسمانوں کا جیسا جسم مانا تھا اور کواکب کو اُنمیں جڑا ہوا تسلیم کیا تھا اور یہہ جانتے تھے کہ تمام آسمان مع کواکب کے زمین کے گرد حرکت کرتے ہیں اور زمین ساکن ہی یہہ محض غلط اور خلاف واقع ہی مگر وہ دلیلیں فی الجملہ مشکل ہیں اور آلات رصدیہ کی واقف کاری اور علم طبیعیات کے جاننے پر موقوف ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ عام لوگ جو اُن علوم سے محض ناواقف ہیں سمجھہ نہیں سکنے کے اس لیئے ہمنے اُن کو بیان نہیں کیا اور صرف چند موٹی موٹی باتیں بیان کی ہیں جو ہر سمجھہ دار آدمی کی سمجھہ میں آسکتی ہیں خواہ وہ اُن علوم سے واقف ہو یا نہو *

مشاہدہ سے اور تمام دلیلوں سے یہہ بات ثابت ہوتی ہی کہ ایک وسعت میں خواہ اُس میں کوئی جسم لطیف سیال ہو یا نہو تمام کرات جو کواکب دیکھائی دیتے ہیں پھیلے ہوئے ہیں یہہ زمین بھی اُنھی کی مانند ایک کرہ ہی اُن کی مثل ایسی ہی جیسیکہ ہم رات کو مختلف مقاماتہ میں بہت سے غبارے اوڑا دیتے ہیں اور وہ اوپر چلے جاتے ہیں اور معلق ٹھہرے ہوئے اور چلتے ہوئے دیکھائی دیتے ہیں اسی طرح یہہ سب کرے کواکب کے مع ہماری زمین کے خداتعالی نے اپنی قدرت کاملہ سے ایک وسعت میں بکھیر دیئے ہیں جو اپنی اپنی جگہہ میں ہیں اُن سب کے بیچ میں آفتاب ہی اور وہ سب اُس کے گرد پھرتے ہیں اور نہیں معلوم کہ ایسے ایسے آفتاب اور کتنے ہیں اور کتنے ستارے اُن کے ساتھہ ہیں جو اُس کے گرد پھرتے ہونگے کیونکہ خدا تعالی کی قدرت اور صنعت بے انتہا ہی *

ہمارے مخالفوں کو اور ہم پر مسئلہ وجود آسمان پر فتوی کفر دینے والوں کو ذرا غور سے انصاف کرنا چاہیئے کہ خدا کی قدرت اور عظمت اُس کو صرف اس قدر کا جو اُن کے نزدیک مثل ایک انڈے کے محدود ہی خدا اور خالق ماننے میں ہی یا اُس کو ایسی بے انتہا مخلوق کا خالق اور خدا ماننے میں ہی جس کی انتہا مثل اُس کی قدرت کے بے انتہا ہی جیسی یہہ ہماری دنیا ہی جس کے لیئے یہہ آفتاب ہی اور جس سے بہت سے کواکب سیارے متعلق ہیں اسی طرح اور بہت سے بے انتہا شموس ہیں جن کا نظام بھی جدا ہی اور مثل ہماری دنیا کے بلکہ اُس سے بھی زیادہ عجیب بے انتہا نظام شمسی جس کے مجموع کو ہم دنیا کہتے ہیں موجود ہیں اور وہ اُن سب کا خالق اور سب کا ایک خدائے واحد ذوالجلال ہی جس کا نہ کوئی ند ہی اور نہ کوئی ضد — تعجب ہی کہ صرف ایک چڑیا کے انڈے کے برابر چیز کا خدا کو خدا اور خالق جاننا تو اسلام ہو اور اُس کو ایسا قادر مطلق اور بے انتہا مخلوق کا خالق اور اُس سب کا خدا ماننا کفر ہو فھیھات ھیھات لمثل ھذا السلام و مرحبا ثم مرحبا لمثل ھذا الکفر واللہ در من قال —

گر مسلمانی ھمیں است کہ دارد
وای گر در پس امروز بود فردائے

ہاں بلا شبہہ اب ہمکو اس بات پر غور کرنا باقی ہی کہ جس چیز کا ہمنے مشاہدہ کیا ہی اور جس کو ہمنے دلیل قطعی یعنی مشاہدہ سے واقعی بیان کیا ہی قرآن مجید یا وہ احادیث صحیحہ جو بدرجہ یقین یا قریب بدرجہ یقین یا قریب بظن غالب پہونچی ہیں اور کوئی نقص یا کوئی وجہہ اُن کے انکار کی بھی نہیں ہی وہ تو اُس کی مخالف نہیں ہیں کیونکہ اگر وہ اُس کی مخالف ہوں تو ہوکامزن

میں سے ایک کام ضرور کرنا پڑیگا یا اُس مشاہدہ کو غلط ماننا پڑیگا یا ثمرۂ بالا اسلام کو غلط تسلیم کرنا ہوگا مگر میری دانست میں نہ قران اور نہ کوئی حدیث صحیح اُس کے برخلاف ہی جس کا ہم مفصل بیان کرتے ہیں *

مگر اُس کے بیان کرنے سے پہلے چند باتیں بیان کرنی ضرور ہیں کیونکہ وہی ہمارے اصول ہیں جن پر ہمارا بیان مبنی ہوگا *

اول — یہہ کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ ہمارا بیان اس لیئے غلط ہی کہ مفسرین نے اُس کے برخلاف بیان کیا ہی کیونکہ ہمارے نزدیک مفسرین نے قران مجید کی تفسیر اُنھی اصولوں پر کی ہی جو حکماء یونان نے مقرر کیئے تھے اور جن کی غلطی ہمکو مشاہدہ سے ثابت ہوئی ہی *

دوسرے — یہہ کہ الفاظ قران مجید کے وہی معنی لینگے جو اُن پڑھ اہل عرب اُن کے معنی حقیقی یا مجازی موافق اپنی بول چال کے سمجھتے تھے نہ وہ معنی کہ کسی علم کے عالموں نے بموجب اپنی اصطلاح کے قرار دیئے ہیں کیونکہ خود خدا نے فرمایا ہی کہ

"وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ" *

تیسرے — یہہ کہ قران مجید بلسان قوم عرب نازل ہوا ہی زبان اہل عرب بلکہ تمام دنیا کی قوموں کی زبان اُنھی الفاظ پر محدود ہی جن سے وہ اپنے مافی الضمیر کو تعبیر کرتے ہیں اور انسان کے خیال میں یا دل میں بھی وہی چیزیں آسکتی ہیں جنکو وہ حواس خمسۂ ظاہری و باطنی سے جان سکتا ہی پس جس چیز کو یا اُسکی مثل کو ہمنے نہ کبھی دیکھا ہو نہ چھوا ہو نہ چکھا ہو نہ سونگھا ہو اور نہ ہمارے کان کی قوت سامعہ نے اُسکا حس کیا اور نہ ہمارے خیال میں آئی ہو اُس کا بیان کسی زبان کے الفاظ سے نہیں ہوسکتا اُسکے بیان سے انسان جبکہ وہ کسی قوم کی زبان میں تکلم کرے یقیناً عاجز ہی اور خداوند پاک بھی ایسے لفظ کو استعمال نہیں فرما سکتا جس کے سمجھنے سے وہ ہی قوم عاجز ہو جسکے سمجھانے کے لیئے وہ لفظ بولا گیا ہو خدا کی ماہیت ذات ہم کسی لفظ سے بیان نہیں کرسکتے اور نہ خدا ہمکو اپنی ماہیت ذات عربی زبان کے یا اَور کسی زبان کے لفظوں میں بتا سکتا ہی کیونکہ کسی زبان میں کوئی لفظ اُس کی اصلیت پر مطلع کرنے کے لیئے نہیں ہی *

اسیطرح جتنی چیزیں ایسی ہیں کہ وہ نہ ہمارے دل میں آسکتی ہیں نہ ہمارے خیال میں اُن کی تعبیر کے لیئے کوئی لفظ کسی زبان میں نہیں ہوتا اور جبکہ کوئی شخص اور وہ بھی جو اُن چیزوں کو جانتا ہی کسی قوم کی زبان میں اُنکر نہیں بیان کرسکتا تو ایسا عارز کلام کام میں لاتا ہی جس سے نتیجہ وہی حاصل ہوجاوے جو اُس وقت حاصل ہوتا اگر اُس مطلب کی تعبیر کے لیئے کوئی لفظ کسی قوم کی زبان میں ہوتا *

اسکی مثال یہہ سمجھو کہ قران مجید میں خدا کی نسبت ہاتھ کا پاؤں کا منہہ کا لفظ آیا ہی یہہ تینوں لفظ انسان کی زبان میں ایک خاص شی کی تعبیر کرنے کے لیئے ہیں مگر چونکہ خدا کی ذات ہمارے ادراک سے خارج ہی تو ہرگز ان لفظوں کے وہ معنی ہم نہیں لے سکتے جو ید اور ساق اور وجہہ کے لیتے ہیں بلکہ ان لفظوں کے مفہوم سے ہم ناواقف ہیں البتہ ان لفظوں سے وہ نتیجہ حاصل کرتے ہیں جو اُس وقت حاصل ہوتا اگر خدا کی ذات کی تعبیر کے لیئے کوئی لفظ ہوتے *

پس جو لوگ یہہ بات کہتے ہیں کہ ہم قران مجید کے الفاظ سے ہر مقام پر وہی معنے لینگے اور وہی حقیقت سمجھینگے جو عرب کی زبان میں اُنکے لیئے معنی ہیں یہہ اُنکی محض غلطی ہی بلکہ الفاظ مستعملہ قران مجید کے محل کو دیکھنا چاہیئے کہ اگر وہ محل ایسا ہی جو ہمارے ادراک کے محدود احاطہ میں داخل ہی تو بیشہہ اُس کے ہم وہی معنی لینگے جو زبان عرب میں حقیقتاً یا مجازاً موافق محاورۂ زبان عرب کے اُس کے لیئے ہیں اور اگر وہ محل ایسا ہی جو ہمارے ادراک سے باہر ہی تو ہم اس لفظ کے حقیقتاً وہ معنی نہیں سمجھنے کے جو انسان کی زبان میں ہیں بلکہ ہم اُس سے صرف اُس نتیجہ کو حاصل کرینگے جو نتیجہ ہمکو اُس وقت حاصل ہوتا اگر اُس حقیقت کی تعبیر کے لیئے کوئی لفظ ہوتا — ھذا ما الہمنی ربی والحمد للہ علی ذلک و صلی اللہ علی حبیبہ محمد والہ اجمعین *

چوتھے — یہہ کہ قران مجید اگرچہ خالق کل کائنات کا کلام ہی مگر چونکہ وہ بطریق اعجاز انسان کی زبان میں بولا گیا ہی اس لیئے اُس کے معنی اور مراد لینے میں فصاحت اور بلاغت کے لحاظ سے وہی اُمور اُس کے لوازم میں شمار کیئے جاوینگے جو ایک اعلے درجہ کی زبان عرب میں معتبر ہوں نہ اَوْر کچھہ — پس جس طرح کہ فصیح و بلیغ انسان آپس میں بول چال کرتے ہیں اور جو طرز اُنکی بول چال کا ہوتا ہی اُسیکا لحاظ قران مجید میں بھی ہمیشہ رکھنا چاہیئے *

اِن اصول اربع کے سمجھنے کے بعد ہمکو یہہ دیکھنا چاہیئے کہ عربی زبان میں سماء کا لفظ کن کن معنوں میں آیا ہی اور اُن پڑھ عرب کس چیز کو اس اسم کا مسمی سمجھتے تھے *

قاموس میں جو لغت زبان عرب کی کتاب ہی صرف اتنا لکھا ہی کہ " السماء معروف " یعنی آسمان وہ ہی جسکو سب جانتے ہیں پس اب ہم پوچھتے ہیں کہ وہ کیا چیز ہی جسکو سب آسمان جانتے تھے یا جانتے ہیں بجز اس نیلی یا سبز چیز کے جو ہمکو دکھلائی دیتی ہی اور کسی چیز کو کوئی شخص (بشرطیکہ وہ مولوی نہو) نہ آسمان جانتا تھا اور نہ آسمان جانتا ہی یہی نیلی یا سبز چیز جو ہمکو دکھائی دیتی ہی سماء کا مسمی سمجھا جاتا ہی *

اس مقام پر مینے شرط مذکور بے فائدہ لگائی کیونکہ اگلے بزرگوں اور عالموں کے نزدیک بھی سماء کا مسمی یہی نیلی یا سبز چیز تھی *

ایک بزرگ نے ابی حاتم کی روایت بسند قاسم ابن بزہ ہمارے سامنے پیش کی ہی کہ " قال لیست السماء مربعة لکنها مقبوبة یراها الناس خضرا " یعنی آسمان مربع نہیں ہی مگر قبہ بنایا گیا ہی دیکھتے ہیں اُس کو لوگ سبز " *

پھر دوسری روایت ثعلبی کی بسند ضحاک پیش کی ہی تفسیر کوہ قاف میں " انه جبل محیط بالارض من زمرد خضرا خضرة السماء منه " یعنی قاف پہاڑ ہی محیط ساتھہ زمین کے زمرد سبز سے سبزی آسمان کی اُسی سے ہی *

پھر تیسری روایت ابوالجوزا کی بسند ابن عباس پیش کی ہی کہ " قال ابن عباس قاف جبل من زمردة خضراء محیط بالعالم فخضرة السماء منها " یعنی قاف ایک پہاڑ ہی زمرد سبز کا محیط ہی ساتھہ عالم کے پس سبزی آسمان کی اُس سے ہی *

اگرچہ ہم ان روایتوں کو نہیں مانتے اور ضعیف بلکہ موضوع سمجھتے ہیں مگر اتنی بات ان سے ضرور پائی جاتی ہی کہ اگلے زمانہ کے لوگ لفظ سماء کا مسمی اسی چیز کو جو نیلی نیلی یا سبز سبز دکھائی دیتی ہی سمجھتے تھے *

خدا تعالی نے بھی آسمان کے ہمکو یہی معنی بتائے ہیں بلکہ اس طرح بتاتا ہی کہ یہہ آسمان ہی اسکو دیکھو *

سورہ ھل اتاک میں اللہ تعالی فرماتا ہی " افلا ینظرون الی الابل کیف خلقت والی السماء کیف رفعت " یعنی پھر کیوں نہیں دیکھتے اونٹ کو کہ کیسا بنایا گیا ہی اور آسمان کو کہ کس طرح اونچا کیا گیا ہی" پس خدا اسی چیز کے دیکھنے کو جو اونچی اور نیلی ہمکو دکھائی دیتی ہی فرماتا ہی اور اسی کا نام سماء لیتا ہی *

پھر سورہ نحل آیت ۸۱ میں فرماتا ہی " الم یروا الی الطیر مسخرات فی جو السماء یعنی کیا نہیں دیکھتے اڑنے والے جانوروں کو کہ فرمانبردار کیئے گئے ہیں آسمان کی وسعت میں " پس ہم اسی نیلی نیلی چیز کی وسعت میں پرندوں کو اُڑتا ہوا دیکھتے ہیں جسکا نام ہمکو خدا نے سماء بتایا ہی *

پھر سورہ روم آیت ۴۷ میں فرمایا ہی " اللہ الذی یرسل الریاح فتثیر سحابا فیبسطه فی السماء یعنی اللہ وہ ہی جو چلاتا ہی ہواؤں کو پھر اُٹھاتی ہیں بادلوں کو پھر پھیلاتا ہی اُس کو آسمان میں " پس ہم دیکھتے ہیں کہ اسی نیلی نیلی چیز میں ہوا چلتی ہی اور اس میں بادل اُٹھتے ہیں اور اسی میں پھیلتے ہیں اور اسی نیلی نیلی چیز کا نام خدا نے ہمکو سماء بتلایا ہی *

پھر سورہ سبا آیت ۹ میں فرمایا ہی " افلم یروا الی ما بین ایدیهم و ما خلفهم من السماء و الارض ان نشاء نخسف بهم الارض او نسقط علیهم کسفا من السماء " یعنی کیا اُنھوں نے اُس چیز کو نہیں دیکھا جو اُنکے آگے ہی اور جو اُن کے پیچھے ہی آسمان اور زمین سے اگر ہم چاہیں تو اُنکو زمین میں دھنسا دیویں یا اُنپر آسمان سے ٹکڑا ڈالدیں " پس ہمارے چاروں طرف یہی نیلی چیز ہی جو ہمکو دکھلائی دیتی ہی اور جس طرح کہ ہمکو زمین میں دھنس جانے کا خیال آتا ہی اسی طرح اس نیلی نیلی چیز کے اوپر سے ٹوٹ پڑنے کا خیال ہوتا ہی اور اسی نیلی چیز کا نام خدا نے سماء بتایا ہی *

پھر سورہ ق آیت ۶ میں فرماتا ہی " افلم ینظروا الی السماء فوقهم یعنی کیا نہیں دیکھا اُنھوں نے آسمان کو اپنے اوپر " پس یہی نیلی چیز ہمکو اوپر دیکھائی دیتی ہی اور اسی کا نام خدا تعالی نے ہمکو سماء بتلایا ہی *

پھر سورہ حج آیت ۶۴ میں فرمایا ہی و یمسک السماء ان تقع علی الارض یعنی تھام رکھتا ہی آسمان کو زمین پر گرنے سے " پس وہ کیا چیز ہی جو ہمکو زمین پر گرنے سے تھام رکھی ہوئی معلوم ہوتی ہی یہی نیلی نیلی چیز ہی جسکا نام خدا نے ہمکو آسمان بتلایا ہی *

پس لفظ سماء جو قران مجید میں آیا ہی وہ تو اُسی چیز پر بولا گیا ہی جس کو اہل عرب سماء سمجھتے تھے — ہمارے شفیق جب چاہتے ہیں کہ سماء کے معنی کچھہ اور بدل دیں تو وہ نہایت خفگی سے فرماتے ہیں کہ " یہہ نیلی چھت جنپر اوھن من بیت العنکبوت مثل ہوا و دخان کے کیا سماء منصوصہ قران یہی ہی اور اسی کی نسبت قران میں وارد ہوا ہی ءانتم اشد خلقا ام السماء بناها رفع سمکها * و السماء بنینا ها بایید — وہ یہی آسمان ہی جس کی نسبت فرمایا ہی و لقد جعلنا فی السماء بروجا و زینا ها للناظرین *

و حفظناها من کل شیطان رجیم * انا زینا السماء الدنیا بزینة الکواکب وحفظا من کل شیطان مارد لا یسمعون الی الملا الاعلی * و من ایاته ان تقوم السماء و الارض بامرہ * کیا یہہ منجملہ اُن آیتوں کے ہی جس کی تسبیح قرآن میں ہی یوم نطوی السماء کطی السجل للکتب * کیا اسی کی تسبیح ہی یمسک السماء ان تقع علی الارض * و یوم تشقق السماء بالغمام * یوم تمور السماء مورا * یوم تاتی السماء بدخان مبین * اسی کی تسبیح فرمایا ہی تبارک الذی جعل فی السماء بروجا و جعل فیها سراجا و قمرا منیرا یہی ہی جس کی تسبیح قرآن میں ہی و انشقت السماء فہی یو مئذ واهیة والملک علی ارجائها * یوم تکون السماء کالمهل * یوما یجعل الولدان شیبا السماء منفطر به * اذا السماء فرجت * وفتحت السماء فکانت ابوابا * اذا السماء انشطت * اذا السماء انفطرت * اذا السماء انشقت * والسماء ذات البروج * و السماء ذات الرجع " *

مگر ہم ادب سے کہتے ہیں کہ حضرت خفا ہونے کی کوئی بات نہیں ہی فرمایا تو اسی کی نسبت ہی کیونکہ یہہ سب باتیں بقول آپ کے سماء کی نسبت ہیں اور اسی نیلی نیلی سبز سبز چیز کو اہل عرب سماء جانتے تھے پھر بھلا ہم پر خفگی کیا ہی اگر خفا ہونا ہی تو خدا پر خفا ہوجیئے کہ اُس نے اس نیلی چھت چنبری اوهن من بیت العنکبوت پر کیوں ان صفتوں کا اطلاق کیا جو اُس پر صادق نہیں آتیں یا اُسی چیز کو ایسا مانیئے جس پر یہہ صفتیں صادق آجاویں یا ہمارے ساتھہ ہوجیئے اور ایسے معنی اختیار کیجیئے کہ خدا پر سے تہمت باللہ کذب کا الزام اُٹھے *

یا رضا یا خیر وصل تو یا مرگ رقیب
بازی چرخ ازیں یک دو سہ کارے بکند

اپنے ہمارے شفیق نے نہایت خوشی سے ہمکو الزام دیا ہی کہ تم کہتے ہو کہ " الوجود للسماء جسمانیا " اور اگر یہی سقف چنبری مصداق ایات ہو تو اُس کا ہی تو جسم ہی پھر خود تمہارے اقرار سے تمہارا قول غلط ثابت ہوگیا *

پہلے شیخہ یہہ الزام ہم پر بہت بڑا الزام ہی جس کو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں مگر جناب آسمانوں کی ایسی جسمانیت ماننے میں ہم کو کچھہ عذر نہیں ہم تو اُس جسمانیت کے منکر ہیں جس کو علماء یونان نے قرار دیا ہی اور جس کی تقلید علماء اسلام نے کی ہی و کہ بسبب کسی خاص وجوہ کے اُن کی ایک آدھ بات سے اختلاف ہی کیا ہو *

جناب مولوی محمد علی صاحب نے اپنے رسالہ میں جو ہم گمراہوں کی ہدایت کے لیئے لکھا ہی ارقام فرمایا ہی کہ " ہمارا اعتقاد ثسبت آسمانوں کے یہہ ہی کہ وہ ایسی چیزیں ہیں کہ خدا نے اُن کو بنایا ہی اور ہمارے اوپر ہیں اور خلقت اُن کی ہماری خلقت سے محکم تر اور شدید اور وہ بے ستون محض قدرت کاملہ سے مرتفع ہیں اور شمس و قمر و نجوم کے مخازیر ہیں اور شمس وقمر و نجوم اُنمیں ہیں اور قابل انشقاق اور انفطار ہیں پھر وہ لکھتے ہیں کہ ہم اس اعتقاد کے منکر کو منکر آیات قرآن سمجھتے ہیں " *

کسی کو منکر آیات کہدینا تو بہت آسان بات ہی ہر شخص ایک آیت کے کوئی معنی اپنے نزدیک ٹھہراکر دوسرے کو کہہ سکتا ہی کہ اس معنی کے نہ ماننے والے کو ہم منکر آیت قرآن سمجھتے ہیں جیسے مثلاً مفسرین کے دو فرقوں میں سے ایک اسبات کا قایل ہی کہ آسمان سقف مسطح ہی اور اُس کے ستون کوہ قاف پر رکھے ہوئے ہیں اور دوسرا اس بات کا قایل ہی کہ آسمان مثل مرغی کے انڈے کے گول ہی پس اس صورت میں جو فرقہ اس کے مسطح ہونے کا قایل ہی وہ کہہ سکتا ہی کہ جو شخص آسمان کو مثل انڈے کے اعتقاد کرے وہ منکر قرآن ہی اور جو اس کو انڈے کے مثل کہتے ہیں وہ کہہ سکتے ہیں کہ جو شخص آسمان کو مسطح کہے وہ منکر قرآن ہی حالانکہ یہہ دونوں مخالف فرقے اب تک مسلمان مفسروں میں شمار ہوتے ہیں اور اُن کے مذاہب بطور تحقیق و اختلاف آراء بڑی بڑی تفسیروں میں نقل کیئے جاتے ہیں پس مولوی محمد علی صاحب کے قواعد کے موافق ان میں سے بھی ایک تو ضرور منکر قرآن ہوگا مگر اس سے کسی کا کچھہ فائدہ نہیں بلکہ اپنا ہی کچھہ نقصان ہی *

مگر جو کچھہ مولوی صاحب نے فرمایا اگرچہ وہ کسیقدر ترمیم کے قابل ہی مگر ہمکو اُس سے انکار بھی نہیں بیشک آسمان ایسی چیزیں ہیں کہ خدا نے اُن کو بنایا ہی اُن پر کیا موقوف ہی تمام چیزوں کا یہاں تک کہ جناب مولوی صاحب کا بھی بنانے والا خدا ہی ہی دوسرا کوئی نہیں بے شک وہ ہمارے اوپر ہیں مگر یہاں ذرا غلطی ہی کیونکہ وہ ہمارے پاؤں تلے بھی ہیں بے شک وہ ہماری خلقت سے محکم تر اور شدید ہیں لیکن اگر لفظ محکم اور شدید سے یہہ سمجھا جاوے کہ جیسے کچی مٹی کی دیوار اور ایک ریختہ کی یا اڑدھے کی دیوار یا جیسے ایک مٹی پڑی ہوئی چھت اور ریختہ کی تانت لگی ہوئی تو اس سے ہمکو معاف رکھیں کیونکہ ہمارے نزدیک قرآن مجید کے اُن لفظوں کا یہہ مطلب نہیں ہی — بے شک وہ بے ستون محض قدرت کاملہ سے مرفوع ہیں یہاں صرف اتنی بات ہی کہ جناب مولوی صاحب کو یہہ نہیں معلوم ہوا کہ وہ قدرت کاملہ

کس ذریعہ سے ظاہر ہوئی ہی مگر ہمکو معلوم ہوگیا ہی کہ عالم اسباب میں وہ قدرت اُس قوۃ کے ذریعہ سے ظاہر ہوئی ہی جسکو ہم جذب کہتے ہیں — اور مولوی صاحب کے کلام میں شاید لفظ "مرفوع ہیں" کی جگہہ یوں ہونا چاہیئے کہ ہر ایک کی نسبت مرفوع دکھائی دیتے ہیں — اس سے بھی ہمکو کچھہ انکار نہیں کہ وہ شمس و قمر و نجوم کے مغایر ہیں مگر اتنا کہتے ہیں کہ اُنپر بھی بروجہ اُنکے مرتفع ہونے کے اطلاق ہوسکتا ہی مگر یہہ جو مولوی صاحب نے فرمایا کہ شمس و قمر و نجوم اُن میں ہیں یہہ گول گول بات ہی اگر اس سے یہہ مراد ہی کہ شمس و قمر و نجوم اُن میں اس طرح ہیں جیسے پانی میں مچھلی یا ہوا میں کبوتر تو ہم بدل تسلیم کرتے ہیں اور اگر اُنکے اُن میں ہونے سے اس طرح کا ہونا مراد ہی جیسے تختہ میں کیل یا انگوٹھی میں نگینہ تو ہم اُسکو تسلیم نہیں کرتے کیونکہ ہمارے نزدیک خدا کے کلام کا یہہ مطلب نہیں ہی — پھر جناب ممدوح ارقام فرماتے ہیں کہ وہ قابل انشقاق و انفطار کے ہیں — ان لفظوں میں جو مولوی صاحب نے فرمائے ہیں قرآن مجید کی بطوریکہ مطابقت نہیں ہوتی اگر یوں فرماتے کہ اُنپر انشقاق اور انفطار کا اطلاق ہوتا ہی یا ہوسکتا ہی تو بالکل صاف ہوجاتا مگر خیر بلحاظ ادب جناب مولوی صاحب کے ہم اُسیکو تسلیم کرلینگے *

اب ہم کو یقین ہی کہ جناب مولوی صاحب ہم سے خوش ہوجاوینگے اور اب ہمکو اور ہمارے مسلمان دوستوں کو بے فائدہ ملحد و مرتد اور منکر قرآن اور بیدین نفرماوینگے کیونکہ ہمارا اس میں کچھہ نقصان نہیں اور مفت میں جناب مولوی صاحب کی زبان گندی ہوتی ہی مگر ایک جگہہ مولوی صاحب نے ہم لوگوں کی بات کو مجذوبانہ بڑ لکھا ہی پس اُنکا ہم نہایت شکر کرتے ہیں کہ اُنہوں نے ہمکو تکلیفات شرعیہ سے بری کیا ہی مگر پھر نہ معلوم کہ کیوں ملحد و مرتد و بیدین قرار دیتے ہیں مگر باتیں تو مولوی صاحب کی بھی ایسی ہیں کہ ایک کو دوسری سے مناسبت نہیں خدا رحم کرے *

اب یہہ بات بطوریکہ ظاہر ہوگئی کہ قرآن مجید میں سماء کے لفظ کا اطلاق بمعنی آسمان اسی نیلی چتری جیسے پر آیا ہی خواہ وہ ارضی من بیت العنکبوت ہو خواہ اشد من سقف الحدید *

دوسرے معنوں میں سماء کا اطلاق قرآن مجید میں بادلوں پر آیا ہی بیسیوں جگہہ قرآن مجید میں خدا نے فرمایا ہی کہ انزل من السماء ماء یعنی اوتارا اسمان سے یعنی بادل سے پانی اور کچھہ شک نہیں کہ بادل سے مینہہ برستا ہی اور اس جگہہ سماء کا لفظ بادل یعنی ابر پر بولا گیا ہی مگر ہمارے شفیق فرماتے ہیں کہ ہم قرآن کے معنی بدل دینگے اور کہینگے کہ اس سے من جانب السماء مراد ہی مگر میں نہیں سمجھتا کہ سورہ ہود کی ۵۴ آیت کی نسبت کیا فرماوینگے جہاں خدا نے فرمایا ہی "یرسل السماء علیکم مدرارا یعنی بھیجدیگا آسمان کو یعنی ابر کو تم پر برسنے والا" پھر ۴۶ آیت میں فرمایا ہی و قیل یا ارض ابلعی ماءک و یا سماء اقلعی یعنی اور کہا گیا اے زمین نگل جا اپنا پانی اور اے آسمان یعنی ابر تھم جا — تفسیر کبیر میں لکھا ہی اقلعی السماء یعدما مطرت اذا امسکت یعنی مینہہ کے محاورہ میں کہا جاتا ہی اقلعت السماء جبکہ برس کر تھم جاتا ہی پس اب کون شخص احیانا پر شبہہ کرسکتا ہی کہ قرآن مجید میں سماء کے لفظ کا ابر و بادل پر بھی اطلاق ہوا ہی *

تیسرے جس چیز میں کواکب پھرتے ہیں اُس پر لفظ فلک کا بھی اطلاق آیا ہی سورہ انبیا آیت ۳۴ میں خدا فرماتا ہی "و ھوالذی خلق اللیل والنھار والشمس والقمر کل فی فلک یسبحون یعنی اور وہ ہی جس نے پیدا کیا رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو ہر ایک پھرتا آسمان کے تیرتے ہیں" *

پھر سورہ یس آیت ۴۰ میں فرمایا "لا الشمس ینبغی لھا ان تدرک القمر ولا اللیل سابق النھار و کل فی فلک یسبحون یعنی سورج کے لیئے لایق نہیں ہی کہ چاند کو پکڑلے اور نہ رات پہلے ہوسکتی ہی دن سے اور سب ستارے آسمان میں چلتے ہیں" اور اہل علم تو آسمان کی جگہہ فلک ہی کا لفظ بولتے ہیں جیسے فلک قمر وغیرہ اور فلک کسی ایسے مجسم کو نہیں کہتے جیسے یونانیوں کا آسمان *

چوتھے سموات کی جگہہ طرایق کا لفظ بھی خدا تعالی نے فرمایا ہی پس اس دونوں لفظوں سے ہمارا یہہ مطلب نہیں کہ سماء اور فلک اور سموات اور طرایق مرادف ہیں بلکہ صرف استدلال اسقدر کہ سماء و سموات کی جگہہ ان لفظوں کے بولنے سے پایا جاتا ہی کہ اسمان کا ایسا جسم جیسا کہ یونانیوں اور اُن کی تقلید سے علماء اسلام نے تسلیم کیا ہی ویسا جسم اُنکا نہیں ہی *

جناب مولوی محمد علی صاحب نے یا تو ہمارا مطلب نہیں سمجھا یا ہمارا بیان ایسا ناقص ہی کہ عالموں کی سمجھہ میں نہیں آتا وہ فرماتے ہیں کہ ستارے حرکت کرنے والے اجسام ہیں پس ضرور ہی کہ مدار اُنکا طویل و عریض و عمیق ہو * * * جب یہہ امر معلوم ہوچکا تو بعد مدار حرکت سیارگان اُن لوگوں کی رائے پر جنکے نزدیک خلا محال ہی بلاشک و شبہہ جسم ہی ہوگا خواہ جسم لطیف مثل پانی و ہوا کے ہو خواہ کثیف شفاف ایسا جو مانع

سیر نہو اور جو لوگ خدا کے امکان کے قایل ہیں اُن کے نزدیک ممکن ہی کہ بعد مجرد ہو یا بعد مجسم *

خدا مولوی صاحب کا بھلا کرے ہم تو اسی مدار کو جسکا ایمی ذکر کیا سماء وسبع سموات مانتے ہیں اور صرف یونانی حکیموں کے آسمان مجسم سے انکار کرتے ہیں نہ ایسے مدار سے جسکا جناب مولوی صاحب نے ذکر کیا اور اِس بات کا کچھ خیال بھی نہیں کرتے کہ خلا محال ہی یا ممکن کیونکہ اُس کے محال یا ممکن ہونے پر اب تک کوئی دلیل قطعی معلوم نہیں ہوئی ہی بلکہ بحالت امکان خلا بھی ہم اُس مدار کو مخارق بلکہ فی ابعاد ثلثہ تسلیم کرینگے صرف ہم میں اور جناب مولوی صاحب میں اتنا فرق ہی کہ شاید جناب ممدوح خلا کو خود مخارق مانتے ہیں اگر وہ ممکن ہو مگر ہم خلا کو بھی مخارق مانتے ہیں اور خدا کو سب چیز کا یہاں تک کہ خلا کا بھی خالق جانتے ہیں *

تعجب ہی کہ ہم برابر اور اپنی ہر ایک تحریر کے شروع میں کہتے آتے ہیں کہ ہم اُس جسمانیت آسمانوں کے منکر ہیں جو یونانی حکیموں نے تسلیم کی ہی اور جسکو علماء اسلام نے یونانیوں کی تقلید کو کر یہ تبدیل قابل تسلیم کیا ہی اور جزو مذہب قرار دیا ہی *

ہم علماء اسلام کی اُن لغو باتوں سے انکار کرتے ہیں جنھیں اُنھوں نے یونانیوں کی تقلید سے اور موضوع روایتیں سنکر آسمان کو ایسا جسم مانا ہی جو ہم میں اور اُوپر کی مخارق میں آڑ ہی اور اوپر سے بھی زیادہ سخت ہی دیکھو تفسیر کبیر میں یوم تشقق السماء بالغمام کی تفسیر میں کیا لغو روایتیں لکھی ہیں ایک روایت لکھی ہی کہ انبیاء کے وقت میں کرنے کتروں میں سے فرشتے نازل ہوا کرتے تھے آسمان بدستور جڑے رہتے تھے مگر جب آسمان پھٹ جاوینگے تو زمین میں اور فرشتوں میں کوئی حائل نہیں رہنے کا پس فرشتے زمین پر اُتر آوینگے *

دوسرا قول لکھا ہی کہ آسمان کے اوپر تو فرشتے رہتے ہیں مگر جب وہ پھٹ جاوینگا تو خواہ نخواہ اُن کو نیچے اُترنا پڑیگا یہ قول شخصے کہ جب اتنا ہی ٹھہریگا تو بیٹھینگے کاہے پر پھر حضرت ابن عباس کی طرف روایت کو منسوب کیا ہی اور ساتوں آسمانوں کا پھٹنا اور وہاں کے فرشتوں کا زمین پر آنا بیان کیا ہی پھر اس فکر میں پڑے ہیں کہ زمین پر سب وہ سمائینگے کیونکر پھر اُس کے لیئے ایک روایت گھڑی ہی *

پھر حضرت مقاتل کی نسبت ایک روایت گھڑی ہی اور اُسمیں تو قیامت ہی کردی ہی اُسمیں لکھا ہی کہ اول مٹیا کا آسمان پھٹیگا اور اُس آسمان پر جو رہتے ہیں وہ اُتریںگے اور وہ تمام دنیا کے سکان سے زیادہ ہونگے پھر اسیطرح ایک ایک آسمان پھٹتا جاویگا اخیر کو کروبی اور فرشتگان حملۃ العرش اُتریںگے اور پھر سب سے اخیر خدا تعالی رب العرش العظیم اُتریںگے کیونکہ وہ تو سب سے اوپر تھے جب سب آسمان پھٹ لیئے تب جناب باری کو اُترنے کا وسنہ ملا نعوذ باللہ من ھذہ الاباطیل — اگر درحقیقت مذہب اسلام یہی ہو تو اُس سے دہر اور پوپ کے قصے ہزار درجہ بہتر ہیں جناب مولوی صاحب قبلہ آپ جو ان لغویات کی تائید کرتے ہیں یہہ اسلام کی خیرخواہی نہیں بلکہ کمال بدخواہی ہی اور جھوٹی باتوں سے اسلام کا بدنام کرنا ہی اور اُسکا نتیجہ یہہ ہوگا کہ جوں جوں ترقی حکمت شہودیہ اور علوم یقینیہ کی ہوگی لوگ اسلام سے پھرتے جاوینگے اور اسلام کو آپ لوگوں کی بدولت اغر سمجھیں گے اور اُس سب کا گناہ مولوی صاحبوں کی گردن پر ہوگا اسلام کی دوستی یہہ ہی کہ نہ ضحاک کی روایت کیجیئے نہ مقاتل کی صرف اسلام پر عاشق رہیئے اور جسقدر غلط روایتیں اور غلط رائیں اسلام میں مل گئی ہیں جو درحقیقت اسلام کی نہیں ہیں اُن کو اس طرح نکال ڈالیئے جیسیکہ دودھ میں سے مکھی اور اسلام کی روشنی دھویئے و لامذہب و حکیم پیرو حکمت قدیم و پیرو حکمت جدید سب کو ایسی طرح پر دکھائیئے کہ سب دنگ ہوجاویں قلم ہاتھ میں لیکر بے سود باتوں سے کاغذ کو سیاہ کردینا اور تفسیر القرآن بالرای پرضی قایلہ کرکے لوگوں کو کافر و ملحد و مرتد کہنا کچھ دینداری کی بات نہیں ہی البتہ جاہلوں میں بیٹھہ کر ہیٹی کرنے کو اور بڑے پکے دیندار کہلانے کو تو بہت عمدہ ہی ہم کیوں پیروی کریں اُن علماء کے قول کی جن کا قول خلاف واقع ثابت ہوا ہی اور کیوں پیروی کریں اُس تفسیر کی جس سے تمام قرآن نعوذباللہ غلط اور خلاف واقع معلوم ہوتا ہی ہم کسی مفسر اور کسی عالم پر ایمان نہیں لائے جو اُن کی بات کی پیروی کریں ہم تو خدا پر اور اُس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اُس کے کلام پر ایمان لائے ہیں اور اُس کے عاشق ہیں پس جو شخص یا جو قول ایسا ہی جس سے اُن میں نقص لازم آتا ہی ہم تو اُس کے دشمن ہیں پس نہایت مناسب ہی کہ آپ ہمارے دشمن ہوجیئے مگر اتنا سمجھہ لیجیئے کہ دوست کے دشمن ہوتے ہو اور یہہ بات ہر کوئی جانتا ہی کہ دوست کا دشمن کون ہوتا ہی *

پانچویں — سماء کا اطلاق ہی مرتفع پر بھی آتا ہی ہم نے اپنے اس قول کی تائید میں امام فخرالدین رازی کا قول نقل کیا تھا کہ السماء عبارۃ عن کل مارتفع اور جناب مولوی محمد علی صاحب نے یہہ قول امام صاحب کا بھی نقل فرمایا ہی کہ ان السماء اتسامیت

سماء اسموها نكل ماسماك فهوسماء فانزل الماء من السحاب فقدنزل.

من السماء یعنی آسمان کا نام سماء اسی سبب سے رکھا گیا ہی کہ وہ بلند ہی پس جو چیز کہ نسبتہ سے بلند ہی وہ آسمان ہی پس جب نازل ہوا مینہ بادل سے تو برسا سماء سے " *

مگر جناب مولوی صاحب ممدوح فرماتے ہیں کہ امام فخرالدین رازی علماء لغت میں سے نہیں ہیں اُن کا قول بیان معانی لغت اور دیگر علوم عربیہ میں معتمد نہیں *

پھر ارقام فرماتے ہیں کہ امام رازی نے یہہ بات بطریق قیاس فی اللغۃ کے فرمائی اور چونکہ قیاس فی اللغۃ مقبول نہیں ہی پس یہہ قول بھی اُن کا مقبول نہیں ہوسکتا *

خیر ہمکو اس سے تو بحث نہیں ہی کہ امام فخرالدین رازی کو علوم عربیہ کی لیاقت تھی یا نہیں اگر لیاقت تھی تو بھی دل ما شاء اور اگر نہ تھی تو جو کچھہ مولوی صاحب نے اُن کے حق میں فرمایا ہماری طرف سے بھی بیش باد مگر اس قدر تو شاید جناب مولوی صاحب بھی تسلیم فرماتے ہونگے کہ بطور استعارہ کے مرتفع چیزوں پر سماء کا اطلاق ہو سکتا ہی پس اس قدر ہم بھی کہتے ہیں کہ اُوپر بھی سماء کا اطلاق ہوسکتا ہی *

یہہ ہم کب کہتے ہیں کہ ہر جگہہ سماء اور سموات کے معنی اوپر کے یا اُوپر کی چیزوں کے اور ہم تو خود سماء کا اطلاق متعدد چیزوں پر اس لیئے ثابت کرتے ہیں کہ اُن میں سے جون سی چیز مقتضاے مقام ہو اور سیاق و سباق عبارت سے پائی جاوے وہ مراد لیجاوے نہ کہ یورپائیوں کی تقلید سے ہر جگہہ رھی فرضی غیر واقعی جسم مراد لیا جاوے جو محض غلط و خلاف واقع ہی *

ہمکو نہ مولوی محمد علی صاحب کا اور نہ اور کسی تحریر کا جواب لکھنا مقصود ہی اس مقام پر اتفاقیہ چند باتیں تقریر کے پھیر میں آگئیں پس ہمنے اُن کی بھی سی بیچا اور غیر صحیح باتوں سے جو تعرض نہیں کیا تو یہہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ اُن کو تسلیم کیا ہی بلکہ یہہ سمجھنا چاہیئے کہ بیفائدہ اوقات ضایع کرنے سے کیا فائدہ ہی *

اب ہم آیندہ بیان کرینگے جو کچھہ ہم نے بیان کیا کرتی آیت قرآن مجید کی اُس کے برخلاف نہیں ہی *

(باقی آیندہ)

اشتہار

کتب مفصلۂ ذیل واسطے فروخت کے ہمارے پاس موجود ہیں اور محصول ڈاک کا علاوہ اسی قیمت کے جس صاحب کو خریدنی منظور ہوں وہ خرید فرماویں

وہ کتابیں جن کی قیمت مدرسۃ العلوم مسلمانان کی کمیٹی میں جمع ہوگی *

کتاب جان ڈیون پورٹ متضمن حمایت اسلام بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عہ/

کتاب حمایت الاسلام ترجمہ کتاب کاڈفری ہیگنس متضمن جواب اعتراضات عیسائیان بزبان اُردو قیمت فی جلد ... عہ/

کتاب خطبات احمدیہ مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عہ

اگر کوئی غریب مسلمان انگریزی خواں خطبات احمدیہ کو خاص اپنے پڑھنے کے لیئے چاہے تو اُس کو نصف قیمت پر ملجاویگی *

کتاب مباحثۂ مذہبی پادری فنڈر صاحب و ڈاکٹر وزیر خاں و مولوی رحمت اللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸/

جواب کتاب ڈاکٹر ہنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خاں انگریزی معہ ترجمہ اُردو قیمت فی جلد عہ ۸/

حصہ اول تاریخ ہندوستان زمانہ ہندوان مؤلفہ منشی محمد ذکاء اللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸/

وہ کتابیں جن کی قیمت کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان میں جمع ہوگی *

کتاب رپورٹ سلیکٹ کمیٹی اُردو و انگریزی معہ خلاصہ رسالہ ہاے موصوفہ کمیٹی قیمت فی جلد عہ/

وہ کتابیں جنکی قیمت دوسری کمیٹی مسلمانان میں جمع ہوگی

جواب کتاب ڈاکٹر ہنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خان بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عہ/

اسباب بغاوت ہندوستان مؤلفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عہ/

تہذیب الاخلاق من ابتداے شوال سنہ ۱۲۸۶ ہجری لغایت سنہ ۱۲۸۸ ہجری قیمت ... عہ

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۸۹ ہجری قیمت للعہ

دستخط سید احمد خاں سکرٹری کمیٹی ہاے مذکورہ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] 15 جمادي الاول سنہ 1291 هجري سنہ 1305 نبوي [نمبر 6

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو خط لوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۲

مسلمان یارقند

مسٹر رابرٹ شا صاحب یارقند اور اُس کے گردنواح کے ملکوں کا حال دریافت کرنے کو سنہ ۱۸۶۸ع میں اُسطرف گئے تھے اور اُنھوں نے اپنے سفر کا حال ایک کتاب میں لکھا ہی جو سنہ ۱۸۷۱ع میں لندن میں چھپي ہی ہم اُس کتاب سے اُس نواح کے مسلمانوں کا حال انتخاب کرکر ذیل میں لکھتے ہیں اور اس انتخاب کے لکھنے سے ہمارا مقصد اپني قوم کو دو باتوں سے متنبہ کرنا ہی ایک یہہ کہ ہماري قوم جو ہندوستان میں رہتي ہی وہ سمجھے کہ اُسنے کسقدر عادتیں ہندوؤں کي سیکھہ لي ہیں اور کھانے اور پینے اور غیر قوموں سے ملنے میں ایک خیالي وہم اور چھوت جسکي اصل نہ شرع میں ہی اور نہ اَوْر ملکوں کے رہنے والے مسلمانوں میں ہی اختیار کي ہی دوسرے اِسبات پر افسوس دلانا ہی کہ ہمارے قوم کے لوگ کیا ہندوستان کے رہنے والے اور کیا اَوْر ملکوں کے رہنے والے کیسے بے علم اور واقعات تاریخي سے جو دنیا میں گذرے ہیں کسقدر بیخبر اور واہیات رَسْم اور بیہودہ کہانیوں پر یقین اور اعتبار کرنے والے ہیں جس سے اُن کي نادانی بے علمي بخوبي ثابت ہوتي ہی *

انتخاب سفر نامۂ رابرٹ شا صاحب

صاحب موصوف نے کانگڑہ سے اپنا سفر شروع کیا اور جب وہ شہر لہیہ میں پہنچے جو لداخ سے آگے جانب شمال میں واقع ہی تو وہاں کے لوگوں کا حال اُنھوں نے اسطرح پر لکھا ہی ــ

وہ لکھتے ہیں کہ جب میں لہیہ میں پہنچا تو مینے تبت کے باشندوں کے چال چلن اور رسم و رواج کو فوراً تحقیق کرنے کا ارادہ کیا لیکن جب کہ میں پہلے پہل شہر کي سیر کو نکلا تو وہاں کے لوگوں کے حالات دریافت کرنے کا جو جوش تھا وہ سب جاتا رہا اور اُس کے عوض میں ایک دوسري بات کا شوق دل میں اُٹھا کیونکہ جو لوگ اُس ملک میں تھے یعني تبتي اُن سے بالکل مختلف قسم کے لوگ توکي بازار میں چلتے پھرتے یا خاموش قطاروں میں بیٹھے ہوئے نظر آئے اُن کے سروں پر بڑے بڑے سفید عمامہ تھے لنبي ڈاڑھي اوپر چڑھ زمین تک لٹکا سامنے سے کھلا ہوا نیچے صدري پہنے تھے اور پاؤں میں کالے چمڑے کے موٹے موٹے بوٹ تھے اس سب باتوں سے اُن کا ایک رعب داب معلوم ہو تا تھا اور اُن کا برتاؤ نہایت شستہ تھا جس سے لوگوں کے دل میں اُن کا ادب پیدا ہو اُن میں ہندوستانیوں کي سي خوشامد نہ تھي اور نہ تبتیوں کي سي نقالي تھي اس سے معلوم ہوتا تھا کہ گویا ہندوؤں کے بیچ میں آدمي ہیں جب میں اُن سے ملا تو اُنکا مزاج بالکل خوف ناک نہ پایا جیسا کہ اُن کے ہموطنوں کا سنتا تھا وہ لوگ ہمارے خیمہ میں آکر بیٹھتے اور بذریعہ مترجم کے دوستانہ بات چیت کرتے تھے اور نہایت مزے سے ہماري چاء پیورنک پیورنک کو جوعہ جوعہ کرکر پیتے تھے برخلاف ہمارے ہندوستان کے ڈرپوک مسلمانوں کے جو اس قدر ہندو ہو گئے ہیں کہ ایسا کرنے سے اُن کي ذات جاتي رہتي ہی ہمارے مہمان در اصل بہت اچھے لوگ تھے ہنسي مذاق سے خوش ہوتے اور جواب بھي مذاق کے ساتھہ دیتے تھے آزادي کے ساتھہ گفتگو کرتے مگر کبھي حد مناسب سے تجاوز نہیں کرتے تھے ان باتوں سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ اپني بھي عزت کرتے ہیں اور جس سے گفتگو کرتے ہیں اُس کي بھي قدر و منزلت کرتے ہیں جب رخصت ہوتے تو مردب طور پر سلام کرکے رخصت ہوتے رنگ میں اہل یورپ سے کچھہ کم نہیں ہیں لال ہونٹ اور گلاب کے رنگ کاسا چہرہ ہوتا ہی جب ہم پہلے پہل وہاں پہونچے تھے تو ایک شخص عمدہ پوشاک اور اونچي ایڑي کا جوتہ پہنے ہوئے ہمارے پاس آیا اُس کي ڈاڑھي اور مونچھوں کے بال بھورے تھے اور چہرہ بہت گورا اور صاف تھا اُس نے مجھکو اس طرح سے دیکھا جیسے انگریز دیکھتے ہیں مینے اُس کو انگریز سمجھہ کر اُس سے بات کرنا چاہا تھا کہ اتنے میں وہ مرزا کو میرے مسلمان نوکروں کے پاس جا بیٹھا معلوم ہوا کہ یارقند کا رہنے والا ایک حاجي تھا جب ہم روکشین میں پہونچے تو وہاں کے مسلمانوں سے قرآن و مذہب کي نسبت بہت سي گفتگو ہوئي عیسائیوں کو وہ نصاری کہتے ہیں اور مسلمانوں کي بہ نسبت کچھہ ہي کم سمجھتے ہیں کیونکہ عیسائي اہل کتاب ہیں اور اُنکے لیئے توریت موسی اور زبور داؤد اور انجیل عیسی بھیجي گئي ہو اور اُن کے خاص پیغمبر یعني حضرت عیسی علیہ‌السلام درجہ میں محمد صلی‌اللہ علیہ و سلم سے دوسرے ہیں ہندو اور اور بت پرستوں کو ایسا نہیں سمجھتے اسي مقام پر محمد نذر سے جو یارقند کا ایلچي ہندوستان میں آیا تھا ملاقات ہوئي اُس نے اور اُس کے ہمراہیوں نے میرے ساتھہ چاء پي اور رخصت ہوئے *

جب مسٹر شا صاحب چانگ چیموں میں پہونچے تو وہاں یہہ بات دریافت ہوئي کہ گرد نواح کے ملک میں جس قدر چاول ایک بکرے پر لد سکتے ہیں اُن کي قیمت میں آٹھہ تولہ سونا یعني بارہ پونڈ کي برابر ملتا ہی جس کے ایک سو بیس روپیہ چہرہ شاہي ہوتے ہیں اسي طرح سفر کرتے ہوئے مقام شہیدالله پر پہونچے جہاں ایک چھوٹا سا قلعہ ہی اور شا صاحب کے آنے کي خبر سنکر شاہ یارقند نے چند سپاہي اور افسر ایک مہینہ پہلے سے وہاں متعین کر رکھے تھے وہ لوگ مسٹر شا صاحب سے نہایت دوستانہ طور پر ملے

اُن کے ساتھہ چاء پی کھانا کھایا شا صاحب نے بھی ایک روز اُن کی دعوت کی اُن لوگوں نے شاصاحب کے آنے کی خبر یارقند کو بھیجی اور جب تک یارقند سے روانگی کی اجازت نہ آئی وہیں ٹھہرے رہے مگر اُس قیام کے عرصہ میں اکثر آدمی یارقند سے شا صاحب کی مدارات کے لیئے آتے جاتے رہے اور نہایت خاطر داری کے ساتھہ اُن کو وہاں رکھا آخرکار جب اجازت روانگی کی آئی تو سب لوگ روانہ ہوئے راستہ میں اعلکار شا صاحب کے استقبال کے واسطے آتے تھے جب کہ یارقند کے قریب پہونچے تو ایک اعلکار جس کو مہماندار کہتے ہیں پیشوائی کو آیا اور تعظیم و تواضع کے ساتھہ ملا مہماندار نے اپنے ہمراہیوں کو سواری پر سے اُتار کر شا صاحب کے ملازموں کو جو پیادہ تھے سوار کرایا اور نہایت تپاک سے شا صاحب کی مزاج کی خیروعافیت پوچھی اور مصافحہ کیا اور اُن کے گھوڑے کی برابر اپنا گھوڑا کرکے ساتھہ ساتھہ آگے کو چلا ایک سوار سب سے آگے گھوڑا دوڑاتا اور بندوق چھوڑتا جاتا تھا یہہ گویا شا صاحب کی تعظیم کے لیئے سلامی کی شلک ہوتی جاتی تھی کچھہ ٹھہرکے سے آگے بڑھنے پر ایک اور جماعت ملی جو شا صاحب کے استقبال کے لیئے ٹھہری ہوئی تھی اُن سے ملکر اور اُن کے ساتھہ چاء پانی پیکر آگے بڑھے تب یرزباشی وزیر یارقند کا بھائی آکر ملا اور شا صاحب سے راستہ کی خیروعافیت پوچھی مقام شہیداللہ میں جو اُن کو بہت دنوں تک ٹھہرنا پڑا تھا اُس کی معذرت کی آخرکار اُسی روز سہ پہر کو شا صاحب یرزباشی کے خیمہ میں اُس سے ملنے کو گئے اُس نے بہت اعزاز کے ساتھہ قالین پر بٹھایا چاء منگوائی دسترخوان بچھوایا جب شا صاحب اُس سے رخصت ہوکر اپنے خیمہ میں آئے تو تھوڑی سی دیر بعد یرزباشی اُن سے ملنے کو آیا اُنھوں نے زرد رنگ کی ریشمین کشمیری چغہ یرزباشی کی نذر کی *

اثنائے راہ میں ایک روز وزیر نے یرزباشی کے پاس ایک خط بھیجا اور اُس میں مہمان یعنی شا صاحب کی خیروعافیت دریافت کی اور لکھا کہ اُن کے لیئے کسی بات کی دقت یا کوتاہی نہو اسی طرح ہر روز قاصد آتےجاتے رہے جو ہر مرتبہ عمدہ اور نیا خلعت پہنکر آتے تھے شا صاحب اپنی ایسی عزت اور توقیر دیکھہ کر نہایت خوش ہوئے بحقیقت یہہ تھی کہ والی ملک اپنے مہمان کے قریب پہونچنے کی خبر سن سنکر اس قدر خوش ہوتا تھا کہ قاصدوں کو انعام اور خلعت دیتا تھا جب کسی قدر اور یارقند کے قریب پہونچے تو ایک جماعت سواروں کی ملی جن کا سردار سیاہ پوشاک پہنے ایک مشکی گھوڑے پر سوار تھا یرزباشی نے شا صاحب سے کہا کہ یہہ بیگ یعنی حاکم سنجو آپ کے استقبال کے واسطے آیا ہی جب نزدیک پہونچے تو یرزباشی نے شا صاحب اور بیگ سے ملاقات کرائی دونوں باہم گلے ملے اور نہایت تعظیم اور تواضع کے ساتھہ بات چیت ہوئی بیگ کی سیاہ پوشی کی وجہہ یہہ تھی کہ اُن کی بیبی نے وفات پائی تھی اُن کے ماتم میں وہ سیاہ پوش تھے *

یار قند کے قریب سڑکوں اور پرانے پلوں کی مرمت کرائی گئی تھی اور نہروں اور چھوٹی چھوٹی ندیوں پر نئے پل بنائے گئے تھے شاصاحب لکھتے ہیں کہ مجھکو اسقدر اپنی قدر و منزلت کی ہرگز اُمید نہ تھی یار قند والوں نے میرے منشی دیوان بخش سے پوچھا تھا کہ جب کوئی معزز مسافر آتا ہی تو اُس کی آمد میں کیا اہتمام ہوا کرتا ہی منشی نے معمولی طیاریاں سڑکوں کی مرمت وغیرہ جو یہاں ہوا کرتی ہیں بیان کی تھیں اسپر اُنھوں نے ایسی طیاریاں کیں کہ پلوں کے پرانے شہتیر بھی بدلوا دیئے تاکہ شا صاحب کے ساتھہ جو سوار آویں تو اُن کے گھوڑوں کی ٹاپوں کے صدمہ سے وہ پرانے شہتیر ٹوٹ نجاویں شا صاحب اس بات کا اقبال کرتے ہیں کہ سب طیاریاں جو اُن کے لیئے ہوئیں اور اسقدر اُن کی قدر و منزلت جو ہوتی تھی اُس کا اُنپر بار گذرتا تھا وہ کہتے ہیں کہ ہو پستی میں اُس ضلع کا حاکم میرے استقبال کے واسطے آتا تھا جب مقام کارغلی تین میل کے فاصلہ پر رہا تو وہاں کا بیگ مجھہ سے ملنے آیا اور نہایت خاطرداری سے ملا چند درختوں کے سایہ میں فرش بچھواکر دستر خوان بچھوایا گیا اور اُسپر شوربا اور پلاؤ اور بڑی بڑی روٹیاں اور میرے چنے گئے سب نے ساتھہ بیٹھہ کر کھانا کھایا بعد کھانے کے لوگوں نے ظہر کی نماز پڑھی آسی جگہہ ایک بخارا کے حاجی سے ملاقات ہوئی اُس نے ہندوستان عرب اور روم تک کا سفر کیا تھا اُس سے فارسی میں بہت گفتگو ہوئی دوگھنٹہ تک میرے پاس بیٹھا رہا چاء پیتا جاتا تھا اور سفر کا حال کہتا جاتا تھا *

شا صاحب لکھتے ہیں کہ جب ہم لوگ مقام ٹکلا کے ریگستان میں پہونچے تو یرزباشی نے وہاں کی ایک روایت اس طرح پر بیان کی کہ یہاں کافر آباد تھے ایک بزرگ مسمی شاہ جلال الدین صاحب نے اُن کے روبرو اسلام کا وعظ کیا اُنھوں نے اس شرط پر مسلمان ہونا قبول کیا کہ اُن کے مکان سونے کے ہوجاویں شاہ جلال‌الدین نے کچھہ دعا پڑھی اُن کے سب مکان سونے کے ہوگئے مگر وہ سب کافر اپنے اقرار سے پھر گئے اور کہا کہ جو کچھہ ہم چاہتے تھے وہ ہمیں ملگیا اب ہم کیوں مسلمان ہوں وہ بزرگ یہہ سنکر چلے گئے زمین سے ریح اُٹھی اور کافروں کے تمام مکان وغیرہ اُس میں غرق ہوگئے یہاں کے خزانوں کی بہت جستجو کی گئی مگر کوئی ایسا جادو ہی کہ جو کوئی اس ریگستان میں پھرتا ہی وہ ہلاک ہوجاتا ہی *

شا صاحب کہتے ہیں کہ اگر میں ایلچی ہوتا تو اس سے کچھہ زیادہ میری خاطر داری نہوتی بلکہ میں اُن لوگوں کا دوست اور

ہمراہ بھی ہوتا تب بھی اس سے زیادہ مجھہ پر مہربانی نہیں ہوسکتی تھی ایک روز یوز باشی نے مجھہ سے کہا کہ اے شا صاحب اگر آپ ترکنگی نہ ہوتے تو ہم اور آپ بھائی ہوتے اور ایک ساتھہ رہتے یارقند سے تین میل دور سے دوسرا یوز باشی نہایت زرق برق پوشاک پہنے ہوئے تیس سواروں کے ساتھہ مجھہ سے ملنے کو آیا میں اور وہ دونوں گھوڑوں پر سے اُترے اور مشرقی ملکوں کی رسم کے موافق گلے ملے یوزباشی صاحب نے اس زور سے میرا گلا دبایا کہ میرا دم گھٹنے لگا اور خیر و عافیت مزاج کی پوچھی پھر گھوڑوں پر سوار ہوکر شہر میں داخل ہوئے دونوں یوزباشی میرے دونوں پہلوں میں چلتے تھے جب شہر کے اندر پہنچے تو ایک ایسے مکان میں جسکو قالین اور فرش بچھا کر خوب آراستہ کر رکھا تھا اور آگ روشن کر رکھی تھی مجھکو اُتارا اور یوزباشی نے کہا کہ یہہ مکان آپ کا ہی آپ آرام فرمائیے اُس کے بعد دسترخوان بچھا کھانے کے بعد شاغوال یعنی وزیر کا بھائی مجھہ سے ملنے آیا میں نے اپنی خاطرداری کی نسبت معذرتی ظاہر کی اُس نے جواب دیا کہ بادشاہ کے مہمان کی ہم کتنی ہی تعظیم اور تواضع کیوں نکریں کسی طرح کافی نہیں ہوسکتی اُس کے واپس جانے پر تھوڑی دیر بعد میں شاغوال یعنی وزیر سے ملنے کو گیا جب اُس کے مکان پر پہونچا اور وزیر سے آنکھیں چار ہوئیں میں نے جھک کر سلام کیا وزیر وہاں سے اُٹھہ کر دروازہ تک آیا اور مجھہ سے ملا اور میرا ہاتھہ پکڑکر اندر لیگیا اور آتش خانہ کے قریب اپنے مقابلہ میں مسند پر بٹھایا نہایت خاطر کی اور بہت سی باتیں پوچھیں میرے آنے کی خوشی ظاہر کی اور کہا کہ سلطان روم اور انگریزوں کے باہم جو محبت اور دوستی ہی اُسکو میں جانتا ہوں اور انگریزوں کو اپنا دوست سمجھتا ہوں آپ نے جو اسقدر دور و دراز سفر اختیار کیا اور ہمارے بادشاہ سے ملنے کے واسطے ایسی تکلیف گوارا کی یہہ ایک عمدہ ثبوت اُس دوستی کا ہی دوستی سے ہو ایک چیز ترقی پاتی ہی اور دشمنی سے ملک ویران ہوجاتے ہیں میں نے ان سب باتوں کا مناسب جواب دیا اور کہا کہ مجھکو اُمید ہی کہ میرا یہاں آنا دونوں ملکوں کے باہم دوستانہ برتاؤ اور آمد و رفت کا باعث ہوگا کیونکہ انگریزوں کا ترکوں کی نسبت نیک خیال ہی اور جبکہ اس تمام خاطرداری اور مہمان نوازی کا حال جو میری نسبت ترکستان میں ہوئی ہی ہماری ملکہ سنینگی تو نہایت خوش ہونگی اسی گفتگو میں دسترخوان بچھا اور چاء میرے روبرو پیش کی گئی اُس کے بعد میں نے اُٹھنا چاہا مگر شاغوال نے میرے شانہ پر ہاتھہ رکھکر پھر مجھے بٹھا لیا اور اُن کے ایک ملازم نے ایک عمدہ ریشمین چغہ میرے شانوں پر ڈال دیا تب میں رخصت ہوا شاغوال بھی میرے ساتھہ اُٹھا اور مجھکو دروازہ تک پہونچا گیا *

میرے یارقند میں پہونچنے سے پہلے میرے واسطے میز اور کرسی طیار کرالی گئی تھی کئی دن کے بعد میں پور شاغوال کی ملاقات کے لیئے گیا اور وہ اُسی طرح عزت اور خاطر سے پیش آیا ایک ریشمین چغہ عنایت کیا اُسکے بعد پھر کئی مرتبہ چغہ اور ٹوپیاں وغیرہ مجھکو بھیجیں *

یارقند میں کافروں کے لیئے حکم ہی کہ پگڑی نہ باندھیں اور کمر میں ایک سیاہ ڈوری باندھے رہا کریں مگر میرے ہندو نوکروں کو مسلمانی پوشاک پہننے کی اجازت تھی میں سمجھتا ہوں کہ یہہ بات میرے حال پر نہایت بڑی مہربانی ہونے کے سبب سے تھی *

ایک روز میرا منشی شاغوال کا ایک رقعہ لیکر آیا جس میں اس بات کی شکایت تھی کہ تمہارے نوکروں نے روپیہ کے لیئے کچھہ جنس بازار میں فروخت کی ہم سے روپیہ کیوں نہ طلب کیا اسیکے ساتھہ یہہ بھی لکھا تھا کہ بدخواہ لوگ کہیں گے کہ ایک مہمان انگریز کی مہمانداری کی نسبت مناسب توجہہ نہیں ہوتی تب میں اپنے منشی کو اُن کے پاس بھیجا اور کہلا بھیجا کہ کچھہ کپڑا میں نے نوکروں کے لیئے خریدا تھا اس پر وزیر نے کہا اگر یہہ بات بادشاہ کے کان تک پہونچ جاوے تو مجھپر حد سے زیادہ عتاب ہو *

ایک روز رمضان کے دنوں میں میں وزیر کی ملاقات کو گیا اُس روز وزیر صاحب نے اپنے ہاتھہ سے میرے لیئے چاء طیار کی ایک دن یوزباشی نے مجھہ سے کہا کہ آپ یہاں کوئی چیز ہرگز نہ خریدیئے مینے کہا کہ تھوڑی تھوڑی سی چیزوں کے مانگنے میں مجھکو شرم آتی ہی یوزباشی نے کہا کہ جو چیز آپ کو درکار ہو خواہ وہ ہزار طلا کی ہو خواہ ایک پھول کی اُس کے مانگنے میں ہرگز شرم نہ کیجیئے شاغوال کو مینے ایک ملاقات میں ایک پندرق رائفل اور ایک ریوالور اور ایک ریشمین پگڑی اور کچھہ کپڑا اور ایک سو بیس پونڈ چاء نذر دی جس کو اُنہوں نے نہایت خوشی سے قبول کیا جب ہمارا پڑا دن قریب آیا تو میں نے اپنے نوکروں کو گوشت خرید نے کا حکم دیا مگر شاغوال کے ہاں سے پیغام آیا کہ آپ بازار سے کچھہ نہ خریدیں سب چیزیں مہیا ہوجاوینگی بڑے دن کو شاغوال نے ایک بڑا بھاری دستر خوان اور دو ریشمین چغہ اور ایک ٹوپی بھی بھیجی وزیر نے میری تفریح کے لیئے گانے بجانے والے بھی متعین کیئے تھے *

ایک روز میں نے اپنے دوستوں کی دعوت کی جس میں میرا منشی دیوان بخش اور یوزباشی اور مہماندار اور چار پنجا باشی شریک ہوئے اُن لوگوں نے پھلی روٹی کا ٹکڑہ نمک کے ساتھہ کھاکر روزہ کھولا پھر کھانا کھایا کھانے میں کچھہ انگریزی اور کچھہ اُنکا کھانا تھا یوزباشی کو اسبات کی بڑی تشویش تھی کہ کونسی چیز کھائیں اور کونسی

کہ کہائیں کیونکہ کم بخت کشمیری اور ہندوستانیوں نے جو شاہ یارقند کے ملازم تھے ترکوں سے ہماری شکایت کی تھی اور یہہ کہدیا تھا کہ سوائے سور کے گوشت کے یہہ اور کچھہ نہیں کہاتے ہیں کسی مسلمان کو اُنکے ساتھہ کہانا کہانا نہ چاہیئے اس لیئے یوزباشی نے میرے اور مہمانوں سے کہہ رکھا تھا کہ منشی پر نظر رکھیو جس چیز کو وہ ٹلے اُسکو ہاتھہ نہ لگائیو مجھکو اسبات کی کچھہ خبر نہ تھی بعد کو خبر ہوئی پھر میرے منشی نے اُنکو سمجھا دیا کہ رزیل انگریز کبھی کبھی سور کا گوشت کہاتے ہیں شا صاحب کو میں نے کبھی کہاتے نہیں دیکھا اسبات سے سب خوش ہوگئے *

شاہ یارقند کاشغر میں تھے وہاں میرے آنے کی خبر بھیجی گئی اور جب تک مجھے وہاں جانے کی اجازت نہ ملی میں یارقند میں رہا جسوقت اجازت آئی وزیر صاحب نے مجھہ سے دریافت کرایا کہ بادشاہ کی نذر کے واسطے اگر کچھہ چیزیں درکار ہوں تو ہم پہونچادیں جاویں میں نے کہلا بھیجا کہ سب آپ کی نوازش ہی میں بادشاہ کے حضور میں وہی چیزیں نذر گذرانا چاہتا ہوں جو خاص میری اور میرے ملک کی ہیں اس پر بھی وزیر نے یوزباشی کی معرفت کچھہ روپیہ اور چند خلعت میرے پاس بھیجے اور کہلا بھیجا کہ بادشاہ کے اہلکاروں کو دینے کے لیئے لیتے جائیئے اتفاق سے میری گھڑی کا شیشہ ٹوٹ گیا تھا تو میں نے ایک شیشہ منگوایا تھا مگر وزیر صاحب نے بھلے شیشہ کے اپنی گھڑی میرے پاس بھیجدی تھی اب جومیں کاشغر کو جانے لگا تو وہ گھڑی میں نے اُنکے پاس واپس بھیجی وزیر صاحب نے فرمایا کہ اگر یہہ گھڑی مجھے پھر دیکھوگے تو میں سخت ناراض ہونگا جو چیز میرے پاس سے جاتی ہی وہ پھرکر نہیں آیا کرتی اگر شا صاحب اس کو اپنے لایق نہ سمجھیں تو اور کسیکو دیدیں آخر کار یارقند سے کاشغر کی طرف روانہ ہونے کا سامان درست ہوگیا اور صبح کے وقت نہایت عمدہ خوبصورت گھوڑا داہ خواہ یعنی وزیر کے اصطبل سے میری سواری کے لیئے آیا اور میرے سب نوکروں اور اسباب کے واسطے بھی گھوڑے ملے اور وہاں سے روانہ ہوئے محمد اسحاق جان برادر داہ خواہ شہر کے دروازہ تک مجھے رخصت کرنے کو میرے ساتھہ آیا کاشغر میں پھرنچلنے کے بعد میں نے اُن سب چیزوں کی درستی کی جو بادشاہ کی نذر کے لیئے میں لیگیا تھا اور اُن کو کشتیوں پر رکھا قریب قریب صبح کے بہت سے اہلکار مجھے بلانے آئے اور میں اُن کے ساتھہ بادشاہ کی ملازمت کے لیئے چلا میرے ہمراہ دو یوزباشی اور محرم باشی وغیرہ تھے اور تیس یا چالیس آدمی نذر کی چیزیں لیئے ہوئے تھے میں جس مکان میں فروکش تھا اُس کے دروازہ سے بادشاہی محل کے دروازہ تک ایک چوتھائی میل کا فاصلہ تھا سڑک کے دونوں طرف لوگوں کا ہجوم تھا جو اپنے مختلف رنگوں کی پوشاک کے باعث سے زندہ تصویروں کی مانند معلوم ہوتے تھے دروازہ کے اندر پہونچکر کئی بڑی بڑی ڈیوڑھیوں میں سے گذرا ہر ایک ڈیوڑھی پر عمدہ عمدہ کپڑے پہنے ہوئے پہرہ کے سپاہی خاموش بیٹھے ہوئے تھے اور یہہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ بھی اُس عمارت کے جزو ہیں اُن کے سوا اور لوگ قطار کی قطار ریشمین لباس پہنے بیٹھے تھے اُس میں جو لوگ کچھہ اعلی درجہ کے تھے اُن کی پوشاک اوروں سے زیادہ عمدہ تھی پہلے پہل میں نے کالمک قوم کے سپاہی دیکھے جنکے پاس تیر و کمان و ترکش تھا اندر کے صحن میں چند چبوترہ مصاحب نظر آئے یہاں سرائے ایک یوزباشی کے جو مجھے میرے پاس گیا تھا اور کوئی میرے ہمراہ نہ تھا میں ایک دالان میں سے گذرکر ایک دروازہ میں گیا پھر ایک کوٹھڑی میں سے ہوکر دربار کے کمرہ میں پہونچا اس کمرہ میں دریچہ کے قریب ایک شخص کو تنہا بیٹھا پایا میں نے قیاس سے جانا کہ یہی بادشاہ ہی تب میں آہستہ آگے بڑھا اور جب قریب پہونچا تو بادشاہ اپنی مسند سے گھٹنوں تک اُٹھے اور دونوں ہاتھہ مصافحہ کے لیئے بڑھائے میں نے ترکوں کے دستور کے موافق مصافحہ کیا اور اُنکی اجازت سے اُنکے روبرو بیٹھہ گیا پھر حسب قاعدہ مزاج پرسی کے لیئے اُٹھا مگر بادشاہ نے اُٹھنے نہ دیا اور بیٹھنے کا اشارہ کیا اور زیادہ تر اپنے قریب کرلیا پھر میری مزاج پرسی کی اور فرمایا کہ اُمید ہی کہ سفر بآرام ہوا ہوگا اسکے جواب میں میں نے عرض کیا کہ میں فارسی زبان بخوبی نہیں جانتا بادشاہ نے ہنسکر فرمایا کہ بخوبی سمجھہ میں آتی ہی اس کے بعد ایک مدت خاموشی رہی میں منتظر تھا کہ بادشاہ کچھہ فرماویں اور بادشاہ منتظر تھے کہ یہہ کچھہ کہے آخرکار بادشاہ نے انگریزوں کی طرح مرسم کی گفتگو شروع کی میں نے اُسکا مناسب جواب دیا اور یہہ کہا کہ میرے ہموطنوں کو اسبات کے سننے سے بڑی خوشی حاصل ہوئی ہی کہ ہمارے دوست سلطان روم اور اُن کی رعایا کے بھائیوں نے اہل چین کو شکالکر جن کے ساتھہ ہماری تین لڑائیاں ہوچکی ہیں ترکستان میں ایک نئی سلطنت قایم کی ہی اور اپنی نسبت میں نے یہہ کہا کہ مجھے لاٹ صاحب نے نہیں بھیجا ہی اور نہ کوئی خط دیا ہی میں صرف آپ کے نام کی شہرت سنکر اپنی خوشی سے آیا ہوں بادشاہ میری باتیں سنکر سرہلاتے جاتے تھے پھر فرمانے لگے کہ جب میں نے یہہ خبر سنی کہ شا صاحب دوستی کی نظر سے میری سلطنت میں آتے ہیں مجھکو بڑی خوشی ہوئی لاٹ صاحب تو بہت بڑے شخص ہیں میں اُن کے مقابلہ میں حقیر اور ناچیز ہوں میں نے جواب دیا کہ لاٹ صاحب تو بڑے ہیں مگر ہماری ملکہ جو اُن کی آقا ہیں اُن سے بھی بہت بڑی ہیں اس پر بادشاہ میری طرف دیکھنے لگے تب میں نے کہا کہ

مجھکو اُمید ھی کہ اِن دونوں قوموں کے باھم دوستی اور محبت مستحکم ھوجاویگی اور دوستوں کے درمیان لڑائی چھڑائی کی کچھہ بھث نہیں ھوتی پھر میں نے عرض کیا کہ میں اپنے ساتھہ انگلستان کی چند پندوتیں بطور نمونہ حضور کی نذر کے واسطے لایا ھوں اُمید ھی کہ وہ قبول فرمائی جاویں بادشاہ ھنسے اور فرمایا کہ ھم تم تو دوست ھیں ھمارے تمہارے بیچ میں نذر نذرانہ کی کیا ضرورت تھی تمہارا خیریت سے پہونچنا ھی بڑی خوشی کی بات ھی اسی کے ساتھہ بادشاہ نے اپنے دونوں ھاتھہ کی انگشت شہادت کو جوڑکر ٹیڑھی کرکے اظہار دوستی کیا اور میرے رخصت ھونے کے وقت بادشاہ نے فرمایا کہ چند روز آرام کرکے سب مقاموں کو دیکھو اس جگھہ کو اور جو کچھہ اس میں ھی سیکر اپنا سمجھو اب تیسرے روز پھر ھم سے اور آپ سے ملاقات اور بات چیت ھوگی پھر خدمتگار کو اشارہ کیا اُس نے ایک ساٹن کا چغہ لاکر میرے شانہ پر ڈالا اسکے بعد نہایت مہربانی سے بادشاہ نے مجھکو رخصت کیا *

پچیسویں جنوری کی شام کو مجھہ سے یرزہاپی سے ملاقات ھوئی یہیں کاشغر میں محرم بھی ھوا یہاں کے لوگوں نے حضرت سکندر یعنی سکندر اعظم کی نسبت عجیب واقعات بیان کیئے یعنی اُن کی دارالسلطنت سمرقند میں تھی اور اُنھوں نے ملک چین پر اس غرض سے کہ وھاں کے لوگوں کو دین اسلام کی طرف پھیریں فوج کشی کی راہ میں ایک مقام پر اپنے سپاھیوں کو حکم دیا کہ ھر شخص اس جگھہ ایک ایک پتھر رکھدے وھاں ایک بڑا ڈھیر پتھروں کا ھوگیا جب چین میں پہنچے تو شاہ چین نے اُن کی اطاعت قبول کی اور بعیر مقابلہ خراج گذار ھوگیا سکندر کے سپاھیوں نے اُس ملک کی عورتوں سے شادی کی اور حضرت سکندر نے اس مہم کے مطلب کو پورا کرکے الٰہ اکبر کہا اور وھاں سے کوچ کیا جب پتھروں کے اُس انبار کے پاس آئے جو سپاھیوں سے جاتے وقت جمع کرایا تھا تب حکم دیا کہ ھر شخص ایک ایک پتھر اُٹھالے سب نے ایک ایک پتھر اُٹھالیا لیکن ھزار ھا پتھر وھاں پر باقی رہ گئے اُن پتھروں کے شمار کرنے سے تعداد اُن سپاھیوں کی معلوم ھوئی جو چین میں اپنی چیٹی بیبیوں کے ساتھہ رہ گئے اُن لوگوں سے دو قومیں پیدا ھوئیں ایک ٹیونگانی جو مسلمان ھیں (ٹیونگانی ترکی لفظ ھی اس کے معنی ھیں وہ جاتا) دوسری کالمک جو اب بھی چین کے راستے کے قریب ملکوں میں بستی ھیں میں خیال کرتا ھوں کہ حقیقت میں یہہ داستان تاتار کے فتنہیاوں میں سے کسی کی ھی لیکن عام غلطی سے سکندر کے ساتھہ منسوب کیا گیا ھی شمالی تاتار میں ایک میدان ھی جو سنتاش کے نام سے مشہور ھی اور اُس میں اب بھی ایک بہت بڑا انبار پتھروں کا موجود ھی اور اُسکی نسبت بھی یا اسی قسم کی کہانی مشہور ھی ٹیونگانیوں کی روایت سے بھی بیان مذکورہ کی تصدیق ھوتی ھی وہ لوگ کہتے ھیں کہ تیمور لنگ کے کچھہ سپاھی اُس ملک میں رہ گئے اور ھم اُنھیں کی اولاد ھیں (لیکن تیمور لنگ کبھی اُس ملک میں نہیں گیا) جب مشرقی ترکستان کا تذکرہ چلا تو لوگوں نے بیان کیا کہ چار ھزار اُسی برس اب سے پیشتر اس ملک کے باشندے کافر یعنی بت پرست تھے حضرت سلطان ذالی ایک بادشاہ پیدا ھوا اور اُس نے سب کو مسلمان کیا میرے منشی نے اُن لوگوں سے پوچھا کہ اُس کو کس نے مسلمان کیا تھا اُنھوں نے کہا کہ وہ خود مسلمان ھوا منشی نے کہا نہیں نہیں کوئی اُستاد اُس کا ھوگا میرے منشی سے کہا چپ رھو یہہ لوگ جسطرح پر کہتے ھیں کہنے دو جب تم نے ان لوگوں سے یہہ سنا کہ تین ھزار برس تمہارے پیغمبر صاحب سے پیشتر مسلمان بادشاہ حکومت کرتے تھے تو اِن سے تاریخی واقعات کی صحت کی کیا اُمید ھی اسپر پرزہاپی اور اُس کے محرم نے اپنی یادداشت کا مقابلہ کیا اور دیکھا تو منشی کی بات صحیح تھی اور پھر بیان کیا کہ حضرت سلطان کافر بادشاہ تھا اُس کو عبدالنصر سامانی بغداد کے ایک مولوی صاحب نے مسلمان کیا ھی جب سلطان بچہ تھا اُس وقت میں اُس کے باپ نے خواب میں دیکھا کہ وہ مسلمان ھوگا اُس پر اُس کا ارادہ اپنے بیٹے کے قتل کرنے کا ھوا لیکن جب اپنی بی بی سے مشورہ کیا تو اُس نے کہا کہ ابھی قتل مت کرو پہلے اس کا امتحان کرلو یعنی بتکدہ میں لیجاو اگر وہ ھمارے طریقہ پرستش کو قبول کرے تو زندہ رھنے دو ورنہ قتل کر ڈالو آخر لڑکے یعنی سلطان کو بت کے سامنے لیگئے وہ اُس کی پرستش میں شریک ھوا اسلیئے اُس کو قتل نہیں کیا گیا لیکن جب مسلمان اُستاد کی تعلیم اُس کو خفیہ ھوئی تو وہ اپنے دل میں بہت متردد ھوا اور جب اُس کے باپ نے ایک مندر بنانے کا اُس کو حکم دیا تو وہ اَور بھی زیادہ تر متردد ھوا اُسنے اپنے اُستاد سے مشورہ کیا درویش نے کہا کہ اپنے باپ کی اطاعت کرو مگر دل میں یہہ سمجھو کہ مسجد بنوا رھے ھیں جب کہ تمہارا مقصد نیک ھوگا تو صرف بتخانہ کے نام سے کچھہ نقصان نہوگا جب وہ مندر بنوا چکا تو ایک اور بھی بڑی مشکل پیش آئی یعنی اُس کے باپ نے اُسی مندر میں ایک بت نصب کیا اور اُس کی پرستش کا اُس کو حکم دیا اُس درویش نے مثل پیشتر کے پھر اُس نوجوان مسلمان کو سمجھا دیا کہ کاغذ کے دو پرزوں پر اللہ کا نام لکھکر اپنے ھاتھوں کی کہانیوں میں رکھو جب بت کے سامنے ھاتھوں پر سر رکھکر سجدہ کروگے تو وہ خدا کی عبادت ھوگی تم اُس بت کی چنانچہ اُس نے ایسا ھی کیا ھی اور ان تدبیروں سے اُس کا نیا عقیدہ بھی درست رھا اور

اُس کے والدین کے دل میں بھی کسیطرح شک نہ آیا اسی عرصہ میں چالیس لڑکے امیروں اور سرداروں کے اُس نے اپنے ساتھی کرلیئے اور اُن کے ساتھہ تیراندازی اور فنون سپہ گری کی مشق کی جب یہہ سب سیکھہ سیکھاے آدمی اُسکے قابو اور اختیار میں ہوگئے تو وہ دفعتاً اپنے باپ کے روبرو آیا اور اُس کو حکم دیا کہ مسلمان ہو بادشاہ نے انکار کیا تب اُس کے ساتھیوں نے بادشاہ کو گرفتار کرلیا اور اُسکا مرقعہ آسمان کی طرف کیئے ہوئے پکڑے رہے اس پر بھی وہ انکار کرتا رہا پھر اُس کو زمین پر کھڑا کیا اُس کے پاؤں تلے زمین پھٹنی لگی اور وہ رفتہ رفتہ دھسنے لگا تب بھی اُس کے بیٹے نے دین اسلام قبول کرنے کی ہدایت کی مگر اُس نے انکار ہی کیا یہاں تک کہ وہ بالکل زمین میں غایب ہوگیا اور اُس کا بیٹا یعنی سلطان بادشاہ ہوا — لوگ کہتے ہیں کہ مقام ارتاش میں یہہ جگہہ اب بھی نمک کے غار کی مانند نظر آتی ہی ارتاش کاشغر سے بیس میل شمال کی طرف واقع ہی اس ملک کا وہی پیشتر دارالخلافت تھا *

پہلی فروری کو یوزباشی اور معصوم باشی نے دو پہر کے وقت میرے ساتھہ پلاؤ کھایا اُس کے بعد میرے ملازم مسمی کبیر نے نماز نہ پڑھی اسلیئے لوگوں نے اُس کو ملامت کی اور معصوم باشی نے کہا کہ جو کوئی شخص کسیوقت کی نماز قضا نکرے تو چوری اور چوری اور قتل سے اُسکا کچھہ حرج نہیں ہوتا کبیر نے نماز قضا کرنے پر عدم فرصتی کا عذر کیا لیکن معصوم باشی کے اس مسئلہ پر کہ نماز سے ہرقسم کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں بھت کی دفعہ میرے منشی کے پاس گئے منشی نے معصوم باشی کے دعوی کے برخلاف تصفیہ کیا اور وہ مسئلہ اسلام کا بیان کیا جسکا یہہ مطلب ہی کہ خدا تعالی کے تمام گناہ مثل شراب خواری قمار بازی وغیرہ اُس شخص کے معاف ہونگے جو برابر پانچ وقتہ نماز پڑھتا رہیگا اور مکہ شریف کے حج کو جاویگا لیکن انسان کے مقابلہ کے گناہ مثلاً چوری زبردستی بیرحمی وغیرہ حج کرنے سے بھی معاف نہونگے جب تک گنہگار حتی‌الوسع اُس کا معاوضہ دیکر مظلوم سے معافی نہ حاصل کرلے پس صرف نماز سے ایسے گناہ معاف نہیں ہوسکتے — اُسدن منشی نے متعجب ہوکر مجھسے کہا کہ ترک لوگ غیر مذہب والوں سے نہایت آزادی کے ساتھہ ملتے جلتے ہیں میں نے کہا ہاں یہہ لوگ دنیا کے اور سب لوگوں کی مانند ہیں منشی منسا اور مجھہ سے پوچھا کہ نہ اِس کا کیا مطلب ہی میں نے جواب دیا کہ تم ہندوستان کے لوگ اپنے ملک کے پہاڑوں کے اندر بند رہتے ہو اور باقی دنیا کے انسانوں کی یہ نسبت تمہارے خیالات بالکل مختلف ہو رہے ہیں صرف تمہی لوگ خواہ مخواہ ہندو مسلمان اور لوگوں کے ساتھہ کھانے پینے میں تعصب رکھتے ہو سوائے ہندوستان کے اور کہیں یہہ بات پائی نہیں جاتی اور ہندوستان میں جب انگریز تم سے یہہ بات کہتے ہیں تو تم اعتبار نہیں کرتے مگر دیکھہ لو ہندوستان سے نکلکر پہلے ہی قدم پر ایک سخت مسلمانی ملک میں خود تمہیں کو ایسے تعصبات کے ٹھونے پر تعجب ہوتا ہی یہی حال تمام دنیا کا ہی منشی نے اسبات کو قبول کیا اور کہا کہ میں بھی ہندوستان میں جاکر اپنی رائے تبدیل کرونگا *

کاشغر میں پانچویں اپریل کو بادشاہ سے دوسری ملاقات ہوئی جسکا میں صدہ سے منتظر تھا یعنی سہ پہر کے وقت سرکار نے آکر کہا کہ یا تو کوئی بڑا سردار تم سے باتیں کرنے کے لیئے آویگا یا تم ہی بادشاہ کی ملاقات کے لیئے بلائے جاؤگے میں نے جواب دیا کہ جو کچھہ اتالیق غازی کا حکم ہو اُسپر میں راضی ہوں بعد چند منٹ کے پھر سرکار نے آکر کہا کہ طیار اور آمادہ رہو شام کو بلائے جاؤگے اُس کے جانے کے بعد دو بندوقیں میں نے صاف اور درست کیں آٹھہ بجے شام کو میری طلبی ہوئی چنانچہ مجھکو لوگ محل کے سامنے سے بڑے پھاٹک میں لیگئے وہاں توپیں رکھی ہوئی تھیں پھاٹک کھولکر ہم لوگ چوک میں پھرنچے جہاں چین کی لالٹینیں روشن تھیں اُس کے مقابلہ میں دیوانخانہ تھا جس میں نہایت عمدہ روشنی ہورہی تھی میرا رہنما مجھکو دیوانخانہ کی سیڑھیوں پر چھوڑ کر چلا گیا میں اکیلا کمرہ سے اندر گیا اتالیق غازی ایک گوشہ میں بیٹھے تھے مجھکو دیکھہ کر ہاتھہ ہلوایا اور یہہ کہکر کہ آرام سے بیٹھو اپنے روبرو بیٹھایا بعد مزاج پرسی کے ایک ہندوستانی جمعدار ترجمان بنایا گیا تمام گفتگو لفظ بلفظ تو میں نہیں بیان کرسکتا کیونکہ گھنٹہ پھر سے زیادہ میں بیٹھا رہا اور گفتگو ہوتی رہی تھی خلاصہ تمام گفتگو کا یہہ ہی ہے بادشاہ نے فرمایا کہ اس ملک میں آپ کے آنے سے میں اپنی بڑی عزت سمجھتا ہوں اور میں انگریزوں کے مقابلہ میں طاقت اور مرتبہ میں بہت کم ہوں میں نے جواب دیا کہ آپکے اور انگریزوں کے باہم ایسی ہی دوستی ہوجانے کی مجھے اُمید ہی جیسی کہ سلطان روم اور انگریزوں کے درمیان میں ہی اور دوستوں کے درمیان میں کبھی بھی کوئی خیال نہیں کیا کرتا بادشاہ نے کہا خدا ایسا ہی کرے اور مجھکو بھائی کہکر فرمایا کہ میری رعایا سب تمہاری غلام ہی جب تو تم و جوار کی قومیں تمہارے یہاں آنے کا حال سنینگی تو میری اور بھی عزت بڑہ جاریگی میں نے جواب میں عرض کیا کہ نہ مجھکو ملکہ نے بھیجا ہی نہ لاٹ صاحب نے میں آپ کی نامور سنکر خود ایا ہوں مجھہ سے آپ کو صرف اسیقدر فائدہ ہوسکتا ہی کہ میں اپنے ملک اور اپنے بادشاہ کا حال بتادوں بادشاہ نے کہا کہ تم ہمارے بھائی ہو اور بہت سے اور بھی تعظیمی کلمہ کہے اور فرمایا کہ مینے اس سے پیشتر کبھی کسی

انگریز کو نہیں دیکھا تھا گو اُن کي طاقت اور سچائي کا حال سنتا رہا
ہوں اور مجھے یقین ہی کہ انگریزوں سے سوائے بھلائي کے کوئي مضر
بات ظہور میں نہ آویگي میں تمکو اپنا بھائي سمجھتا ہوں جو کچھہ
تم صلاح دو وہ میں کروں میرا ارادہ تمہارے ملک میں ایلچي بھیجنے
کا ہی تمہاري کیا صلاح ہی میں نے جواب دیا کہ آپ کا ارادہ نہایت
عمدہ ہی اور ایلچي بھیجنا بہت مناسب ہی پھر بادشاہ نے کہا کہ
میں ایلچي بھیجونگا اور اُس کے ہاتھہ ایک خط اس درخواست سے
بھیجونگا کہ وہ اُسکو ملکہ کي خدمت میں روانہ کردیں میں نے عرض
کیا کہ یہہ بہت بہتر تدبیر ہی بادشاہ نے پوچھا کہ کب بھیجنا چاہیئے
میںنے کہا جب آپکي مرضي ہو میرے ساتھہ خواہ مجھہ سے پہلے یا
میرے بعد روانہ فرمائیے مگر میري راے یہہ ہی کہ جو کچھہ کرنا ہو
جلد کیجیئے تب بادشاہ نے فرمایا کہ میرا ایلچي بیشک تمہارے ساتھہ
جاویگا اب میں یہاں پر تمکو تین دن اور ٹھہراؤنگا پھر یارقند کو چلنا
پڑیگا اور ایلچي کو میں یا تو یارقند میں یا یانگ حصار میں تمہارے
سپرد کرونگا میں نے کہا بہت اچھا اگر ارشاد ہو تو جو کچھہ باتیں
اُس سے پوچھي جاوینگي وہ سب میں اُس کو بتادونگا اور پھر وہ
ایلچي اُن سب اُمور کي نسبت حضور کي اجازت حاصل کولیگا ورنہ
جب وہ ہمارے حاکموں کے روبرو جاوے تو گفتگو کرنے میں شاید
اُس کو دقت پیش آوے بادشاہ نے فرمایا کہ ہاں سب باتیں اُس کو
بتادیجیو اور کل شام کو اور پھر یانگ حصار میں ہم سے تم گفتگو
ہوگي اور کہا کہ ملکہ انگلستان مثل آفتاب کے ہیں جس پر اُن کي
شعاع پڑتي ہی اُس کو گرمي پہونچتي ہی میں سردي میں ہوں اور
چاہتا ہوں کہ اُنکي کچھہ شعاعیں مجھہ پر بھي پڑیں میں ایک
چھوٹا سا آدمي ہوں چند برسوں میں خداوند کریم نے اتنا بڑا ملک
عطا کردیا ہی تم آئے میري بڑي عزت ہوئي مجھکو اُمید ہی کہ تم
اپنے ملک میں میري اعانت کروگے جو کچھہ مجھہ سے تمہاري خدمت
ہوني ممکن ہو اُس کے لیئے ارشاد کرو اور اسیطرح میرے ساتھہ بھي
پیش آنا اب گھر واپس جاکر میرا کیا حال بیان کروگے میںنے کہا میں
کہونگا کہ جو کچھہ آپ کي شہرت ہندوستان تک پہونچي ہی وہ اصل
حقیقت سے نصف ہی یہہ سنکر بادشاہ ہنسے اور مصافحہ کرنے کو
ہاتھہ بڑھایا پھر فرمایا کہ تم اپنے آدمي توکستان میں تجارت کے لیئے
بھیجا کرو ملکہ اپنا ایلچي یہاں بھیجیں یا نہ بھیجیں مگر خاص
تمہارے آدمي آیا جایا کریں پھر پوچھا کہ سال بھر میں ایک آدمي
بھیجوگے میںنے عرض کیا کہ اگر حضور کي اجازت ہی تو ضرور بھیجونگا
بادشاہ نے فرمایا سب قسم کي سوداگري کي چیزیں بھیجنا اور ہمارے
نام خط لکھنا اور جو کچھہ تمہیں درکار ہو ہمسے طلب کرنا تمہارے
بخیریت پہونچنے کا خط ہمارے واسطے ایک نعمت ہوگا میںنے جواب
دیا کہ بے شک اس ذریعہ سے آپ کي خیر و عافیت کا حال مجھے معلوم
ہوتا رہیگا جس سے مجھکو بڑي خوشي ہوگي میں دعا کرتا ہوں کہ
آپ کي سلطنت صدہا برس قایم رہے الحاصل اسي قسم کي گفتگو کي
بعد میںنے چاء پي اور مجھکو خلعت مرحمت ہوا جس کے بعد کچھہ
تھوڑي سي دیر بیٹھہ کر میں رخصت ہوا ایک شاہزادہ مجھکو صدر
دروازہ تک پہونچا گیا سب لوگوں نے مجھکو مبارکباد دي *

چوتھي اپریل کو بادشاہ کے ہاں سے روپیہ اشرفیاں اور کچھہ سرنے
کے ریزے کاغذ میں لپٹے ہوئے سرکار لایا اور کہا کہ یہہ آپ کے ذاتي
اخراجات کے لیئے ہیں وہ سب مالیت تخمیناً چھہ سو روپے پونڈ یعني
چھہ ہزار نو سو روپیہ کي تھي تھوڑي دیر بعد وہي شخص پھر آیا
اور پینتالیس پونڈ یعني چار سو پچاس روپیہ منشي کے لیئے لایا اور
پھر ایک زردوزي سرخ ساٹن کا چغہ اور ایک اونچي مخمل کي ٹوپي
میرے لیئے اور کچھہ کپڑے منشي اور اور میرے ملازموں کے لیئے آئے
تھوڑے عرصہ بعد ایک گھوڑا نہایت عمدہ اسباب سے سجا ہوا آیا اور
اُس کي باگ میرے ہاتھہ میں دي گئي اور دعائیں پڑھي گئیں شام
کو میں پھر بادشاہ کي ملازمت کے لیئے گیا معمولي گفتگو کے بعد
بادشاہ نے پھر یہي کہا کہ بمقابلہ ملکہ کے جو ہفت اقلیم کي حکمراں
ہیں میري کچھہ حقیقت نہیں اس کے بعد انگلستان کے ساتھہ
دوستي کا تذکرہ آیا خصوصاً میري دوستي کا بادشاہ نے فرمایا کہ جب
میں تمہارا منہہ دیکھتا ہوں میرے دل میں ایک نیک شگون کا
خیال پیدا ہوتا ہی میںنے عرض کیا کہ آپ کي بے انتہا نوازش ہی
میں اس کا مستحق نہیں ہوں اور مجھہ پر کیا منحصر ہی آپ
میري تمام قوم اور ملکہ پر بھي ایسي ہي مہرباني فرماتے ہیں یہہ
سنکر بادشاہ نے سمجھا کہ جو چیزیں صبح کے وقت مجھے عطا فرمائي
تھیں اُن کي قیمت گویا میں نے یہہ کہا کہ وہ میري قوم اور ملکہ کے
واسطے ہیں چنانچہ فرمانے لگے نہیں نہیں وہ سب چیزیں خاص تمہارے
لیئے ہیں تمہاري ملکہ کے لیئے مناسب تحفہ میں مہیا کرونگا میں
تمہارے ملک کے دستوروں سے ناواقف ہوں مگر تم ہمارے دوست ہو
ہمکو بتاؤ کہ ملکہ کے لیئے کیا کیا چیزیں بھیجني مناسب ہونگي
ملکہ کا مرتبہ بہت اعلی ہی میں بے حقیقت ہوں میں تم سے کوئي
بات نہیں چھپاتا تم میرے ملک کے حال سے واقف ہو یہاں اُونی کپڑا
اور اسي قسم کي اور چیزوں کے سوا کچھہ نہیں ہوتا پس تمکو چاہیئے
کہ تم مجھکو صلاح دو میں نے جواب دیا کہ بادشاہوں لیئے دوستي
اور اتحاد ایک بہت بیش بہا تحفہ ہی جو وہ آپسمیں ایک دوسرے
کو دے سکتے ہیں لیکن اگر میري مصلحت کي ضرورت ہی تو میں

حاضر ہوں بادشاہ نے فرمایا کہ یہہ امر میں تمہیں پر چھوڑتا ہوں جب یانگ حصار میں ملاقات ہوگی تب اس کا اہتمام کرینگے یہاں کام کی کثرت ہی روس اور قوقان اور بخارا وغیرہ سب طرف سے لوگ یہاں آئے ہوئے ہیں لیکن یانگ حصار میں سب کام چھوڑ کر تمسے مشورہ کرونگا جو کچھہ تم صلاح بتلاؤ گے وہ کرونگا خواہ خط لکھیں گے یا ایلچی بھیجینگے یا اور جو کچھہ تم کہوگے سو کرینگے میں نے کہا کہ ایلچی بھیجنے کی والے بہت عمدہ ہی اس کی تعمیل میں جو کچھہ تائید مجھہ سے ممکن ہی اُس کے لیئے میں حاضر ہوں پھر بادشاہ نے انگلیوں پر شمار کرکے فرمایا کہ کل چہار شنبہ ہی پرسوں پنجشنبہ اور اترسوں جمعہ کو میں اپنے لڑکے کو یہاں چھوڑ کر یانگ حصار کو روانہ ہونگا دردن تم یہاں اور رہو میرا ملک اور میری سب رعایا تمہاری ہی اور جمعہ کے روز یانگ حصار میں مجھہ سے ملو مجھکو اُس جگہہ سے نہایت اُنس ہی کیونکہ اس ملک میں میں نے پہلے پہل اسی شہر کو فتح کیا تھا میرا ارادہ ہی کہ جمعہ کی نماز وہیں جاکر ادا کروں اُس کے بعد سب بندوبست ہوگا اور میں دو یا تین مقامات رئیس بھی تمہارے ساتھہ کردونگا وہ لوگ تمکو ہاتھوں ہاتھہ آرام سے میرے ملک میں سے لیجاوینگے اور تمہارے ملک میں تمہارے ہمراہ جاوینگے اس کے بعد بادشاہ نے فرمایا کہ میں نہایت محجوب اور شرمندہ ہوں کہ اس سے پیشتر اس ملک میں ایک انگریز آیا تھا اُس کو ولی خاں ڈاکو نے مارڈالا میں نے جواب دیا کہ ہمارے غرب جانتے ہیں کہ آپ کا اُس میں ایما نہ تھا اور نہ ہم آپ پر اُسکا الزام لگاتے ہیں وہ مسافر انگریز نہ تھا جرمنی تھا مگر پھر بھی ہمارے اور اُس کے مارے جانے کا بڑا رنج ہی کیونکہ وہ ہندوستان میں ہمارا مہمان تھا اور وہیں سے ترکستان میں آیا تھا پھر بادشاہ نے چھہ اُنگلیاں اُٹھاکر فرمایا کہ اتنے برس سے میرا اختیار اس ملک پر ہی اس سے پیشتر میں کچھہ بھی نہ تھا میں نے عرض کیا کہ جو بادشاہ باستحقاق موروثی بادشاہت حاصل کرتے ہیں اُنمیں اُن کی کچھہ لیاقت نہیں سمجھی جاتی بلکہ جو لوگ مثل تیمور اور سکندر کے اپنی قوت بازو سے بڑی بڑی سلطنتیں حاصل کرتے ہیں وہی قابل تعریف ہوتے ہیں بادشاہ نے فرمایا خدا تمہارا قول سچا کرے اور یہہ بھی کہا کہ ایک اور انگریز یارقند میں آیا تھا تم اُسکو جانتے ہو میں نے کہا کہ ایک انگریز مجھکو تبت میں ملا تھا اور اُس نے مجھسے درخواست کی تھی کہ مجھکو اپنے ساتھہ لیچلو مگر میں نے انکار کیا کیونکہ میں نے صرف اپنے ہی لیئے حضور سے درخواست کی تھی بادشاہ نے کہا خیر لیکن جو کوئی انگریز یہاں آوے میں اُس سے خوش ہوں اِس کے بعد میں رخصت ہوا نیچے اوپر تین پہاڑی چڑھ جو بادشاہ نے عطا فرمائے تھے پہنے ہوئے تھا اسلیئے گرمی کے مارے میں گھبرا گیا تھا *

میں نے چاہا کہ اُس سرکار کو جو بادشاہ کے حضور میں سے میرے لیئے نقد و جنس لایا تھا کچھہ دوں مگر اُسنے انکار کیا اور کہا کہ اگر میں مہمان سے ذرا سی بھی کوئی چیز لے لوں تو بادشاہ میری گردن مارے گا اپریل کی بارھویں تاریخ صبح کو بادشاہ سے رخصت ہونے کو گیا ملازمان شاہی مجھکو قلعہ میں لیگئے جسکے اندر جاکر ایک صحن کی حد پر بادشاہ کو بیٹھے پایا حسب معمول میں روبرو بٹھایا گیا اور ترجمان طلب ہوا باہم مزاج پرسی کے بعد نہایت گفتگو ہوئی جسکا پورا پورا لکھنا ممکن نہیں مختصر یہہ ہی کہ بادشاہ نے فرمایا ایک معزز سید کو میں بطور ایلچی تمہارے ساتھہ روانہ کرنا چاہتا ہوں جب اپنی کاں میرہ کی نصل آوے تب تم روانہ ہو کیونکہ اُسیوقت راہ کھلی رہتی ہی اور یارقند اور شہیدالله و کشمیر اور تبت سے اپنی خیر بھیجو پھر فرمایا کہ مہاراجہ کشمیر کے نام بھی کوئی خط لکھدوں یا نہیں اسمیں تمہاری کیا صلاح ہی یہہ کہکر میرے منہہ کی طرف دیکھنے لگے میں نے چاہا کہ اس کا کچھہ جواب دوں لیکن جب بادشاہ نے مکرر پوچھا تو میں نے کہا کہ بڑے بڑے بادشاہوں کو باج گذار رئیسوں سے خط کتابت کرنا مناسب نہیں بادشاہ نے کہا میں بھی جاننا چاہتا تھا میں تمہارے ساتھہ ایک شخص ایسا بھیجونگا جو بالکل تمہارے حکم کے تابع رہے اُسکو تم کشمیر سے جب جی چاہے واپس کردیجیو پھر پوچھا کہ کشمیر میں کوئی ایسا تاجر مقرر کروں جو وہاں کے حالات لکھتا رہے میں نے کہا بیشک رکھنا چاہیئے اور اُمید ہی کہ آپ لاہور میں اپنا ایک وکیل رکھنے کا بہت جلد اہتمام فرماوینگے یہہ سب باتیں میں نے بہت رک رک کر کہیں اور یہہ بھی کہدیا کہ ایسے امور میں صلاح دینا میرا کام نہیں ہی آپ اپنی تجویز سے کام کیجیئے مگر بادشاہ سب باتوں میں دوستی کا حوالہ کرکے کہتے تھے کہ تم ہندوستان کے حال سے واقف ہو اور جب کہ تم سا دوست ایسی باتوں میں بھی صلاح نہ دے جنسے وہ واقف ہی تر اُس سے اور کیا ہوگا ہی پھر ملکہ کی عظمت اور بزرگی کا تذکرہ ہوا اور بادشاہ نے کہا کہ ملکہ مثل آفتاب کے ہیں جسکی کرنوں سے ہر چیز کو گرمی پہنچتی ہی ایسے بڑے بادشاہ کی دوستی کے لایق تو میں نہیں ہوں مگر یہہ اُمید رکھتا ہوں کہ مجھکو بھی اُن کی دعاؤں کی دھرپ کھانے کی اجازت ملے اور یہہ بات میں اسلیئے چاہتا ہوں کہ میرے چاروں طرف دشمن ہیں اس کے بعد پھر میری دوستی کا ذکر ہوا اُس پر میں نے عرض کیا کہ میرا دل آپ کے دل کے ساتھہ وابستہ ہی آپنے جو کچھہ الطاف اور نوازش میرے حال پر فرمائی ہی اس کا حال میں اپنے ملک کے

لوگوں سے کہرنگا بادشاہ نے فرمایا کہ کسی منشی کو یا کسی اور ملازم کو میرے پاس بھیجا کیجیو اور اپنی خیر و عافیت کا حال لکھتے رہیو میں بھی اپنا حال تمکو لکھونگا اور اس ملک کی جو چیز مطلوب ہو وہ طلب کیجیو یہہ سب تمہارا ہی میں نے عرض کیا کہ ضرور ایسا ہی کرونگا اس گفتگو میں بہ نسبت پیشتر کے بادشاہ کی طرف سے مہربانی کا زیادہ اظہار ہوتا تھا بات چیت ہنس ہنس کر نہایت آسان فارسی میں کرتے تھے اور ہر جملہ پر جھک کرکہہ کہتے شا صاحب مجھے آخرکار جانے کے بعد مجھکو خلعت مرحمت ہوا اور میں رخصت ہوا بادشاہ نے میرا ہاتھہ اپنے دونوں ہاتھوں سے تھام کر کہا خدا حافظ اور پھر ہاتھہ اُٹھاکر مرہبی میں میری خیر و عافیت کے لیئے دعا پڑھی اور چہرہ پر سے ڈاڑھی تک ہاتھہ پھیر کر کہا اللہ اکبر *

یارقند کو واپس آتے ہوئے پندرھویں اپریل کو ہم ایک گانوں میں ناشتہ کے لیئے اُترے وہاں ایک عجیب واقعہ پیش آیا یعنی میں یوزباشی اور پنجا باشی کے ساتھہ بیٹھا ہوا تھا اور چومارو نام میرا ملازم میرے لیئے کوئی چیز لایا یوزباشی میرے آدمیوں پر بہت مہربان رہتا تھا اُس نے پنجا باشی سے ہنسکر کہا کہ دیکھو یہہ ایک ہندو ہی ہندو کسی دوسری قوم کے ساتھہ کھانا نہیں کھاتے پنجا باشی کی طبیعت ذرا آزاد کم تھی اُس نے حقارت کے ساتھہ چومارو کی طرف دیکھکر ترشی سے کہا کہ تو ہندو ہی چومارو نے یا تو جلدی میں یا یوزباشی کی مہربانی کے خیال سے ہنسکر جواب دیا نہیں میں مسلمان ہوں اُس پر دونوں شخص اوچھل پڑے اور بولے کہ دیکھو اُس نے اپنے مرنھہ سے کہا ہے کہ میں مسلمان ہوں پھر مجھہ سے مخاطب ہوکر بولے کہ ہم دونوں آدمی اسبات کے گواہ ہیں میں چپ رہا پھر ہنسکر جوابدیا کہ ہاں میں نے بھی سنا لیکن خیر اب اسبات کو جانے دیجیئے آئیئے کھانا کھائیئے کھانا ٹھنڈا ہوتا ہی وہ لوگ متعجب ہوکر بیٹھہ گئے مگر وہی تذکرہ کرتے رہے میں نے دو ایک باتیں ہنسی کی کہکر اُس بات کو ٹالا لیکن دیر تک میں بھی مشوش رہا کیونکہ وسط ایشیا کے متعصب مسلمانوں کی سختی کے حال سے میں واقف تھا یہہ مسلمان کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اتفاق سے بھی ایک مرتبہ یہہ کہدے کہ میں مسلمان ہوں یا صرف یا اللہ کہے تو ہم اُس کو پھر بت پرستی نہیں کرنے دیتے یا وہ اسلام اختیار کرے یا موت یوزباشی نے پھر مجھہ سے کہا کہ چومارو خوب بچا کہ اس موقع پر میرے اور پنجا باشی کے سوا اور کوئی نہ تھا ہم آپ کے سبب سے اس بات کو دبائے دیتے ہیں تاکہ قاضی کے کان تک نہجائے *

شام کے وقت مجھہ سے اور پنجا باشی دادا خان سے ایک پرانی عمارت کا تذکرہ ہوا یہہ عمارت کاشغر اور قرقان کی راہ پر مقام اراوان میں جو اُس سے پندرہ میل کے فاصلہ پر ہی واقع ہی اور اُس میں سے ایک پہاڑ میں کو پوراتی سیڑھیاں ہیں جنپر سے ایک ایسے درہ کی راہ ہی جسکا دروازہ نہایت تنگ اور چھوٹا ہی اور درہ بہت وسیع ہی یہہ سیڑھیاں اور عمارت چہل ستون کہلاتی ہی یہاں کے لوگ اس عمارت کی نسبت بجز اسبات کے کہ یہہ عمارت قدیم ہی اور کوئی روایت نہیں رکھتے *

شہر یارقند کی کل آبادی میرے اندازہ سے پچھتر ہزار آدمیوں سے کم نہیں ہی تیا شہر یعنی قلعہ بہت چھوٹا قریب ہزار گز مربع کے ہی اُس کی آبادی پانچ ہزار سے کم نہرگی پس کل آبادی شہر اور قلعہ کی اسی ہزار آدمیوں کی ہوگی گو تعلیم ادنی درجہ کی ہوتی ہی مگر انتظام تعلیم بہت اچھا ہی جہاں مسجد ہی وہاں اُس کے ساتھہ ایک ابتدائی مدرسہ بھی ہی زیادہ عمر کے طالب علموں کے لیئے یعنی پندرہ برس سے بیس برس کی عمر کے طالبعلموں کے لیئے پچاس یا ساٹھہ مدرسہ ایسے ہیں جن میں بحساب اوسط سو طالب علم تعلیم پاسکتے ہیں اور اُن مدرسوں کے لیئے زمین عطا ہوئی ہی ہر ایک طالب علم بھی تھوڑی سی فیس دیتا ہی مگر تعلیم وہاں صرف اسیقدر ہوتی ہی کہ کچھہ لکھنا پڑھنا آجاوے اور قران شریف پڑھ سکیں بعض اوقات قران شریف با معنی بھی پڑھایا جاتا ہی اسی تعلیم کی بنا پر لوگ اپنے آپ کو ملا لکھتے ہیں اہل چین کے زمانہ کی نسبت اب مدرسوں کی تعداد زیادہ ہوگئی ہی بالفعل اتالیق غازی نے بھی دو مدرسے جدید یارقند میں تعمیر اور قایم کیئے ہیں جن کے ساتھہ بڑے بڑے تالاب بھی سایہ دار بنائے ہیں اندجان والوں اور اتالیق غازی کے عہد سے اسلام کا ریسے ہی سختی اور تشدد کے ساتھہ پرتاؤ ہی جیسا کہ بخارا میں تھا محتسب گلی کوچوں میں پھرتا ہی اور جس مرد کو بلا دستار اور جس عورت کو بغیر برقہ کے دیکھتا ہی سزا دیتا ہی جہاں کہیں وہ گذرتا ہی ہر شخص راستہ چھوڑکر اس خوف سے کھڑا ہوجاتا ہی کہ کہیں میری کوئی خطا نہ نکل آوے میں نے سنا ہی کہ اتالیق غازی سوائے ایسے شخص کے جو ملک میں فساد برپا کرے لڑائی کے قیدیوں کو کبھی قتل نہیں کرتا چوروں کی عام سزا پھانسی ہی اور بدکاروں کی گردن ماری جاتی ہی *

گیارھویں مئی کو داد خواہ نے میرے لیئے یوزباشی کی معرفت ایک گھوڑا بھیجا اور کہلا بھیجا کہ میں نے سنا ہی آپ کوئی گھوڑا خریدنا چاہتے ہیں اگر آپ خرید لینگے تو میری میزبانی میں بٹہ لگ جاویگا یہہ بھی ممکن گھوڑا تھا جس کی میں نے ایک مرتبہ تعریف کی تھی پھر یوزباشی نے مجھہ سے پوچھا کہ داد خواہ دریافت کرتے ہیں کہ آپکو اور بھی گھوڑے کی ضرورت ہی میں نے کہا کہ میری میزبان

بند هی کیونکہ جب میں گھوڑا خریدنے کی اجازت چاهتا هوں داد خواہ اپنے پاس سے عنایت کر دیتے هیں بهت سی چیزیں مثل خچر اور ریشم وغیرہ کے میں خریدنا چاهتا هوں لیکن اگر بلا اجازت خریدوں تو داد خواہ ناراض هو جاوینگے اور جو اجازت چاهتا هوں تو وہ خود هی عنایت کردینگے پس شرم کے سبب سے میں تو کچهہ کہہ نہیں سکتا چپ هوں *

بارهویں مئی کی صبح کو داد خواہ کا ایک رقعہ منشی لیکر آیا اور مجهہ سے کہا کہ آپ اپنے لیئے چیزیں خرید کرتے هیں اس سے داد خواہ بهت ناراض هیں اور کہتے هیں کہ مجهکو کیوں نہیں اطلاع دیتے جو میں سب چیزیں مہیا کردوں یہہ بات دوستی کے برخلاف هی تب میں نے منشی سے اُس رقعہ کے جواب میں لکهوایا کہ داد خواہ کی نوازش میرے حال پر اسقدر هی کہ وہ مجهکو صرف وهی چیزیں نہیں عنایت کرتے جنکی میں درخواست کرتا هوں بلکہ وہ چیزیں بهی مرحمت فرماتے هیں جنکی میں دل میں خواهش کرتا هوں پس میں نے اب اپنے دل میں بهی کسی چیز کی خواهش کرنا ترک کردیا هی میں اُنکے بااحسان سے دبا جاتا هوں اور مجهکو بڑی شرم آتی هی *

بیسویں مئی کی صبح کو یوزباشی داد خواہ کے پاس سے یہہ خبر لایا کہ اب وقت روانگی کا قریب آگیا سامان سفر گهوڑے وغیرہ طیار کرنا چاهیئے اور جو چیزیں درکار هوں وہ خرید لینی چاهیئیں اور مجهسے پوچها کہ داد خواہ آپ کے دوست هیں آپ اُن سے کیا تحفہ لیجیئیگا میں نے جواب دیا کہ همارے ملک میں دوست سے تحفہ لینے کا رواج نہیں هی اُس نے کہا آپ اپنے ملک میں نہیں هیں جهاں هیں وهاں کا دستور برتنا چاهیئے اور اگر آپ کسی تحفہ کے لیئے اپنی خواهش ظاهر نکرینگے تو داد خواہ ناراض هوجاوینگے *

بائیسویں مئی کی صبح کو میں یوزباشی کے ساتهہ داد خواہ سے ملنے گیا وهاں موسم کی گرمی کا تذکرہ هوا داد خواہ نے کہا پانی ذیادہ برستا جو هوا ٹهنڈی هو اندجان میں گرمی بهت هوتی هی لیکن وهاں انتر پانی برستا هی اس لیئے وهاں کی گرمی برداشت هو سکتی هی میں نے کہا شاید اندجان کی آب و هوا همارے ملک انگلستان کی آب و هوا کے موافق هی میں نے سنا هی کہ اندجان میں جاڑے کے موسم میں برف نتر سے پڑتی هی اور گرمی میں پانی افراط سے برستا هی یہی حال همارے ملک کا هی داد خواہ نے کہا هاں یہی حال هی شاید اندجان کے ٹهیک مغرب اور مقابل میں انگلستان هی جس کے سبب سے درنوں کی آب و هوا یکساں هی تب میں نے سمجهایا کہ انگلستان اندجان سے شمال کی طرف واقع هی اور قطب کے قریب هی یہ نسبت یہاں کے انگلستان سے وہ ستارہ آسمان پر زیادہ بلند نظر آتا هی داد خواہ نے کہا کہ میں یہہ نہیں جانتا کہ هفت اقالیم میں سے کس اقلیم میں آپکا ملک هی اور وهاں دن کتنے گهنٹہ کا هوتا هی کہا سولہہ گهنٹہ کا هوتا هی میں نے جواب دیا کہ هم دنیا کو هفت اقالیم پر تقسیم نہیں کرتے همارے هاں دنیا کے پانچ حصے هیں پس میں نہیں کہہ سکتا کہ همارا ملک کس اقلیم میں هی لیکن سب سے بڑے دنوں میں رات کے چوبیس گهنٹہ میں سے اٹهارہ یا اُنیس گهنٹے کا دن هوتا هی داد خواہ نے هاتهہ اُٹها کر کہا کہ تم تو اقلیم پنجم کے کنارہ پر هو میں نے کہا کہ اُس سے بهی اور شمال کی طرف جهاں همارے جهاز بڑی بڑی مچهلیاں پکڑنے جاتے هیں وهاں گرمی کے موسم میں آفتاب شب و روز اُفق سے نیچے نہیں اُترتا داد خواہ نے پوچها کہ وهاں کس قسم کے لوگ آباد هیں اور کہا کہ همارے قاعدہ کے موافق ایسی آب و هوا سے جسم میں بڑی طاقت پیدا هوتی هی میں نے وهاں کے باشندوں کا حال بیان کیا اور کہا کہ اُن کے قد همارے سینہ سے اُونچے نہیں هوتے اُس پر داد خواہ نے کہا کہ وہ سردی سے ٹهٹهر گئے هونگے میں نے کہا کہ همارے ملک سے انتر جهاز اور ذی علم لوگ ملکوں کی تحقیقات کے لیئے جایا کرتے هیں داد خواہ نے کہا کہ عقلمند گورنمنٹ کا یهی طریقہ هی کہ سب باتوں سے مطلع رهے *

شا صاحب لکهتے هیں کہ میں نے ملک اور آب و هوا کا تذکرہ اس بات کے ظاهر کرنے کے لیئے لکها هی کہ داد خواہ ذهین اور عالم شخص هی کیونکہ ایشیا کے رهنے والوں کو جو یورپ کے علوم سے ناواقف هیں اس بات کی واقفیت نہیں هوتی کہ جس قدر شمال کی طرف جائیں اُسی قدر دن اور رات میں فرق هوتا جاتا هی گو میں نے صرف اتنی هی بات کهی تهی کہ تعلب کے قریب کے ملکوں میں گرمی کے موسم میں هر وقت آفتاب موجود رهتا هی اور اس بات کو میں کہنے بهی نہیں پایا تها کہ سردی میں آفتاب مطلق طلوع نہیں هوتا تاهم داد خواہ نے فوراً سمجهہ لیا کہ وہ ملک سرد هوگا *

اٹهائیسویں مئی کو یوزباشی نے آکر یہہ خبر دی کہ پرسوں کی تاریخ آپ کی روانگی کی قرار پائی ظهر کی نماز کے بعد میں داد خواہ سے ملنے کو گیا اور اُن سے پوچها کہ هندوستان سے میں آپ کے لیئے کیا چیز بهیجوں اُنهوں نے جواب دیا کہ میں سواهی هوں سوائے بندوق کے اور کس چیز کی مجهے خواهش هی مگر میں تمہاری خیرخواهیت چاهتا هوں اور پهر بندوقوں کے لیئے درخواست کرتا هوں جو ایلچی میرے ساتهہ روانہ هونے والا تها میں نے اُس کا حال دریافت کرنا چاها مگر داد خواہ نے بالکل لا علمی ظاهر کی اور کہا کہ اب آپ نے دروازہ آمد و شد کا کهولا هی آپ کی دوستی اور آپ کا نام میرے دل پر

نقش کالحجر ہی جو بچز موت کے مٹ نہیں سکتا اس کے بعد میں سب سے رخصت ہوا *

نمبر ۱۸۳

مدرسۃالعلوم مسلمانان

نہایت خوشی کی بات ہی کہ مدرسۃالعلوم کے چندہ کی خبر ہر ایک طرف سے چلی آتی ہی اور جو عالی ہمت اور مآل اندیش مسلمان اپنی قوم کی خراب و خستہ اور موجودہ حالت پر ہمدردی کے ساتھہ نظر کرتے ہیں وہ دن بدن مدرسۃالعلوم کی تائید پر متوجہ ہوتے ہیں اور روز بروز ایسے انسان دوست انسانوں اور مدرسۃالعلوم کے چندہ کی تعداد بڑھتی جاتی ہی — حال میں ضلع گوجرانوالہ علاقہ پنجاب اور ضلع بستی میں بھی چندہ ہوا ہی جسکی مختصر کیفیت ہم لکھتے ہیں *

چندہ گوجرانوالہ واقع پنجاب

یہاں جناب خان بہادر سید فقیر جمال‌الدین صاحب بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر نے جنکے خاندان کا نام پنجاب کے مسلمانوں کی عزت کے ساتھہ ہمیشہ نامور رہیگا ایک سب کمیٹی مدرسۃالعلوم کے واسطے چندہ فراہم کرنے کی غرض سے مقرر فرمائی ۲۴ مئی اور ۷ جون سنہ ۱۸۷۴ ع کو دو اجلاس اس سب کمیٹی کے جناب خان بہادر فقیر صاحب کے دولتخانہ پر منعقد ہوئے اور اس دوسرے اجلاس میں نو سو بیس روپیہ کا چندہ ہوگیا جسمیں جناب ممدوح کیطرف سے دو سو پچاس روپیہ ہیں اور جناب مسٹر جے جی کارڈری صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کا سو روپیہ چندہ اور جناب ٹی جی واکر صاحب بہادر اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ کا تیس روپیہ چندہ دیکھکر اس بات سے نہایت خوشی ہوتی ہی کہ جو قوم اسوقت ہمارے اوپر حکمراں ہی وہ کیسی توجہ سے اپنے فرض کو پورا کر رہی ہی *

مدرسۃالعلوم کے چندہ کے ساتھہ ساتھہ ایک اور چھوٹے سے مدرسہ اسلامیہ کے واسطے بھی چندہ ہوا ہی جو گوجرانوالہ میں مسلمانوں کی طرف سے اپنی اولاد کی تعلیم کے واسطے قایم ہوگا — اس سے معلوم ہوتا ہی کہ گوجرانوالہ کے مسلمانوں نے جنکا اتالیق خان بہادر سید فقیر جمال‌الدین خان‌سا شخص ہی اچھی طرح اسبات کو سمجھہ لیا ہی کہ جو تمام اضلاع کے مسلمانوں کی تعلیم اور خصوصاً ابتدائی تعلیم کے لیئے جو ایک مناسب جگہہ میں بہت سے مدارس کا ہونا ضروری ہی لیکن جب تک اُن سب مدارس کا سلسلہ ایک ایسے کامل مدرسہ پر منتہی نہو جیسا یہہ مجوزہ مدرسۃالعلوم ہی اُسوقت تک ان چھوٹے چھوٹے موجودہ مدارس سے کسی طرح کامیابی کی توقع نہیں ہوسکتی *

اس سب کمیٹی کے صدر انجمن خود جناب خان بہادر فقیر سید جمال‌الدین صاحب بہادر ہیں اور مولوی محمد امام‌الدین صاحب رئیس گوجرانوالہ اور مولوی ابو احمد مرادعلی مدرس اول گوجرانوالہ سکرٹری اور اکثر صاحب ممبر ہیں خدا کے فضل و کرم سے اُمید ہی کہ ان سب بزرگواروں کی توجہہ اور جناب خان بہادر موصوف کی کوشش سے گوجرانوالہ کے ضلع سے مدرسۃالعلوم کے مقاصد میں آیندہ بہت مدد ملیگی *

چندہ ضلع بستی

۲۱ جون سنہ ۱۸۷۴ کو بستی خاص میں جو ایک سو حدیں ضلع جنگل کے کنارہ پر واقع ہی اور جہاں سوائے معدودے چند نوکری پیشہ مسلمانوں کے بہت کم مسلمان رہتے ہیں ایک جلسہ مدرسۃالعلوم مسلمانان کے مقاصد کی تائید کے لیئے قایم ہوا جس کے صدر انجمن جناب مولوی محمد کامل صاحب صدر امین بستی تھے جو ایک بڑے عالم اور درویش اور دیندار و خدا پرست مسلمان ہیں *

اُسی ایک جلسہ میں ایک ہزار چھیاسٹھہ روپیہ کے چندہ پر لوگوں نے دستخط کیئے اور خود صدر انجمن صاحب نے اور انکے لوگوں نے جو نوکری پیشہ تھے اپنی پوری پوری ایک تنخواہ اس چندہ میں دی اور تجویز ہوئی کہ جو مسلمان اسوقت شریک نہیں ہوئے اُن سے چندہ وصول کرنے اور مدرسۃالعلوم کے مقاصد کی تائید کرنے کے واسطے ایک سب کمیٹی اس ضلع میں مقرر ہو چنانچہ ایک سب کمیٹی مقرر ہوئی جسمیں جناب مولوی محمد کامل صاحب صدر امین صدر انجمن اور جناب سید حسن رضا صاحب ڈاٹو کلکٹری سکرٹری اور جناب حافظ محمد تفضل حسین صاحب ڈپٹی کلکٹر اور اُڈر اکثر صاحب ممبر مقرر ہوئے اُمید ہی کہ یہہ سب کمیٹی ہمیشہ مدرسۃالعلوم کی تائید میں سرگرم رہیگی اور اُن مسلمانوں کی کوشش جو اس نیک کام میں دل سے شریک ہوئے ہیں کامیاب ہوگی *

حافظ تفضل حسین صاحب نے جو چندہ دیا ہی اُسمیں یہہ شرط ہی کہ یہہ چندہ خاص دینیات کی تعلیم کے لیئے بموجب اصول اہل سنت و جماعت کے دیا گیا ہی *

راقم
مشتاق حسین

بمقام علیگڈھ — مطبع انسٹیٹیوٹ علیگڈھ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] 15 جمادي الثاني سنہ 1291 هجري سنہ 1305 نبوي [نمبر 7

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خرا بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوّر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈنیشن کے منایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے عرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط لرہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۴

طریقۂ انتظام و سلسلۂ تعلیم و تربیت

جو

مجوزۂ مدرسۃالعلوم مسلمانان کے لیئے

تجویز ہوا ہی

دفعہ ۱ یہہ مدرسہ از ثام مدرسۃالعلوم مسلمانان یا محمدن اینگلو اورینٹل کالج موسوم ہوگا *

دفعہ ۲ یہہ مدرسۃالعلوم مسلمانان علیگڈہ میں بنایا جاویگا جیسا کہ سابق میں کمیٹي کے اجلاس اور ٹرسٹ راے ممبران سے تجویز ہو چکا ہی *

ذکر کمیٹي خزنۃالبضاعۃ

دفعہ ۳ کمیٹي خزنۃالبضاعہ اس مدرسہ کے لیئے فنڈ یعني روپیہ جمع کرنے کي کمیٹي ہی اور انتظام تعلیم کے لیئے جداگانہ کمیٹیاں مقرر ہونگي مگر روپیہ کا جمع کرنا اور سرمایہ کي حفاظت اور جائداد کا خریدنا اور اُس کي آمدني کا اخراجات مدرسہ کے لیئے دینا اور جو روپیہ کسي خاص کام کے لیئے دیا گیا ہو اُس کا اُسي کام میں لگانا اور مکانات کا بنانا اور ہر ایک امر کي نگراني کرنا یہہ سب کمیٹي خزنۃالبضاعہ سے متعلق ہوگا *

دفعہ ۴ کمیٹي خزنۃالبضاعہ کو اُس روپیہ کا جو اُس کے سپرد ہو اور نیز اُس کي آمدني کا حسب تفصیل ذیل جداگانہ حساب رکھنا ہوگا *

اول — حساب زر سرمایہ یعني حساب اُس روپیہ کا جو لوگوں نے اس غرض سے دیا ہی کہ اُس کي آمدني اخراجات مدرسۃالعلوم میں صرف ہو اور وہ روپیہ بدستور قایم رہے اور یہي روپیہ زر سرمایہ کے نام سے ملقب ہی جسکا خرچ کرنا بموجب دفعہ ۲۳ قواعد کارروائي کمیٹي کے ممنوع و نا جایز ہی *

دوم — زر سرمایہ مذکورہ بالا کے حساب میں بھي مفصلہ ذیل تفصیل رکھني ہوگي *

[الف] وہ روپیہ علحدہ جمع رہیگا جسکي نسبت دینے والوں نے یہہ شرط لگائي ہی کہ سود میں نہ لگایا جاوے بلکہ اُس سے جائداد غیرمنقولہ خریدي جاوے اور اس روپیہ کا کسیطرح سود میں لگانا اور پرامیسري نوٹ خریدنا جایز نہوگا *

[ب] اُس روپیہ کا حساب جو دینے والے نے خاص بغرض تعلیم مذھبي دیا ہی علحدہ رکھا جاویگا اور اُسکي آمدني اُسي مذھب [یعني شیعہ یا سني مذھب] کي تعلیم میں صرف ہوگي جس کي تعلیم کے لیئے دینے والے نے روپیہ دیا ہی *

[ج] جو روپیہ کہ میسائیوں نے یا اور مذھب کے لوگوں نے اس شرط سے دیا ہی کہ اُس کي آمدني عارم دنیاوي کي تعلیم میں خرچ ہو اُسکا حساب جداگانہ رہیگا اور اُس کي آمدني عارم دنیاوي کي تعلیم میں صرف ہوگي کسي مذھبي تعلیم میں اُس کي آمدني خرچ نہ ہوگي *

[د] باقي روپیہ جو لوگوں نے بلا کسي شرط کے دیا ہی اُس کي آمدني مذھبي و دنیاوي ہر قسم کي تعلیم میں جس میں ضرورت ہو خرچ ہو سکیگي *

[ہ] قبل شروع ہونے کسي قسم کي تعلیم کے اور نیز بعد شروع ہونے تعلیم کے اگر کسي خاص صیغہ کے سرمایہ کي آمدني اُس کے اخراجات ضروري سے زیادہ ہو جاوے تو ہر ایک قسم کے روپیہ کي آمدني جس کي تفصیل اوپر بیان ہوئي اُسي مد میں بطور اصل سرمایہ جمع کردي جاویگي خواہ کمیٹي کي کارروائي کے ضروري اخراجات میں یا مدرسۃ العلوم اور اُس کے متعلق مکانات کي تعمیر میں یا مدرسۃالعلوم کے لیئے زمین خرید نے میں خرچ کي جاویگي کیونکہ یہہ امور تعلیم مذھبي و تعلیم دنیاوي دونوں سے برابر متعلق ہیں مگر اُس روپیہ کي آمدني جسکا ذکر مد [ج] میں ہی تعمیر مساجد میں ہرگز خرچ نہ کي جاویگي اور نیز اُس روپیہ کي آمدني جو سنیوں نے خاص مذھبي تعلیم کے لیئے دیا ہو شیعوں کي مسجد کي تعمیر میں اور اُس روپیہ کي آمدني جو شیعوں نے خاص مذھبي تعلیم کے لیئے دیا ہو سنیوں کي مسجد کي تعمیر میں صرف نہوگي *

سریم — اُس روپیہ کا حساب جداگانہ رکھا جاویگا جو لوگوں نے بطور سرمایہ مدرسۃالعلوم نہیں دیا بلکہ واسطے خاص کام کے دیا ہی مثلاً واسطے تعمیر مکانات مدرسۃالعلوم کے یا واسطے تعمیر مساجد شیعہ و سنّی کے اور یہہ روپیہ اور اُس کی آمدنی اُسی کام میں خرچ ہوگی جس کے لیئے وہ دیا گیا ہی *

ذکر کمیٹی ہاے تعلیم

دفعۂ ۵ تعلیم مدرسۃالعلوم میں کمیٹی جزنۃالبضاعۃ کو کچھہ مداخلت نہوگی بلکہ اُس کے لیئے حسب تفصیل ذیل جداگانہ کمیٹیاں مقرر ہونگی *

اول — کمیٹی تعلیم علوم دنیاوی اور اُن مختلف زبانوں کی جو مدرسۃالعلوم میں تعلیم دی جاوینگی اور یہہ کمیٹی از نام **مدبران تعلیم السنۂ و علوم دنیویہ** ملقب ہوگی *

اس کمیٹی کے ممبروں میں مسلمانوں کے ساتھہ عیسائی اور یہودی اور پنڈت بھی اگر ضرورت ہو تو ممبر ہوسکینگے کیونکہ مختلف علوم اور مختلف السنہ کی تعلیم اس کمیٹی سے متعلق ہوگی اور اس دنیاوی علوم کی تعلیم کا اہتمام و انتظام بتمامہ اس کمیٹی سے متعلق ہوگا *

دوم — کمیٹی تعلیم مذہبی اس کی دو شاخیں ہونگی ایک شاخ از نام مدبران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت اور دوسری از نام مدبران تعلیم مذہب شیعہ اثنا عشریہ ملقب ہوگی اور اُن کمیٹیوں میں اُسی مذہب کے لوگوں کے سوا جس مذہب کی تعلیم کے لیئے وہ کمیٹی ہو کوئی دوسرے مذہب کا کوئی شخص ممبر نہو سکیگا *

اس کمیٹی کے ممبروں کا انتخاب ابتدائی بھی کمیٹی جزنۃالبضاعۃ سے متعلق نہوگا بلکہ دونوں مذہبوں میں کا کوئی شخص جو اُس مذہب میں دیندار ہو اور جسپر اُس مذہب کے لوگوں کو اعتماد ہو اپنے اپنے مذہب کی کمیٹی کے ممبروں کو منتخب کریگا اور جو ممبر منتخب ہونگے وہ لیف ممبر ہونگے یعنی اُن کی معزولی کے بجز اُس حالت کے کہ وہ استعفا دیں یا اپنا مذہب تبدیل کردیں یا کسی ایسے جرم میں جسکی تفصیل قواعد کارروائی کی دفعہ ۱۲ میں ہی مذکور ہوں کسی کو اختیار نہوگا اور جب کوئی عہدہ اُس کمیٹی کی ممبری کا خالی ہوگا تو ممبران باقیماندہ کسی دوسرے شخص کو اُس کی جگہہ مقرر کرینگے *

اگر اُس روپیہ کی جو خاص مذہبی تعلیم کے لیئے دیا گیا ہو اسقدر آمدنی ہوجاوے جو مذہبی تعلیم کے اخراجات کے لیئے کافی ہو اور مذہبی کمیٹیوں کے ممبر یہہ چاہیں کہ مذہبی تعلیم قبل شروع ہونے دیگر اقسام کی تعلیم کے جاری ہوجاوے تو اُن کو ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہوگا *

مذہبی تعلیم کے لیئے مدرسوں کا انتخاب کرنا اور مقرر کرنا وہ سب انہیں مذہبی کمیٹیوں سے متعلق ہوگا دوسرے شخص کو یا کسی دوسری کمیٹی کو اُس میں کچھہ مداخلت نہوگی *

سلسلۂ تعلیم علوم

دفعۂ ۶ زبانوں اور علم ادب اور انشاء کی تعلیم کے سواے دنیاوی علوم کی تعلیم کے لیئے دو صیغہ ہونگے ایک مختص انگریزی اور دوسرا انگریزی و اُردو اور ہر طالب علم کو اختیار ہوگا کہ جس صیغہ کی تعلیم پسند کرے اُس کو اختیار کرے **صیغۂ انگریزی** میں لٹریچر یعنی علم انشاء اور تمام دنیاوی علوم انگریزی زبان میں پڑھائے جاوینگے اور **صیغۂ انگریزی اُردو** میں لٹریچر انگریزی میں اور باقی دنیاوی علوم اُردو میں سکھائے جاوینگے مذکورہ بالا تجویز صرف دنیاوی علوم سے جیسے ہندسہ حساب جغرافیہ جیالوجی زوالوجی وغیرہ سے متعلق ہی زبانوں کی تعلیم سے علاقہ نہیں رکھتی کیونکہ عربی و فارسی وغیرہ زبانیں جو مدرسۃالعلوم میں پڑھائی جاوینگی وہ اُسی قاعدہ سے پڑھائی جاوینگی جسطرح کہ وہ زبانیں پڑھائی جاتی ہیں اُس میں کچھہ تغیر و تبدیل نہوگی *

دفعۂ ۷ علاوہ مذکورہ بالا تقسیم کے مدرسۃالعلوم کے دو ڈپارٹمنٹ یعنی دو صیغے ہونگے *

اول اسکول ڈپارٹمنٹ یعنی صیغۂ مدرسہ *

دوم کالج ڈپارٹمنٹ یعنی صیغہ مدرسۃالعلوم *

بیان صیغۂ اول یعنی صیغۂ مدرسہ

دفعۂ ۸ ضمن ۱ — صیغۂ مدرسہ کا مقصد یہہ ہی کہ مدرسۃالعلوم کے لیئے ایک گروہ طالب علموں کا جو اُس میں علوم سیکھنے کے لایق ہوں مہیا کرے اور یہہ بھی غرض ہی کہ وہ لڑکے

جنکی عمر مدرسے میں رہنے کے لایق نہیں ہی اور جنکے والدین اُسی شہر میں رہتے ہوں جہاں مدرسۃالعلوم نے اپنا کوئی مدرسہ قایم کیا ہو اور اپنے لڑکوں کو مدرسہ کی تعلیم کے بعد مدرسۃالعلوم میں داخل کرنا چاہتے ہوں اس مدرسہ میں اپنے لڑکوں کو پڑھاسکیں اس مدرسہ کو اُن لوگوں کے لیئے جو مدرسۃالعلوم میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں آیندہ کی ترقی کی سیڈھی سے زیادہ نہ سمجھنا چاہیئے درحقیقت اس صیغہ کو بجز اسکے کہ مدرسۃالعلوم سے اُسکا اہتمام اور نگرانی ہو اور کچھہ زیادہ تعلق نہوگا *

ضمن ۲ — اس مدرسہ کے لیئے مکانات اُس روپیہ سے بنینگے جو کمیٹی خزنۃالیضاعۃ اس کام کے لیئے جمع کریگی اور اُس میں پڑھانے کے کمرے اور طالبعلموں کے رہنے کے مکانات بنائے جاوینگے جن میں مناسب تعداد کے لڑکے رہ سکیں اور اُن غریب لڑکوں کی تعلیم کے باب میں بھی علحدہ بندوبست کیا جاریگا جو آسودہ حال لڑکوں کی طرح خرچ کرنے کا مقدور نہیں رکھتے *

ضمن ۳ — اس مدرسہ کے اخراجات کچھہ مدرسۃ العلوم کی طرف سے ہونگے اور کچھہ اُس زر فیس سے جو آسودہ حال طالبعلموں سے لی جاریگی اور اخراجات سکونت ہر ایک شخص اپنا آپ دیگا صرف مکانات کی درستی اور مرمت مدرسۃالعلوم سے متعلق رہیگی — اور غریب طالبعلموں کی سکونت کا بندوبست اُس طرح پر ہوگا جس طرح کہ ہر جب ضمن صدر کے کمیٹی تجویز کریگی *

ضمن ۴ — اس مدرسہ میں سکونت اختیار کرنا طالبعلم کی مرضی پر منحصر ہوگا کیونکہ طالبعلم کا مدرسۃالعلوم میں سکونت پذیر ہونا اُس وقت سے شمار ہوگا جب کہ طالبعلم مدرسۃالعلوم میں داخل ہونگے *

ضمن ۵ — جن کمیٹیوں کا ذکر دفعہ ۵ میں مدرسۃالعلوم کے واسطے کیا گیا وہی کمیٹیاں ان مدارس کا بھی انتظام کرینگی لیکن جب یہہ مدارس مدرسۃالعلوم کے مقام کے سوا اور مقامات میں قایم ہوں تو اُن کمیٹیوں کے مذکورہ بالا کو اختیار ہی کہ مدارس کے انتظام اور نگرانی کے واسطے اپنے ماتحت کمیٹیاں مقرر کریں *

ضمن ۶ — ان مدارس کے لیئے مذکورہ بالا کمیٹیاں مدرسان کو مقرر کرینگی اور طالبعلموں کا داخل کرنا مدرس اعلی کے اختیار میں ہوگا اور اگر کمیٹیوں کے ماتحت مقرر ہوئی ہوں تو اُن کو اور صدر کمیٹی کو متذکرہ صدر کو بھی اُس میں دستاندازی کا اختیار ہوگا *

ضمن ۷ — جو حساب مدت تعلیم کا اس تجویز میں لگایا گیا ہی اُسمیں یوں فرض کیا گیا ہی کہ تخمینی عمر طالبعلم کی جو اس مدرسہ کی سب سے ادنی جماعت میں داخل ہووے دس برس کی ہی پس اُس عمر تک کے لڑکے عموماً بطور قاعدہ مجوزہ کے مدرسہ میں داخل ہونگے مگر خاص صورتوں میں مدرس اعلی کو اختیار ہوگا کہ کسی لڑکے کو جسکی عمر اُس سے زیادہ ہو مدرسہ میں داخل کرلے اور اُن خاص وجوہات کو کتاب داخلہ میں لکھدے جن کے سبب سے اُسکو داخل کیا ہی *

ضمن ۸ — اس مدرسہ میں صرف ابتدائی تعلیم ہوگی اور پانچ برس تک برابر پڑھنا پڑیگا اور مفصلہ ذیل علوم اُسمیں پڑھاے جاوینگے —

(الف) عربی زبان ابتدائی *
(ب) فارسی زبان — اور فارسی و اُردو کا علم انشاء *
(ج) حساب *
(د) جبر و مقابلہ ابتدائی *
(ہ) تحریر اقلیدس *
(و) تاریخ *
(ز) جغرافیہ *
(ح) انگریزی زبان ابتدائی انٹرنس کی پڑھائی تک *
(ط) ضروری کتب مذہبی اہل سنت و جماعت و مذہب شیعہ اثنا عشریہ *

ضمن ۹ — ہر روز پانچ گھنٹہ مدرسہ میں پڑھائی ہوگی یعنی اپنے مکان پر پڑھنے اور پڑھا ہوا یاد کرنے کے سوا *

ضمن ۱۰ — اس مدرسہ میں ہر ایک علم کے لیئے جو پڑھاے جاوینگے مدرس مقرر ہونگے اور اُنکا تقرر اور اُن کی تعداد اور تنخواہ مدیران تعلیم کی وہ کمیٹی مقرر کریگی جس سے وہ متعلق ہوں *

ضمن ۱۱ — اس مدرسے کے طالب علموں کو اختیار ہوگا کہ اس درجہ کی پڑھائی کے بعد اگر وہ نکلتہ یونیورسٹی کے انٹرنس کا امتحان دینا چاہیں تو امتحان دیں اور کمیٹی مدیران السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ اُن کے امتحان کا کافی اہتمام اور انتظام کریگی اور جو استحقاق انٹرنس کے امتحان سے حاصل ہوسکتے ہیں وہ اُن طالب علموں کو بھی حاصل ہونگے جو اس امتحان میں کامیاب ہوں *

ضمن ۱۲ — مقررہ اُس امتحان کے ہر سال کے آخر پر مدرسۃالعلوم کیطرف سے بھي طالب علموں کا امتحان لیا جاویگا اور جو طالب علم اس امتحان میں لایق نکلینگے اُن طالب علموں کو انعام اور وظیفہ مدرسۃالعلوم کي طرف سے ملیگا *

ضمن ۱۳ — اس مدرسہ میں بیس وظیفہ حسب مندرجہ ذیل مقرر ہونگے جو کہ ہرایک کامیاب طالب علم کو ایک سال تک ملینگے آخر سال پر اگر نتیجہ طالب علم کے امتحان کا اچھا ہو تو پھر وہ وظیفہ دار مقرر ہوسکیگا *

تفصیل وظیفوں کي پہلے ھی

تعداد وظیفہ	تعداد ماہواري	میزان
۱۰	صہر	صہ
۶	سعہر	لعہ عہ
۴	عہ	لعہ
۲۰		مایہ

ضمن ۱۴ — مقدار انعاموں کي مدرسے کي آمدني اور فیس کي آمدني پر منحصر ہوگي *

ضمن ۱۵ — اُمید ھی کہ ٹیک دل آدمي اس مدرسے کو اسقدر روپیہ دینگے جسکي آمدني سے خاص خاص مضمونوں میں لیاقت پیدا کرنے پر طالب علموں کو انعام ملسکے *

ضمن ۱۶ — مدرس اول کو اختیار ہوگا کہ سالانہ امتحان مذکورہ بالا سے پہلے جب امتحان مناسب سمجھے لیوے مگر ان امتحانوں سے مدرسۃالعلوم کو کچھ غرض نہوگي اور نہ اُس امتحان کے نتیجوں پر انعام یا وظیفہ دیا جاویگا لیکن اگر نتیجہ کسي وظیفہ دار طالب علم کے امتحان کا نہایت خراب ہو تو مدرس اول کو کمیٹي مدیران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دفیرہ میں اُسکي رپورٹ کرنے کا اختیار ہوگا تاکہ اُس طالب علم کا وظیفہ بند ہوجاوے *

ضمن ۱۷ — جو امتحان کہ پانچ برس کي پڑھائي کے بعد ہوگا وہ سلسلہ تعلیم مدرسۃالعلوم میں داخل ہونیکي لیاقت کے ثبوت کا وسیلہ بھي سمجھا جاویگا — کوئي طالب علم جو کہ اِس امتحان کے مضامین میں کافي لیاقت نہ دکھاویگا وہ مدرسۃالعلوم کے سلسلہ تعلیم میں داخل نہوسکیگا لیکن اگر کسي خاص علم کي تکمیل کي اُسکو خواہش ہو جسکے امتحان میں وہ کامل نکلا ھی تو کمیٹي مذکورہ بالا کو اُسي علم کي تکمیل کے لیئے اُسکے داخل کرلینے کا اختیار ہوگا *

بیان صیغۂ دوم یعني صیغۂ مدرسۃالعلوم

دفعۂ ۹ ضمن ۱ — مدرسۃالعلوم کے دو درجے ہونگے *

ایک — ادنی *

دوسرا — اعلی *

ضمن ۲ — مدرسۃالعلوم کے درجۂ ادنی کا مقصد علوم کي عام شاخوں میں تعلیم دینا ہوگا جو ایک روشنضمیر اور ذہن اور عقل کي کھول دینے والي تعلیم کے لیئے ضرور ھی *

ضمن ۳ — مدرسۃالعلوم کے اعلی درجہ کا مقصد کسي خاص علم میں جسکو کہ طالب علم پسند کرے نہایت عمیق اور قوي اور انتہائي تعلیم دینا ہوگا *

ذکر درجۂ ادنی

دفعۂ ۱۰ ضمن ۱ — درجۂ ادنی مدرسۃ العلوم کي پڑھائي چار برس تک ہوگي *

ضمن ۲ — تین گھنٹہ سے زیادہ مدرسۃالعلوم میں سبق نہ پڑھائے جاوینگے *

ضمن ۳ — درجۂ ادنی مدرسۃالعلوم میں علوم مفصلۂ ذیل پڑھنے ہونگے *

اول — کوئي دو زبانیں مفصلۂ ذیل زبانوں میں سے *

(الف)	عربي مع زبان داني و علم ادب *	
(ب)	فارسي	ایضا
(ج)	انگریزي	ایضا
(د)	سنسکرت	ایضا
(ہ)	لیٹن	ایضا
(و)	گریک	ایضا

دوم — ریاضي جسمیں مفصلۂ ذیل علوم شامل ھیں *

(الف) الجبرا — یعني جبر و مقابلہ *

(ب) تھیوري آف ایکویشنز — یعني اصول مسائل معادلات *

(ج) پلین ٹرگنا مٹري — یعني علم مثلث مستوي *

(د) اسفیریکل ٹرگنامٹري — یعني مثلث کروي *

(ھ) کانکس — یعنی علم مخروطات *

(و) سالڈ جامٹری - یعنی علم مجسمات

(ز) ڈفرنشل کیلکیولس — یعنی حساب الجزئیات *

(ح) انٹگرل کیلکیولس - یعنی حساب الکلیات *

(ط) اسٹیٹکس — یعنی علم السکون

اس علم کے یہہ مضامین پڑھائے جاوینگے

ابتدائی مسائل حل کرنے قوتوں کے — قوائے جر ثقیل — موکز ثقل — حالتیں میزان اجسام کی جر ثقل سے پیدا ہوتی ہیں *

(ی) ڈینامکس — یعنی علم الحرکت

اس علم میں سے مفصلہ ذیل مضامین پڑھائے جاوینگے *

ابتدائی مسائل مع قانون حرکت اور اشکال جو کہ ایک جسم کی مستقیم حرکت قایم کرنے کے لیئے ضرور ہیں خواہ وہ جسم بغیر کسی روک کے رکھا ہوا ہو یا ڈھلوٹ پر ہو حرکت اشیاء مدفوعہ اور حالتیں حرکت کی گرد مرکز قوۃ کے *

(ک) ہائیڈر اسٹیٹکس — یعنی علم ثقل السایلات ہیڈرالکس — یعنی علم حرکت السایلات — نیومیٹکس یعنی علم ثقل و حرکت ہوا *

ان علوم میں سے مفصلہ ذیل مسائل پڑھائے جاوینگے *

ابتدائی شکلیں نسبت خاصیت و انتقال اور مقدار دباؤ سایلات کی اور حالتیں میزان تیرتے ہوئے اجسام کی *

خاصیت لچک دار مائعات کی اور دباؤ جو اُنسے پیدا ہوتے ہیں *

ثقل اور طریقے اُن کے مقرر کرنے کے *

عام پمپ اور زور دینے والا پمپ *

شکنجہ پانی کے دباؤ سے *

پیرومیٹر — یعنی مقیاس الموسم *

ہوا کا پمپ *

دھانی کل *

(ل) اپٹکس (جیومٹریکل) - یعنی علم مناظر بالہندسہ *

اس علم کے یہہ مضامین تعلیم میں ہونگے *

قوانین عکس و انعکاس — عکس مسطح آئینہ پر — عکس کروی آئینہ پر — انعکاس شیشہ میں ہوکر — تفرق ضیاء شمس مختلف رنگ کی کرنوں میں — بیان آفتاب کے مجمع النور کا — بیان آنکھ کا — آلات متعلق علم مناظر کیمرہ اپسکیورہ یعنی وہ تاریک خانہ جو ہر دیکھنے والی چیز میں ہی اور جس میں شکلیں مبصرات کی معکرس منعکس ہوتی ہیں — دوربینیں عکسی و انعکاسی *

(م) ایکوسٹکس — یعنی علم آواز - اس علم کے یہہ مضامین تعلیم میں ہونگے *

خاصیت آوازوں کی — طریقہ منتشر ہونے آوازوں کا — پیدا ہونا موسیقی آوازوں کا اشکال جو اُس سے متعلق ہیں *

(ن) آپٹکس (فزیکل) — یعنی علم مناظر طبعی — اس علم میں مضامین مندرجہ ذیل تعلیم ہونگے *

اصولی مسئلہ نسبت اصلیت و پھیلاؤ روشنی کے —

عام بیان عوارض کا — بیان ٹوٹنے کے پھیلاؤ کا معہ حال اُن کے تجربوں کے جن سے کہ اُن عوارض کے اثر ظاہر ہوتے ہیں — قطبی روشنی معہ اُن تجربوں کے حال کے جن سے کہ وہ پیدا ہوتی ہی *

(س) ایسٹرانمی — یعنی علم ہیئت النجوم — اس علم میں مضامین مندرجہ ذیل درس میں ہونگے *

انتظام دوائر عظام کا جن سے کہ اجرام سماوی متعلق ہیں —

مقدم فنا منا — یعنی تغیرات جوالسماء جو زمین کی حرکت گرد آفتاب پر منحصر ہیں — زمین کی مستدیر حرکت گرد اپنے محور کے —

عام حال نظام شمسی کا *

عام بیان کسوف و خسوف کا *

سوم — لاجک اور رٹورک — یعنی علم منطق و علم بیان *

چہارم — مینٹل اور مارل فلاسفی — یعنی فلسفہ ذہنی و اخلاقی *

پنجم — پولیٹکل اکونمی — یعنی اصول علم انتظام و سیاست مدن *

ششم — تاریخ عام قدیم و جدید *

ہفتم — نیچرل سائنس — یعنی علم طبعی — اس علم کی مفصلہ ذیل شاخیں پڑھائی جاوینگی *

کیمسٹری یعنی علم کیمیا *

اور ایک علم مفصلہ ذیل علموں میں سے

(الف) اینیمل فزیالوجی — یعنی علم تشریح حیوانات *

(ب) جیالوجی — یعنی علم اندرونی حالت زمین کا اور مٹرالوجی یعنی علم معدنیات *

(ج) بائنی — یعنی علم نباتات *

(د) زوالوجی یعنی علم الحیوان *

ہشتم — دینیات یعنی فقہ و حدیث و تفسیر وغیرہ مذہب اہل سنت و جماعت و مذہب شیعہ اثنا عشریہ *

ضمن ۴ — مذکورۂ بالا سلسلہ تعلیم میں طالب علم کو چار برس مدرسۃ العلوم میں صرف کرنے ہونگے اور روز مرہ ایک سبق زبانوں کا ہوگا اور ایک علوم ریاضی پر اور ایک باری باری سے ہیگر علوم مختلف پر *

ضمن ۵ — علوم مختلف مذکورۂ باری باری سے اس ترتیب سے پڑھائے جاوینگے —

سال اول میں — تاریخ عام قدیم و جدید *

سال دوم میں — منطق — علم بیان و علم سیاست مدن *

سال سوم میں — فلسفہ ذہنی و اخلاقی *

سال چہارم میں — علوم طبعیات *

ضمن ۶ — ہر سال کی تعلیمی زمانوں میں منقسم ہوگا اور ہر ایک زمانہ سازھے چار مہینے کا ہوگا اور اُسکا نام میقات التعلیم رکھا جاویگا — قریب ختم ہونے ہر میقات کے طالب علموں کا امتحان اُن علوم میں ہوگا جو اس میقات میں اُنہوں نے پڑھے ہونگے — اِن امتحانوں سے اُن کی صفت کا حال معلوم ہوگا اور اگر کسی وظیفہ دار طالبعلم کے امتحان کا نتیجہ نہایت خراب ہوگا تو کمیٹی مدبران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ کو اُسکے وظیفہ کے بند کردینے کا اختیار ہوگا *

ضمن ۷ — علاوہ ان امتحانوں کے سالانہ امتحان بھی ہونگے جنکے نتیجوں کے مطابق انعام اور وظیفے مستحق طلباء کو عطا کیئے جاوینگے *

ضمن ۸ — اس سلسلہ تعلیم کی دو برس کی پڑھائی کے بعد اگر کسی طالب علم کا ارادہ کلکتہ یونیورسٹی کے ایف اے کے امتحان دینے کا اور چار برس کی پڑھائی کے بعد بی اے کے امتحان دینے کا ہو تو اُس کو اختیار ہوگا کہ وہ امتحان دیوے اور کمیٹی مدبران السنہ مختلفہ اور علوم دنیویہ اُن کے امتحانوں کا کافی اہتمام اور انتظام کریگی اور جو استحقاق کہ ان امتحانوں سے حاصل ہو سکتے ہیں وہ اُن طالب علموں کو بھی حاصل ہونگے جو اس طرح پر ان امتحانوں میں کامیاب ہوں *

ضمن ۹ — مذکورۂ بالا امتحانوں کے علاوہ اس سلسلۂ تعلیم کے چوتھے برس کے آخر میں تمام علوم میں جو اس سلسلۂ تعلیم میں پڑھے ہونگے ایک امتحان مدرسۃ العلوم میں لیا جاویگا اور ہر طالب علم کو مدرسۃالعلوم کے درجۂ اعلی میں داخل ہونے سے پہلے اس امتحان میں کامل نکلنا ضرور ہوگا *

ذکر مدرسۃالعلوم کے درجۂ اعلی کا

دفعہ ۱۱ ضمن ۱ — اس امتحان کی تکمیل کے بعد طالب علم کو مدرسۃ العلوم کے اعلی درجہ میں داخل ہونے اور کسی خاص علم کو مفاخرت کا امتحان دینے کے ارادہ سے بدرجۂ کامل تحصیل کرنے کا حق حاصل ہوگا امتحان مفاخرت کے لیئے دو برس تک پڑھائی ہوگی مگر طالب علم کو اس بات کا اختیار ہوگا کہ اگر وہ ایک ہی برس کی پڑھائی کے بعد اپنے تئیں مفاخرت کا امتحان دینے کے قابل سمجھے تو امتحان دینے کو بیٹھے — مگر وہ طالب علم جو ایک دفعہ امتحان میں فا کامل نکل کر دوسرے امتحان میں کامل نکلیگا تو اُس کا نام فہرست میں اُن کامیاب طالب علموں کے ساتھہ جو پہلے ہی امتحان میں کامل نکلے ہیں بترتیب لیاقت مندرج نہوگا بلکہ فہرست کے آخر میں اور اُن کامیاب طالب علموں کے نام سے علحدہ لکھا جاویگا *

ضمن ۲ — اس درجۂ کے پڑھنے والوں میں سے جو شخص چاہے اُس کو اختیار ہوگا کہ کلکتہ یونیورسٹی کے ایم اے کا امتحان دے *

ضمن ۳ — مدرسۃالعلوم میں مفاخرت کا امتحان دینے کے لیئے طالب علم کو اختیار ہی کہ مفصلہ ذیل علوم میں سے ایک علم جون سا چاہے پسند کرے *

اول — زبان — یعنی کوئی ایک قسم مفصلہ ذیل میں سے *

(الف) عربی مع عبری و سریانی مع علم اُن کی مطابقت کے *

(ب) انگریزی مع اینگلو سیکسن اور مع علم اُن کی مطابقت کے *

(ج) سنسکرت مع زند — و فارسی — اور مع علم اُن کی مطابقت کے *

(د) سنسکرت مع پراکرت و پالی اور مع علم اُن کی مطابقت کے *

(ہ) گریک و لیٹن مع علم اُن کی مطابقت کے *

دوم — علوم اخلاق — یعنی کوئی ایک قسم مفصلہ ذیل میں سے *

(الف) منطق مع علم بیان و فلسفہ ذہنی و اخلاقی *

(ب) علم انتظام و سیاست مدن مع فلسفۂ متعلق بہ سیاست و فن تاریخ *

سوم — فلسفہ طبعی یعنی ایک مفصلہ ذیل میں سے *

[الف] علوم ریاضی *

[ب] علوم طبعی *

چہارم — دینیات اسلامی یعنی فقہ و حدیث و تفسیر وغیرہ مذہب اہل سنت و جماعت و مذہب شیعہ اثنا عشریہ *

ضمن ۴ — درخواست امتحان مفاخرت کے ساتھہ طالب علم کو ہمیشہ اپنا تصنیف کیا ہوا رسالہ پیش کرنا ہوگا جو اُس نے اُس علم کے کسی مشکل مسئلہ پر تصنیف کیا ہو جس میں کہ وہ امتحان مفاخرت دینا چاہتا ہی — امتحان میں داخل ہونے کی اجازت اس رسالہ کے پسند ہونے پر منحصر ہوگی — اور طالب علم کو تحریراً یہہ اقرار کرنا پڑیگا کہ اُسنے اس رسالہ کی تصنیف میں کسی دوسرے شخص سے مدد نہیں لی ہی *

دفعہ ۱۲ ضمن ۱ — اُس میقات کے ختم ہونے کے قریب جو اُس میقات کے بعد آوے جس میں مفاخرت کا امتحان ہوا تھا امتحان میں کامل نکلے ہوئے طالب علموں کا واسطے عطا کرنے فیلوشپ یعنی وظیفہ وفاق مدرسۃالعلوم کے پھر امتحان لیا جاویگا — اور ہر طالب علم کا امتحان اُسی علم میں ہوگا جو اُس نے اختیار کیا ہی اور جزء امتحان بیان مضمونوں کے لکھنے کے ذریعہ سے لیا جاویگا جو مدرسۃالعلوم کے ایوان میں ممتحنوں کے سامنے لکھنے ہونگے — تین دن تک برابر یہہ امتحان

ہوگا اور ممتحن متعدد مضمون طالب علم کو لکھہ دیگا اور اُنمیں سے ایک کا بیان مضمون طالب علم کو ہر روز لکھنا ہوگا اور چوتھہ گھنٹہ اُس بیان مضمون کے لکھنے کو مہلت دی جاویگی *

ضمن ۲ — اس امتحان کے ختم ہونے پر ممبران کمیٹی مدیران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ کے سامنے ممتحن لوگ اُن نمبروں کی تعداد پیش کرینگے جو ہر طالب علم کو اس امتحان میں ملے ہوں — یہہ نمبر اُن نمبروں کے ساتھہ جمع کیئے جاوینگے جو ہر ایک طالب علم نے امتحان مفاخرت میں پائے تھے اور اس طرح پر جمع کرنے سے اس بات کا فیصلہ ہوجاویگا کہ وظیفہ رفاقت پانے کا کون کون طالب علم مستحق ہی *

ضمن ۳ — تیس وظیفے رفاقت مدرسۃالعلوم کے ہونگے اور ہر وظیفہ چوتھہ سو روپیہ سالانہ کا ہوگا اور رفیق مدرسۃالعلوم کو علاوہ اُس وظیفہ کے کھانا اور رہنے کا مکان مفت مدرسۃالعلوم سے ملیگا *

ضمن ۴ — ہر رفیق مدرسۃالعلوم کو حدود مدرسۃالعلوم میں یا اُسی شہر میں جہاں مدرسۃالعلوم ہی رہنا پڑیگا مگر یہہ شرط ایسی حالت میں موقوف ہوسکتی ہی جب کہ طالب علم اس پر مطمئن کردے کہ وہ درحقیقت مدرسۃالعلوم کو چھوڑ کر کسی علم کی تحصیل یا ترقی کو دوسری جگہہ جانا چاہتا ہی *

ضمن ۵ — رفیق مدرسۃالعلوم کو یہہ بھی اقرار تحریری کرنا پڑیگا کہ وہ مدرسۃالعلوم کے کسی طالب علم سے جو بطور خانگی اُس سے پڑھتا ہو کچھہ معاوضہ نہ لیگا *

ضمن ۶ — تیس وظیفے رفاقت مدرسۃالعلوم کے منفصلہ ذیل علوم کی کامیابی پر طالب علموں کو دیئے جاوینگے *

زبانوں کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے ...	۸
علوم ریاضی کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے	۵
علم منطق و بیان و فلسفہ کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے ...	۴
علم انتظام و سیاست مدن و فن جغرافیہ و تاریخ کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے	۴
علم طبعی کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے	۴
علم فقہ و حدیث و دینیات مذہب اہلسنت و جماعت و مذہب شیعہ امامیہ کی تکمیل کی کامیابی کے لیئے ...	۵
میزان ...	۳۰

منجملہ اُن پانچ وظیفوں کے جو دینیات کی تعلیم کے لیئے مقرر ہیں دو وظیفہ حضور عالی حاجی حرمین شریفین جناب نواب محمد کلب علی خاں بہادر فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ والی رام پور کے نام سے موسوم ہونگے اور جن طالب علموں نے علوم مذہب اہلسنت و جماعت کے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہوگی اُن کو دیئے جاوینگے *

دفعہ ۱۳ ضمن ۱ — رفاقت مدرسۃالعلوم کے وظیفوں کے سوا ساٹھہ وظیفے اَور طالب علموں کے لیئے ہونگے جنکی مقدار ایکسو بیس روپیہ سالانہ سے تین سو روپیہ سالانہ تک ہوگی *

ضمن ۲ — پس سالانہ خرچ رفقاے مدرسۃالعلوم کے وظیفوں اور طالب علموں کے وظیفوں کا حسب تفصیل ذیل ہوگا *

وظیفہ ہاے رفقاے مدرسۃالعلوم

تعداد وظیفہ ماہواری سالانہ فی وظیفہ میزان کل

۳۰ ص سالانہ عـ

وظیفہ ہاے طالب علمی

۲۰	عـ	ماہ	عـ سالانہ
۲۰	صـ	ماہ	سالانہ سالانہ
۱۴	عـ	ماہ	سالانہ سالانہ
۶	صـ	سالانہ	الـ سالانہ

میزان کل عـ سالانہ

ضمن ۳ — وظیفہ رفاقت مدرسۃالعلوم سات برس تک جاری رہیگا اور وظیفہ طالب علمی ایک سال تک لیکن ہر سال کے اخیر میں جو طالب علم سالانہ امتحان اچھا دیگا اُسکو اُسیقدر یا اُس سے بھی زیادہ وظیفہ پھر ملیگا *

ضمن ۴ — رفیق مدرسۃالعلوم سات برس کے بعد بجز کسی نہایت خاص حالت کے دوبارہ مقرر نہوسکیگا *

ضمن ۵ — اگر کوئی رفیق مدرسۃالعلوم کا کسی مدرسہ ماتحت مدرسۃالعلوم میں مدرس مقرر ہو تو اُس کا وظیفہ رفاقت جاری رہیگا لیکن اگر مدرسۃالعلوم میں مدرس مقرر ہو تو اُس کو سالانہ وظیفہ رفاقت ملنا موقوف

هوجاویگا مگر امزازي رفیق مدرسۃ العلوم کا متصور هوگا اور وظیفہ کے سوا جو اور حقوق رفقاء مدرسۃ العلوم کے لیئے هیں وہ حالت مدرسے میں بھي بحال و قایم رهینگے *

دفعہ ۱۴ علوم مذکورہ بالا کي تعلیم کے لیئے جسقدر مدرسوں کي ضرورت هوگي نوکر رکھے جاوینگے اُن کي تنخواهیں مختلف هونگي اور وہ عہدہ اُنکے لیئے بجز کسي خاص حالت کے اُن کي زندگي بھر کے لیئے هوگا — اگر کوئي مدرس ناطاقت یا ضعیف هوجاوے یا کوئي ایسا صدمہ پهونچے جس سے کہ وہ اپنے عہدہ کا کام انجام نکرسکے تو مدرسۃ العلوم سے اُسکو ایک پینشن مناسب ملیگي اور نیا مدرس اُسکي جگہ مقرر هوگا اور پهلا مدرس اگر امزازي رفیق بھي هو تو بدستور اپني زندگي تک امزازي رفیق رهیگا *

دفعہ ۱۵ رفقاے مدرسۃالعلوم باستحقاق اپنے درجہ رفاقت کے کمیٹي خزانۃالبضاعۃ کے بھي ممبر متصور هونگے اور کمیٹي مدبران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ کے بھي ممبر هونگے اور اس کمیٹي کے ممبر هر میقات میں کم سے کم ایک دفعہ مدرسۃالعلوم کے انتظام وتصفیہ کرنے کو اجلاس کیا کرینگے جو اُن سے متعلق هوں سب سے پهلے رفیق مدرسۃالعلوم کا میر مجلس هوگا اور اُس کو ترجیح کي ایک راے زیادہ دینے کا حق هوگا اور وہ مدرسۃالعلوم کا افسر اعلی بھي سمجھا جاویگا *

دفعہ ۱۱ جب کہ رفقاے مدرسۃالعلوم کسي امر متعلق بہ تعلیم کے انصال کے لیئے جمع هوں تو وہ مدرس بھي جو امزازي رفیق نہیں هیں ایوان اجلاس میں آنے اور مثل رفیق مدرسۃالعلوم کے راے دینے کے مجاز هونگے *

دفعہ ۱۷ کمیٹي مدبران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ بذریعہ اُس رفیق مدرسۃ العلوم کے جو میر مجلس هو اپني سالانہ رپورٹ کمیٹي خزانۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم المسلمین میں پیش کریگي اور اخراجات سال آیندہ کي منظوري کمیٹي سے لیگي *

دفعہ ۱۸ کوئي شخص جو کہ اس مدرسۃالعلوم میں کسي خاص علم کي تحصیل کرنے کو داخل هونا چاهے اور اس تمام سلسلہ تعلیم کو جو مدرسۃالعلوم میں مقرر هو پڑهنا نہ چاهے تو وہ اجازت کمیٹي مدبران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ کو پهنچ بھي اختیار هوگا کہ اگر مسلمانوں کے سوا کوئي دوسرے مذهب کا طالب علم مدرسۃالعلوم میں پڑهنا چاهے یا کسي خاص علم کي تحصیل کرنا چاهے تو بہ اداے فیس اُس کو پڑهنے کي اجازت دیں اور کلکتہ یونیورسٹي کے امتحانوں میں اگر وہ امتحان دینا چاهے تو اُس کے لیئے اُسي طرح اهتمام اور انتظام کیا جاویگا جسطرح اور طالب علموں کے لیئے هوگا — اور گو ایسا طالب علم بسبب اختلاف مذهب کے مدرسۃالعلوم کے تمام قواعد کو بجا نہ لاسکے اور اسي لیئے وہ اُن دیگر حقوق کا بھي مستحق نہ هو جو مدرسۃالعلوم کے طالب علموں کے لیئے مقرر هیں مگر بایں همہ کمیٹي موصوفہ کو ایسے طالب علم کي قابلیت اور لیاقت کے لحاظ سے کسي قسم کا وظیفہ یا اور کوئي عزت بخشنے کا اختیار هوگا *

ذکر سکونت و تربیت طالب علمان مدرسۃالعلوم میں

دفعہ ۲۰ مدرسۃالعلوم میں طالب علموں کي سکونت کے لیئے مکانات اسطرح پر بنائے جاوینگے کہ هر ایک طالب علم کو جدا جدا ایک کمرہ سونے کے لیئے اور ایک بیٹھنے اور پڑهنے کے لیئے اور ایک غسلخانہ مل سکے *

دفعہ ۲۱ جو مسلمان طالب علم مدرسۃالعلوم میں داخل هوں اُنکو مدرسۃالعلوم کے مکانات میں رهنا ضرور هوگا مگر وہ غریب طالب علم جو اخراجات سکونت مدرسۃالعلوم ادا کرنے کے لایق نہوں کمیٹي مدبران تعلیم السنہ مختلفہ و علوم دنیویہ اُن کو سکونت مدرسہ سے بري کرسکتي هی اور اُنسے اسطرح پر سلوک کرسکتي هی جسکا ذکر دفعہ ۸ کي ضمن ۲ میں هی *

دفعہ ۲۲ اُن سب طالب علموں پر ایک شخص بطور اتالیق کے مقرر هوگا اور وہ اتالیق بھي دن رات مدرسۃالعلوم میں رهیگا *

دفعہ ۲۳ جو طالب علم وهاں رهینگے اُن کو اختیار هوگا کہ جیسا وہ لباس پهنتے هوں ویسا پهنیں مگر پورا لباس اشراف کا سا هو الا کسي ایسي قسم کے لباس کے پهننے کي اُنکو اجازت نہ هوگي جو بد رضعي کي طرف مائل هو کسي کو اجازت

نہ ہوگی کہ گرتے کناری لگا ہوا یا بازار کا رنگا ہوا رنگین یا قیم رنگ یا ایسا باریک جس میں سے بدن دکھائی دے یا ایسا تنگ جس سے چھاتی اور پیٹ نظر آوے کپڑا پہنے *

دفعہ ۲۴ کسی طالب علم کو اجازت نہوگی کہ وہ بہت بڑے بڑے بال جو کان کی لو سے زیادہ نیچے ہوں سر پر رکھے یا کاکلیں بناوے یا پٹیاں جماوے یا مسی لگاوے یا ایک سے زیادہ انگوٹھی اور چھلے پہنے یا مینڈھی لگاوے *

دفعہ ۲۵ تمام طالب علموں پر فرض ہوگا کہ صفائی اور اُجلا پن اختیار کریں لباس صاف رکھیں اور ہر طرح کی صفائی اور ستھرائی کی عادت ڈالیں اور قبل اسکے کہ کوئی لڑکا سکونت کے لیئے مکانات مدرسہ میں داخل ہو یہہ بات دیکھہ لیجاویگی کہ جس قسم کے کپڑے وہ پہنتا ہی اُس کے پاس اس قدر تعداد سے ہیں جن سے وہ صفائی اور اُجلے پن سے رہ سکے یا نہیں *

دفعہ ۲۶ اوقات کھانے اور سونے اور پڑھنے اور جسمانی ورزش کے معین کیئے جاوینگے اور ہر ایک شخص کو ضرور ہوگا کہ بجز حالت عذر کے اُن وقتوں میں وہی کام کرے جو اُسوقت کے لیئے مقرر ہو *

دفعہ ۲۷ طالب علموں کی حفظ صحت کے لیئے اُن کے کھانے اور ہوا کھانے اور ایسے کھیل کھیلنے کو جو نامشروع نہوں اوقات اور طریقے مناسب معین کیئے جاوینگے *

دفعہ ۲۸ ہر ایک طالب علم کو اختیار ہوگا کہ اپنے مکان سکونت کو فرش اور پلنگ اور اسباب ضروری سے جس طرح چاہے خود آراستہ کرلے اتالیق مدرسہ صرف اسبات کی نگرانی کریگا کہ تمام ضروری چیزیں موجود ہیں یا نہیں اور یہہ کہ خواب چیزیں میلی اور ناقص مستعمل نہوں اور کسیطرح کوڑا کرکٹ نہ پھیلنے پاوے اور صفائی میں کچھہ خلل نہ واقع ہو اور کسیطرح کی بد تمیزی نہونے پاوے — اور اگر کوئی طالب علم یہہ چاہے کہ اُسکی سکونت کا تمام ضروری اسباب مدرسۃالعلوم کے اہتمام سے مہیا ہو تو اتالیق مدرسۃالعلوم اُس کا انتظام کریگا *

دفعہ ۲۹ اسبات کی نہایت تاکید رہیگی کہ اسباب اور کتابیں اور لکھنے کا سامان اور کپڑے وغیرہ بسلیقگی سے مکان میں پھیلے اور ادھر اُدھر پڑے نرہیں بلکہ سب چیزوں انتظام اور سلیقہ سے سجی اور درستی سے رکھی رہیں *

دفعہ ۳۰ ہر ایک طالب علم کو اختیار ہوگا کہ اگر وہ چاہے تو خود اپنے کھانے پکانے کا انتظام کرلے اور بذریعہ اپنے خاص ملازموں کے آپ پکوائے اور کھاوے اور یہہ بھی اختیار ہوگا کہ دوچار طالب علم آپس میں ہنڈیاں ال کرکر شریک ہوجاویں اور مجموعاً خرد کھانے پکانے کا بذریعہ ملازمان خاص انتظام کرلیں *

دفعہ ۳۱ مگر جو طالب علم یہہ چاہینگے کہ مدرسۃالعلوم کی طرف سے اُنکے کھانے پکانے کا انتظام کیا جاوے تو اُن کے لیئے اتالیق مدرسۃالعلوم انتظام کردیگا اور رسدی اخراجات اُن سے لیلیئے جاوینگے *

دفعہ ۳۲ طالب علمان مدرسہ کو اختیار ہوگا کہ جو طریقہ تناول طعام کا اُن کو پسند ہو وہ اختیار کریں اور جب کہ چند طالب علم آپس میں ملکر شرکت میں اپنے کھانے کا بندوبست کرینگے تو اُنکو ایک ایسا کمرہ دیا جاویگا جہاں سب شریک جمع ہوکر کھانا کھا سکیں *

دفعہ ۳۳ بااین ہمہ ہر ایک طالب علم پر فرض ہوگا کہ ایک وقت معین پر کھانا کھاویں تاکہ اختلاف اوقات سے اور کاموں میں حرج نہ پڑے *

دفعہ ۳۴ الفاظ بد جو لڑکوں کی زبان پر چڑھ جاتے ہیں اُنکے بولنے کا سخت امتناع ہوگا یہاں تک کہ اگر کوئی لڑکا کسی کو چھڑکا کہہ بیٹھے گا تو وہ بمنزلہ دشنام سخت کے سمجھا جاویگا *

دفعہ ۳۵ طالب علموں کو جو مدرسۃالعلوم میں رہتے ہوں علم مجلس یعنی باہمی گفتگو کے طریقہ سکھائے جاوینگے مہذبانہ گفتگو کی عادت ڈالی جاویگی اور اُن پر تاکید اکید ہوگی کہ آپس کی ملاقات اور بات چیت میں اُسکو برتیں اور مہذبانہ گفتگو کا اپنے تئیں عادی کریں *

دفعہ ۳۶ جو طالب علم مکانات مدرسہ میں سکونت اختیار کرینگے اُنکو ضرور ہوگا کہ نماز پنجگانہ میں حاضر ہوں سنیوں پر فرض ہوگا کہ اُس مسجد میں جو مدرسۃالعلوم میں سنیوں کے لیئے بنائی جاویگی پانچوں وقت کی نماز جماعت سے پڑھیں اور شیعہ طالب علموں پر فرض ہوگا کہ اُس مسجد میں جو شیعوں کے لیئے بنائی جاویگی کم سے کم تین وقت حاضر ہوکر نماز پنجگانہ اپنے طریقہ مذہبی پر ادا کریں *

دفعہ ۳۷ ان دونوں مسجدوں کے لیئے موذن ہونگے اور سنّی مذہب کے طالب علموں کی مسجد کے لیئے ایک امام حافظ قرآن ملازم ہوگا اور تمام ضروری چیزیں مہیا رکھینگی تاکہ کسی قسم کا حرج اور تکلیف نمازیوں کو نہو *

دفعہ ۳۸ مدرسۃالعلوم میں جمعہ اور اتوار دو دن ہر ہفتہ میں تعطیل ہوگی الا کمیٹی مدیران تعلیم مذہبی کو اختیار ہوگا کہ وہ اتوار کے دن بھی مذہبی تعلیم جاری رکھے جمعہ کے روز بعد نماز جمعہ تعلیم مذہبی کا مدرس اعلیٰ قرآن وحدیث سے کچھہ احکام و اخلاق مذہبی بطور تحقیق عالمانہ جس سے طالب علموں کو فائدہ ہو بقدر مناسب بطور وعظ کے بیان کیا کریگا جس میں ذہبی استعداد طالب علم اور خصوصاً وہ طالب علم جنھوں نے علوم مذہبی کی تکمیل اعلیٰ درجہ تک کی اختیار کی ہو حاضر رہا کرینگے *

دفعہ ۳۹ اتفاقیہ بیماریوں کے معالجہ کے لیئے انگریزی ڈاکٹر و یورپائی طبیب درکار کا انتظام مدرسۃالعلوم میں کیا جاویگا اور جب لڑکے مدرسۃالعلوم میں داخل ہونگے تو اُن سے یا اُنکے مربیوں سے دریافت کرلیا جاویگا کہ اگر کوئی اتفاقیہ بیماری پیش آوے تو کون سا علاج کیا جاوے اور ضرورت کیوقت اُسیکے مطابق عمل میں آویگا اور فی الفور اُن کے مربیوں کو اطلاع ہوگی اور جسطرح وہ ہدایت کرینگے اُسی طرح پر تعمیل کیجاویگی *

دفعہ ۴۰ ان تمام قواعد کی خبرگیری اور انتظام اتالیق مدرسے کے سپرد رہیگا اور جو طالب علم خلاف ورزی قواعد معینہ کریگا اُسکی رپورٹ کمیٹی مدیران تعلیم السنۂ مختلفہ اور علوم دنیویہ کی خدمت میں پیش ہوگی *

دفعہ ۴۱ کمیٹی مرصونہ اُس طالب علم کو نمایش مناسب کریگی اور جب متعدد نمایش سے وہ نہ مانے گا تو اُسکو مدرسۃالعلوم سے خارج کرنے کا اُسکو اختیار ہوگا *

مذکورۂ بالا تجویزوں کے منشاء کا بیان

مقصود یہہ ہی کہ ایک ایسا مدرسہ قایم کیا جاوے جسمیں خود ہماری قوم کو سب طرح کا اختیار ہو اور وہ جس جسطرح پر اپنی قوم کی تعلیم دینا مناسب اور فائدہ مند سمجھے اُسی طرح پر تعلیم دے اور ہماری قوم کو ہرقسم کے علوم پڑھنے کا موقع ملے کیونکہ ہرایک شخص کے اغراض متحد نہیں ہیں کوئی شخص سرکاری عہدوں کے حاصل کرنیکی آرزو رکھتا ہی — کوئی شخص علوم دنیویہ میں سے کسی خاص علم کو حاصل کرنا چاہتا ہی — کوئی شخص علوم دینی میں کمال حاصل کرنا چاہتا ہی پس ایسا مدرسہ قایم کیا جاوے جسمیں ہر شخص کو مطابق اپنی خواہش کے علوم حاصل کرنے کا موقع رہے *

اس مدرسے سے گورنمنٹ کو علحدہ کرنا مقصود نہیں ہی بلکہ صرف یہہ مقصود ہی کہ طریقہ تعلیم میں گورنمنٹ کچھہ مداخلت نہ کرے اور اُسکو صرف ہماری قوم کی رائے اور مرضی پر چھوڑدے الا گورنمنٹ کو ہر طرح اُسکی نگرانی کا اور اُسکے حالات دریافت کرنے کا پورا اختیار حاصل رہے اور جبکہ خود گورنمنٹ سے اس مدرسے کے لیئے اعانت چاہی گئی ہی اور گورنمنٹ نے اُسکو منظور کیا ہی تو ہمارا صاف منشاء ہی کہ گورنمنٹ کی نگرانی اِس مدرسے سے قایم رہے *

سرمایہ جو مدرسے کے لیئے جمع کیا جاتا ہی اُس سے کبھی گورنمنٹ کو تعلق نہوگا اور نہ کبھی گورنمنٹ کی اُسمیں دست اندازی ہوگی اور علاوہ گورنمنٹ کے کوئی غیر بھی اُسمیں دست اندازی نہیں کرسکنے کا اور انہیں اُمور کے استحکام کے لیئے کمیٹی مخزنۃالبضاعۃ مقرر ہوئی ہی اور اُسکے لیئے قواعد بنائے گئے ہیں اور اُس کمیٹی کی اور اُن قواعد کی رجسٹری بموجب ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۰ع عمل میں آئی ہی جنکے ذریعہ سے اُن قواعد کے برخلاف کوئی ممبر عمل کرنے کا مجاز نہیں ہی *

مذہبی تعلیم کے لیئے ایسے قواعد تجویز کیئے گئے ہیں اور اُسکو کلیتاً ایک علحدہ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا ہی جس سے اس قسم کا احتمال کہ مذہبی تعلیم میں کچھہ خلل واقع ہوگا مطلق باقی نہیں رہا *

اعلیٰ درجہ کی دنیوی تعلیم کے لیئے نہایت ضرور ہی کہ کالج انگریزی زبان میں تعلیم ہو تاکہ مسلمان لڑکے انگریزی میں ایسے قابل نکلیں کہ جو اعلیٰ سے اعلیٰ عہدے ہندوستانیوں کو مل سکتے ہیں اُن کو وہ حاصل کرسکیں اور نیز جو علوم کہ انگریزی زبان میں ہیں اُس میں پورا کمال حاصل کرکے ایسی کتابیں تالیف و تصنیف کریں جو عموماً قوم کے لیئے مفید ہوں اسلیئے مدرسہ میں ایک ایسا درجہ قایم کیا گیا ہی جسمیں اُن لوگوں کو جو اصلاح تعلیم چاہیں پوری تعلیم پانے کا موقع ملے *

مگر اس طرح پر صرف انگریزی زبان میں تعلیم دینے سے علوم و فنون جدیدہ تمام قوم میں عموماً رائج نہیں ہوسکتے اور تمام قوم فائدہ نہیں اُٹھاسکتی اسلیئے علوم و فنون کا اُردو زبان میں بھی تعلیم دینا اُن لوگوں کے لیئے قرار پایا ہی جو اُردو زبان میں اُن کو پڑھنا چاہیں اور اُمید ہی کہ اُردو زبان میں تمام علوم و فنون جدیدہ کی کتابیں موجود ہوجانے کے بعد ہماری قوم میں بھی وہ علوم و فنون اس طرح پر شائع ہوجاوینگے جس طرح اب انگریزی زبان میں

ہونے کے سبب سے انگریزوں میں شائع ہوں یا جس طرح یونانی علوم عربی میں ترجمہ کرنے سے مسلمانوں میں شائع ہوگئے تھے *

دنیوی تعلیم کے ساتھہ دینی تعلیم بھی برابر ہوتی رہیگی اور اسرف جو یہہ نقص ہی کہ جو مسلمان دینی تعلیم پاتے ہیں وہ علوم و فنون جدیدہ سے بالکل ناواقف رہتے ہیں اور جو دنیوی علوم میں تعلیم پاتے ہیں وہ دینی تعلیم سے محروم رہتے ہیں یہہ نقص بھی اس طریقہ تعلیم سے جو تجویز کیا گیا ہی بالکل مرتفع ہوجاویگا *

گورنمنٹ کالجوں کی تعلیم میں جو یہہ ایک نقص ہی کہ اگر کوئی طالب علم درجہ ادنی کے علوم میں سے ایک علم میں بھی ناقص نکلے تو وہ اُس درجہ تعلیم سے اوپر کے درجہ میں ترقی نہیں کرسکتا اس کا علاج بھی اس تجویز میں کیا گیا ہی اور جن علموں میں طالب علم ادنی درجہ میں کامل نکلا ہی اگر وہ اُنہیں علوم میں اعلی درجہ پر ترقی کرنا چاہے تو اُس کو ایسی ترقی کرنے کا اختیار دیا گیا ہی *

اِس مدرسہ میں اُن علوم کا پڑھانا بھی تجویز ہوا ہی جو روز مرہ تو کار آمد نہیں ہوتے مگر اُن سے ذہن کو اور لیاقت کو اور استعداد کو ترقی ہوتی ہی اس کا سبب یہہ ہی کہ روز مرہ کی بکار آمد تعلیم کے ساتھہ ضرور اصولی تعلیم کی بھی حاجت ہوتی ہی — جو تعلیم کہ دل کو روشن نہیں کرتی اور عقل اور اخلاق کو کامل ترقی پر نہیں پہونچاتی وہ ہمیشہ ناکامل متصور ہوتی ہی اور اگر ہم صرف روز مرہ کی بکار آمد تعلیم پر قناعت کریں تو ہماری قوم کے عمدہ سے عمدہ طالب علم اپنی قوم کے لیئے اُن لوگوں سے جنہوں نے ہمارے اس مدرسۃالعلوم میں تعلیم نہ پائی ہر کچھہ زیادہ فائدہ پہونچانے والے نہونگے — ہم سمجھتے ہیں کہ سب سے بڑا فائدہ ہمارے اس مدرسۃالعلوم کا یہہ ہونا چاہیئے کہ مباحث علمی میں ہمارے طالب علموں کے طرز خیال میں تبدیلی اور ترقی ہو — اور اس تعلیم سے ایسے اشخاص پیدا ہوں کہ گویا وہ اس مدرسۃالعلوم کے لیئے عام لوگوں میں علم پھیلانے اور مہذب خیالات اور عمدہ اخلاق سکھانے کے لیئے مثل آلہ کے ہوں اگر اب ہم اپنے اس مقصد کے حاصل کرنے پر ناکامیاب ہوں تو ہمکو اپنے اس مدرسۃالعلوم کو بھی ایک ناکامیاب ہی تصور کرنا چاہیئے — لیکن اگر یہہ مدرسۃالعلوم نوجوان مسلمانوں کی ایک ایسی جماعت پیدا کرنے میں کامیاب ہو جن کے خیالات مہذب اور ترقی کی طرف مایل ہوں تو ہمکو کچھہ شک نہیں ہی کہ اُس کا نتیجہ بے انتہا فوائد سے مالا مال ہوگا جہاں کہیں ہمارے مدرسۃالعلوم کا طالب علم چلا جاویگا اُس کے ساتھہ ہی وہ عمدہ اور مہذب اور ترقی کرنے والے خیالات اور زندہ علم اور اصلی اخلاق جاوینگے جنکا تعلیم دینا اور پھیلانا ہمارے مدرسۃالعلوم کا مقصد ہی اور مسلمان روز بروز زیادہ تو اپنی حالت موجودہ پر قرر کرینگے اور روشن ضمیر تعلیم پھیلانے میں نہایت گرمجوشی سے کوشش کرنے لگینگے — صرف روز مرہ کی بکار آمد تعلیم جو ایک اوپری تعلیم ہوتی ہی کچھہ روشن ضمیر تعلیم شمار نہیں کی جاسکتی — اور اگر یہہ مدرسۃالعلوم نہایت عمیق اور مستحکم اور اعلی علوم نہ بخشیگا تو اُس کو ادب اور عزت اور نظر قومی کے لایق سمجھنا مشکل ہوگا *

اس مدرسہ کے قیام کے لیئے یہہ ایک اصول تجویز کیا گیا ہی کہ مدرسہ کے اخراجات کے لیئے مستقل آمدنی ہونی چاہیئے تاکہ وہ کسی بیرونی مدد کا محتاج نرہے اس کا سبب نہایت ظاہر ہی اور کچھہ تشریح کا محتاج نہیں ہی کیونکہ کوئی بڑا کام اختیار نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ اُس کی تکمیل کے وسیلے اول مہیا نہوجاویں مدارس جو کہ سالانہ یا ماہواری چندوں سے جاری کیئے جاتے ہیں اُن کے استحکام پر کچھہ بھروسہ نہیں ہوتا اور کہ اُس چندہ کے بھروسہ پر کوئی عمدہ اور مستقل کام کیا جاسکتا ہی اور تجربہ سے ظاہر ہوا ہی کہ ہندوستان میں جسقدر مدرسے اس طرح پر جاری ہوئے بغیر کسی استثناء کے انجام کو ناکامیاب ہوئے اور یہہ بات نہایت ہی بیہودہ ہوگی اگر ایسا بڑا عظیم الشان مدرسۃالعلوم اُس کے ہمیشہ چلنے اور سرسبز رہنے کی ضمانت کے بغیر جاری کیا جاوے *

اس مدرسہ کے قیام میں ایسا انتظام بھی کیا گیا ہی کہ جو طالب علم سلسلۂ تعلیم میں کامیاب ہو اُسی کامیابی کے ساتھہ اُس کو انعام اور علوم کو اعلی درجہ تک ترقی پر پہونچانے کے لیئے وظیفے بھی دیئے جاویں اور یہہ بھی تجویز ہوا ہی کہ اگر کسی طالب علم کی عمدہ کامیابی تحصیل علوم میں ثابت ہو تو اُس کو بلا شرط خدمت صرف اُس کے ترقی علوم میں مصروف رہنے کے سوا میں ایک معتدبہ وظیفہ ملے کیونکہ درحقیقت روپیہ ہی کا فائدہ علم سیکھنے پر بہت بڑا رغبت دلانے والا اور تعلیم کو ترقی کرنے والا ہی — نہایت ترقی یافتہ ملکوں میں بھی اور ہندوستان میں بھی جہاں کہ دولت اور علم ایک جگہہ بہت کم جمع ہوتا ہی روپیہ کا فائدہ تعلیم پر صرف رغبت دلانے اور تعلیم کی ترقی کرنے سے بھی زیادہ فائدہ مند ہوگا کیونکہ ہندوستان میں مسلمانوں کی زیادہ ابتر حالت ہی اور گو کہ اور ملکوں میں بھی ہوتا ہی مگر ہندوستان میں یہہ بات زیادہ تر ہی کہ وہ لوگ جو بہت زیادہ علم حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن کے پاس اپنی گذران کرنے کے لیئے بھی بہت کم وسیلے ہوتے ہوں اور ایسی حالت میں روپیہ کا فائدہ ہمیشہ لایق طالب علم پیدا کرنے میں خطا نہ کریگا *

اس مدرسہ کے طالب علم کلکتہ یونیورسٹی کے امتحانوں میں بھی داخل ہوسکینگے پس جو فائدے اور حقوق اُس یونیورسٹی کے امتحانوں سے حاصل ہوتے ہیں وہی فائدے اور حقوق اس مدرسہ کے

تہذیب الاخلاق
۱۵ جمادي الثاني سنہ ۱۲۹۱ هجري
مطابق سنہ ۱۸۷۵ عیسوي

طالب علموں کو بھي حاصل ہونگے اگر وہ کلکتہ یونیورسٹي کا امتحان دینگے اور علاوہ اُس کے خود مدرسۃالعلوم نے طالب علموں کے لیئے بیش قرار وظیفے مقرر کیئے ہیں جو لایق طالب علموں کو دیئے جاوینگے اور اس سبب سے اس مدرسۂ کے طالب علموں کو کروا ہروهي رغبت علوم کے تحصیل کرنے میں ہوگي *

طالب علموں کا اور توقي علوم کے وظیفہ پانے والوں کا مدرسہ میں رهنا اور اُس کے قواعد کا پابند ہونا مثل تعلیم کے اس لیئے ضروري سمجھا گیا ہی کہ یہہ امر سب سے مقدم ہی اور وہ بڑے امتیاز کي چیز ہی درمیان ہمارے مجوزہ مدرسۃالعلوم اور اُن یونیورسٹیوں کے جو کہ اب ہندوستان میں موجود ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ طرز معاشرت مسلمانوں کا اُن کي تعلیم سے بھي زیادہ توقي کا محتاج ہی — خصوصا مسلمان لڑکوں کي ابتدائي حالت زیادہ توجہہ کے لایق ہی اس عمر میں اکثر اخلاق اور رزیلوں کے لڑکوں کي صحبت میں مسلمان شریفوں کے لڑکوں کي طبیعت میں خلاف خراب اخلاق اثر کرجاتے ہیں اور اکثر نامہذب الفاظ اُن کي زبان پر چڑھ جاتے ہیں جس کے آخر کار وہ عادي ہوجاتے ہیں — پس ان سب خرابیوں کے دفع کرنے کے واسطے جب تک ہم ایک بڑے گروہ طالب علموں اور اقاليقوں کو ایک جگہہ جمع نہ کرینگے اور اُن کو ایسي صحبت میں نہ رکھینگے جس کے خیالات اور مقاصد مسلمان لڑکوں کے حال کي صحبت کي برائي اور خرابي اور عیوب سے پاک ہوں اُس وقت تک کوئي تدبیر تعلیم کي اور اپني قوم کو اخلاق اور عادات فاضلہ سے متصف رکھنے کي نہیں چل سکتي کي — گورنمنٹ کالجوں کا فائدہ اس وجہہ سے کہ گورنمنٹ طرز معاشرت طلباء میں کچھہ اصلاح نہیں کرسکتي کچھہ یہہ کامیاب نہیں ہوا ہی اور اگر ہمارا مدرسۃالعلوم طالب علموں کا اور اقاليقوں کا ایک جگہہ ساتھہ رهنا اور طالب علموں کا خراب صحبتوں سے علحدہ کرنا اور اُنکا مدرسۃالعلوم هي میں سکونت اختیار کرنا اور اُس کے قواعد کو بجا لانا ضرور نہ تصور کریگا تو اُس سے کچھہ بہتو نتیجہ حاصل نہوگا *

ظاہرا لوگ یہہ بھي خیال کرتے ہونگے کہ جن علوم کي تعلیم قرار دي گئي ہی وہ نہایت کثرت سے ہیں مگر یہہ خیال تین وجہہ سے صحیح نہیں ہی *

اول — یہہ کہ وہ سلسلہ علوم کا ایسا نہیں ہی کہ اُس کے تحصیل کرنے میں کچھہ بہت مشکل پڑے ہاں البتہ محنت سے اور دل سے پڑھنا درکار ہی اور جو لوگ اُس سلسلہ کو اُردو میں پڑھنا چاہینگے اُن کے لیئے تو وہ سلسلہ بہت ہي آسان ہوجاویگا *

دوسرے — یہہ کہ اس سلسلہ کے پڑھنے کے بعد اور اُس میں کامیابي حاصل کرنے پر مدرسۃالعلوم سے پیش قرار وظیفے مقرر ہوتے ہیں پس ضرور ہی کہ وظیفہ اُنہیں لوگوں کو دیا جاوے جنھوں نے محنت کرکے اور دل لگاکر تمام اُن علوم کو حاصل کیا ہو *

تیسرے — یہہ کہ اس طریقہ تعلیم میں اسبات کي کوئي لازمي قید نہیں لگائي گئي ہی کہ ہر شخص وہ پورا سلسلہ پڑھے بلکہ یہہ بھي اختیار دیا گیا ہی کہ جو شخص جونسا علم پڑھنا چاہے اُسکو پڑھے صرف اتنا فرق ہی کہ جو شخص پورا سلسلہ نہ پڑھے گا اُسکو انعام اور وظیفہ جو مدرسۃالعلوم کي طرف سے ملنا تجویز ہوا ہی نہیں ملنے کا *

ہمنے جو علوم جدید کا اُردو میں پڑھانے کا ذکر کیا اس سے یہہ نہ خیال کیا جاوے کہ وہ علوم انگریزي میں نہ پڑھا ے جاوینگے بلکہ جو لوگ انگریزي میں اعلی درجہ کي تعلیم پانا چاہینگے وہ اُن علوم کو بھي انگریزي میں پڑھینگے اور اُردو کا سلسلہ قوم میں عام تعلیم پھیلانے کے لیئے قرار دیا ہی کیونکہ قوم میں عام تعلیم اُس وقت تک شایع ہوئا جب تک کہ اُسي کي زبان میں علوم نہوں غیر ممکن ہی اور اُس اُردو سلسلہ سے یہہ بھي نہ تصور کیا جاوے کہ فارسي اور عربي زبان کے پڑھانے سے کچھہ خلل ہوگي اس لیئے کہ جو لوگ اُن زبانوں کو پڑھنا چاہینگے اُن کو اُن زبانوں کي اعلی درجہ تک تعلیم ہوگي جیسا کہ سلسلہ تعلیم سے ظاہر ہوتا ہی — اور علوم و فنون جدیدہ کا سلسلہ اُردو زبان میں قایم کرنے سے صرف یہہ مطلب ہی کہ علوم کي تحصیل جہاں تک ممکن ہو آسان ہوجاوے *

جو لڑکے کہ مدرسۃالعلوم میں رهینگے اُنکي حفاظت اور اخلاق صحبت اور اُنکي تربیت اور اُنکے مکانات سکونت کے لیئے ایسي تدبیریں کي گئي ہیں جو غالبا اُنکو اپنے ماں باپ کے گھر میں بھي نہوتي ہونگي اس لیئے اُمید ہی کہ تمام لوگوں کي اس بات سے کہ اُن کے لڑکے مدرسۃالعلوم میں نہایت عمدہ طور سے رهینگے بالکل خاطر جمع ہوگي *

نہایت بخل اور بد اخلاقي ہوتي اگر ہم غیر مذہب کے لوگوں کي تعلیم کے لیئے مدرسہ میں کوئي راہ نہ رکھتے اور اس لیئے ایسي تدبیر بھي اختیار کي گئي ہی جس سے غیر مذہب کے لوگ بھي مدرسۃالعلوم سے مناسب فائدہ اُٹھا سکیں اور اُس کے ساتھہ جو انتظام تعلیم و تربیت اپني قوم کے لڑکوں کا کیا گیا ہی اُس میں بھي کسي طرح کا نقص و فتور واقع نہوگا *

مدرسۃالعلوم میں ہفتہ میں دو دن یعني جمعہ اور اتوار کي تعطیل قرار پائي ہی جمعہ ایک ایسا دن ہی جو مسلمانوں کے لیئے تعطیل کے واسطے نہایت ضروري ہی لیکن جو کہ دنیاوي علوم کي تعلیم کے لیئے اور انگریزي زبان کي تعلیم کے لیئے اکثر ماسٹر اور پروفیسر اور پرنسپل انگریز ہونگے تو ممکن نہیں ہی کہ اتوار کے روز مدرسہ میں تعلیم جاري رہ سکے اس واسطے ضرور ہوا کہ اتوار کو بھي تعطیل کا دن قرار دیا جاوے لیکن چونکہ مذہبي تعلیم کے مدرس سب مسلمان ہونگے اس لیئے اُس دن بھي مذہبي تعلیم کا جاري رکھنا تجویز کیا گیا ہی اور اس میں ایک بڑا فائدہ یہہ ہی کہ مذہبي تعلیم کے لیئے زیادہ وقت ملیگا *

واضح ہو کہ یہہ سب تجویزیں کمیٹي میں پیش ہیں اور دو دفعہ کمیٹي اُن تجویزوں پر غور کرچکي ہی اور اُس کو اب پھر اس لیئے مشتہر کرتي ہی کہ تمام ممبروں اور مسلمانوں کي نگاہ سے گذرے اور اخبار ٹریبس وغیرہ اُس کو دیکھیں اور جس کسي کو جو کچھہ راے اُس پر پیش کرني ہو وہ اُس کو پیش کرے تاکہ پھر تیسري دفعہ کمیٹي اُس پر غور کرے اور پھر تیہ ثالث غور کرنے کے بعد جو تر میم کہ مناسب سمجھے عمل میں لاوے *

دستخط مرزا محمد رحمت‌الله بیگ
منصرم کار سکرٹري کمیٹي خزنۃالبضاعۃ
لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اهتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم رجب سنہ ۱۲۹۱ هجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۸

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ علق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ بھار آنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۵

مراسلہ مہدی

عزیز من ماجد علی سلمک اللہ تعالی

خط تمہارا آیا حال معلوم ہوا میری کیفیت کیا پوچھتے ہو میاں را چہ بیاں *

یک سینہ و صد ہزار غصہ * یک دیدہ و صد ہزار پاراں

تمنے پوچھا ہی کہ تہذیب الاخلاق میں مضمون لکھنا کیوں ترک کیا کیا سید صاحب سے مخالفت کی یا کفر کے فتووں سے ڈرگئے — عزیز من نہ میں سید صاحب سے مخالف ہوا نہ کفر کے فتووں سے ذرا بلکہ میرے سکوت کا اصلی سبب تمکو معلوم ہی کہ قطع نظر روحانی صدموں کے کئی مہینے سے ایسا بیمار ہوں کہ لکھنا پڑھنا دشوار ہی ورز مرہ کا کام بھی بہ مشکل دوسروں کی مدد سے کرتا ہوں *

عزیز من سید صاحب سے مخالفت کا زمانہ گذر گیا اب اس خیال کو جانے دو کہ پھر وہ زمانہ آویگا انا احمد و احمد انا — نحن روحان حللنا بدنا *

کفر کے فتووں کا قدر عاموں کو ہوگا جنکا ایمان برادری کے حقہ پانی پر ہی نہ اُن مؤمنوں کو جو اسلام کی حقیقت اُن کفر کے فتوے دینے والوں سے بھی زیادہ جانتے ہیں وہ تو ان بادی کاغذوں پر جو کبھی مشرق سے مغرب کو اور کبھی مغرب سے مشرق کو اُڑتے پھرتے ہیں آنکھہ اٹھاکر بھی نہیں دیکھتے اور پر مگس کی پرابر بھی اُس کی وقعت نہیں سمجھتے اُنکے نزدیک خدا نے اپنی جنت و دوزخ ان کفر کے فتوے دینے والوں کو ہبہ نہیں کردی کہ جسکو چاہیں وہ جنت میں بھیجدیں جسے چاہیں کافر بناکر دوزخ میں ڈالدیں *

عزیز من تم تاریخ سے ناواقف ہو اگلے لوگوں کا حال تمنے نہیں پڑھا ورنہ تم ان کفر کے فتووں پر تعجب نہ کرتے یہہ تو ایک پرانی رسم ہی کہ ہر مذہب میں اُس پر عملدر آمد رہا ہی اور مذہبی سرداروں نے اسے اپنی وقعت و عزت کا ذریعہ ٹھہرا رکھا ہی تاکہ وہ پوجے جاویں اور خدا کے فرزند ٹھیریں اور جو آواز اُنکے آگے پیچھے سے نکلے وہ روح القدس کی آواز سمجھی جاوے افسوس اُن ضعیف القلب اور ضعیف الایمان لوگوں پر جو اپنی دلی تصدیق پر اطمینان نہ رکھیں اور اُنکے دل ان ہوائی کاغذوں سے پتوں کی طرح اُڑتے پھریں *

سچ میاں دنیا میں جتنی نامور قومیں گذری ہیں یا جو اب موجود ہیں اُنکی تاریخ اسپر شاہد ہی کہ جب کسی نے اپنے زمانہ کے لوگوں کے اوسط درجہ کے خیالات سے بڑہ کر کوئی بات زبان سے نکالی یا اس کی معمولی سمجھ سے کچھہ زیادہ کہا تو وہ مجنوں اور دیوانہ ٹھہرا اور اگر منہہ سے کوئی ایسی بات نکلی جو مخالف اُس زمانہ کے دینی خیالات اور مذہبی رسوم کے ہوئی گو وہ خیال اور رسم بالکل مذہب کے مخالف ہی ہو یا اُس سے مذہبی سرداروں کی عزت و شان میں کچھہ فرق آیا تب تو وہ لامذہب اور کافر ہی سمجھا گیا پھر یا جلا وطن کیا گیا یا مارا گیا یا زندہ جلایا گیا *

دیکھو یونان میں سقراط کو زہر کا پیالہ کیوں پلایا گیا اسی جرم میں کہ اُس نے بت پرستی کی برائی کی جسے اُس زمانہ کے لوگ اچھا جانتے تھے *

جرمنی جب مسلمانوں کے مدرسہ سے معقولات سیکھہ کر اپنے ملک میں گیا تو اپنی قوم کے نزدیک کیوں کافر اور مرتد ٹھہرا اسی تصور میں کہ وہ اُن علموں کو جاری کرنا چاہتا تھا جس کی خوبی سے اُس کی قوم ناواقف تھی *

گلیلیس کیوں پاگل ٹھہرا اسی لیئے کہ اُس نے وہ بات کہی جو کہ اُس زمانہ کے لوگوں کی عقل اور سمجھہ سے باہر تھی *

کولمبس نے جب بہاپ کے زور سے جہاز اور گاڑی چلانے کی نسبت اپنا خیال ظاہر کیا تو وہ کیوں پاگل خانہ میں بھیجدیا گیا اسی تصور میں کہ اُس زمانہ کے اوسط درجہ کے خیال سے اُس نے بڑہ کر بات کہی *

روجر بیکن کے کفر کا کیوں فتوی دیا گیا اسی لیئے کہ وہ اُن مسائل سے صنکر تھا جسکو اُس زمانہ کے عالم حق اور سچ جانتے تھے *

کوپرنیکس نے کیوں ہیئات کے صحیح مسائل کے اظہار پر جرات نہ کی اسی لیئے کہ وہ پادریوں کی مخالفت سے خایف تھا *

پیروٹون حکیم کو روم کے پوپ نے کیوں زندہ جلادیا اسی جرم میں کہ اُس نے زمین کی گردش کا انکار اور آسمان کے وجود جسمانی سے انکار کیا تھا جسکو اُس زمانہ کے پادری ہمارے وقت کے مولویوں کی طرح اپنی نادانی سے مخالف آسمانی کتاب کے جانتے تھے *

لوتھر کو کیوں شہر بشہر بھاگنا پڑا اسی گناہ میں کہ وہ پوپ کو نجات کے فرمان بیچنے کا مجاز نہ سمجھتا تھا *

یہہ چند نظیریں تو غیر قوموں کے نامور لوگوں کی ہیں اب ہم اپنی ہی قوم اور اپنے ہی مذہب کے اُن نامور شخصوں کا حال بیان کرتے ہیں جن میں سے اب کوئی تفسیر کا — اور کوئی حدیث کا — کوئی فقہ کا — کوئی اصول کا — کوئی کلام کا — امام سمجھا جاتا ہی اور جن میں سے کسی کا خطاب ہی امام المفسرین اور کسی کا امام الفقہا اور کسی کا

حجۃالاسلام اور کسی کا تحریر احمر اور کسی کا اکسیر اعظم تاکہ معلوم ہو کہ اس بزرگواروں نے اپنے زمانہ کے لوگوں سے کیسے صدمے اُٹھائے *

عبداللہ ابن عباس پر لوگوں نے طعنہ کیا کہ یہہ بے سمجھے بوجھے قران کی تفسیر کیا کرتے ہیں *

عبداللہ بن زبیر کے زیادہ نماز پڑھنے پر لوگوں نے کہا کہ یہہ مکار اور منافق ہیں *

سعد بن وقاص کا کوفہ کے جاہلوں نے شکوہ خلیفہ تک کیا کہ اُن کو نماز پڑھنی بھی نہیں آتی *

حضرت علی کو تو خارجیوں نے کافر ہی بنا دیا *

امام زین‌العابدین کی نسبت لوگوں نے کہا کہ یہہ تو بت پرستوں کی باتیں کرتے ہیں *

امام ابو حنیفہ کی نسبت وہ باتیں لوگوں نے کہیں کہ جنکا نقل کرنا بھی بے ادبی ہی بعضوں نے اُن کو جاہل ٹھہرا یا بعضوں بدعتی بنایا بعضوں نے کفر کی نسبت کی *

امام شافعی سے پاک امام کو بدذاتوں نے اضر من ابلیس کا خطاب دیا اور اُن کے مرنے کی دعائیں کیں *

علماء عراق اور مصر نے اُن پر یہاں تک تہمتیں لگائیں کہ یمن سے دارالسلام تک ایسی بے حرمتی اور بے مرتی سے قید کرکے بھیجے گئے کہ ہزاروں آدمی ملامت کرتے اور گالیاں دیتے جاتے تھے اور وہ اُنکے حلقہ میں سر جھکائے ہوئے تھے *

امام مالک کی مصیبت ہمارے دل کی تسلی کے لیئے کافی ہی کہ پچیس برس تک جمعہ و جماعت کے لیئے باہر نہ نکلے اور ایسی ذلت سے قید کیئے گئے کہ جس کے سنلے سے بدن پر رعشہ ہوتا ہی اس بے دردی سے اُن کی مشکیں باندھی گئیں کہ ہاتھہ بازو سے اُکھڑ گیا پھر اُونٹ پر سوار کرائے گئے اور کہا گیا کہ اُس مسئلہ کی صحت کا اقرار کردیں جسے وہ دل سے غلط جانتے تھے آخر امام نے اُونٹ پر کھڑے ہوکر کہا کہ جو مجھے جانتا ہی وہ جانتا ہی جو نہ جانتا ہو وہ جان لے کہ مالک انس کا بیٹا ہوں اور صاف کہتا ہوں طلاق‌المکرہ لیس بشئی اسپر ستر کوڑے مارے گئے اور قید رکھے گئے *

امام احمد حنبل کی مصیبت سنو کہ ۲۸ مہینے تک وہ قید میں رہے اور بھاری بھاری زنجیریں اُنکے پانوں میں ڈالی گئیں اور یہہ ذلت اُنکو دی گئی کہ مجلسوں میں بلائے جاتے اور ارک اُس کو طمانچے مارتے اور منہہ پر تھوکتے اور ہر شام کو جیلخانہ سے نکالے جاتے تھے اور کوڑوں کی مار اُس پر پڑتی اور یہہ سزا اُس قصور کے بدلے میں تھی

کہ وہ ایک غلط مسئلہ میں موافق اُس زمانہ کے لوگوں کی نکلتے تھے — امام محمد بن اسمعیل بخاری وطن سے نکالے گئے — نسائی مسجد میں شہید کیئے گئے — بایزید بسطامی پر بھی جلاوطنی کا فتوی دیا گیا — ذوالنون مصری مصر سے بغداد کو اس مصیبت سے بھیجے گئے کہ پا بدست دگرے دست بدست دگرے — اور ایک جماعت مرابطین کی اُن کے کفر و زندقہ پر گواہی دینے کے لیئے ہمراہ گئی سہیل بن عبداللہ تستری پانچوں امامت مرتد ٹھہرے — ابو سعید حزاز پر بھی کفر کا فتوی دیا ہی گیا — جنید بغدادی کو عالموں نے کافر کہکر اسقدر تنگ کیا کہ وہ مسائل توحید طائفہ زبان پر نہ لاسکے — محمد بن نصر بلخی پانچوں چالاک اس طور پر نکالے گئے کہ اُن کے گلے میں رسی تھی اور گلی کوچہ میں تشہیر کیئے جاتے — امام بن حسن رازی کو رے کے زاہدوں نے تکفیر دیا — ابو عثمان مغربی بھی در بدر مارے پھرے — حضرت شبلی پر کفر کا فتوی دیا گیا اور اُن کے پاس کا بیٹھنا بھی ایک گناہ قرار دیا گیا امام ابو بکر ثابتی کی پانچوں علم و فضیلت عالموں کے حکم سے پامال کھینچی گئی ابن حنان پانچوں تبحر و امامت زندیق قرار دیئے گئے — شیخ ابو مدین بجرم زندقہ جلاوطن کیئے گئے — شیخ ابوالحسن شاذلی مغرب سے قید کرکے بہ گناہ زندقہ مصر کو بھیجے گئے — شیخ عزیزالدین بن عبدالسلام بھی کفر کے فتوی سے نہ بچے — شیخ تاج‌الدین سبکی اباحیہ ٹھہرائے گئے — شیخ محی‌الدین ابن عربی اور شیخ نورالحسن اشعری اور امام حجۃالاسلام غزالی کا کچھہ بیان کرنا بے موقع ٹھہرگا — سب جانتے ہیں کہ شیخ محی‌الدین وہ شخص ہی جسکو امام الموحدین اور تحریر احمر اور اکسیر اعظم اور شیخ الطائفہ کہتے ہیں اُسکی نسبت نہ فقط

کفر کا فتوی ہوا بلکہ حضرت عالموں نے یہہ فتوی دیا کہ کفرہ اشد من کفر الیہود و النصاری کہ اُسکا کفر یہود اور نصاری کے کفر سے بڑہ کر ہی اور اس پر بھی اُن ظالموں کو صبر نہ آیا بلکہ اُن کے تمام گروہ پر تکفیر کا فتوی جاری کیا اور اُسپر بھی اُن کے دلوں کی آگ نہ بجھی تھوڑی بلکہ اُن کے کفر میں شک کرنے والوں پر بھی کفر کا فتوی دیدیا

اور صاف یہہ لکھدیا کہ من لم یکفر طائفۃ ابن عربی کان لم یکفرالیہود و النصاری و من شک فی کفرہ و من ہو مثلہ فہو کافر ومن شک فی کفر من شک فی کفرہ فہو کافر — شیخ ابوالحسن اشعری کی کیفیت ظاہر ہی کہ وہ سنیوں کے امام ہیں مگر اُنکو بھی یاروں نے الحاد کے الزام سے نہیں چھوڑا اور کفر کی نسبت اُن کی طرف کردی *

امام غزالی کا حال سب جانتے ہیں کہ آج لقب اُن کا حجۃالاسلام ہی مگر یہہ حضرت بھی اپنے زمانہ میں کافر ٹھہرائے گئے اور اُن کی

کتابوں کا جلا دینا چاہئے اُن پر لعنت کرنا ثواب سمجھا گیا تھا اس نامور امام کو کسی اُن کے دوست نے لکھا کہ تمہاری کتابوں پر لوگ طعنہ کرتے ہیں اور خلاف سلف صالح کے عقاید کے جانتے ہیں اُس کا اُنہوں نے ایک نہایت عمدہ جواب لکھا ہی جسکا خلاصہ یہہ ہی کہ اے یار عزیز ان حاسدوں کی باتوں پر خیال نہ کر اور اُن جاہلوں کی طعن و لعن سے کچھہ رنجیدہ نہو اُن کی باتوں پر صبر

کر اور اُن کو بکنے دے استحقر من لایحسد و لایقذف و استقصر من یالثلب و الضلال لایعرف ذالیل جان اُس آدمی کو جسکا لوگ حسد نہ کریں اور حقیر سمجھے اُس شخص کو جس کی طرف کفر اور گمراہی کی نسبت نہ کی جاوے ایسے لوگوں کی صلاح کی اُمید نہ کر جو صرف حسد سے ہرا بھلا کہتے ہیں اور ایسے جاہلوں کی بات نہ سن جو تھوڑی سی مخالفت کو بھی اگلوں کی کفر جانتے ہیں اور اُن مفتیوں اور مولویوں کی باتوں پر کچھہ خیال نہ کر جو ذری ذری بات پر قد کفر قد کفر بکنے لگتے ہیں کیا وہ فقہ کے پڑھ لینے اور نجاست کے ازالہ اور زعفران کے طلا کے مسئلے جان لینے سے کفر و ایمان کی حقیقت سمجھہ سکتے ہیں ایسے لوگوں کی طرف توجہہ نہ کر اور اُن کی باتوں کے سننے میں اپنی اوقات ضایع نہ کر اور اپنے دھندھے کو نہ چھوڑ *

ان بزرگوں کو جانے دو ہندوستان کے بعض نامور شخصوں کو خیال کرو کہ اُن کو بھی یاروں نے نہ چھوڑا حضرت شیخ احمد فاروقی مجددی کے کفر کا فتوی دیا گیا — مولانا ولی اللہ پر بھی بدعت و گمراہی کا الزام لگایا گیا — حضرت مولانا محمد اسمعیل شہید فی سبیل اللہ رضی اللہ تعالی عنہ کی تکفیر کا فتوی مکہ کے مفتیوں سے یار لوگ لکھوا بھی لائے اور ایسے پاک شخص کے کافر ٹھہرانے میں دریغ نہ کیا — غرض کہ کوئی زمانہ ایسا نظر نہیں آتا کہ جس میں کوئی نامور اور مصلح ایسا گذرا ہو جس کی مخالف لوگوں نے نہ کی ہو بلکہ ہم تو ہر ایک نامور کو ایسا ہی دیکھتے ہیں کہ یاروں نے اُسکا حسد کیا دشمنوں نے اُسپر طعن کیئے جاہلوں نے اُس کی ہنسی اُڑائی حضرات مولویوں نے اُس کے کفر کے فتوی دیئے ایک بھی تو اُن کے پنجہ ظلم سے نہیں بچا اور کوئی بھی تو تکفیر کے فتوے سے محفوظ نہیں رہا پھر اس زمانہ کے مولویوں کے کافر کہنے کی اگر کوئی شکایت کرے تو وہ نادان ہی ہے تو اُن کی معمولی عادت اور پرانی سنت ہی و لاتجد لسنتھم تبدیلا *

ایک زمانہ میں حضرات فقہاء نے تکفیر کی یہہ کثرت کردی کہ ذری ذری بات پر کفر کے فتوی دیدیئے اور ایک ادنی فروعی مسئلہ کی مخالفت پر مسلمانوں کو قتل کرایا صدہا مسلمان ہاتھہ کھولکر نماز پڑھنے پر کافر ٹھہرے اور پھر سے ایمان دار گردن اور کان کے مسح نہ کرنے پر مارے گئے خلق قرآن کے مسئلہ نے مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہادیں خلافت و امامت کی بحث میں شہر کے شہر ویران کردیئے — پس ہمارے زمانہ میں شیطان کے وجود خارجی اور آسمان کے وجود فرضی کے انکار پر اگر کفر کے فتوی ہوئے تو کوئی نئی بات نہیں ہی *

گھایل تیری نظر کا بنوع دگر ہر ایک
زخمی کچھہ ایک بندہ درگاہ ہی نہیں

مزیز من سنو — ایمان ایک نور ہی جو خدا دل میں پیدا کرتا ہی وہ نور خود آدمی کو اپنے ایمان کی حقیقت سے واقف کردیتا ہی اُس کی تصدیق تیرے دوسروں کی شہادت کی محتاج نہیں رہتی نہ کسی کی تکفیر سے اُس میں خلل و زلل ہوتا ہی *

و من یک و جدہ و جداً صحیحاً * لم یحتج الی اقول المغفل
انہ من ذائقہ عارف قدیم * و سکر دایم من غیردن

امام ابو حنیفہ سے یوسف ابن خالد نے وتر کا مسئلہ پوچھا امام نے کہا کہ واجب ہی اُس فقیہہ نے کہا کہ کفرت یا ابا حنیفۃ کہ اے ابو حنیفہ تم کافر ہوگئے پھر اُس کے امام نے فرمایا کہ ایھولئی افارک ایای و ایا اعرف الفرق بین الواجب و الفرض کہ کیا تیرے کافر کہنے نے مجھے ذرا دیا حالانکہ میں واجب و فرض کا فرق جانتا ہوں پس کیا کافر کہنا ہمارے زمانہ کے لوگوں کا اُن کو قرار دیگا جو کفر و ایمان کی حقیقت جانتے اور حق و باطل میں تمیز کرسکتے ہیں *

مزیز من میں آج تک کفر کے فتوی کو نہیں سمجھتا کہ یہہ کیا ہی آیا کوئی فرشتہ خدا کا ہی جو جبریل امین لائے ہیں یا جہنم کے داروغہ کے نام کا وارنٹ ہی جو مولوی صاحبوں نے جاری فرمایا ہی آخر یہہ کیا بلا ہی غایۃ مافی الباب وہ ایک عالم یا چند عالموں کی راے ہی اُس کی ہمارے نزدیک اُسی قدر وقعت ہی جس قدر کہ حدیث موضوع اور بے سند کی شاہ عبدالعزیز صاحب کے نزدیک تھی یعنی گرز شتر — میں نہیں خیال کرسکتا کہ کوئی شخص یہہ سمجھتا ہو کہ کسی آدمی کے کہہ دینے سے گو وہ مکہ کا مفتی ہی ہو کوئی مسلمان کافر ہو جاویگا یا خدا اُس کے فتوی پر دوزخ میں بھیج دیگا ہاں یہہ سچ ہی کہ تقلیدی مسلمان جن کو انسان کہنا بھی زیبا نہیں اور جن کی شان کالانعام بل ہم اضل ہی وہ ان خوفناک کاغذوں کو دیکھہ کر قرار جاوینگے اور ان کالے کاغذوں کو وحی آسمانی سمجھہ کر کافر کہنے لگینگے اس سے زیادہ کوئی اور نتیجہ ان فتوں کا نہیں ہی *

راقم
مہدی علی

تتمہ تفسیر السموات

اسباب کے بیان کرنے کے بعد کہ سماء کے لفظ کا کن کن معنوں میں اطلاق ہوا ہی اب ہم قرآن مجید کی جملہ آیتوں پر جو سماء سے متعلق ہیں نظر کرتے ہیں اور اُن سب کو قسم وار بیان کرکر ثابت کرتے ہیں کہ قرآن مجید میں انہیں معنوں میں سماء کے لفظ کا اطلاق ہوا ہی نہ ایسے جسم محکم و صلب شفاف بلورین پر جیسا کہ پرٹانی حکیموں نے خیال کیا ہی اور جنکی تقلید علماء اسلام نے کی ہی *

قسم اول

وہ آیتیں جن میں لفظ سماء کا بادلوں پر اطلاق ہوا ہی

۱ — وارسلنا السماء علیہم مدراراً — الانعام آیت ۶ *

ترجمہ — اور بھیجا ہمنے بادل کو اُن پر دریزے سے برستا *

۲ و ۳ — یرسل السماء علیکم مدرارا — ہود آیت ۵۴ — نوح آیت ۱۰ *

ترجمہ — بھیجے بادل تمپر دریزے سے برستا — سورۂ ہود میں جو یہہ آیت ہی اُس کے ترجمہ میں شاہ ولی اللہ صاحب نے بھی سماء کا ترجمہ ابر کیا ہی اور پانی دو جگہہ مینہہ *

۴ — ۱۴ — انزل من السماء ماء — البقرہ آیت ۲۰ — الانعام آیت ۹۹ — الرعد آیت ۱۸ — ابراہیم آیت ۳۷ — النحل آیت ۱۰ و ۶۷ — طٰہٰ آیت ۵۵ — الحج آیت ۶۲ — المومنون آیت ۱۸ الملائکہ آیت ۲۵ — الزمر آیت ۲۲ *

ترجمہ — اوتارا بادل سے پانی *

۱۵ — والذی نزل من السماء ماء بقدر — الزخرف آیت ۱۰ *

ترجمہ — اور جسنے اوتارا بادل سے پانی اندازہ سے *

۱۶ — وانزلنا من السماء ماء طہورا — الفرقان آیت ۵۰ *

ترجمہ — اور اوتارا ہمنے بادل سے پانی پاک کرنے والا *

۱۷ — و نزلنا من السماء ماء مبارکاً — ق آیت ۹ *

ترجمہ — اور اوتارا ہمنے پانی بادل سے برکت والا *

۱۸ — و ماانزل اللہ من السماء من ماء — البقرہ آیت ۱۵۹ *

ترجمہ — اور وہ جو اوتارا اللہ نے بادل سے پانی *

۱۹ — و ینزل علیکم من السماء ماء — الانفال آیت ۱۱ *

ترجمہ — اور اوتارتا ہی تم پر بادل سے پانی *

۲۰ و ۲۱ — کماء انزلناہ من السماء — یونس آیت ۲۵ — الکہف آیت ۴۳ *

ترجمہ — مانند پانی کے جسکو اوتارا ہمنے بادل سے *

۲۲ — فانزلنا من السماء ماء — الحجر آیت ۲۲ *

ترجمہ — پھر اوتارا ہمنے بادل سے پانی *

۲۳ — و انزل لکم من السماء ماء — النمل آیت ۶۱ *

ترجمہ — اور اوتارا تمہارے لیئے بادل سے پانی *

۲۴ — وانزلنا من السماء ماء — لقمان آیت ۹ *

ترجمہ — اور اوتارا ہمنے بادل سے پانی *

۲۵ — و من آیاتہ یریکم البرق خوفاً و طمعاً و ینزل من السماء ماء — الروم آیت ۲۳ *

ترجمہ — اور اُس کی نشانیوں میں سے ہی کہ دکہاتا ہی تمکو بجلی ڈرانے کو اور لالچ کرنے کو اور اوتار تا ہی بادل سے پانی *

۲۶ — او کصیب من السماء فیہ ظلمات و رعد و برق — البقرہ آیت ۱۸ *

ترجمہ — یا جیسے دہواں دہار مینہہ برسنے کے بادل سے کہ اُس میں ہیں اندھیری اور کڑک اور بجلی *

۲۷ — ولئن سألتہم من نزل من السماء ماء — العنکبوت آیت ۶۳ *

ترجمہ — اور اگر تو پوچھے اُن سے کہ کس نے اوتارا بادل سے پانی *

۲۸ — وماانزل اللہ من السماء من رزق فاحیا بہ الارض بعد موتہا — الجاثیہ آیت ۴ *

ترجمہ — اور وہ جو اوتارا اللہ نے بادل سے رزق یعنی مینہہ پھر زندہ کیا اُس سے زمین کو اُس کے مرجانے کے بعد *

۲۹ — ۳۱ — من یرزقکم من السماء والارض — یونس آیت ۳۲ الملائکہ آیت ۳ *

ترجمہ — کون روزی دیتا ہی تمکو بادل سے اور زمین سے — آسمان کے رزق سے بادلوں سے مینہہ برسنا مراد ہی *

۳۲ — وینزل لکم من السماء رزقاً — المومن آیت ۱۳ *

ترجمہ — اور اوتارا ہی تمہارے لیئے بادل سے رزق یعنی مینہہ *

۳۳ — و فی السماء رزقکم وما توعدون — الذاریات آیت ۲۲ *

ترجمہ — اور بادل میں ہی رزق تمہارا اور جو کچھہ تم سے وعدہ کیا ہی — یعنی بادلوں میں مینہہ ہوتا ہی جو رزق پیدا ہونے کا اور زمین سے تمام موجودہ نباتوں کے نکلنے کا سبب ہی *

۳۴ — نفتحنا ابواب السماء بماء منهمر — القمر آيت ۱۱ *
ترجمة — پهر کهولديئے همنے بادل کے دروازے دڑيزے کا پاني پڑنے سے *
۳۵ — وينزل من السماء من جبال فيها من برد — النور آيت ۴۳ *
ترجمة — اور ڈالتا هی بادل کے پهاڑوں سے جو اُس ميں هيں اولی *
۳۶ — والسماء ذات الرجع والارض ذات الصدع — الطارق — ۱۱ و ۱۲ *
ترجمة — قسم هی پهر نے والے بادل کی — قسم هی زمين اوگانے والے پهوٹاڑ والی کی *

قسم دوم

وہ آيتيں جنهوں لفظ سماء کا فضاے بلند محيط پر اطلاق هوا هی

۱ — والسماء ذات الحبک — الذاريات آيت ۷ *
ترجمة — قسم هی رستوں والی اُنچائی کی *

تفسير کبير ميں لکها هی والسماء ذات الحبک قيل الطرائق و علی هذا فيحتمل ان يکون المراد طوائق الکواکب و ممرا تها — يعني تفسير کبير ميں حبک کے معني طرايق کے يعني رستوں کے بتائے هيں اور لکها هی که شايد اس سے ستاروں کے رستے اور اُنکے جانے کی جگهوں مراد هيں *

اب اس آيت سے دو بات پر استدلال هی ايک يهه که آسمان ستاروں کے چلنے کی جگهه پر بولا گياهی دوسرے يهه که وهاں کوئی ايسا جسم سخت اور صلب شفاف بلوريں نهيں هی جيسا که يونانی حکيموں نے خيال کيا تها اور جسکی تقليد علماء اسلام نے کی هی بلکه اُس مکان مرتفع کا جسميں اجرام يا اجسام کواکب کے دورہ کرتے هيں سماء نام هی — هم اس سے يه هرگز نهيں کرتے که اُس مکان ميں کوئی جسم لطيف جو مانع سير کواکب نهو موجود هی يا نهيں کيونکه همارے پاس اُس کے موجود هونے کے اثبات کے ليئے کوئی دليل نهيں هی اور نه قرآن مجيد کی صحت اور صداقت ثابت کرنے کے ليئے ايسے کسی وجود کے تسليم کرنے کی ضرورت هی اور نه درصورت اُس کے موجود هونے کے کچهه دقت هی *

کواکب بهت سے هيں اور اُنکی راهيں بهی بهت سی اور جدا جدا هيں اور هر ايک مکان کے دورہ پر سماء کا اطلاق هوسکتا هی مگر جب نه خدا تعالی نے يهه فرمايا که رستوں والا آسمان تو اُسوقت آسمان سے کوئی خاص مکان يا کوئی خاص جسم صلصلہ حکماء يونان مراد نهيں هوسکتا اور اس ليئے اس آيت ميں لفظ سماء کا بلندی پر اطلاق هوا هی جو مکانيت سے خالی نهيں هی اور جسميں هزاروں رستے کواکب کے دورہ کے هيں *

۲ — هوالذي خلق لکم ما في الارض جميعاً ثم استوی الی السماء فسوی هن سبع سموات — البقرة آيت ۲۷ *

ترجمة — وہ وہ هی جس نے پيدا کيا تمهارے ليئے جو کچهه زمين ميں هی سبکا سب اور پيدا کيا بلندی کو تو درست کيئے متعدده آسمان *

تفسير کبير ميں لکها هی ثم استوی الی السماء انے خلق بعد الارض السماء و لم يجعل بينهما زمانا و لم يقصد شيئا اخر بعد خلقة الارض يعني ثم استوی الی السماء سے زمين کے بعد سماء کے پيدا کرنے کا استعارہ هی اور اُن دونوں کے پيدا کرنے کے بيچ ميں کچهه مدت نهيں لگی اور نه زمين کے پيدا کرنے کے بعد اور کسی چيز کا قصد کيا *

اور يهه بهی تفسير کبير ميں لکها هی فان قال قايل فهل يدل التنصيص علی سبع سموات علی نفی العدد الزايد قلنا الحق ان تخصيص العدد بالذکر لايدل علی نفی الزايد يعني کيا سات آسمانوں کی تعداد بيان کرنی اس بات کی دليل هی که سات سے زيادہ نهيں هيں تو هم جواب ديںگے که حق يهه هی که کسی خاص عدد کا بيان کرنا اُس سے زيادہ نهونے پر دليل نهيں هی *

انهيں وجوهات سے همنے ثم استوی الی السماء کا ترجمه اور پيدا کيا آسمان يعني بلندی کو اور سبع کا ترجمه بعوض سات کے متعدد کيا هی *

علماء متقدمين کو جو يرنانی هيئت کا خيال جما هوا تها اس ليئے اُن کو اس قسم کی آيتوں کی تفسير ميں مشکلات پيش آتی هيں ورنه حقيقت ميں کچهه مشکل نهيں هی — خدا تعالی هم بندوں سے جو اس زمين پر بستے هيں مخاطب هوکر اُن کے حسب حال کلام کرتا هی — جبکه اُس نے همارے ليئے زمين اور اُس کی تمام چيزوں کے پيدا کرنے کا ذکر کيا تو جو کچهه اُس نے همسے اوپر پيدا کيا تها وہ همارے ليئے سموات هوگئی اس ليئے اول زمين کی چيزوں کا ذکر کيا اور پهر آسمانوں کا *

همنے سماء کا ترجمه بلندی کيا هی اور اُس کی وجهه يهه هی که اس آيت ميں سماء کے لفظ سے کوئی محل خاص يا کوئی يونانيوں والا خاص جسم مراد نهيں هوسکتا کيونکه کسی ايک آسمان کے سات آسمان نهيں بنائے گئے هيں بلکه وہ الگ الگ جداگانه سات آسمان هيں اس ليئے بجز اس کے که اس آيت ميں لفظ سماء سے بلندی مراد ليجاے اور کوئی معني درست نهيں هوسکتے اور جب اُس کے معني بلندی ليئے گئے تو آيت کے معني صاف هوگئے که خدا نے بلندی کو پيدا کيا اور اُس ميں سات يا متعدده آسمان بنائے *

بلندی ايک فضا يا وسعت محيط هی جو هماری سمت الراس پر دکهائی ديتی هی وہ مکانيت سے خالی نهيں خواہ اُسميں کچهه هو يا

تھو مگر جب وہ فضاے مرتفع متعدد نشانوں سے منقسم ہو جاتی ہی تو اُس کے ہر ہر ٹکڑے پر طبقۂ یا سماء یا ارتفاع کا اطلاق ہوسکتا ہی اگرچہ ہم پرتانی حکیموں کے قول کو تسلیم نہیں کرتے مگر بطور مثال کے سمجھاتے ہیں کہ جو وسعت اُن کے نزدیک زمین سے فلک قمر کے مقعر تک تھی اُس کو اُنھوں نے تین ٹکڑوں پر منقسم کیا تھا جنکو وہ کرۂ ہوا اور کرۂ زمہریر اور کرۂ نار سے تعبیر کرتے تھے اسی طرح اُس وسعت کی تقسیم سموات پر ہوتی ہی یعنی اُس وسعت کے اُس محل کو جہاں یہہ نیلی نیلی چیز نمکو دکھائی دیتی ہی ہم آسمان کہتے ہیں اور اُس محل کو بھی جہاں چاند گردش کرتا ہی یا اور ستارے عطارد و زہرہ وغیرہ گردش کرتے ہیں سماء کہتے ہیں کیونکہ یہہ سب محل بہ نسبت ہمارے مرتفع ہیں پس انھیں محلوں پر خدا تعالی نے سموات کا اطلاق کیا ہی اس بیان کی تصویر اگلی آیت سے بالکل ثابت ہوتی ہی *

۳ — ثم استوی الی السماء وھی دخان فقال لھا وللارض ائیتا طوعاً او کرھاً قالتا اتینا طائعین فقضاھن سبع سموات فی یومین و اوحی فی کل سماء امرھا — فصلت آیت ۱۱ و ۱۲ *

ترجمہ — اور پیدا کیا بلندی کو اور وہ دھواں دھار یعنی تاریک تھی پھر کہا اُسکو اور زمین کو حکم مانو خوشی سے خواہ ڈاھوشی سے دونوں نے کہا ہمنے حکم مانا خوشی سے پھر کردیئے سات یا متعدد آسمان دو دن میں اور ڈال دیا ہر آسمان میں اُسکا کام *

جو تقریر کہ ہمنے اوپر بیان کی اُسی تقریر سے اس آیت میں بھی جو لفظ سماء اول آیا ہی اُس کے معنی بھی کسی محل خاص یا جسم خاص کے نہیں ہوسکتے *

دخان سے مفسرین نے تاریکی مراد لی ہی اور یہہ بالکل ٹھیک ہی اس لیئے کہ بلندی میں قبل ظہور کواکب بجز تاریکی کے جسکو دخان سے تعبیر کیا ہی اور کچھہ نہیں تھا *

شاہ عبدالقادر صاحب اپنے ترجمہ کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ " آسمان ایک تھا دھواں سا اُسکو پانچ کر سات کیئے اور ہر ایک کا کارخانہ جدا ٹھہرایا " یہہ بالکل تصویر اُسی بیان کی ہی جو ہمنے اوپر بیان کیا ہی یعنی یہہ تمام فضاے بلند ایک تھی اُسی کو آسمان کہا ہی جب کہ اُس میں اور اَور چیزیں پیدا ہوئیں اور اُس فضا کی اُن چیزوں سے تقسیم ہوگئی تو اُس کے ٹکڑوں پر سموات کا اطلاق ہونے لگا *

دیکھو کرۂ ہوا میں آفتاب کی نیلی شعاع منعکس ہونے سے یہہ نیلی پھت ہمکو دکھائی دیتی ہی اور اُس فضا کو اپنی اُس حد سے تقسیم کردیتی ہی اُس محل کو ہم آسمان کہتے ہیں *

چاند اور سیارہ وغیرہ کواکب اپنے وجود سے اُس فضا کو تقسیم کردیتے ہیں جیسے صفحہ کاغذ پر نقاط لگانے سے ہر حصہ منعدد ہو جاتا ہی اور پھر اپنے دورہ سے جو آفتاب کے گرد کرتے ہیں ایک محل کو جو بالشبہہ مکانیت کا اُسپر اطلاق ہوتا ہی اُس فضا سے علحدہ کرلیتے ہیں اسلیئے اُن کے ہر ہر محل کو بھی ہم آسمان کہتے ہیں *

۴ — فانزلنا علی الذین ظلموا رجزا من السماء بما کانوا یفسقون — البقرہ آیت ۵۶ *

ترجمہ — پھر اوتارا ہمنے زیادتی کرنے والوں پر عذاب آسمان سے یعنی اوپر سے اُنکی نافرمانی پر *

۵ — فارسلنا علیھم رجزا من السماء بما کانوا یظلمون — الاعراف آیت ۱۶۲ *

ترجمہ — پھر بھیجا ہمنے اُنپر عذاب آسمان سے یعنی معاوضہ اُنکی زیادتی کا *

۶ — انا منزلون علی اھل ھذہ القریۃ رجزا من السماء بما کانوا یفسقون — العنکبوت آیت ۳۳ *

ترجمہ — ہم اوتارنے والے ہیں اس بستی والوں پر عذاب آسمان سے یعنی اوپر سے بعوض اُنکی بدکاری کے *

۷ — فامطر علینا حجارۃ من السماء — الانفال آیت ۳۲ *

ترجمہ — تو برسا ہم پر پتھر آسمان سے *

۸ — ان تنزل علیھم کتاباً من السماء — النساء آیت ۱۵۲ *

ترجمہ — اُنپر اوتار لاوے کتاب آسمان سے یعنی اوپر سے *

۹ — ھل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ من السماء — المائدۃ آیت ۱۱۲ *

ترجمہ — تیرے خدا سے ہوسکتا ہی کہ اوتارے ہم پر کھانا آسمان سے یعنی اوپر سے *

۱۰ — الھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء — المائدۃ آیت ۱۱۴ *

ترجمہ — اے اللہ ہمارے پروردگار اوتار ہمپر کھانا آسمان سے یعنی اوپر سے *

۱۱ — و یرسل علیھا حسباناً من السماء — کہف آیت ۳۸ *

ترجمہ — اور بھیجدے اُس پر آفت آسمان سے *

۱۲ — لنزلنا علیھم من السماء ملکا رسولاً — اسرائیل آیت ۹۷ *

ترجمہ — البتہ ہم اُوتارتے اُن پر آسمان سے کوئی فرشتہ پیغام لیکر *

۱۳ — ان نشأ ننزل علیھم من السماء آیۃ — الشعرا آیت ۳ *

ترجمہ — اگر ہم چاہیں اُوتاریں اُنپر آسمان سے ایک نشانی *

۱۲ — و من یشرک باللہ فکانما خر من السماء — الحج آیت ۳۲ *

ترجمہ — اور جس نے شریک بتایا اللہ کا سو جیسے گر پڑا آسمان سے یعنی بلندی سے *

۳۳ — و ما انزلنا علی قومہ من بعدہ من جند من السماء و ما کنا منزلین — یس آیت ۲۷ *

ترجمہ — اور نہیں اوتارا ہمنے اُس کی قوم پر اُس کے بعد کوئی لشکر آسمان سے اور ہم نہیں اُوتارا کرتے *

۳۴ — لفتحنا علیہم برکات من السماء والارض — الاعراف ایت ۹۴ *

ترجمہ — تو ہم کھولدیتے اُنپر برکتیں آسمان کی اور زمین کی *

۳۵ — واو فتحنا علیہم بابا من السماء — الحجر آیت ۱۴ *

ترجمہ — اور اگر ہم کھولدیں اُن پر دروازہ آسمان سے *

۳۶ — لاتفتح لہم ابواب السماء — الاعراف آیت ۳۸ *

ترجمہ — کبھی نہ کھلینگے اُن پر دروازے آسمان کے *

۳۷ — یدبر الامر من السماء الی الارض — السجدہ آیت ۴ *

ترجمہ — تدبیر سے اُتارتا ہی کام کو آسمان سے زمین تک *

۳۸ و ۳۹ — و ما ینزل من السماء و ما یعرج فیہا — سبا آیت ۲ والحدید آیت ۴ *

ترجمہ — اور جو کچھہ اُترتا ہی آسمان سے اور جو کچھہ چڑھتا ہی اُس میں *

۴۰ و ۴۱ — أأمنتم من فی السماء ان یخسف بکم الارض فاذا ہی تمور ام امنتم من فی السماء ان یرسل علیکم حاصبا — الملک آیت ۱۶ و ۱۷ *

ترجمہ — کیا نڈر ہوئے ہو اُس سے جو آسمان میں ہی کہ دھنسادے تمکو زمین میں پھر دیکھو وہ لرزتی ہی — کیا نڈر ہوئے ہو اُس سے جو آسمان میں ہی کہ بھیجے تمپر پتھر برسانے والی ہوا *

۴۲ — و من یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا کانما یصعد فی السماء — الانعام آیت ۱۲۵ *

ترجمہ — اور جس کو چاہے کہ راہ سے بھٹکا دے کرتا ہی اُسکا سینہ تنگ پھر نیچے گرپا آسمان پر یعنی اوپر کو اُٹھا جاتا ہی *

۴۳ — تبارک الذی جعل فی السماء بروجا و جعل فیہا سراجا و قمرا منیرا — الفرقان آیت ۶۲ *

ترجمہ — بڑی برکت ہی اُس کی جس نے بنائے آسمان میں برج اور رکھا اُس میں چراغ اور چاند روشن *

سماء کے لفظ سے جو اس آیت میں ہی کوئی خاص محل اور خاص جسم مراد نہیں ہوسکتا بجز فضاے مرتفع کے کیونکہ بروج اور سورج اور چاند ایک آسمان میں نہیں ہیں بلکہ ایک فضاے مرتفع میں ہیں *

۴۴ — و لقد جعلنا فی السماء بروجا و زینہا للناظرین — الحجر آیت ۱۶ *

ترجمہ — البتہ بنائے ہمنے آسمان میں برج اور خوبصورت کیا اُس کو دیکھنے والوں کے لیئے *

۴۵ — و السماء ذات البروج — البروج آیت ۱ *

ترجمہ — قسم ہی برجوں والی اونچائی کی *

اگرچہ اس آیت میں برجوں والے آسمان کے معنی بھی لیئے جا سکتے ہیں مگر بمناسبت آیت سورۃ الفرقان کے اس جگہہ پر بھی فضاے مرتفع کے معنی لیئے گئے ہیں *

۴۶ — ثم یمدد بسبب الی السماء — الحج آیت ۱۵ *

ترجمہ — پھر چاہیئے کہ تانی ایک رسی آسمان یعنی اوپر کی طرف شاہ عبدالقادر صاحب نے بھی حاشیہ پر لکھا ہی کہ "آسمان کو تانے یعنی اوجان کو" اور شاہ ولی اللہ صاحب نے بھی سماء کا ترجمہ جانب بالا کیا ہی چنانچہ وہ لکھتے ہیں "پس باید کہ بیاویزد رسنے بجانب بالا" *

۴۷ — اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء — ابراہیم آیت ۲۹ *

ترجمہ — اُس کی جڑ مضبوط ہی اور اُس کی ٹہنی آسمان میں یعنی نہایت بلندی میں *

قسم سوم

وہ آیتیں جنمیں لفظ سماء کا اس نیلی چیز پر جو ہمکو دکھلائی دیتی ہی اطلاق ہوا ہی

۱ — و لقد زینا السما الدنیا بمصابیح و جعلنٰہا رجوما للشیاطین — الملک آیت ۵ *

ترجمہ — اور البتہ خرشنما کیا ہم نے دنیا کے آسمان کو چراغوں سے اور کیا ہمنے اُن کو سنگساری شیطانوں کے لیئے *

۲ — و زینا السماء الدنیا بمصابیح و حفظا — فصلت آیت ۱۱ *

ترجمہ — اور خرشنما کیا ہمنے دنیا کے آسمان کو چراغوں سے اور حفاظت میں رکھا *

۳ — انا زینا السماء الدنیا بزینۃ الکواکب — الصافات آیت ۶ *

ترجمہ — البتہ ہمنے خرشنما کیا دنیا کے آسمان کو ستاروں خرشنمائی سے *

ان آیتوں میں جو لفظ "سماء الدنیا" کا جناب رسول خدا صلعم کی زبان مبارک سے نکلا ہی جو امی محض تھے اور ملاء امی ہونے کے ایسے ملک اور ایسے لوگوں میں پرورش پائی تھی جو بالکل جاہل تھے اور کسی قسم کے علوم اُن کے ہاں مروج نہ تھے وہ علم طبیعیات کا نام بھی نہیں جانتے تھے تو اس سے بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ بلاشبہہ یہہ لفظ وحی و الہام سے نکلے ہیں اور جو امر کہ اب تحقیق ہوا ہی وہ تیرہ سو برس پیشتر ایک اُمی نے فرمایا تھا صلی اللہ علیہ و سلم *

اس نیلی نیلی چیز کو جو ہمکو دکھائی دیتی ہی سماء دنیا کہنا ایسا ٹھیک ہی کہ آج کل بھی بڑے بڑے عالم علوم طبیعی کے اس سے زیادہ عمدہ کوئی لفظ نہیں نکال سکتے ہماری دنیا کے گرد جسپر ہم بستے ہیں ہوا محیط ہی بعضوں نے اندازہ کیا ہی کہ اُسکا ارتفاع یا عمق پینتالیس میل کا ہی اور بعضوں نے اس سے بہت زیادہ خیال کیا ہی — بہر حال اُس ہوائے محیط میں آفتاب کی نیلی شعاعیں منعکس ہوتی ہیں اور اس سبب سے یہہ نیلی گنبدی چھت ہمکو اپنی دنیا کے گرد دکھائی دیتی ہی جو در حقیقت ہماری دنیا کا آسمان ہی پس اس نیلی گنبدی چھت پر سماء دنیا کا اطلاق بالکل حقیقت اور علم کے مطابق ہی افسوس کہ ہمارے زمانہ کے علماء حکماء یونان کی تقلید کرتے ہیں اور حقایق قرآن پر غور نہیں کرتے و قد قال اللہ تعالی و لا رطب و لا یابس الا فی کتاب مبین *

۴ — و جعلنا السماء سقفاً محفوظا — الانبیاء آیت ۳۳ *
ترجمہ — اور بنایا ہمنے آسمان کو چھت حفاظت کی کئی *

۵ — و السقف امر رفع — الطور آیت ۵ *
ترجمہ — قسم ہی اُونچی چھت کی *

۶ — و السماء رفعها و وضع المیزان — الرحمن آیت ۶ *
ترجمہ — اور آسمان کو اُونچا کیا اور رکھی اُسکے لیئے ترازو *

۷ — اولم یروا الی مابین ایدیهم و ماخلفهم من السماء و الارض ان نشاء نخسف بهم الارض او نسقط علیهم کسفا من السماء — سبا آیت ۹ *
ترجمہ — کیا اُنہوں نے اُس چیز کو نہیں دیکھا جو اُن کے آگے ہی اور جو اُن کے پیچھے ہی آسمان اور زمین سے اگر ہم چاہیں تو اُن کو زمین میں دھنسا دیویں یا اُن پر آسمان سے ٹکڑا ڈالدیں *

۸ — افلاینظرون الی الابل کیف خلقت و الی السماء کیف رفعت — الغاشیہ آیت ۱۸ *
ترجمہ — پھر کیوں نہیں دیکھتے اُونٹ کو کہ کیسا بنایا گیا ہی اور آسمان کو کہ کسطرح اُونچا کیا گیا ہی *

۹ — و السماء و مابناها — الشمس آیت ۵ *
ترجمہ — قسم ہی آسمان کی اور جیسا اُس کو بنایا *

۱۰ — افلم ینظروا الی السماء فوقهم کیف بنیناها و زینها و مالها من فروج — ق آیت ۶ *
ترجمہ — کیا نہیں دیکھا اُنہوں نے آسمان کو اپنے اوپر کیسا ہمنے اُسکو بنایا ہی اور اُس کو خوشنما کیا ہی اور اُس میں کوئی دراز نہیں *

۱۱ — و السماء بنیناها بایید و انالموسعون — الذاریات آیت ۴۷ *
ترجمہ — اور بنایا ہمنے آسمان کو ہاتھہ سے یعنی اپنی قدرت سے اور ہمکو سب قدرت ہی *

۱۲ — الذی جعل لکم الارض فراشا و السماء بناء — البقرہ آیت ۲۰
ترجمہ — جسنے بنایا زمین کو تمہارے لیئے بچھونا اور آسمان کو محل *

۱۳ — اللہ الذی جعل لکم الارض قرارا و السماء بناء — المومن آیت ۶۶ *
ترجمہ — اللہ وہ ہی جس نے بنایا زمین کو تمہارے لیئے ٹھہرنے کی جگہہ اور آسمان کو محل *

۱۴ — أانتم اشد خلقاً ام السماء بناها رفع سمکها فسوها — النازعات ۲۷ و ۲۸ *
ترجمہ — تم خلقت میں زیادہ مضبوط ہو یا آسمان خدا نے بنایا آسمان کو اونچی کی اُسکی چوٹی پھر درست کیا اُسکو *

۱۵ — و من ایاتہ ان تقوم السماء والارض بامرہ — الروم آیت ۲۴ *
ترجمہ — اور خدا کی نشانیوں میں سے ہی اپنی جگہہ پر رہنا آسمان اور زمین کا خدا کے حکم سے *

۱۶ — ویمسک السماء ان تقع علی الارض — الحج آیت ۶۴ *
ترجمہ — تھام رکھتا ہی آسمان کو زمین پر گرنے سے *

۱۷ — یوم تشقق السماء بالغمام و نزل الملائکۃ تنزیلا — الفرقان آیت ۲۷ *
ترجمہ — اور جسدن پھٹ جاوے آسمان غمام سے اور اُتارے جاویں فرشتے ایک طرح کا اُتارنا *

۱۸ — فاذاانشقت السماء فکانت وردۃ کالدهان — الرحمن آیت ۳۷
ترجمہ — جب پھٹیگا آسمان تو ہو جاویگا گلابی تیلیا *

۱۹ — و انشقت السماء فهی یومئذ واهیۃ — الحاقہ آیت ۱۶ *
ترجمہ — اور پھٹ جاویگا آسمان پھر وہ اُسدن ہوگا پکسا ہوا *

۲۰ — اذاالسماء انشقت — انشقت آیت ۱ *
ترجمہ — جب آسمان پھٹ جاوے *

۲۱ — فکیف تتقون ان کفرتم یوماً یجعل الولدان شیباً السماء منفطربہ — المزمل آیت ۱۸ *
ترجمہ — پس اگر تم کافر ہوئے تو کیونکر بچوگے اُس دن جس میں بچے بڈھے ہوجاوینگے اور آسمان پھٹ جاویگا *

۲۲ — اذاالسماء انفطرت — انفطرت آیت ۱ *
ترجمہ — جب آسمان پھٹ جاوے *

۲۳ — فلااقسم بالخنس و اذاالسماء فرجت — المرسلات آیت ۹ و ۱۰ *
ترجمہ — پھر جب تارے مٹائے جاویں اور آسمان پھاڑا جاوے *

۲۴ — و فتحت السماء فکانت ابوابا — النبا آیت ۱۹ *
ترجمہ — اور کھولدیا جاوے آسمان پھر ہوجاویں دروازے *

۲۵ — و اذا السماء کشطت — کورت آیت ۱۱ *
ترجمہ — اور جب آسمان کا پوست اوتارا جاوے *

۲۶ — یوم تکون السماء کالمهل — المعارج آیت ۸ *
ترجمہ — جسدن ہوگا آسمان جیسے پگلا ہوا تانبا *

۲۷ — فارتقب یوم تاتي السماء بدخان مبین — الدخان آیت ۹ *
ترجمہ — پس انتظار کرو اُس دن کا کہ نکالے آسمان دھواں سب کو معلوم ہوتا *

۲۸ — الم یروا الی الطیر مسخرات فی جو السماء — النحل آیت ۸۱ *
ترجمہ — کیا نہیں دیکھتے اڑنے والے جانوروں کو کہ فرمانبردار کیئے گئے ہیں آسمان کی وسعت میں *

۲۹ — اللہ الذي یرسل الریاح فتثیر سحاباً فیبسطہ فی السماء کیف یشاء — الروم آیت ۴۷ *
ترجمہ — اللہ وہ ہی جو چلاتا ہی ہواؤں پھر اُٹھاتی ہیں بادل پھر پھیلاتا ہی اُسکو آسمان میں جسطرح چاہتا ہی

۳۰ — قد نری تقلب وجھک فی السماء — البقرہ آیت ۱۳۹ *
ترجمہ — البتہ ہمنے دیکھا پھرنا تیرے منھہ کا آسمان کیطرف

۳۱ — ان اللہ لایخفی علیہ شی فی الارض ولا فی السماء — آل عمران آیت ۴ *
ترجمہ — البتہ خدا پر پوشیدہ نہیں کوئي چیز زمین میں یعني تحت میں نہ آسمان یعني فوق میں *

۳۲ — و مایعزب عن ربک من مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء — یونس آیت ۶۲ *
ترجمہ — اور غائب نہیں رہتا تیرے پروردگار سے ذرہ پھر زمین میں اور نہ آسمان میں *

۳۳ — اصلھا ثابت و فرعھا فی السماء — ابراھیم آیت ۲۹ *
ترجمہ — اُس کي جڑ مضبوط ہی اور اُسکي ٹہني آسمان میں یعني نہایت بلندي میں *

۳۴ — و ما یخفي علی اللہ من شی في الارض و لا فی السماء — ابراھیم آیت ۳۸ *
ترجمہ — اور چھپا نہیں اللہ پر کچھہ زمین میں اور نہ آسمان میں *

۳۵ — قال ربي یعلم القول فی السماء و الارض — الانبیاء آیت ۴ *
ترجمہ — اُس نے کہا میرا پروردگار جانتا ہی ہر بات کو آسمان میں ہو یا زمین میں ہو *

۳۶ — الم تعلم ان اللہ یعلم مافي السماء و الارض — الحج آیت ۶۹ *
ترجمہ — کیا تجھکو معلوم نہیں کہ اللہ جانتا ہی جو کچھہ کہ ہی آسمان میں اور زمین میں *

۳۷ — و ما من غائبۃ في السماء و الارض الا في کتاب مبین — النمل آیت ۷۷ *
ترجمہ — اور کوئي چیز نہیں جو پوشیدہ ہو آسمان میں اور زمین میں مگر ہی کتاب روشن میں *

۳۸ — و ما انتم بمعجزین في الارض و لا فی السماء — العنکبوت آیت ۲۱ *
ترجمہ — اور نہیں ہو تم تھکانے والے زمین میں اور آسمان میں *

۳۹ — و ھوالذي في السماء اللہ و فی الارض اللہ — الزخرف آیت ۸۴ *
ترجمہ — وھي ہی جو آسمان میں حاکم ہی اور زمین میں حاکم ہی *

۴۰ — و ان یروا کسفا من السماء ساقطا یقولوا سحاب مرکوم — الطور آیت ۴۴ *
ترجمہ — اور اگر دیکھیں ایک ٹکڑا آسمان کرتا ہوا کہیں پڑا بادل ہی کہیں گے *

۴۱ — یوم تمور السماء موراً — الطور آیت ۹ *
ترجمہ — جسدن کہ ہل ہلا جاوے آسمان ہل ہلا جانا *

۴۲ — یوم نطوی السماء کطي السجل للکتب — الانبیاء آیت ۱۰۴ *
ترجمہ — جسدن ہم لپیٹ لیں آسمان جیسے لپیٹتے ہیں طومار میں کاغذ *

۴۳ — اویکون لک بیت من زخرف اوترقی في السماء — اسرائیل آیت ۹۵ *
ترجمہ — یا ہووے تیرے لیئے ایک گھر سونہوا یا چڑھ جاوے تو آسمان میں *

۴۴ — فان استطعت ان تبتغي نفقا في الارض اوسلما في السماء — الانعام آیت ۳۵ *
ترجمہ — پھر اگر تجھسے ہوسکے ڈھونڈ نکالني کوئي سرنگ زمین میں یا کوئي سیڑھي آسمان میں *

۴۵ — فاسقط علینا کسفا من السماء ان کنت من الصادقین — الشعرا آیت ۱۸۷ *
ترجمہ — پھر گرا ہمپر ایک ٹکڑا آسمان میں سے اگر ہی تو سچوں میں سے *

۴۶ — اوتسقط السماء کما زعمت علینا کسفا — اسرائیل آیت ۹۴ *
ترجمہ — یا گرادے تو آسمان جیسا کہ تو گمان کرتا ہی ہمارے اُوپر ٹکڑے ٹکڑے *

۴۷ — و اذا لمسنا السماء فوجدناھا ملئت حرسا شدیدا وشھبا — الجن آیت ۸ *
ترجمہ — اور البتہ ہمنے چھولیا آسمان کو پھر پایا ہمنے اُس کو پورا ہوا سخت چوکیداروں سے اور شہابوں سے *

۴۸ — فورب السماء والارض انہ لحق مثل مانکم تنطقون — الذاریات آیت ۲۳ *
ترجمہ — سو قسم ہی آسمان اور زمین کے پروردگار کي یہہ بات ٹھیک ہی ایسي جیسے کہ تم بولتے ہو *

۴۹ — و جنۃ عرضھا کعرض السماء والارض — الحدید آیت ۲۱ *
ترجمہ — اور بہشت کو جس کا پھیلاؤ ہی جیسے پھیلاؤ آسمان اور زمین کا *

۵۰ — وما خلقنا السماء والارض و ما بینھما باطلا — ص آیت ۲۶ *
ترجمہ — اور ہمنے نہیں بنایا آسمان اور زمین کو اور جو اُن کے بیچ میں ہی نکما *

۵۱ — و ما خلقنا السماء والارض و ما بینھما لاعبین — الانبیاء آیت ۱۶ *
ترجمہ — اور نہیں پیدا کیا ہمنے آسمان اور زمین کو اور جو اُن کے بیچ میں ہی بطور کھلاڑي کے *

۵۲ — فما بکت علیھم السماء والارض — الدخان آیت ۲۸ *
ترجمہ — پھر نہ روویا اُن پر آسمان اور زمین *

۵۳ — والسماء والطارق — الطارق آیت ۱ *
ترجمہ — قسم ہی آسمان کي اور رات کو نکلنے والے کي *

(باقي آیندہ)

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] ۱۵ رجب سنہ ۱۲۹۱ هجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۹

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوَر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار اُنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور قرنیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

اِطلاع

بخدمت بزرگان اسلام اہل مذہب سنت و جماعت

بموجب ضمن ۲ دفعہ ۵ قرارداد انتظام و سلسلہ تعلیم مجوزہ مدرسۃالعلوم المسلمین کے یہہ ارادہ کیا گیا ہی کہ بزرگان مفصلہ ذیل سے درخواست کی جاوے کہ آپس میں صلاح و مشورہ کرکر نثرت رائے سے مدرسۃالعلوم مسلمین کے لیئے کمیٹی مدیران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت مقرر فرماویں *

جس بزرگ کو اسباب میں کوئی صلاح ٹیک دیني منظور ہو تو اپني راے تحریر فرماکر پندرھویں نومبر سنہ ۱۸۷۴ع مطابق پانچویں شوال سنہ ۱۲۹۱ ہجري تک راقم اثم کے پاس ارسال فرماویں *

مقام بنارس — راقم
سید احمد سکرٹري کمیٹي خزنۃالبضاعۃ

تفصیل اسماء بزرگان مذکور

جناب حاجي مولوي محمد قاسم صاحب بانی مدرسہ عربي دیوبند *
جناب حاجي مولوي محمد یعقوب صاحب مدرس اعلی مدرسہ عربي دیوبند *
جناب حاجي مولوي سید امدادالعلي خاں صاحب بہادر ڈپٹي کلکٹر علیگڈہ *
جناب حاجي مولوي علي بخش خاں صاحب بہادر سب آرڈینیٹ جج گورکھپور *
جناب مولوي محمد علي صاحب رئیس بچھرایوں تحصیلدار پلري ضلع مرادآباد *
جناب مولوي مفتي محمد سعداللہ صاحب قاضي‌القضاۃ ریاست رامپور *
جناب مولوي ارشاد حسین صاحب رامپوري *
جناب مولوي محمد احسن صاحب مدرس گورنمنٹ کالج بریلي *
جناب مولوي محمد سلطان حسن صاحب رئیس بریلي صدر امین *
جناب مولوي عبدالقادر صاحب رئیس بدایوں *
جناب مولوي حافظ محمد اسمعیل صاحب رئیس علیگڈہ *
جناب مولوي محمد معین الدین صاحب مدرس مدرسہ عربي مرزاپور *
جناب مولوي محمد فکرو صاحب رئیس مچھلي شہر ضلع جونپور *
جناب مولوي محمد سمیع‌اللہ خاں صاحب سب‌آرڈینیٹ جج علیگڈہ *
جناب حاجي محمد ممتاز علي خاں صاحب رئیس میرٹھہ *
جناب مولوي حیدر حسین صاحب رئیس جونپور وکیل ہائي کورٹ *
جناب مولوي سید فرید الدین احمد صاحب رئیس کڑا وکیل ہائي‌کورٹ *
جناب مولوي محمد کریم صاحب رئیس محمد آباد ضلع اعظم گڈہ
ڈپٹي کلکٹر بہادر مرادآباد *
جناب نواب حاجي محمد محمود علي خاں صاحب بہادر رئیس چھتاري ضلع علیگڈہ *
جناب محمد عبد الشکور خاں صاحب رئیس بھیکم پور ضلع علیگڈہ *

مضمون نمبر ۱۸۶

روئداد

اجلاس ممبران مجلس خزنۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم المسلمین — منعقدہ ۵ اگست سنہ ۱۸۷۴ ع

نمبر ۲۸

بظل حمایت

حاجي حرمین شریفین جناب عالي نواب محمد کلب علي خاں بہادر والي رامپور

فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ پیٹرن کمیٹي مدرسۃالعلوم مسلمانان

صدر انجمن

مولوي اشرف حسین خاں صاحب *

ممبران موجودہ

مرزا محمد رحمت‌اللہ بیگ صاحب *
سید محمد حامد خاں صاحب *
منشي محمد یار خاں صاحب *

سکرٹري

سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي *

سید احمد خاں سکرٹري نے چارج سکرٹري کا مرزا محمد رحمت‌اللہ بیگ صاحب منصرم کار سکرٹري سے لے لیا اور اپنے عہدہ کا کام انجام دیا *

روئداد اجلاس منعقدہ ۱۴ جولائی سنہ ۱۸۷۴ ع نمبر ۲۷ جو بدستخط منصرم کار سکرٹری مرتب اور کتاب روئداد میں مندرج تھی اجلاس میں پیش ہوئی اور ملاحظہ ہوئی *

سید احمد خاں سکرٹری نے اطلاع کی کہ جملہ ممبروں کی خدمت میں جو خطوط بطلب رائے نسبت خط جناب مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب بہادر سب آرڈینیٹ جج گورکھپور کے میٹنگ روانہ کیئے تھے اور جو خطوط کہ بموجب روئداد گذشتہ کے مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب منصرم کار سکرٹری نے بطلب رائے نسبت دفعہ ۳ و ۴ و ۵ طریقہ انتظام و سلسلہ تعلیم مدرسۃ العلوم کے روانہ کیئے تھے اور وہ دفعات پروایت خط جناب مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب دستورالعمل تعلیم میں داخل کی گئی تھیں اور اُسی خط میں اُس ترمیم کی نسبت بھی رائے پوچھی گئی تھی جو دفعہ ۵ کی ضمن ۲ میں بنظر اصلاح کار روائی ضابطہ ہونی ضرور تھی اُن سب خطوط کا جواب منجملہ سرستھ ممبروں کے چھپن ممبروں کے پاس سے آگیا جنکے نام نامی ذیل میں مندرج ہیں اور وہ سب جواب کمیٹی کے سامنے پیش ہیں *

تفصیل ممبران جنکے پاس سے جواب آیا

۱ ممتازالدولہ نواب محمد فیض علی خاں بہادر سی ایس آئی *
۲ مولوی سید مہدی علی صاحب *
۳ شیخ غلام علی صاحب *
۴ سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی *
۵ منشی محمد یار خاں صاحب *
۶ سید محمد حامد خاں صاحب *
۷ سید محمد محمود صاحب *
۸ مولوی فضل احمد خاں صاحب *
۹ نواب احمد اللہ خاں صاحب *
۱۰ مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب *
۱۱ مولوی سید زین العابدین صاحب *
۱۲ منشی محمد مسعود شاہ خاں صاحب *
۱۳ منشی محمد ذکاءاللہ صاحب *
۱۴ مولوی سید محمد ابو سعید صاحب *
۱۵ سید محمد میر بادشاہ صاحب *
۱۶ منشی محمود خلیل صاحب *
۱۷ حافظ محمد نظام الدین صاحب *
۱۸ نواب محمد محمود علی خاں صاحب بہادر *
۱۹ جناب عالی خلیفہ سید محمود حسن صاحب *
۲۰ خان بہادر محمد یوسف علی خاں صاحب بہادر *
۲۱ سید محمد احمد خاں صاحب بہادر *
۲۲ منشی صفدر حسین خاں صاحب بہادر *
۲۳ خان بہادر نقیر سید جمال الدین صاحب *
۲۴ کنور محمد لطف علی خاں صاحب *
۲۵ منشی محمد مظفر حسین صاحب *
۲۶ سید ظہور حسین صاحب *
۲۷ مولوی محمد ٹھم الدین صاحب *
۲۸ مولوی محمد عارف صاحب *
۲۹ حضرت مولوی سید امداد علی صاحب بہادر *
۳۰ مولوی محمد حیدر حسین صاحب *
۳۱ مولوی اشرف حسین خاں صاحب *
۳۲ منشی محمد مشتاق حسین صاحب *
۳۳ مولوی عبدالرسول صاحب *
۳۴ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب *
۳۵ میر سید نواب علی صاحب *
۳۶ حکیم محمد حکمت اللہ صاحب *
۳۷ مولوی محمد حامد حسن خاں صاحب *
۳۸ منشی محمد الٰہی بخش صاحب *
۳۹ سید علی حسن صاحب *
۴۰ غلام مرتضیٰ خاں صاحب *
۴۱ حضرت مولوی محمد امانت اللہ صاحب *
۴۲ مولوی محمد کریم صاحب *
۴۳ خان بہادر محمد حیات خاں صاحب سی ایس آئی *
۴۴ منشی محمد سبحان حیدر صاحب *
۴۵ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب *
۴۶ نواب محمد حسن خاں صاحب *
۴۷ نواب سید ولایت علی خاں صاحب *
۴۸ مولوی سید شمس الہدیٰ صاحب *
۴۹ منشی محمد صدیق صاحب *
۵۰ حافظ محمد تفضل حسین صاحب *
۵۱ مولوی محمد کریم بخش صاحب *
۵۲ مرزا عابد علی بیگ صاحب *
۵۳ مولوی سید حسن رضا صاحب *
۵۴ مولوی محمد کامل صاحب *
۵۵ مولوی نذیر احمد صاحب *
۵۶ مولوی سید فریدالدین احمد صاحب *

کمیٹی نے جناب حاجی مولوی علی بخش خاں صاحب بہادر کا خط اور نیز تمام جوابات ممبران مذکورۂ بالا کے ملاحظہ کیئے *

مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب نے جو خط بنام سید احمد خاں لکھا تھا اُسمیں قسمت طمانیت تعلیم مذہبی مدرسۃالعلوم کے یہہ عبارت ارقام فرمائی ہی کہ "اُس اطمینان کی میرے [یعنی علی بخش خاں صاحب] کے نزدیک صرف یہہ صورت ہی کہ آپ [یعنی سید احمد] اور کمیٹی خزانۃالبضاعۃ مذہبی تعلیم میں مداخلت نکرے بلکہ مذہبی تعلیم کے واسطے ایک اور کمیٹی مقرر کیجاوے اور اُس کے اختیار میں تمام امور متعلقہ تعلیم مذہبی کے چھوڑے جاویں اور اُس کمیٹی کے وے لوگ ممبر ہوں جنپر تمام اہل اسلام کو اطمینان ہو اور جو لوگ مذہبی تعلیم کے واسطے چندہ دیں اُس روپیہ سے خود حاصل نہ کیا جاوے اور اُس کی آمدنی جایز صرف مذہبی تعلیم میں خرچ کی جاوے اور جب ممبران کمیٹی مذہبی اُس کی آمدنی میں گنجایش دیکھیں اور تعلیم مذہبی شروع کرنا چاہیں تو اُن کو ایسا اختیار حاصل رہے" *

کمیٹی اصابت سے تہایت خوش ہی کہ جملہ ممبروں نے اِن امور کو جو مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب نے پیش کیئے تھے یعنی اِسبات کو کہ مذہبی تعلیم کی کمیٹی جدا بنائی جاوے اور جو لوگ صرف کردیں اُن کا روپیہ خود پر نہ لگایا جاوے اور جب سرمایہ مذہبی کی آمدنی کافی ہو تو مذہبی تعلیم شروع ہوجاوے بلا اختلاف منظور کیا ہی *

جو مضمون کہ مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب کے خط میں مندرج تھا وہ بطور دفعات کے تحریر ہوکر دفعہ ۳ و ۴ و ۵ طریقہ انتظام و سلسلہ تعلیم مدرسۃالعلوم میں داخل کیا گیا اور اُسکی تسبیط اور نیز ضمن ۴ دفعہ ۵ مذکورہ بالا کی کیفیت ترمیم کی تسبیط جو صرف اصلح ضابطہ اور کارروائی سے متعلق ہی پھر جملہ ممبروں سے رائے طلب ہوئی تھی جس کا ذکر گذشتہ اجلاس کی روئداد میں مندرج ہی *

کمیٹی اس بات سے بھی نہایت خوش ہی کہ جملہ ممبروں نے بلا کسی اختلاف کے دفعہ ۳ و ۴ و ضمن اول دفعہ ۵ و نقرہ اول و سوم و چہارم ضمن دوم دفعہ ۵ مندرجہ طریقہ انتظام و سلسلہ تعلیم مدرسۃالعلوم کو بلا اختلاف منظور کیا ہی *

نقرہ دوم ضمن دوم دفعہ ۵ کی جو ترمیم تجویز ہوئی تھی اُسکی تسبیط صرف پانچ ممبروں نے کسیقدر اصلح چاہی ہی اور دو ممبروں نے اُس سے اختلاف رائے کیا ہی جسکی تفصیل اور جو تجویز کہ اُسکی تسبیط ہوئی حسب تفصیلہ ذیل ہی *

حافظ تفضل حسین صاحب نے اُس نقرہ میں اس قدر اصلح چاہی ہی کہ جن بزرگوں سے کہ درخواست مقرر کرنے کمیٹی مذہبی کیجاوے اول اُن سے منظوری حاصل کی جاوے جب وہ منظور کرلیں تب اُن کے ناموں سے تمام لوگوں کو اطلاع دی جاوے *

کمیٹی نے بالاتفاق یہہ تجویز کی کہ اگر ایسی ترمیم اُس نقرہ میں کی جاویگی تو مقصدہ کے برخلاف ہوگا اسلیئے کہ اُن بزرگوں کا قرار دینا بھی جو کمیٹی مذہبی مقرر کریگی کمیٹی خزانۃالبضاعۃ اپنے اختیار سے نہیں چاہتی بلکہ عام مسلمانوں کی راے کے اتفاق سے چاہتی ہی اور اس لیئے قبل اُس کے اپنی تجویز سے کمیٹی منظوری حاصل کرنا مناسب نہیں سمجھتی *

مولوی محمد کریم بخش صاحب نے یہہ امر پیش کیا ہی کہ مذہبی کمیٹی کے ممبروں کی تسبیط لفظ لیف ممبر کا ضرور نہیں ہی اور نیز اُن کے قایم رہنے کے لیئے اس شرط کا بھی لگانا مناسب ہی کہ جب تک وہ کمیٹرجہہ سے متعلق انتظام مدرسۃالعلوم نہوں *

کمیٹی نے بالاتفاق تجویز کی کہ یہہ راے بلا شبہہ منصفانہ اور عاقلانہ اور آزادانہ اور مدبرانہ ہی مگر جو عبارت کہ بالفعل اُس نقرہ میں موجود ہی اُس سے عموماً مسلمانوں کو زیادہ طمانیت و خاطر جمعی ہوگی اور کمیٹی کو یقین کامل ہی کہ ممبران کمیٹی تعلیم مذہبی بھی بالاتفاق صلاح و نفع مدرسۃالعلوم میں اور اپنی قوم کی بھلائی و بہتری میں ساعی ہونگے *

شیعہ ممبروں میں سے دو ممبروں یعنی مولوی سید حسن رضا صاحب اور مرزا عابد علی بیگ صاحب نے یہہ عذر کیا ہی کہ جو دفعہ اُن لوگوں کے قرار دینے میں کی گئی ہی جو کمیٹی تعلیم مذہبی مقرر کرینگے اُس کی ضرورت نہ تھی بلکہ اُن کے قرار دینے کے لیئے اُن لوگوں کی شہرت اور عام واقفیت خصوصاً شیعہ مذہب کی کمیٹی کے لیئے کافی تھی مرزا عابد علی بیگ صاحب نے یہہ بھی لکھا ہی کہ شیعہ مذہب کے لوگوں کے واسطے اُن اُمور کی جو نقرہ مذکورہ میں تجویز ہوئے ہیں کچھہ حاجہ نہیں بلکہ کافی تھا کہ کمیٹی خزانۃالبضاعۃ کے شیعہ ممبر اپنے مذہب کی کمیٹی تعلیم مذہبی مقرر کر لیتے *

کمیٹی نے بالاتفاق اس راے سے اتفاق کیا اور یہہ تجویز ہوئی کہ نقرہ مذکور میں جو کچھہ لکھا گیا ہی وہ صرف بعض اکابر اہل سنت و جماعت کی تحریک سے تجویز ہوا ہی کسی شیعہ مذہب کے مسلمان نے اُس کی خواہش نہیں کی تھی پس شیعہ مذہب کو مذہبی تعلیم کی کمیٹی سے بھی اُس فایدہ کو متعلق کرنا بمقتضی غلطی ہی چنانچہ کمیٹی نے اُس نقرہ کی ترمیم کی اور شیعہ مذہب

کی کمیٹی تعلیم مذہبی کو اُس سے مستثنی کر کر کمیٹی خزنۃالبضاعۃ کے شیعہ ممبروں کی رائے پر منحصر کیا *

جناب مولوی محمد کامل صاحب نے ارقام فرمایا ہی کہ دفعہ ۵۰ میں درج ہی کہ تعلیم مدرسۃالعلوم میں کمیٹی خزنۃالبضاعۃ کو کچھہ مداخلت نہوگی بلکہ اُس کے لیئے جداگانہ کمیٹیاں مقرر ہونگی اور دفعہ مذکور کی ضمن ۲ کی چھٹویں سطر میں یہہ لکھا ہی کہ اب کمیٹی کے ممبروں کا انتخاب ابتدائی بھی کمیٹی خزنۃالبضاعۃ سے متعلق نہوگا اِن دونوں فقروں کی ضرورت نہیں ہی کیونکہ جب اُمور کمیٹی خزنۃالبضاعۃ دفعہ ۳ و ۴ میں معین ہو گئے تو اُس سے ظاہر ہوا کہ کمیٹی مذکور کا کام صرف جمع و خرچ و نگرانی و افزونی سرمایہ کا ہی باوجود اس کے پھر یہہ تحریر کہ اس کمیٹی کو تعلیم اور انتخاب ممبران کمیٹی مذہبی میں دخل نہوگا فضول ہی بلکہ ان دونوں فقروں سے ممبران کمیٹی خزنۃالبضاعۃ عموما اپنے کو ملزم سوے مقیدت تصور کرسکتے ہیں حالانکہ عموما کمیٹی مورد اس الزام کی نہیں ہو سکتی ہی لہذا اِن دونوں فقروں کا حذف کرنا مناسب ہی اور دفعہ ۵ کی ضمن دو بحذف فقرہ مذکورہ بالا کے واسطے کمیٹی تعلیم مذہبی اور انتخاب ممبران کمیٹی مذہبی کے کافی ہی *

کمیٹی نے بالاتفاق مولوی محمد کامل صاحب کی رائے کو تسلیم کیا اور اس بات کو دل سے قبول کیا کہ کمیٹی خزنۃالبضاعۃ کی نسبت جس میں بہت سے نہایت لایق اور دیندار اور عالم و صاحب تقوی لوگ شریک ہیں ایسے الفاظ کا کہنا نہایت نا مستحسن تھا مگر بعض اکابر اہل اسلام نے ایسی ہی خواہش کی تھی اور ممبران کمیٹی نے باوجودیکہ اُن کی طرف ایک اشعار نا مناسب تھا صرف قومی ہمدردی سے اور صرف اپنی نیکی و صفائی باطن سے اُس کی نسبت کچھہ خیال نہیں کیا اور مطلق نفسانیت کو دخل نہیں دیا اور اُس تحریک کو منظور کیا پس وہ الفاظ جو صرف بنظر وفاق اور رفع نفاق کے داخل کیئے گئے ہیں اور جن کو ممبروں نے بسبب اپنی پاک طینت کے منظور کرلیا ہی خارج نہیں کیئے جا سکتے بلکہ کمیٹی کی رائے میں خود وہ الفاظ ہمارے کمیٹی کے اُن بزرگ ممبروں کی نیکی اور کسر نفسی و صفائی باطن اور حب قومی پر گواہی دے رہے ہیں و ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء *

مولوی محمد کامل صاحب نے ضمن دریم کے فقرہ جدیدہ کے بعض الفاظ کی نسبت بھی اپنی ناپسندیدگی ارقام فرمائی ہی اور مولوی سید حسن رضا صاحب نے بھی اُن کو ناپسند کیا ہی اور مرزا رحمت اللہ بیگ صاحب نے اگرچہ اپنی رائے میں اُس کی نسبت کچھہ نہیں لکھا لیکن اب وہ بھی اُن الفاظ کو نامناسب سمجھتے ہیں اور میں بھی اُس سے اتفاق کرتا ہوں اور اُن الفاظ کی درستی کی نسبت کمیٹی کی توجہہ چاہتا ہوں *

فقرہ مذکورہ کمیٹی کے سامنے پڑھا گیا اور بالاتفاق کمیٹی کی یہہ رائے ہوئی کہ مضمون فقرہ مذکورہ سے کسی کو کچھہ اختلاف نہیں مگر اُس کے الفاظ کی تہذیب کرنی مناسب ہی چنانچہ اصلاح اُس کی عمل میں آئی *

بعد اس کے مولوی نذیر احمد صاحب کی رائے پیش ہوئی جنھوں نے امر مجوزہ ضمن دریم سے جو بہ نسبت طریقہ تقرری کمیٹی تعلیم مذہبی ہی اختلاف رائے کیا ہی چنانچہ اُن کی رائے بجنسہ ذیل میں مندرج ہوتی ہی *

مولوی نذیر احمد صاحب کی رائے

میری رائے یہہ ہی کہ بزرگان دین کا توسط انتخاب کمیٹی مذہبی کے لیئے اُمید نہیں کہ مفید ہو اولاً تو بزرگان دین ان معاملات میں صرف توجہہ کو فعل عبث سمجھینگے ثانیاً جو توجہہ کرینگے وہ بمقتضاءالنفس اپنے تئیں علحدہ رکھکر دوسروں کو نامزد کرینگے اس میں کیا قباحت ہی کہ خود ممبران کمیٹی خزنۃالبضاعۃ اپنی تجویز سے ممبران کمیٹی مذہبی کو نامزد کرکے مشتہر کریں اور عامۂ مسلمین کو جرح و اعتراض کی اجازت دیں اور اعتراضات پر لحاظ مناسب کرکے انتخاب مختتم کرلیں — بزرگان دین جیسکہ نی زماننا ھذا میں امور انتظامی میں رائے دینے کی کمتر قابلیت رکھتے ہیں — آپ یقین باور کیجیئے کہ آپ کی کمیٹی خزنۃالبضاعۃ جیسی کہ اب ہی اور خصوصاً جیسی کہ وہ ہونے والی ہی بہترین اہل اسلام ذی الاراء پر مشتمل ہی اور آپکو انتخاب کمیٹی مذہبی سے جدا رکھنا گویا دیدہ و دانستہ ایک عمدہ انتظام کا خراب کرنا ہی اور آپ دیکھہ لیجیئے گا کہ گو بزرگان دین متوسط قرار دیئے جائیں اور گو جمہور مسلمین کو اعتراض کرنے کی اجازت بھی دیجاے مگر کام چار و ناچار کمیٹی خزنۃالبضاعۃ کو کرنا پڑیگا *

کمیٹی نے بالاتفاق مولوی نظیر احمد صاحب کی رائے پر واہ واہ کی اور سب پول اُٹھے کہ بلا شبہہ ہماری کمیٹی بہت سے بہترین ابرار اہل اسلام ذی الاراء پر مشتمل ہی اور اُس کو انتخاب کمیٹی مذہبی سے جدا رکھنا نہایت افسوس کی بات ہی مگر جو کہ اب ہمارے ابرار اور پاک طینت ممبروں نے باسید وفاق و رفع نفاق یہ تحریک بعض اکابر اہل اسلام اُسکو منظور کرلیا ہی تو اب اُسکا بدستور قایم رکھنا ہی مناسب ہی *

بعد اس کے مولوی سید فریدالدین احمد صاحب کی رائے پیش ہوئی کہ اُنہوں نے امر مامحن فیہ سے اختلاف کیا ہی چنانچہ اُن کی رائے بھی بجنسہ ذیل میں مندرج ہوتی ہی *

مولوي سید فریدالدین احمد صاحب کي راے

ثامہ عنایت مرزا رحمت‌اللہ بیگ صاحب منصرم کار سکرٹري کمیٹي خزنۃالبضاعۃ مرقومہ ۱۴ جولائي سنہ ۱۸۷۴ع میرے پاس پہنچا میں نے تمام و کمال اُسکو پڑھا اور چند مرتبہ مضامین مندرجہ ثامہ مذکور پر غور کیا اور نیز اُن جملہ مراسلات و مصالحت پر کہ جو فیمابین آپ کے [یعني سید احمد خاں کے] و جناب حاجي مولوي علي بخش خاں صاحب بہادر کے تحریر ہوئے ہیں خوض کیا میري راے میں دفعہ ۳ و ۴ و ۵ جن عبارتوں سے کہ وہ تحریر ہوئي ہیں سمجھکر بالکل اُس کے ساتھہ اتفاق نہیں ہی میري راے میں کوئي شخص کمیٹي مدبران تعلیم‌السنۃ مختلفہ و علوم دنیویہ و مدبران تعلیم مذہب میں مقرر نہوسکیگا جب تک کہ وہ کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کا ممبر نہوگا اصل کمیٹي وہي ہی اور یہہ دونوں کمیٹیاں اُس کي نوع ہیں یہہ بات البتہ ہوسکتي ہی کہ منجملہ ممبران کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کے جو لوگ کہ بنظر مصلحت تمام مسلمانوں کے قابل انتخاب ممبري کمیٹي مدبران تعلیم مذہب ٹھہوں وہ اُس میں منتخب نہ کیئے جاویں مثلاً جیسے میرے و آپ کے (یعني مولوي فریدالدین صاحب کاتب خط و سید احمد کي) نسبت لوگوں کو اطمینان نہیں ہی تو آپ و میں ممبر کمیٹي مدبران تعلیم مذہب مقرر نہ کیئے جائیں یہہ بات تسلیم نہیں ہوسکتي کہ یہہ امر اہم کسي ایک شخص کي ذات پر منحصر کردیا جاے یہہ وہي بد نصیب سبب ہی کہ جسنے مسلمانوں کے سارے امور تو برباد کردیا ہمیشہ کثرت راے و جماعت متفقہ پر کام ہونا چاہیئے اگر اور ممبران کمیٹي میري راے کے ساتھہ متفق نہوں تو بھي میں اپني راے پر قایم ہوں اور میرا اختلاف راے آپ چھاپ دیجیئے اور جب میري یہہ راے ہی تو میں اسمیں بھي آپ کے ساتھہ متفق نہیں ہوں کہ کمیٹي مدبران تعلیم‌السنۃ مختلفہ و علوم دنیویہ کا کوئي ممبر عیسائي یا یہودي یا ہندو ہو اگر ہماري قوم بدنصیب میں کوئي لایق نہیں ہی تو شاید ایسے آدمي تو ضرور ہونگے کہ دوسروں سے کچھہ اخذ کرکے اپني راے دیویں *

سید احمد خاں نے کہا کہ مولوي فریدالدین احمد صاحب نے جو اپنے تئیں بھي اُن لوگوں میں شمار کیا ہی جن پر لوگوں کو اطمینان نہیں یہہ صرف اُن کي کسر نفسي ہی ورنہ کوئي شخص ایسا نہیں ہی جس کو مولوي صاحب ممدوح پر اطمینان نہو ہاں بلا شبہہ میرا ایسا حال ہی اور میں خود اقرار کرتا ہوں کہ میں نہ کبھي مذہبي کمیٹي کا ممبر ہونگا اور نہ کبھي تعلیم مذہبي میں کچھہ مداخلت کرونگا *

صدر انجمن نے فرمایا کہ اس تذکرہ کو ملتوي کیا جاوے اور جو امر کہ مولوي فریدالدین احمد صاحب نے پیش کیا ہی اُسکے تصفیہ پر توجہہ ہو چنانچہ کمیٹي نے بالاتفاق مولوي فریدالدین احمد صاحب کي اس راے کو کہ ممبران کمیٹي خزنۃالبضاعۃ ہي میں سے ممبران کمیٹي تعلیم مذہبي کا منتخب ہونا چاہتا تھا تسلیم کر کو یہہ بات کہي کہ جو امور تجویز ہوا ہی وہ خاص بعض اکابر اہل اسلام کي تحریک سے اور بنظر حالات خاص کے تجویز ہوا ہی جس کو اب کثیر ممبران کمیٹي نے بھي منظور کرلیا ہی اور اس لیئے تجویز مذکورہ کا قایم رہنا چاہیئے پا ایں ہمہ معلوم رہے کہ ان دفعات میں یہہ بات تجویز نہیں ہوئي کہ کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کا کوئي ممبر کمیٹي تعلیم مذہبي کا ممبر ہونے کي لیاقت نہیں رکھیگا بلکہ جو لرگ کمیٹي تعلیم مذہبي مقرر کرینگے اُن کو اختیار ہوگا کہ وہ جس کو چاہیں کمیٹي تعلیم مذہبي کا ممبر مقرر کریں خواہ وہ کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کا ممبر ہو یا نہو *

بعد ان تمام مباحثوں اور اصلاحوں کے دفعہ ۳ و ۴ و ۵ معہ اُن کي ضمنوں کے جو قرار پائیں وہ حسب تفصیل ذیل ہیں *

ذکر کمیٹي خزنۃالبضاعۃ

دفعہ ۳ — کمیٹي خزنۃالبضاعۃ اس مدرسہ کے لیئے نفع یعني روپیہ جمع کرنے کي کمیٹي ہی اور انتظام تعلیم کے لیئے جداگانہ کمیٹیاں مقرر ہونگي مگر روپیہ کا جمع کرنا اور سرمایہ کي حفاظت اور جائداد کا خریدنا اور اُسکي آمدني کا اخراجات مدرسہ کے لیئے دینا اور جو روپیہ کسي خاص کام کے لیئے دیا گیا ہو اُسکا اُسي کام میں لگانا اور مکانات کا بنانا اور ہر ایک امر کي نگراني کرنا یہہ سب کمیٹي خزنۃالبضاعۃ سے متعلق ہوگا *

دفعہ ۴ — کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کو اُس روپیہ کا جو اُس کے سپرد ہو اور نیز اُسکي آمدني کا حسب تفصیل ذیل جداگانہ حساب رکھنا ہوگا *

اول — حساب زر سرمایہ یعني حساب اُس روپیہ کا جو لوگوں نے اس غرض سے دیا ہی کہ اُسکي آمدني اخراجات مدرسۃالعلوم میں صرف ہو اور وہ روپیہ ہمیشہ قایم رہے اور یہي روپیہ زر سرمایہ کے نام سے ملقب ہی جسکا خرچ کرنا بموجب دفعہ ۲۳ قواعد کار روائي کمیٹي کے ممنوع و ناجایز ہی *

دوم — زر سرمایہ مذکورۂ بالا کے حساب میں بھی مفصلہ ذیل تفصیل رکھنی ہوگی *

(الف) — وہ روپیہ علحدہ جمع رکھیگا جسکی نسبت دینے والوں نے یہہ شرط لگائی ہی کہ سود میں نہ لگایا جاوے بلکہ اُس سے جائداد غیر منقولہ خریدی جاوے اور اس روپیہ کا کسی طرح سود میں لگانا اور پرامیسری نوٹ خریدنا جایز نہوگا *

(ب) — اُس روپیہ کا حساب جو دینے والے نے خاص بغرض تعلیم مذہبی دیا ہی علحدہ رکھا جاویگا اور اُسکی آمدنی اُسی مذہب (یعنی شیعہ یا سنی مذہب) کی تعلیم میں صرف ہوگی جسکی تعلیم کے لیئے دینے والے نے روپیہ دیا ہی *

(ج) — جو روپیہ کہ عیسائیوں نے یا اور مذہب کے لوگوں نے اس شرط سے دیا ہی کہ اُس کی آمدنی علوم دنیاوی کی تعلیم میں خرچ ہو اُسکا حساب جداگانہ رہیگا اور اُسکی آمدنی علوم دنیاوی کی تعلیم میں صرف ہوگی نسی مذہبی تعلیم میں اُسکی آمدنی خرچ نہوگی *

(د) — باقی روپیہ جو لوگوں نے بلا کسی شرط کے دیا ہی اُسکی آمدنی مذہبی اور دنیاوی ہر قسم کی تعلیم میں جس میں ضرورت ہو خرچ ہوسکے گی *

(ہ) — قبل شروع ہونے کسی قسم کی تعلیم کے اور نیز بعد شروع ہونے تعلیم کے اگر کسی خاص صیغہ کے سرمایہ کی آمدنی اُسکے اخراجات ضروری سے زیادہ ہو جاوے تو ہو ایک قسم کے روپیہ کی آمدنی جسکی تفصیل اوپر بیان ہوئی اُسی مد میں بطور اصل سرمایہ جمع کردی جاویگی خواہ کمیٹی کی کارروائی کے ضروری اخراجات میں یا مدرسۃالعلوم اور اُس کے متعلق مکانات کی تعمیر میں یا مدرسۃالعلوم کے لیئے زمین خرید نے میں خرچ کی جاویگی کیونکہ یہہ اُمور تعلیم مذہبی اور تعلیم دنیوی دونوں سے برابر متعلق ہیں مگر اُس روپیہ کی آمدنی جس کا ذکر مد (ج) میں ہی تعمیر مساجد میں ہرگز خرچ نہ کی جاویگی اور نیز اُس روپیہ کی آمدنی جو سنیوں نے خاص مذہبی تعلیم کے لیئے دیا ہو شیعوں کی مسجد کی تعمیر میں اور اُس روپیہ کی آمدنی جو شیعوں نے خاص مذہبی تعلیم کے لیئے دیا ہو سنیوں کی مسجد کی تعمیر میں صرف نہوگی *

سوم — اُس روپیہ کا حساب جداگانہ رکھا جاویگا جو لوگوں نے بطور سرمایہ مدرسۃالعلوم نہیں دیا بلکہ واسطے خاص کام کے دیا ہی مثلاً واسطے تعمیر مکانات مدرسۃالعلوم کے یا واسطے تعمیر مساجد شیعہ و سنی کے اور یہہ روپیہ اور اُس کی آمدنی اُسی کام میں خرچ ہوگی جس کے لیئے وہ دیا گیا ہی *

ذکر کمیٹی ہاے تعلیم

دفعہ ۵ — تعلیم مدرسۃالعلوم میں کمیٹی خزنۃالیضاعۃ کو کچھہ مداخلت نہوگی بلکہ اُس کے لیئے حسب تفصیل ذیل جداگانہ کمیٹیاں مقرر ہونگی *

اول — کمیٹی تعلیم علوم دنیاوی اور اُن مختلف زبانوں کی جو مدرسۃالعلوم میں تعلیم دی جاوینگی اور یہہ کمیٹی از نام مدیران تعلیم‌السنۂ مختلفہ اور علوم دنیویہ ملقب ہوگی اس کمیٹی کے ممبروں میں مسلمانوں کے ساتھہ عیسائی اور یہودی اور پنڈت بھی اگر ضرورت ہو تو ممبر ہوسکینگے کیونکہ مختلف علوم اور مختلف‌السنۂ کی تعلیم اس کمیٹی سے متعلق ہوگی اور اس دنیاوی علوم کی تعلیم کا اہتمام اور اِنتظام بتمامہ اِس کمیٹی سے متعلق ہوگا *

دوم ا — کمیٹی تعلیم مذہبی اِسکی دو شاخیں ہونگی ایک شاخ از نام مدیران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت اور دوسری از نام مدیران تعلیم مذہب شیعہ اثنا عشریہ ملقب ہوگی اور اُن کمیٹیوں میں اُسی مذہب کے لوگوں کے سوا جس مذہب کی تعلیم کے لیئے وہ کمیٹی ہی دوسرے مذہب کا کوئی شخص ممبر نہو سکیگا *

(۲)—کمیٹی مدیران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت کے ممبروں کا انتخاب ابتدائی بھی کمیٹی خزنۃالیضاعۃ سے متعلق نہوگا بلکہ وہ کمیٹی ممبران کمیٹی تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت کے مقرر کرنے کی اُن بزرگوں سے جو اُس مذہب میں دینداری اور علم و نقل میں مشہور ہوں اور جن پر اُس مذہب کے

لوگوں کو طمانیت ہو درخواست کریگی — جن بزرگوں سے ایسی درخواست کرنے کا ارادہ ہو اُن بزرگوں کے ناموں سے تمام اہل اسلام کو تین مہینہ تک بذریعہ اخبارات کے اِطلاع دیجاویگی تاکہ ہر ایک ذی علم اور دیندار مسلمان کو اسباب میں ہر قسم کی صلاح ٹیک دینے کا موقع ملے بعد انقضاے میعاد کے اُن سب تحریروں کے لحاظ سے جو اِسباب میں آئی ہوں وہ لوگ جن سے مذہب اہل سنت و جماعت کی مذہبی تعلیم کی کمیٹی کے مقرر کرنے کی درخواست کی جاوے گی قرار دیئے جاوینگے اور یہہ بھی کمیٹی کو اختیار رہے گا کہ اُنھیں بزرگوں میں سے کسی ایک بزرگ کو مہتمم اِن سب امور کا قرار دیکر اُس بزرگ سے درخواست کرے کہ بزرگان مذکورہ بالا سے خط و کتابت کرکو کثرت راے سے مذہبی کمیٹی مقرر فرماویں جس کے ممبروں کی تعداد پارہ سے کم نہو اور یہہ تمام اصل خط کتابت جو اِسباب میں اُنکے باہم ہو کمیٹی خزانۃالبضاعۃ کے دفتر میں رہنے کے واسطے بھیجی جاوے اِسطرح پر جو بزرگ مذہبی کمیٹیوں کے ممبر مقرر ہونگے وہ لیف ممبر ہونگے یعنی اُنکی معزولی کا بجز اُس حالت کے کہ وہ استعفاء دیں یا اپنا مذہب تبدیل کردیں یا کسی ایسے جرم میں جسکی تفصیل قواعد کارروائی کی دفعہ ۱۲ میں ہی سزایاب ہوں کسیکو اختیار نہوگا اور جب کوئی عہدہ اُس کمیٹی کی ممبری کا خالی ہوگا تو ممبران باقی ماندہ کسی دوسرے شخص کو اُسکی جگہہ مقرر کرینگے شیعہ مذہب کی تعلیم مذہب کی کمیٹی کا تقرر کمیٹی خزانۃالبضاعۃ کے شیعہ ممبروں کے اختیار میں چھوڑا جاوے کہ وہ لوگ آپس میں صلاح کر کو جس طرح مناسب سمجھیں اپنے مذہب کی تعلیم کے لیئے مذہبی کمیٹی مقرر کریں *

(۳) — اگر اُس روپیہ کی جو خاص مذہبی تعلیم کے لیئے دیا گیا ہو اِسقدر آمدنی ہو جاوے جو مذہبی تعلیم کے اخراجات کے لیئے کافی ہو اور مذہبی کمیٹیوں کے ممبر یہہ چاہیں کہ مذہبی تعلیم قبل شروع ہونے دیگر اقسام کی تعلیم کے جاری ہو جاوے تو اُنکو ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہوگا *

(۴) — مذہبی تعلیم کے لیئے مدرسوں کا انتخاب کرنا اور مقرر کرنا وہ سب انہیں مذہبی کمیٹیوں سے متعلق ہوگا دوسرے شخص کو یا کسی دوسری کمیٹی کو اُس میں کچھہ مداخلت نہوگی *

صدر انجمن نے فرمایا کہ دفعات مذکورہ کی نسبت بحث کافی ہوچکی اور منجملہ سرسٹھہ ممبروں کے چوپن ممبروں کے پاس سے رائیں آگئیں جنمیں سے ترپین ممبروں نے ان دفعات پر اتفاق راے کیا اور جو خفیف اصلاح لفظی ہوئی تھی وہ بھی ہوگئی پس اب اُن کی نسبت تصفیہ کامل عمل میں آوے اور دفعات مذکورہ جیسیکہ ٹایم ہوئی ہیں منظور کی جاویں *

تمام ممبروں نے اس تحریک کی تائید کی اور دفعات مذکورہ بالا معہ اُن کی ضمنوں کے بطور قواعد متعلقہ سلسلہ تعلیم کے منظور ہوئیں *

سکرٹری نے تحریک کی کہ اُن بزرگوں کے نام نامی ظاہر کیئے جاویں جن سے بموجب نقرہ دو ضمن دوم دفعہ ۵ قواعد کے جو ابھی منظور ہو گئے کمیٹی تعلیم مذہبی کے ممبر مقرر کرنے کی درخواست کی جاویگی چنانچہ کمیٹی نے بالاتفاق بزرگان مفصلہ ذیل کے نام ظاہر کیئے *

جناب حاجی مولوی محمد قاسم صاحب بانی مدرسہ عربی دیوبند *

جناب حاجی مولوی محمد یعقوب صاحب مدرس اعلی مدرسہ عربی دیوبند *

جناب حاجی مولوی سید امدادالعلی خاں صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر علیگڈھ *

جناب حاجی مولوی علی بخش خاں صاحب بہادر سب آرڈینیٹ جج گورکھپور *

جناب مولوی محمد علی صاحب رئیس پچھواڑوں تحصیلدار پلاری ضلع مرادآباد *

جناب مولوی مفتی محمد سعداللہ صاحب قاضی القضاۃ ریاست رامپور *

جناب مولوی ارشاد حسین صاحب رامپوری *

جناب مولوی محمد احسن صاحب مدرس گورنمنٹ کالج بریلی *

جناب مولوی محمد سلطان حسن صاحب رئیس بریلی صدر امین *

جناب مولوی عبدالقادر صاحب رئیس بدایوں *

جناب مولوی حافظ محمد اسمعیل صاحب رئیس علیگڈھ *

جناب مولوی محمد معین الدین صاحب مدرس مدرسہ عربی مرزاپور *

جناب مولوی محمد شکور صاحب رئیس مچھلی شہر ضلع جونپور *

جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب سب آرڈینیٹ جج علیگڈہ *

جناب حاجی محمد ممتاز علی خاں صاحب رئیس میرٹھ *

جناب مولوی حیدر حسین صاحب رئیس جونپور وکیل ہائی کورٹ *

جناب مولوی سید فرید الدین احمد صاحب رئیس کڑا وکیل ہائی کورٹ *

جناب مولوی محمد کریم صاحب رئیس محمد آباد ضلع اعظم گڈہ

کپتان کلنٹر بہادر مرادآباد *

جناب نواب حاجی محمد محمود علی خاں صاحب بہادر رئیس

چھتاری ضلع علیگڈہ *

جناب محمد عبد الشکور خاں صاحب رئیس بھیکم پور ضلع

علیگڈہ *

کمیٹی نے یہہ بھی اپنی رائے ظاہر کی کہ بعد تکمیل ہونے ضابطہ مندرجہ ضمن مذکورہ کے جناب مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب بہادر کو تمام اہتمام تقرر کمیٹی تعلیم مذہبی کا حسب مواد ضمن مذکورہ کے سپرد کیا جاوے *

سکرٹری نے اطلاع کی کہ کمیٹی کی جملہ روئدادیں بنظر تخفیف اخراجات چھپ کر ممبروں کی خدمت میں اب تک روانہ نہیں ہوئیں بلکہ جو خاص امر صلح طلب ہوتا ہی اُسی کی نسبت رائے پوچھی جاتی ہی مگر بعض معزز و قابل ادب ممبروں نے اس طریقہ سے اپنی کمال ناراضی ظاہر کی ہی پس اجازت ہو کہ آیندہ سے ہر ایک روئداد چھاپہ ہوکر بطور معمول کے ممبران کی خدمت میں مرسل ہوا کرے *

کمیٹی نے اس امر کو بالاتفاق منظور کیا اور اجازت دی اور تجویز کی کہ بلا شبہہ تمام حالات جزو و کل سے ممبران کو مطلع کرنا ضروریات سے ہی *

بعد اس کے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا و مجلس برخاست ہوئی *

دستخط

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

سکرٹری کمیٹی خزانۃ الضافۃ

نمبر ۱۸۷

حدیث تشبیہ

(من تشبہ بقوم کو شیعہ حدیث نہیں کہتے)

یہہ بحث تہذیب الاخلاق میں چھپ چکی کہ من تشبہ بقوم نہو منہم حدیث نہیں ہی مگر لوگ اسکو بھی سید احمد خاں بہادر کی خود رائی پر محمول کرتے تھے افسوس یہہ ہی کہ شیعہ سنی سب یہی کہتے تھے کہ سید احمد خاں بہادر نے خود رائی کی اور یہہ فقرہ حدیث ہی — معاذاللہ لوگ اس فقرہ کو جو نہیں معلوم کس حالت میں بنایا گیا تھا اُس کا کلام پاک قرار دیتے تھے جسکی شان میں ماینطق من ہوا نازل ہی مگر خیر دیر آمد درست آمد شیعہ تو ہنوز در تربہ بازاست اپنی غلطی سے معترف ہوجاوینگے تربہ تربہ معترف ہوگئے کیونکہ اُنکے مجتہد نے بتا دیا کہ سید احمد خاں بہادر سچ کہتے تھے ہماری یہاں کی کتابوں میں بھی ہمکو احادیث میں یہہ فقرہ نہیں دکھائی دیا کہ حدیث سے ملتا ہوا ہی شیعوں یعنی ہم لوگوں کے بڑے شکر کرنے کا مقام ہی کہ یہہ جھگڑا جلد مٹ گیا اور کسی قبلے روشنی والے نے نہیں مانی کیا بلکہ لکھنؤ کے اس مقدس مجتہد جی نے مانی کیا جنکا اجتہاد مسلمہ ہی ہم اس واسطے کہ یہہ ہمارا بیان غلط نہ سمجھا جاے سوال نمبر ۳۱۴ جامع المسایل ضمیمہ اخبارالاخبار لکھنؤ مطبوعہ ۲۳ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۱ ہجری کا انتخاب بھی درج کرتے ہیں *

انتخاب از سوال نمبر ۳۱۴ جامع المسایل

من تشبہ بقوم فہو منہم حدیث از منقولات باللفظ است یا بالمعنی

جواب

و در کدام کدام کتاب حدیث نوشتہ جملہ مسطورہ مستنبط از احادیث است و حدیثی باین عبارت یقیناً بنظر خاطی تا حال نہ آمدہ ہوالعالم *

راقـــــم

سید اقبال علی

وکیل پرتاب گڈہ

غلطنامہ

افسوس کہ تہذیب الاخلاق میں اس سبب سے کہ ھمسے دور چھپتا ھی اور ھم اُسکا پروف نہیں دیکھہ سکتے اکثر غلطیاں چھپ جاتی ھیں اور ھمارے احباب مخالف کو وہ غلطیاں اعتراضات کرنے کو نھایت غیر متوقعہ مل جاتی ھیں تتمہ تفسیر السموات جو حال میں چھپا اُس میں بھی متعدد غلطیاں ھیں جنکو پڑھنے والا سمجھہ سکتا ھی مگر مفصلہ ذیل مقاموں میں ایسی غلطیاں ھیں کہ مطلب نہیں سمجھا جاتا اُنکا غلطنامہ چھاپتے ھیں *

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۱۰۸	۱	۲۹	ھرایک مکان کے دورہ پر	ھرایک کے مکان دورہ پر
ایضا	۲	۲۸	کیونکہ کسي ایک	کیونکہ اُنکے نزدیک کسي ایک
۱۰۹	۲	۱۳	یعني معارضہ	یعني اوپر سے معارضہ
۱۱۰	۱	۳۰	پہونچے	پھونچے

راقم
سید احمد

اشتہار

کتب مفصلہ ذیل واسطے فروخت کے ھمارے پاس موجود ھیں اور محصول ڈاک کا علاوہ اس قیمت کے ھی جس صاحب کو خریدني منظور ھوں وہ خرید فرماویں

وہ کتابیں جن کي قیمت مدرسۃ العلوم مسلمانان کي کمیٹي میں جمع ھوگي *

کتاب جان ڈیون پورٹ متضمن حمایت اسلام بزبان انگریزي قیمت في جلد ... عصا

کتاب حمایت الاسلام ترجمہ کتاب کاڈفري ھیگنس متضمن جواب اعتراضات عیسائیان بزبان اُردو قیمت في جلد ... عصم

کتاب خطبات احمدیہ مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزي قیمت في جلد ... عـــہ

اگر کوئي غریب مسلمان انگریزي خواں خطبات احمدیہ کو خاص اپنے پڑھنے کے لیئے چاھے تو اُس کو نصف قیمت پر ملجاویگي *

کتاب مباحثہ مذھبي پادري فنڈر صاحب و ڈاکٹر وزیر خاں و مولوي رحمت اللہ صاحب بزبان اُردو قیمت في جلد ... ۸ر

حصہ اول تاریخ ھندوستان زمانہ ھندواں مولفہ منشي محمد ذکاءاللہ صاحب بزبان اُردو قیمت في جلد ... ۸ر

وہ کتابیں جن کي قیمت کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان میں جمع ھوگي *

کتاب رپورٹ سلیکٹ کمیٹي اُردو و انگریزي معہ خلاصہ رسالہ ھاے موصوفہ کمیٹي قیمت في جلد مصا۸ر

وہ کتابیں جنکي قیمت دوسري کمیٹي مسلمانان میں جمع ھوگي —

جواب کتاب ڈاکٹر ھنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خاں بزبان انگریزي قیمت في جلد ... مصم۸ر

اسباب بغاوت ھندوستان مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزي قیمت في جلد ... مصم۸ر

تہذیب الاخلاق من ابتداے شوال سنہ ۱۲۸۶ ھجري لغایت سنہ ۱۲۸۸ ھجري قیمت ... ۷ے۸ر

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۸۹ ھجري قیمت مصا۸ر

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۹۰ ھجري قیمت مصا۸ر

دستخط
سید احمد خاں
سکرٹري
کمیٹي ھاے مذکورہ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم شعبان سنہ ۱۲۹۱ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاغ

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور کنونشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط ارہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۸

نمیقہ

ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین

مکرمي میري سمجھہ تو سب سے نرالي ھی میں تو جناب رسول خدا صلعم کو خاتم النبیین جانتا ھوں پرچہ ختم نبوت یا رسالت کے اور ایسے خاتم کو تاخر زماني اور افضلیت دونوں لازم ھیں *

اسکي ایسي مثال ھی کہ ایک بادشاہ نے بہت سي نعمتیں اپني جنگلي اور وحشي رعیت کے تقسیم کرنیکو رکھي ھوں اور یہہ ٹھہرایا ھو کہ جوں جوں ان وحشیونکو عقل و تمیز آتي جاوے گي توں توں عمدہ نعمتیں اُن میں تقسیم ھوتي جاویں گي پس ضرور ھوگا کہ جو نعمتیں اُنکو اول دیجاویں گو نفسہ وہ اچھي اور عمدہ ھوں مگر اُسکے بعد کي نعمتیں یقیني پہلے سے اچھي ھونگي یہاں تک کہ سب سے اخیر جو نعمت دي جاوے وہ سب سے اچھي ھوگي *

اب فرض کرو کہ اُس بادشاہ نے اُن نعمتوں کے تقسیم کرنے والے بترتیب مقرر کیئے ھر ایک نے اپني باري میں مطابق عقل اور تمیز اُن وحشیوں کے نعمتیں دیني شروع کیں اور اسیطرح درجہ بدرجہ نعمتیں تقسیم ھوتي رھیں یہاں تک کہ اخیر نعمت رہگئي اور سب سے اخیر بانٹنے والا جو تھا اُسکي باري آئي اُس وقت وہ لوگ بھي اُس نعمت کے لینے کے قابل ھوگئے تھے وہ اخیر بانٹنے والا آیا اور اخیر نعمت بانٹ گیا پس وہ خاتم القاسمین ھی تہ اس وجہ سے کہ وہ اخیر زمانہ میں آیا اور نہ اس وجہ سے کہ اُس کے بعد کوئي بانٹنے نہیں آئیگا کیونکہ یہہ دونوں باتیں تو خاتمیت کے لوازم سے ھیں بلکہ دراصل وہ اس وجہ سے خاتم ھی کہ وہ خاتم نعمت ھی و ھو خاتم لانہ قد ختمت النعمۃ بتقسیمہ اور جبکہ وہ نعمت اخیر سب سے عمدہ و افضل تھي تو اس خاتم کا بھي سب سے افضل ھونا لازم ھی اور جوکہ تدریج زماني بھي اُسکو لازم تھي اِسلیئے اُس خاتم کو تاخر زماني بھي لازم ھی *

یعنہ یہي مثال نبوت کي ھی دین اللہ کا نعمت ھی اور بندوں میں تقسیم کرنے والے انبیاء علیہم السلام ھیں انبیاء سابقین مناسب حال امت سابقہ کے وہ نعمت تقسیم کرتے آئے یہانتک کہ جسکي اخیر دفعہ باري تھي اور اخیر نعمت باقي رہ گئي تھي اور اُسکي تقسیم کا زمانہ بھي آ گیا تھا وہ آیا اور وہ نعمت دے گیا وہ نعمت ختم ھوگئي رسالت اور نبوۃ بھي ختم ھوگئي اور خود اُس نعمت کے مالک نے پکار کر کہدیا " الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتي ورضیت لکم الاسلام دینا " پس تعدد خاتم کسي معني پر او ممتنع بالذات ھی اور شرک من حیث الذات اور من حیث العرض دو نوں ممتنع ھیں اثر ابن عباس کي صحت کا میں قایل نہیں ھوں جیکہ رسالت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کي عام تھي تو خاتمیت بھي بمعني مذکور عام تھي*

ھاں فیض الھي کبھي ختم نہیں ھونے کا بقول حافظ شیراز علیہ الرحمہ

فیض روح القدس ارباز مدد فرماید
دیگراں ھم بکنند انچہ مسیحا میکرد

مگر سب اُسي کو کائینگے ھمارے پیا کہہ گئے صلعم جیسیکہ انبیاء بقیہ اسرائیل میں بہت سے ایسے نبي گذرے جو اپنے پہلے نبي کے دین کو قایم کرتے رہے پس ھمارے میاں کي امت میں بھي بہت سے ایسے گذرے اور گذرینگے جو دین محمدي کي حقیقت قایم کیا کرینگے اور مجدد کہلاوینگے اور لوگ اُنکو کافر کہا کیئے اور کہا کرینگے بھائي یہہ باتیں کتابیں پڑھنے سے حل نہیں ھوتیں محمد صلی اللہ علیہ و سلم کے سینہ کا نور او تب اِس مرحلہ کو طی کرو و تداوتیت من اللہ تعالے نور من انوار المحمدیہ صلعم واللہ علی ما نقول رکیل *

بھائي تم سمجھو کہ ھر ایک کو اپنے پیا سے جدي جدي راھیں ھوتي ھیں کوئي اُسکي باتوں ھي پر مرتا ھی کوئي اُسکي چتون پر ھي لوٹتا ھی کوئي اُسکي ادا کا دیوانہ ھی کوئي پہاڑ کي چوٹي پر سایہ دار سبزوں میں اپنے دل کا دوتارہ بجاکر یہہ گارھا ھی —

ز فرق تا بقدم ھر کجا کہ مي نگرم
کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا است

پس جو شخص کہ اپنے تئیں امت محمدي کہتا ھی اور تصدیق کرتا ھی محمد رسول اللہ کي تو یقیني تمام بزرگیوں کا آنحضرت صلعم میں اقرار کرتا ھی پھر کیونکر خیال ھوسکتا ھی کہ اُس کے کسي کلام سے گر کہ وہ ھر طبقہ میں خاتم کا ھونا ھي ھو گمان بد کیا جاسکتا ھی وہ بھي دیوانے ھیں مگر اُس کي سب اداؤں پر — جو لوگ مسلمان ھیں اور بزرگ ھیں اور علماء میں سے ھیں اور ھمارے فخر ھیں جنکي کفش برداري کے بھي ھم لایق نہیں اُن پر بد ظني نہیں چاھیئے بھائي اگر رھي کافر ھوں تو کیا ھم تم مسلمان ھونگے — کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم — والسلام علی من اتبع الھدی *

خاکسار
حید احمد

تتمۂ تفسیرالسموات

قسم چہارم

وہ آیتیں جن میں لفظ سموات کا بصیغۂ جمع بمعنے محیط پر یا بلحاظ اُس کے اقسام کے ابعاد متعددہ میں اطلاق ہوا ہی *

۱ — ھوالذي خلق لکم ما فی الارض جمیعا ثم استوی الی السماء فسویھن سبع سموات — البقر آیت ۲۷ *

ترجمہ — وہ وھی ہی جس نے پیدا کیا تمھارے لیئے جو کچھ زمین میں ہی سب کا سب اور پیدا کیا بلندی کو تو درست کیئے سات یعنی متعدد آسمان *

۲ و ۳ — ثم استوی الی السماء وھی دخان فقال لھا و للارض ائتیا طوعاً او کرھاً قالتا اتینا طائعین فقضاھن سبع سموات في یومین و اوحي في کل سماء امرھا — فصلت آیت ۱۱ و ۱۲ *

ترجمہ — اور پیدا کیا بلندی کو اور وہ دھواں دھار یعنی تاریک تھی پھر کہا اُس کو اور زمین کو حکم مانو خوشی سے خواہ نا خوشی سے دونوں نے کہا ھمنے حکم مانا خوشی سے پھر کردیئے سات یا متعدد آسمان دو دن میں اور ڈالدیا ہر آسمان میں اُس کا کام *

۴ — تنزیلا ممن خلق الارض والسموات العلی — طٰہٰ آیت ۳ *

ترجمہ — بھیجا ھی اُس شخص نے جس نے بنائی زمین اور آسمان اونچے *

۵ — امن خلق السموات والارض — النمل آیت ۶۱ *

ترجمہ — بھلا کسنے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۶ — و ھوالذي خلق السموات والارض بالحق — الانعام آیت ۷۲ *

ترجمہ — وہ وہ ھی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو جیسے چاھیئے *

۷ — خلق السموات والارض بالحق — التغابن آیت ۳ *

ترجمہ — پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو جیسے چاھیئے *

۸ — الم ترآن اللہ خلق السموات والارض بالحق — ابراھیم آیت ۲۲ *

ترجمہ — کیا تونے نہیں دیکھا کہ پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو جیسا چاھیئے *

۹ و ۱۰ — و ما خلقنا السموات والارض و ما بینھما الا بالحق — الحجر آیت ۸۵ — الاحقاف آیت ۲ *

ترجمہ — اور نہیں پیدا کیا ھمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ کہ اُن کے بیچ میں ہی مگر جیسے چاھیئے *

۱۱ — خلق السموات والارض بالحق تعالی عما یشرکون — النحل آیت ۳ *

ترجمہ — پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو جیسا چاھیئے اُسکی ذات بلند ھی اُس سے کہ اُس کا شریک ٹھہراتے ھیں *

۱۲ — خلق اللہ السموات والارض بالحق ان في ذالک لآیۃ لمؤمنین — العنکبوت آیت ۴۳ *

ترجمہ — پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو جیسا چاھیئے بیشک اس میں ایک دلیل ھی نیک دل والوں کو *

۱۳ — و خلق اللہ السموات والارض بالحق — الجاثیہ آیت ۲۱ *

ترجمہ — اور پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو جیسا چاھیئے *

۱۴ — الحمد للہ الذي خلق السموات والارض وجعل الظلمات والنور الانعام آیت ۱ *

ترجمہ — خدا ھی کے لیئے سب تعریفیں ھیں جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور پیدا کیا اندھیرے کو اور اُجالے کو *

۱۵ و ۱۶ — ان ربکم اللہ الذي خلق السموات والارض — الاعراف آیت ۵۲ — یونس آیت ۳ *

ترجمہ — بیشک تمھارا پروردگار اللہ ھی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۱۷ — و ھوالذي خلق السموات والارض في ستۃ ایام و کان عرشہ علی الماء — ھود آیت ۹ *

ترجمہ — اور وہ وھی ھی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن میں اور تھا تخت اُس کا پانی پر *

۱۸ — و لقد خلقنا السموات والارض و ما بینھما في ستۃ ایام — ق آیت ۳۷ *

ترجمہ — البتہ پیدا کیا ھمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ اُن میں ھی چھ دن میں *

۱۹ و ۲۰ — الذي خلق السموات والارض — ابراھیم آیت ۳۷ — الفرقان آیت ۶۰ *

ترجمہ — جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۲۱ و ۲۲ — خلق السموات والارض — الزمر آیت ۷ — الاحقاف آیت ۳۲ *

ترجمہ — پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۲۳ — لخلق السموات والارض اکبر من خلق الناس — المومن آیت ۹ *

ترجمہ — البتہ پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا بڑا ھی آدمیوں کے پیدا کرنے سے *

۲۴ لقایت ۲۶ — في خلق السموات والارض — البقرة آیت ۱۵۹ — آل عمران آیت ۱۸۷ و ۱۸۸ *

ترجمہ — بیچ پیدا کرنے آسمانوں کے اور زمین کے *

۲۷ — یوم خلق السموات والارض — التوبة آیت ۳۶ *

ترجمہ — جس دن پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۲۸ — او لم یروا ان اللہ الذي خلق السموات والارض قادر علی ان یخلق مثلهم — اسرائیل آیت ۱۰۱ *

ترجمہ — کیا نہیں دیکھا تمنے کہ جس اللہ نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو طاقت رکھتا ہی اس بات پر کہ پیدا کرے اُن کي مانند *

۲۹ — ما اشهدتهم خلق السموات والارض — الکهف آیت ۴۹ *

ترجمہ — میںنے بلایا نہ تھا اُن کو بروقت پیدا کرنے آسمانوں کے اور زمین کے *

۳۰ لقایت ۳۳ — و لئن سألتهم من خلق السموات والارض — العنکبوت آیت ۶۱ — لقمان آیت ۲۴ — الزمر آیت ۷ — الزخرف آیت ۸ *

ترجمہ — اگر تو پوچھے اُن سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۳۴ — خلق اللہ السموات والارض — الروم آیت ۷ *

ترجمہ — اللہ نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۳۵ — هوالذي خلق السموات والارض في ستة ایام — الحدید آیت ۵ *

ترجمہ — وہ وہ ہی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن میں *

۳۶ — اللہ الذي خلق السموات والارض و ما بینهما — السجدہ آیت ۳ *

ترجمہ — اللہ وہ ہی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھہ کہ اُن میں ہی *

۳۷ — ام خلقوا السموات والارض بل لا یوقنون — الطور آیت ۳۶ *

ترجمہ — کیا اُنہوں نے پیدا کیا ہی آسمانوں کو اور زمین کو — نہیں — پر ایمان نہیں لاتے *

۳۸ — اولیس الذي خلق السموات والارض — یس آیت ۸۱ *

ترجمہ — کیا نہیں ہی وہ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو *

۳۹ — خلق السموات بغیر عمد ترونها — لقمان آیت ۹ *

ترجمہ — پیدا کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے کہ دیکھو تم اُس کو *

۴۰ — رفع السموات بغیر عمد ترونها — رعد آیت ۲ *

ترجمہ — بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے کہ دیکھو تم اُس کو *

۴۱ و ۴۲ — و من آیاته خلق السموات والارض — الشوری آیت ۲۸ — الروم آیت ۲۱ *

ترجمہ — اور اُس کي نشانیوں میں سے ہی پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا *

۴۳ — و ما خلقنا السموات والارض و ما بینهما لاعبین — الدخان آیت ۳۸ *

ترجمہ — اور نہیں پیدا کیا ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھہ کہ اُن کے بیچ میں ہی کھلنڈي میں *

۴۴ — اللہ الذي خلق سبع سموات و من الارض مثلهن — الطلاق آیت ۱۲ *

ترجمہ — اللہ وہ ہی جس نے پیدا کیا سات یا متعدد آسمانوں کو اور زمین کو بھي اُن کي مانند یعني متعدد *

۴۵ و ۴۶ — الم تر کیف خلق اللہ سبع سموات طباقاً و جعل القمر فیهن نوراً و جعل الشمس سراجاً — نوح آیت ۱۵ و ۱۶ *

ترجمہ — کیا تمنے نہیں دیکھا کہ کس طرح پیدا کیا اللہ نے سات یا متعدد آسمانوں کو تلے اوپر اور کیا اُن میں چاند کو نور اور کیا سورج کو روشن چراغ *

۴۷ — الذي خلق سبع سموات طباقاً — الملک آیت ۳ *

ترجمہ — جس نے پیدا کیا سات یا متعدد آسمانوں کو تلے اوپر *

۴۸ و ۴۹ — رب السموات والارض و ما بینهما ان کنتم موقنین — الدخان آیت ۶ — الشعراء آیت ۲۳ *

ترجمہ — پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا اور اُس سب کا جو اُن میں ہی اگر تم یقین کرنے والے ہو *

۵۰ — قل من رب السموات والارض — الرعد آیت ۱۷ *

ترجمہ — پوچھہ کون ہی پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا *

۵۱ لقایت ۵۳ — رب السموات والارض — اسرائیل آیت ۱۰۴ الکهف آیت ۱۳ — مریم آیت ۶۶ *

ترجمہ — پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا *

۵۴ — ربکم رب السموات والارض الذي فطرهن — الانبیاء آیت ۵۷ *

ترجمہ — تمہارا پروردگار وہي آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہی جس نے پیدا کیا اُن کو *

۵۵ — قل من رب السموات السبع و رب العرش العظیم — المومنون آیت ۸۸ *

ترجمہ — پوچھو کون ھی پروردگار سات یا متعدد آسمانوں کا اور پروردگار اُس بڑے تخت کا یعنی اُس بڑی بادشاھت کا *

۵۶ لغایت ۵۹ — رب السموات والارض و ما بینھما — الصافات آیت ۵ — ص آیت ۶۶ — الدخان آیت ۶ النباء آیت ۳۷ *

ترجمہ — پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا اور اُس سب کا جو اُن میں ھی *

۶۰ — سبحان رب السموات والارض رب العرش عما یصفون — الزخرف آیت ۸۲ *

ترجمہ — پاک ھی پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار عرش کا اُن باتوں سے جو اُسکو لگاتے ھیں *

۶۱ — فللحمد رب السموات و رب الارض رب العالمین — الجاثیہ آیت ۳۵ *

ترجمہ — اللہ ھی کے لیئے سب تعریفیں ھیں جو پروردگار ھی آسمانوں کا اور پروردگار ھی زمین کا پروردگار ھی سارے جہان کا *

۶۲ — وللہ ملک السموات والارض و ما بینھما — المائدہ آیت ۲۱ *

ترجمہ — اور اللہ ھی کے لیئے ھی بادشاھت آسمانوں کی اور زمین کی اور اُس سب کی جو اُن میں ھی *

۶۳ — للہ ملک السموات والارض و ما فیھن — المائدہ آیت ۱۲۰ *

ترجمہ — اللہ ھی کے لیئے ھی بادشاھت آسمانوں کی اور زمین کی اور اُس سب کی جو اُن میں ھی *

۶۴ — اولم ینظروا فی ملکوت السموات و الارض — الاعراف آیت ۱۸۴ *

ترجمہ — کیا غور نہیں کی اُنھوں نے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاھت میں *

۶۵ — و کذلک نری ابراھیم ملکوت السموات و الارض — الانعام آیت ۷۵ *

ترجمہ — اور اسیطرح دکھلائی ھمنے ابراھیم کو بادشاھت آسمانوں کی اور زمین کی *

۶۶ — لغایت ۸۲ — ملک السموات و الارض — المایدہ آیت ۴۴ التوبہ آیت ۱۱۷ — الاعراف آیت ۱۵۸ — النور آیت ۴۲ الفرقان آیت ۲ — الشوری آیت ۴۸ — الزخرف آیت ۸۵ الجاثیہ آیت ۲۶ — الفتح آیت ۱۴ — الحدید آیت ۲ و ۵ البروج آیت ۹ — الزمر آیت ۴۵ — ص آیت ۹ البقرہ آیت ۱۰۱ — المایدہ آیت ۲۰ — آل عمران آیت ۱۸۹ *

ترجمہ — بادشاھت آسمانوں کی اور زمین کی *

۸۳ لغایت ۱۲۳ مافی السموات و مافی الارض — البقرہ آیت ۱۱۰ و ۲۵۶ و ۲۸۴ — آل عمران آیت ۲۷ و ۱۰۵ و ۱۲۴ — النساء آیت ۱۲۵ و ۱۳۰ و ۱۳۱ و ۱۶۸ و ۱۶۹ المایدہ آیت ۹۸ — الانعام آیت ۱۲ — یونس آیت ۵۶ و ۶۹ — ابراھیم آیت ۲ — النحل آیت ۵۱ و ۵۴ طٰہٰ آیت ۵ — الحج آیت ۶۳ — النور آیت ۶۴ العنکبوت آیت ۵۲ — لقمان آیت ۱۹ و ۲۵ — سباء آیت ۱ و ۳ و ۲۱ — الملایکہ آیت ۴۳ — الشوری آیت ۲ و ۵۳ — الجاثیہ آیت ۱۲ — الحجرات آیت ۱۶ — النجم آیت ۳۲ — الحدید آیت ۱ المجادلہ آیت ۸ — الحشر آیت ۱ و ۲۴ — الصف آیت ۱ — الجمعہ آیت ۱ — التغابن آیت ۱ و ۳ *

ترجمہ جو کچھہ کہ آسمانوں میں ھی اور جو کچھہ کہ زمین میں *

۱۲۴ لغایت ۱۳۶ — من فی السموات و الارض — آل عمران آیت ۷۷ — یونس آیت ۶۷ — الرعد آیت ۱۶ — الانبیاء آیت ۱۹ — مریم آیت ۹۳ — الحج آیت ۱۸ — النور آیت ۴۱ — النمل آیت ۶۶ و ۸۹ — الروم آیت ۲۵ الزمر آیت — ۶۸ — الرحمن آیت ۲۹ — اسرائیل آیت ۵۷ *

ترجمہ — جو کوئی آسمانوں میں ھی اور زمین میں *

۱۳۷ و ۱۳۸ — من السموات و الارض — النحل آیت ۷۵ — سباء آیت ۲۳ *

ترجمہ — آسمانوں سے اور زمین سے *

۱۳۹ لغایت ۱۴۹ — فی السموت و فی الارض — الانعام آیت ۳ الاعراف آیت ۱۸۶ — یونس آیت ۶ و ۱۹ و ۱۰۱ یوسف آیت ۱۰۵ — الروم آیت ۱۷ و ۲۶ — لقمان آیت ۱۵ — الجاثیہ آیت ۲ و ۳۶ *

ترجمہ — آسمانوں میں اور زمین میں *

۱۵۰ — انا عرضنا الامانۃ علی السموات و الارض — الاحزاب آیت ۷۲ *

ترجمہ — ھمنے دکھلائی امانت آسمانوں کو اور زمین کو *

۱۵۱ — و جنة عرضها السموات والارض — آل عمران آیت ۱۲۷ *

ترجمہ — جنت جس کا پھیلاؤ ہی آسمان اور زمین *

۱۵۲ و ۱۵۳ — ما دامت السموات والارض — ہود آیت ۱۰۹ و ۱۱۰ *

ترجمہ — جب تک رہیں آسمان اور رہے زمین *

۱۵۴ — تسبح له السموات السبع والارض و من فیهن — اسرائیل آیت ۴۶ *

ترجمہ — پاکیزگی سے یاد کرتے ہیں اُس کو ساتوں آسمان اور زمین *

۱۵۵ و ۱۵۶ — ان اللہ یعلم غیب السموات والارض — الملائکة آیت ۳۸ الفتح آیت ۱۸ *

ترجمہ — البتہ اللہ جانتا ہی چھپی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی *

۱۵۷ — انی اعلم غیب السموات والارض — البقرة آیت ۳۱ *

ترجمہ — البتہ میں جانتا ہوں چھپی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی *

۱۵۸ لغایت ۱۶۰ — و لله غیب السموات والارض — النحل آیت ۷۹ — الکہف آیت ۲۵ — ہود آیت ۹ *

ترجمہ — اور اللہ کے لیئے ہی چھپی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی *

۱۶۱ و ۱۶۲ — و لله میراث السموات والارض — آل عمران آیت ۱۷۶ — الحدید آیت ۱۰ *

ترجمہ — اور اللہ وارث ہی آسمانوں کا اور زمین کا *

۱۶۳ — ولله خزائن السموات والارض — المنافقون آیت ۷ *

ترجمہ — اور اللہ کے لیئے ہیں خزانے آسمانوں کے اور زمین کے *

۱۶۴ و ۱۶۵ — مقالید السموات والارض — الزمر آیت ۶۳ الشوری آیت ۱۰ *

ترجمہ — کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی *

۱۶۶ و ۱۶۷ — وللہ جنود السموات والارض — الفتح آیت ۴ و ۷ *

ترجمہ — اور اللہ کے لیئے ہیں لشکر آسمانوں کے اور زمین کے *

۱۶۸ — اللہ نور السموات والارض — النور آیت ۳۵ *

ترجمہ — اللہ ہی نور آسمانوں کا اور زمین کا *

۱۶۹ — الا یسجدوا لله الذی یخرج الخب فی السموات والارض النمل آیت ۲۵ *

ترجمہ — کیوں نہ سجدہ کریں اللہ کو جو نکالتا ہی چھپی چیز آسمانوں میں اور زمین میں *

۱۷۰ — و کم من ملک فی السموات لا تغنی شفاعتهم شیئا — النجم آیت ۲۶ *

ترجمہ — بہت سے فرشتے ہیں آسمانوں میں کام نہیں آتی اُن کی سفارش *

۱۷۱ — یوم تبدل الارض غیر الارض والسموات — ابراہیم آیت ۴۹ *

ترجمہ — جس دن کہ بدل دی جاوے یہہ زمین زمین کے سوا (یعنی اور کسی چیز سے) اور بدل دیئے جاویں آسمان *

۱۷۲ — یاهامان ابن لی صرحاً لعلی ابلغ الاسباب اسباب السموات فاطلع الی الله موسی و انی لاظنه کاذباً — المومن آیت ۳۹ *

ترجمہ — ای ہامان بنا میرے لیئے ایک محل شاید کہ میں پہونچوں رستوں رستوں میں آسمان کے رستوں میں پھر دیکھوں موسی کے خدا کو اور میری اِس بات میں تو وہ جھوٹا ہی *

۱۷۳ — ارونی ماذا خلقوا من الارض ام لهم شرک فی السموات — الاحقاف آیت ۳ *

ترجمہ — دکھاؤ تو مجھکو اُنہوں نے کیا پیدا کیا ہی زمین میں یا کچھہ اُن کو ساجھا ہی آسمانوں میں *

۱۷۴ و ۱۷۵ — بدیع السموات والارض — البقرة آیت ۱۱۱ الانعام آیت ۱۰۱ *

ترجمہ — بغیر نمونہ کے بنانے والا آسمانوں کا اور زمین کا *

۱۷۶ لغایت ۱۸۱ — فاطر السموات والارض — الانعام آیت ۱۴ یوسف آیت ۱۰۲ — الملائکة آیت ۱ — ابراہیم آیت ۱۱ الزمر آیت ۴۷ — الشوری آیت ۹ *

ترجمہ — بنانے والا آسمانوں کا اور زمین کا *

۱۸۲ — فطر السموات والارض — الانعام آیت ۷۹ *

ترجمہ — بنایا آسمانوں کو اور زمین کو *

۱۸۳ — اولم یوالذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقاً ففتقنهما الانبیاء آیت ۳۱ *

ترجمہ — شاہ ولی اللہ صاحب نے اس آیت کا ترجمہ اس طرح لکھا ہی — ایا ندیدند کافران کہ آسمانہا و زمین بستہ بودند پس وا کردیم ایں ہا را *

اور حاشیہ پر یہہ عبارت لکھی ہی — را کردن آسمان ہا نازل کردن مطراست و وا کردن زمین روپانیدن گیاہ از وے *

اور شاہ عبدالقادر صاحب نے اسکا ترجمہ یہہ لکھا ہی — اور کیا نہیں دیکھا ان منکروں نے کہ آسمان اور زمین مرتھہ بند تھے پھر ہمنے اُنکو کھولا *

اور حاشیہ پر لکھا ہی — مرفوعہ بلند تھی یعنی ایک چیز تھی زمین سے نہریں اور کانیں اور سبزے بھانت بھانت نکالے آسمان سے کئی ستارے ہر ایک کا گھر جدا اور چال جدی *

۱۸۴ — ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ — الملائکہ آیت ۳۹ *

ترجمہ — بیشک اللہ تھامی رکھتا ہی آسمانوں کو اور زمین کو ٹل جانے سے اور اگر ٹل جاویں تو کوئی نہ تھام سکے اُنکو اُسکے سوا *

۱۸۵ — ولواتبع الحق اھواءھم لفسدت السموات والارض ومن فیھن — المومنون آیت ۷۳ *

ترجمہ — اور اگر خدا چلے انکی خوشی پر تو خراب ہوں آسمان اور زمین اور جو کوئی اُنکے بیچ میں ہی *

۱۸۶ — تکاد السموات یتفطرن من فوقھن — الشوری آیت ۳

ترجمہ — قریب ہی کہ آسمان پھٹ پڑیں اوپر سے *

۱۸۷ — قالوا اتخذ الرحمن ولدا لقد جئتم شیئا ادا تکاد السموات والارض یتفطرن منہ و تنشق الارض و تخر الجبال ھدا ان دعوا للرحمن ولدا وما ینبغی للرحمن ان یتخذ ولدا مریم — آیت ۹۲ *

ترجمہ — وہ کہتے ہیں کہ خدا نے بیٹا کیا ہی بیشک نہایت سخت بات کہی ہی جس سے قریب ہی آسمان پھٹ پڑیں اور پھٹ جاوے زمین اور گر پڑیں پہاڑ ٹکڑے ہوکر خدا کے لیئے بیٹا کہنے سے *

۱۸۸ — وما قدروا اللہ حق قدرہ والارض جمیعاً قبضتہ یوم القیامۃ والسموات مطویات بیمینہ سبحانہ و تعالی عما یشرکون الزمر آیت ۶۷ *

ترجمہ — اور نہ قدر کی اُنھوں نے اللہ کی جتنی کہ اُس کی قدر کرنی چاہیئے تھی اور سب ساری زمین اُس کی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہونگے اُس کے داہنے ہاتھ میں *

قسم پنجم

وہ آیتیں جن میں لفظ سموات کا مجازاً کواکب پر اطلاق ہوا ہی جیسکہ مجازاً ظرف سے مظروف مراد لیجاتی ہی *

۱ — الذی خلق سبع سموات طباقا — الملک آیت ۳

ترجمہ — جسنے پیدا کیا سات یا متعدد آسمانوں یعنی کواکب کو تلے اوپر *

اس آیت کے بعد کی آیتوں میں خدا فرماتا ہی — ماتری فی خلق الرحمن من تفاوت — یعنی تو نہیں دیکھتے کا خدا کے پیدا کرنے میں کچھ فرق — پھر خدا فرماتا ہی — فارجع البصر ھل تری من فطور — یعنی پھر پھر کر اپنی نگاہ کو کہیں تجھکو دکھائی دیتی ہی کچھ خرابی — پھر خدا فرماتا ہی — ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئاً و ھو حسیر — یعنی پھر پھیر اپنی نگاہ کو در در بار اُلٹ آویگی تیرے پاس تیری نگاہ عاجز ہوکر اور تھک کر *

ان آیتوں سے معلوم ہوتا ہی کہ جن آسمانوں کے پیدا کرنیکا ذکر خدا نے پہلے ایہ میں کیا ہی وہ ایسی چیز ہی کہ انسان اُسکو دیکھ سکتے ہیں لیکن سبع سموات سے کوئی سے آسمان مراد لو خواہ مجسم خواہ محل سیر کواکب مگر وہ دکھائی نہیں دیتے پس خدا کا پھر فرمانا کہ اُنکو دیکھو اور پھر نگاہ کرو اور پھر نگاہ پھیر کر دیکھو محض لغو اور بےسود ہوگا *

"فارجع البصر" سے یہی آیندہ کی نگاہ مراد ہی کہ کوئی دوسری چیز چنانچہ امام صاحب بھی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں — فما معنی ثم ارجع البصر الجواب امرہ برجع البصر یعنی اس آیت میں نظر کے پھیرنیکا حکم ہی *

تعجب یہ ہی کہ امام صاحب بھی سمجھتے ہیں کہ یہ سموات جنکا ذکر اس آیت میں ہی محسوس ہونے چاہیئں اور ارقام فرماتے ہیں کہ "ان الحس دل علی ان ھذہ السموات السبع اجسام مخلوقۃ علی وجہ الاحکام والاتقان" مگر یہ نہیں بتایا کہ کیونکر حس اُنکے اجسام ہونے پر دلالت کرتی ہی حالانکہ وہ تو محسوس نہیں ہیں *

پس ضرور ہی کہ اس جگہ سموات سے وہ چیزیں مراد ہوں جو مرئی اور محسوس ہیں اور ہر کوئی اُنکو دیکھتا ہی تا کہ اُنکے پیدا کرنے کی دلیل سے خدا کی عظمت اور اُس کی خالقیت ثابت کی جاوے اور جو کہ سموات درحقیقت محل سیر کواکب ہیں تو بمنزلہ ظرف کے ہیں اور کواکب بمنزلہ مظروف کے پس اسمقام پر سموات سے مجازاً کواکب مراد ہیں — رہا گیا ہی ظرف اور مراد ہی مظروف لفظ سبع اگر بمعنی حقیقی لیا جاوے تو اُس سے یہہ سات کواکب سیارہ مراد ہونگے جو ہمارے لیئے بہ نسبت اور کواکب کے زیادہ تر مہیب ہیں اور اگر اُس کا استعمال بطور محاورہ عرب بلا تعین عدد سمجھا جاوے تو اُس سے تمام کواکب جو ہمکو دکھائی دیتے ہیں مراد ہونگے *

ظرف سے مظروف مراد ہونے پر قرینہ قویہ موجود ہی یعنی اگلی آیتوں میں جو کچھ بیان ہوا ہی وہ ایسی اشیاء پر جو مرئی نہیں

میں اور دکھائی نہیں دیتیں صادق نہیں آتا اور اسلیئے ضرور ہوا ہی کہ طرف سے مظروف مراد لیجاوے *

اس مقام پر ظرف کو مجازاً بمعنی مظروف بیان کرنے میں ایک بڑی عمدگی و باریکی ہی کیونکہ اگر یوں کہا جاتا کہ — الذی خلق سبع کواکب طباقا — تو یہہ قول صرف نفس کواکب پر دلالت کرتا حالانکہ اُنکے حالات اور اُنکی حرکات اور جو انتظام کہ اُنکے حرکات میں ہی وہ نفس کواکب سے بھی زیادہ عجیب ہی اور جنکے سے جو آنکا محل سیر ہی اُن پر اشارہ کرنے سے جو عجائبات کہ نفس کواکب اور اُنکے حالات میں ہیں وہ سب کے سب پک لحظہ ذہن میں آجاتے ہیں *

" طباقا " کا لفظ صفت ہی سموات کی جس سے کواکب ہمنے مراد لیئے ہیں اُس سے مثل پیاز کے چھلکے کے تو ہر تو ہونا پایا نہیں جاتا — ابن کثیر نے بھی اپنی تفسیر میں اُسکا ملاحظہ کرنا تسلیم نہیں کیا بلکہ طباقا سے صرف اُن کا اوپر تلے ہونا اور متوازی ہونا مراد ہی — " قال الامام فی تفسیرہ لعل المراد کونہا طباقا کونہا متوازیۃ لانہا متماسۃ " — یعنی طباقا کے لفظ سے یہہ ضرور نہیں ہی کہ وہ چھتے ہوئے ہوں بلکہ یہہ مطلب ہو کہ متوازی ہوں (یعنی جوانب میں ایک دوسرے سے ٹکرا نجاویں) *

اس کی تائید قرآن مجید کی دوسری آیت سے بخوبی ہوتی ہی جہاں فرمایا ہی " والشمس تجری لمستقر لہا ذلک تقدیر العزیز العلیم والقمر قدرناہ منازل حتی عاد کالعرجون القدیم لا الشمس ینبغی لہا ان تدرک القمر و لا الیل سابق النہار و کل فی فلک یسبحون " *

یعنی آفتاب چلتا ہی اپنی قرار گاہ میں یہہ ٹھہرایا ہوا ہی اُس زبردست جاننے والے کا اور چاند کے لیئے اُس نے مقرر کی ہیں منزلیں یہاں تک کہ پھر ہوجاتا ہی مانند پرانی ٹہنی کے (یعنی ہلال) نہ سورج کرسکتا ہی کہ چاند کو پکڑلے (یعنی ٹکر مارے) اور نہ رات اگے بڑھ سکتی ہی دن سے اور ہر ایک یعنی سورج و چاند و ستارے ایک ایک گھیرے میں پھرتے ہیں — پس طباقا کے لفظ سے بھی مطلب ہی کہ بارجودیکہ اسقدر کواکب ہیں جنکی انتہا نہیں اور سب اپنے اپنے محل سیر میں پھرتے ہیں اور ایک دوسرے سے ٹکراتا نہیں *

اسی آیت کی مانند یہہ آیت ہی " و بنینا فوقکم سبعا شدادا و جعلنا سراجا و ہاجا " یعنی بنائے ہمنے تمہارے اوپر سات یا متعدد کواکب مضبوط اور کیا ہمنے اُن میں سے ایک کو چراغ روشن *

افسوس ہی کہ بعض اکابر نے اس آیت کی تسبیع مکابرہ کیا ہی وہ فرماتے ہیں کہ اگر سبع سے سات ستارے معہودہ مراد ہوتے تو لفظ سبع کو معرف باللام لانا ضرور تھا — اگرچہ ہمتو سمجھتے ہیں کہ بعد اس شہرت تعریف باللام ضرور نہ تھی مگر اس کے جواب سے ہم مجبور ہیں اس لیئے کہ خدا نے اور جگہہ بھی ایسا ہی فرمایا ہی چنانچہ " والطور و کتاب مسطور فی رق منشور " میں کتاب معہودہ کو غیر معرف باللام فرمایا ہی *

امام فخرالدین رازی فرماتے ہیں کہ " ماالحکمۃ فی تنکیر الکتاب و تعریف باقی الاشیاء نقول مایحتمل الخفاء من الامور الملتبسۃ یامثالہا من الاجناس یعرف باللام فیقال رایت الامیر و دخلت علی الرزیر فاذا بلغ الامیر الشہرۃ بحیث یرمن الالتباس مع شہرتہ و یرید الواصف وصفہ بالعظمۃ یقول الیوم رایت امیرا مالہ نظیر جالسا و علیہ سیما الملوک و انت تزید ذلک الامیر المعلوم و السبب فیہ انک بالتنکیر تشیر الی انہ خرج من ان یعلم و یعرف بکنہ عظمتہ فیکون کقولہ تعالی الحاقۃ ماالحاقۃ و ما ادراک ما الحاقۃ فالمراد ان کانت معرفۃ لکن اخرجہا عن المعرفۃ کون شدۃ ہولہا غیر معروف کذلک ہہنا الطور لیس فی شہرۃ بحیث یرمن اللبس عند التنکیر و کذلک البیت المعمور و اما الکتاب الکریم فقد تمیز عن سایر الکتب بحیث لایسبق الی افہام السامعین من النبی صلی اللہ علیہ وسلم لفظ الکتاب الا ذلک فلما امن اللبس و حصلت فایدۃ التعریف سواء ذکر باللام او لم یذکر تصد الفایدۃ الاخری وہی الذکر بالتنکیر و فی تلک الاشیاء العالم تحصل فایدۃ التعریف الا بآلۃ التعریف استعملہا و ہذا یؤید کون المراد منہ القرآن و کذلک اللوح المحفوظ مشہور *

ترجمہ — اگر کوئی کہے کیا حکمت ہی بیچ ٹکرہ لانے لفظ کتاب کے اور معرف لانے اور چیزوں کے پس ہم جواب دینگے کہ جو چیزیں احتمال رکھتی ہیں کسی قسم کی خفاء کا منجملہ اُن اُمور کے جو مشتبہ ہوتے ہیں ساتھہ اپنی امثال کے اجناس وغیرہ سے تو وہ معرفہ لائی جاتی ہیں چنانچہ یوں بولا جاتا ہی رایت الامیر و دخلت علی الرزیر یعنی دیکھا میںنے اُس امیر کو اور گیا میں پاس اُس وزیر کے اور جبکہ کوئی امیر خاص ایسا مشہور ہوجاتا ہی کہ وقت اطلاق کے وہی سمجھا جاتا ہی اور کسی دوسرے کا شبہ نہیں ہوتا اور کوئی شخص اُس مشہور امیر کی نسبت تعریف کوئی چاہتا ہی تو یوں کہتا ہی الیوم رایت امیراً مالہ نظیر جالساً و علیہ سیما الملوک یعنی آج میں نے امیر کو بیٹھے دیکھا کہ اُسکی کوئی نظیر ہی نہیں ہی اور وہ ملوکانہ شان سے بیٹھا ہوا تھا پس بوجہ شہرت کے نسبت اُسکے معرف لانے کی ضرورت نہیں ہوتی گو در حقیقت ارادہ میں امیر خاص ہی ہوتا ہی اور نکتہ اس میں یہہ ہوتا ہی کہ گویا تنکیر سے تم اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہو کہ بسبب شہرت کے وہ اس بات کا محتاج نہیں ہی کہ اُس کی کنہ عظمت کی تعریف کیجاوے پس گویا کہ ہی مثل اس قول اللہ تعالیٰ کے الحاقۃ ماالحاقۃ و ماادراک ماالحاقۃ کہ اس کلام

میں اگرچہ لفظ لام موجب تعریف ہی لیکن بسبب اُس کے ہول اور دہشت کے غیر معروف ہونیکے اسکو معرفہ ہونے کی حالت سے نکالدیا ہی اسیطرح پر طور اگرچہ مشتہر ہی لیکن اس درجہ شہرت کو نہیں پہونچا کہ التباس کا خوف نرہا ہو اور یہی حال بیت المعمور کا ہی بخلاف کتاب کریم کے کہ وہ اپنی امثال میں اس درجہ ممتاز ہی کہ جو لوگ بس نے والے ہیں وہ اس لفظ کے سنتے سے اُسی کو سمجھتے ہیتے ہیں دوسری کتاب کا شبہہ نہیں ہوتا پس جبکہ خوف التباس نرہا اور فائدہ تعریف کا شہرت ہی سے حاصل ہوگیا خواہ لام ہو یا نہو تو اس وجہ سے ایک دوسرے فائدہ کا مفید کیا گیا اور وہ فائدہ یہی ہی کہ اُس کو بالتنکیر ذکر کیا اور چونکہ اور اشیاء میں بغیر الہ تعریف کے توصیف نہیں آسکتی تھی اس لیئے اُنکو معرف باللام بیان کیا اور اس وجہ سے اس بات کی تائید ہوتی ہی کہ مراد اس سے قرآن ہی اور ایسے ہی لوح محفوظ مشہور ہی *

پس جو کہ کواکب سبع نہایت مشہور تھے بلکہ اُن کو سیارہ خیال کرنے سے لوگ بالتخصیص اور دیگر کواکب سے تمیز کرتے تھے تو ہماری دانست میں خدا نے کچھہ غلطی نہیں کی بلکہ معرف باللام لانا ضرور نہ تھا *

پھر وہ فرماتے ہیں کہ یہہ ترجمہ غلط ہی (شاید غلط ہو اسلیئے کہ ہم مولوی نہیں ہیں) وہ فرماتے ہیں نہ ہم نے اپنی جہالت اور ہوائے نفسانی سے جعلنا کو متعدی الی المفعولین ٹھہرایا ہی حالانکہ وہ متعدی الی مفعول واحد ہی *

مگر یہہ ارقام نہیں فرمایا کہ اس مقام پر جعلنا کو متعدی الی مفعول واحد قرار دینے کی اُنپر کوئی وحی نازل ہوئی ہی اور کیوں اُسکا متعدی الی المفعولین ہونا ناجایز ٹھہرایا ہی مگر چند ہمسے جاہلوں نے تو جعلنا کو اس مقام پر متعدی الی مفعولین مانا ہی * تفسیر معالم التنزیل والا کہتا ہی و جعلنا سراجاً یعنی الشمس وھاجاً مضیاً پس اس نے ایک مفعول سراج کو بمعنی شمس اور دوسرا مفعول وھاج کو قرار دیا ہی *

پھر تفسیر ابن عباس کے مصنف نے بھی جہالت کی ہی کہ و جعلنا سراجاً وھاجاً شمساً مضیاً بیان کیا ہی اور جعلنا کو متعدی الی المفعولین مانا ہی *

بے شک خدا نے بھی غلطی کی ہی کہ اوپر سے برابر جعلنا کو متعدی الی المفعولین کہتا چلآتا تھا — الم نجعل — الارض — مہاداً — والجبال — اوتاداً — وجعلنا — نومکم — سباتاً — وجعلنا — اللیل — لباسا — و جعلنا — النہار — معاشا — پھر اخیر میں بھی و جعلنا کو متعدی الی المفعولین کہدیا کہیں تو متعدی الی مفعول واحد برلا ہوتا اگر در حقیقت خدا اس قصور کا تقصیروار ہو تو ہم بھی اس جعلنا کو اس جگہہ متعدی الی مفعول واحد تسلیم کرلینگے *

سبعاً کا مضاف الیہ محذوف بالشبہہ ممکن ہی کہ سموات ہو جیسا کہ تمام مفسروں نے مانا ہی لیکن جو کہ اُنکے ذہن میں یہ تقلید یونانیان جما ہوا تھا کہ آسمان سات ہین اور اُنکا جسم شدید صلب باور ہیں ہی نہ خرق والتیام کے بھی قایل نہیں اُسی خیال سے اُنہوں نے سبعاً کا مضاف الیہ سموات کو قرار دیا ہی ورنہ اُنپر کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی کہ مضاف الیہ محذوف سموات ہی غایت یہہ ہی کہ کوئی قرینہ ہوگا باستدلال آیہ " أأنتم اشد خلقا ام السماء بناھا " لیکن یہہ استدلال ایسا نہیں ہی کہ باوجود موجود ہونے دوسرے قرینہ کے بھی کوئی اور مضاف الیہ محذوف اُسکا نمانا جاوے *

خدا تعالی نے شروع آیت میں سات کا ذکر کیا اور اُس کے ساتھہ سورج کا ذکر فرمایا پس یہہ کیسا صاف قرینہ ہی کہ وہ سات وھی ہیں جن میں کا ایک سورج ہی اور سورج اُنھی سات میں کا ایک ہی پس ایسے صاف اور روشن قرینہ سے جو سورج کی مانند چمکتا ہی سبعاً کا مضاف الیہ کواکب اور جعلنا کو متعدی الی المفعولین اور اُسکا مفعول اول احدیہن قرار دیتے ہیں اور جو کہ اُس کے حذف پر صاف قرینہ دلالت کرتا تھا اسلیئے اُسکا حذف نہایت فصیح تھا صاف صاف معنی خدا کے کلام کے تو یہی ہیں پھر یونانیوں کے تقلید کرنے والے چاہیں مانیں چاہیں نہ مانیں *

واضح ہو کہ اگر ہم اس تمام تقریر سے قطع نظر کریں اور سبعا کا مضاف الیہ سموات ہی تسلیم کریں اور سبع سموات سے بھی سموات ہی مراد لیں اور اشد کے لفظ کو بھی نسبت سمرات ہی کے تسلیم کرلیں تو بھی آسمانوں کا جسم یونانیوں کے آسمانوں کا سا جسم یا ویسا جسم جیسا کہ تیرھویں صدی کے مولوی قرار دینا چاہتے ہیں ثابت نہیں ہوتا چنانچہ اِس کی بحث آگے آویگی *

۲ — اولم یروا ان اللہ الذی خلق السموات و الارض قادر علی ان یخلق مثلھم — اسرائیل آیت ۱۰۱ *

ترجمہ — کیا نہیں دیکھا تم نے کہ جس اللہ نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو طاقت رکھتا ہی اسبات پر کہ پیدا کرے اُنکی مانند *

کیا فائدہ ہی اس آیت سے اور خدا کی قدرت پر کیونکر اقرار ہوسکتا ہی اگر وہ سموات جنکا اس میں ذکر ہی ہمکو دکھائی نہیں دیتے بالشبہہ اس مقام میں بھی سمرات سے کواکب مراد ہیں جنکو ہم دیکھتے ہیں اور خدا کی قدرت کا اقرار کرتے ہیں *

۳ — الم تر ان اللہ خلق السموات و الارض بالحق — ابراھیم آیت ۲۲ *

ترجمہ — کیا تونے نہیں دیکھا کہ پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو یعنی کواکب کو اور زمین کو جیسا چاہیئے *

اس آیت میں بھی جب تک سموات سے ایسی چیزیں مراد نہ لی جاویں جو حقیقت میں دکھائی دیتی ہوں اُسوقت تک خداتعالی کی قدرت کے اثبات پر دلیل نہیں ہوسکتی *

۴ — الم ترکیف خلق اللہ سبع سموات طباقا و جعل القمر فیھن نورا و جعل الشمس سراجا — نوح آیت ۱۵ و ۱۶ *

ترجمہ — کیا تمنے نہیں دیکھا کہ کس طرح پیدا کیا اللہ نے سات یا متعدد آسمانوں یعنی کواکب کو تلے اوپر اور کیا اُن میں چاند کو نور اور کیا سورج کو چراغ روشن *

اس آیت میں بھی ہمکو وھی بحث ھی جو پہلی آیت میں کی ھی اور جس طرح اور جس دلیل سے ہمنے سورۃ الملک کی آیت میں سموات سے کواکب مراد لیئے ھیں اسی طرح اس مقام پر بھی لیتے ھیں شمس و قمر اُن کواکب کے مغایر نہیں ھیں کیونکہ اس مقام پر لفظ فی سے داخل ھونا شمس و قمر کا اُنھی اعداد سبع میں پایا جاتا ھی

قال اللہ تبارک و تعالی من لسان ابراھیم علیہ السلام ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلو علیھم ایاتک ویعلمھم الکتاب و الحکمۃ و یزکیھم انک انت العزیز الحکیم — یعنی اے ھمارے پروردگار اُنھوں اُن میں ایک رسول اُنھی میں سے الخ *

۵ — اللہ الذی رفع السموات بغیر عمد ترونھا ثم استوی علی العرش و سخر الشمس و القمر کل یجری لاجل مسمی — الرعد آیت ۲ *

ترجمہ — اللہ وہ ھی جس نے بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستون کے کہ دیکھو تم اُس کو پھر ٹھہرا عرش پر اور فرماں بردار کیا سورج اور چاند کو ھر ایک چلتا ھی معین مدت میں *

۶ — خلق السموات بغیر عمد ترونھا — لقمان ایت ۹ *

ترجمہ — پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو بغیر ستون کے کہ دیکھو تم اُس کو *

ان دونو آیتوں میں خدا تعالی اپنی قدرت کاملہ اس طرح پر ثابت کرتا ھی کہ اُس نے سموات کو بغیر ستون کے بلند کیا ھی جب تک کہ وہ سموات بغیر ستون کے بلند ھونے کہ دکھائی دیں اُسوقت تک اُس قدرت کا ثبوت نہیں ھوسکتا *

پس اس جگھہ سموات سے خواہ یونانیوں والے مجسم آسمان مراد لو خواہ تیرھویں صدی کے مرلویوں والا خواہ محل سیر کواکب مگر اُن میں سے کوئی بھی مرئی نہیں ھی پس اگر لفظ سموات کو بجائے لفظ سماء کے سمجھو اور اُس سے یہہ نیلی چھت مراد لو تو تو ھمکو کچھہ کلام نہیں لیکن اگر اُس کو بمعنی جمع قرار دو جیسا کہ ظاھر لفظ میں ھی تو ھم اُس سے بھی کواکب مراد لینگے اُسی دلیل سے جس سے کہ پہلی آیتوں میں لیئے ھیں تاکہ دلیل پوری ھوجاوے *

شمس و قمر بھی اُنھی سموات یعنی کواکب میں داخل ھیں مگر جو کہ وہ بہ نسبت دیگر کواکب کے زیادہ عظیم الشان ھمکو معلوم ھوتے ھیں اور وہ چلتے ھوئے بھی ھرایک کو محسوس ھوتے ھیں اسلیئے اپنے کمال قدرت کو زیادہ تر ظاھر کرنے کو فرمایا کہ وہ بھی خدا کے فرمانبردار ھیں *

مولوی مہدی علی صاحب نے جو اپنے ارٹیکل میں عمد غیر مرئی کی نسبت ایک محققانہ گفتگو کی تھی اُس کی نسبت بعض اکابر نے اپنی تحریر میں مکابرہ کیا ھی ھمنے اُس کو بغور دیکھا اور مولوی مہدی علی صاحب کی زبان نے صرف اتنا ھی کہنا مناسب سمجھا کہ " شعر ھوا بہ مدرسہ کہ برد " *

علاوہ ان ایتوں کے اور بھی ایتیں ھیں جنمیں سموات کے لفظ سے کواکب مراد لینا بہ نسبت اسمانوں کے زیادہ تر مناسب ھی مگر ھم اِنھیں ایتوں پر بس کرتے ھیں *

تحقیق الفاظ آیات

جمہور فلاسفہ اور اصحاب علم ھیئۃ اسمان کی نسبت بیان کرتے ھیں کہ " انھا اجرام صلبۃ لاتنفیلۃ و لا خفیفۃ غیر قابلۃ للخرق والالتیام و النمو و الذبول "

یعنی اسمان سخت اجرام ھیں کہ برجھل ھیں اور نہ ھلکے ھیں پھٹنے اور جڑنے اور بڑھنے اور گھٹنے کے قابل نہیں ھیں — اس حقیقت اور ایسے وجود سموات کے ھم بالکل منکر ھیں *

علماء معقول اور منقول سماء و فلک دونوں کو ایک سمجھتے ھیں جیسا کہ امام فخرالدین رازی نے بھی تفسیر کبیر میں تحت تفسیر ایۃ ھل فی ذلک یسبحون کے فلک اور سماء میں کچھہ تفرقہ نہیں کیا ھی بلکہ دونوں کو ایک سمجھا ھی پس جو بحث کہ اُنھوں نے فلک کی حقیقت میں کی ھی وہ بحث گویا سماء کی اور سموات کی حقیقت میں ھی چنانچہ اُنھوں نے مفصلہ ذیل مذھب نسبت اُس کے نقل کیئے ھیں *

" قال بعضھم الفلک لیس بجسم و انما ھو مدار ھذہ النجوم وھو قول الضحاک و قال الاکثرون ھی اجسام تدور النجوم علیھا و ھذا اقرب الی ظاھر القرآن — ثم اختلفوا فی کیفیۃ نقال بعضھم الفلک موج مکفوف تجری الشمس و القمر و النجوم فیہ و قال الکلبی ماء مجمد تجری فیہ الکواکب " *

یعنی بعضوں کا قول ھی کہ فلک یعنی آسمان کا کوئی جسم نہیں ھی بلکہ وہ ستاروں کے چکر کی جگھہ ھی اور یہہ قول ضحاک کا ھی

اور اکثر عالم مفسر یہہ کہتے ہیں کہ اُن کا جسم ہی اور ستارے اُن کے اوپر پھرتے ہیں (جیسے کہ گیند پر چیرنٹی) اور یہی معنی قرآن کے الفاظ کے نہایت قریب ہیں اس کے بعد پھر عالموں اور مفسروں نے اس بات میں کہ پھر وہ کیسے ہیں اختلاف کیا ہی بعضوں کا قول ہی کہ فک یعنی سماء پانی کا بلبلہ ہی سورج اور چاند اور ستارے اُس میں پھرتے ہیں اور ٹائیو کا یہہ قول ہی کہ پانی جمع ہوگیا ہی اُس میں ستارے بہتے ہیں *

• پھر امام صاحب لکھتے ہیں کہ " والحق انہ لاسبیل الی معرفۃ صفات السموات الا بالتخیر " — یعنی سچ یہہ ہی کہ آسمانوں کی صفت معلوم کرنے کے لیئے بجز وحی کے کوئی راہ نہیں ہی (بشرطیکہ وحی کے معنی سمجھنے میں غلطی نہو) *

اخیر کو امام صاحب نے یہہ فیصلہ کیا ہی کہ " والذی یدل علیہ لفظ القرآن ان تکون الافلاک واقعۃ والکواکب تکون جاریۃ فیھا کما تسبح السمکۃ فی الماء " — یعنی وہ بات جو قرآن کے لفظوں سے پائی جاتی ہی وہ یہہ ہی کہ افلاک یعنی آسمان تو ٹھہرے ہوئے ہوں اور ستارے اُسمیں بہتے ہوں جیسے کہ مچھلی پانی میں تیرتی ہی *

ہمنے جو کچھہ کہا ہی وہ انہیں علماء کے اقرال کے نہایت قریب قریب ہی — حقیقت سماء اور سموات کی ہم نہیں جانتے مگر یہہ بات کہ وہ اجرام صلب ہیں محض غلط ہی اِس کو بھی ہم نہیں مانتے کہ وہ گیند کی طرح ایک جسم ہیں اور ستارے اُن پر پھرتے ہیں جیسے کہ گیند پر چیرنٹی یا کنبد پر اخروٹ اور ان دونوں باتوں کو اسلیئے نہیں مانتے کہ قرآن مجید سے اُن کا ایسا جسم یا اُنکی ایسی حقیقت ثابت نہیں ہوتی *

باقی رہی یہہ بات کہ وہ پانی کے بلبلہ کی مانند ہیں یا پانی جمع ہو گیا ہی یعنی وہ ایک ایسے جسم لطیف سیال ہیں جو کواکب کی سیر و حرکت کو مانع نہیں ہیں — اگر کوئی شخص اُن کے ایسے جسم ہونے کا دعوی کرے تو ہم اُس کو اسقدر جواب دینگے کہ ہونگے مگر ہم ایسے جسم ہونے کا بھی دعوی نہیں کرینگے در رجھہ سے **اول** اس لیئے کہ ایسے جسم ہونے کے ثبوت کے لیئے ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں — **دوسرے** اسلیئے یہہ کہ قرآن مجید میں جو کچھہ بیان ہوا ہی اُس سے نہ ایسے وجود کا ہونا پایا جاتا ہی اور نہ اُسکے تسلیم کرنے کی ضرورت معلوم ہوتی ہی *

پس علاوہ اُن چیزوں کے جن پر سماء کے لفظ کا اطلاق ہوا ہی ہمنے سماء کے معنی فضاے محیط کے قرار دیئے ہیں اور اُسکے درجات یا طبقات کو جو بسبب حدوث اور وجود دیگر اشیاء کے اُس فضاے محیط میں اوپر تلے یا طبقۃ بعد طبقۃ پیدا ہوگئے ہیں سموات کہا ہی تو اب ہمکو ضرور ہی کہ ہم اسبات کو بھی بیان کریں کہ جو معنی ہمنے لفظ سماء یا سموات کے قرار دیئے ہیں یا جن معنوں میں اُنکا اطلاق ہونا بیان کیا ہی کوئی لفظ کسی آیت کا آیات قرآن مجید سے اُس کے مخالف نہیں ہی اس بیان سے یہہ بھی ثابت ہی کہ ہم وجود سموات کے منکر نہیں ہیں کیونکہ اس فضاے محیط یا اُس کے طبقات کا وجود مخالف ہی *

قسم اول کی آیتوں میں یعنی جن میں لفظ سماء کا بمعنی ابر و بادل کے اطلاق ہوا ہی کوئی لفظ ایسا نہیں ہی جو بحث کے قابل ہو اور جس سے اُن معنوں میں شبہہ پڑ سکتا ہو — ہاں صرف ایک اخیر کی آیت والسماء ذات الرجع شاید بحث کے لایق ہو کیونکہ ہمارے زمانہ کے علماء شاید اُسکو یورانیوں والا آسمان قرار دیکر اُس سے آسمان کی گردش اور زمین کے سکون قرار دینے پر متوجہ ہوں *

مگر ہم سمجھتے ہیں کہ جمہور مفسرین نے بھی اس آیت میں لفظ سماء سے بادل مراد لی ہی صرف ابن زید کا ایک قول منقول ہوا ہی جس سے یورانیوں والا آسمان مراد ہوسکتا ہی مگر اُس قول کو مفسرین نے نہیں مانا *

تفسیر کبیر میں لکھا ہی " اما قولہ والسماء ذات الرجع فنقول قال الزجاج الرجع المطر لانہ یجیئ و یتکرر و اعلم ان کلام الزجاج وسایر ائمۃ اللغۃ صریح فی ان الرجع لیس اسما موضوعا للمطر بل سمی رجعا علی سبیل المجاز والحسن ھذہ المجاز وجوہ (احدھا) قال القفال کانہ من ترجیع الصوت وھو اعادتہ و وصل الحروف بہ فکذا المطر لکونہ عایدا مرۃ بعد اخری سمی رجعا (وثانیھا) ان العرب کانو یزعمون ان السحاب یحمل الماء من بحار الارض ثم یرجعہ الی الارض (و ثالثھا) انھم ارادوا التفاول لیرجع (ورابعھا) ان المطر یرجع فی کل عام اذا عرفت ھذا فنقول المفسرین اقوال (احدھا) قال ابن عباس والسماء ذات الرجع ای ذات المطر یرجع لمطر بعد مطر و ثانیھا رجع السماء اعطاء الخیر الذی یکون من جھتھا حالا بعد حال ملی مرور الا زمان ترجعہ رجعاً الی تعلیمہ مرۃ بعد مرۃ (وثالثھا) رجع السماء اعطاء الخیر الذی یکون من جھتھا حالا بعد مرۃ (ورابعھا) قال ابن زید ھو انھا ترد و ترجع شمسھا و قمرھا بعد مغیبھما والقول ھو الاول " *

یعنی ہم کہتے ہیں کہ والسماء ذات الرجع میں جو لفظ رجع کا ہی اُس کے معنی زجاج نے مینھہ کے لیئے ہیں کیونکہ مینھہ اتا ہی اور پھر پھر کر آتا ہی — یہہ بات جان لینی چاہیئے کہ زجاج کے اور تمام لغت کے عالموں کے کلام میں اسبات کی تصریح ہی کہ لفظ رجع مینھہ کے لیئے نہیں بولا گیا ہی یعنی اُس کے اخری معنی مینھہ کے نہیں ہیں

بلکہ مجازاً بطور میغہ کے تمام کے بولا جاتا ہی اور مجازا میغہ کا تمام رجع راکھنے میں کئی خوبیاں ہیں — اول یہہ کہ تفاعل کا قول ہی کہ رجع کا لفظ گویا ترجیع الصوت سے لیا ہی جسکو گانے والے گلکری کہتے ہیں اور گلکری اواز کا پھیرنا اور اُس سے حرفوں کا نکلنے میں ملانا ہی اور یہی حال میغہ کا ہی پس اُسکے برسنے اور پھر برسنے کے سبب رجع اُس کا نام رکھدیا گیا ہی — دوسرے یہہ کہ اہل عرب سمجھتے تھے کہ بادل زمین کے دریاؤں میں سے پانی لے جاتے ہیں اور پھر زمین کو پھیر دیتے ہیں — تیسرے یہہ کہ اُنھوں نے ٹھیک قال کے ارادہ سے میغہ کا نام رجع رکھا ہی تاکہ پھر آوے — چوتھے یہہ کہ میغہ ہو برس پھر اتا ہی — اب کہ یہہ بات جان لی گئی تو ہم کہتے ہیں کہ مفسروں کے نئی قول ہیں اول ابن عباس کا قول ہی کہ و السماء ذات الرجع کے معنی ہیں ذات المطر یعنی میغہ والا پھیر لاتا ہی میغہ کو میغہ کے بعد دوسرے یہہ کہ رجع السماء سے وہ ٹیکنی مراد ہی جو اسمان کی طرف سے بار بار زمانوں کے گذر جانے پر بھی ہوتی رہتی ہی عرب بولتے ہیں ترجمہ رجعا یعنی اُسکو دیتا ہی بار بار تیسرا ابن زید کا قول ہی وہ کہتے ہیں کہ اسمان اپیجاتا ہی اور پھر لاتا ہی اپنے سورج اور چاند کو اُن کے چوپ جانے کے بعد مگر پہلی بات ٹھیک ہی *

یہاں ہمکو ہم خود سیاق و سباق کلام خدا پر غور کرسکتے ہیں اُس کے دونوں جملوں کے ملانے سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ نہایت فصاحت اور خوبی سے بادلوں کا اور اُس کے ساتھہ زمین کے اُگانے کا جز دو تو لازم و ملزوم ہیں بیان کیا ہی پھر خواہ لفظ رجع کے لغوی معنی لو خواہ مجازی معنی دونوں حالتوں میں مطلب ایک ہی رہتا ہی ہم خود بادلوں کو دیکھتے ہیں کہ جاتے آتے ہیں یہاں برستے ہیں پھر وہاں جا برستے ہیں پھر یہاں آ برستے ہیں زمین کو سیراب کرتے ہیں وہ طرح طرح کے پھل پھولوں کو اُگاتی ہی *

ایک بہت بڑا معجزہ قران مجید کا یہہ ہی کہ خدا تعالی جابجا نیچر کی خوبی انسان کو جتلاتا ہی اور اُس سے اپنی خدائی کے ثبوت پر دلیل لاتا ہی اور پھر اُس سے انسان کو روحانی نیکی حاصل کرنا سکھلاتا ہی غور رب العرش العظیم — سبحانہ و تعالی شانہ *

قسم دوم میں جو آیتیں بیان ہوئی ہیں اور جن میں لفظ سماء کا فضاے محیط پر اطلاق ہوا ہی اُن آیتوں میں کئی لفظ بحث کے لایق ہیں *

اول لفظ " استوی " جسکو ہمنے اور اور مفسروں نے بمعنی خلق بیان کیا ہی پس لفظ استواء سے بحث کرنی گویا لفظ خلق سے بحث کرنی ہی اس لیئے اس مقام پر اس لفظ سے بحث نہیں کرتے کیونکہ آگے لفظ خلق سے پوری بحث کی جاویگی *

دوسرا لفظ بروج کا ہی — یہہ لفظ تین آیتوں میں آیا ہی

تبارک الذي جعل في السماء بروجا وجعل فيها سراجا و قمرا منيرا — و لقد جعلنا في السماء بروجاً و زينها للناظرين — والسماء ذات البروج مگر یہہ لفظ ہمارے بیان کے مخالف نہیں ہی اور نہ اس لفظ سے آسمان کا ایسا جسم جیسا کہ یونانی حکیموں نے مانا تھا اور جسکی تقلید علماء اسلام نے کی ہی ثابت ہوتا ہی *

بروج جمع ہی برج کی اور برج مشتق ہی تبرج سے جس کے معنی ظاہر ہونے کے ہیں قال الامام في تفسيره " اشتقاق البرج من التبرج اظهرره " *

پس ان آیتوں میں جو بروج کا لفظ آیا ہی مفسرین نے اُس کے تین معنی لیئے ہیں — اول ابن عباس کی روایت ہی کہ بروج سے مراد کواکب ہیں قال الامام في تفسيره — عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ان البروج هي الكواكب العظام — یعنی حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ بھی بڑے بڑے ستارے بروج ہیں اور پھر دوسری جگہہ فرمایا ہی " البروج هي عظام الكواكب سميت بروجا لظهورها " یعنی بروج بھی بڑے بڑے ستارہ ہیں اُن کا نام بروج اسلیئے ہوا کہ وہ ظاہر ہیں — لغات قران میں لکھا ہی " والسماء ذات البروج یعنی ذات کواکب العظام " یعنی آسمان برجوں والے سے بڑے بڑے ستاروں والا مراد ہی — پس اگر بھی معنی بروج کے لیئے جاویں تو لفظ بروج کا اُن معنوں سے جو ہمنے سماء کے لیئے ہیں کچھہ بھی مخالف نہیں اور نہ ایسے معنی لینہ سے یونانیوں کے آسمان کا وجود ثابت ہوتا ہی *

دوسرے معنی بروج کے لیئے ہیں منازل قمر یعنی نچھتر کے یعنی منازل سیارات کے جیسا کہ تفسیر کبیر میں ہی " اما البروج فهي منازل السيارات " اور دوسری جگہہ لکھا ہی " البروج هي منازل القمر " *

تیسرے معنی بروج کے بروج السماء یعنی اسمان کے برجوں کے لیئے ہیں چنانچہ تفسیر کبیر میں لکھا ہی " انها هي البروج الاثنا عشر وهي مشهورة " اور لغات قران میں لکھا ہی " بروج السماء منازل الشمس و القمر وهي اثنا عشر برجا معروفة اولها الحمل و اخرها الحوت " مگر حقیقت میں دوسرے اور تیسرے معنی ایک ہیں کچھہ ان میں فرق نہیں ہی *

اب بروج اثنا عشر کی کیفیت بتلانی چاہیئے تاکہ معلوم ہو کہ جو معنی سماء کے ہم نے بیان کیئے ہیں بروج کا لفظ اُس کے مثانی ہی یا نہیں — جاننا چاہیئے کہ ابتدا میں جب اہل تنجیم یا اہل

ہئیت نے اس علم کے مسایل پر غور کی تو اُنھوں نے دیکھا کہ آفتاب سال بھر میں نقطۂ اعتدال سے طالع و غروب میں تین مہینہ تک جانب شمال میل کرتا جاتا ہی اور پھر تین مہینہ تک جانب نقطۂ اعتدال رجوع کرتا آتا ہی اور جب اُس نقطہ پر پھرآچ جاتا ہی تو تین مہینہ تک جانب جنوب میل کرتا جاتا ہی اور پھر تین مہینہ تک جانب نقطۂ اعتدال رجوع کرتا ہی یہہ حال آفتاب کا تمام دنیا میں دکھائی دیتا تھا اور اس سبب سے وہ ستارے جو طریق الشمس میں ہمیشہ پڑتے تھے یہہ نسبت اور ستاروں کے زیادہ معلوم ہوگئے تھے یعنی اہل تنجیم یہہ نسبت اور ستاروں کے اُن سے زیادہ واقف ہوگئے تھے جب اُنھوں نے اُن ستاروں پر غور کیا تو پھر سے ستاروں کو ایک چکھہ ایک ایسی ترتیب سے پایا کہ اگر اُن کو نقاط فرض کرکے خطوط وصل کیئے جاویں تو ایک صورت اُس میں پیدا ہوتی ہی اور ایسا مجمع ستاروں کا بارہ موقعوں پر اُن کو دکھائی دیا اور ہر ایک مجمع کی حد سے قریب ایک ایک مہینہ میں آفتاب کا گذر ہوتا تھا — پس اہل تنجیم نے ستاروں کے اُن بارہ مجمعوں کو بارہ صورتیں قرار دیں جیسیکہ اُن کواکب میں خطوط وصل کرنے سے پیدا ہوتی تھیں اور ہر ایک صورت کا ایک نام رکھدیا جو مشہور ہیں اور جو کہ وہ کواکب کچھہ تو اس سبب سے کہ طریق الشمس میں واقع تھے اور کچھہ اس سبب سے کہ اُن کے مجموع سے ایک صورت قرار دیدی گئی تھی یہہ نسبت اور کواکب کے زیادہ ظاہر اور زیادہ معلوم تھے اُنکے مجموع کا یا اُس صورت کا جو مجموع کواکب سے خیال کی گئی تھی برج نام رکھا جو مشتق تبرج سے ہی پس نتیجہ یہہ ہوا کہ برج نام ہی اُس خاص مجموع کواکب کا جو اُس فضاے محیط میں میلان طریق الشمس میں بوضع خاص واقع ہوئے ہیں اِسلیئے سماء کو ذات البروج کہنا کچھہ بھی منافی ہمارے نظم کا نہیں ہی اور السماء ذات البروج کہنا بالکل ایسا ہی جیسیکہ والسماء ذات النجوم کہنا اور تبارک الذی جعل فی السماء بروجاً کہنا ایسا ہی جیسیکہ تبارک الذی جعل فی السماء نجوماً کہنا اور ولقد جعلنا فی السماء بروجاً کہنا ایسا ہی ہی جیسیکہ ولقد جعلنا فی السماء نجوماً کہنا *

بعد اِس تقرر کے اہل تنجیم و اہل ہیئت یونانیہ کو ایک اور مشکل پیش آئی جس سے اُنھوں نے صور بروج کو فلک ہشتم پر اور تقسیم بروج کو فلک نہم پر مانا مگر یہہ مسائل علم ہیئت کے ہیں اُسکی بحث کا یہاں موقع نہیں ہی فرضکہ اُنھی کواکب کے مجموع کو جنھیں صورت حمل و ثور و جوزا و سرطان وغیرہ کی پیدا ہوتی ہیں اہل عرب بروج کہتے تھے اور اُنکا کہنا صحیح تھا پس قرآن مجید میں بھی اُنھی پر بروج کے لفظ کا اطلاق ہوا ہی جو ذرا بھی ہمارے بیان کے منافی نہیں ہی اور نہ کسی طرح لفظ بروج کا آسمان کے مجسم بمجسم صاف بلورین ہونے کا متقاضی ہی *

تیسوا قابل بحث کے شاید لفظ ' قال ' ہو جو آیۃ کریمہ نقال لہا والارض ائتیا طوعا او کرھا قالتا اتینا طائعین میں واقع ہی *

مگر ہم نہیں سمجھتے کہ اس میں کیا بحث کی جاویگی شاید یہہ بحث ہو کہ ہرگاہ سماء سے فضاے محیط مرتفع مراد لی ہی اور وہاں کسی لطیف جسم ہونے کا بھی دعوی نہیں کیا گیا تو خلا لازم آیا اور خلا امر وجودی نہیں ہی بلکہ امر عدمی ہی تو وہ کیونکر قابل امر و لایق اطاعت ہوسکتا ہی *

مگر یہہ خیال اگر کسی کو ہو تو صحیح نہیں ہی کیونکہ ہمنے محل سیر کواکب کو سماء قرار دیا ہی اور وہ مکانیت سے خالی نہیں اور مکان خالی عن المادۃ امر وجودی ہی امر عدمی نہیں ہی باقی رہی بحث استعمال لفظ قال کی جو خدا کی طرف سے زمین کی نسبت اور آسمانوں کی نسبت کہا گیا اور اسی طرح زمین اور آسمان کی طرف قال کی نسبت کی گئی یہہ ایک جدا بحث ہی جو مانحن فیہ سے متعلق نہیں *

چوتھا لفظ قابل بحث کے ' ابواب ' کا ہی جو آیۃ کریمہ لاتفتح لہم ابواب السماء میں واقع ہی — اس لفظ سے لوگ خیال کرینگے کہ آسمان میں دروازے ہیں اور جبتک آسمان ایسا ہی مجسم نہو جیسیکہ یونانیوں والا آسمان تو اُسمیں دروازے اور کواڑ اور کنڈے قفل کیونکر ہوسکتے ہیں *

جن علماء کے ذہن میں آسمان کا جسم بہ تقلید یونانیان صاف بلورین جما ہوا تھا اُنھوں نے تو آسمان میں سچ مچ کے دروازے بنا دیئے ہیں لیکن علماء محققین نے فتح ابواب سماء سے خیر و برکت مراد لی ہی چنانچہ اُن کا قول تفسیر کبیر میں اس طرح پر لکھا ہی — فی قولہ لا تفتح لہم ابواب السماء اقوال و القول الرابع لا تنزل علیہم البرکۃ و الخیر و ہو ماخوذ من قولہ ففتحنا ابواب السماء بماء منہمر — یعنی اُن کے لیئے آسمان کے دروازے نہ کھلنے کی تفسیر میں مفسروں کے کئی قول ہیں اُنمیں سے ایک یہہ قول ہی کہ لا تفتح لہم ابواب السماء کے یہہ معنی ہیں کہ اُن پر یعنی کافروں پر خیر و برکت نہ نازل ہوگی اور یہی معنی ہمارے نزدیک صحیح ہیں جو کہ طرح ہمارے بیان کے مخالف نہیں ہیں *

سوا ے ان الفاظ کے جو مذکور ہوئے اور کوئی لفظ ان آیتوں میں جو قسم درم میں داخل ہیں قابل بحث کے نہیں معلوم ہوتا *

قسم سوم میں جو آیتیں بیان ہوئی ہیں اور جنمیں لفظ سماء کا اس ٹیلی چیز پر جو ہمکو دکھلائی دیتی ہی اطلاق ہوا ہی اُن آیتوں میں کئی لفظ بحث کے قابل ہیں *

اول لفظ "باب" جو آیت کریمہ "و لو فتحنا علیهم بابا من السماء" میں واقع ہی اور وہ پوری آیت یوں ہی "و لو فتحنا علیهم بابا من السماء فظلوا فیه یعرجون لقالوا انما سکرت ابصارنا بل نحن قوم مسحورون" *

یعنی اور اگر ہم کھول دیں اُن پر دروازہ آسمان سے اور وہ ایسے ہوجاویں کہ سارے دن اُس میں چڑھتے رہیں تو کہینگے کہ ہماری ڈھٹ بندی ہوئی ہی نہیں تو ہمپر جادو ہوا *

لوگ خیال کرتے ہونگے کہ جب اِس آیت میں آسمان کے دروازے کا ذکر ہی اور اُس میں چڑھنے کا بھی بیان ہی تو ضرور آسمان ایسا ہی مجسم ہی جیسا کہ یونانی بیان کرتے ہیں *

مگر خود اس آیت سے آسمان میں دروازہ ہونے کا عدم امکان ثابت ہوتا ہی کیونکہ خدا تعالی ایک غیر ممکن بات کو فرض کرکے بیان فرماتا ہی کہ اگر آسمان میں دروازہ بھی کھل جاوے اور کافر اُس میں چڑھ بھی جایا کریں تب بھی ایمان نہ لاوینگے اور کہینگے کہ یا ہماری ڈھٹ بندی ہی ہی یا ہمپر جادو کیا ہی پس اس آیت سے ہمارا مطلب ثابت ہوتا ہی نہ یونانیوں کے مقادروں کا *

خدا تعالی کافروں کے حال میں اکثر غیر ممکن باتوں کی نسبت فرمایا کرتا ہی کہ اگر یہہ بھی ہوجاوے تب بھی وہ نہ مانینگے جیسیکہ اس آیت میں فرمایا ہی "ان الذین کفروا بایاتنا واستکبروا عنها لا تفتح لهم ابواب السماء و لا یدخلون الجنة حتی یلج الجمل فی سم الخیاط" *

یعنی بے شک جنھوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا اور اُن کے سامنے گھمنڈ کیا ہرگز نہ کھولینگے اُن کے لیئے دروازے آسمان کے یعنی اُن کو خیر و برکت نہوگی اور نہ بہشت میں جاوینگے یہاں تک کہ گھس جاوے اُونٹ سوئی کے ناکے میں *

اُونٹ کا سوئی کے ناکے میں گھس جانا غیر ممکن ہی پس اللہ تعالی کافروں پر خیر برکت ہونے اور اُن کا بہشت میں جانا ناممکن ہونا اس طرحپر سمجھاتا ہی کہ اگر اُونٹ بھی سوئی کے ناکے میں گھس جاوے تو بھی نہ اُن پر خیر و برکت ہوگی اور نہ وہ بہشت میں جاوینگے *

اسیطرح آیت ما نحن فیہ میں فرمایا ہی کہ اگر آسمان میں ایسا دروازہ جسمیں آدمی آتے جاتے ہیں کھولا جاوے اور کافر اُسمیں جانے لگیں جو غیر ممکن ہی تب بھی وہ نہ مانینگے اور کہینگے کہ ہماری ڈھٹ بندی کی ہی یا ہمپر جادو کیا ہی *

تفسیر کبیر میں لکھا ہی "اعلم ان هذا الکلام هو المذکور فی سورة الانعام فی قوله و لو نزلنا علیک کتابا فی قرطاس فلمسوه بایدیهم لقال الذین کفروا ان هذا الا سحر مبین و الحاصل ان القوم لما طلبوا نزول الملائکة یصرحون بتصدیق الرسول علیه السلام فی کونه رسولا من عند الله تعالی بین الله تعالی فی هذه الایة ان بتقدیر ان یحصل هذه المعنی لقال الذین کفروا هذا من باب السحر و هولاء الذین یظن انا قوا هم فنحن فی الحقیقة لا نراهم" *

ترجمہ — جاننا چاہیئے کہ اس آیت میں بھی بات ہی جو سورۂ انعام میں کہی گئی ہی جہاں خدا نے فرمایا ہی "اور اگر بھیجیں ہم تیرے پاس کاغذ میں لکھا ہوا پھر چھولیں اُسکو اپنے ہاتھہ سے تو بھی جو لوگ منکر ہیں کہینگے کہ یہہ اصل میں کچھہ نہیں ہی صرف جادو ہی" حاصل یہہ ہی کہ جب اہل عرب نے رسول خدا پر رسول اللہ ہونے کا یقین لانے تو فرشتوں کا اُترنا چاہا تو اللہ تعالی نے اس آیت میں بتایا کہ برتقدیر اگر یہہ بھی ہوجاوے تو بھی جو لوگ منکر ہیں کہینگے کہ یہہ ایک جادو کی قسم میں سے ہی اور جنکو ہم سمجھتے ہیں کہ ہم دیکھتے ہیں حقیقت میں ہم نہیں دیکھتے — پس جبکہ اس آیت میں آسمان میں دروازہ کا ہونا اور اُس میں کافروں کا چڑھنا یا فرشتوں کا اُترنا بطور محال کے بیان کیا گیا ہی تو باب کا لفظ سماء کے اُن معنوں کے جو ہمنے اس آیت میں یا اس قسم سوئم میں بمعنی اس ٹیلی چیز کے جو ہمکو بسبب انعکاس شعاع آفتاب کرہ ہوا میں دیکھائی دیتی ہی لیئے ہیں کچھہ بھی منافی نہیں — البتہ یہہ کہا جاسکتا ہی کہ اس آیت میں جس چیز پر ہمنے سماء کے لفظ کا اطلاق ہونا بیان کیا ہی بظاہر اُسکی حالت ایسی ہونی چاہیئے جسمیں دروازہ کھلنے کا اطلاق ہوسکے اسمیں کچھہ شک نہیں کہ یہہ ٹیلی چیز جو ہمکو اُسکی ایسی ہی حالت دکھائی دیتی ہی نہایت صاف پھیر نسی پھوٹاؤ اور دڑار کے گنبد کی چھت کی مانند نہایت پختہ بنی ہوئی دیکھائی دیتی ہی اور ہمارے خیال میں ڈانٹ لگا ہوا سا ایک جسم سمائی ہوئی ہی پس اُس خیال کے موافق اُس جسم خیالی میں دروازہ کھولنے کا اطلاق ہوسکتا ہی — خدا تعالی نے قرآن مجید بندوں کی زبان اور محاورہ میں نازل کیا ہی پس بندوں کے اُس خیالی جسم پر بندوں کے محاورہ کے موافق دروازہ کھولنے کا اطلاق ہوا ہی نہ بطور اصل حقیقت کے *

دوسرا لفظ "سقف" ہی جو آیۂ کریمہ و جعلنا السماء سقفا محفوظا میں آیا ہی اور والسقف المرفوع میں جو لفظ سقف کا ہی اُس سے بھی آسمان مراد ہی — تفسیر کبیر میں لکھا ہی سمی السماء سقفا لانها للارض کالسقف للبیت — یعنی آسمان کو چھت اس لیئے کہا ہی کہ وہ زمین کے لیئے ایسا ہی جیسے گھر کے لیئے چھت *

بلاشبہہ یہہ ٹیلی ٹیلی چیز ہمکو ایسی اُبھر دکھائی دیتی ہی کہ گویا دنیا کی چھت ہی مگر اس سے یرنانیوں کے مقلدوں کو کیا فائدہ ہی اس لیئے کہ اس ٹیلی چیز کو جسے خدا نے سقف محفوظ یا سقف مرفوع کہا ہی یرنانی بھی تو وہ آسمان نہیں مانتے جسکے وہ قایل ہیں اور علماء اسلام بھی اُن کی تقلید سے اس ٹیلی ٹیلی چیز کو اپنا مسلمہ آسمان تو اور نہیں دیتے اور قران مجید میں جسکو سقف مرفوع و سقف محفوظ کہا ہی وہ تو یہی ٹیلی ٹیلی چیز ہی جو تمام دنیا کے لوگوں کو دنیا کی چھت کی مانند دکھائی دیتی ہی اور عرب کے بادیہ نشین جنکی زبان میں قران مجید اُترا اسیکو سقف مرفوع سمجھتے تھے جو آسمان کہ یرنانی قرار دیتے ہیں اور جن آسمانوں کا یا جس آسمان کا ذکر علماء اسلام کرتے ہیں وہ تو کسی نے دیکھا بھی نہیں پھر کیا معلوم کہ وہ دنیا کی چھت ہی یا چھت کی چھت گیری ہی *

علاوہ اسکے سقف کی مثال دینے سے اُسکا ایسے جسم سے مجسم ہونا جیسا کہ یونانی تسلیم کرتے ہیں کیونکر لازم آتا ہی یہہ ٹیلی ٹیلی چیز ہمکو اس طرح پر دنیا کو گھیرے ہوئے دکھائی دیتی ہی جیسے گھر کی چھت اور اسی مشابہت سے اُس پر سقف کا اطلاق کیا ہی خواہ وہ اھون من بیت العنکبوت ہو خواہ اشد من سقف الحدید *

تیسرا لفظ "رفع" کا ہی جو آسمان کی نسبت بولا گیا ہی درحقیقت یہہ ٹیلی چیز جو ہمکو دکھائی دیتی ہی اور جسکو اسمان کہتے ہیں شی مرفوع ہی مگر لفظ رفع سے اُسکا اونچے یا تانبی کے پتترے کا سا ہونا کیونکر لازم آتا ہی *

چوتھا لفظ "کسف" کا ہی جسکے معنی ٹکڑوں یا پارچونکے ہیں یہہ لفظ البتہ بحث کے قابل ہی مگر اول ہم یہہ سوال کرتے ہیں کہ ان ایتوں میں جو لفظ سماء کا آیا ہی اُس سے بھی ٹیلی ٹیلی چیز جو دکھائی دیتی ہی مراد ہی یا اور کوئی چیز — کچھ شبہہ نہیں کہ بھی مراد ہی کیونکہ شروع سیاق کی آیت میں خدا نے فرمایا ہی "اولم یروا الی ما بین ایدیهم وما خلفهم من السماء والارض" اور انسان کے ہر طرف بھی ٹیلی ٹیلی چیز ہی جسکو آسمان فرمایا ہی اور بھی زمین ہی پھر اسکے آگے جو زمین کے دھنسانے کا اور آسمان سے ٹکڑا گرانے کا ذکر فرمایا ہی وہ بھی اسی زمین کے دھنسانے اور اسی ٹیلی ٹیلی چیز کے ٹکڑا گرانے کا ہی اور سب کے نزدیک اس ٹیلی ٹیلی چیز کا ایسا جسم نہیں ہی جس سے حقیقتاً ٹکڑا گرنا ممکن ہو پس جن آیتوں میں "کسفا" کا لفظ ہی وہ یونانیوں کے مقلد موارخوں کے لیئے کچھہ مفید نہیں اور نہ اُس سے یرنانیوں والا مجسم آسمان ٹوٹ ہوتا ہی نہ تیرھویں صدی کے موارخوں کا *

علاوہ اس کے اس آیت میں خدا تعالی محسوسات سے اپنی قدرت ثابت کرتا ہی یونانیوں والا مجسم آسمان یا تیرھویں صدی کے موارخوں والا مجسم آسمان محسوس نہیں ہی کیونکہ سوائے اس ٹیلی چیز کے اور کچھہ انسان کو محسوس نہیں ہی پس غیر محسوس شی سے ٹکڑا گرانے کا ذکر کرنا اثبات مدعا کو کافی نہیں اسلیئے "کسفا" کا لفظ نہ ہمارے مطلب کے منافی ہی اور نہ یرنانیوں کے مقلدوں کے مفید ہی *

اصل یہہ ہی کہ خدا تعالی قران مجید میں بندوں کی زبان میں اور اُنھی کے محاورات کے موافق تکلم کرتا ہی اور جب اُنکو کسی محسوس چیز سے ہدایت کرتا ہی یا محسوسات سے اپنے کمال قدرت کو ثابت کرتا ہی تو اُنھی کے خیالات کے موافق اور جس طرح کہ وہ شی محسوس ہوتی ہی اُسی کے مطابق تکلم کرتا ہی اس میں حکمت یہہ ہی کہ اگر ایسے موقع پر خیالات کی تبدیل اور حقایق اشیاء کے سمجھانے پر متوجہ ہو تو اصلی مقصود روحانی تربیت کا فوت ہوجاوے *

تمام انسان اس ٹیلی چیز کو سقف گنبدی سمجھتے تھے جیسیکہ وہ دکھلائی دیتی ہی اور ریختہ کی نسبت سے بھی زیادہ مضبوط سمجھتے تھے پس خدا نے مطابق اُن کے خیالات کے اُنکو فرمایا کہ اُس میں ایسی قدرت ہی کہ اگر چاہے تو اُس چیز میں سے بھی جس کو تم ایسا مستحکم سمجھتے ہو تم پر ٹکڑا گرادے اور زمین کو باوصف اسقدر عظمت و استحکام کے دھنسادے پس ایسے مقامات پر اسبات سے غرض نہیں ہوتی کہ اُس ٹیلی چیز کا جسم اس قابل ہی کہ اُس میں سے ٹکڑا ٹوٹ کر گرسکے یا نہیں اور اگر ٹکڑا ٹوٹ کر گرنے کے قابل ہی تو وہ ایسا ہی ٹکڑا ہوگا جیسے چھت میں کی چٹیا یا پتھر میں کی بٹیا *

علاوہ اس کے "سماء" سے سماء مانحن فیہ مراد نہیں ہی تفسیر کبیر میں لکھا ہی "کسفا من السماء قرء کسفا بالسکون والحرکة و کلاهما جمع کسفة وهی القطعة والسماء السحاب او الظلة * * * روی انه حبس عنهم الریح سبعاً وسلط علیهم الرصد فاخذ باقفاسهم لاینفعهم ظل ولاماء فاضطروا الی ان خرجوا الی البریة فاظلتهم

صحابۂ وجدوا لها بردا و نسیما فاجتمعوا تحتها فامطرت علیهم قارا فاحترقوا " یعنی کسفا جمع ہی کسفۃ کی جس کے معنی ٹکڑے کے ہیں اور آسمان سے یا تو بادل مراد ہی یا اور کوئی چھائی ہوئی چیز پھر اخیر میں وہ ایک روایت لکھتے ہیں کہ اصحاب ایکہ نے جو کہا تھا کہ ہم پر آسمان کا ٹکڑا گرادو تو اُنپر عذاب اس طرح پر نازل ہوا کہ سات دن تک ہوا بند رہی اور ریت یا غبار جو آسمان میں جڑہ گیا تھا اُنپر چھاگیا اور اُن سب کا دم گھٹنے لگا نہ اُنکو کوئی سایہ دار چیز فائدہ دیتی تھی اور نہ پانی پھر وہ پھوار ہوئے اور جنگل میں نکل جانا چاہا اتنے میں ایک بادل اُن پر چھاگیا اُنکو ٹھنڈک معلوم ہوئی اور ملکی ملکی ہوا بھی لگی اور سب اُس کے نیچے آنکر جمع ہوگئے پھر اُس میں سے اُنپر آگ برسنے لگی پھر سب جل گئے — پس جبکہ سماء سے اس مقام پر سماء مانحن فیہ ہی مراد ٹھہر تو "کسف" کے لفظ سے سماء مانحن فیہ کے مجسم ہونے پر کیونکر استدلال ہوسکتا ہی اور خدا کو محل عذاب میں یہہ بات فرمانی کہ ہم چاہیں زمین کو دھنسادیں یا بادل کا ٹکڑا گرا دیں یا کافروں کا یہہ کہنا کہ اگر تم سچے ہو تو بادل کا ایک ٹکڑا ہی زمین پر اوتار دو کوئی ایسی بات نہیں ہی جسپر کچھہ اعتراض ہوسکے کیونکہ اگر بادل زمین پر گرپڑے تو نہایت سخت عذاب سے لوگ برباد ہوجاویں *

علاوہ اس کے مقام تہدید میں جو کچھہ بیان کیا جاتا ہی اصلی مقصود اُس کا نتیجہ ہوتا ہی زمین کے دھنسا نے اور آسمان کا ٹکڑا گرانے سے صرف یہہ مقصود ہی کہ خدا اُن کے برباد کرنے پر قادر ہی پس مقصد کو چھوڑنا اور عبارۃ النص خواہ لفظی بحث کے پیچھے پڑنا تفسیرالقرآن بمالایرضی بہ قائلہ کرنا ہی — اور ایسی علمیت جتانے سے اسلام کو اور قرآن کو بدنام کرنا اور اس بات کا اقرار کرنا ہی کہ قرآن اور علم یا قرآن اور حالت موجودات یا قرآن و حقایق اشیاء متحد نہیں ہیں اللہم انی اعوذ بک من مثل هذا العلم فانه حجاب اکبر *

امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں کہ " و اما التهدید فبقوله ان نشاء نخسف بهم الارض یعنی نجعل مکین قارونهم ضار هم بالخسف و الکسف " یعنی خدا نے کافروں کو اس کہنے سے تہدید کی ہی کہ اگر ہم چاہیں تو زمین کو دھنسادیں یعنی اگر ہم چاہیں تو جو چیز خاص تمہارے مفید ہی تمہارے مضر کردیں دھنساکر ٹکڑا گراکر و لاشک فی قدرته *

نکتہ — قرآن مجید میں بہت باتیں بطور کنایہ کے فرمائی ہیں اُس سے خاص اُس بات کا ثبوت مقصود نہیں ہوتا بلکہ یہہ مطلب ہوتا ہی کہ مخاطب کا ذہن اُس سے اُس کے لازم لازم عقلی یا عادی کیطرف منتقل ہوجاوے — اسیطرح بعضی دفعہ ایک صورت محسوسہ اسلیئے بیان کیجاتی ہی کہ جو معنی مواد ہیں اُسکی تصویر مخاطب کے ذہن میں آجاوے اور اُس سے اُس صورت محسوسہ کا اثبات مقصود نہیں ہوتا پس وہ لوگ سیاق قرآن مجید سے واقف نہیں ہیں جو اُن کنایوں سے یا اُس صورت محسوسہ سے خاص اُسیکا ثبوت مقصود سمجھتے ہیں پس ان آیتوں میں جو

ارتسقط علیهم کسفا من السماء — یا — فاسقط علینا کسفا من السماء

ایماءی یہہ سمجھنا کہ اس سے آسمان کے واقعی ٹکڑوں کا ثبوت ہوتا ہی نہایت غلطی ہی بلکہ یہہ صرف بیان بالکنایہ ہی اور اُسکا لازم مقصود ہی *

شاہ ولی اللہ صاحب تفسیر فوزالکبیر میں ارقام فرماتے ہیں کہ " کنایت آنست کہ حکمی اثبات کنند و قصد نہ ثبوت عین آں باشد بلکہ قصد آنست کہ انتقال کند ذہن مخاطب بلازم آں بازوم مادی یا عقلی چنانکہ از عظیم الرماد معنی کثرت ضیافت واز پیاده میسوطتان معنی سخاوت ادراک میشود و تصویر معنی مواد بصورت محسوسہ از ہمیں قبیل است و ان بابے است واسع و اشعار عرب و خطب ایشاں و قرآن عظیم و سنت حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بآں مشحون است و اجلب علیہم بخیلک ورجلک تشبیہ دادہ شد برئیس دزدان چوں یاراں خود را آواز دہد کہ ازیں سو حملہ کن وازانسو در آ و جملنا من بین ایدیہم سدا و من خلفہم سدا — و جعلنا فی اعناقهم اغلالا تشبیہ دادہ شد اعراض ایشاں را از تدبر آیات بکسی کہ اورا مغلول کردہ باشند یا ہر ہر جہت او سدے بنا کردہ باشند پس اصلا نمیتواند دید و اضم جناحک من الرهب یعنی مجموع خاطر شو پراگندگی نفس بگذار و نظیر ایں باب در عرف انست کہ چوں شجاعت کسی را تقریر کنند بشمشیر اشارہ کنند کہ ایں طرف میزند و آں طرف میزند و مقصود جز غلبہ او بر اہل آفاق بہ صفت شجاعت نباشد گو در تمام عمر شمشیر بدست نگرفتہ باشد یا گویند فلاں میگوید کہ در زمین کسی را نمی بینم کہ با من مبارزت تواند کرد و یا گویند کہ فلاں خود چنیں میکند و اشارہ کنند بہیئتی کہ اہل مبارزت دروقت غلبہ بر خصم می کنند گو کہ ایں شخص گاہے ایں کلمہ نگفتہ باشد و ایں فعل نکردہ باشد یا گویند فلاں حلق مرا خفا کردہ است و دست در گلوی من انداختہ الخ را بر کشیدہ است " انتہی *

پس جہاں کہیں کہ قرآن مجید میں خدا تعالی محسوسات کا بطور عرف عام بیان فرماتا ہی اُس سے اُس کے عین کا ثبوت مقصود نہیں ہوتا ہم بھی کہتے ہیں کہ اسمان گر پڑے اسمان ٹوٹ پڑا یہہ ایسی بات ہی کہ اس سے اسمان پھٹ جاوے گاپچا پھٹ جاوے مگر

کبھی ان الفاظ سے حقیقتاً اُن چیزوں کا ثبوت مقصود نہیں ہوتا بلکہ اُس کے لازم بلزوم عقلی یا عادی کا ہوتا ہی تدبر *

پانچویں لفظ " الطی " قابل بحث ہی جس کے مشتقات آیۂ کریمۂ یوم نطوی السماء کطی السجل للکتب اور آیۂ کریمۂ والسموات مطویات بیمینہ میں آئے ہیں *

مگر ان آیتوں سے یہہ خیال کرنا کہ آسمان کاغذ یا کپڑے یا چادر یا رومال کی مانند ایک جسم ہی جو خدا کے ہاتھہ پر لپٹ جاویگا یا جیسے مکتبوں میں لڑکے مکتوب لپیٹ لیتے ہیں اُس طرح لپٹ جاویگا ایک بڑی غلطی ہی یہہ کلام مجازاً بولا گیا ہی جس سے مقصود صرف اتنا ہی کہ یہہ تمام آسمان و زمین جیسیکہ پہلے تھے پھر نہ ہونگے *

خدا تعالی اول فرماتا ہی کہ یوم نطوی السماء کطی السجل للکتب اور اُسی کے ساتھہ فرماتا ہی کما بدانا اول خلق نعیدہ یعنی یہہ فرماکر کہ ہم آسمان کو مکتوب کی مانند لپیٹ لینگے اُس کے مطلب کو بتا دیا کہ جس طرح ہمنے پہلے پہل پیدا کرنا شروع کیا تھا پھر ویسا ہی کرینگے اور ایسا کرنا اُسی وقت ہوگا جبکہ یہہ سب نیست ہوجاویگا *

تفسیر کبیر میں یہہ تحت آیۂ والسموات مطویات بیمینہ کے بہت طول گفتگو لکھی ہی جس کا خلاصہ یہہ ہی کہ یہہ سب مجاز ہی اور مجازاً واسطے اظہار قدرت و شان خدا تعالی کے بولا گیا ہی *

قال صاحب الکشاف الغرض من ھذا الکلام اذا اخذتہ کما ھو بجملتہ و مجموعہ تصویر عظمتہ والتوقف علی کنھہ جلالہ من غیر ذھاب بالقبضۃ والالیمین الی جھۃ حقیقۃ او جھۃ مجاز یعنی صاحب تفسیر کشاف کا قول ہی کہ اس کلام سے جبکہ اُس سب کو جمع کرکر لو تو مقصود اُس سے خدا تعالی کی عظمت کی تصویر بتانا اور اُس کے جلال کی تہ میں متوقف رہنا ہی بغیر اس بات کے کہ مٹھی اور داہنی ہاتھہ سے حقیقت میں مٹھی اور داہنا ہاتھہ سمجھیں یا مجازا خیال کریں *

بعد اس کے ایک لمبا چوڑا طومار اور حمل کلام کا حقیقت سے مجاز پر لکھہ کر ارقام فرماتے ہیں " ولا شک ان لفظ القبضۃ و الیمین مشعر لھذہ الاعضاء والجوارح الا ان الدلایل العقلیۃ قامت علی امتناع ثبوت الاعضاء والجوارح للہ تعالی فوجب حمل ھذہ الاعضاء علی وجوہ المجاز — یعنی اس میں کچھہ شک نہیں ہی کہ مٹھی اور داہنا ہاتھہ ان اعضا اور ہاتھوں کو جو ظاہر میں ہیں بتاتا ہی مگر عقلی دلیلوں سے ثابت ہوا ہی کہ خدا تعالی کے اعضا اور جوارح کا ہونا غیر ممکن ہی اس لیئے واجب ہی کہ مٹھی اور داہنا ہاتھہ جو بیان ہوا ہی اُس کو مجاز پر حمل کریں پس جبکہ دونوں چیزیں مجاز پر حمل ہوئیں تو مٹھی میں اُٹھانا اور ہاتھہ پر لپٹنا بھی بقینی مجاز ہوگیا *

ثم قال صاحب الکشاف و قیل قبضتہ ملکہ و یمینہ قدرتہ و قیل مطویات بیمینہ اے مفنیات — یعنی صاحب کشاف نے کہا ہی کہ مٹھی سے تو ملک خدا مراد ہی اور داہنی ہاتھہ سے اُس کی قدرت اور یہہ بھی کہا گیا ہی کہ داہنی ہاتھہ میں لپیٹنے یعنی فنا اور معدوم ہو جانیکے پس لپیٹنے کے لفظ سے آسمانوں کا حقیقت میں لپیٹنے کے لایق جسم سمجھنا ٹھیک نہیں ہی *

چوتھے الفاظ " انشقاق و انفراج اور انفطار اور فتح " اور مثل انکے ہیں کہ اُن کے مشتقات یا بہ تبدیل ابواب قرآن مجید میں آئے ہیں — ان الفاظ کی نسبت بھی وہی بحث ہی جو ہمنے بالتفصیل " کفسا " کے لفظ کے تحت میں کی ہی یہی ٹیلی ٹیلی چیز جس کو سب لوگ آسمان کہتے تھے اور جانتے تھے اور کہتے ہیں اور جانتے ہیں سب کو ایک مجسم چیز اور چھت کی طرح بنی ہوئی معلوم ہوتی ہی وہ اُس کی حقیقت سے واقف نہ تھے مگر جیسیکہ وہ دکھائی دیتی تھی اُس قیاس پر اُس کو پھٹنے اور جڑنے کے قابل خیال کرتے تھے قرآن مجید جو ٹھیک عرب اول کے محاورہ میں اترا ہی اونہی کے خیال اور محاورہ کے موافق وہ الفاظ برلے گئے ہیں اور مقصود اُس سے صرف معدوم ہونا اور فنا ہونا موجودات کا ہی پس کسی طرح یہہ الفاظ آسمان کی ایسی حقیقت پر اور ایسے جسم پر جیسا کہ یوناندیوں نے تسلیم کیا تھا اور جس کی تقلید علماء اسلام نے کی تھی یا جیسا کہ تیرھویں صدی کے مولوی بیان کرنا چاہتے ہیں دلالت نہیں کرتے *

شاہ ولی اللہ صاحب فوزالکبیر میں اسلوب قرآن کی بحث میں ارقام فرماتے ہیں کہ " پس اگر برخلاف طور ایشاں (یعنی عرب اول) گفتہ شود بصیرت فرمائند و چیزے نا آشنا پگرش ایشاں رسدو فہم ایشاں را مشوش سازد " مگر یہہ قاعدہ صرف اسلوب قرآن ہی پر منحصر نہیں ہی بلکہ قرآن مجید کی ہر بات میں یہہ امر ملحوظ ہی *

ایک مقام میں یہ ذیل بیان معنی آیۂ محکم شاہ صاحب نے بیان فرمایا ہی کہ " اعتبار دانستن عرب اول است نہ مر شکافان زمان ما را کہ مر شکافی بیجا واقع است مثال کہ محکم را متشابہ میسازند و معلوم را مجہول " اگرچہ یہہ امر شاہ صاحب نے معنی لفظ کی نسبت لکھا ہی مگر یہہ ایسا قاعدہ ہی جو بہت سی چیزوں کے لیئے مفید ہی مثلاً جیسیکہ عرب سماء کا اطلاق اس نیلی چیز پر کیا کرتے تھے جو ہمکو بطور ایک سقف گنبدی کے دکھائی دیتی ہی تو ہمکو اُسی پر اکتفا کرنا چاہیئے اور زیادہ مرشگافی کرکر اور مل مل کر مکھی کو پوپنسا بننا نہیں چاہیئے اسی طرح جب کہ

عرب اول اسي نیلي چھت کو پھٹنے والي اور چرنے والي اور پرست کیجیئے کے لایق خیال کرتے تھے تو اُن الفاظ کو اُنھي کے خیالات پر مقصور رکھنا چاھیئے نہ یہہ کہ اُس کے لازم کو اپني طرف سے اضافہ کرکر اُس نیلي چھت کو ایسا جسم قرار دیا جاوے جو کاغذ یا کپڑے کي طرح پھٹ سکي یا لپٹ سکے یا پکڑي کي طرح اُس کا پوست اُوتارا جاسکے اگر غور کیا جاوے تو سبع سموات کا لفظ بھي درحقیقت مثبت تعدد آسمانوں کا نہیں ھی کیونکہ عرب کے خیال میں تھا کہ سات آسمان ھیں اور جو کہ اُنھوں نے بجز اس نیلي چھت کے اور کسي چیز کو نہیں دیکھا تھا اور اُسکو ایک مستحکم جسم سمجھتے تھے اور اسلیئے اُنھوں نے خیال کیا تھا کہ ساتوں آسمانوں کا ایسا ھي جسم ھوگا اور پھر اس خیال سے اُن کا تہ پر تہ ھونا بھي اُن کے ذھن میں جما ھوا تھا اُنھي کے خیال کے موافق قران مجید میں جو عرب اول کي زبان و محاورہ میں نازل ھوا ھی وہ سب باتیں بیان ھوئیں ھیں اُن کو خواہ نخواہ حقیقت واقعي کا مثبت قرار دینا اسلوب بدیع قران مجید کے برخلاف ھی اگر بحقیقت اشیاء اُس کے مطابق پائي جاوے جیسا کہ قران مجید میں موافق خیال عرب اول کے بیان ھوا ھی نہراالمراد اور اگر بفرض محال اُس کے برخلاف بیان ھو تو بھي کچھہ نقصان یا اعتراض قران مجید پر نہیں ھوسکتا کیونکہ وہ عرب اول کي زبان میں بولا گیا ھی ھاں جسوقت کہ قران مجید یونانی موارخوں اور خیالي فلسفیوں کے ھاتھہ آتا ھی اور وہ ھندي کي چندي اور نکات بعدالوقوع نکالنے پر اپنے علم کو اور بے معني اعتراضات و بحث کو ختم کرنے لگتے ھیں اُس وقت قران مجید کا حال صائب کے شعر کا سا ھوجاتا ھی جب کہ اُس نے کہا تھا کہ ”شعر ھوا بمدرسہ کہ برد“ فرض ھمارے یہہ ھی کہ قران مجید کو مثل کلام ایک انسان فصیح تم عرب اول کے خیال کرکر اُس کے الفاظ کے معني لگائیں جاویں نہ مثل فلاسفہ یونان کے کلام کے — و من لم یعتقد بھذا فقد ضل سواء السبیل *

ساتویں الفاظ ”اشد و اکبر“ قابل لحاظ کے ھیں خدا تعالی موافق خیال عرب اول کے اپني قدرت کاملہ کو بیان فرماتا ھی کہ آسمانوں کا اور زمین کا بنانا انسان کے پیدا کرنے سے زیادہ مشکل یا سخت تر ھی حالانکہ خدا کے نزدیک نہ آسمان و زمین کا پیدا کرنا مشکل ھی نہ انسان کا مگر اس مقام پر اُنھي کے خیال کے موافق خدا نے فرمایا کہ جس چیز کي خلقت کو تم ایسا مشکل یا سخت تر جانتے ھو تو خدا کو تمھارا پیدا کرنا یا پھر دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ھی اب انصاف سے دیکھا جاوے کہ اس طرز کلام سے اشد کے معني اوھے یا تانبے کے پتر کي مانند جسم کے قرار دینے کیسي نا سمجھي کي بات ھی اور پھر اُس کو ایک مسئلہ مستحکم قرار دینا اور اُس کے برخلاف کہنے والے کو کافر کہنا خود کفر میں گرنا ھی و نعوذ باللہ منھا *

تفسیر کبیر میں تحت تفسیر آیۃ کریمہ أأنتم اشد خلقا ام السماء“ کے لکھا ھی کہ ” انہ استدل علی منکرالبعث فقال ائنتم اشد خلقا ام السماء فنبههم علی امر یعلم بالمشاھدۃ و ذلک لان خلقۃ الانسان علی صغرہ و ضعفہ اذا اضیف الی خلق السما علی عظمھا و عظم احوالھا تبین تعالی ان خلق السماء اعظم و اذا کان کذلک فخلقھم علی وجہ الاعادۃ اولی ان یکون مقدورا للہ تعالی فکیف ینکرون ذلک و نظیرہ قولہ اولیس الذي خلق السموات و الارض بقادر علی ان یخلق مثلھم و قولہ خلق السموات و الارض اکبر من خلق الناس و المعني اخلقکم بعدالموت اشد ام خلق السماء ای عندکم و في تقدیرکم فان کلا الامرین بالنسبۃ الی قدرۃ اللہ واحد “ *

یعني تفسیر کبیر میں انتم اشد خلقا ام السماء کي تفسیر میں لکھا ھی کہ جو لوگ بعث کے منکر تھے اُن پر دلیل لانے کے لیئے خدا نے فرمایا ھی کہ تمھارا پیدا کرنا مشکل یا سخت تر ھی یا آسمان کا پس اُنکو ایسي بات سے جسکو وہ عالبتہ دیکھتے تھے خبردار کیا کیونکہ جسوقت انسان کي خلقت کو جو ضعیف اور صغیر ھی آسمان سے نسبت دي جاوے جو ایسا بڑا ھی اور اُسمیں بہت بڑي بڑي حالتیں ھیں تو خدا نے بتایا کہ آسمان کا پیدا کرنا بڑا کام ھی اور جبکہ یہہ بات ھی تو تمھارا پھر پیدا کرنا کچھہ بڑي بات نہیں تو بدرجہ اولی خدا کي قدرت میں ھوگا پھر کیونکر تم اُسکا انکار کرتے ھو — اس کي ایسي مثال ھی جیسیکہ خدا نے فرمایا ھی کہ جس نے آسمان و زمین پیدا کیئے کیا اس بات پر قادر نہیں ھی کہ اُنھي کي مانند اور پیدا کرے یا جیسیکہ خدا نے فرمایا ھی کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا آدمیوں کے پیدا کرنے سے بڑا ھی اور مطلب یہہ ھی کہ ایا ھونے کے بعد تمھارا پیدا کرنا مشکل ھی یا تمھارے نزدیک آسمانوں کا پیدا کرنا مشکل ھی اگرچہ خدا کي قدرت کے نزدیک تو یہہ دونوں باتیں یکساں ھیں یعني کچھہ مشکل نہیں ھیں — پس اب غور کا مقام ھی کہ لفظ شد سے آسمانوں کا سخت جسم ھونا کیونکر ثابت ھوتا ھی *

اور اگر لفظ اشد سے مستحکم و مضبوط کے معني لیئے جاویں تو بھي اُس سے یہہ سمجھنا کہ آدمي کے پوست سے آسمان کا پوست اور اُس کے جسم سے آسمان کا جسم اور اُس کي ھڈي پسلي سے آسمان کي ھڈي پسلي زیادہ مضبوط اور سخت ھی نادانی کے سوا اور کچھہ نہیں ھی — بے شک آسمان اور زمین اور پہاڑ اور درخت کو ھم دیکھتے ھیں کہ انسان سے زیادہ پایدار ھیں اسي زمین پر اور اسي آسمان کے تلے ھزاروں لاکھوں نبي اور ولي اور شہداء اور صالحین آئے اور گذر گئے سکندر و دارا جمشید و فریدون بھي ھوئے اور گذر گئے بہت سے کفر کے فتوی دینے والے پیدا ھوئے اور گذر گئے بہت سے مسلمان خدا و رسول پر دل و جان سے ایمان رکھنے والے کافر بنائے گئے اور گذر گئے ھزاروں کافر

و مرتد اور خدا کے وجود کے بھی منکر پیدا ہوئے اور گذر گئے اور ایک دن ہم بھی اور ہمارے نفر کے فتوی دینے والے بھی گذر جاوینگے اور اپنے اپنے اعمال لیکر خدا کے سامنے حاضر ہونگے و انی لا اعلم مایفعل بی و بما یفعل بهم و لاکنی ارجو رحمت ربی انه هوارحم الراحمین اور باوجود ان سب حوادث کے آسمان اور زمین ویسے ہی ہیں جیسیکہ تھے تو ضرور کوئی پوچھنے والا پوچھ سکتا ہی اَانتم اشد خلقا ام السماء مگر اُس سے یہہ مراد اپنی کہ ہم سخی کے ہیں اور آسمان اونچا کا اس تیرھویں صدی کے سواریوں کے سوا جو مکہ معظمہ و مدینہ منورہ سے بھی نفر کا تحفہ لانے والوں کے یار غار ہیں اور کس سے ہوسکتا ہی واناانوض امری و امرکم الی الله ان الله بصیر بالعباد *

ساتواں لفظ " اسماک " کا ہی خدا نے فرمایا کہ وہی تمام رکھتا ہی آسمان کو زمین پر گرنے سے کیسی صاف اور سیدھی بات ہی ہم آسمان کو ایک گنبد کی چھت کی مانند دیکھتے ہیں اور یہہ بھی دیکھتے ہیں کہ وہ تہمی ہوئی ہی اور ہم پر گرتی نہیں اسی خیال کے موافق اگر ایک قم عرب اول کہے کہ کسی صاحب قدرت نے آسمان کو زمین پر گرنے سے تھام رکھا ہی تو اُس کا یہہ کہنا بالکل سچ اور صحیح ہی یا نہیں اگر صحیح ہی تو خدا کا یہہ کہنا بھی کہ میںنے آسمان کو زمین پر گرنے سے تھام رکھا ہی صحیح ہی اس قول پر اپنی عارف سے زیادہ حاشیئے لگانے کہ آسمان پر فرشتے رہتے ہیں اس لیئے ضرور ہی کہ وہ سخت و صاب ہو تاکہ فرشتے اُسپر ٹک سکیں اور جبکہ وہ سخت و صاب ٹھہرا تو ضرور ہی کہ اُسکا اوپے کے پتروں کا سا جسم ہو اور جب وہ ایسا ہوا تو ضرور ہی کہ بوجھل اور ثقیل لاکھوں کروڑوں پدموں بے انتہا من کا ہو محض لغو اور واہیات بات ہی اور قران مجید کے اسلوب بدیع کے بالکل مخالف ہی *

آٹھواں لفظ " بنا " کا ہی اللہ تعالی نے متعدد جگہہ فرمایا ہی کہ میں نے آسمان کو پیدا کیا بلاشبہہ وہی خالق ہی بنا کا لفظ اور خالق کا دونوں ہم معنی یا ہم مواد ہیں کون اس سے انکار کرسکتا ہی کہ خدا نے آسمان کو نہیں بنایا بلاشبہہ ہمکو دکھائی دیتا ہی کہ ہمارے لیئے ایک محل ہی جس میں ہزاروں لاکھوں گیاس اور میگنٹ کی روشنی سے یہی عمدہ روشنی کے مصابیح روشن ہیں وہ ایسی خوبصورت ہمکو دکھائی دیتے ہیں جیسیکہ بلور کی ہانڈیوں اور فانوسوں میں میگنٹ کی روشنی ہو رہی ہی پس یہہ حال جو ہمکو آنکھوں سے دکھائی دے رہا ہی اُسیکو خدا بتلاتا ہی کہ میں نے آسمان کو تمہارے لیئے محل بنایا ہی کمبختوں میری عبادت کرو میری وحدانیت کا اقرار کرو میرے رسول کی تابعداری کرو جو کوئی میرا اور میرے رسول کا اقرار کرے اُسکو کاٹو مت کھو نہ مارو تو جہنم میں جاؤ پس خدا کے نظم کا تو اسیقدر مطلب ہی آگے اُسپر حاشیئے لگانے اور ٹھہرانا کہ جب بنا کا اطلاق ہوا ہی تو ضرور اُسکی بنیاد کروی قاف پر پڑی ہوگی اور جب اُسکو محل کہا ہی تو وہ ضرور گنبد کی چھت کیطرح قات لگا کر بنایا گیا ہوگا اور اینٹ پتھر کی جگہہ بلور کے پتھر لگائے گئے ہونگے یا کانچ کے شیشہ کی طرح ڈھالا گیا ہوگا اور کچرہ نہیں تو لڈن کے کرسٹل پیالس کی طرح تو ضرور ہوگا محض پوچھا و زادانی ہی *

قسم چہارم — میں جو آیتیں بیان ہوئی ہیں اور جنمیں لفظ سموات کا آیا ہی اُن میں کئی لفظ بحث کے قابل ہیں *

اول — لفظ " سموات " بحث یہہ ہی کہ اس لفظ کا ہمیشہ جمع ہی پر اطلاق ہوتا ہی یا مفرد پر بھی تفسیر کبیر میں لکھا ہی " و انما قال کانتا رتقا و لم یقل کن رتقا لان السموات لفظ الجمع والموادبه الواحدالدال علی الجنس قال الاخفش السموات نوع والارض نوع و مثله ان الله یمسک السموات والارض ان تزولا " یعنی الله صاحب نے کہا ہی کہ آسمانوں اور زمین دونوں کے منہہ بند تھے یعنی آسمانوں اور زمین دونوں کے یعنی آسمانوں کو ایک کہا اور زمین کو ایک کہا اور یہہ نہیں کہا کہ سب آسمانوں کے جو بہت سے ہیں منہہ بند تھے اور زمین کا منہہ بند تھا — اس کا سبب یہہ ہی کہ سموات جمع کا صیغہ ہی لیکن اُس سے ایک بھی مراد لیا جاتا ہی کیونکہ وہ سب آسمانوں کے ایک طرح کا ہونے پر دلالت کرتا ہی اخفش کا قول ہی کہ سموات ایک نوع ہی اور زمین ایک نوع اور اسی کی مانند خدا نے فرمایا کہ الله تھامتا ہی آسمانوں کو اور زمین کو کہ وہ دونو ٹل نجاویں — اس بیان سے ظاہر ہوتا ہی کہ سموات کے لفظ سے سماء بھی مراد ہوتا ہی اسیطرح سے سماء پر بھی جمع کا اطلاق ہوتا ہی اس لیئے کہ اُس کا ہر جزو سماء ہی کقولہ تعالی ثم استوی الی السماء فسواہن سبع سموات پس اس قسم میں ہمنے جو آیتیں لکھی ہیں اُن میں سے بعضی آیتوں کو قسم پنجم میں بھی لکھا ہی اسکا سبب یہہ ہی کہ اُن میں جو لفظ سموات کا آیا ہی اگر اُس سے سماء بصیغہ مفرد مراد لیا جاوے تو تو وہ آیتیں قسم چہارم میں داخل رہتی ہیں بلکہ قسم سوم میں شامل ہوسکتی ہیں اور اگر اُس سے جمع ہی مراد لی جاوے تو پھر اُنکا ٹھکانا بجز قسم پنجم کے اور کہیں نہیں ہوسکتا *

دوم — لفظ " خلق " قابل بحث ہی ہوگا ہمنے فضاے محیط کو سماء اور اُس کے طبقات کو جو بسبب وجود کواکب کے یا اور کسی حد ظاہر کے پیدا ہوگئے ہیں سموات کہا اور اسبات کا بھی دعوی نہیں کیا کہ اُس میں کوئی جسم سیال اثیری ہی یا نہیں تو گویا ہمنے ہی معدوم کو سماء و سموات کہا یا ایسی چیز کو سماء و سموات کہا جس کا کوئی وجود جسمانی نہیں ہی تو پھر اُس پر خلق کا اطلاق کیونکر صادق آتا ہی *

مگر یہہ تمام خیالات کج فہمی سے پیدا ہوتے ہیں سیدھی سمجھہ کا آدمی ان خیالات کی غلطی بخوبی سمجھہ لیتا ہی *

اول تو یہہ کہنا کہ عدم غیر مخلوق ہی نہایت غلطی ہی عدم محض نہ کبھی موجود تھا اور نہ کبھی موجود ہوگا پس ایسی چیز جو کبھی موجود ہی نہیں ہوسکتی اُسکی نسبت یہہ کہنا کہ مخلوق ہی یا غیر مخلوق محض نادانی ہی باقی رہا عدم ممکن جسکو عدم الشی سے تعبیر کیا جاتا ہی یہہ موجود بھی ہوتا ہی اور جب موجود ہو تو وہ بلاشبہہ مخلوق ہی پس جو حقیقت آسمان کی ہمنے بیان کی اُس پر معدوم غیر موجود ہونے کا اطلاق نہیں ہوسکتا بلکہ معدوم الجسم کہہ سکتے ہیں اور شی مخلوق کے لیئے یا جس پر مخلوق ہونے کا اطلاق ہوتا ہی اُس کا مجسم ہونا ضرور نہیں ہی خدا تعالی نے فرمایا ہی کہ خلق الموت والحیات حالانکہ موت اور حیات کوئی شی جسمانی نہیں ہی پھر فرمایا ہی کہ خلق اللیل والنہار و وجعل الظلمات والنور حالانکہ رات ظلمت یعنی عدم النور کا نام ہی اور لیل و نہار یعنی رات دن اور نور و ظلمت دو تو جسمانی نہیں ہیں پس خلق کا لفظ نسبت سموات کے ہمارے کلام کے منافی نہیں ہی *

استوا اور خلق دونو کی مراد واحد ہی قال الامام فی تفسیرہ ثم استوی الی السماء کنایۃ عن ایجاد السماء والارض یعنی استوا کے لفظ سے آسمان اور زمین کا پیدا کرنا مراد ہی *

تیسرا لفظ "رتق و فتق" قابل بحث ہی ہمنے اسی آیت کے ساتھہ شاہ ولی اللہ صاحب اور شاہ عبدالقادر صاحب کا ترجمہ معہ تفسیر کے لکھدیا ہی جس سے ظاہر ہوتا ہی کہ یہہ دونو لفظ ہمارے کلام کے منافی نہیں — ہمارے نزدیک تو اس مقام پر سموات پادلوں سے مراد ہی جن پر بسبب کثرت و تعدد کے جمع کا صیغہ بولا گیا ہی اور بڑی تائید اس کی اس بات سے ہوتی ہی کہ اسی آیت میں خدا فرماتا ہی وجعلنا من الماء کل شی حی اور صداقت اس آیت کی ہر شخص ہر ہیشہ اپنی آنکھہ سے دیکھتا ہی بادل آتے ہیں اور گھرے رہتے ہیں اور نہیں برستے پھر اللہ تعالی اُن کا منہہ کھولتا ہی اُن سے مینہہ برستا ہی زمین خشک ہو جاتی ہی کھیتی نہیں رہتی کچھہ اُگانے کے قابل نہیں ہوتی اللہ تعالی اُس کا منہہ کھولتا ہی سب چیز اُس میں سے پیدا کرتا ہی اور یہہ سب باتیں ہمیشہ تمام ارگ دیکھتے رہتے ہیں بعض علماء اسلام نے یہود کی تقلید سے یہہ خیال کیا تھا کہ اس آیت سے یہہ مراد ہی کہ آسمان و زمین آپس میں چمٹے ہوئے تھے جیسے بدن پر کھالی خدا نے زمین کی کھالی کھینچ کر آسمان بنا دیا مگر یہہ صرف یہودیوں کا قصہ ہی اُسی کی تقلید سے اُن علماء نے قرآن کی بھی تفسیر کی ہی جن لوگوں کو خدا نے مخاطب کیا ہی وہ آسمان و زمین کی پیدایش کے وقت کہاں تھے جو وہ دیکھتے کہ آسمان زمین سے بدن کی کھالی کی مانند جمتا ہوا تھا یا نہیں *

اکثر مفسرین نے بھی اس آیت کی تفسیر ہمارے قول کے مطابق کی ہی صرف اتنا فرق ہی کہ ہمنے سموات کا اطلاق بادلوں پر کیا ہی اور اُنھوں نے اِس ٹیلی جہت پر جو ہمکو دکھائی دیتی ہی چنانچہہ ہم اُسکو تفسیر کبیر سے نقل کرتے ہیں *

قال الامام فی القول الثالث وھو قول ابن عباس و اکثر المفسرین ان السموات والارض کانتا رتقاً بالاستواء والصلابۃ ففتق اللہ السماء بالمطر والارض بالنبات والشجر ونظیرہ قولہ تعالی والسماء ذات الرجع والارض ذات الصدع ورجحوا ھذا الوجہ علی سائرالوجوہ لقولہ بعد ذلک وجعلنا من الماء کل شی حی و ذلک لایلیق الا بالماء تعلق بما تقدم ولایکون کذلک الا اذا کان المراد ماذکرنا فان قیل ھذا الوجہ مرجوح لان المطر لاینزل من السموات بل من سماء واحد وھی سماء الدنیا قلنا انما اطلق علیہ لفظ الجمع لان تلک تعلۃ منھا سماء کما یقال ثوب اخلاق و برمۃ اعشار واعلم ان علی ھذا التاویل یجوز حمل الرویۃ علی الابصار"

یعنی امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں اس آیت کی چوتھی تیسرا قولہ یہہ نقل کیا ہی کہ ابن عباس کا اور اور بہت سے مفسروں کا یہہ قول ہی کہ آسمان و زمین بسبب سختی اور پتھر ہونے کے منہہ بند تھے پھر منہہ کھولا اللہ تعالی نے آسمان کا مینہہ سے اور زمین کا نباتات اور درخت اوگانے سے اور اُسی کی مانند خدا کا یہہ قول ہی قسم ہی پھرنے والے یا برسنے والے بادل کی اور اوگانے والی پھاڑو والی زمین کی اور اس وجہ کو تمام وجہوں پر ترجیح دی ہی خدا تعالی کے اس قول کی دلیل سے جو اسی کے بعد ہی کہ کیا ہم نے ہر چیز کو پانی سے زندہ اور اس آیت کا پہلی آیت سے جب ہی جوڑ ملتا ہی جبکہ پہلی آیت کو پانی سے کچھہ تعلق ہو اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہہ وجہ ضعیف ہی اسلیئے کہ مینہہ آسمانوں سے نہیں آتا بلکہ ایک آسمان سے جو دنیا کا آسمان ہی اوترتا ہی تو اسکا جواب ہم یہہ دینگے کہ دنیا کے آسمان پر جمع کا صیغہ اسلیئے بولا گیا ہی کہ اُسکا ہر ایک ٹکڑا آسمان ہی جسطرح کہ عرب بولتے ہیں ثوب اخلاق اور برمۃ اعشار اب یہہ بات بھی جاننی چاہیئے کہ اس تاویل پر جایز ہی کہ رویۃ کے لفظ کے معنے آنکھوں سے دیکھنے کے کیے جاویں *

قسم پنجم میں جو آیتیں لکھی ہیں اُنکے الفاظ و معانی کی تشریح اُنھی کے ساتھہ ہی پس اب کوئی لفظ آیات قرانی میں مبہم دانستہ میں ایسا نہیں رہا جسپر بحث درکار ہو *

اب میں اپنے اس آرٹکل کو ختم کرتا ہوں اور پھر کبھی فرصت میں انشا اللہ تعالی نسبت احادیث کے جو اس باب میں ہیں بحث کیجاویگی و اللہ الموستعان *

راقـــــم
سید احمد

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور جاضط
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] ۱۵ شعبان سنہ ۱۲۹۱ هجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۱

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساٹھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نئي پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے عرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۸۹

دافع البهتان

جناب حضرت سیدالحاج مولانا مولوي حاجي علي بخش خان صاحب بهادر سب آرڈینٹ جج گورکهپور نے ایک کتاب مسماة به تائید الاسلام تحریر فرمائي هی جس میں مجهه پر بهت سے اتهام کئے هیں اگرچه میں ایسي باتوں کي نسبت کچهه پروا نهیں کرتا مگر بهت سے دوست بچد هیں که جن عقاید کو جناب سیدالحاج نے اتهاماً تمهاري طرف منسوب کیا هی اُنکي نسبت یه بحث و استدلال صرف اتنا لکهدو که حقیقت میں وه تمهارا عقیدة هی یا تم پر اتهام هی پس میں اُنکے ارشاد کي تعمیل کرتا هوں *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے هیں که مجموعة موجودة اسلام مخاطب یعني میرے نزدیک قطعاً باطل هی ' یه محض اتهام هی میرا یه عقیدة نهیں هی میں نے ایک مقام پر جهاں یه بحث کي هی که مذاهب مختلفه میں کونسا مذهب سچ هوسکتا هی اور بعد ایک لمبي تقریر کے بیان کیا هی که مذهب اسلام کے سوا اور کوئي مذهب سچ نهیں هوسکتا وهاں میں نے لکها هی که اسلام سے میري مراد یه مجموعة احکام نهیں هی کیونکه اُسمیں احکام منصوصه اور اجتهادیات اور قیاسیات سب شامل هیں جنمیں خطا کا احتمال هی اِس مقام پر میري مراد مذهب اسلام سے صرف احکام منصوصه هیں پس یه کهنا که مخاطب کے نزدیک مجموعة موجودة اسلام قطعاً باطل هی کیسا غلط اور کتنا بڑا اتهام هی *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے هیں که مجموعة اسلام مخاطب یعني میرے نزدیک خلاف مرضي الهي هی *

نعوذ باللہ من هذاالکلمات کبرت کلمة تخرج من افواههم ان یقولون الاکذبا — میرے نزدیک کوئي مذهب سوائے مذهب اسلام کے مطابق مرضي الهي کے نهیں هی *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے هیں که احکام معاد پر اعتقاد لانا اور صحیح جاننا مخاطب کے نزدیک مانع ترقي هی *

لعنت خدا کي هو اُسپر جسنے یه لکها هو اور جسکا یه اعتقاد هو میں نے یه لکها هی که جب اس سچے مذهب (یعني اسلام) میں بهي اگر خیالات اور بد تعصبات ملجاتے هیں تو وه ویسا هي انسان کي ترقي کا هارج هوجاتا هی کیا یه لفظ اور کیا وه عقیدة جو سیدالحاج نے میري نسبت لکهاهی جس وقت اُنهوں نے یه کتاب لکهي هی شاید خود اُنکو احکام معاد پر یقین نه تها کیونکه اگر یقین هوتا تو وه ضرور خیال فرماتے که مرنا بهي هی خدا کے سامنے جانا هی میں کیونکر ایک شخص پر ایسا اتهام کروں *

جناب سیدالحاج نے ارقام فرمایا هی که معجزات انبیا کے اعتبار سے مجرد نبي کے قول پر یقین لانا مخاطب کے نزدیک باطل هی *

اس عبارت کا مطلب شاید مصنف هي سمجهیں تو سمجهیں اور کوئي تو سمجهه نهیں سکتا مگر صرف اسقدر لکهنا کافي هی که جناب سیدالحاج میرے آرٹکل کا جو مطلب سمجهے هیں وه غلط سمجهے هیں میں نے اُس آرٹکل میں صرف شرف عقل ثابت کیا هی *

جناب سیدالحاج نے ارقام فرمایا هی که ایجاد شریعت مخاطب کے یعني میرے نزدیک ضرور هی *

لعنت اللہ علی قایله و علی معتقدة میرے اعتقاد میں شریعت حقه محمدیه خاتم شریعت هی جیسیکه محمد صلی‌اللہ علیه وسلم خاتم‌النبوت هیں *

جناب سید الحاج نے ایک فقره میں پانچ اتهام میري نسبت کیئے هیں — ایک اتباع سواد اعظم و اتفاق جمهور مخاطب کے نزدیک باطل هی — دوم — کسي عالم کے قول کا اعتبار نهیں نه سند لانی چاهیئے سوم — مسامات مذهبي سے انکار کرنا نه بدعت هی نه کفر هی — چهارم — تقلید ایمه اربع کي ظلمت و ضلالت هی — پنجم — فقه و حدیث پر اعتماد لانا بیجا هی *

یه سب کچهه جو لکها هی سب غلط هی اور تمام تر مضامین کو

تحریف کیا هی قول الذین یکتبون الکتاب بایدیهم ثم یقولون هذا من عند اللہ وه لکهو جو آزادي راے پر هی اور جسکي تحریف جناب سید الحاج نے فرمائي هی اُس کا مطلب سمجهنے کو اپني مدت چاهیئے پس اسیقدر لکهنا کافي هی که جناب سید الحاج کا یه استنباط غلط هی وه مطلب نهیں سمجهے یا دانسته تحریف کي هی *

جناب سید الحاج نے پهر ایک فقره میں دو اتهام کیئے هیں — ایک جو مسئله شرعیه تهذیب مصلحه مخاطب کے خلاف هو باطل هی — دوم — خصوصاً کثرت ازدواج — سوم — و استرقاق *

پهلا اور دوسرا امر محض بهتان هی میرے عقیده میں کوئي مسئله شرعي تهذیب کے خلاف هی هي نهیں اور جس تعدد ازدواج کي نسبت شرع میں اجازت هی وه میں تهذیب هی اور شهوت رانی کے لیئے شرع کو ٹٹي بنانا پهایم کي مانند هوتا هی *

تیسرا امر البته کسیقدر صحیح هی یه تو اکثر علماء متقدمین بهي تسلیم کرتے هیں که آیة کریمه فاما منا بعد و اما فداء سے استرقاق

مصنوع ہی مگر وہ علماء اُس کو منسوخ مانتے ہیں میں منسوخ نہیں مانتا *

جناب سید الحاج ایک دھوکہ کی عبارت میں میری نسبت واعظین و صوفیہ و علماء مدرسین پر سب و شتم کرتا لکھتے ہیں *

یہہ گول گول عبارت جسمیں کل واعظین و صوفیہ و علماء داخل ہوں سیدالحاج کو لکھنی مناسب نہ تھی جن مکار واعظین و صوفیہ اور علماء بدنام کن فیکوناسی چند کی نسبت میٹے لکھا ہی اُنکی نسبت سب لکھتے آئے ہیں مولانا روم کی مثنوی دیکھو امام غزالی کی احیاء العلوم پڑھو *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے احکام معاد مثل جنت و نار صراط و میزان و صور و حشر اجساد وغیرہ و عذاب قبر وغیرہ جو محسوسات نہیں ہیں باطل ٹھہراتے ہیں *

یہہ محض اتہام ہی میں نے ایک حرف بھی اب تک اُن کی نسبت نہیں کہا نعیم جنت و وعید جہنم پر اور بعث بعدالموت پر میں اعتقاد رکھتا ہوں باقی رہی ان کی کیفیات وہ ہر شخص موافق اپنے مذاق کے بیان کرتا آیا ہی چنانچہ امام غزالی کی کتاب احیاءالعلوم ان باتوں سے پر ہی *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ صرف فرایض پر عمل کرتا وہ بھی نیچر کے موافق ہوں کافی ٹھہرایا ہی *

اگرچہ اس میں بھی تدلیس کی ہی مگر بلاشبہہ میرا اعتقاد ہی کہ جسقدر کہ فرایض مذہب اسلام میں ہیں وہ نعارت اللہ یعنی نیچر کے مطابق ہیں اور بلاشبہہ صرف فرایض کا ادا کرنا اور گناہوں سے بچنا بہشت میں جانے کو کافی ہی *

جناب سید الحاج نے ارقام فرمایا ہی کہ جو عبادت خلاف نیچر ہو اُس کو میں نے باطل ٹھہرایا ہی *

اس میں بھی تحریف کی ہی کیونکہ میں نے کہا ہی کہ زہد و ریاضت کو صرف راتوں کو جاگنے اور ذکر و شغل کرنے اور نفل پڑھنے اور نفل روزہ رکھنے میں منحصر سمجھنا (قطع نظر اس کے کہ اُن کا ایسا کرنا اور حد اعتدال سے گذر جانا قانون قدرت کے برخلاف ہی مقصود شارع ہی یا نہیں ہم تسلیم کرتے ہیں کہ وہ عبادت سہی) مگر اُس کے سوا اور نیک باتوں کو عبادت نہ سمجھنا جو اُن سے زیادہ مفید ہیں بڑی غلطی ہی — کہا یہہ مضمون اور کہا یہہ اتہام جو جناب سید الحاج نے بایں دعوی دینداری مجھپر کیا ہی *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ جسقدر عادات و حسنات خلاف نیچر ہوں اُن کو میں نے باطل ٹھہرایا ہی *

مگر جناب سید الحاج یہہ نہیں سمجھے کہ جسقدر نیک عادتیں اور حسنات ہیں وہ نیچر یعنی نعارت اللہ کے برخلاف ہیں ہی نہیں کیا جناب سید الحاج عادت خلاف نعارت کو حسن سمجھتے ہیں ! ! !

وہ میرا قول نقل کرتے ہیں کہ مذہب خدا کا قول اور نعارت خدا کا فعل ہی دونوں ایک ہیں *

کیا جناب سید الحاج کو اس میں شک ہی کیا اُن کے نزدیک خدا کہتا کچھہ ہی اور کرتا کچھہ ہی ! ! !

جناب سید الحاج میرا قول نقل کرتے ہیں کہ طریقہ لباس و اکل و شرب و اخلاق و عادات ایسی اختیار کرنی چاہیئیں جس سے تہذیب یافتہ قوموں کی نظر میں حقارت نہو *

کیا جناب سیدالحاج کی خواہش اسکے برخلاف ہی کیا اپنی قوم کو تمام تہذیب یافتہ قوموں کے سامنے حقیر و ذلیل رکھنا چاہتے ہیں کیا اُنکی مرضی ہی کہ مسلمان ہمیشہ ذلیل رہیں اور تربیت یافتہ قوموں کی نگاہ میں اُنکی کچھہ قدر و عزت نہو !!!

جناب سیدالحاج میری نسبت الزام لگاتے ہیں کہ میں ترقی قومی کو دیگر حسنات پر ترجیح دیتا ہوں ' دل و جانم فدائے ایں الزام جناب سیدالحاج باد بلاشبہہ میرا یہہ عقیدہ ہی یہی مذہب ہی اور یہی قول ہی اور خدا اسی قول پر میرا خاتمہ کرے کہ بعد ادائے فرایض کے کوئی عبادت قومی بھلائی میں کوشش کرنے سے بہتر نہیں ہی اللہم احینا علیہ و امتنا علیہ آمین ہاں البتہ خود غرض نفس کے بندے قومی بھلائی میں کوشش کرنیکو بیفائدہ سمجھتے ہیں *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے توہین حرمین شریفین کی ہی اور اُسکے ثبوت پر میرا یہہ قول نقل کیا ہی کہ خواجہ سوا روضہ متبرکہ رسالت مآب صلعم پر اور خانہ کعبہ پر متعین کیئے ہیں اور یہہ ہیئت کے پھرنے مسلمان اُسکو باعث انتظار جانتے ہیں *

ناظرین انصاف کرینگے کہ اس فقرہ سے توہین حرمین شریفین استنباط کرنا جناب سیدالحاج کے علم و اجتہاد اور دیانت اور دینداری کا کیسا بڑا ثبوت ہی کیا یہہ استنباط دیدہ و دانستہ اتہام نہیں ہی مسلمانوں میں کواجہ سراؤں کا رواج اسلام کو داغ لگانے والا ہی کیونکہ سوائے مسلمانوں کے اور کسی قوم میں یہہ رواج نہیں ہی پھر جو فعل کہ حرام و ممنوع شرعی ہی اُسکے مرتکب ہوتے ہیں اور پھر اُنہی لوگوں کو حفاظت روضہ مطہرہ اور خانہ کعبہ پر متعین کرتے

هیں اور ان هیئه کے پجاریوں کو رسول خدا صلعم سے بھی شرم نہیں آتی که آنحضرت کے حکم کے برخلاف کام کرتے هیں اور پھر اُنھی کو روضه مبارک کے سامنے لیجاتے هیں اور حیات النبی کا بھی اعتقاد رکھتے هیں اگر غیرت اور خدا و رسول سے شرم هوتی تو چپتی پھر جاتی میں ڈوب مرتے مگر اُس سے بھی زیادہ تعجب همکو یہه هی که همارے مقدم مبشر به بشارات مجیبیه سیدالحاج جناب مولانا علی بخش خانصاحب بهادر سب آرڈینٹ جج گورکھپور اعنی قاضی القضاۃ شریعت انگریزیه فرماتے هیں که حرمین شریفین میں خواجه سراؤں کی تعیناتی کو هوا جاننا توهین حرمین شریفین هی سبحان الله و بحمده سبحان الله و بحمده !!!

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے هیں که میں نے تعلیم دینیات کی جو مروج هی غیر مفید ٹھهرائی هی اور اُس کی دلیل میں میرا یہه قول نقل کیا هی که " زمانه حال میں دینیات کی تعلیم بھی مسلمانوں میں مفید طریقه پر نہیں هی اور کوئی عام مفید مروج نہیں هی " *

اے مسلمانوں انصاف کرو که میرے اس قول کا یہه مطلب هی جو جناب سیدالحاج نے نکالا هی کیا اُنکا ایسا لکھنا اتهام نہیں هی اور کیا دیده و دانسته اُنهوں نے یہه غلط نہیں لکھا هی کجا طریقه تعلیم کو غیر مفید کهنا اور کجا تعلیم دینیات کو غیر مفید کهنا *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے هیں که میں نے جو تمهید غلامی کے آرٹکل میں لکھی هی اُس سے سب و شتم انبیاء سابقین اور لاحقین اور صحابه و اهل بیت و عام امت مرحومه کی لازم آتی هی *

یہه قول اُنکا محض غلط هی قبل نزول امتناع کسی فعل کے اُس فعل کے مرتکبین کو گنهگار اور مرتکب فعل حرام کا جاننا صرف جناب سیدالحاج کا عقیده هی ایک زمانه میں حقیقی بہن سے نکاح منع نتھا اور بعض نبی انبیاء سابقین میں سے اسکے مرتکب هوئے اسیطرح حقیقی دو بہنوں سے ایک ساتھه نکاح کرنا منع نه تھا متعدد انبیاء اُس فعل کے مرتکب هوئے شراب کی حرمت جب تک نہ هوئی تھی تمام انبیاء سابقین اور اکثر صحابه اُس کے مرتکب هوئے پس اب اگر کوئی شخص یہه بیان کرے که بہن سے نکاح کرنا حرام هی دو بہنوں کو ایک ساتھه نکاح میں لانا حرام هی شراب پینی حرام هی تو وه کیا انبیاء سابقین اور صحابه کرام پر سب و شتم کرتا هی *

جو کچھه میں نے نسبت غلامی کے لکھا هی اول میری تحقیق دریافت کرنی چاهیئے تھی میرا یہه عقیده نہیں هی که کسی نبی نے انبیاء سابقین سے اور لاحقین سے جناب خاتم الانبیاء تک کسی عورت پر بغیر نکاح کے تصرف کیا هر ایک اهل بیت علیهم السلام نے اُن عورتوں سے جو لڑائی میں قید هوئی تھیں نکاح کیا تھا جس طرح که جناب سید الحاج ایک اهل بیت پر تهمت لگاتا چاهتے هیں اُس طرح بغیر نکاح بطور لونڈی کے کسیکو تصرف میں نہیں لائے سنی صرف اس مطلب سے که حضرت عمر رضی الله تعالی عنه کی خلافت کا حق هونا شیعوں پر ثابت هو ایک اهل بیت پر لونڈیوں کے تصرف کی تهمت لگاتے هیں ورنه وه ازدواج مطهرات مذکوره اهل بیت علیهم السلام تھیں صحابه و تابعین کی نسبت بھی کوئی کافی ثبوت اسبات کا نہیں هی که قیدی عورتوں کو بطور لونڈیوں کے بلا نکاح اُنهوں نے تصرف کیا هو اور کچھه شبهه نہیں که آیه کریمه اما منا بعد و اما فداء اخوالاية هی جو اسارے کے حق میں نازل هوئی اور جس سے غلامی معدوم هوگئی پس جو شخص یہه اعتقاد رکھتا هو اُس کی نسبت یہه کہنا که انبیاء و صحابه و اهل بیت پر سب و شتم لازم کیا هی کیسا اتهام هی *

جب سلطنت سلاطین کے هاتھه آئی پھر مفتیوں کو اور قاضیوں کو کیا کمی تھی آیت اما منا بعد واما فداء کو منسوخ دیا اور ملک دوپہازه کے قاضی بن گئے قطع نظر اس کے بعد فتوحات و انقراض زمانه خلافت خمسه حقه کو تسی لڑائی جهاد جایز خالصاً لله واسطے اعلاء کلمة الله کے تھا جس کی بندی کو جناب قاضی و مفتی نے حلال کردیا تھا اور جس طرح که مکه معظمه میں لونڈی و غلام بیچے جاتے هیں یہه کونسی شرع کی رو سے جایز هیں شریعت محمدیه کی رو سے تو یقینی حرام هیں *

هاں ایک الزام میرے اوپر ٹھیک هی که میں نے برخلاف جمهور مسئله استرقاق کا بیان کیا هی مگر جب میں دل سے یقین کرتا هوں که خدا اور کتاب الله اور محمد رسول الله صلعم تینوں میرے ساتھه هیں اور یہه میرا یقین کامل اور نهایت پخته هی تو سمجھکر اس اختلاف سے کچھه ڈر نہیں هی بفرض محال اگر میری سمجھه نے غلطی بھی کی هو تو بھی اس اختلاف کا کچھه مضایقه نہیں هی کیونکه سمجھکر کامل یقین هی که معدومی استرقاق منصرص قرانی هی اور میں مرضی خدا و رسول کی پس ممکن هی که جناب سید الحاج یا اور مسلمان کہیں که میں غلطی پر هوں الا ان امور کے سبب کافر کہنا اور سب و شتم انبیا و صحابه و ائمه اهل بیت علیهم السلام کا اتهام کرنا کچھه دیانت کی بات نہیں هی یہه بھی یاد رهے که میری تحقیق میں غلامی کسی شریعت کا حکم شرعی نه تھا تدبر و لا تقف ما لیس لک به علم *

جناب سید الحاج میرا قول نقل کرتے هیں که احکام نیچر (یعنی فطرت الله) کبھی نہیں ٹرٹتے کا اور پھر اُس پر تفریع فرماتے هیں که معهذا احکام حشر و نشر و فنا باطل ٹھهریںگے *

مگر میں نہایت ادب سے عرض کرتا ہوں کہ جناب یہہ میرا مطلب نہیں ہی حضور نے قصداً یا خطاء غلطی فرمائی ہی حشر و نشر و فنا خود نیچر و فطرت اللہ میں داخل ہی اور جب وہ ہوگا عین نیچر ہوگا افسوس ہی کہ جناب کو نہ قران کے لفظ فطرت اللہ کی تحقیق ہی اور نہ انگریزی لفظ نیچر کی مگر قلم پکڑ کر جو دل میں آتا ہی اُنکو لیس تحریر فرما دیتے ہیں *

جناب سیدالحاج مجھہ پر اتہام فرماتے ہیں کہ میں نے احادیث کی صحت کا انکار کرتا ہوں *

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یہہ محض غلط اتہام میری نسبت ہی میں خود بیسیوں حدیثوں سے جو میرے نزدیک روایتاً و درایتاً صحیح ہوتی ہیں استدلال کرتا ہوں *

جناب حضرت سید الحاج میری نسبت اتہام فرماتے ہیں کہ قواعد صرف و نحو و معنی و بیان و اصول کے موافق معنی قران و حدیث کے لینے جایز نہیں *

محض کذب و اتہام ہی اور لفظ " جایز نہیں " ایک عجیب لفظ ہی پھر حال میں نے اُس سے زیادہ نہیں کہا ہی جو شاہ ولی اللہ صاحب نے تفسیر فوزالکبیر میں لکھا ہی — بلا شبہہ معنی قران کے موافق محاورہ عرب اول کے لینے چاہیئیں جس زبان و محاورہ میں قران مجید نازل ہوا ہی *

جناب سید الحاج مجھہ پر یہہ اتہام کرتے ہیں کہ اگر علوم جدیدہ میں مذہب اسلام خلل انداز ہو تو مذہب اسلام کا چھوڑ دینا لازم ٹھہرایا ہی *

سبحان اللہ کیا داد سخن فہمی دی ہی جناب یہہ مطلب نہیں ہی بلکہ یہہ مطلب ہی کہ مذہب اسلام ایسا پختہ ہی کہ کتنے ہی علوم جدیدہ کیوں نہ پڑھے جاویں الا مذہب اسلام سے بد اعتقادی نہیں ہوسکتی ہاں ایسے لچر اصول مذہب کے جیسے کہ جناب سید الحاج نے اختیار فرمائے ہیں اور جن میں کے بڑے دو اصول بہتان کرنا اور اتہام لگانا اور کلمہ گروں کو کافر کہنا ہی اُن کا چھوڑنا تو میں لازم ٹھہراتا ہوں *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے اعتراض فلسفیانہ قران شریف پر کیئے ہیں اور اُس پر میرے بیان کو بطور دلیل کے لائے ہیں کہ ہیئت جدیدہ کی تردید کسی کتاب میں نہیں ہی اور جو تفسیر عالموں نے تعلقہ سے انسان کے پیدا ہونے کی لکھی ہی وہ فن تشریح سے غلط معلوم ہوتی ہی *

اگر انصاف و دیانت دنیا میں باقی ہی تو جناب سید الحاج متبع البہتان کے اتہام کو خیال کیا جاوے کہ کیا قران مجید پر اعتراض کرنا اور کیا عالموں کی تفسیر کو غلط بتانا یا یہہ کہنا کہ ہیئت جدیدہ کی تردید کسی کتاب میں نہیں ہی *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے ایتیسن و اسٹیل کو پیغمبر ٹھہرایا ہی *

مگر مجھہ سے پہلے فردوسی و انوری و سعدی کو لوگ پیغمبر ٹھہرا گئے ہیں اگر میں نے اسٹیل و ایتیسن کو پیغمبر ٹھہرایا تو کچھہ گناہ نہیں کیا *

ہاں شاید جناب سید الحاج اس لیئے خفا ہوئے ہونگے کہ میں نے جناب ممدوح کو پیغمبر کیوں نہیں ٹھہرایا خیر معاف فرمائیے اسلیئے کہ میں جناب ممدوح کا مرتبہ اُس سے بھی زیادہ سمجھتا ہوں وہ تو پیغمبران سخن تھے الا میں جناب سید الحاج کو خدائے بہتان و اتہام جانتا ہوں *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے بمقابلہ فلسفیات جدیدہ کے قران و حدیث کو ہیکار قرار دیا ہی اور ادلہ ثلثہ شرعیہ کا بطلان بیان کیا ہی *

لعنۃ اللہ علی قایلہ و علی معتقدہ و علی من ینسب ھذاالقول الی من لم یعتقدہ و لم یقلہ اسیقدر کہنا بس ہی کیا فائدہ ہی ایسے اتہامات سے اور کیا نتیجہ جناب سید الحاج نے اس میں سمجھا ہی *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے خاتم الانبیاء صلعم کو نیچرل است ٹھہرایا ہی *

میں نے تو یہہ لفظ نہیں کہا اور اگر جناب سید الحاج نے بنظر تحقیر یہہ لفظ جناب خاتم المرسلین کی نسبت ارقام فرمایا ہی تو اُس کا مطالبہ خود جناب سید الحاج کی گردن پر رہیگا کیونکہ سیدالحاج کے ہم مشرب علماء کے فتووں سے پہلے ہی یہہ ثابت ہوچکا ہی کہ نبی کی نسبت کلمہ تحقیر کا بلا قصد نقل کرنا بھی کفر ہی پس ایسے کلمہ کا ایجاد کرکے کہنا بطریق اولی کفر ہوگا *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے مادہ عالم کو ازلی و ابدی ٹھہرایا ہی ' اگر لفظ مادہ سے کوئی شی علاوہ ذات باری کے مراد ہی تو ایسا اعتقاد کرنے والے پر تو میں لعنت بھیجتا ہوں اور اُس کو کافر سمجھتا ہوں اور اگر مادہ سے عین ذات باری مراد ہو (گو لفظ مادہ کا اطلاق اُسپر غلط ہوگا) جیسا کہ بڑے بڑے اکابر بزرگان دین اہل وجد و حدت وجود کا مشرب ہی تو میں کہتا ہوں کہ بلاشبہہ خدا ازلی و ابدی ہی واللہ در من قال *

فلولاه و لولانا لماكان الذي كانا
فانا اميد حقا و ان الله مولانا
وانامينه فاعلم اذا ماقلت انسانا
فلاتعجب بانسان نقد اعطاك برهانا
فكن حقا وكن خلقا تكن بالله رحمانا
وعد خلقه منه تكن روحا و ريحانا
فاعطيناه مايبدو به فينا و اعطانا
نصار الامر مقسوماً با ياه و ايانا
فاحياه الذي يدري بقلبي حين احياني
و كنا نيه اكوانا و از مانا و اعيانا
وليس يدايم فينا ولكن ذاك احيانا

افسوس هی کہ جناب سید الحاج کو ان مضامین پر غور کرنے کو ایک مدت درکار تھی مگر اُنھوں نے بے سوچے سمجھے جو چاها لکھدیا — ولاتقف مالیس لک به علم ان السمع والبصر والفواد کل اولئک کان عنه مسئولاً *

جناب سید الحاج فرماتے ہیں کہ میں نے لکھا ہی کہ شبہہ دوسرے خدا کے وجود کا زایل نہیں ہوسکتا *

اس کا مطلب کیا ہی ایسا یہہ مطلب ہی کہ میں معتقد دوسرے خدا کا ہوں تو میں لعنت بھیجتا ہوں مشرک پر اور دو اور تین یا اُس سے زیادہ خدا ماننے والے پر اور اگر یہہ مطلب ٹھہرا تو جناب سید الحاج کا تحریف کرکر مطلب بیان کرنا ایک قسم کا اتہام ہی — جو تقریر کہ میںنے اُس مقام پر بیان کی ہی اُس پر ایک شبہہ وارد کیا ہی اور لکھا ہی کہ ہم ایسے شبہات پر شرعا مکلف نہیں ہیں *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے لکھا ہی کہ اعتقادیات جو خلاف نیچر ہوں باطل ہیں اور عملیات مبنیہ فقہا باطل ہیں *

جناب سید الحاج آپ اُس آرٹیکل کا جو میںنے فلسفیانہ بمقابلہ ایڈیسن لکھا ہی مطلب نہیں سمجھے جو کچھہ آپ نے لکھا ہی سب غلط ہی یہہ اُس کا مطلب نہیں ہی *

جناب سید الحاج فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک علاوہ مذہب اسلام کے دوسرے مذاہب بھی سچے ہوسکتے ہیں *

میں نہیں جانتا کہ یہہ مطلب جناب سیدالحاج نے کہاں سے استنباط فرمایا ہی میرا تو یہہ مذہب ہی کہ مذہب اسلام ہی سچا مذہب ہی اور جو مذہب سچا ہوگا وہ اسلام ہی ہوگا *

جناب سید الحاج فرماتے ہیں کہ جہاد سے میری مراد اُس قسم کی لڑائی ہی جیسی مثلاً جرمن اور فرانس میں ہوئی تھی نہ واسطے قایم ہونے دین اور اعلاء کلمۃاللہ کے *

یہہ تحریر جناب سید الحاج کی اتہام محض ہی جبکہ وہ دیدہ و دانستہ اتہام کرنے پر مستعد ہیں تو اُس کا علاج کیا ہی بلاشبہہ میری دانست میں جہاد جبراً مسلمان کرنے کے لیئے نہیں ہی بلکہ صرف اعلاء کلمۃاللہ کے لیئے ہی جیسا کہ میری تحریروں سے ظاہر ہی *

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اسلام صرف اسیقدر کا نام ہی کہ خدا کو مانںا اور بندوں کے ساتھہ برادری برتنا اسپر میرا یہہ قول سند لائے ہیں کہ " سچے مذہب اسلام کا مسئلہ یہہ ہی کہ خدا کو ایک جاننا اور انسان کو اپنا بھائی سمجھنا " اب صاحب تمیز خود غور کرینگے کہ جناب سید الحاج نے لفظ " اسیقدر کا نام ہی " اپنی عارف سے بڑھا کر اور میرے مطلب کو تحریف کرکر کیا عمدہ داد دینداری دی ہی *

گر مسلمانی همین است که واعظ دارد
واے گر در پس امروز بود فردائی

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اہل سنت وغیرہ جو فرقے اسلام کے ہیں سب باطل ہیں صرف ملت نیچریہ حق ہی *

میں چاہتا ہوں کہ جناب سیدالحاج اور ہم دونو ملکر کہیں کہ لعنۃاللہ علی الکاذبین اور ہمارے اور اُنکے دوست پکارکر کہیں پیش باد — معلوم نہیں کہ جناب سیدالحاج نے ایسی لغو اور بیہودہ باتوں سے کیا فائدہ سمجھا ہی *

جناب سیدالحاج لکھتے ہیں کہ میرے نزدیک جو مسئلہ شریعہ خلاف عقل و مخالف نیچر ہو وہ باطل ہی *

معلوم نہیں کہ جناب سیدالحاج اُلٹی راہ کیوں چلتے ہیں یہہ کیوں نہیں فرماتے کہ میرے عقیدہ میں کوئی مسئلہ شریعت حقہ محمدیہ علی صاحبہا الصلواۃ والسلام کا خلاف عقل و خلاف فطرت اللہ یعنی نیچر کے نہیں ہی *

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

جناب سیدالحاج فرماتے ہیں کہ میںنے حدیث صحیح کو اپنے خلاف دیکھکر باطل سمجھا ہی اور شیطنت سیکھنے کا کنایہ ابوہریرہ پر کیا ہی *

جو حدیث ضعیف یا مرضوع کہ جناب سیدالحاج کے نزدیک صحیح ہو یہہ کچھہ ضرور نہیں کہ سب لوگ اُسکو صحیح سمجھیں جناب سیدالحاج کے نزدیک وہ حدیث صحیح ہوئی میرے نزدیک نہیں ہی اور شیطنت سیکھنے کی تہمت کا جناب حضرت ابوہریرہ

کي طرف جناب سیدالحاج نے مجھہ پر اتہام کیا ہی ' خود کیا ہی مجھہ پر لگایا ہی میں تو اس حدیث ہي کو صحیح نہیں سمجھتا جناب سیدالحاج نے ارقام فرمایا تہا کہ حضرت ابوہریرہ نے عمل آیت الکرسي کا شیطان سے سیکہا (ٹہوذ باللہ منہا) اُسپر میں نے لکہا کہ جناب مولوي علي بخش خانصاحب بہادر سب آرڈینٹ جج گورکہپور نے اپنے رسالہ شہاب ثاقب صفحہ ۴۴ میں لکہا ہی کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ شیطان کے شاگرد ہوئے اور عمل ایتہالکرسي کا اُس سے سیکہا اس عبارت کے بعد میں نے لفظ ٹہوذباللہ منہا کا بہي لکہا ہی جس سے ظاہر ہی کہ میں قول جناب سیدالحاج کو غلط جانتا ہوں اُس پر جناب سیدالحاج نے مجھہ پر یہہ اتہام کیا ہی کہ میں نے شیطنت سیکہنے کا کنایہ ابو ہریرہ پر کیا ہی افسوس ہی کہ جناب سیدالحاج کو ایسي باتیں لکہنے میں کچھہ لحاظ بہي نہیں ہوتا *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میرا یہہ بیان ہی کہ مادہ عالم منجملہ صفات باري ہی لہذا وہ عین ذات ہی اور اُسکا خالق اللہ تعالی نہیں ہی ورنہ اپني ذات کا خود خالق ہوگا اور فنا ہونا مادہ عالم کا بہي متعذر ہی اور عالم پر تقدم ذات باري کو نہیں ہی اور ذات باري مادي ہی *

کیا عجیب سمجھہ جناب سیدالحاج کي ہی اور کیا عمدہ مقدمات اس میں ترتیب دیئے ہیں کہ شیخ اکبر کي روح خوش ہوگئي ہوگي پہر جو کچھہ لکہا ہی محض غلط لکہا ہی جناب بلاشبہہ صفات باري اُسکي عین ذات ہیں مگر یہہ مسئلہ آپ کي سمجھہ سے باہر ہی اس میں آپ کیوں دخل فرماتے ہیں الا اسقدر آپکو معلوم کرنا چاہیئے کہ جو کچھہ آپ سمجھے ہیں وہ سب غلط ہی اور جو الفاظ آپنے ارقام فرمائے ہیں وہ میرے نہیں ہیں یہہ سب آپ کے دل کے بنائے ہوئے الفاظ ہیں ابہي تو آپ حاجي ہي ہوئے ہیں مگر جب منصور کے رتبہ پر پہونچیئے گا جب میرے اُن فقروں کے معني سمجہیئیگا جو میرے صفات و ذات کي مبنیت میں لکہے ہیں *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میرا بیان ہی کہ نکات بلاغت و اشارۃ النص ودلالۃ النص باطل ہیں *

غلط ہی میرا یہہ قول نہیں ہی بلاشبہہ میري سمجھہ ہی کہ قران مجید کے معني اُسي طرح پر لینے چاہیئیں جس طرح اعراب عرب سمجھے تہے اور جنکي زبان میں قران مجید نازل ہوا ہی یہي مشرب شاہ ولي اللہ صاحب کا ہی جیسا کہ اُنہوں نے تفسیر فوزالکبیر میں لکہا ہی یہاں تک کہ جو باتیں قواعد نحو مقررہ سیبویہ و فراء کے خلاف ہوں مجید میں ہیں اُن کي تاویل کو بہي شاہ ولي اللہ صاحب نے پسند قرار دیا ہی اور جو اول کے محاورہ کو خلاف قاعدہ مقررہ نحو قران مجید میں تسلیم کیا ہی اور اُسیکو صحیح مانا ہی مگر مجھکو شبہہ ہی کہ جناب سیدالحاج مولانا شاہ ولي اللہ صاحب کو بہي مسلمان جانتے ہیں یا نہیں کیونکہ اہل بدایوں اُنکي بہي تکفیر کرتے ہیں *

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میں نے اصول و فروع اسلام سے اپنے اختلاف کا اقرار کیا ہی *

یہہ الفاظ تو جناب سیدالحاج کے دل کے بخارات ہیں مگر بلاشبہہ اس زمانہ میں جو مسایل مسلمانوں میں رایج ہیں اُن میں سے چند مسایل سے مجھکو اختلاف ہی اسلیئے کہ میري دانست میں وہ مسایل خلاف شرع ہیں اصول و فروع سے اختلاف ہونا جو جناب سیدالحاج تحریر فرماتے ہیں' یہہ محض اتہام ہی *

اب میں اُن چند عقیدوں کا ذکر کرتا ہوں جو جناب سیدالحاج مولوي علي بخش خاں صاحب نے اپني طرف سے گہڑکر لکہے ہیں اور اتہاماً میري طرف منسوب کیئے ہیں *

عقیدۂ اول

جناب سیدالحاج نے اس عقیدہ کو میري طرف منسوب کیا ہی' اور لکہا ہی کہ میں نے ایک مادہ اور ایک ذات باري دو چیزوں کو ازلي ٹہہرایا ہی اور لکہا ہی کہ تقدم ذات باري کا مادہ وجود عالم پر نہیں ہی اور پہر لکہا ہی کہ ذات باري خالق مادہ اصلي عالم کي نہیں ہی اور نہ اُس کے فنا پر قادر ہی *

ان میں سے ایک بہي میرا عقیدہ نہیں ہی اور نہ میں نے کہیں' یہہ باتیں بیان کي' ہیں جو اُنہوں نے لکہي ہیں محض بہتان اور افترا ہی *

ذات اور صفات باري کي نسبت تین مذہب مسلمانوں میں قدیم سے چلے آتے ہیں — ایک یہہ کہ صفات باري عین ذات ہیں — دوسرے یہہ کہ غیر ذات ہیں — تیسرے یہہ کہ نہ عین ہیں نہ غیر ہیں — میں مذہب اول کو صحیح سمجھتا ہوں اور اسیقدر میں نے بیان کیا ہی اور اس سے زیادہ جسقدر بیان ہی وہ سب افترا اور بہتان ہی اور نہ وہ میرے الفاظ ہیں جو جناب' سیدالحاج' نے لکہے ہیں *

عقیدۂ دوم

جناب سیدالحاج اس عقیدہ کو میري طرف منسوب فرماتے ہیں کہ ذات باري علت تامہ وجود ہر شی کي نہیں ہی ذات باریتعالی کو خالق کل شی کہنا حقیقت میں غلط ہوجاریگا گو مجازاً صحیح ٹہرے *

جناب سید الحاج نے مجھ پر یہہ سب افترا اور بہتان کیا ہی میرا یہہ عقیدہ نہیں ہی میں نے صرف اس قدر لکھا ہی کہ ذات باری تمام کائنات کی علت العلل ہی *

عقیدہ سوم

جناب سید الحاج نے اتہاماً میرا یہہ عقیدہ ٹھہرایا ہی کہ مادہ عالم کا قیامت کے روز فنا ہو جانا ممتنع بالذات ہوگا و کل من علیہا فان صحیح نہ ٹھہریگا *

جناب سید الحاج نے محض اتہام کیا ہی میرا یہہ عقیدہ نہیں میں نے لکھا ہی کہ اگر تمام موجودات کے عوارض نوعیہ یا شخصیہ معدوم ہو جاویں تو جو کچھہ باقی رہیگا وہ نا قابل عدم ہوگا و قد قال اللہ تبارک و تعالی کل من علیہا فان و یبقی وجہہ ربک ذوالجلال والاکرام اس قول کی حقیقت جناب سید الحاج نہیں سمجھے اُن کو شیخ اکبر کی کتابیں پڑھنی چاہیئیں اور مسئلہ وحدت وجود کو سمجھنا چاہیئے جب سید اکبر کے قول کو سمجھینگے *

عقیدہ چہارم

پھر جناب سید الحاج نے اس عقیدہ کا میری نسبت اتہام کیا ہی کہ ذات باری مادی ہی یا یوں کہو کہ مادہ اور غیر مادہ سے مرکب ہی یا محل مادہ کا ہی *

افسوس ہی کہ جناب سید الحاج کو بہتان پر بہتان لگانے میں کچھہ لحاظ نہیں ہوتا میرا یہہ عقیدہ نہیں ہی بلکہ ایسا اعتقاد رکھنے والے کو میں کافر سمجھتا ہوں *

عقیدہ پنجم

بلا شبہہ میں ذات اور صفات باری کی عینیت کا قائل ہوں مگر اس عقیدہ میں جناب سید الحاج نے یہہ نتیجہ اپنی طرف سے نکالا ہی کہ یہہ کہنا غلط ٹھہریگا کہ مفہوم صفات کا باہم متمیز اور متغایر ہی اور اس صورت میں حقیقت علم و قدرت وغیرہ متحدالحقیقت ہونگے مگر یہہ سمجھہ خود اُن کی ہی میری نہیں وہ مسئلہ عینیت ذات و صفات کو سمجھے ہی نہیں اس کا علاج یہہ ہی کہ کسی سے سیکھیں فاسئلو اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون *

عقیدہ ششم

جناب سید الحاج نے بغیر سوچے سمجھے ان الفاظ سے میرا عقیدہ بیان کیا ہی کہ ذات باری کو قانون فطرت کے توڑنے یا تبدیل اور تغیر کرنے پر اختیار نہیں ہی بلکہ ممتنع بالغیر ہوگیا ہی *

یہہ بالکل اتہام محض ہی قانون فطرت کبھی نہیں ٹوٹتا کیونکہ جو کچھہ خدا کرتا ہی وہی قانون فطرت ہی *

نیچر ایک انگریزی لفظ ہی اور وہ ٹھیک ٹھیک مرادف ہی لفظ فطرت اللہ اور قانون قدرت کے ابھی بہت مدت چاہیئے کہ جناب سید الحاج ان لفظوں کے معنی سمجھیں *

عقیدہ ہفتم

میری ایک تقریر کا جناب سید الحاج نے یہہ نتیجہ نکالا ہی کہ دوسرا علت العلل کسی دوسرے عالم کا ممتنع عقلی ٹھہریں ہی *

اس میں بھی جناب سید الحاج نے تحریف کی ہی اور مطلب کو اُلٹا بیان کیا ہی میں نے بیان کیا ہی کہ مذہب اسلام کا عقیدہ یہہ ہی "کہ وہ ہستی جس کو ہم اللہ کہتے ہیں واحد فی الذات ہی یعنی مثل اُس کے دوسری ہستی نہیں اور اُس کے ثبوت میں ایک تقریر کی ہی اور ایجاد عالم سے اُس پر استدلال کیا ہی اور پھر تسلیم کیا ہی کہ اس تقریر پر وہ شبہہ جو ابن کمونہ کا ایک مشہور شبہہ ہی اور جس کے حل کرنے میں بڑے بڑے علما عاجز رہے ہیں وارد ہوتا ہی مگر وہ ایک خیالی اور وہمی شبہہ ہی اور یقین دلانے کو کافی نہیں اور مذہب اسلام میں ایسی باتوں پر تکلیف نہیں ہی کجا یہہ تقریر اور کجا وہ اتہام جو جناب سید الحاج نے کیا ہی ایسے لفظوں سے جو ٹھیک دل سے نہیں نکل سکتے *

عقیدہ ہشتم

اس عقیدہ میں میری نسبت متعدد اتہام خلط ملط کرکے اُنھوں نے جمع کیئے ہیں اس لیئے ہم ہر قولہ قولہ کرکے اُس کی تفصیل کرینگے *

قولہ ' سوائے عقل کے کوئی رہنما نہیں — بے شک عقل رہنما ہی اور اسلام اور کفر میں جو تمیز کرنے والی ہی وہ بھی عقل ہی جناب سید الحاج نے اس کتاب میں عقل سے کام نہیں لیا اسی واسطے غلطی میں پڑے اور اگر دیدہ و دانستہ اتہام کیا ہی تو بھی عقل سے کام نہیں لیا *

قولہ ' حسن و قبح تمام اشیاء اور احکام کا عقلی ہی نہ شرعی — متقدمین اہل اسلام کے اس کی نسبت دو مذہب ہیں — ایک یہہ کہ حسن و قبح تمام چیزوں کا عقلی ہی — دوسرے یہہ کہ شرعی ہی میرے نزدیک بلا شبہہ پہلا مذہب صحیح ہی *

قولہ ' لہذا باوجود قانون قدرت کے یعنی نیچر کے ہمشہ اشیا کی ضرورت نہیں ہی — غالباً یہہ عقیدہ اور یہہ سمجھہ خود جناب سید الحاج کی ہوگی نہ میرا یہہ عقیدہ ہی نہ میں نے یہہ کہا بلکہ ہمشہ اشیاء نیچر کی رو سے ضروری ہی *

قولہ ' لاکھوں ٹیچرل اسٹ موجود ھوں اور وہ خود پیغمبر ھیں — میرا تو یہہ عقیدہ نہیں ھی شاید جناب سید الحاج اُن کو پیغمبر جانتے ھونگے *

قولہ ' لندن کے پیغمبروں میں ایتیسن اور اسٹیل تھے ' جسطرح کہ کسي شخص کامل کي نسبت کہا جاتا ھی کہ وہ خدائے سخن ھي یا پیغمبر سخن ھی جیسیکہ اس شعر میں ھی —

در نظم سہ کس پیمبرانند
فردوسي و انوري و سعدي

اسي طرح ایک مقام پر میں نے اسٹیل اور ایتیسن کو لندن کے پیغمبر کہا ھی مگر جو کہ جناب سید الحاج عقل کو رھنما نہیں سمجھتے اس لیئے وہ سمجھ گئے کہ وہ سچ مچ کے پیغمبر ھیں جو خدا کي طرف سے مذھب لاتے ھیں یا دانستہ اتہام کیا ھی *

قولہ ' اس صورت میں ختم ھوتا ثبوت کا ثبي آخرالزماں پر صحیح نہوگا *

یہہ عقیدہ کفریہ میرا تو نہیں ھی کیونکہ میں تو تقلید موجودہ کو بھي شرک في الثبوت سمجھتا ھوں مگر غالبا جناب سید الحاج کا یہہ عقیدہ ھوگا کیونکہ وہ تقلید موجودہ یعني شرک في الثبوت کو جائز سمجھتے ھیں غرضکہ جو امر میري نسبت جناب سید الحاج نے منسوب کیا ھی میں تو کہتا ھوں لعنت اللہ علی قارارہ و معتقدہ اُمید ھی کہ جناب سید الحاج فرماویں کہ پیش باد *

عقیدۂ نہم

اس عقیدہ کے اتہامات کو بھي ھم قرار قرار کرکے بیان کرینگے *

قولہ ' قانون فطرت یعني نیچر کے خلاف کوئي امر ظہور میں آنا ممکن نہیں ھی لہذا معجزات انبیا پر یقین لانا صحیح نہوگا — یہہ قول جناب سید الحاج کا محض غلط ھی جو شخص کہ فطرت اللہ اور قانون قدرت اور نیچر کے معني ھي نہ جانتا ھو اُس کو دخل در معقولات کیا ضرور ھی جناب سید الحاج نے خود اپني غلطي سے سمجھہ لیا ھی کہ معجزات انبیاء خلاف فطرت اللہ یا خلاف نیچر ھیں حالانکہ کوئي معجزہ کسي نبي کا خلاف نیچر اور خلاف فطرت اللہ نہیں ھی صرف ثبوت اُس کے رفع کا درکار ھی اور جب ثابت ھو کہ فلاں امر واقع ھوا تو بلاشبہہ اُس پر یقین کیا جاویگا اور یہہ بھي یقین کیا جاویگا کہ فطرت اللہ یعني نیچر کے مطابق ھی گو کہ اُس کي ماھیت ھماري سمجھہ میں نہ آوے کیونکہ ھزاروں کام نیچر کے ایسے ھیں جنکي ماھیت ھماري سمجھہ سے باھر ھی سید الحاج صاحب نے بڑي غلطي کي ھی جو یہہ لکھا ھی کہ سب باتیں یعني معجزات انبیاء قانون فطرت کے توڑنے والے ھیں حالانکہ وہ قانون فطرت کے پورا کرنے والے ھیں — اور یہہ بھي غلطي کي ھی جو یہہ لکھا ھی کہ اگر معجزات انبیاء مان لیئے جاویں تو تمام مقلیات کے خلاف اقرار کرنا پڑتا ھی حالانکہ یہہ محض غلط ھی *

قولہ ' لامحالہ انبیاء کو اسیقدر سمجھنا چاھیئے کہ وہ نیچرل اسٹ حکیم تھے بلکہ سب سے زیادہ محمد رسول اللہ صلعم نیچرل فیض کے جاري کرنے والے تھے اور اُسي ھونا اسي واسطے تھا کہ سوائے نیچر کے اور کسیطرح کا میل نہوتے پارے — معلوم نہیں جناب سید الحاج نے الفاظ نیچر اور نیچرل اسٹ کس ارادہ سے لکھے ھیں اگر ان الفاظ سے اُن کا ارادہ انبیاء کي شان میں اور جناب رسول خدا صلعم کي شان میں کچھہ حقارت کرنے کا ھی تو اُس کے مجرم اور گنہگار خود جناب سید الحاج ھیں میں اُس سے بري ھوں انبیاء کو میں نیچرل اسٹ حکیم نہیں کہتا مگر بیشک وہ اُس فیض کے جاري کرنے والے ھیں جسکا ذکر خدا نے فرمایا ھی فطرت اللہ التي فطرالناس علیہا — میں تو پیغمبر میں اور نیچرل اسٹ حکیم میں ایسا فرق سمجھتا ھوں جیسا کہ رامی اور غنم میں میرے اعتقاد میں خلقت انبیاء کي دیگر انسانوں سے ایک نوع جدا گانہ ھی بشر صرف اُس کي جنس ھی اور صاحب الوحي ھونا اُسکي فصل ھی اور یہہ ایک ملکہ ھی جو خلقت انبیاء میں پیدا کیا ھی پس جس طرح کہ حیوان اور انسان میں تاحق فصل ھی اسي طرح انسان اور انبیاء میں ذوالوحي ھونا فصل ھی کما قال اللہ تعالی بلسان نبینا علیہ الصلوٰۃ و السلام انا بشر مثلکم یوحی الي انما الھکم الہ واحد پس ایسے شخص کي نسبت (جسکا اعتقاد نسبت انبیا وہ ھی جو جناب سید الحاج کے وھم و گمان میں بھي نگذرا ھوگا اور غالبا اب بھي جناب ممدوح اس نکتہ کو نہ سمجھینگے کیونکہ اس نکتہ کے سمجھنے کو ذوقرسیدہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم سے روشني ملني چاھیئے جب سمجھہ میں آتا ھی) کیسا بہتان اور کتنا بڑا اتہام ھی بلاشبہہ رسول خدا صلعم کے اُمي ھونے میں بڑي حکمت یہي تھي کہ خاص ذات باري کا فیض پہنچے نہ اور کسي کا مگر اس فیض کا لطف تا نچشي نہ داني *

عقیدۂ دہم

اس عقیدہ میں بھي میري نسبت کسقدر اتہام یہہ تحریف مراد جناب سید الحاج نے ارقام فرمائے ھیں جنکو میں بیان کرتا ھوں *

قولہ ' ملائکہ سے مراد قواے انساني ھیں — میرا یہہ قول ھی کہ ملک کے لفظ کا قواے انساني پر بھي اطلاق ھوا ھی اور میں نے کسي ایسے وجود کا جو علاوہ انسان کے ھو اور ملک کا اطلاق جسپر کیا جاوے انکار نہیں کیا ھی *

قولہ ' شیطان کا وجود نہیں — میں شیطان کے وجود کا قائل ہوں مگر انسان ہی میں وہ موجود ہی خارج من الانسان نہیں اگرچہ میرا ارادہ ہی کہ میں اس عقیدہ سے رجوع کروں کیونکہ اس زمانہ میں بہت سے شیطان مجسم دکھائی دیتے ہیں مگر مشکل یہہ ہی کہ اور اکابر بھی وجود شیطان خارج عن الانسان کے منکر ہیں مولانا روم فرماتے ہیں —

نفس شیطان هم ز اصل واحدے
بود آدم را حسود و ساجدے

عقیدہ یازدهم

اس عقیدہ میں مجیب خلط مبحث کیا ہی اور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ گویا قصداً لوگوں کو دھوکہ میں ڈالنا چاہا ہی مگر ہم اُن کے قولوں کو نقل کرتے ہیں *

قولہ ' بغیر لحاظ اصول تفسیر اور بدون امتیار اقوال جمہور مفسرین و شان نزول کے قران کے معنی اپنی راے سے کہنے جائز ہیں — جناب سید الحاج کا یہہ قول تمامتر اتہام ہی اور اصلی مطلب کو تحریف کیا ہی اصول تفسیر کو میں انسانوں کے بنائے ہوئے قاعدہ سمجھتا ہوں خدا کی طرف سے وہ قاعدے نہیں اُنرے اقوال مفسرین اور شان نزول آیات کی جنکی سندیں موجود ہیں وہ معتبر ہیں جنکی سندیں نہیں ہیں وہ معتبر نہیں ہیں پس یہہ سیدھی بات ہی جسکو جناب سید الحاج نے تحریف کیا ہی *

قولہ ' اور قران کے معنی جسقدر نیچر اور فلسفہ کے خلاف ہوں اُس کو خواہ مخواہ نیچر اور فلسفہ کے اقوال سے ملا دینا چاہیئے — یہہ ایسی تقریر ہی جیسیکہ ایک جلا ہوا کسی شخص کی اچھی بات کو بھی برا کرکے دیکھاتا ہی فلسفہ قدیم تو ایک لغو چیز ہی اُس کے مطابق تو قران کاہیکو ہونے لگا مگر نصرت الله پیشک نہایت عمدہ اور مستحکم چیز ہی اور میرا یہہ عقیدہ ہی کہ نہ قران اُس کے برخلاف ہی اور نہ وہ قران کے برخلاف مگر جناب سید الحاج نے جلے کٹے لفظوں میں اُس کو بد صورت کرکر دکھایا ہی *

قولہ ' مقدم تو واسطے یقین لانے کے قول فلاسفہ یورپ کا ہی اُس کے موافق جو آیت قران کی نہو وہ جس طرح ہوسکے مطابق کردینی چاہیئے — یہہ ایسی بات ہی جیسے کوئی کسیکا منہہ چڑائے اور یہہ نہ سمجھے کہ چڑانے والے ہی کا منہہ ٹیڑا ہوتا ہی واقعیت اور حقیقت وہ ہی ہی جو قابل تقدم ہی اور قران مجید کا اُس سے مخالف ہونا محالات سے ہی اور اُسی کی تطبیق کرنا ہمارا طریقہ ہی جناب سید الحاج جو چاہیں اُس کا نام رکھیں آئینہ دیکھہ کر منہہ چڑانے سے کسی دوسرے کا نقصان نہیں ہی *

عقیدہ دوازدهم

اس عقیدہ میں جناب سید الحاج نے تین باتیں میری ثبت کی ہیں ایک یہہ کہ توریت اور انجیل پر مضبوط اعتقاد ہی — ان لفظوں کے معنی میں نہیں سمجھا اگر یہہ مطلب ہی کہ جیسا قران مجید میں اُن پر اعتقاد رکھنے کا حکم ہی ایسا اعتقاد ہی تو یہہ صحیح ہی اور اگر کوئی اور معنی اُنھوں نے قرار دیئے ہیں تو غلط ہی — دوسری تحریف لفظی اُن میں نہیں ہوئی — ہاں یہہ سچ ہی میں تحریف لفظی کا قائل نہیں بلکہ تحریف معنوی کا قایل ہوں مگر محمد اسمعیل بخاری بھی تحریف لفظی کا قایل نہیں — تیسرے اور وہ سب صحیح اور درست ہی — اگر اس سے یہہ مطلب ہی کہ پٹیشن میں جو کچھہ لکھا ہی وہ سب صحیح اور درست ہی تو تو جناب سیدالحاج کا یہہ اتہام ہی اور اگر اور کچھہ مطلب ہو تو وہ میں سمجھا نہیں *

عقیدہ سیزدهم

اس عقیدہ میں نعیم جنت اور وعید دوزخ کو بیان کر کر میرا یہہ عقیدہ لکھا ہی کہ یہہ سب چیزیں اپنی حقیقت پر محمول نہیں ہیں — جناب سیدالحاج کے نزدیک اگر حور کی بھی حقیقت ہی جیسیکہ ایک خوبصورت رنڈی اور غلمان کی یہہ حقیقت ہی جیسیکہ ایک خوبصورت لڑکا تو تر بلا شبہہ میں کہتا ہوں کہ اس حقیقت پر وہ محمول نہیں ہیں اور اگر اور کوئی حقیقت ہو تو اُس کو جناب سید الحاج نے بیان نہیں کیا میرا اعتقاد نعیم جنت کی نسبت اور علی هذاالقیاس وعید جہنم کی نسبت یہہ ہی کہ لاعین رأت ولا أذن سمعت ولا خطرة علی قلب بشر *

قولہ ' عوام عقایہ کے خلاف کوئی حکم معاد قابل تسلیم نہیں ہی — اس قول میں بھی اُلٹی راہ چلے ہیں میرے نزدیک کسی حکم معاد کی صحت پر امتناع عقلی نہیں ہی *

عقیدہ چہاردهم

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ہیں کہ میرا یہہ عقیدہ ہی کہ بندہ اپنے ہر فعل کا مختار ہی مسئلہ بین الجبر والاختیار کا غلط ہی — اس مطلب کو بھی بگاڑ کر بیان کیا ہی بیشک میرے نزدیک بین الجبر والاختیار تو کوئی چیز نہیں ہی بلکہ انسان اپنی حیات اور فطرت میں مجبور اور اپنی قدرت میں مختار ہی خدا کرے کہ ان لفظوں کا مطلب جناب سید الحاج سمجھہ لیں *

عقیدہ پانزدھم

کوئي حدیث قابل یقین نہیں ھی لہذا عمل کرنا کسي حدیث پر یا سنت نبوي قرار دینا غلط ھی — اس عقیدہ میں تحریف اور اتہام دونوں کو دخل دیا ھی کوئي حدیث قابل یقین نہیں اس کي جگہہ یہہ کہنا چاھیئے کہ خبر احاد مفید ظن ھی مفید یقین نہیں اور پچھلا فقرہ بالکل اتہام ھی میں عمل احادیث پر باعتبار مراتب اُنکے تبرت کے لازم سمجھتا ھوں *

عقیدہ شانزدھم

جناب سید الحاج ارقام فرماتے ھیں کہ میرا عقیدہ ھی کہ اجماع امت یا اتباع جمہور مسلمین کا یا سند لانے کسي عالم کے قول سے بیشہ ھی اجماع قابل حجت نہیں — اس عقیدہ میں بھي سچائي کو تبدیل کیا ھی یوں کہنا چاھیئے کہ اجماع امت یا اتباع جمہور مسلمین یا اجماع جسکي سند قرآن مجید اور حکم پیغمبر صلعم سے ھو قابل حجت نہیں اگرچہ کوئي مسئلہ غیر منصوصہ ایسا نہیں ھی جسپر اجماع اُمت یا اتفاق مسلمین یا اجماع ھوا ھو بلکہ تمام مسائل غیر منصوصہ مختلف فیہ ھیں *

عقیدہ ھفتدھم

اس عقیدہ میں بھي جناب سیدالحاج نے اپني معمولي کارسازي کي ھی جیسے کہ تفصیل ذیل سے ظاھر ھوتي ھی *

قولہ ' اصول فقہ و اجتہادیات مجتہدین و قیاسات ایمہ دین و مسئلہ رجم کو صحیح سمجھنا غلط اور ظلمت اور ضلالت ھی — میرا یہہ قول ھی کہ اصول فقہ علما کے بنائے ھوئے قاعدے ھیں منزل من اللہ نہیں اجتہادیات اور قیاسات ایمہ دین کے یحتمل الخطا و الصواب ھیں اُنکا درجہ مثل وحي منزل من اللہ کے نہیں — مسئلہ رجم قرآن مجید میں نہیں ھی اگر ھو تو جناب سید الحاج دکھلادیں بشرطیکہ یکتبون الکتاب بایدیہم ثم یقولون ھذا من عنداللہ پر عمل نفرمادیں *

قولہ ' تقلید کرنا کسي بشر کي کفر اور شرک ھی صحابہ ھوں خواہ اھلبیت رضي اللہ عنہم اجمعین خواہ ایمہ اربعہ کسي کي تقلید کرنا نچاھیئے — جو الفاظ تشدد کے جناب سیدالحاج نے ارقام فرمائے ھیں یہہ سب دل کے بخارات ھیں جو اُمنڈتے ھیں میرا تو صرف یہہ عقیدہ ھی کہ سوائے رسول خدا صلعم کے کسي کي تقلید واجب نہیں ھی اور سوائے رسول خدا صلعم کے کوئي شخص ایسا نہیں ھی جسکا قول و فعل دینیات میں بلا دلیل حجت ھو اور جو شخص کسي کو ایسا سمجھے وہ مشرک فی النبوت ھی *

عقیدہ ھیژدھم

جناب سیدالحاج نے جو تحریفات اس عقیدہ میں کي ھیں وہ حسب تفصیل ذیل ھیں *

قولہ ' کوئي مسئلہ شرعیہ قابل قبول نہیں ھی جو نیچر کے مطابق اور علوم جدیدہ عقلیہ کے موافق ھو — یہاں بھي جناب سیدالحاج نے اُلٹي راہ اختیار کي ھی میرا یہہ قول ھی کہ کوئي مسئلہ شرعي نیچر یعني فطرت اللہ کے بر خلاف نہیں ھی اور علوم حقہ اور اسلام میں اختلاف نہیں ھی *

قولہ ' بغیر وحي کے جو کچھہ رسول خدا صلعم اپني راے سے فرماتے تھے وہ بھي قابل اتباع نہیں — اس عقیدہ میں ایسي تحریف کي ھی کہ زمین کو آسمان اور آسمان کو زمین بنادیا ھی میرا یہہ عقیدہ ھی کہ احکام دین سے جو کچھہ کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا یا کیا وہ سب وحي سے فرمایا اور وحي سے کیا اور وہ سب واجب الاتباع ھی اور نسبت اُمور دنیا کے خود رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ انتم اعلم بامور دنیائم اس سے زیادہ اور کوئي میرا عقیدہ نہیں *

استرقاق یعني غلامي کا جو ذکر جناب سیدالحاج نے کیا ھی اُس کے ابطال کو تو وحي منزل من اللہ کتاب اللہ میں موجود ھی *

عقیدہ نوزدھم

اس عقیدہ میں جناب سیدالحاج نے ارقام فرمایا ھی کہ غزوات اور جہاد سے مراد یہہ ھی کہ ایک قوم دوسري قوم سے قتال کرے جیسے کہ مثلاً جرمن اور فرانس میں لڑائي ھوئي — یہہ تحریر میرے عقیدہ کي نسبت جناب سیدالحاج کي غلط اور بالکل غلط اور سراسر اتہام ھی تمام غزوات صرف اعلاء کلمۃاللہ کے لیئے ھوئے تھے نہ اونٹنیوں اور لونڈیوں کي لالچ سے جسکے اثبات کے درپے جناب سیدالحاج ھو رھے ھیں *

عقیدہ بستم

جناب سیدالحاج ارقام فرماتے ھیں کہ میرے نزدیک سیرت ھشامي اور ابن اسحق وغیرہ سب واھیات اور الف لیلی اور مہابھارت کے برابر ھیں — بلا شبہہ میں ان کتابوں کو نہایت غیر معتبر جانتا ھوں ھزاروں روایتیں غلط اور بے سند اُن میں مندرج ھیں اور کچھہ روایتیں صحیح بھي ھیں *

عقیدہ بست و یکم

جناب سید الحاج نے میرا یہہ عقیدہ بیان فرمایا ھی کہ جسقدر کتب حدیث و تفسیر و فقہ و اصول کي زمانہ پرداختہ جاتي ھیں

اُن سے سواے فساد مذهب اور بد تهذیبي اور خرابي دنیا اور عقبی کے کچهه فائدہ نهیں لهذا اُنکي تعلیم قطعاً موقوفي کے لایق هی — جو کلمات که جناب سیدالحاج نے اس عقیدہ میں ارقام فرمائے هیں وہ تو سب اُن کے دل کے بخارات هیں وہ الفاظ میرے نهیں هیں هاں میرے نزدیک یهه بات مسلم هی که علم کلام جو حکمت یونان کے مقابل میں بنایا گیا تها اس زمانه میں محض بیکار هی اور علماء پر فرض هی که علم کلام کو از سرنو اصلاح پر تدوین کریں که وہ بمقابله حکمت اور علوم جدیدہ کے جو اس زمانه میں رایج هیں بکار آمد هو نه کتب تفسیر میں جو بے سند حدیثیں اور بے سند قصے اور کهانیاں لکهدي هیں اُن میں جون جون سي غلط اور موضوع هیں اُن کي تنقیح ضرور هی میں کهتا هوں که قران مجید اور احادیث کا پڑهنا صرف عمل کرنے کے لیئے مقصود هی مگر اس زمانه میں اُسپر عمل کرنے کے لیئے نهیں پڑها جاتا کیونکه بسبب اُس تقلید کے جسکو میں ضلالت کهتا هوں کوئي حکم کیساهي صاف اور روشن قران و و حدیث میں موجود هو مگر تقلیدیه اُس پر عمل نهیں کرینگے تو پهر اُنکے پڑهنے سے کیا فائدہ هی بخاري طاق میں نه رکهي رهي کیونکه سینه میں رکهي رهي دوکوں برابر هیں دیکهو مثلاً جو حدیثیں حنفي مذهب کے خلاف بخاري میں هیں حنفي اُس پر عمل کرنے کو بدعت یا ضلالت سمجهتے هیں اور زبان سے بخاري کو اصح الکتب بعد کتاب الله کهتے هیں پس هم اُن سے پوچهتے هیں که بخاري کي جن حدیثوں پر تمنے یا تمهارے امام صاحب نے عمل نهیں کیا آیا اُن کو امام صاحب نے یا تمنے کیا سمجها حدیث رسول الله سمجها یا نهیں اگر حدیث رسول الله سمجها اور پهر عمل نه کیا تو یهه کیسا ایمان هی اور اگر اُسکو حدیث رسول الله هي نهیں سمجها بلکه اُسکو یوں هي ایک ضعیف قول سمجهه لیا یا حدیث تو سمجها مگر ناقابل عمل تو پهر صرف میرا هي کیا قصور هی مینے تو سیرت هشامي کو هي ضعیف کها تها تمنے اور تمهارے امام صاحب نے تو بخاري کو رطب و یابس اقوال کا مجموعه سمجهه لیا هی پهر اُسکو زبان سے اصح الکتب کهنا اور درحقیقت اپني راے کو بخاري کي حدیثوں پر راجح سمجهنا کیسي بیهوده بات هی اسي لیئے میں یهه کهتا هوں که قران و حدیث عمل کرنے کے لیئے پڑهو اور جو مسئله اُسمیں پاؤ اُسپر عمل کرو خواہ وہ شافعي کے مطابق هو خواہ حنفي کے اور اگر عمل کرنے کے لیئے نهیں پڑهتے تو اُن کا پڑهنا محض بے فائدہ هی اور میں کچهه شک نهیں کرتا که جسکا دل نور ایمان سے منور هی وہ یقیني میرے اس قول کو حق سمجهیگا *

عقیدہ بست و دوم

جناب سید الحاج نے جو خدا نا ترسي اس عقیدہ کے بیان کرنے میں کي هی میں سمجهه نهیں سکتا که کوئي انسان کسي پر کیونکر ایسا اتهام کرسکتا هی خیر جو اُن کے قول میں وہ لکهتا هوں *

قولہ ' جب عالم جدیدہ کے یا انگریزي کے پڑهنے سے معلوم هو که مذهب اسلام میں ضعف پیدا هوگا تو مذهب اسلام کا ترک کردینا لازم هی — میں اُس کے جواب میں کهتا هوں که جس شخص نے یهه بات کهي هو اور جسکا یهه اعتقاد هو اُس پر خدا کي لعنت هو اور اتهام کرنے والے سے خدا مواخذہ کرے جس مواخذہ کے وہ لایق هی هزاروں آدمیوں کو یهه خیال هی که انگریزي پڑهنے سے اور علوم جدیدہ سیکهنے سے عقیدہ اسلام میں ضعف آجاتا هی یا دهریه اور لا مذهب هو جاتا هی میںنے کها که اگر مذهب اسلام تمهارے نزدیک کوئي ایسا بودا مذهب هی که علوم جدیدہ پڑهنے سے اُس میں ضعف آتا هی تو اُس مذهب هي کو چهوڑ دو جسکا علانیه یهه مطلب هی که مذهب اسلام ایسا نهیں هی مذهب اسلام نهایت سچا هی اور اُس کے اصول نهایت پخته هیں نه انگریزي پڑهنے سے اُس میں ضعف آتا هی نه علوم جدیدہ پڑهنے سے الحاد پیدا هوتا هی مگر جو که همارے جناب سید الحاج کا دل کفر کي طرف زیادہ مائل هی اسلیئے اُنهوں نے اس عمدہ مطلب کو برعکس بیان کیا هی *

قولہ ' کتب دیني کا پڑهانا واسطے قایم رکهنے عقاید کے نهیں چاهیئے — جناب سید الحاج نے محض غلط کها هی اور میرے مطلب کو بالکل بدل دیا هی میري یهه راے هی که جو اختلاف که مسائل مذهبي اور علوم جدیدہ میں بظاهر معلوم هوتا هی اور جسکے سبب لوگ مذهب سے بد عقیدہ هوجاتے هیں اُس کي حفاظت کے لیئے کتب موجودہ کافي نهیں بلاشبهه علم کلام ازسرنو تدوین هونا چاهیئے جو علوم جدیدہ کے مقابله میں بکار آمد هو *

عقیدہ بست و سوم

اس عقیدہ کے بیان میں بهي جناب سیدالحاج اپني کارسازي سے نهیں چوکے اُنهوں نے لکها هی که صرف قران کے احکام منصوصه قابل تسلیم هوسکتے هیں بشرطیکه تیچر اور علوم جدیدہ کے ساتهه مطابق هوں جو شرط که جناب سیدالحاج نے لگائي هی غالبا وہ خود اُن کا عقیدہ هوگا میرا تو یهه عقیدہ هی که قران میں کوئي ایسي چیز نهیں هی جو نصوص الله یعني نیچر اور اُسکے کارخانه قدرت کے برخلاف هو *

قولہ ' بهشت میں جانے کے واسطے قید صلوٰۃ الصالحات کي لگانا باطل هی — میں تو کسي قید کو باطل نهیں کهتا مگر تون باتیں

یلاعبوہ کہتا ہوں — ایمان لانا بلشبہہ ذریعہ نجات ہی — بخشش کے لیئے اعمال پر گھمنڈ نہیں چاہیئے خدا کی رحمت پر بھروسا ہی — سوائے شرک کے سب گناہوں کو خدا معاف کریگا — غالوا کوئی مسلمان سوائے جناب سیدالحاج کے ایسا ٹھوکا جو ان تینوں باتوں پر اعتقاد نرکھتا ہو کما قال رسول اللہ صلعم من قال لا الہ الا اللہ مستیقنا بہا قلبہ دخل الجنۃ و ان زنی و ان سرق علی رغم انف ابی ذر *

عقیدہ بست و چہارم

اس عقیدہ میں تو جناب سیدالحاج نے قیامت ہی کردی ہی کیونکہ جھوٹ لکھنے اور اتہام کرنے کی کوئی حد باقی نہیں رہی نہ خدا کا خوف کیا ہی نہ رسول سے شرم کی ہی اس لیئے ہم اُن کے الفاظ موٹے قلم سے لکھتے ہیں اور اُس کے قایل پر لعنت بھیجتے جاتے ہیں تاکہ جو اُس کا مستحق ہو اُس کے اُوپر پڑے *

قولہ ' کوئی فعل اگرچہ شعار کفر ہی میں سے کیوں نہو مثلاً —

* انکار کرنا نبوت انبیا سابقین کا *

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ *

یا کتب سماویہ سابقہ کا * یا وجود ملایکہ کا

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

یا معاذ اللہ قرآن شریف کا عمداً بول و براز میں آلودہ کردینا یا پھینک دینا *

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

یا حلال کو حرام اور حرام کو حلال ٹھہرانا باوجود قطعیت نص کے

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

یا کسی نبی کو معاذ اللہ گالی دینا

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

یا بہشت و دوزخ اور قیامت آنے کا منکر ہوجانا

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

یا ضروریات دین کا انکار کرنا

لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ

کسی آدمی کو کافر نہیں بتاتا

یہاں ہی میرے یہہ اقوال اور کہاں ہیں میری یہہ تمثیلیں جو جناب سیدالحاج نے ——— کر بھی مات کر کر میری نسبت منسوب کیئے ہیں میرا قول وہی ہی جو امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ہی لانکفراہل القبلۃ میرا وہی قول ہی جو تمام اکابر دین کا ہی کہ اصل ایمان تصدیق قلبی ہی اور جب تک نہ وہ تصدیق انسان کے دل میں ہی کوئی فعل اُس کا اُسکو بیخطہ و بیناللہ کافر نہیں کرتا دیکھو کہ جناب سیدالحاج برابر کفر کا اتہام کرتے ہیں مگر ہم بدستور اُن کو مسلمان اور بزرگ اور حاجی اور سیدالحاج سمجھتے ہیں اور اُن کے کسی فعل سے اُن کو کافر نہیں کہتے *

نسبت سجدہ بت و قشقہ کے میں نے کچھہ نہیں لکھا ہی زنار کی نسبت یہ قصہ بیان حدیث من تشبہ بقوم فہو منہم کے یہہ لکھا ہی کہ بعض عالموں نے مشابہت سے مشابہت فی خصوصیات الدین مراد لی ہی مثلاً زنار پہننا یا صلیب رکھنا یا ٹیکہ لگانا یا امہاد کفار کو بطور عید اختیار کرنا یا اُس میں شریک ہونا — اگرچہ یہہ رائیں کسیقدر عمدہ معلوم ہوتی ہیں مگر میں اُن کو پسند نہیں کرتا اور نہ حدیث کی یہہ مراد قرار دیتا ہوں اس لیئے کہ میرے نزدیک قطعیات سے یہہ بات ثابت ہی کہ جو شخص لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پر دل سے یقین رکھتا ہی اُس کا کوئی فعل معہ یقین مذکور کے اُس کو کافر نہیں کرسکتا پس اگر اُس قول پر جس پر ابو جہل کی نجات منحصر تھی اُسکو یقین ہی تو گو وہ کسی قوم کے ساتھہ تشابہ کرے اور فی خصوصیات الدین و شعایر الکفر کا زنار والصلیب والامہاد وہ کافر نہیں ہوسکتا — کیا ہم دیوالی دسہرہ میں اپنے ہندو دوستوں سے اور نو روز میں اپنے پارسی دوستوں سے اور بڑے دن میں اپنے عیسائی دوستوں سے ملکر اور معاشرت و تمدن کی خوشی حاصل کرکر کافر ہوجاوینگے نعوذ باللہ منہا *

بت کو سجدہ کرنا سیتلا کے تھان کو سجدہ کرنا مدار صاحب کی چوڑیوں کو پوجنا اولیاء اللہ کی قبروں کو سجدہ کرنا اُنکا طواف کرنا سب برابر ہیں ہزاروں مسلمان یہہ باتیں کرتے ہیں میں تو اُنکو کافر نہیں جانتا کیونکہ مسجود میں جب تک الہ ہونے کا یقین نہو اُسوقت تک اُن کے سجدہ سے آدمی کافر نہیں ہوتا ہاں بلشبہہ نہایت سخت گناہ کبیرہ ہی اور یہی تحقیق علماء محققین کی ہی خدا کرے کہ ہمارے زمانہ کے جناب سیدالحاج نیک دلی سے ان امور پر غور کریں *

عقیدہ بست و پنجم

جناب سیدالحاج نے اس عقیدہ میں جو اتہام کیئے ہیں وہ بھی قولہ قولہ کرکے بیان نہیں جاوینگے *

قولہ ' ترک دنیا و زہد و کسر نفس و شب بیداری و روزہ داری کثرت نماز نفل وغیرہ اذکار و اشغال و وظایف جسقدر کہ معمول اور

مرسوم هیں سب بے فائدہ هیں — اگر جناب سید الحاج نے یہہ عقیدہ اپنا بیان کیا هی تو خیر جو عقیدہ اُن کا هو وہ هو اور اگر میرا عقیدہ بیان کیا هی تو میرا تو عقیدہ یہہ هی کہ رهبانیت اسلام میں ممنوع هی لارهبانیۃ فی الاسلام اور سوائے اوراد ماثورہ کے اور سوائے اُس زهد و تقوی کے جس کی هدایت جناب رسول خدا صلعم نے فرمائی هی اور سب بدعت هی *

قولہ ' مثلاً روزہ تیس روز کا بالتخصیص رمضان میں وہ بھی گرمی کے موسم میں فرض نہ ٹهہریگا — لعنت اللہ علی قایلہ و علی معتقدہ میرا یہہ قول اور عقیدہ نہیں هی جتنے روزے کہ فرض اور سنت هیں وہ بالکل ٹیچر کے مطابق هیں هاں بدعتیوں نے جو غیر اللہ روزے نکالے هیں جیسہ سرا پہر کا روزہ علی مشکل کشا کا اور تین دن کا علی کا روزہ اور مثل اُس کے اُن کو بدعت اور خلاف ٹیچر جانتا هوں *

قولہ ' تهوڑی سی شراب جو یکا متوالا نکردے یا اُسقدر جوا کھیلنا جو بے قید نہ بناوے حرام اور ممنوع ٹهہرگا — لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ میرا یہہ عقیدہ نہیں هی *

قولہ ' تصویر مجسم بنانا جو واسطے یادگاری کے هو حرام اور ممنوع ٹهہرگا — میں اس امر کی نسبت کہ تصویر مجسم یا غیر مجسم شرعاً جائز هی یا غیر جائز کبھی کچھہ نہیں کہا هاں میں اس قسم کی یادگاریوں کو پسند کرتا هوں اگر وہ شرعی گناہ هیں تو میرا اُن کو پسند کرنا ایسا هی هی جیسا کہ میں شامت اعمال سے اور گناہ کی باتوں کو پسند کرتا هوں *

ناکردہ گناہ در جہان کیست بگو
آنکس کہ گنہ نکرد چوں زیست بگو

قولہ ' قران شریف میں صرف لفظ صلوۃ و زکوۃ کا وارد هی اُس کی زیادہ تصریح نہیں هی الی قولہ اسی واسطے موسوم اور معمول کو اختیار کیا جاوے تو وهی ظاهر اور ضلالت تقلید کی اور کفر محض کا اختیار کرنا هوگا — لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ نہ میرا یہہ قول هی اور نہ میرا یہہ اعتقاد هی *

قولہ ' صلوۃ سے سوا مطلق دعا پڑہ لینی هرکی اور وهی واسطے ادائے فرض کافی هی باقی جو ترکیب صلوۃ پانچ گانہ کی مقرر هی وہ اصول مخترعہ و فقہ محدثہ و احادیث موضوعہ و اجماع مردودہ کا اتباع هی اور اُسیکا قائم کفر هی — لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ نہ میرا یہہ قول هی اور نہ میرا یہہ اعتقاد *

قولہ ' باقی رهی زکوۃ اُسکی مقدار بقدر چالیسویں حصہ مال کے مقرر کرنی اور اُسکے مسایل سے فتاوے فقہا کا معمور هونا وهی ظلمت اور ضلالت کفر اور شرک هی — لعنت اللہ علی قائلہ و علی معتقدہ نہ میرا یہہ قول هی نہ میرا یہہ اعتقاد هی *

قولہ ' حج خانہ کعبہ الخ — حج خانہ کعبہ کو میں فرض سمجھتا هوں من استطاع الیہ سبیلا مگر سوری روپیہ قرض لیکر مکہ جانے سے لندن کا جانا بہتر جانتا هوں اور حاجی جی کہلانے کی خوشی حاصل کرنے کو اور اُس خوشی میں پھولنے کو اور جھوٹی بشارت بیان کرنے کو اور کسی خادم کے فریب میں آکر سند اور خطاب لینے کو اور اُس جھوٹی باتوں پر ناز کرنے کو البتہ میں حرام سمجھتا هوں *

جو بدعات کہ مکہ معظمہ میں هوتی هیں اور جو خلاف شرع رسول خدا صلعم هیں وہ اسوجہہ سے کہ مکہ والے کرتے هیں جایز نہیں هوسکتیں اونٹنی اور غلام جسطرح کہ مکہ میں بیچے جاتے هیں اور خواجہ سرا بنائے جاتے هیں اور مکہ معظمہ اور روضہ منورہ جناب رسول خدا صلعم میں خواجہ سرا معین هیں یہہ سب خلاف شرع هیں اور جو مسلمان هیئے کے پوڑے اور دلکی آنکھوں کے اندھے اُنکو اچھا جانتے هیں محض جاهل هیں روضہ مطہرہ رسول خدا صلعم پر خواجہ سراؤں کا متعین کرنا میری دانست میں ایسی بےادبی هی کہ اُس سے زیادہ اور کوئی بےادبی نہیں هوسکتی — و للناس فیما یعشقون مذاهب *

عقید بست و ششم

آیت خلق سبع سموات مطابقا سے مراد سات آسمان نہیں هیں بلکہ وہ آیت علوم جدیدہ کے خلاف هی — یہہ اعتقاد جناب سید الحاج کا هی میرے اعتقاد میں تو علوم جدیدہ بالکل اُس آیت کے مطابق هیں *

عقید بست و هفتم

جو ترتیب پیدایش انسان کے نطفہ سے بچہ تک قران شریف میں وارد هی اور مفسرین نے معنی اُس کے بیان کیئے هیں وہ علوم جدیدہ کے خلاف هی لہذا ناقابل تسلیم هی — لعنت اللہ علی قایلہ و علی معتقدہ میرا تو یہہ قول هی نہ قران مجید میں جو کچھہ وارد هی وہ بالکل تشریح اور علوم جدیدہ کے مطابق هی مگر مفسرین نے اُس کے معنی بیان کرنے میں غلطی کی هی معلوم هوتا هی کہ جناب سید الحاج خدا کو اور مفسرین کو یا پیغمبر صلعم کو اور مفسرین کو ایک مرتبہ میں سمجھتے هیں اور اس لیئے قران اور تفسیر میں کچھہ فرق نہیں کرتے *

عقید بست و هشتم

صفحنقہ کی حرصت قران میں منصوص نہیں هی لہذا حلال هی — لعنت اللہ علی قایلہ و علی معتقدہ یہہ لعنت اسواسطے کہی کہ اس عقیدہ

میں جو عام لفظ بیان کیئے ہیں وہ کذب اور اتہام ہی میرا ہرگز اعتقاد نہیں ہی کہ صرصہ منخنقہ حلال ہی یہہ بھی میں نہیں کہا کہ حرصہ منخنقہ منصوص نہیں ہی صرف ایک خاص آیت کے معنوں میں بحث کی ہی کہ اس خاص آیت میں ہابور منخنقہ کی حرصہ منصوص نہیں ہی اس کی ایسی مثال ہی کہ اگر کوئی شخص یہہ بات کہے کہ آیۃ کریمہ اهد نا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم ولا الضالین میں حرصہ زنا منصوص نہیں اور اُس شخص کا عقیدہ جناب سیدالحاج یہہ قرار دیں کہ اُس کے عقیدہ میں زنا کی حرصہ قرآن میں منصوص نہیں ہی جناب سیدالحاج کو مسلمانوں پر اتہام کرنے میں ذرا خدا کا بھی ڈر کرنا چاہیئے *

عقیدۂ بست و نہم

ایک سے زیادہ ازواج منع ہیں — لعنۃاللہ علی قایلہ و علی معتقدہ *

عقیدۂ سی ام

معراج جسمانی بے اصل ہی صرف خواب میں مسجد اقصی نظر آگئی تھی دگر ہیچ اور شق صدر انحضرت صلی‌اللہ علیہ وسلم کا بھی بے اصل ہی — ضد سے ایک شخص دوسرے کی بات کو بتاڑکر اور اصلیت چھپاکر دوسرے پیرایہ میں یہاں کرسکتا ہی اصل اس کی صرف اتنی ہی کہ نسبت معراج جناب رسول خدا صاحم کے تین مذہب ہیں — اول — مذہب حضرت عایشہ صدیقہ اور بعض صحابہ کا جو اسبات کے قایل ہیں کہ معراج روحانی تھی نہ جسمانی — دوسرا — مذہب چند اکابر دین کا ہی اور وہ یہہ ہی کہ معراج بیت‌المقدس تک جسمانی تھی اور وہاں سے ملاء اعلی تک روحانی — تیسرا — مذہب عام جو سب میں مشہور ہی کہ تمامہ معراج جسمانی تھی میری یہہ راے ہی کہ جہاں تک اس مسئلہ پر اور قرآن مجید و احادیث پر غور کیا جاتا ہی تو مذہب حضرت عایشہ صدیقہ کا ٹھیک اور درست معلوم ہوتا ہی وہی مذہب میں نے اختیار کیا ہی پس جو شخص اس معاملہ میں جو الفاظ میری نسبت کہتا ہی در حقیقت حضرت عایشہ صدیقہ اور بعض صحابہ کی نسبت کہتا ہی جنکا وہ مذہب ہی *

شق صدر کی نسبت بھی چند مذہب ہیں بعضوں کا قول ہی کہ بچپن دفعہ شق صدر واقعہ ہوا انثوں کا قول ہی کہ ایک دفعہ ایام طفولیت میں واقع ہوا راویوں نے ان روایات ضعیفہ غیر معتبرہ کی بنا پر یہہ استدلال کیا ہی کہ نعوذباللہ انحضرت صلعم کو صرع کی بیماری تھی اور حالت صرع میں جو کیفیت واقع ہوتی تھی اُسی کو راویوں نے شق صدر تعبیر کیا ہی میں نے ان تمام روایتوں کی بقدر اپنی عاقبت کے تحقیقات کی اور معلوم ہوا کہ وہ روایتیں محض غیرمعتبر ہیں — تیسرا مذہب محققین کا یہہ تھا کہ واقعہ شق صدر ایک جزو ہی اُن تمام واقعات کا جو شب معراج کو واقع ہوئے تھے یہی روایت میرے نزدیک صحیح و معتبر تھی یہی مذہب میں نے اختیار کیا ہی پس اب جناب سیدالحاج اپنے دلکے بخارات نکالنے کو جو چاہیں سو لکھیں خدا اُن سے سمجھے گا — اور جو کہ وہ دلوں کا حال جاننے والا ہی اُسکے سامنے رہا کاری کسی کی پیش نجاویگی میں اپنے اعمال و نیت کی ضرور جزا یا سزا پاؤنگا اور جناب سیدالحاج اپنے اعمال و نیت کی ضرور جزا یا سزا پاوینگے نہ وہ میری تہر میں سروینگے نہ میں اُنکی تہر میں سرونگا پس اتنی بات کو جتنا وہ چاہیں بڑھاولکھیں *

مجھے امید ہی کہ جو کوئی میری اس تحریر کو دیکھے گا تعجب کریگا کہ جناب سیدالحاج نے کیوں ایسے غلط اور محض غلط بہتان مجھ پر کیئے ہیں مگر ظاہرا اُسکے دو سبب معلوم ہوتے ہیں اول صرف اُس خیالی اور بے اصل خوشی کا حاصل کرنا کہ لوگ جناب سیدالحاج کو کہیں کہ واہ کیا مسلمان ہیں حضرت مسلمان عالم ایسے ہی ہوتے ہیں جب ہدایوں میں تشویف لیجاتے ہونگے تو دو چار محلہ کے آدمی آنکر کہتے ہونگے کہ واہ کیاکہا ہی اور جناب سیدالحاج خوش ہوتے ہونگے دگر ہیچ — دوسرا سبب یہہ ہی کہ جناب سیدالحاج نے جب یہہ رسالہ لکھا ہی قریب اُسی زمانہ کے حج کو تشویف لیجانے والے تھے اُنھوں نے خیال کیا ہوگا کہ لاؤ حج کو جاتے ہی ہیں جتنے گناہ کرتے ہیں سب کولیں حج کے بعد تو سب پاک ہوہی جاوینگے جیسیکہ بعض آدمی جب مسہل لینا چاہتے ہیں تو خوب بد پرہیزی کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ مسہل سے سب نکل جاویگی مگر جناب سیدالحاج کو معلوم کرنا چاہیئے کہ حج و زیارت میں جو بشارتیں آپکو ملی ہوں ملی ہوں اور جو خطاب آپکو ملا ہو ملا ہو جن کا تذکرہ آپ دن رات فرمایا کرتے ہیں اور حج سے آپکے سب گناہ معاف ہوگئے ہوں اور شبلی و جنید کے مرتبہ پر پہونچ گئے ہوں بلکہ اُس سے بھی اعلی مگر حق‌العباد کبھی نہ حج سے بخشے جاتے ہیں اور نہ کسی بشارت سے پس آپ نے جو اتہام مجھ پر کیئے ہیں جب تک میں ہی نہ معاف کروں معاف نہیں ہوسکتے پس مقتضاے ایمانداری یہہ ہی کہ آپ حج در احمد کا احرام بالدعیئے اور گناہوں کی معافی چاہیئے ورنہ روز جزا کو آپکو اپنے ان کرتوتونکا مزا معلوم ہوجاویگا واللہ یہدی من یشاء الی صراط المستقیم *

راقم

سید احمد

نمبر ۱۹۰

رائے منصفانہ

جناب سید احمد خاں صاحب بہادر جج خفیفہ ہناوس اور جناب حاجی امدادالعلی صاحب اور جناب حاجی علی بخش خاں صاحب کی تصنیفات پر

ان دنوں در کتابیں برخلاف جناب سید احمد خاں صاحب کے کہ جنمیں سے ایک کے مصنف جناب حاجی امدادالعلی صاحب ڈپٹی کلکٹر علیگڈہ اور دوسری نقاب کے مصنف جناب حاجی علی بخش خاں صاحب بہادر صدرالصدور گورکھپور ہیں میری نظر سے گذریں ان دونوں کتابوں کے مصنفوں اور اُن کے مراتب کا انگریزوں کو معتقد دیکھکر اسلام کی پست حالی پر قرار واقعی صبر آ گیا جو کہ ذی لیاقت اس زمانے میں کہلاتے ہیں جب اُن کی عالی فہمی اس درجہ تک ترقی کیئے ہوئے ہی کہ تمام مخالفین اسلام کو چھوڑ کر صرف سید صاحب کی مخالفت میں ہمہ تن مصروف ہوگئے تو اور بیچارے غریب و غربا سے کیا دین اسلام کی روشنی ہوسکتی ہی ہندوستان میں لاکھوں آدمی عیسائی ہوگئے اور سیکڑوں تصنیفیں اسلام کی بے اصلی اور حضرت پیغمبر اسلام صلعم کے ابطال رسالت میں یہاں تک کہ نعوذ باللہ حضرت صلعم دشمن خدا اور مسیح الدجال ٹھہرائے گئے اور بے مبالغہ لاکھوں جلدیں اسی قسم کی کتابوں کی ہندوستان میں تقسیم اور مشتہر ہوگئیں پس کیا ضرور تہ تھا کہ سید احمد خاں صاحب کو کافر بنانے سے پیشتر ان بے شمار مسلمانوں کو جو عیسائی ہوگئے کافر ہونے سے بچاتے اور نہ صرف یہی بلکہ اُن مسلمانوں نے کافر ہوکر سیکڑوں صفحے اعتراض دین اسلام اور حضرت پیغمبر اسلام صلعم اور اکابر اسلام اور مسلمانوں کی الہامی کتاب مقدس پر کیئے اور اس بیان میں رسالے لکھے اور چھپوائے کہ جنکی تاثیر نے لاکھوں آدمیوں کی نظر میں اسلام کو خفیف اور حقیر کیا مگر اب تک کوئی رسالہ ان بزرگوں کی تصنیفات میں جو اس قسم کی نصرانی تصنیفات کے جواب میں ہو میری نظر سے نہیں گذرا سوائے ان رسالوں کے جو سید احمد خاں صاحب بہادر کے برخلاف تصنیف ہوکر تائید الاسلام وغیرہ نام رکھے گئے شاید اس زمانہ میں تائید اسلام کا حصر اسی پر ہی کہ مسلمان کافر بنائے جائیں تہ یہہ کہ کافر مسلمان بنائے جائیں سید احمد خاں صاحب کے نفر کا نشان تو یہی ہی کہ وہ لندن تشریف لیگئے اور حاجی صاحب کے اسلام کی فضیلت یہی کیا کم ہی کہ وہ کعبہ شریف تشریف لیگئے تھے لیکن سید صاحب کے لندن جانے کا حاصل یہہ ہوا کہ کئی کتابیں مؤید الاسلام و حمایت الاسلام و خطبات احمدیہ وغیرہ درباب تائید اسلام اس زمانہ کمال ضعف اسلام میں چھپکر شایع ہوئیں اور حاجی صاحب کے کعبہ شریف جانے کا حاصل یہہ ہوا کہ کئی کتابیں درباب تکفیر بعض مسلمانان اس زمانہ کمال ضعف اسلام میں چھپکر شایع ہوئیں *

اب ہم دونوں صاحبوں کے کاموں پر جو غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہی کہ جناب حاجی صاحب اگر کعبہ شریف تشریف تہ لیجاتے اور کوئی رسالہ درجواب مخالفین اسلام چھپواتے تو یہہ لطف تہ حاصل ہوتا کہ خود حاجی بنے اور مسلمانوں کو کافر بنایا اور سید صاحب اگر لندن تشریف تہ لیجاتے اور کوئی رسالہ در باب تکفیر مسلمانان چھپواتے تو یہہ لطف تہ حاصل ہوتا کہ خود کافر بنے اور کافروں کو مسلمان بنایا *

اب نظام الہی کے بموجب ان دونو صاحبوں کے حالات پر غور کرنا چاہیئے تو معلوم ہوتا ہی کہ حاجی صاحب نے کعبہ شریف جاکر اپنے ذمہ کا ایک فرض ادا کیا کہ اگر وہ نہ ادا کرتے تو کوئی اُنھیں کافر تہ کہہ سکتا تھا اور سید صاحب نے لندن جاکر اپنے ذمہ کا ایک ایسا فرض ادا کیا کہ اگر وہ ادا نہ کرتے تو کوئی اُنھیں مسلمان نہیں کہہ سکتا تھا کیونکہ جس نے اسلام کی تائید اپنے ذمہ واجب نہ جانی نہ اُسکا حج خدا کے واسطے تہ روزہ نہ نماز تہ زکوٰۃ تہ کوئی اور نیکی و ان لم تفعل فما بلغت رسالتہ *

پس سید صاحب کی ہزار ہزار ثادوستیوں پر بھی اسلام کی صداقت اُنکے اس کام سے ظاہر ہی کہ اُنھوں نے اپنی طاقت مخالفین اسلام کو پست کرنے میں صرف کی نہ یہہ کہ مسلمانوں کو پست کرنے میں — اور حاجی صاحب کے باوجود ہزار حج و زیارات کے اسلام کی بنارت اس کام سے ظاہر ہی کہ اُنھوں نے اپنی طاقت مسلمانوں کے پست کرنے میں صرف کی نہ یہہ کہ مخالفین اسلام کے پست کرنے میں پس سید صاحب کا کرتہ پتلون اُس جبہ و عمامہ سے بہتر ہی جو ظاہر پرستوں کو معتقد بنانے کے واسطے استعمال کیا گیا — اور حاجی صاحب کا جبہ و عمامہ اُس کرتہ و پتلون سے بدتر ہی جو بت پرستوں کو معتقد بنانے کے واسطے استعمال کیا گیا — اسلام کے حقوق ادا کرنے میں جناب حاجی صاحب نے لباس تقوی پر قناعت کی — اور کفر کے نقروں کو حاصل کرنے میں سید صاحب نے اساس تقوی پر قناعت کی — حاجی صاحب نے باوجود جبہ و عمامہ امور دین میں جس بات کو سب سے فضول جانا وہ دین اسلام پر اعتراض کرنے والوں کی تردید ہی — اور سید صاحب نے باوجود تائید اسلام و تردید اعتراضات اہل ظلم امور دین میں جس بات کو سب سے زیادہ فضول جانا وہ جبہ و عمامہ کی تقلید ہی *

مراسلہ ترغیب چندہ مدرسۃ العلوم

جس ایک شخص اگرچہ کرتہ پتلون پہنے ہی مگر دین اسلام کی تروتی چاہنے والا ہی اور دوسرا شخص اگرچہ جبہ و عمامہ پہنے ہی مگر جماعت اسلام کا تنزل چاہنے والا ہی — ایک شخص مسجد سے مسلمانوں کو نکالتا ہی اور دوسرا شخص پتخانہ کو مسجد بناتا ہی ایک شخص اپنے ہی ممالک اور خاندان میں فساد برپا کرتا ہی اور دوسرا رئیس غیر ملک کو قتع کرنے میں اپنی کوشش ظاہر کرتا ہی — حاجی صاحب مسلمان کرتہ پتلون پہننے والے کو کافر بناتے ہیں اور سید صاحب کافر کرتہ پتلون پہننے والے کو مسلمان بناتے ہیں — حاجی صاحب کا اسلام لباس ظاہر کی اصلاح پر منحصر ہی اور سید صاحب کا اسلام اقرار باللسان و تصدیق بالقلب پر منحصر ہی *

اب اہل انصاف ان دونوں صاحبوں کے حالات پر غور فرماویں کہ صلح کیا ہی اور علے خالص کسے کہتے ہیں *

راقم اثم

سید محمد نصرت علی مالک نصرت المطابع دہلی

و اڈیٹر ناصر الاخبار و ناصر الاسلام دہلی

نمبر ۱۹۱

مراسلہ

دام اقبالہ

جناب مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی

تہذیب الاخلاق کی چاروں جلد مطالعہ میں بہ تدریج آئیں جنکے مضامین نے دل پر عجیب کیفیت پیدا کی کہ اس کے حق میں سوائے اس کے اور کچھ زبان سے نہیں نکلتا یضل بہ کثیرا و یہدی بہ کثیرا و ما یضل بہ الا الفاسقین — شعر —

شوق زلف تو نہ تنہا دل ما شیدا کرد
ہر کہ ایں سلسلہ را دید جنوں پیدا کرد

آپ نے اسلام کو اس کی اصلی حقیقت سے مطابق فطرت (نیچر) کے کر دکھایا فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا لا تبدیل لخلق اللہ اور مخالفین متعصبین نے اس کے خلاف ثابت کیا یعنی فطرت کے مخالف کہ وجود آسمان کا خارج میں ثابت ہی و رسم غلامی شرع میں جایز ہی و تقلید واجب ہی وغیرہ حالانکہ اس سچے مذہب سے ان باتوں کی کچھ بھی اصل ثابت نہیں پس یہ مخالفت آپ سے نہیں در اصل اسلام سے ہی حشر کے دن مخالفین [خدا اُن کو ہدایت دے اور اسلام کی حقیقت اُن کے دلوں پر کھول] پوچھے جاوینگے کہ ایک بندہ تمہارے احکام ہماری فطرت کے مطابق جیسے کہ وہ در اصل تھے تمہارے فائدہ کے واسطے بغیر اپنی ذاتی غرض اور منفعت کے بیان کرتا تھا اور تم باوجود دعوے اسلام کے اُس کی تردید کرتے تھے وہ تردید اُسکے بیان کی نہ تھی بلکہ ہمارے فطرتی قانون کی تھی کیا تمہارے کان نہ تھے جو سن سکتے اور آنکھ نہ تھی جو دیکھ سکتے اور دل نہ تھا جو سمجھ سکتے اُس وقت وہ کیا جواب دینگے اُس جواب کے اُن سننے کے ہم بھی مشتاق ہیں *

بروز حشر اگر پرسند خسرو را چرا کشتی
چہ خواہی گفت قربانت شوم تا من ہماں گویم

اللہم اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم و الضالین — اگرچہ پرچہ تہذیب الاخلاق کا فیض عام ہی —

گر نہ بیند بروز شپر چشم
چشمہ آفتاب را چہ گناہ

مگر مجھ پر اس کا فائدہ نا محصور ہوا میں نے ٹھیک ٹھیک من رائی نقد را بالحق کا اُس کو مصداق پایا *

ساقی ز یک پیالہ خزائم بہار کرد
عمر در پارہ داد شراب در سالہ را

راقم

عبدالرحمان خاں کلیانی

مدرس اول مدرسہ اردے پور

نمبر ۱۹۲

ترغیب چندہ مدرسۃ العلوم

ہماری کمیٹی خزانۃ البضاعۃ کو قایم ہوئے دو برس سے کچھ زیادہ عرصہ ہوا اور اس عرصہ میں قریب ہونے دو لاکھ روپیہ کے چندہ ہوا ہی سو یہہ چندہ صرف سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی اور چار پانچ اور ممبران عالی ہمت کی کوششوں کا نتیجہ ہی اس کمیٹی کے ممبر ساٹھ سے زیادہ ہیں اور علاوہ ممبروں کے اور مسلمان بھی ایسے ہیں جو دلی خواہش سے قومی بھلائی کے خواہاں ہیں اور اس مدرسۃ العلوم کے قایم ہونے کے دل سے خواستگار ہیں مگر افسوس ہزار افسوس کہ سعی اور کوشش نہیں کرتے چندہ مانگنے کے لیئے قلم اور زبان کو تکلیف نہیں دیتے اوقات عزیز کو فضول اور بیکار کھونے کو راضی اور خوش ہیں مگر اس عمدہ کام میں جس کو خود اُن کا بھی جی چاہتا ہی ایک کہنہ صرف نہیں کرتے اگر سید صاحب کی سعی اور کوشش کا عشر عشیر بھی ہر ایک ممبر سعی فرماتا تو ایک مدرسۃ العلوم کیا اب تک دو مدرسۃ العلوم قایم ہوگئے ہوتے میرے اس قول کی اگر تصدیق منظور ہو تو سب کے سب حضرات یک دل ہوکر کوشش کردیکھیں پھر دیکھیں کہ اب سے ایک سال کے بعد مدرسۃ العلوم

قایم ہوجاتا ہی یا نہیں میں دیکھتا ہوں کہ جہاں کسی نے فراہمی چندہ کی تحریک کی وہاں باوجودیکہ بہت سی مخالفت بھی رہی مگر کچھہ نہ کچھہ چندہ ضرور ہوگیا اور جہاں کسی نے کچھہ تحریک نہیں کی وہاں کوئی خیر بھی نہوا یہہ بات جو میں کہی کچھہ خیالی بات نہیں ہی بلکہ میں اس کا تجربہ کرچکا ہوں دیکھو اس مقام اودے پور واقع ملک میوار میں جو ہندوؤں کا ملک ہی اور تمورے سے مسلمان ہیں پہلے تو مدرسۃالعلوم کو کوئی جانتا بھی نہ تھا کچھہ اُس کا ذکر تک نہوتا تھا جب میرے اودھ اخبار اور پنجابی اخبار وغیرہ میں مدرسۃالعلوم کی نسبت موافق اور مخالف تحریریں دیکھیں اور اُن سے جو نتیجہ نکالا وہ یہی ہی کہ مدرسۃالعلوم کا قایم ہونا مسلمانوں کی قومی عزت اور قومی بھلائی کے لیئے نہایت ضروری ہی بغیر اس تدبیر کے مسلمان کسی طرح اس ذلت اور نکبت اور جہالت اور افلاس کی مصیبت سے نکل نہیں سکتے بلکہ روز بروز تباہ اور برباد ہوجینگے اور دین و دنیا دونوں کو کھودینگے آخر میرے یہہ جی میں ٹھان گیرنکہ — کس بشنود یا نشنود من گفتگوے میکنم مدرسۃالعلوم کا ہو چکہہ اور ہر جلسہ میں تذکرہ کرنا شروع کردیا *

جب میرے ایک مختصر سا جلسہ کرکے وہ لکچر جو جناب مولوی سید مہدی علی صاحب نے مرزاپور کے انسٹیٹیوٹ میں دیا تھا اور وہ تقریر جناب سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی کی جو اُنہوں نے لاہور کے جلسہ میں بیان فرمائی تھی سنائی تو مخالفوں نے جو اخبار نورالانوار کے پڑھنے سے مدرسۃالعلوم کے مخالف ہوگئے تھے مشہور کیا کہ جیسے سید احمد خاں اسلام سے مخالف اور الحاد کی طرف مائل ہیں ویسا ہی یہہ مولوی بھی ہوگیا ہی لیکن جب یہہ چرچا عام ہوا اور لوگوں کو ان سب باتوں پر غور کرنے کا موقع ملا تو کہنے لگے کہ سید صاحب کو چند مسائل میں اختلاف ہی وہ یہہ سب تجویزیں دنیا کے واسطے کرتے ہیں مذہب سے اُنھیں کچھہ سروکار نہیں ایسے کام میں چندہ دینا کچھہ مفید نہیں مگر ان سب باتوں نے میری ہمت کو نہ توڑا بلکہ روز بروز بڑھتی گئی آخر یہہ نوبت پہنچی کہ جب خود چندہ مرتب ہوکر لوگوں کی خدمت میں پیش کی گئی تو کچھہ تھوڑیسی گفتگو کے بعد سب نے دستخط کردیئے اور کہنے لگے کہ مدرسۃالعلوم میں چندہ دینا ثواب ہی چنانچہ تعداد چندہ کی اب تک ایک ہزار ایکسو اکیس روپیہ تک پہونچی ہی جس میں سے ایکہزار روپیہ وصول بھی ہوگیا ہی اور جن لوگوں نے کفر و الحاد کے الزام لگائے تھے وہ پشیمان ہوکر ہمارے حامی اور مدد گار ہوگئے غور کرنا چاہیئے کہ میں کچھہ علم و عمل یا دنیاوی جاہ و حشمت کی وجاہت نہیں رکھتا جس سے یہہ سمجھا جاوے کہ لوگوں نے میری خاطر یا رعب داب کے سبب سے چندہ دیا یہہ محض مدرسۃالعلوم کی غرض اور غایت سمجھانے اور چندہ دینے کی تحریک کرتے رہنے کے باعث سے دیا اور ابھی اور چندہ ملنے کی توقع ہی پس جو صاحب کہ تہذیب الاخلاق کو نہایت عمدہ سمجھہ کر خریدتے اور پڑھتے ہیں اور جو صاحب کمیٹی خزانۃ الضمامہ کے اور سب کمیٹیوں کے ممبر مختلف مقاموں میں ہیں اور دینی اور دنیوی مطمح اُن کو ایسی حاصل ہی کہ میری اُن کے سامنے کچھہ بھی حقیقت نہیں فراہمی چندہ کے لیئے کمر ہمت باندھیں اور کچھہ تھوڑی سی محنت گوارا فرما کر فرض اور غایت مدرسۃالعلوم کی لوگوں کو سمجھاویں تو کیسی کچھہ کامیابی ہو کیسہ افسوس کی بات ہی کہ ایسے لوگ اس موقع پر سستی اور کاہلی کرکے تھوڑیسی سعی اور کوشش نہ فرماویں اور دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل نہ کریں *

شاید کوئی مقام ایسا ہو جہاں متعصب اور مخالف نہوں اُن حضرات کی کوششوں اور ایسی باتوں کی فرمایشوں سے کہ سید احمد خاں بد عقیدہ ہیں اس لیئے مدرسۃالعلوم کے ممبار بھی بد عقیدہ ہو جاوینگے یا اُن کے بد عقیدہ ہو جانے کا احتمال ہی ایک عجیب اثر پیدا ہوا ہی مگر معاونان مدرسۃالعلوم کو اُن حضرات کی اُن کوششوں کا معہ کسیقدر بدگوئی اور طعنہ ہاے سخت کے شکرگذار ہونا چاہیئے کیونکہ یہہ باتیں خیالات کی ترقی کا سبب ہیں جنکے مقابلہ میں سید صاحب کی ہوداری اور حلم کے پورے ہوئے جواہروں نے خلق محمدی کو آنکھوں سے دیکھا دیا ہی *

چین جبین او در پیتابیم کشود
آہ ایں چہ قفل بود کہ کار کلید کرد

مگر افسوس ہی کہ اب وہ مخالفت جس سے ہم لوگوں کی ہمت پژمردہ تھی اور سعی اور کوشش کرنے پر زیادہ تر مایوسی کو اشتعالک ہوتی تھی کم ہوتی جاتی ہی *

خراب لطف پر در جام میریزی و میترسم
کہ زرہ آخر شود ایں بادہ و من در خمار افتم

راقـــــــم
عبدالرحمان خاں کاپاٹی
مدرس عربی و فارسی مدرسۃ اودے پور

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم رمضان سنہ ۱۲۹۱ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوَر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساتھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہوتے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اِسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۹۳

منقولات

ایک مضمون اخبار کوہ نور لاہور میں چھپا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ جناب سید الحاج مولوی حاجی علی بخش خاں صاحب بہادر نے صرف اپنی کتاب مسماۃ بہ تائید الاسلام ہی میں مجھ پر اتہام نہیں کیئے تھے بلکہ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ میں بھی بہت سے اتہام مجھ پر کیئے اور اُنھی اتہامات کے ذریعہ سے مجھ کو گنہگار کی تکفیر کا فتوی حاصل کیا افسوس ہی کہ حج و زیارت میں بھی اُنکو مجھ گنہگار کی تکفیر کی تکو رہی ہی جس صاحب نے کہ خالصاً للہ یہہ مضمون لکھا ہی اُنکا اس لیئے میں شکر ادا کرتا ہوں کہ اُنھوں نے ایک مسلمان کے اسلام ظاہر کرنے میں کوشش فرمائی ہی خدا اُنکو جزاے خیر دے اور اُن کے حج کو مقبول فرمائے اور وہ مضمون یہہ ہی *

سید احمد خاں صاحب کی تکفیر کی تردید

اخبار نور مطبوعہ مرادآباد میں یہہ دیکھکر کہ جناب مولانا علی بخش خاں صاحب بہادر نے کفر کا فتوی جو سید احمد خاں صاحب بہادر کی نسبت حرمین شریفین سے تیار کرکے لائے ہیں وہ چھپوایا ہی مجھے خیال آیا کہ اس بارہ میں جو مجھے واقفیت ہی میں عرض کروں *

نہ عربی خواں ہوں نہ فارسی داں سنی مسلمان ہوں — نہ مولانا علی بخش خاں صاحب بہادر کا دشمن بنکر سید احمد خاں صاحب کا دوست ہوں نہ سید احمد خاں صاحب کا طرفدار بنکر مولانا علی بخش خاں صاحب کا مخالف — میرے نزدیک دونوں صاحب مولانا اور علماے دین سے میرے مقدوم ہیں تذکرہ کے طور پر کچھہ عرض کرتا ہوں *

فتوی لکھنے لکھانے کا جو حال یہاں ہی وہی وہاں ہی جس مضمون سے چاہا فتوی لکھہ لیا جس سے دستخط کرانے ہوئے جو چاہا سمجھا کر دستخط کرا لیئے جیسے عالم یہاں ہیں ویسے ہی وہاں ہیں صرف اتنا فرق ہی کہ اِن کی زبان ہندی ہی اور اُن کی عربی چار مذہب کے چار مفتی ہیں ایک حنفی — ایک شافعی — ایک حنبلی — ایک مالکی *

مکہ معظمہ میں جب کوئی فتوی لکھا جاتا ہی ایک مشہور عالم ہندوستان کے جو یہاں سے ہجرت کرگئے ہیں اُن کی نظر سے گذر جاتا ہی اور اُن کی راے کو چاروں مفتی مانتے ہیں اگرچہ ہندوستانی عالم اور بھی اچھے اچھے وہاں ہیں مگر ان مولانا صاحب کو وہاں کے عالم زیادہ مانتے ہیں اور اُن کے قول کو معتبر جانتے ہیں *

شاید لوگ خیال کرتے ہونگے کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں پرانی پرانی کتابیں بڑی بڑی قلمی اور صدہا برس کی لکھی ہوئی موجود ہونگی اُن میں مسایل دیکھہ دیکھہ کر وہاں کے عالم فتوی لکھتے ہونگے اس واسطے وہاں کا لکھا ہوا فتوی زیادہ صحیح ہوگا یہہ بات بھی نہیں — حرمین شریفین کے کتب خانہ میں تمام قران مجید اور تفسیروں اور حدیث و فقہ کی کتابیں چھاپہ کی ہیں کتب فروشوں کی دوکانیں مصر اور بمبئی کے چھاپہ سے بھری ہوئی نظر آتی ہیں — کتب خانہ میں نی صدی دس جلد بھی قلمی نہیں ملتیں اور کتب فروشوں کے پاس تو نی صدی پانچ کا بھی ملنا مشکل ہی *

وہاں جو ہندوستانی اہل سنت و جماعت کے عالم ہیں وہ دو گروہ ہیں — ایک بدعتی — دوسرے وہابی جو بدعتی ہیں وہ وہابیوں کو کافر کہتے ہیں جو وہابی ہیں وہ بدعتیوں کو برا کہتے ہیں — جب بدعتیوں کا وار چل جاتا ہی وہابیوں کو نکلوا دیتے ہیں — جب وہابی غالب ہو جاتے ہیں بدعتی چپ ہو جاتے ہیں ان دنوں بدعتیوں کا وار چل رہا ہی — خود شریف صاحب مکہ کو لوگ وہابی کہتے ہیں — مگر یہہ سب جھگڑا وہابی بدعتی کا ہندی صاحبوں میں ہی ہی اور ایسے ایسے نسادات سے ہندی لوگ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں تہایت ذلیل ہیں کہ عرب والوں نے ہندیوں کو — ہندی پھٹال — کا خطاب دے رکھا ہی اور ذلیل کرتے کی بات ہی کہ دونوں طرف مولانا صاحب ہی مولانا صاحب ہیں — مگر ایک دوسرے کو کافر کہتا ہی اور ہر وقت اسی فکر میں رہتے ہیں کہ جس طرح ہو سکے دوسرے کو نکلوا دیں *

سید احمد خاں صاحب حرمین شریفین میں بھی مشہور ہیں اکثر ہندوستانی اور بعض عرب سید احمد خاں صاحب کے نام اور خلاف واقع حال سے واقف ہیں — وہاں یہہ مشہور ہی کہ سید احمد خاں لندن گئے تھے وہ انگریزوں سے اقرار کرکے آئے ہیں کہ ہم مسلمانوں کو جہانتک ہو سکیگا کرسٹان کرینگے اور دین اسلام سے پھیرینگے اب وہ اپنے اقرار کے موافق مسلمانوں کو بہکا کر دین اسلام سے پھیرتے ہیں اور نئے نئے عقاید سکھلاتے ہیں — یہہ جو فتوے میں لکھا ہی کہ دین اسلام میں یہود و نصاری سے بھی اُن کا نتنہ بڑھکر ہی — اُس کے بھی معنی ہیں کہ ظاہر مسلمان رہکر اور دین اسلام کے نام سے وعظ و نصیحت کرکے پھسلاتے کرتے ہیں — جس کسی نے

سید احمد خاں صاحب کا یہہ حال سنا کہ وہ انگریزوں کے طرفدار ہیں وہ ظاہر میں مسلمان بامان میں میسائی ہیں وہ سب مسلمانوں کو یہود کو میسائی کیا چاہتے ہیں — قران کے معنی بدلتے ہیں — حدیث کو بے اعتبار بتاتے ہیں انگریزوں کا کھانا کھانا درست کہتے ہیں — انگریزوں سے دوستی رکھنی ثواب بتلاتے ہیں — شیطان کے منکر — آسمان سے منحرف ہیں — کسی امام کو نہیں مانتے کسی مفسر کو معتبر نہیں سمجھتے — کسی مجتہد کے قایل نہیں سید احمد خاں صاحب سے نفرت کرنے لگا اور برا جاننے لگا — حقیقت میں جب اتنی برائی کسی میں ہو — تو کونسا مسلمان ہی کہ ایسے آدمی کو اچھا کہیگا — جب اُس سے واقعی حال سید احمد خاں صاحب کا کہا گیا کہ سید احمد خاں ایسے آدمی نہیں ہیں پکے مسلمان ہیں ظاہر اور بامان میں یکساں ہیں — مسلمانوں کو مسلمان رکھا چاہتے ہیں قران کے معنی جو ہیں وہی کہتے ہیں حدیث کو معتبر جانتے ہیں — جو حدیث نہیں ہی اُس کو بے اعتبار سمجھتے ہیں — اہل کتاب کے ذبیحہ کو قران مجید کے موافق حلال کہتے ہیں — سور اور شراب کو حرام سمجھتے ہیں — انسانوں سے انسانیت کی وجہ سے قران مجید کے مطابق دوستی رکھنی اور ہر ایک کی بھلائی چاہنی موجب ثواب بتلاتے ہیں — شیطان اور آسمان کے منکر نہیں مگر ہیں صورت — اور عالم میں جو بعض عالموں نے بیان کی اُن کے ہم زبان ہیں اکثروں کے ساتھی نہیں — امام کو امام جانتے ہیں پیغمبر نہیں مانتے مفسر کو مفسر مانتے ہیں الہامی نہیں جانتے — مجتہد کو مجتہد کہتے ہیں خاتم المجتہدین نہیں سمجھتے — ہر وقت ایسی کوشش میں رہتے ہیں کہ مسلمانوں کی دین و دنیا درست ہو — ہزاروں روپیہ اپنے خرچ کرتے ہیں — دل و جان سے ہر وقت اسی کے خواستگار ہیں — اپنا جان و مال مسلمانوں کے واسطے وقف کر رکھا ہی — چاہتے ہیں کہ مسلمان دنیا میں مالدار ہوجاویں اور دین میں ایماندار یہہ سنکر وہ سید احمد خاں صاحب کی تعریف کرنے لگا ہندوستانی نے کہا بہت اچھے آدمی ہیں اور عرب نے کہا عیب *

در تین مولانا صاحبوں کے سامنے میں سید احمد خاں صاحب کی تعریف کی اور واقعی حال اُن کا بیان کیا تو اُنھوں نے جرابدیا کہ فلاں مولانا صاحب یا حکیم صاحب یا منشی صاحب ابھی ہندوستان سے آتے ہیں وہ اس کے خلاف کہتے ہیں — تم ہرگز سید احمد خاں صاحب کا کہنا نہ مانوں ورنہ کافر ہو جاؤگے میں نے کہا بہت اچھا سید احمد خاں صاحب کا کہنا نہ مانونگا اُن کو برا جانونگا مگر پھر کس کا کہا مانوں آپ کا سر آپ کو بھی تو فلاں مولانا صاحب کافر کہتے ہیں اس کا کہا مانے غرض ہندوستانی عالموں اور جاہلوں کا وہاں بھی یہی خراب حال اور لڑائی ہی جناب مولانا علی بخش خاں صاحب بہادر جب تک مکہ معظمہ میں رہے مولانا صاحب کو یہی شغل رہا جب مدینہ منورہ میں گئے وہاں بھی انہیں فتووں کی فکر رہی حالانکہ مدت قیام مدینہ منورہ کی تھوڑی تھی یعنی آٹھ سات دن کہ ضروری کام اور زیارات علیات بھی مشکل سے انجام ہوتے ہیں مگر وہاں بھی مولانا صاحب اسی انتظام میں رہے سوالات کا مسودہ مسجد نبوی میں روضہ مطہرہ کے روبرو ہوا مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں اکثر ہندوستانی اور عرب سے مولانا صاحب یہی ذکر فرماتے رہتے اور اسی کی بحث کرتی رہتی — مولانا صاحب شہاب ثاقب اور ایک اَور رسالہ کی کئی جلدیں لیگئے تھے وہ بھی وہاں تقسیم فرمائیں سید احمد خاں صاحب کا کفر اور اسلام اور اُنکے کفر کے فتووں کا مدار اُنکا حال بیان کرنے والوں پر منحصر ہی نہ مکہ والے اُنکو جانیں نہ مدینہ والے اُن سے واقف اگر کوئی چاہے تو سر فتوے اُنکے اسلام کے حرمین شریفین سے واقعی حال بیان کرکے لاسکتا ہی — مگر — بقال و خط چہ حاجت روے زیبا را — سید احمد خاں صاحب کا اسلام مسلمانوں کے دلوں پر نسلاً بعد نسلٍ گندہ ہوتا چلا جاویگا — اور تھوڑے عرصہ بعد سید احمد خاں صاحب کے نام کے ساتھہ مجتہد و مجدد کا لفظ لکھنا شروع ہوجاویگا — اُنکے اسلام کے ثبوت میں کاغذ کی اور سیاہی کی مدد ضرور نہیں — جو بات کفر کی ہی وہ کفر کی ہی اور جو اسلام کی ہی وہ اسلام کی — سید احمد خاں صاحب صرف اس سبب سے کہ حرمین شریفین کے عالموں نے اُن کے کفر کے فتوے دیدیئے کافر نہیں ہوسکتے جیسے یہاں کے عالم ہیں ویسے ہی وہاں کے صرف زبان کا فرق ہی اُنھی کتابوں سے وہاں والے فتوے لکھتے ہیں اُنھی سے یہاں والے — بلکہ خاص عالم یہاں کے وہاں بھی مستند گنے جاتے ہیں اور ایک بات اَور بھی ہی کہ یہاں والے کل حالات سے واقف وہاں والے ناواقف — شنیدہ کے بود مانند دیدہ *

حاصل مطلب یہہ کہ وہاں کے فتوے ویسے ہی ہیں جیسے یہاں کے ان میں اُن میں کچھہ فرق نہیں صرف اتنا فرق ہی کہ وہاں کے فتوے میں ایک مسلمان کا غیبت اور مزید وقت جو دعا اور عبادت میں ایسی پاک جگہہ صرف ہونا چاہیئے وہ ایک مسلمان کے کافر کرنے میں صرف ہوتا ہی یارب یارب یارب *

بڑا ستم سید احمد خاں صاحب نے یہہ کیا کہ میسائی کے ساتھہ کھانا کھایا ترکی ٹوپی اَوڑھی کالا کوٹ اور انگریزی بوٹ پہننے کو اچھا سمجھا اس کا حال یہہ ہی کہ جاتے ہوئے جدیدہ سے ایک انگریزی تاجر ہمارے ساتھہ اپنا مال لادکر جدہ تک اگنپورٹ میں سوار ہوگیا تھا — اُس اگنپورٹ میں پانچ عرب دو جدہ کے تین مکہ کے رہنے والے

سوار تھے وہ عرب جب چاء پیتے انگریز کو اپنے ساتھہ پلاتے کسی دور میں اپنی پیالی اُسکو دیدیتے کبھی اُس کی پیالی آپ لے لیتے ہمارے ہندوستانی بھائی دیکھکر بڑا تعجب کرتے اور کہتے کہ عرب بھی آدھے کرستان ہیں ایک دن صاحب نے اُن سے پوچھا بھی کہ تم انگریز کو اپنے ساتھہ پلاتے ہو اُن کے ساتھہ کھانا پینا منع ہی وہ عرب ہنسنے لگے اور کہا اس میں کچھہ برائی نہیں حالانکہ کل ہندوستانی صاحب بھی اکثیرت ہیں انگریز اور عیسائیوں کا بنایا ہوا اور اُن کے ہاتھہ کا بھی پانی پیتے تھے یہی لوگ پکاتے تھے اور یہی تقسیم کرتے تھے مگر اسکا کچھہ خیال نہیں تھا *

رہا بوٹ و ترکی ٹوپی و کالا کوٹ سو عموماً ترکوں کی یہی پوشش ہی عیسائیوں اور مسلمانوں میں فرق اسی ترکی ٹوپی سے معلوم ہوتا ہی اور لباس بھی یہی عمدہ اور رعب کا ہی جسوقت بیت‌اللہ کے گرد حرم محترم میں ہزاروں آدمی طواف کرتے نظر آتے تھے جو رونق اور رعب ایسی پوشش والوں پر معلوم ہوتی تھی دوسروں پر نہیں *

جوتہ پہنے نماز پڑھنے کو جو سید احمد خاں صاحب یا اُن کے طرفدار کہتے ہیں اُس کا بھی یہہ حال آنکھوں دیکھا ہوا ہی کہ ترک عموماً ہزاروں مرد عورت بوٹ پہنے ہوئے بیت‌اللہ کے گرد طواف کرتے ہیں اور مسجد الحرام میں نماز پڑھتے ہیں کوئی بوٹ نہیں اُتارتا البتہ یہہ ہوتا ہی کہ باہر پہننے کے بوٹ دوسرے رکھتے ہیں اتنا وہم وہاں بھی ہی ہندوستانی اس پر بھی تعجب کرتے تھے کیونکہ یہہ تو ہندوؤں کی طرح چمڑے کو بُرا ہی سمجھتے ہیں *

حرم شریف میں چار جماعت ہوتی ہیں حنفی شافعی مالکی حنبلی عرب ترک مغربی شامی وغیرہ لوگ جو جماعت پاتے ہیں اُس کے ساتھہ نماز پڑہ لیتے ہیں مگر اکثر ہندوستانی اُسوقت بھی ازے بیٹھے رہتے ہیں جب حنفی جماعت ہوتی ہی تب ہی نماز پڑھتے ہیں حالانکہ تمام ترک حنفی مذہب رکھتے ہیں مگر اُن کو یہہ تعصب نہیں جو جماعت ہاتھہ آ جاتی ہی اُس کے ساتھہ پڑہ لیتے ہیں *

بدو لوگوں اور اور قوموں کو طہارت و استنجا کرتے اسطرح دیکھا کہ جسوقت اُنھوں نے پیشاب کیا ایک مٹھی ریت لیکر تھوڑا خشک کرلیا اور زمین پر تیمم کرکے اُسی زمین پر نماز پڑھنے کھڑے ہوگئے نہ فرش کی ضرورت نہ مسلے کی حاجت جب پانی موجود ہوا تو صرف پانی سے استنجا کرلیا پھر ڈھیلے و ریت وغیرہ کی ضرورت نہیں آپدست کا بھی یہہ ہی حال ہی کہ یا ڈھیلا ہو یا پانی دونوں چیز ضروری نہیں سمجھتے ہندوستانی صاحب جب کسی بدو کو ڈھیلے سے یا استنجا کرکے نماز پر کھڑے ہوتے دیکھتے تعجب کرتے اور کہتے کاہے کی نماز ہی آگھورے ہیں — یہہ بات جو یہاں مشہور ہی کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں شیعہ نہیں جانے پاتے — یہہ بھی بے اصل ہی بیت اللہ کے گرد سنّی شیعہ خارجی وغیرہ کو طواف کرتے ہوئے دیکھا خاص مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں شیعہ رہتے ہیں مدینہ منورہ کے گرد جو بستیاں ہیں اُن میں ایک قوم نخلعہ رہتی ہی وہ تمام شیعہ ہیں اور مکہ معظمہ میں مطوف مدینہ منورہ میں مزور شیعوں کے الگ ہیں علاوہ اس کے ایرانی شیعہ اور مستقلی خوارج صدہا حج میں آتے ہیں کوئی کسی سے مزاحمت نہیں کرتا — البتہ پہلے ہر طرح کی روک ٹوک ہوتی تھی — اب جناب سلطان روم خلد اللہ ملکہ کی برکت اور سایہ عاطفت سے و انصاف صلح کل ہونے سے کوئی کسی کو نہیں ستا سکتا — ہر شخص اپنے عقیدہ پر قایم رہکر بے خوف و خطر رسومات مذہبی ادا کرتا ہی — ہندوستانی اس بات کو دیکھکر کہ بڑے اچنبھی میں رہتے ہیں کیونکہ یہہ لوگ تو تعصب میں ڈوبے ہوئے ہیں اور اُن کی عادت میں یہہ بات ہی کہ جہاں تک ہوسکے مسلمان کے ذمہ کچھہ نہ کچھہ بات لگاکر کافر کرتا اور اپنی جماعت سے خارج کرتا — اب خدا نے اور کسی لایق نہیں رکھے تو مسلمان کو کافر کرتا اور اُس کے پیچھے نماز نہ پڑھنا اور اُس کے کفر کا فتوے لکھدینا تو اُن کے ہاتھہ ہی افسوس افسوس *

مسلمانوں — انما المومنون اخوۃ جو قوان مجید میں ہی کیا اُس کا یہی مطلب ہی کہ ایک بھائی دوسرے بھائی کو کافر کرنے پر کمر باندھے رہے ایک بھائی دوسرے بھائی کی خدمت کیا کرے ایک بھائی دوسرے بھائی کی عزت کیا کرے *

مسلمانوں — ولا تنازعو جو قران مجید میں ارشاد ہوا ہی کیا اُس کی یہہ تعمیل ہی کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے ترکی ٹوپی اوڑھنے پر کالا کوٹ اور بوٹ پہننے پر چوری کاٹنے سے کھانے پر کوٹا رہے یونانی حکیموں کے حکم نہ ماننے پر انگریزی ڈاکٹروں کے فلسفوں کے حکم ماننے پر کافر کرتا رہے — اس کے یہہ معنی تو ہرگز نہیں ہیں — یہہ معنی نہوتے کی اور وجہہ تو کیا پتلاؤں ایک وجہہ یہی پتلاتا ہوں جو اُسی پاک کتاب میں لکھی ہی اور وہ مسلمانوں پر صادق آتی ہی — وہ یہہ ہی کہ ولا تنازعو کے بعد ہی لکھا ہی تفشلو و تذہب ریحکم — سو ظاہر ہی کہ ایسے ہی تنازعات سے مسلمانوں کی کیسی ہوا بگڑ رہی ہی کہ ہر طرح ذلیل ہو رہے ہیں اور جب تک یہہ جھگڑے نہیں چھوڑینگے دن بدن زیادہ ذلیل ہوتے جاوینگے — یا اللہ تو مسلمانوں کو — کاظمین الغیظ و العافین عن‌الناس میں سے کر آمین *

راقم
حافظ محمد حسین

اِطلاع

بخدمت ممبران کمیٹی خزانۃ البضاعۃ

۲۴ ستمبر سنہ ۱۸۷۴ ع کے اجلاس میں جو یہہ تجویز ہوئی تھی کہ مدرسۃ العلوم کے احاطہ کے تین دروازوں میں سے جس دروازہ کو جو ممبر اپنے خرچ سے بنوادے وہ دروازہ اُسکے نام سے موسوم ہو منجملہ اُنکے ایک دروازہ مولوی سید مہدی علی صاحب نے اپنے خرچ سے بنوانا چاہا ہی اور اُسکا مہدی دروازہ نام ہوگا اور دوسرا دروازہ میر سید ظہور حسین صاحب نے اپنے خرچ سے بنوانا چاہا ہی چنانچہ نقد سات سو روپیہ اُسکی لاگت کا اُنہوں نے بھیجدیا ہی اور وہ دروازہ ظہور حسین دروازہ کے نام سے موسوم ہوگا پس اب صرف ایک دروازہ باقی رہگیا ہی دیکھیئے وہ کس کی قسمت میں ہی *

راقـــــم

سید احمد

سکرٹری کمیٹی خزانۃ البضاعۃ

ثمیر ۱۹۴

علامات قرأت

اس مقام پر لفظ قرأت سے ہماری مراد قرأت مصطلحہ قران مجید نہیں ہی ' بلکہ اُس کے لغوی معنی مراد ہیں ؛ یعنی پڑھنے کے نشان ؛ انگریزی میں چند علامتیں مقرر ہیں جنکو پنکچوئیشن کہتے ہیں ۔ انگریزی عبارت میں وہ نشان ہمیشہ لگائے جاتے ہیں ؛ اُنسے فائدہ یہہ ہی کہ عبارت کو فصیح طور پر پڑھنے میں آسانی ہوتی ہی ۔ اُن نشانوں سے معلوم ہوتا ہی کہ جملہ کہاں ختم ہوا ' کہاں سے دوسرا مطلب شروع ہوا ' کونسے لفظ ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں ' کونسے علاحدہ ہیں ' عبارت پڑھنے میں کس جگہہ ٹھہرنا چاہیئے ' کس جگہہ ملاکر پڑھنا چاہیئے ' تاکہ مطلب پڑھنے والے اور سننے والے کی سمجھہ میں بخوبی آتا جاوے ۔ اسکے سوا اُن نشانوں سے یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اس عبارت میں کونسا جملہ معترضہ ہی ' اور کونسا استفہامیہ ' کونسا انتباسیہ ' اور کونسا ندائیہ ' کس مقام پر مصنف نے کوئی بات تعجب انگیز لکھی ہی ' اور کس مطلب پر مصنف نے پڑھنے والے کی زیادہ توجہ چاہی ہی ' علی ہذاالقیاس ۔ اس میں کچھہ شک نہیں کہ علامات قرأت نہایت مفید چیز ہیں ' اور علم ادب کی ترقی کے لیئے نہایت مفید ہیں ۔ تمام ملکوں میں جہاں علوم و فنون ' علم ادب و انشاء ' تہذیب و شایستگی کی ترقی ہی ان علامات کا استعمال ہوتا ہی ۔ ہم مسلمانوں نے اپنی تحریروں میں کوئی علامتیں اس قسم کی معین نہیں کیں ؛ صرف قران مجید میں جسکو ہم نہایت مزیز و قابل ادب سمجھتے ہیں ' اور جسکی تلاوت میں ہمکو بڑا اہتمام ہی ' بعض ایسی علامتیں ' جو قرات قران مجید سے مخصوص ہیں ' مقرر کی ہیں ۔

سنسکرت زبان کی تحریر میں بھی کچھہ علامتیں اس قسم کی مقرر نہ تھیں ' لیکن اس زمانہ میں جن لوگوں نے اپنی زبان کی ترقی اور درستی کی فکر کی ہی اُنہوں نے اپنی اپنی تحریروں میں ان علامتوں کا رواج شروع کیا ہی ۔ بنگالی زبان کی تحریر میں تو یہہ علامتیں نہایت خوبی سے مروج ہوگئی ہیں ' اور اُوریا اور گجراتی اور ٹاگوی میں بھی مروج ہوتی جاتی ہیں ' مگر اُردو زبان کی تحریر میں اس کا بہت کم رواج ہی ۔ کبھی کبھی ہم اپنے تہذیب الاخلاق میں کوئی کوئی علامت اس قسم کی لگادیتے ہیں ' یا اگر اخبار کے ایک صاحب معاون اپنے ارٹکلوں میں نہایت خوبی اور اسلوبی سے ان علامتوں کا استعمال کرتے ہیں ۔

کچھہ کم دو برس کا عرصہ ہوا ہوگا کہ جناب ماشی غلام محمد صاحب متوطن بمبئی نے اسپر بہت توجہ کی ' اور اُردو زبان کی تحریر میں بھی ان علامتوں کا مروج ہونا ضرور سمجھا ' اور اسباب میں ایک رسالہ ' موسوم بہ نجوم العلامات ' تحریر فرمایا جو درحقیقت اپنی خوبی اور حسن بیان میں بے نظیر ہی ۔ اس رسالہ میں جناب موصوف نے ہر قسم کی علامتیں مقرر کی ہیں جو علامات قرات قران مجید سے اخذ کی گئی ہیں ' اور انکو حروف مفردہ تہجی پاضافہ ایک لکیر مثل زیر کے اُن علامتوں کے لیئے مقرر کیئے ہیں ' اور ہر ایک علامت کا بیان نہایت خوبی اور خوش بیانی اور وضاحت سے کیا ہی ۔

ہمکو جناب ممدوح کی تمام تجویزوں سے دل سے اتفاق ہی ' مگر جو علامتیں اُنہوں نے مقرر کی ہیں اُن سے بوجوہات مفصلہ ذیل ہمکو اختلاف ہی :—

اول — ہم نہیں پسند کرتے کہ جو علامتیں مدت سے قران مجید کی تحریر میں مخصوص ہوگئی ہیں وہ اور تحریروں میں مروج کی جاویں ' اور آیت اور مطلق جو خاص قران مجید کی اصطلاحات ہیں ' اُنکو تحریروں پر بولی جاویں ' گو شرعاً و عقلاً اس میں کچھہ قباحت نہو ' الا تعظیماً للقران المجید ایسا کرنا ہم پسند نہیں کرتے ۔

دویم — علامتیں جو حروف مفردہ تہجی سے مقرر کی گئی ہیں وہ اُردو زبان کی تحریر میں حروف عبارت سے مشتبہ ہوجاتی ہیں ' اور پڑھنے میں دھوکہ پڑتا ہی کہ وہ حرف ہیں منجملہ حروف عبارت

ہی ' اسلیئے ضرور ہی کہ علامات مذکورہ صرف نقرش ہوں حروف نہوں .

سوئم — علامات مذکورہ ایسی ہونی چاہیئیں کہ جو پتھر اور ٹیپ دونوں قسم کے چھاپہ میں مستعمل ہوسکیں : پس اگر ہم ایسی علامتیں مقرر کریں جو ٹیپ میں بنی ہوئی مروج نہوں تو بالفعل ہمکو نہایت مشکل پڑے گی ' اور کسی طرح ہمکو نہ اُن علامتوں کا ہاتھہ آنا میسر ہوگا نہ اُنکو بناسکیں گے ؛ اسلیئے نہایت مناسب ہی کہ جو علامتیں انگریزی میں مروج ہیں وہی ہم اُردو تحریر میں بھی اختیار کریں . اُن علامتوں کا ٹیپ ہر قسم کا بنا ہوا دستیاب ہوتا ہی . پتھر کے چھاپہ میں نہایت آسانی سے تحریر میں آسکتی ہیں ' اور اُنکی شکل ایسی ہی کہ کسی حرف کے ساتھہ مشابہ نہیں ہی ' صرف ایک علامت ہی جو حرف واو کے مشابہ ہی ' لیکن اُسکو اولت دینے سے وہ التباس بالکل زایل ہوجاتا ہی . ہمارا ارادہ ہی کہ ہم تہذیب‌الاخلاق میں اُن علامتوں کا رواج دیں . اگر اور لوگ بھی اُسکو پسند کرینگے تو اُمید ہی کہ اُردو زبان میں بھی اُس کا رواج ہوجاویگا . اب ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ جناب منشی غلام محمد صاحب کے رسالہ کی خوشہ چینی سے اُن علامتوں کا اس مقام پر کچھہ بیان کریں .

مفصلہ ذیل علامتیں ہیں جو اُردو زبان کی تحریر میں مستعمل ہوسکتی ہیں

(،) کاما یعنی علامت سکتہ . انگریزی میں اسکی یہہ شکل ہی (,) . مگر یہہ حرف واو کے مشابہ تھا اسلیئے اُس کو اُولٹ دیا تاکہ حرف مفرد تہجی سے مشابہت نرہے .

(؛) سیمیکولن یعنی علامت سکون . انگریزی میں اس کی صورت یوں (;) ہی . اسکو بھی اُولٹ دیا ہی *

(:) کولن یعنی علامت وقفہ .

جہاں علامت سکتہ ہو اُس لفظ پر پڑھنے میں ذرا ٹھہرنا چاہیئے ' اور جہاں علامت سکون ہو وہاں ذرا اُس سے زیادہ ' اور جہاں علامت وقفہ ہو وہاں ذرا اُس سے بھی زیادہ .

(.) فلسٹاپ یعنی علامت وقفہ کامل . یہہ علامت اسبات کی ہی کہ یہاں فقرہ پورا ہوگیا .

(؟) ڈوٹ آف انٹروگیشن یعنی علامت استفہام یا علامت سوال .

(!) ڈوٹ آف اسکلامیشن یعنی علامت تعجب و حیرت و فرحت . اگر بھی نشان برابر ہو (!!!) کردیئے جاویں یا تین (!!!) کردیئے جاویں تو زیادہ تعجب و حیرت یا مسرت پر دلالت کرتے ہیں .

(-) ہائی فن یعنی علامت ترکیب .

(—) ڈیش یعنی خط یا لکیر .

( ) پرنتھسز یعنی علامت جملہ معترضہ .

(" ") کوٹیشن یعنی علامت اقتباس . انگریزی تحریر میں یہہ علامت اس طرح پر لکھی جاتی ہی ' (" ") مگر ہمنے دونوں کو اولٹا رہنے دیا ہی .

لفظوں کے اوپر لکیر کردینا ' یہہ قدیم علامت نقل یا اقتباس کی ہی ؛ جیسیکہ شرح میں متن کی عبارت پر لکیر کردی جاتی ہی .

—— اندر لین یعنی علامت ترجمہ . جن لفظوں کے نیچے لکیر کردی جاتی ہی وہ اسبات کا نشان ہی کہ پڑھنی والا اُسپر زیادہ توجہ کرے .

(*) اسٹار یعنی نجم . کسی جملہ یا عبارت منقولہ کے بیچ میں دو یا تین نجم لگا دینا اسبات کا نشان ہی کہ اس مقام پر سے کچھہ لفظ یا عبارت جو مطلب سے متعلق نہ تھا یا اُسکی نقل ضروری نہ تھی چھوڑ دی گئی ہی ' اور ایک نجم علامت حاشیہ کی ہی .

(* † ‡ ‖) اِن میں سے ہر ایک حاشیہ کی علامت ہی .

علامت سکتہ

اس علامت سے جملہ کے ایسے حصے علحدہ علحدہ معلوم ہوتے ہیں جو مطلب میں تر ملے ہوئے ہیں مگر پڑھنے میں اُن مقاموں پر ذرا سکتہ کرکر پڑھنا چاہیئے .

۱ — جب کسی مفرد جملہ میں مبتدا اور خبر مرکب ہوں ' تو اُنکے بیچہ میں علامت سکتہ لگانی چاہیئے .

مثال — کسی چیز کی طرف مستقل اور پوری توجہ ' اعلی طبیعت کی نشانی ہی .

۲ — جملہ مرکبہ کے اجزاء مفردہ بذریعہ علامت سکتہ علحدہ کرنے چاہیئیں ' تاکہ پڑھنے میں الگ الگ پڑھے جاویں .

مثال — جب اچھائی نہیں رہتی ' تو لوگوں کی توجہ بھی نہیں رہتی .

بہادروں نے ' جب دشمنوں کا حال سنا ' تو اُنپر نہایت دلیری سے حملہ کیا .

مگر جب جملہ کے اجزا ایسے ہوں کہ خود اُنمیں سے اُن میں ترکیب پائی جاتی ہو ' تو وہاں علامت سکتہ کا لگانا کچھہ ضرور نہیں ہی .

مثال — خود ہمارا دل ہمکو بتاتا ہی کہ اصلی نیکی کیا ہی .

۳ — معطوف و معطوف علیہ میں جب حرف عطف موجود ہو ' تو وہاں بھی علامت سکتہ لگانی ضرور نہیں .

مثال — زمین اور چاند دونوں سیارے ہیں ۔

عقلمند آدمی وقت کی قدر کرتا ہی اور اُسکو ضایع نہیں کرتا ۔

کامیابی اکثر ہوشیاری اور ہمت سے کام کرنے پر منحصر ہوتی ہی ۔

مگر جب معطوف و معطوف علیہ میں حرف عطف موجود نہو ،

تو وہاں علامت سکتہ لگانی ضرور ہی ۔

مثال — عقل ، ہوش ، علم ، ہنر ، سب وقت پر کام آتے ہیں ۔

وہ تو سیدھا ، سادھا ، ایمان دار ، آدمی ہی ۔

مستثنی اور مستثنی منہ کے درمیان میں بھی علامت سکتہ کا لگانا ضرور ہی ۔

مثال — وہ شخص ایمانداری ہی ، مگر سست ۔

بہت بڑا عالم ہی ، مگر بے عمل ۔

پرہیزگار ہی ، مگر ظاہری باتوں میں ۔

جب متعدد صفتیں کسی اسم کی بغیر حرف عطف کے بیان کی جاویں تو وہاں علامت سکتہ لگانی ضرور ہی ۔

مثال — زید نہایت دانا ، ہوشیار ، عالم ، فاضل ہی ۔

مگر جب دو یا دو سے زیادہ ایسی بیان کی جاویں کہ ایک صفت دوسری صفت کی تشریح کرتی ہو ، تو اُن میں علامت سکتہ لگانی نہیں چاہیئے ۔

مثال — پورا سیاہی مایل کپڑا ۔

ہلکا زردی مایل سبز رنگ ۔

اگر حرف عطف موجود ہو ، مگر جملہ کے اجزا لمبے لمبے ہوں ، تو بھی اُن میں علامت سکتہ لگانی چاہیئے ۔

مثال — بےاعتدالی ہمارے جسم کی قوت کو ضایع کرتی ہی ، اور ہمارے دل کی جرأت کو ۔

۴ — جبکہ تین یا تین سے زیادہ الفاظ ایک ہی جزو کلام میں ہوں ، اور اُس میں حرف عطف ہو خواہ نہو ، اُن لفظوں کے اخیر میں بھی ، سوائے اُس لفظ کے جو سب سے اخیر ہو ، علامت سکتہ لگانی چاہیئے ، لیکن اگر وہ اخیر کا لفظ اسم ہو تو اُس کے بعد بھی علامت سکتہ ہونی چاہیئے ۔

مثال — نظم ، موسیقی ، مصوری ، عمدہ ہنر ہیں ۔

خورم ایک دلیر ، دانا ، اور ہوشیار اندیش شہزادہ تھا ۔

جبکہ جملہ میں دو لفظ ساتھ ساتھ ہوں ، تو ہر دو کے بعد علامت سکتہ ہونی چاہیئے ۔

مثال — بے بندوبستی اور بد انتظامی ، مفلسی اور محتاجی تکلیف اور مصیبت ، ویرانی و بربادی ، آپسکی نااتفاقی کا نتیجہ ہی ۔

۵ — جملہ ندائیہ کے بعد بھی علامت سکتہ ہونی چاہیئے ۔

مثال — میرے پیارے ، میری بات سن ۔

اوجانے والے ، ادھر ہوتا جا ۔

جاگنے والوں ، جاگتے رہیو ۔

۶ — جملہ بیانیہ فقرہ مفرد کے شروع میں ہو ، خواہ بیچمیں خواہ اخیر میں ، اُس کے ساتھ بھی علامت سکتہ ہونی چاہیئے ۔

مثال — اُنکی نیکی ، احسانمندی سے ، مجھے یاد ہی ۔

اُنکی نیکی مجھے یاد ہی ، نہایت احسانمندی سے ،

احسانمندی سے ، اُنکی نیکی مجھے یاد ہی ۔

۷ — جبکہ کسی جملہ میں دو اسم آویں ، اور پچھلا اسم معہ اپنے متعلقات کے ، اُسی شخص یا چیز پر دلالت کرے جس پر پہلا اسم دلالت کرتا ہی ، تو اُنکے درمیان میں بھی علامت سکتہ لگانی چاہیئے ۔

مثال — احمد ، خیر خواہ معاندان ۔

مگر جب کئی لفظ ملکر ایک مرکب اسم بنے ، تو اُن لفظوں کے درمیان میں علامت سکتہ نہونی چاہیئے ۔

مثال — شاہجہانآباد ، اکبرآباد ، الہآباد ، چترورگنڈہ ، مشکلکشا ، ٹیپوآخوازماں ، مشکل کشا علی ۔

۸ — اگر اسماء موصول کے بعد بھی جملہ بیانیہ ہو ، تو اُسکے پہلے علامت سکتہ لگانی چاہیئے ۔

مثال — وہ ، جو خم ہوکر پھر سیدھی ہو جاوے ، اصیل تلوار ہی ۔

مگر جب کہ اسماء موصولہ اسم کے ساتھ ملے ہوئے ہوں ، تو اُس وقت اُن کے پہلے علامت سکتہ کا لگانا ضرور نہیں ۔

مثال — جو تلوار خم ہوکر سیدھی ہو جاوے ، اصیل ہی ۔

۹ — جب کسی جملہ کی ترکیب اولٹ دی جاوے تو اُس کے بیچ میں علامت سکتہ لگانی چاہیئے ۔

مثال — خدا کے نزدیک کوئی چیز مشکل نہیں ہی ۔

اس مثال میں علامت سکتہ کی ضرورت نہیں ہی مگر جب اسکی ترکیب اولٹ دو تو علامت سکتہ کی ضرورت ہوگی ۔

مثلاً — کوئی چیز مشکل نہیں ہی ، خدا کے نزدیک ۔

۱۰ — جب کوئی فعل محذوف ہو ، تو وہاں علامت سکتہ لگانی چاہیئے ۔

مثال — پڑھنے سے آدمی پورا انسان ہوتا ہی ؛ اور اچھی گفتگو سے ، لایق ؛ اور لکھنے سے ، قابل ۔

۱۱ — کاف پیانیہ یا تردیدیہ کے پہلے علامت سکتہ لگانی اھیئے ۔

مثال — خواہ فقار خاں آوینگے ، کہ نہیں ۔

ٹیگ ھو ، تاکہ خرش رھو ۔

علامت سکون

یہہ علامت فقرہ کے ایسے اجزا علاحدہ کرنے کو لگائی جاتی ھی جو ، بہ نسبت اُن اجزا کے جن میں علامت سکتہ لگاتے ھیں ، آپس میں کم مناسبت رکھتے ھیں ۔

۱ — جبکہ پہلا حصہ فقرہ کا پورا تام ھو ، مگر اُس کے بعد کا حصہ ایسا ھو کہ اُس سے کوئی نتیجہ پایا جاوے ، یا پہلے حصہ کا مطلب بتاوے ، تو اُن میں علامت سکون لگانی چاھیئے ۔

مثال — ایمانداری سے اپنا کام کرو ؛ کیونکہ اس سے تمھاری عاقبت سنوریگی ۔

۲ — جب کئی چھوٹے چھوٹے جملے ایک دوسرے کے بعد آویں ، اور باھم اُن کے کچھہ ضروری مناسبت نہو ، تو اُن میں بھی علامت سکون لگانی چاھیئے ۔

مثال — ھر چیز پرانی ھوتی ھی ؛ وقت گذر جاتا ھی ؛ ھر چیز فنا ھونے والی ھی ۔

۳ — جب کسی فقرہ میں کچھہ تفصیل ھو ، تو اُس کے اجزا علامت سکون سے الگ کرنے چاھیئیں ۔

مثال — حکیموں کا قول ھی کہ نیچر کے بے انتہا کام ھیں ؛ اُسکا خزانہ معمور ھی ؛ علم ھمیشہ ترقی پر ھی ؛ اور آیندہ نسل کے لوگ ایسی باتیں دریافت کرینگے ، جو ھمارے وھم و گمان میں بھی نہیں ۔

علامت وقفہ

اس علامت سے فقرہ کو دو یا زیادہ حصوں میں تقسیم کیا جاتا ھی ۔ جو حصے علامت سکون سے علاحدہ کیئے جاتے ھیں ، بہ نسبت اُن کے ان حصوں میں جو علامت وقفہ سے علاحدہ ھوتے ھیں ، اور بھی کم مناسبت ھوتی ھی ، مگر ایسی بھی نہیں ھوتی کہ اُن پر مطلب ختم ھوگیا ھو ۔

۱ — جب کوئی جزو فقرہ کا اپنی ترکیب اور معنی بتانے میں پورا ھو ، مگر اُس کے بعد کا جملہ بیانیہ ھو ، تو ایسی جگہہ علامت وقفہ لگانی چاھیئے ۔

مثال — غور کرنے کی عادت ڈالو ؛ کہ اس سے زیادہ عمدہ کوئی تعلیم نہیں ۔

۲ — جب کہ ایک فقرہ کے کئی جملے علامت سکون سے علاحدہ کیئے جاویں ، اور اُن کا نتیجہ اخیر فقرہ یا فقروں پر منحصر ھو ، تو اخیر فقرہ سے پہلے علامت وقفہ لگانی چاھیئے ۔

مثال — نیکی سے خدا خرش ھوتا ھی ؛ بُرے کاموں سے خدا ناراض ھوتا ھی ؛ نیکوں کو عاقبت میں جزا دیگا ؛ بدکاروں کو قیامت کے دن سزا دیگا : یہہ ایسے خیالات ھیں کہ دنیا کو خوف ورجا میں رکھتے ھیں ، نیکی پر رغبت دلاتے ھیں ، گناھوں سے باز رکھتے ھیں ۔

علامت وقفہ کامل

۱ — جب کوئی مفرد جملہ چھوٹا ھو ، تو اُس کے اخیر میں علامت وقفہ کامل لگانی چاھیئے ۔

مثال — زندگی کی کوئی حالت تکلیف سے خالی نہیں ۔

۲ — جب کوئی فقرہ ترتیب معانی میں پورا ھوجاوے ، تو وھاں بھی علامت وقفہ کامل لگانی چاھیئے ۔

مثال — نا اُمیدی سے ، اور آزمایش میں پڑنے سے ھمارے دلوں کا جوش کم ھوجاتا ھی ۔

۳ — جب کسی لفظ کو اختصار کرکر لکھیں ، تو اُس کے بعد بھی علامت وقفہ کامل لگانی چاھیئے ۔

مثال — الخ ، جو اختصار ھی الی اخرہ کا ، ھف ، جو اختصار ھی ھذا خلف کا بھی ، اے ، جو اختصار ھی بیچرل آف ارٹ کا ایم ، اے ، جو اختصار ھی ماسٹر آف ارٹ کا سی ، ایس ، آئی ، جو اختصار ھی کمپینین آف دی آرڈر آف دی سٹار آف انڈیا کا ۔

علامت استفہام یا سوال

یہہ علامت ایسی فقرہ کے اخیر میں لگائی جاتی ھی جس میں کوئی بات پوچھی گئی ھو ۔

مثال — تم اپنے کام سے کیوں غفلت کرتے ھو ؟

آپ کا مزاج کس طرح ھی ؟

کیا ھمنے تمسے نہیں کہا تھا ؟

علامت تعجب

جبکہ فقرہ میں کوئی ایسا کلمہ جس سے دفعتاً جوش ، یا مسرت ، یا خوف ، یا تعجب وغیرہ پیدا ھوتا ھو تو ، اُس کے اخیر میں یہہ علامت لگائی جاتی ھی ۔

مثال — او ازلی و ابدی خدا !

او خرش کرنے والے اور خوف دلانے والے خیال !

میں نے شیخ نلو سے پوچھا کہ تم کون ھو ، اُس نے کہا کہ کچھ نو !!

علامتِ ترکیب

جب دو لفظ مرکب کیئے جاویں تو اُن کے درمیان میں یہہ علامت لگا دیتے ہیں ' تاکہ کوئی اُس کو جدا جدا نہ سمجھے ۔

مثال — کتب - خانہ ۔ شراب - خانہ ۔ فیل خانہ ۔ منشی - خانہ ۔

خط یا لکیر

کبھی تو اس خط سے یہہ مقصود ہوتا ہی کہ ایک لفظ سے دوسرے لفظ میں فرق ہوجاوے ' اور کچھہ مطلب نہیں ہوتا ؛ مگر در اصل اسکا استعمال ایسی جگہہ ہوتا ہی جہاں دفعتاً فقرہ ٹوٹ جاتا ہی ' یا دفعتاً خیال پھر جاتا ہی ۔

مثال — خدا نے کہا — کیا ؟ — اے زمین نکل جا اپنا پانی ؛ اور اے آسمان تھم جا برسنے سے ۔

کبھی اس علامت کا بطور کنایہ کسی محذوف لفظ کے استعمال ہوتا ہی ۔

مثال — وہ تو —— سے بھی بد تر ہی ؛ یعنی وہ تو شیطان سے بھی بدتر ہی ۔

میں جاتا تھا —— مجھہ سے ملا ۔

اس مقام پر کسی ایسے شخص سے کنایہ ہی ' کہ جسکو پڑھنے والا جانتا ہی ' یا لکھنے والے کو اُس کا نام ظاہر کرنا مقصود نہیں ہی ۔

علامت جملہ معترضہ

جب کسی فقرہ میں کوئی جملہ معترضہ آجاوے ' تو اُس جملہ معترضہ کے شروع و اخیر میں یہہ علامت لگانی چاہیئے ' جس سے معلوم ہو کہ وہ ایک علحدہ جملہ ہی جو مطلب کے بیچمیں آگیا ہی ۔

مثال — اسبات کو بخوبی جان لو (اور تمکو اتنا ہی جاننا کافی ہی) کہ انسان کے لیئے صرف نیکی ہی اصلی خوشی ہی ۔

علامت اقتباس یا نقل

جبکہ تحریر میں کسی دوسرے کا قول آجاوے ' یا کسی دوسرے مصنف کی بعینہٖ عبارت اپنی تحریر میں ملادی جاوے ' تو اُس کے اول اور آخر میں یہہ علامت لگادینی چاہیئے ۔

مثال — باغ کی تعریف اس سے بہتر نہیں ہوسکتی " تو گوی خوردہ مینا ہرخاکش ریختہ ٔ عقد ثریا پرتاکش آویختہ "

جب تک آدمی خود اپنا کام آپ نکرے ' بخوبی کام نہیں ہوتا : مشہور قول ہی کہ " آپ کام مہا کام " ۔

رسول خدا صلعم نے فرمایا ہی کہ " عمل نیت پر منحصر ہیں " حدیث کے یہہ لفظ ہیں " انما الاعمال بالنیات "

علامت توجہہ

جس لفظ یا عبارت کے نیچے لکیر کی جاتی ہی اُس کا یہہ مطلب ہی کہ اُس پر زیادہ توجہہ درکار ہی ۔

مثال — ذوالفقار خاں کشتی پر جاتے تھے ' کتاب ہاتھہ میں تھی ' ناداقی سے گر پڑی ' اور ڈوب گئی ۔

علامت نجم

اسبات کی نشانی ہی کہ نقل کرنے میں بیچ میں سے غیر ضروری عبارت چھوڑ دی گئی ہی ۔

مثال — " شبی تامل ایام گذشتہ میکردم ' و بر عمر تلف کردہ تاسف میخوردم ' و سنگ لاغہ دل را بالماس آب دیدہ می سفتم *** تا یکی از دوستاں کہ در کجارہ غم انیس من بود ' و در حجرۂ ہم جلیس ' بپرسم قدیم از در درآمد "

علامت حاشیہ

شخصی نزد فقیہی آمد و پرسید ' کہ ان کدام زن * مجوسی † بود ' کہ دخترش ‡ را گرگان خورده بودند || ؟ فقیہہ جواب داد ' کہ بایا تو تماشتر غلط گفتی ' من کدام کدام غلط ترا صحیح کنم از پیش من برو ۔

راقم
سید احمد

---

* آں زن نہ بود بلکہ مرد بود

† مجوسی نبود بلکہ حضرت یعقوب نبی علیہ السلام بودند

‡ دختر نہ بود بلکہ پسر بود

|| گرگان نخورده بودند بلکہ برادرانش غلط گفتہ بودند

مدرسۃ العلوم

اور

مدیران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت

جناب مولوی محمد قاسم صاحب اور جناب مولوی محمد یعقوب صاحب نے جو خط متضمن عذرات شرکت مجلس مدیران تعلیم مذہب اہل سنت و جماعت سے لکھا ہی بچشمہ ذیل میں مندرج ہی *

نقل خط

سلامت

بخدمت منبع عنایات بے غایات مجمع الطاف بے نہایات

بعد سلام مسنون معروض ہی پرچہ تجویز اصلاح قانون دریاب مدرسۃالعلوم جو متعلق علوم دینیہ سے ہی پہونچا اور مجوز ہونا حاجی علی بخش خاں صاحب کا مہتمم اس امر کا واضح ہوا مبارک باد تام تامی ایسے شخص کا اس کارخانہ کے لیئے بہت عمدہ ہی اب اُمید ہی کہ کوئی خلاف باقی نہ رہے — احقر کا نام اور جناب مولوی محمد قاسم صاحب و قبلہ کا نام اُس فہرست میں نظر آیا کہ جن کو اہل شوری تجویز فرمایا ہی ہر چند تائید مذہب اہل تشیع اس مدرسہ میں ایک جداگانہ چیز ہی مگر ہم لوگوں کے دل میں یہہ امر بہت خلجان کرتا ہی کہ ایسے مجمع میں جسمیں ایک شعبہ تائید ایسے لوگوں کی ہی جن کا فوض مذہبی ہمارے بزرگوں کو برا کہنا ہی ایسے مجمع کے مؤیدوں میں شامل ہوکر خدا رسول کو کیونکر مونہہ دکھلاوینگے قال تعالی ولا تزکوانفسکم ان الذین ظاموا الله اعلم بمن اتقی آپ لوگوں کو بڑی ہمت اور نہایت قوی حوصلہ سے ہی ہمارے حوصلے یہاں پست ہوتے ہیں الا اللہ تعالی ہمیشہ اپنی پناہ میں محفوظ رکھے ہر چند تجویز مذکورہ بالا ہم ناقص عقلوں کے نزدیک سلسلہ محض ہی بات وہمی کی وہمی ہی اور شامل ہونا جناب مولوی علی بخش خاں صاحب کا خلاف عقل تو نہیں کہہ سکتے مگر بے شک کسی مصلحت عقلی پر مبنی ہی مگر یہہ امر قابل التفات نہ تھا اس میں البتہ اتنا ہی تھا کہ اتقوا مواضع التہم کتنے ہی مسلمان ہم لوگوں کی وضع اور عقاید اور اعمال اور راے اور طرز اور وضع کو ایک کیفیت خاص پر سمجھے ہوئے ہیں اس صورت میں اگر متزلزل نہ ہو جاتے متردد ہو جانے میں کچھہ تردد نہ تھا بالجملہ اب ہم خاک نشینوں کو آپ اپنے گرفتہ عنایت و توجہ سے ایسا منسی و محو نہ فرماویں کہ پھر کبھی بھولے سے بھی یاد نہ آویں جناب مولوی محمد قاسم صاحب نے منشی محمد عارف سے بروقت ملاقات جب اُنہوں نے اس تجویز کا ذکر کیا تھا بعینہ یہی مضمون ارشاد فرمایا تھا اُنہوں نے آپکی خدمت میں ذکر کیا ہوگا اب پر وقت پہونچنے ان پرچوں کے کہ جناب مولانا یہاں تشریف رکھتے تھے احقر کو ارشاد فرمایا کہ تو ہی یہہ جواب لکھہ بھیجیو چنانچہ حسب ارشاد معروض ہوا *

محمد یعقوب

اطلاع ثانی

بخدمت مدیران کمیٹی خزنۃالبضاعۃ

واضح ہو کہ بعد تحریر اطلاع سابق کے جناب ممتاز الدولہ نواب محمد فیض علی خاں بہادر سی ایس آئی کا مکاتبہ معہ ہنڈوی کے سکرٹری کمیٹی کے پاس آیا اور جناب ممدوح نے ایک دروازہ احاطہ مدرسۃ العلوم مسلمانان کی تعمیر کا خرچ اپنی طرف سے مرحمت کرنا تجویز فرمایا چنانچہ وہ دروازہ "فیض علی خاں دروازہ" کے نام سے موسوم ہوگا اور بشرط اجازت اُسپر نشان خطاب و علامت تمغاے سٹار آف انڈیا بنائی جاویگی پس اب کوئی دروازہ باقی نہیں رہا تینوں دروازے مفصلہ ذیل بزرگوں کے نام سے ہونگے *

مہدی علی دروازہ ظہور حسین دروازہ فیض علی خاں دروازہ

ہم خدا تعالی کا ہزار ہزار شکر کرتے ہیں اور اپنی کمیٹی کے عالی ہمت اور فیاض صابروں کا بھی شکر کرتے ہیں کہ اسقدر جلد تینوں دروازوں کی تعمیر کا نہایت عمدہ طور سے بندوبست ہوگیا اور ہمارے عالی ہمت صابروں کی یادگاری اس مدرسۃالعلوم مسلمانان کے ساتھہ ہمیشہ کے لیئے قایم ہوگئی *

میں اپنی کمیٹی کے اُس معزز و نامی ممبر کا شکر ادا کرتا ہوں کہ جنھوں نے نسبت تعمیر دروازوں کے بعض اُمور استفسار فرمائے تھے اور اپنا ارادہ بھی درباب تعمیر دروازہ ظاہر کیا تھا مگر میں افسوس سے اطلاع دیتا ہوں کہ اب اُنکی خواہش کے پوری ہونے کی جگہہ نہیں رہی اُنکے عنایت نامہ پہونچنے سے پہلے جناب ممتازالدولہ بہادر ممدوح کا عنایت نامہ آ چکا تھا *

راقم

سید احمد

سکرٹری کمیٹی خزنۃالبضاعۃ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم شوال سنہ ۱۳۰۶ نبوي سنہ ۱۲۹۱ ھجري [نمبر ۱۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور ہر خریدار اُس سال رواں کے شروع سے جس میں وہ خریدار ہوا ہی خریدار تصور ہوگا اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا بشرطیکہ وہ پرچہ زائد دفتر میں موجود ہو *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور تونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے عرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۹۵

سولزیشن یا تہذیب

ہم دریافت کیا چاہتے ہیں کہ سولزیشن کیا چیز ہی ' اور کن کن چیزوں سے علاقہ رکھتی ہی ؟ کیا یہہ کوئی بنائی ہوئی چیز ہی ' یا قدرت نے انسان کی فطرت میں اسکو پیدا کیا ہی ؟ اس کے معنی کیا ہیں ؟ کیا یہہ کوئی اصطلاح ہی جس کو لوگوں نے ' یا فیلسوفوں نے ' مقرر کیا ہی ؟ یا یہہ ایسی چیز ہی کہ اسکا مفہوم ' اور جن چیزوں سے اسکا تعلق ہی ' قانون قدرت میں پایا جاتا ہی ؟ اس امر کے تصفیہ کے لیئے انسان کے حالات پر ہمکو نظر کرنی چاہیئے . اگر تہذیب انسان میں ایک فطرتی چیز ہی ' تو وحشیوں میں ' شہریوں میں ' سب میں اسکا نشان ملیگا ' گو اُس کی صورتیں مختلف دکھائی دیتی ہوں ' الا سب کی جڑ ایک ہی ہوگی .

انسان میں یہہ ایک فطرتی بات ہی کہ وہ اپنے خیال کے موافق کسی چیز کو پسند کرتا ہی اور کسیکو ناپسند ' یا یوں کہو کہ کسی چیز کو اچھا ٹھہراتا ہی اور کسی چیز کو برا ؛ اور اُس کی طبیعت اس طرف مایل ہی کہ اُس بری چیز کی حالت کو ایسی حالت سے تبدیل کرلے جس کو وہ اچھا سمجھتا ہی . یہی چیز سولزیشن کی جڑ ہی ' جو انسانوں کی ہر گروہ میں اور ہر ایک میں پائی جاتی ہی . اسی تبادلہ کا نام سولزیشن یا تہذیب ہی ' اور کچھہ شبہہ نہیں کہ یہہ میلان یا یہہ خواہش تبادلہ انسان میں قدرتی اور فطرتی ہی .

سولزیشن یا تہذیب کی طرف انسان کی طبیعت کے مائل ہونے کے دو اصول ٹھہرے ' اچھا اور برا ؛ اور جسے کوئی اچھا کرکر سولزیشن یا تہذیب ٹھہری . مگر اچھا اور برا قرار دینے کے مختلف اسباب خلقی اور خُلقی ' ملکی اور تمدنی ' ایسے ہوتے ہیں جنکے سبب اچھا اور برا ٹھہرانے میں ' یا یوں کہو کہ قوموں کی سولزیشن میں اختلاف پڑجاتا ہی . ایک قوم جس بات کو اچھا سمجھتی ہی اور داخل تہذیب جانتی ہی ' دوسری قوم اُسی بات کو بہت برا اور وحشیانہ حرکت قرار دیتی ہی . یہہ اختلاف سولزیشن کا ' قوموں کے باہم ہوتا ہی ' اشخاص میں نہیں ہوتا ' یا بہت ہی کم ہوتا ہی . جبکہ ایک گروہ انسانوں کا کسی جگہہ اکٹھا ہوکر بستا ہی ' تو انکو اُنکی ضرورتیں اور اُنکی حاجتیں ' اُنکی غذائیں اور اُنکی پوشاکیں ' اُنکی معلومات اور اُنکے خیالات ' اُنکی مسوت کی باتوں اور اُن کی نفرت کی چیزیں ' سب یکساں ہوتی ہیں ؛ اور اِسی لیئے برائی اور اچھائی کے خیالات بھی سب میں یکساں پیدا ہوتے ہیں ؛ اور برائی کو اچھائی سے تبدیل کی خواہش سب میں ایک سی ہوتی ہی . اور یہی مجموعی خواہش تبادلہ یا مجموعی خواہش سے وہ تبادلہ اُس قوم یا گروہ کی سولزیشن ہی . مگر جبکہ مختلف گروہیں مختلف مقامات میں بستے ہیں ' تو اُن کی حاجتیں اور خواہشیں بھی مختلف ہوتی ہیں ' اور اس سبب سے تہذیب کے خیالات بھی مختلف ہوتے ہیں ؛ مگر ضرور کوئی ایسی چیز بھی ہوگی کہ جو سولزیشن کی ان مختلف حالتوں کا تصفیہ کرسکے .

ملکی حالتیں ' جہاں تک کہ وہ بود و باش سے تعلق رکھتی ہیں ' وہ فکر اور خیال اور دماغ سے ' اُن کو تہذیب سے چنداں تعلق نہیں ' بلکہ صرف انسان کے خیال کو اُس سے تعلق ہی جس کے سبب وہ اچھا اور برا ٹھہراتا ہی ' اور جس باعث سے خواہش تبادلہ تحریک میں آتی ہی ' اور وہ تبادلہ واقع ہوتا ہی جو سولزیشن کہلاتا ہی . پس سولزیشن کی مختلف حالتوں کا فیصلہ وہ اسباب کرسکتے ہیں جن کے سبب سے اچھے اور برے کا خیال دل میں بیٹھتا ہی .

اچھے اور برے کی جگہہ میں اور لفظ استعمال کرونگا ؛ یعنی پسند اور ناپسند . انگریزی میں ایک لفظ " تیسٹ " ہی جو نہایت وسیع معنوں میں مستعمل ہوتا ہی . ہماری زبان میں بھی اُس قسم کے لفظ ہیں ؛ جیسیکہ مزا یا مذاق ؛ مگر وہ استعمال میں ایسے خاص ہوگئے ہیں کہ اُن سے وہ عام اور وسیع معنی خیال میں نہیں آتے ؛ اسواسطے میں اُس لفظ کا ترجمہ " پسند " کرتا ہوں . پس پسند کا صحیح ہونا ' جو خیال کے صحیح ہونے کی فرع ہی ' بہت بڑا وسیلہ سولزیشن کی مختلف حالتوں کے تصفیہ کا ہی .

خیال کی درستی اور پسند کی صحت کثرت معلومات پر ' اور علم طبیعیات سے بخوبی ماہر ہونے پر منحصر ہی . انسان کی معلومات کو روز بروز ترقی ہوتی جاتی ہی ' اور اُس کے ساتھہ ساتھہ سولزیشن بھی بڑھتی ہی . کیا عجب ہی کہ آیندہ کوئی ایسا زمانہ آوے ' کہ انسان کی تہذیب میں ایسی ترقی ہو کہ اس زمانہ کی تہذیب ' کو بھی وہ لوگ ایسے ہی ٹھنڈے دل سے دیکھیں جیسیکہ ہم اپنے سے اگلوں کی تہذیب کو ایک ٹھنڈے مگر مؤدب دل سے دیکھتے ہیں .

تہذیب ' یا یوں کہو کہ بری حالت سے اچھی حالت میں لانا ' دنیا کی تمام چیزوں سے ' اخلاقی ہوں یا مادی ' یکساں تعلق رکھتا ہی اور تمام انسانوں میں پایا جاتا ہی . تکلیف سے بچنے اور آسایش حاصل کرنے کا سب کو یکساں خیال ہی ' ہنر اور اُسکو ترقی دینا تمام دنیا کی قوموں میں موجود ہی . ایک تربیت یافتہ قوم زر و جواہر ' یاقوت و الماس سے نہایت نفیس نفیس خوبصورت زیور بناتی ہی ؛ ناتربیت یافتہ قوم بھی کوڑیوں اور پرتھوں سے اپنی آرایش کا سامان بہم پہونچاتی ہی ؛ تربیت یافتہ قومیں اپنی آرایش میں سونے چاندی

مونگے اور مرتیوں کو کام میں لاتی ہیں ؛ نا تربیت یافتہ قومیں جانوروں کے خوبصورت اور رنگین پروں کو ' تیلیوں پر سے چھلے ہوئے سنہری پرست ' اور زمرد کے سے رنگ کی باریک اور خوشنما کھانس میں گوندھ کو اپنے تئیں آراستہ کرتی ہیں ؛ تربیت یافتہ قومیں کو بھی اپنے لباس کی درستی کا خیال ہی ؛ نا تربیت یافتہ قوموں بھی اُس کی درستی پر مصروف ہیں ؛ شاہی مکانات ' نہایت عمدہ اور عالیشان بنتے ہیں ' اور نفیس چیزوں سے آراستہ ہوتے ہیں ؛ ناتربیت یافتہ قوموں کے جھونپڑے اور اُن کے رہنے کے گھونپہ ' درختوں پر باندھے ہوئے ٹانڈ ' زمین میں کھودی ہوئی کھوئیں بھی تہذیب سے خالی نہیں . معاشرت کی چیزیں ' تمدن کے قاعدے ' عیش و عشرت کی مجلسیں ' خاطر اور مدارات کے کام ' اور اخلاق و محبت کی علامتیں ' دونوں میں پائی جاتی ہیں . علمی خیالات سے بھی ناتربیت یافتہ قومیں خالی نہیں ' بلکہ بعضی چیزیں اُن میں زیادہ اصلی اور قدرتی طور سے دکھائی دیتی ہیں ؛ مثلاً شاعری جو ایک نہایت عمدہ فن تربیت یافتہ قوموں میں ہی ' نا تربیت یافتہ قوموں میں عجیب عمدگی و خوبی سے پایا جاتا ہی . یہاں خیالی باتوں کو ادا کیا جاتا ہی اور وہاں دلی جوشوں اور اندرونی جذبوں کا اظہار ہوتا ہی . موسیقی نے تربیت یافتہ قوموں میں نہایت ترقی پائی ہی ' مگر ناتربیت یافتہ قوموں میں بھی عجیب کیفیت دکھائی ہی . ان کی ادا اور آواز کی پھرت ' اُس کا گھمّاؤ اور اُس کا بڑھاؤ ' اُس کا ٹھہراؤ اور اُس کی اونچ ' ہاتھوں کا بھاؤ اور پاؤں کی دھمک ' زیادہ تر مصنوعی قواعد کی پابند ہی ' مگر نا تربیت یافتہ قوموں میں یہہ سب چیزیں دلی جوش کی موجیں ہیں . وہ لَے اور تال ' راگ و راگنی کو نہیں جانتے ' مگر دل کی لہر اُن کی لَے ' اور دل کی پھڑک اُن کا تال ہی . اُن کا غول باندھ کر کودنا ہونا ' طبیعی حرکت کے ساتھ اوچھلنا ' دل کی بیتابی سے جھکنا ' اور پھر جوش میں آکر سیدھا ہو جانا ' گو نزاکت اور فن خیالیکی سے خالی ہو ' مگر قدرتی جذبوں کی ضرور تصویر ہی . دلی جذبوں کا رہنا اور اُن کو عمدہ حالت میں رکھنا ' تمام قوموں کے خیالات میں شامل ہی . پس جس طرح کہ ہم تہذیب کا قدرتی لگاؤ تمام انسانوں میں پاتے ہیں ' اسی طرح اُسکا تعلق عقلی اور مادی سب چیزوں میں دیکھتے ہیں . جس چیز میں کہ ترقی یعنی برائی سے اچھائی کی طرف رجوع ' یا ادنی درجہ سے اعلی درجہ کی طرف تحریک ہو سکتی ہی ' اُسی سے تہذیب بھی متعلق ہی . پس سولزیشن یا تہذیب کیا ہی ؟ انسان کے اعمال ارادی اور جذبات نفسانی کو اعتدال پر رکھنا ' وقت کو عزیز سمجھنا ' واقعات کے اسباب کو ڈھونڈنا اور اُن کو ایک سلسلہ میں لانا ' اخلاق اور معاملات اور معاشرت اور طریق تمدن اور علوم و فنون کو بقدر امکان قدرتی خوبی اور فطرتی عمدگی پر پہنچانا ' اور اُن سب کو خوش اسلوبی سے برتنا . اور اُس کا نتیجہ کیا ہی ' روحانی خوشی اور جسمانی خوبی ' اور اصلی تمکین ' اور حقیقی وقار ' اور خود اپنی عزت کی عزت . اور در حقیقت ' یہی پچھلی ایک بات ہی جس سے وحشیانہ پن اور انسانیت میں تمیز ہوتی ہی .

اِس تہذیب کے حاصل ہونے کے ' بقول مسٹر ایچ . ٹی . بکل صاحب ' چار اصول ہیں .

اول — " جو چیزیں ہمکو دکھائی دیتی ہیں ' اور جنکا سبب ہمکو معلوم نہیں ہوتا ' اُن کے سببوں اور قاعدوں کو دریافت کرنا ' اور اُن کے علم کو پھیلانا ؛ پس جسقدر کامیابی اس میں ہوگی ' اُسیقدر انسان کی ترقی ہوگی . "

دوم — " اس تحقیقات سے پہلے تجسس کا خیال پیدا ہونا چاہیئے ' جس سے ابتدا میں تحقیقات کو مدد ملتی ہی ' اور بعد کو تحقیقات سے اُس کی استعانت ہوتی ہی . "

سوم " — جو باتیں اس طرح پر دریافت ہوتی ہیں وہ عقلی باتوں کے اثر کو زیادہ کرتی ہیں ' اور اخلاق کی باتوں کو کسی قدر کم ' مگر اخلاق کی باتیں بہ نسبت عقلی باتوں کے زیادہ مستقل ہیں ' اور اُن میں کمی بیشی بہت کم ہوتی ہی . "

چہارم — " اس تحریک کا بڑا دشمن ' جو در حقیقت سولیزیشن کا بھی سخت دشمن ہی ' یہہ خیال ہی ' کہ جب تک زندگی کے امورات کی نگرانی ہر طرح پر سلطنت اور مذہب سے نہو ' تب تک انسان کے گروہ کی ترقی نہیں ہو سکتی : یعنی سلطنت رعایا کو یہہ سکھلاوے کہ اُن کو کیا کرنا چاہیئے ' اور مذہب یہہ سکھلاوے کہ کس بات پر یقین کرنا چاہیئے . "

پچھلی بات میں مسٹر بکل سے مجھکو کسیقدر اختلاف ہی . اس میں کچھہ شبہہ نہیں کہ لوگوں کا یہہ خیال کہ بادشاہ وقت ہمکو بتادے کہ ہمکو کیا کیا کرنا چاہیئے ' انسان کی ترقی اور تہذیب کا نہایت قوی مانع ہی اور جسقدر کہ ہندوستان میں ' بلکہ تمام ایشیا میں اور ترکی اور ایجپٹ میں ' بھی نالایستگی اور نا تہذیبی ہی . اُس کا بڑا سبب یہی خیال ہی ' اور ہندوستان کے مسلمانوں کو اسی خیال نے غارت اور برباد کیا ہی ' اور یہی خیال ہی جو ہندوستان کی رعایا کو عموماً ' اور مسلمانوں کو خصوصاً گورنمنٹ سے ناراض رکھتا ہی . پس جبتک یہہ خیال نہ جاویگا اور یہہ خیال نہ آویگا کہ ہم خود سوچیں کہ ہمکو اپنے لیئے کیا کرنا چاہیئے ' اُس وقت تک ہندوستان کے مسلمانوں کو نہ دولت ہوگی نہ

حشمت، نہ عزت ہوگی نہ منزلت، اور نہ تہذیب ہوگی، اور نہ شایستگی۔ مگر دوسرا جملہ جو مذہب سے متعلق ہی وہ کسیقدر صحیح ہی اور کسیقدر غلط؛ یعنی غلط مذہب بلاشبہہ تہذیب کا بڑا مانع ہی، اور اگر سچے مذہب میں غلط خیالات اور بیجا تعصبات اور مسایل اجتہادیہ، اور عقاید قیاسیہ اس طرح پر مل جاویں کہ عملاً اور اعتقاداً اصلی احکام مذہبی میں اور اُن میں کچھہ تفرقہ و تمیز نرہے، جیسیکہ مذہب اسلام کی موجودہ حالت ہی اور جو تقلید کی تاریکی میں آنکھوں سے بالکل چھپ گیا ہی، تو بلاشبہہ وہ بھی انسان کی ترقی اور تہذیب کا مثل مذہب غلط کے مانع قوی ہی۔ الا سچا مذہب، جیسا کہ بیشک مذہب اسلام ہی، وہ کبھی حارج ترقی انسان نہیں ہوسکتا، کیونکہ اُس مذہب کے احکام اور تہذیب و شایستگی کے کام دونوں متحد ہوتے ہیں والسلام علی من اتبع الہدے۔

راقـــــــم

سید احمد

نمبر ۱۹۶

تہذیب

اور

اُسکی تاریخ کے وسیلے اور افعال انسانی کے باقاعدہ ہونے کا ثبوت

علم تاریخ کے مفید ہونے پر بہت کچھہ کہا گیا ہی، اور وہ ہمیشہ مرغوب بھی رہا ہی۔ یہہ عام رائے ہی کہ مورخوں نے جیسی محنت کی ہی ویسی ہی اُنکو کامیابی بھی ہوئی ہی۔ بہت لوگوں نے اُسکو پڑھا بھی ہی اور بہت کچھہ سمجھا بھی ہی؛ عموماً اُس کی بہت بڑی قدر ہی؛ اور تمام تعلیم کے سلسلوں میں شامل ہی۔ اسبات سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ وہ اسی اعتبار کے لایق ہی، اور جب بالاجمال نظر ڈالی جاوے تو قبول کرنا پڑتا ہی کہ ایسے سامان جمع ہیں جو نہایت عظیم الشان اور مفید معلوم ہوتے ہیں۔ فرنگستان کے اور اور بڑے بڑے ملکوں کے حالات اور لڑائیوں کے واقعات نہایت احتیاط سے جمع کیئے ہیں، اور جس ثبوت پر وہ مبنی ہیں، اُنکی بھی بخوبی تحقیقات ہوئی ہی۔ مذہب کی تاریخ پر بھی بخوبی توجہ کی ہی: علوم و فنون، اور علم ادب، اور مفید ایجادوں، اور آخرکار انسان کی آسایش اور آرام کے طریقوں پر بہت کچھہ محنت ہوئی ہی۔ زمانہ قدیم کے حالات دریافت کرنے کو پرانی باتوں کی تحقیقات کی ہی۔ قدیم شہروں کی جگہوں کھود کر پرانے سکے نکالے ہیں اور پڑھے ہیں؛ پرانے ٹوٹے ٹھونڈ ٹھونڈ کر نکالے ہیں، اُنکے حروف تہجی پھر کر درست کیئے ہیں؛ جو زبانیں کہ حرفوں میں تحریر نہوتی تھیں، بلکہ چیزوں کی شکلوں میں لکھی جاتی تھیں، اُنکے معنوں کو دریافت کیا اور اُنکے مطلب کو نکالا؛ جو زبانیں کہ مدت سے بھول گئی تھیں اُنکو بھی ٹوٹے سرے سے یاد کیا، انسان کی بول چال کی تبدیل کے قاعدے دریافت کیئے، اور اُس کے ذریعہ سے قوموں کی ابتدائی نقل وطن کے ایسے زمانے دریافت ہوئے جو بالکل نامعلوم تھے، علم انتظام مدن بنایا گیا، اور اُسکی بدولت دولت کی کمی بیشی کے اسباب دریافت کیئے، ملکوں کے اور وہاں کے رہنے والوں کے حالات بڑی بڑی محنتوں سے جمع کیئے، اُنکے نقشے بنائے، انسان کے دنیوی کاموں اور اخلاقی باتوں کا بہت کچھہ حال دریافت کیا: مثلاً مختلف قسم کے جرموں کی تعداد، اور ایک کی نسبت بمقابل دوسرے کے، اور اُن پر جو اثر کہ زمانہ اور تعلیم اور قسم (یعنی مرد و عورت) کے سبب ہوا اُسکا اندازہ، اور اور جو باتیں اس کے متعلق ہیں، وہ سب دریافت کی گئیں۔ اسیکے ساتھہ جغرافیہ طبعی بھی قدم بقدم چلتا رہا۔ آب و ہوا کے حالات کے رجسٹر طیار ہوئے؛ پہاڑوں کی پیمایش ہوئی؛ دریا ناپے گئے، اور اُنکے مخرج دریافت ہوئے؛ سب قسم کی قدرتی پیداواریاں اور اُنکی مخفی تاثیریں معلوم کیں؛ ہر قسم کی خوراک کی، جو انسان کی زندگی کو ضرور ہی، علم کیمیا کے ذریعہ سے تفتیش کی، اُس کے اجزا شمار ہوئے اور تولے گئے، اور جو نسبت اُن میں اور انسان کے جسم میں ہی اُسکی بخوبی تحقیقات کی گئی؛ علی‌ہذاالقیاس، انسان کے متعلق جو باتیں ہیں اُنکی ہر قسم کی تحقیقات ہوئی ہی، یہاں تک کہ مہذب اور شایستہ قوموں میں مرنے اور شادی کرنے، پیدا ہونے اور پیشہ کرنے، یا اور کاموں میں مشغول رہنے کا، اور اُجرت کی کمی و بیشی کا، اور جو اشیاء کہ زندگی کے لیئے ضروری ہیں اُنکی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہی۔ یہہ سب واقعات، اور اسی قسم کے اور بہت سے حالات جمع کیئے گئے ہیں، اُنکو درستی سے مرتب کیا گیا ہی، اور اب وہ سب کام میں لانے کے لایق ہیں۔ اُنکے ساتھہ اور بھی مفید باتیں شامل ہیں، کیونکہ صرف بڑی بڑی قوموں کے ہی افعال اور خاصیتیں لکھی نہیں گئیں، بلکہ سیاحوں نے تمام دنیا میں، جو اب تک معلوم ہوئی ہی، سفر کیا ہی، اُس کے تمام حصوں کی سیر کی ہی، اور مختلف قوموں کو دیکھا ہی، اُن کے حالات دریافت کیئے ہیں۔ اب ہم اُسکے ذریعہ سے تہذیب و شایستگی کے ہر درجہ کا اور ہر جگہ کا مقابلہ کرسکتے ہیں، جبکہ ہم یہہ کہتے ہیں کہ اپنے ہمجنسوں کے حالات دریافت کرنے کا شوق کبھی کم نہیں ہوتا، بلکہ زیادہ ہوتا جاتا ہی، تو ہم یہہ بھی دیکھتے ہیں کہ اُس شوق کے پورا کرنے کے وسیلے بھی روز بروز اُسکے ساتھہ ساتھہ

زیادہ ہوتے جاتے ہیں . جو باتیں دریافت ہوئی ہیں وہ سب موجود اور محفوظ ہیں . جب ہم اُن سب باتوں کو یکجا کرتے ہیں تب ہمکو معلوم ہوتا ہی کہ جن چیزوں سے ہم واقف ہوگئے ہیں وہ کسقدر مفید ہیں ' اور اُن کی مدد سے انسان کی کسقدر ترقی کا حال معلوم ہوتا ہی .

مگر جب ہم یہہ بات بیان کرتی چاہیں کہ ان سب سامانوں سے کیا کام لیا گیا تو ساری یہہ صورت بدل جاتی ہی . انسان کی تاریخ میں بہت بڑا نقص یہہ ہی ' کہ گو تاریخ کے علحدہ علحدہ جزوں کی نہایت قابلیت سے تحقیقات ہوئی ہی ' لیکن کسی نے اُن سب اجزا کو ملاکر اُن سے ایک عام نتیجہ نکالنے کی کوشش نہیں کی ' اور نہ اُس طریقہ کو دریافت کیا جس کے ذریعہ سے اُن تمام جزوں کی آپس کی نسبت معلوم ہو . یہہ بات سب کے نزدیک مسلم ہی کہ بڑی بڑی باتوں کی تحقیقات کے لیئے جزئیات کا استقرا کرکے کلیہ نکالتے ہیں ' اور خاص خاص باتوں سے عام قاعدہ نکالنے میں بڑی بڑی کوششیں کی جاتی ہیں ' تاکہ وہ قاعدے دریافت ہوں جنکی رو سے وہ خاص خاص باتیں وقوع میں آتی ہیں ' مگر مورخوں میں یہہ طریقہ عام نہیں ہی ' اُن کے دل پر ایک عجیب خیال سمایا ہی کہ وہ اپنا کام صرف اسیقدر سمجھتے ہیں کہ واقعات کو اور گذرے ہوئے حالات کو بیان کردیں ' اور کہیں کہیں اخلاق اور انتظام مدن کی کچھہ کچھہ باتیں جنسے کچھہ فائدہ متصور ہو لکھدیں . ایسے مصنفوں کا ' جو خیال کی سستی سے یا قدرتی ناقابلیت سے اعلی درجہ کی تصنیف کی قابلیت نہیں رکھتے ' یہہ طریقہ ہی کہ چند سال تھوڑی سی کتابیں پڑھ لیں اور تاریخ لکھنے کی قابلیت پیدا کرلی ' پھر بڑی بڑی قوموں کی تاریخیں لکھنے لگے ' اور اُن کی تاریخیں اُن مصنفوں کے لیئے سند ہوگئیں .

اس محدود اور تنگ طریقہ کے سبب ایسے نتیجے پیدا ہوئے جن سے ہمارے علم کی ترقی کو بہت نقصان پہونچا . اسی طریقہ کے سبب مورخوں نے ایسی وسیع ابتدائی تعلیم کو ضروری نہیں سمجھا جسکے ذریعہ سے اُس علم کی تمام قدرتی باتیں بالکل اُنکی گرفت میں آجاویں ' اور اسی طریقہ کے سبب یہہ نتیجہ ہوا کہ ایک مورخ تو علم انتظام مدن و علم معاشرت سے ناواقف ہی ؛ دوسرا آئین و قانون کو کچھہ نہیں جانتا ؛ کوئی مذہبی معاملات اور تبدل رائے کے حالات سے محض ناواقف ہی ؛ کوئی فلسفہ مدنی کو نہیں جانتا ؛ کوئی علوم طبیعی سے آگاہ نہیں ہی : حالانکہ یہہ سب علوم نہایت ضروری ہیں ' اس لیئے کہ وہ خاص باتیں جن سے انسان کے مزاج اور اُس کے اطوار پر اثر ہوتا ہی اُنہیں علوم سے پیدا ہوتی ہیں . اگرچہ اِن علموں میں سے ایک شخص کسی علم کو اور دوسرا کسی علم کو سیکھتا ہی ' مگر بعوض اِس کے کہ وہ سب علوم ایک شخص میں ملکے جاویں متفرق ہوجاتے ہیں ' اور جو مدد کہ مشابہت اور مماثلت کی ایک شخص میں ان سب علوم کے جمع ہونے سے حاصل ہوسکتی تھی وہ ضایع ہوجاتی ہی ؛ اور اسی سبب سے کسی شخص نے اُن سب علوم کو تاریخ میں ملانے کی کوشش نہیں کی ' حالانکہ وہ سب تاریخ ہی کے اجزا ہیں .

ہاں البتہ اٹھارھویں صدی کے شروع سے چند عاقل پیدا ہوئے جنہوں نے تاریخ کے اس نقص پر افسوس کیا ' اور حتی الوسع اُس کی اصلاح کی کوشش کی ' مگر ایسی مثالیں نہایت کم ہیں ' یہاں تک کہ یورپ کے تمام علم ادب میں اصل کتابیں تین چار سے زیادہ نہیں ہیں جن میں انسان کی تاریخ کی تحقیقات اُن عمدہ اور عام طریقوں پر کی گئی ہو جن سے علم کی اور شاخوں میں کامیابی ہوئی ہی ' اور جن قاعدوں اور تجربوں سے علم کی حقیقت قایم ہوسکتی ہی .

سولھویں صدی کے بعد سے ' اور خصوصاً اٹھویں صدی میں ' مورخوں میں خیال کی وسعت کے نشان اور اپنی تصنیفات میں ایسے مضمونوں کے شامل کرنے کا شوق پایا جاتا ہی جن کو اُس سے پہلے وہ چھوتے بھی نہ تھے . اس سے ایک عمدہ بات پیدا ہوئی ' اور ایک قسم کے واقعات جمع ہونے سے قاعدہ نکالنے کا خیال پیدا ہوا جس کا نشان یورپ کے قدیم علم ادب میں نہیں پایا جاتا . اس بات سے بہت بڑا فائدہ ہوا ' کیونکہ مورخوں کے خیال نے وسعت پائی ' اور غور کرنے کی عادت پڑی جو اصلی واقفیت کے لیئے ضرور ہی ' کیونکہ بغیر اُس کے کوئی علم نہیں بن سکتا .

اس زمانہ میں اگرچہ بہ نسبت زمانہ سابق کے تاریخ کے آثار زیادہ عمانیت کے لایق موجود ہیں ' مگر سوائے چند مثالوں کے وہ سب اب تک آثار ہی آثار ہیں . آج تک اُن اصولوں کے دریافت کرنے میں جن کا اثر قوموں کی قسمت اور اُن کے حال چلن پر ہوتا ہی بہت ہی کم کوشش ہوئی ہی ' اور کچھہ شبہہ نہیں کہ انسان کے اعلی خیالات کے لیئے اب بھی تاریخ بہت ہی ناکامل ہی ' اور وہ ایسی ہی بے ترتیب صورت میں ہی ' جیسیکہ اُس مضمون کی صورت ہوتی ہی جس کے قاعدے معلوم نہیں ہوئے ' اور جس کی جڑ قایم نہیں ہوئی . ہمارے پاس تاریخ کا اسقدر سامان موجود ہی کہ اگر اُس پر زیادہ کوشش کی جاوے تو جس طرح کہ علوم طبیعی کی مختلف شاخیں تحریر ہوئی ہیں اسی طرح انسان کی تاریخ بھی تحریر ہوسکتی ہی . نیچر کی اکثر باتیں جو ظاہرا بالکل بے قاعدہ معلوم ہوتی ہیں ' اور کبھی یکساں نہیں رہتیں سمجھہ میں آگئی ہیں ' اور یہہ بات

ثابت کی گئی ہی کہ وہ بھی عام قواعد معین کے بموجب ہوتی ہیں ۔ قابل لوگوں نے نہایت تامل و غور سے طبعی واقعات پر اس غرض سے توجہ کی ہی کہ اُن کے قاعدے معلوم ہوں ' اور اُسی غور و تامل کا یہہ نتیجہ حاصل ہوا ہی ۔ پس اگر انسان کے واقعات کو اُسی طور پر دیکھیں ' تو بے شک ویسے ہی نتیجے حاصل ہونگے ' اور یہہ بات کہدینی کہ تاریخ کے واقعات سے کلیہ قاعدہ نہیں نکل سکتا ' ایک امر زیر تحقیقات کو بلا تحقیقات کے تسلیم کرلینا ہی ۔ اس قسم کے لوگ صرف ایسی ہی بات کو تسلیم نہیں کرتے جس کو وہ ثابت نہیں کرسکتے ' بلکہ ایسی باتوں کو بھی مان لیتے ہیں جو علم کی موجودہ حالت میں نہایت غیر ممکن ہیں ۔ جو کوئی شخص اخیر دو صدی کے حالات سے واقف ہوگا وہ ضرور جانتا ہوگا کہ ہر ایک پشت میں کسی نہ کسی ایسے واقعہ کا باقاعدہ ہونا ثابت ہوتا جاتا ہی ' اور اُسکی نسبت پیشینگوئی ہوسکتی ہی جسکو پہلی پشت کے لوگ محض بے قاعدہ اور ناقابل پیشینگوئی سمجھتے تھے ۔ پس تہذیب و شایستگی سے جو ترقی پائی جاتی ہی ' ہمارا یقین مضبوط ہوتا جاتا ہی کہ سب باتیں با قاعدہ اور ترتیب وار ہوتی ہیں ۔ پس اِن باتوں سے بھی نتیجہ پیدا ہوتا ہی کہ اگر کسی قسم کے واقعات کا قاعدہ دریافت نہیں ہوا ہی تو ہمکو یہہ نہ کہنا چاہیئے کہ یہہ بے قاعدہ ہیں ' بلکہ پہلے کے تجربہ کو لحاظ کرکر یہہ تسلیم کرنا چاہیئے کہ جو بات اسوقت سمجھہ میں نہیں آتی ممکن ہی کہ کسی آیندہ زمانہ میں سمجھہ میں آ جاوے ۔ بے ترتیبی میں سے ترتیب نکالنے کی اُمید اس درجہ تک ہوتی ہی کہ اکثر نامور عالموں کو بعرض اُمید کے یقین ہوتا ہی ' اور اگر یہی اُمید عموماً سرخوں میں نہ پائی جاوے تو اُس کا سبب یہی سمجھنا چاہیئے کہ وہ لوگ نیچر کے محققوں کی بہ نسبت کمتر لیاقت رکھتے ہیں اور کسیقدر یہہ بھی سبب ہوسکتا ہی ' کہ معاشرت کی باتیں جو تاریخ سے علاقہ رکھتی ہیں زیادہ پیچیدہ ہوتی ہیں ۔

یہی اسباب ہیں جنھوں نے اب تک علم تاریخ کو ایک علم ہونے نہیں دیا ۔ نہایت مشہور اور تمام اور سرخ علم طبعی جاننے والے کے مقابلہ میں کچھہ بھی درجہ نہیں رکھتا ہی ۔ کسی ایسے شخص نے تاریخ کی طرف بدل توجہ ہی نہیں کی ہی جو ذہن و عقل میں مثل کپلر و نیوٹن کے وحید عصر ہو ۔ اگرچہ موجودات کے حالات بھی نہایت پیچیدہ ہیں ' مگر جو سرخ فلسفہ کے طور پر تاریخ لکھتا ہی اُس کو نیچر کی تحقیقات کرنے والے کی نسبت زیادہ مشکلات پیش آتی ہیں ' کیونکہ اُس کے تجربہ میں وہ غلطیاں ہوسکتی ہیں جو تعصب اور جوش سے پیدا ہوتی ہیں ' اور جسقدر سامان تجربہ کا نیچر میں ہی ' کہ اُس کے ذریعہ سے ہم دنیا میں نہایت پیچیدہ مسئلوں کو حل کرلیتے ہیں ' وہ سب سامان سرخ کے کام میں نہیں آسکتے ۔

پس اس بات کا کچھہ تعجب نہیں کہ انسان کے افعال کا علم بہ نسبت نیچر کے علم کے پیچھے کی حالت میں ہی ۔ بے شک ان دونوں علموں کی ترقی میں اتنا بڑا فرق ہی کہ علم طبعی کی ایسی باتوں کو جو اب تک ثابت بھی نہیں ہوئیں لوگ تسلیم کرلیتے ہیں کہ ضرور باقاعدہ ہونگی ' اور اُن کی نسبت پیشین گوئی بھی کرتے ہیں ' مگر تاریخی واقعات کا باقاعدہ ہونا کوئی تسلیم نہیں کرتا ' بلکہ اُس سے انکار کرتے ہیں ۔ اس سبب سے جو شخص کہ علم تاریخ کو مثل دیگر علوم کے ترقی دینا چاہتا ہی ' اُسکو ابتدا ہی میں ایک بڑی مشکل پیش آتی ہی ' کہ اُس سے کہا جاتا ہی کہ انسان کے معاملات میں کچھہ اسرار ہیں ' اور وہ اسرار خدا ساز ہیں ' کہ ہماری عقل اور ہماری تحقیقات اُن تک نہیں پہونچ سکتی ' اور انسان کے آیندہ کے حالات ہمیشہ ہمسے پوشیدہ رہینگے ۔ اس کے جواب میں صرف اسقدر کہنا کافی ہی ' کہ ایسا کہنا صرف تحکماً تسلیم کرنا ہی ' کیونکہ اس کا ثبوت کچھہ نہیں ہی ' اور اس مشہور حقیقت کے مخالف ہی ' کہ جہاں علم بڑھتا جاتا ہی وہاں قاعدہ اور سلسلہ میں بھی زیادہ یقین ہوتا جاتا ہی ' اور اُس قاعدہ کے بموجب یکساں حالت میں ایک سے نتیجے پیدا ہوتے ہیں ۔ بہتر ہی کہ ہم اس عقدہ کے حل کرنے میں زیادہ غور کریں ' اور اس بات کو دیکھیں کہ لوگوں کی جو یہہ عام رائے ہی ' کہ تاریخ کبھی علم کے درجہ تک نہیں پہونچ سکتی ' اُس کی بنیاد درست ہی یا نہیں ۔ جب ہم اُس کا خیال کرتے ہیں تو ہمارے دل میں ایک بہت بڑا سوال پیدا ہوتا ہی جو اُس کی جڑ ہی ' اور وہ سوال یہہ ہی ' کہ آیا انسان کے افعال اور انسان کی باہمی معاشرت کے کام کسی قانون معین کے تابع ہیں یا اتفاقیہ ہیں ' اور ایسی باتوں کے نتیجے ہیں جو انسان کی سمجھہ میں نہیں آتیں ؟ ۔

ان امور کی بحث میں چند مفید خیال پیدا ہوتے ہیں ' کیونکہ جو سوال کیا گیا ہی اُس کے متعلق دو مسئلے ہیں جن کے ذریعہ سے تہذیب کے مختلف درجے ظاہر ہوتے ہیں ۔ پہلا مسئلہ یہہ ہی کہ تمام امور اتفاقیہ واقع ہوتے ہیں ۔ اس مسئلہ کے بموجب گویا ہر ایک واقعہ علاحدہ اور تنہا واقع ہوتا ہی ' اور کسی امر اتفاقیہ کا نتیجہ سمجھا جاتا ہی ۔ ایسا خیال بالکل ایک جاہل اور وحشی شخص کو ہوتا ہی ' اور پھر جوں جوں تجربہ بڑھتا ہی اور جس سے معلوم ہوتا ہی کہ سب باتیں با قاعدہ ایک دوسرے کے بعد ہوتی ہیں تو

یہہ خیال مضمحل ہوتا جاتا ہی : مثلاً وحشی قومیں جن میں تہذیب کا اثر کچھہ بھی نہیں معلوم ہوتا ' اور جو صرف شکار پر اپنی زندگی بسر کرتی ہیں ' اُن کو بلاشک یہہ خیال ہرسکتا ہی کہ ہماری ضروری خوراک کا ملنا صرف کسی امر اتفاقی کا نتیجہ ہی جو یہاں نہیں ہوسکتا ' چنانچہ شکار کبھی ملتا ہی اور کبھی نہیں ملتا ' کبھی افراط سے ملتا ہی اور کبھی نہایت کم ' اور اسی سبب سے اُن کو کبھی شبہہ بھی اس بات کا نہیں ہوتا کہ نیچر کے انتظام میں ترتیب بھی ہی ' اور نہ اُن کے دل میں ان عام اصولوں کا وجود سما سکتا ہی جن کی رو سے تمام واقعات وقوع میں آتے ہیں ' اور جن اصولوں کے علم سے ہم اُنھی باتوں کی آیندہ حالت کی نسبت پیشین گوئی کرسکتے ہیں . مگر جب یہی قومیں کچھہ ترقی کرکر کسانوں کی حالت میں آجاتی ہیں ' تو وہ پہلے پہل ایسی خوراکیں کھاتی ہیں جنکا ملنا بلکہ اُنکا پیدا کرنا بھی وہ اپنے ہی فعل کا نتیجہ دیکھتی ہیں ' یعنی جو کچھہ بوتے ہیں وہی کاٹتے ہیں ' اُنکی ضرورتوں کے ضروری سامان زیادہ تر اُنکے اختیار میں ہوجاتے ہیں ' اور اُنھی کی محنت کے نتیجے ہوتے ہیں : جبکہ وہ بیج زمین میں بوتے ہیں ' اُس سے درخت ہوتا ہی ' پھولتا ہی ' پھلتا ہی ' بالیں نکلتی ہیں ' جب وہ پختہ ہوجاتی ہیں تو اُن سے وہی غلہ نکلتا ہی جو بویا تھا ' اور اُس غلہ کو اُس بیج سے بھی جو بویا تھا کچھہ مناسبت ہوتی ہی : ان باتوں سے اُنکو صاف معلوم ہوجاتا ہی کہ اس میں کوئی تدبیر اور حکمت ہی . یہہ نتیجہ ہمیشہ یکساں ہوتا ہی . اب اُنکو آیندہ کے لیئے ' گو یقین نہو ' مگر ایک قسم کا اعتبار اور بھروسہ پڑجاتا ہی ' اور یہہ اعتبار اُس سے کہیں زیادہ ہوتا ہی جو اُنکو اپنی اُس پہلی اور غیر معین حالت میں تھا ' اسی سے اُنکو بیحد دھوندلا سا خیال اسباتکا پیدا ہوتا ہی کہ واقعات میں کچھہ تسلسل اور استحکام ہی ' اور کچھہ کچھہ وہ باتیں سمجھہ میں آنے لگتی ہیں جنکو آخرکار نیچر کے قانون کہتے ہیں . اس بڑی ترقی کے ہر ایک قدم پر اُنکا خیال صاف ہوتا جاتا ہی . جسقدر اُن کی تحقیقات بڑھتی ہی اور تجربہ زیادہ وسیع ہوتا جاتا ہی ' اُسیقدر اُنکو قاعدہ و سلسلہ ' اور واقعات میں باہم موافقت ملتی جاتی ہی جسکے وجود کا اُنکو پہلے شبہہ بھی نتھا . اسکے ظاہر ہونے سے وہ مسئلہ واقعات کے اتفاقیہ ہونے کا جو شروع میں اُنکے دل میں بیٹھا ہوا تھا بودا ہوتا جاتا ہی . تھوڑی سی اور ترقی کے بعد استدلال کا شوق دل میں پیدا ہوتا ہی ' اور اُن میں سے بعض لوگ اپنی تحقیقات سے کلیہ نکالتے ہیں ' اور اگلی رائے سے ' نفرت کرنے لگتے ہیں . اور یہہ یقین کرتے ہیں کہ ہر ایک پچھلا واقعہ اپنے پہلے واقعے سے تعلق رکھتا ہی اور پہلے کا واقعہ اپنے سے پہلے واقعے سے ' اسی طرح ساری دنیا ایک زنجیر ہی اور ہر ایک آدمی ایک سلسلہ میں اپنا کام کرتا ہی ' پر وہ اس بات کا نہیں نہیں کہہ سکتے کہ وہ کیا کام ہوگا .

غرضکہ جب سوسئیٹی یعنی گروہ انسانی عام طور پر ترقی کرتی جاتی ہی تو نیچر کے باقاعدہ ہونے کا زیادہ یقین ہوتا جاتا ہی ' اور اُس وقت بجاے مسئلہ واقعات کے اتفاقیہ ہونے کے ' دوسرا مسئلہ واقعات میں ضروری مناسبت کا قایم ہوتا ہی کہ مصنف کی یہہ راے ہی کہ غالباً انھی دونوں مسئلوں اتفاقیہ اور ضروریہ سے انسان کے مختار اور مجبور ہونے کا یعنی تقدیر کا مسئلہ نکلا ہی . اور اسبات کا سمجھنا میں آتا کہ گروہ انسانی کے زیادہ تر مہذب ہونے کی حالت میں یہہ تبدیل صورت کیونکر واقع ہوتی ہی کچھہ مشکل نہیں ہی . ہر ملک میں جب دولت کا جمع ہونا ایک حد معین تک پہونچ جاتا ہی تو ہر ایک شخص کی محنت کا محاصل اُس مقدار سے زیادہ ہوتا ہی جو اُسکی پرورش کے لیئے کافی تھا ' اور اسی لیئے سب لوگوں کو محنت کرنے کی ضرورت نہیں رہتی . پس ایک ایسا جدا فوقہ بن جاتا ہی جس کے لوگ اپنی زندگی بلا محنت عیش و آرام سے بسر کرتے ہیں ؛ اور چند آدمی علم کی تحصیل میں اور اُس کے پھیلانے میں اپنا وقت صرف کرتے ہیں ؛ اور اِن پچھلے لوگوں میں ایسے لوگ بھی ہمیشہ نکلتے ہیں جو بیرونی واقعات پر خیال نہیں کرتے ' بلکہ اپنے دلکی باتوں کی تحقیقات کی عارف متوجہ ہوتے ہیں ؛ اور جب یہہ لوگ کامل ہو جاتے ہیں تو یہی لوگ نئے فلسفہ کے موجد ' اور نئے مذہب کے بانی ہوتے ہیں ؛ اور جو لوگ اُس فلسفہ یا مذہب کے پیرو ہوتے ہیں اُنپر اُسکا بہت بڑا اثر ہوتا ہی ' لیکن اُن کے موجدوں یا بانیوں پر خود اُنکے زمانہ کا اثر پایا جاتا ہی ؛ کیونکہ یہہ ممکن نہیں ہی کہ کوئی شخص اپنے چاروں طرف کی راے کے دباؤ سے بچ سکے ' اور جسکو نیا فلسفہ اور نیا مذہب کہتے ' وہ کچھہ بالکل نئے خیالات کا پیدا کیا ہوا نہیں ہوتا ' بلکہ اُس زمانہ کے لوگوں کے جو خیالات ہوتے ہیں وہی خیالات ایک نئی راہ کی طرف پھر جاتے ہیں . پس امور مانحن فیہ میں بیرونی دنیا کے واقعات کے اتفاقیہ ہونے کا مسئلہ انسان کے مختار ہونے کے مسئلہ کے مطابق ہی جو اندرونی دنیا سے علاقہ رکھتا ہی ؛ اور ضروری مناسبت کا مسئلہ اُسیطرح انسان کے مجبور ہونے یا تقدیر کے مسئلہ سے مشابہت رکھتا ہی : صرف فرق اتنا ہی کہ پہلا مسئلہ متافزیشین یعنی فلسفیان فلسفہ ذہنی کا نکالا ہوا ہی اور دوسرا مسئلہ تھیولوجین یعنی علماء مذہبی کا . پہلے مسئلہ میں فلسفہ ذہنی کے حکماء واقعات کے اتفاقیہ ہونے کے مسئلہ سے شروع کرکر دل میں ایک خرد اختیاری یعنی افعال میں انسان کے مختار ہونے کا اصول قایم کرلیتے ہیں ؛ اور اسی

اصول کا ایک نئی صورت میں آزادی نام رکھتے ہیں کہ انسان آزاد مخلوق ہی ' اور اس طرح پر ماننے سے تمام مشکلات دفع ہو جاتی ہیں ؛ کیونکہ پوری آزادی جو سب فعلوں کا سبب ہی خود کسی کا نتیجہ نہیں ' بلکہ مثل مسئلہ " اتفاقیہ " کے ایک ایسی حقیقت ہی جس میں زیادہ بیان نہیں ہوسکتا . علماء مذہبی دوسرے یعنی واقعات میں ضروری مناسبت کے مسئلہ کو مذہبی صورت میں لاتے ہیں ' اور جو کہ اُن کی طبیعت انتظام اور مطابقت کے خیالات سے پوری ہوتی ہی اس لیئے وہ اس مناسبت کو ' جس میں کبھی فرق نہیں ہوتا ' خدا کے علم غیب سے منسوب کرتے ہیں ' اور اس اعلی اور عمدہ اور پاک خیال کے ساتھ کہ خدا واحد ہی یہہ مسئلہ تقدیر کا بھی لگایا جاتا ہی کہ خدا نے تمام چیزوں کو ابتدا سے ایک اندازہ پر اپنی مرضی کے موافق معین و مقرر کردیا ہی .

ہماری زندگی کے جو حالات تاریکی میں ہیں وہ ان مختلف مسئلوں اتفاقیہ اور ضروریہ سے ' یعنی مختاری اور تقدیر سے سہل طور پر صاف ہو جاتے ہیں اور بآسانی سمجھہ میں آ جاتے ہیں ' اور اس لیئے اوسط درجہ کی قابلیت کے لوگوں کے دل کو بہت پسند ہوتے ہیں . اس زمانہ میں بھی بہت سے لوگ انھی دونوں مسئلوں کے پیرو ہیں ' مگر ان مسئلوں نے انسان کے علم کے سرچشمہ کو صرف گدلا ہی نہیں کیا بلکہ ایسے مذہبی فرقے پیدا کیئے جن کی آپس کی دشمنی نے انسان کی سرسبزی کو برباد کردیا اور زندگی کی اکثر باتوں کو تلخ کردیا . یورپ کے عالموں کا اب یہہ خیال ہی کہ یہہ دونوں مسئلے غلط ہیں ' یا یہہ کہ اُن کی واقعیت کا اور صحت کا کوئی کافی ثبوت نہیں ہی ' مگر چونکہ یہہ امر معلوم ہی اور نہایت ضروری ہی اس لیئے مناسب ہی کہ جہاں تک ہوسکے ہم اُس کو صاف کرلیں .

مختاری اور تقدیر کے خیال کی ابتدا کی نسبت جو کچھہ ہم نے لکھا ' شاید اُس میں کچھہ شک ہو ' مگر جس بنیاد پر وہ قایم ہیں اُس میں کچھہ جھگڑا نہیں ہی . تقدیر کا مسئلہ مبنی ہی ایک مذہبی قیاس پر ؛ اور مختاری کا مسئلہ مبنی ہی ایک ایسے قیاس پر جو وجدان قلبی سے علاقہ رکھتا ہی . تقدیر کے ماننے والے ایک ایسے مسئلہ پر چلتے ہیں جس کا ابتک کوئی قرار واقعی ثبوت نہیں ہی . وہ لوگ اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ خدا نے جس کی ٹیکی مسلمہ ہی ' باوجود اپنے بالکل نیک ہونے کے ' اچھے و برے میں ' یا بدی و نیکی میں ' یا پسندیدہ ہونے اور نا پسندیدہ ہونے میں ' تمیز کی ہی ' اور لاکھوں مخلوق کو جو اب تک پیدا بھی نہیں ہوئی ' اور صرف خدا ہی کے فعل یا ارادہ سے پیدا ہوسکتی ہیں ' ازل سے ابد تک ہر بادی اور گنہگاری میں ڈالدیا ہی ؛ اور یہہ بات خدا نے کسی انصاف کے اصول پر نہیں کی ' بلکہ صرف اپنی قدرت کاملہ اور مختار کل ہونے کی قدرت سے کی ہی . عیسائیوں میں جو پراٹسٹنٹ فرقہ کے ہیں ' اُنمیں یہہ مسئلہ کالوں کے وقت سے نکلا جسکی طبیعت نہایت قوی تھی ' مگر نہایت تاریک ' لیکن اگسٹین نے اس مسئلہ کو پہلے پہل درست کیا ' اور معلوم ہوتا ہی کہ اگسٹین نے میچین لوگوں سے یہہ مسئلہ سیکھا تھا . بہر حال اگر اس بات سے بھی قطع نظر کی جاوے کہ یہہ مسئلہ اُور اصولوں کے بھی مخالف ہی ' علمی تحقیقات میں اس مسئلہ سے کچھہ فائدہ نہیں ہی ؛ کیونکہ جب یہہ مسئلہ ہمارے علم سے باہر ہی تو ہم اُس کی سچائی یا جھوٹائی کی تحقیق نہیں کرسکتے . دوسرا مسئلہ جو مدت سے مختاری کے نام سے مشہور ہی ' آرمینین کے مذہب سے مناسبت رکھتا ہی ' لیکن در حقیقت انسان کی کانشنس کی بزرگی کے مسئلہ پر مبنی ہی . (بری بات کرنے سے جو از خود آدمی کا دل پکڑا جاتا ہی ' اور آدمی کو بے چین و بے تاب کردیتا ہی اُس کو کانشنس کہتے ہیں) ہر ایک شخص کو معلوم ہوتا ہی اور بالبداہۃ جانتا ہی کہ میں آزاد ہوں ' اور کوئی دلیل اس خیال کو کہ ہم آزاد ہیں دور نہیں کرسکتی . اب اس اختیار کامل کے وجود میں جسکے مقابلہ میں تمام عام طریقے استدلال کے کچھہ کام نہیں کرتے ' دو یا تین ہیں : پہلی بات گو صحیح ہو مگر ثابت نہیں ہی ؛ اور دوسری تو بلاشبہہ غلط ہی ' اور وہ دو باتیں یہہ ہیں : اول یہہ کہ قوت ممیزہ ٹیک و بد جسکو انگریزی میں " کانشنس نس " کہتے ہیں ' اور جس قوت کے احکام کبھی خطا نہیں کرتے ایک علاحدہ قوت ہی ' مگر یہہ بات کہ " کانشنس نس " ایک علاحدہ قوت ہی اب تک کسیطرح تحقیق نہیں ہی . بعض بڑے بڑے عالموں کی یہہ رائے ہی کہ یہہ طبیعت کی ایک حالت ہی ؛ اگر یہہ بھی بات ہو تو پس بحث ختم ہوگئی ؛ کیونکہ اگر ہم یہہ بھی تسلیم کرلیں کہ جب دل کے تمام قوی سے پورا پورا کام لیا جاوے تو برابر ٹھیک کام کرتے ہیں ' تب بھی کوئی شخص یہہ دعوے نہیں کرسکتا کہ دل کی ہر ایک حالت میں ' جو اتفاقیہ کسی ایک طرح کی ہوجاتی ہی ' صحیح صحیح اور ٹھیک ٹھیک کام ہوتا ہی . قطع نظر اسبات کے اگر یہہ بھی تسلیم کیا جاوے کہ " کانشنس نس " ایک جدا قوت ہی ' تو بھی ہم یہہ دوسری طرح پیش کرینگے ' کہ تاریخ سے بخوبی ثابت ہی کہ یہہ قوت بہت خطا کھاتی ہی . تہذیب کی ترقی کی تمام حالتوں میں جو انسان پر گذری ہیں دل کی خصوصیت یعنی عقیدہ کا بہت بڑا اثر ہوا ہی ' اور وہ اثر اُس زمانہ کے مذہب اور فلسفہ اور اخلاق کی باتوں *

برابر رہا ہی . اُس زمانہ کے عقیدوں کو ہر ایک شخص مانتا آیا ہی اور دوسرے زمانہ کے لوگ اُن پر ہنسا کیئے ہیں ' اور ہرایک عقیدہ اپنے زمانہ کے لوگوں کے دلوں میں ایسا ہی گڑا رہا ہی اور اُن کے کانشنس کا جزو اعظم رہا ہی جیسیکہ اب وہ رائے ہی جس کو ہم آزادی کہتے ہیں ' تو بھی یہہ بات ممکن نہیں کہ کانشنس نس کے سب نتیجے صحیح ہوں ؛ کیونکہ اُن میں سے اکثر ایک دوسرے کے مخالف ہیں . پس جب تک یہہ بات نہ مانی جاوے کہ زمانہ مختلف میں سچائی بھی مختلف ہوتی ہی تب تک وہ عقدہ حل نہیں ہوسکتا ' اور یہہ بات محال ہی . پس اس سے صاف ثابت ہوتا ہی کہ کانشنس کی شہادت اس بات کا ثبوت نہیں ہی کہ وہ رائے صحیح ہی ؛ کیونکہ اگر ایسا ہو تو دو باتیں جو ایک دوسرے کے بالکل مخالف ہیں دونو برابر صحیح ہونگی . علاوہ اس کے زندگی میں جو جو باتیں ہوتی ہیں اُن کے دیکھنے سے ایک دوسری بات نکلتی ہی . کیا ہمکو بعض حالتوں میں بہوت اور آسیب کے ہونے کا یقین دل میں نہیں ہو جاتا ؟ اور کیا پھر بھی لوگ یہی نہیں کہتے کہ ایسی چیزوں کا وجود نہیں ہی ' کوئی اور بات ہوگی جس کو ہمنے بہوت اور آسیب سمجھا ہی . اگر یہہ کہا جاوے کہ اس قسم کا کانشنس یا یقین دھوکا ہی اصلی نہیں ہی تو ہم یہہ پوچھینگے کہ وہ کونسی چیز ہی جو صحیح اور غلط ' یا سچی اور جھوٹی ' کانشنس میں تمیز کرتی ہی . اگر بعض باتوں میں کانشنس ہمکو دھوکا دیتا ہی تو کیونکر یقین ہو سکتا ہی کہ اور باتوں میں دھوکا نہ دیگا ؛ اور اگر یقین نہیں ہوسکتا تو وہ کسی اعتبار کے لایق نہیں ہی ' اور اگر کسی طرح اُس پر یقین ہوسکتا ہی تو ایک دوسری کسی ایسی شی کا وجود لازم آتا ہی کہ کانشنس اُسکا تابع ہو . پس کانشنس کی سچائی کا مسئلہ جس کی بنیاد پر خود مختاری کے چاہنے والوں نے اپنا اصول قایم کیا تھا قایم نہ رہا جاتا ہی . بے شک میرے نزدیک اس بات کا شبہہ کہ کانشنس نس کا وجود بطور ایک علحدہ قوت کے ہی کہ نہیں ' اور نیز یہہ بات کہ یہہ قوت ہمیشہ سب باتوں کو یکساں نہیں بتاتی ' ایسی دو دلیلیں ہیں جن سے یقین ہوتا ہی کہ چند شخصوں کے دل کا حال معلوم کرنے سے ذہنی فلسفہ عام کے درجہ کو نہیں پہونچ سکتا ' مگر اُن اصولوں کے تحقیق کرنے سے جو تاریخ سے نکالے جاویں اُس کی تحقیقات بخوبی ہو سکتی ہی : یعنی اُسکے اُصول اُن باتوں سے نکالے جاویں جو ایک زمانہ دراز میں انسان کے حالات میں گذرے ہوں . یہہ بات بلا شبہہ نہایت خوشی کی ہی کہ جس شخص کے خیال میں یہہ بات ہو کہ فن تاریخ بھی ایک علم ہوسکتا ہی ' اُس شخص کو خود مختاری یا تقدیر کے مسئلہ پر بحث کرنے کی کچھہ ضرورت نہیں ہی ؛ کیونکہ اُس کو مفصلہ ذیل اُمور کا تسلیم کرنا کافی ہی ' یعنی ہم جو کوئی کام کرتے ہیں کسی ایک یا ایک سے زیادہ غرض سے کرتے ہیں ' اور وہ غرض بھی کسی اور غرض کا نتیجہ ہوتی ہی . پس اگر سب باتوں سے اور اُن کی تحریک کے قاعدوں سے واقف ہوں تو ہم بخیر کسی غلطی کے پہلے سے بتا سکتے ہیں کہ اُن کا نتیجہ کیا ہوگا . جن لوگوں کے دل میں طرفداری نہیں ہی ' اور جو اپنی رائے سے ثبوت موجودہ پر کام کرتے ہیں ' اس رائے کو قبول کرینگے کہ مثلاً اگر ہم کسی شخص کے حال چال سے بخوبی واقف ہوں تو ہم بتا سکتے ہیں کہ بعض خاص حالتوں میں وہ شخص کیا کریگا . اگر ہماری اس پیشین گوئی میں غلطی ہو تو خود مختاری یا تقدیر کو اُس کا سبب نہ قرار دینا چاہیئے ؛ کیونکہ اب تک اُن دونوں باتوں کا کچھہ ثبوت نہیں ہوا ہی ' بلکہ یہہ خیال کرنا چاہیئے کہ یا تو ہمکو اُس شخص کے حالات غلط معلوم تھے ' یا یہہ کہ ہمنے اُس کے دل کی عام حرکتوں کے سمجھنے میں غلطی کی . اگر ہماری سمجھہ صحیح ہو اور اُس کے ساتھہ ہی اُس شخص کے مزاج کے حالات سے بخوبی واقفیت ہو تو اُن حالات کے سبب ہمکو پہلے سے معلوم ہوسکتا ہی کہ وہ شخص کیا کریگا .

پس اب خود مختاری اور تقدیر کے مسئلوں کی بحث سے قطع نظر کر کر یہہ نتیجہ نکلتا ہی ' کہ انسان کے افعال میں اور اُن باتوں میں جن سے اُن افعال کے سرزد ہونے سے پہلے یہہ بات معین ہو جاتی ہی کہ اُس سے وہ افعال سرزد ہونگے مطابقت کا ہونا ضرور ہی ؛ کیونکہ یکساں حالتوں میں یکساں نتیجے ہونے چاہیئیں ' اور جو کہ اُن افعال کے تمام اسباب یا تو اندر سے یعنی دل سے پیدا ہوتے ہیں یا بیرونی چیزوں سے ' اس لیئے اُن کے نتیجوں میں بھی فرق ہوتا ہی ؛ یعنی وہ فرق جو انسان کے حالات کے تبدل ' یعنی اُن کے عروج اور اُن کے تنزل ' اُن کی خوشی اور اُن کے رنج ' کا تاریخوں میں پایا جاتا ہی . وہ سب اُنھی دو طرح باتوں کا ' یعنی بیرونی باتوں کے اثر کا دل پر ' اور دل کے اثر کا بیرونی باتوں پر ' نتیجہ ہوتا ہی .

یہی سب سامان ہیں جس کے ذریعہ سے تاریخ فلسفہ کے طور پر لکھی جا سکتی ہی . ایک تو انسان کا دل ہی جو خود اپنے وجود کے قانون کی اطاعت کرتا ہی ' اور جب بیرونی چیزوں کا اُس پر کچھہ دخل نہیں ہوتا تو بموجب اپنی بناوٹ کے ترقی کرتا ہی . دوسری وہ ہی ہی جسکو ہم نیچر کہتے ہیں ' اور نیچر بھی اپنے قانون کی اطاعت کرتا ہی ' لیکن ہمیشہ انسان کے دل سے ملکر اُس کی دائی خواہش اور ذہن کو اشتعال دیتا ہی جسکے سبب انسان ایسے

فعل کرتا ہی جو بغیر نیچر کی مداخلت کے نکرتا ۔ پس انسان نیچر کو تبدیل کرتا ہی اور نیچر انسان کو تبدیل کرتا ہی ، اور اسی آپس کی تبدیلات سے سب واقعات پیدا ہوتے ہیں ۔

اب ہمکو اس دوسری تبدیل کے قانون کے دریافت کرنے کا طریق تحقیق کرنا ہی ، لیکن اُس سے پہلے اِس بات کی تحقیقات ہونی چاہیئے کہ ان دونوں قسم کی تبدیلیوں میں سے کونسی زیادہ قوی ہی ؛ آیا انسان کے خیالات اور خواہشوں پر طبعی باتوں کا زیادہ اثر ہوتا ہی ، یا طبعی باتوں پر انسان کے خیالات اور خواہشوں کا زیادہ اثر پڑتا ہی ، تاکہ ان دونوں میں سے جوقسی چیز زیادہ اثر کرنے والی ہو اُسیکے دریافت کرنے میں ، اگر ممکن ہو ، تو سب سے پہلے توجہہ کریں ؛ کیونکہ اُس کے نتیجے زیادہ تر ظاہر ہونگے ، اور اس سبب سے بآسانی تجربہ میں آسکینگے ، اور اس میں ایک یہہ بھی فائدہ ہوگا کہ جب ہم بڑی قوت کے قانون کا ایک قاعدہ نکال لینگے تو بہت کم باتوں سمجھنی رہ جاوینگی ۔ مگر اس تحقیقات سے پہلے ہمکو اُن صاف اور روشن ثبوتوں کا بیان کرنا مناسب ہی جنسے ظاہر ہوتا ہی کہ دل کی حرکتیں باقاعدہ ہوتی ہیں ۔ اس بیان سے راے مذکورہ بالا قوی ہوجاویگی ؛ اور جس ذریعہ سے اِس امر میں تحقیقات ہوئی وہ بھی صاف ہوجاویگا ۔

جو نتیجے درحقیقت وقوع میں آئے ہیں بے شک نہایت مفید ہیں ، اور علم اخلاق کے محقق علم الٰہیات کے ایسے قیاس پر چلے ہیں جو طبیعت کے علم سے متعلق ہی ، لیکن جس تحقیقات کا میں ذکر کرتا ہوں وہ بالکل بے شمار واقعات پر مبنی ہی ، اور وہ واقعات ایسے ہیں جو بہت سے ملکوں میں پائے گئے ہیں ، اور نہایت صاف طور پر ہندسہ کی صورت میں بتلائے گئے ہیں ، اور ایسے لوگوں نے اُنکو جمع کیا ہی جو سرکاری اہلکار تھے اور اُن کو کسی خاص مسئلہ کی بیچ یا کسی خاص فائدہ کا پاس نہ تھا کہ جسکے سبب اُن باتوں کی رپورٹ کی سچائی کو جنکی تحقیقات کا اُن کو حکم تھا بگاڑتے یا خراب کرتے ۔ نہایت وسیع نتیجے جو انسان کے افعال کی نسبت نکالے گئے ہیں ، اور جسپر کسیکو اعتراض نہیں ہی ، وہ اسی یا اسی قسم کے ذریعہ سے نکالے گئے ہیں ۔ ملکوں کے حالات کے سالانہ نقشوں سے اُن کا ثبوت ہوتا ہی ، اور وہ علم حساب کے قاعدہ پر بنائے گئے ہیں ، اور جو کوئی اس بات سے واقف ہوگا کہ اس ایک طریقہ سے کتنی باتیں دریافت ہوئی ہیں ، وہ صرف دل کی حرکات کے مطابق ہونے کو ہی نہیں مانیگا ، بلکہ اُس کو یہہ بھی یقین ہوجاویگا کہ اگر وہ قوی ذریعے کام میں لائے جاویں جو علم کی موجودہ حالت میں حاصل ہوسکتے ہیں ، تو اَور بھی بہت سی مفید باتیں دریافت ہونگی ۔

قطع نظر اُن تحقیقاتوں کے جو آیندہ ہونگی ، ہمکو بالفعل صرف اُنہی ثبوتوں سے مطلب ہی جنسے یہہ پایا جاتا ہی کہ انسان کے حالات میں جو بذریعہ سالانہ نقشوں کے معارم ہوئے ہیں بالکل مطابقت ہی ۔

انسان کے افعال آسان طور پر دو قسموں میں منقسم ہیں ، ایک نیک اور دوسرے بد ؛ اور چونکہ یہہ دونوں قسمیں باہم ایک دوسرے سے مناسبت رکھتی ہیں ، اور انہیں کا مجموعہ ہمارے اخلاق ہیں ، اس لیئے یہہ لازم آتا ہی کہ جس سبب سے ایک قسم زیادہ ہوتی ہی اُسی سبب سے اُسیقدر دوسری قسم کم ہوتی ہی ۔ پس اگر ہم کسی زمانہ میں ایک قوم کی برائیوں میں مطابقت پاویں ، تو اُن کی نیکیوں میں بھی اُسی قسم کی مطابقت ہوگی ، یا اگر ہم اُن کی نیکیوں میں مطابقت پاویں ، تو ویسی ہی اُن کی برائیوں میں مطابقت ہوگی ۔ یہہ دونوں قسم کے افعال ، جیسیکہ اُن کے نام سے ظاہر ہوتا ہی ، ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں ؛ یا اگر اسی بات کو دوسرے طور سے بیان کریں تو یوں کہیں ، کہ اگر یہہ ثابت ہوسکے کہ انسان کے برے افعال میں سوسئیٹی کے تبدیلات کے موافق فرق ہوتا ہی تو اُس سے یہی نتیجہ نکلیگا کہ اُن کے نیک افعال میں بھی ایسا ہی فرق ہوتا ہی ؛ اور نیز یہہ بھی نتیجہ نکلیگا کہ اس قسم کا فرق بڑے بڑے اور عام اسباب کا نتیجہ ہی جو تمام سوسئیٹی پر اپنا اثر پہنچاتے ہیں اور خاص نتیجہ پیدا کرتے ہیں ، بلا لحاظ اُن خاص شخصوں کی خواہش کے جنسے سوسئیٹی بنی ہوئی ہی ۔ اگر انسان کے فعل سوسئیٹی کی حالت کے بموجب ہوتے ہیں تو اسی قسم کی مطابقت ملنے کی ہمیں اُمید ہی ، اور اگر ایسی مطابقت نہ ملے تو ہمارک یہی یقین کرسکتے ہیں کہ انسان کے فعل کسی ایسے اصول کے بموجب ہوتے ہیں جسکا کچھہ ٹھیک نہیں ہی ؛ اور جو ہر ایک شخص میں خاص طور پر ہوتا ہی : مثلاً خود مختاری وغیرہ ۔

اصل غرض قانون کی یہہ ہی کہ بے گناہ بمقابلہ گنہگاروں کے محفوظ رہیں ، اس لیئے یورپ کی گورنمنٹوں نے ، جب اُنکو معلوم ہوا کہ لوگوں کے حالات کے نقشے کیسے مفید ہوتے ہیں ، تو اُن جرایم کی نسبت ثبوت جمع کرنا شروع کیا جنکے لیئے سزا دینی منظور تھی ۔ یہہ ثبوت جمع ہوتا گیا ، یہاں تک کہ اب یہہ از خود لٹریچر یعنی علم ادب بن گیا ہی ؛ اور بہت سے واقعات نہایت احتیاط سے اور تحقیقات کے ساتھہ جمع کیئے گئے ہیں ؛ اور زمانہ سابق کے تجربہ کی بہ نسبت انسان کے اخلاق کے حالات اُن سے زیادہ معلوم ہوتے ہیں ، مگر چونکہ اس تمہید

میں پورا پورا بیان اُن نتیجوں کا نہیں ہوسکتا جو نقشوں سے نکلتے ہیں ' اسلیئے میں دو باتیں نہایت ضروری اور بڑی بڑی باتوں کا ذکر کرونگا اور اُن کی نسبت کو بیان کرونگا .

منجملہ سب جرموں کے قتل ایک ایسا جرم تصور کیا جاتا ہی جو بالکل بے قاعدہ ہی ' اور اس پر کچھہ اختیار نہیں چلتا ' گو یہہ جرم ایک مدت کی بدیوں کا ایک بڑا کام ہی ' تاہم جب ہم یہہ خیال کرتے ہیں کہ اکثر یہہ دفعتاً وقوع میں آتا ہی ' اور جب کہ پیشتر سے بندش ہوتی ہی تو اُس میں بھی موافق موقعوں کا انتظار کرنا پڑتا ہی ' وقت کا لحاظ کرنا پڑتا ہی ' اور ایسے موقعوں کا انتظار کرنا پڑتا ہی جو اختیار میں نہیں ہیں ' اور جب وقت آجاوے تو شاید جرم کرنے والے کا دل ٹوٹ جائے . اور پھر جرم کا کرنا یا نکرنا مخالف غرضوں پر منحصر ہوتا ہی ' مثلاً قانون کا خوف ' اُن سزاؤں کی دہشت جو دین میں لکھی ہیں ' جرم کرنے والے کی کشمکش کے پیش ' و آیندہ افسوس کا اندیشہ ' و فائدہ کی طمع ' و حسد ' و بدلا لینے کا خیال ' و نااُمیدی وغیرہ . جب یہہ سب باتیں جمع کی جائیں تو ایسے اسباب مخلوط ہوجاتے ہیں ' کہ اُن سببوں میں جن کے ذریعہ سے خون ہوسکتا ہی یا منع ہوسکتا ہی کوئی خاص قاعدہ نکالنے کی اُمید نہیں رہتی . لیکن اب دیکھنا چاہیئے کہ اصل بات کیا ہی . اصل تو یہہ ہی کہ خون اُسی طرح باقاعدہ ہوتا ہی اور خاص معلوم سببوں سے نسبت رکھتا ہی جیسے جوار بھاٹا اور تبدیل موسم . وسیرکیرٹلک ' جس نے اپنی تمام زندگی مختلف ملکوں کے نقشوں کے جمع کرنے میں صرف کی ' اپنی تحقیقات کا نتیجہ یوں بیان کرتا ہی ' کہ ہر ایک بات جو جرم سے علاقہ رکھتی ہی وہ مکرر ایک ہی تعداد پر وقوع میں آتی ہی ؛ اور ایسے جرایم کا بھی جس میں انسان کی مرضی بیچ کچھہ کام نہیں کرتی یہی حال ہی ' مثلاً خون جو عموماً قاتقیہ لڑائیوں کے بعد ہوا کرتا ہی . ہم تجربہ سے جانتے ہیں کہ ہر سال خون کی تعداد قریب برابر کے ہوتی ہی ' اور جن اوزاروں سے خون کیا جاتا ہی وہ بھی قریب ایک ہی تعداد پر کام میں لائے جاتے ہیں . یہہ قول سنہ ۱۸۳۵ع میں یورپ کے پہلے اسٹاٹیشین کا ہی ' اور اُس کے بعد کی تحقیقات سے اُس کی صحت ہوتی آئی ہی . پچھلی تحقیقاتوں سے یہہ ایک عجیب بات دریافت ہوئی ہی کہ جرم مکرر کی تعداد پر صادر ہوتے ہیں ' اور یہہ نسبت نیچر کے قانون کے ' جو ہمارے جسم کی بیماری اور پرہادی سے علاقہ رکھتے ہیں ' جرم کا حال بہتر سے زیادہ معلوم ہوجاتا ہی ' مثلاً فرانس میں ابتداے سنہ ۱۸۱۷ع لغایت سنہ ۱۸۴۴ع تک جتنے لوگ مجرم قرار پائے اُتنے مرد اُس زمانہ میں پیرس کے اندر موت سے مرے ' فرق صرف اُسیقدر ہوا کہ جرم کی تعداد کی کمی بیشی موت کی کمی بیشی سے کم ہوئی . اسی قسم کا قاعدہ ہر ایک علحدہ علحدہ جرم میں پایا گیا ہی . سب جرم ایک ہی قاعدہ کے بموجب ایک وقت معین کے بعد برابر صادر ہوتے گئے .

جو لوگ یہہ یقین کرتے ہیں کہ انسان کے افعال ہر شخص کے خاص مزاج کے موافق ہوتے ہیں ' اور سوسئیٹی کی عام حالت سے کچھہ تعلق نہیں ہوتا ' اُن کو یہہ بات عجیب معلوم ہوگی ' لیکن اس سے بھی زیادہ عجیب ایک بات یہہ ہی ' کہ منجملہ جرایم قابل سزا کے کوئی جرم ہو شخص کے مزاج پر ایسا مرتوف نہیں معلوم ہوتا جیسی کہ خود کشی . خون یا اوٹنے کی کوششیں رک سکتی ہیں ' اور روکی بھی گئی ہیں . بعض وقت وہی شخص اُن کو روک دیتا ہی جس پر حملہ کیا جاتا ہی ' اور بعض وقت حاکم مانع ہوتے ہیں ' لیکن خود کشی کی کوشش میں کم روک ٹوک ہوسکتی ہی . جو شخص اپنے قتل کرنے کا مصمم ارادہ کرلیتا ہی ' اُس کو اخیر وقت میں دشمن کی ایذائی مانع نہیں ہوتی ؛ اور وہ حاکم کی دست اندازی سے بھی آسانی سے بچ سکتا ہی ؛ اُس کا کام گویا تنہا ہوجاتا ہی ؛ باہر سے اُس پر کچھہ مداخلت نہیں ہوتی ؛ اور یہہ نسبت اور کسی جرم کے زیادہ تر خاص ایک شخص کی مرضی اور خواہش کا نتیجہ ہوتا ہی . یہہ بھی واضح ہو کہ برخلاف اور جرایم کے ' یہہ جرم ساتھیوں کے ورغلانے سے بہت کم ہوتا ہی . پس جبکہ لوگ ساتھیوں کے ورغلانے سے یہہ جرم نہیں کرتے ' تو ایک بڑی بیرونی بات کا اثر ' جس سے آزادی دب جاوے ' اُن پر نہیں ہوتا ' اس لیئے خود کشی کی نسبت ' جو تنہائی میں ہوتا ہی ' اور جس پر قانون کا کچھہ اختیار نہیں چلتا ' اور نہ ہوشیار پولیس اُس کو کم کرسکتی ہی ' عام اصول کا نکالنا اور قاعدہ تلاش کرنا غیر ممکن معلوم ہوتا ہوگا . ایک اور مشکل یہہ ہی کہ خود کشی کا نہایت عمدہ ثبوت بھی ناکامل ہوتا ہی . مثلاً ڈوب کر مرنا اتفاقیہ خود کشی میں داخل ہوسکتا ہی ' لیکن بعض وقت بھی یہہ عمداً ہوتا ہی ' اور اُس کو اتفاقیہ کہتے ہیں . پس خود کشی صرف غیر معین اور بےاختیار ہی نہیں معلوم ہوتی ' بلکہ اُس کا ثبوت بھی نہایت تاریک ہی . مذکورۂ بالا وجہوں سے اگر اس کے عام سببوں کے دریافت کرنے میں نااُمیدی ہو تو معقول ہی .

جب کہ اس ایک جرم کے یہہ حالات ہیں ' تو یہہ بات بھی نہایت تعجب کی ہی ' کہ جو کچھہ ثبوت اُس کی نسبت ہمارے پاس ہی اُس سے یہہ ایک بڑا نتیجہ نکلتا ہی ' اور دل میں کچھہ شبہہ باقی نہیں رہتا کہ خود کشی سوسئیٹی کی عام حالت کا نتیجہ ہی ' اور مجرم صرف عمل میں لاتا ہی اُس بات کو جو حالت سابق کا

ایک ضروری نتیجہ ہی ۔ سوسئیٹی کی ایک خاص حالت میں ضرور ہی کہ کچھ لوگ جنکی تعداد معین ہی خود کشی کریں ۔ یہی عام قاعدہ ہی ' اور یہہ خاص سوال کہ کون یہہ جرم کریگا ' خاص قاعدوں سے متعلق ہی جو عمل میں بڑے سوشئل قاعدے کے ' جس کے وہ تابع ہیں ' اطاعت کرتے ہیں ؛ اور بڑے قاعدہ کی ایسی قوت ہوتی ہی کہ نہ زندگی کی محبت اور نہ مانیت کا خوف اُن کے عمل کو روک سکتا ہی ۔ اس عجیب قاعدہ کے اسباب کو میں آیندہ لکھونگا ' لیکن قاعدہ کا وجود ہر شخص کو معلوم ہی جو اخلاق کی باتوں کے نقشوں کو بھی جانتا ہی ۔ مختلف ملکوں میں ' جہاں کے نقشے ہمارے پاس موجود ہیں ' معلوم ہوتا ہی کہ سال بسال خود کشی کرنے والوں کی تعداد برابر ہوتی ہی ۔ پس باعتبار اس کے کہ پورا پورا ثبوت نہیں مل سکتا ' ہم پیشتر سے پتا سکتے ہیں کہ آنے والے زمانہ میں کتنے لوگ خود کشی کرینگے ' بشرطیکہ سوسئیٹی کے حالات کچھہ زیادہ تبدیل نہوجاویں ۔ لندن میں بھی ' باوجود اُن تبدیلات کے کہ جو دنیا کی سب سے بڑے اور نہایت عیاش دارالخلافت میں ہوا کرتے ہیں ' بہت مطابقت اور قاعدہ پایا جاتا ہی ۔ اُمور متعلق انتظام ملکی و تجارت اور قحط سالی کی تکلیفیں ' یہی سب خود کشی کے سبب ہیں ' اور یہہ ہمیشہ تبدیل ہوتے رہتے ہیں ' تاہم اس وسیع دارالخلافت میں قریب دو سو چالیس آدمیوں کے خود کشی کرتے ہیں ۔ عارضی سبب سے سالانہ خود کشی کی تعداد میں فرق یہی ہوتا ہی کہ زیادہ سے زیادہ تعداد دوسو چوپاسٹھہ ہوتی ہی ' اور کم سے کم دو سو تیرہ — سنہ ۱۸۴۶ ع میں ' جس سال ریلوے کے سبب بڑا انقلاب ہوا ' لندن میں دو سو چوپاسٹھہ آدمیوں نے خود کشی کی ؛ سنہ ۱۸۴۷ ع میں کچھہ کمی شروع ہوئی ' اور تعداد دوسو چوبیس ہوئی ' سنہ ۱۸۴۸ ع میں دوسو سینتالیس ؛ اور سنہ ۱۸۴۹ ع میں دو سو تیرہ ؛ اور سنہ ۱۸۵۰ ع میں دو سو اُنتیس ۔

یہی چند ثبوت ہیں جن سے معلوم ہوتا ہی کہ سوسئیٹی کی یکساں حالت میں ایک قسم کے جرم ضرور مکرر ہوتے ہیں ۔ یہہ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہہ نتیجہ خاص خاص منتخب واقعات سے نہیں نکالا گیا ہی ' بلکہ یہہ عام نتیجہ جرم کے بہت وسیع نقشوں سے نکالا گیا ہی ' اور اُن نقشوں میں لاکھوں تجربہ بہت سے ملکوں کے ' جن میں مختلف درجوں کی تہذیب ' مختلف قانون ' مختلف راے ' مختلف اخلاق ' اور مختلف عادتیں جاری تھیں ' مندرج ہیں ۔ اور اگر ہم یہہ بھی لکھیں کہ ان نقشوں کے حالات ایسے شخصوں نے جمع کیئے جو خاص اسی کام کے لیئے نوکر تھے ' اور اُنکو ہر ایک ذریعہ حقیقت حال کے دریافت کرنے کا حاصل تھا ' اور دھوکا دینے میں اُن کی کوئی غرض نہ تھی ' تو بیشک یہہ تسلیم کی جائیگی کہ جرم کا ایک قاعدہ معین کے بموجب صادر ہوتا ایک ایسا امر ہی کہ ' جو انسان کے اخلاق کی تاریخ کے اور کسی امر کی بہ نسبت ' زیادہ ثابت ہی ۔ ان نقشوں میں متوازی سلسلہ شہادت کا پایا جاتا ہی جو بموجب مختلف حالتوں کے نہایت احتیاط کے ساتھہ جمع کیا گیا ہی ' اور سب سے یہی ایک نتیجہ نکلتا ہی کہ انسان کے جرم ایک مجرمہ کی برائی کا نتیجہ نہیں ہی ' بلکہ اُس سوسئیٹی کی حالت کا نتیجہ ہی جس میں وہ مجرم رہتا ہی ۔ اس نتیجہ کا ثبوت صاف و عیاں ہی ' اور دنیا میں سب لوگ اُس کو دیکھہ سکتے ہیں ' اور ایسا ہی کہ وہ تصورات ' جنکے ذریعہ سے مٹانزیشن اور تھیولوجین نے گذشتہ واقعات کی تحقیقات کو پریشانی میں ڈال رکھا ہی ' اُسکو رد نہیں کرسکتے ۔

وہ لوگ جو اسبات سے واقف ہیں کہ طبعی باتوں میں ٹیچر کے قاعدوں کے بجالانے میں تبدیل ہوتی رہتی ہی ' وہ اخلاق کی باتوں میں بھی ویسا ہی فرق پاوینگے ۔ یہہ فرق دونوں حالتوں میں چھوٹے چھوٹے قانون سے پیدا ہوتا ہی ' جو خاص موقعوں پر بڑے قانون سے ملتے ہیں اور اُن کی اصلی اور باقاعدہ تاثیر کو تبدیل کردیتے ہیں ۔ اِس کی نہایت عمدہ مثال جرثقیل کے اُس عمدہ اصول میں پائی جاتی ہی جسکو متوازی الاضلاع کے زوروں کی قوت کہتے ہیں ' اور جسکے بموجب قوتوں میں بھی نسبت ہوتی ہی جو اُن قوتوں کی شکل متوازی الاضلاع کی قوتوں میں ہوتی ہی ۔ یہہ قاعدہ بہت بڑے بڑے نتیجوں سے بھرا ہوا ہی ؛ اور قوتوں کا ملانا اور اُنکا علاحدہ علاحدہ کرنا اسی قاعدہ سے متعلق ہی ۔ اور جو شخص اُس دلیل سے واقف ہی جسپر یہہ قاعدہ مبنی ہی ' وہ کبھی اسکے ٹھیک ہونے میں کسی شبہہ کا بھی خیال نکریگا ۔ مگر جب وہ اس قاعدہ کو کام میں لایا جاوے تو معلوم ہوتا ہی کہ اور قاعدے اُس کو چھپتے ہوئے ہیں ' یعنی ہوا کی رگڑ کے قاعدے اور اُن جسموں کی بناوٹ کا اختلاف جنپر زور لگایا جاتا ہی ۔ اور جب اس قسم کے اُمور پیش آتے ہیں تو اصلی اور سیدھا اثر جرثقیل کے قاعدہ کا مختلف ہوجاتا ہی ۔

لیکن گو قاعدہ کے نتائج میں فرق ہوتا ہی ' تاہم قاعدہ تبدیل نہیں ہوتا ۔ اسیطرح پر اس بڑے سوشئل قاعدہ میں ' کہ انسان کے افعال اُنکی خواہش کے نتیجے نہیں ہیں بلکہ حالات ماسبق کے نتیجے ہیں ' بہت فرق ہوتا ہی ' لیکن اصل حقیقت پر کچھہ اثر نہیں ہوتا ۔ ایک مالک کے جرم کی تعداد میں جو سال بسال تھوڑ

تھوڑا فرق ہوتا ہی ' اُس کے سمجھنے کے لیئے بیان مندرجہ بالا کافی ہی . بلحاظ اس امر کے کہ یہ نسبت نیچر کے سامان کے اخلاق کے متعلق بہت سی چیزیں ہیں ' تعجب اس بات کا ہوتا ہی کہ باوجود اسکے فرق زیادہ نہیں ہی ؛ اور فرق کے ایسے خفیف ہونے کے سبب سے ہم خیال کرسکتے ہیں کہ وہ بڑے بڑے سوشل قاعدے کیسے قوی ہیں کہ جن میں ہمیشہ مداخلت ہوتی ہی لیکن وہ ہر ایک مشکل کو حل کرتے ہیں .

انسان کے جوایم میں ہی ایسی مطابقت نہیں پائی جاتی ' بلکہ جسقدر شادیاں ہر سال ہوتی ہیں وہ بھی لوگوں کے مزاج اور خواہش کے موافق نہیں ہوتیں ' بلکہ بڑے بڑے عام واقعات کے سبب سے ہوتی ہیں جن پر آدمی کا کچھہ اختیار نہیں چلتا . یہہ امر ظاہر ہی کہ شادی اور ازاج کی قیمت میں ایک قسم کی خاص نسبت ہوتی ہی . انگلستان میں سو برس کے تجربہ سے ثابت ہوا ہی کہ شادیوں کو لوگوں کے ذاتی خیالات سے کچھہ تعلق نہیں ہوتا ' بلکہ لوگوں کی جماعت کثیر کی آمدنی کے بموجب ہوتی ہیں . پس یہہ بڑی سوشل اور مذہبی بات قیمت خوراک اور نرخ اجرت پر منحصر ہوتی ہی . اسیطور پر اور باتوں میں بھی مطابقت اور قاعدہ پایا جاتا ہی ' گو سبب اُنکے باقاعدہ ہونے کا اب تک ظاہر نہیں ہی . مثلاً یادداشت کی غلطیوں میں بھی ایسا ہی عام قاعدہ پایا جاتا ہی ' جسکو ہم ثابت کرسکتے ہیں . لندن اور پیرس کے ڈائکشانوں میں اخیر زمانہ میں ایسے غلطوں کی فہرست مشتہر ہوئی جن کے لفافوں پر لکھنے والوں نے پھول کو پتہ نہیں لکھا تھا ' اور بالفرض اسبات کے کہ اسکا سبب مختلف ہوا ہوگا ' سال بسال وہ فہرست ایک دوسرے کی نقل ہوتی تھی . ہرسال اُسی تعداد کے چٹھی لکھنے والے اس آسان کام کو بھولتے تھے . پس ہم پیشتر سے بتاسکتے ہیں کہ ہر ایک زمانہ آیندہ میں کتنے لوگ اس خفیف کام کو جو اتفاقیہ بات معلوم ہوتی ہی بھولینگے .

ایسے لوگ جنکو واقعات کے باقاعدہ ہونے کا مضبوط خیال ہی ' اور جنھوں نے اس بڑی حقیقت کو خوب سمجھہ لیا ہی کہ انسان کے افعال جو حالات ماسبق کے بموجب ہوتے ہیں کبھی بے قاعدہ نہیں ہوتے ' گو ظاہر میں بے قاعدہ معلوم ہوں ' لیکن اصل میں ایک بڑے عام الانتظام کے جزو ہیں جسکے نقشہ کو ہم علم کی موجودہ حالت میں نہیں دیکھہ سکتے ' جو اسبات کو سمجھتے ہیں ' اور یہی تاریخ کی جڑ اور تاریخ کی کنجی ہی ' اُن کو بیان مذکورہ بالا سے کچھہ تعجب نہوگا ' بلکہ صاف یہہ معلوم ہوجائیگا کہ جن تغیروں کا اوپر ذکر ہوا اُنھیں کی اُمید ہونی چاہئے تھے ' اور وہی بہت سی پیشتر معلوم ہوجانا چاہئے تھے . اس میں کچھہ شبہہ نہیں ہی کہ تحقیقات کی ترقی اب بہت جلد اور دل سے ہوتی جاتی ہی ' اور مجھکو کچھہ شک نہیں ہی کہ ایک سو برس کے پیشتر سلسلہ ثبوت کا پورا ہوجاویگا ' اور پھر شاذ و نادر کوئی ایسا مورخ ملیگا جو اخلاق کی باتوں کے باقاعدہ ہونے سے انکار کرے ' جیسیکہ اب بہت کم ایسا کوئی عالم ہی جو دنیا کی باتوں کے باقاعدہ ہونے سے انکار کرتا ہو .

واضح ہو کہ ہمارے افعال کے لیئے ایک قاعدہ ہونے کا ثبوت لوگوں کے حالات کے نقشوں سے نکالا گیا ہی . یہہ شاخ علم کی گو اب تک اپنی ابتدائی حالت میں ہی ' تاہم یہ نسبت تمام علوم کے انسان کے نیچر کی تحقیقات میں اس نے بہت روشنی بخشی ہی اور گو یہہ نہایت قوی ذریعہ حقیقت کے دریافت کرنے کا ہی ' تاہم ہمکو یہہ نہیں خیال کرنا چاہیئے کہ کوئی ذریعے باقی نہیں ہیں جو اس مارج پر ترقی پاسکتے ہیں ' اور نہ یہہ نتیجہ نکالنا چاہیئے کہ علوم مابعی سے اور تاریخ سے آجتک کچھہ نسبت نہیں رکھی گئی اسلیئے اُن دونوں میں کچھہ نسبت نہیں ہوسکتی . جب ہم یہہ خیال کرتے ہیں کہ انسان اور بیرونی دنیا کیسے آپس میں ملتی ہیں ' تو کچھہ شبہہ باقی نہیں رہتا کہ انسان کے افعال اور نیچر کے قاعدوں میں نسبت قریبی ہی . اگر علم طبعی اور تاریخ سے آجتک نسبت نہیں رکھی گئی تو اُسکا سبب یا تو یہہ ہی کہ مورخوں نے اُس مناسبت کو دیکھا نہیں ' یا یہہ کہ دیکھا ہو لیکن اُنکو اسقدر علم اور واقفیت نہیں کہ اُس کے عمل کی تہہ کو پہونچیں . اسی سبب سے بیرونی اور اندرونی باتوں کی تحقیقات میں جدائی رہی ' اور گو یورپ کی لٹریچر کی موجودہ حالت سے اظہار پائے جاتے ہیں کہ یہہ مصنوعی روک ترک ڈالی جائے ' تاہم یہہ تسلیم کرنا ضرور ہوگا کہ اب تک اس بڑی غرض کی تکمیل کے لیئے کچھہ بھی نہیں کیا گیا ہی . علم اخلاق و علم الہیات و علم باطنی کے عالم اپنے اپنے علم کی تحصیل کرتے ہیں ' اور یہہ سمجھتے ہیں کہ یہہ باتیں سائینس جاننے والے لوگوں سے متعلق ہیں ' اور اکثر یہہ کہتے ہیں کہ اس قسم کی تحقیقات مذہب کے لیئے مضر ہی ' اور انسان کی سمجھہ پر غیر واجب بوجھہ ہوتا ہی . لیکن برخلاف اس کے ' عام طبعی کے بڑھانے والے ' جو یہہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا ترقی کرنے والے ہیں ' اپنی اپنی کامیابی پر نظر کرتے ہیں ' اور اپنی تحقیقاتوں کا مقابلہ اپنے مخالفوں کی بے حرکت حالت سے کرکے ایسے علم کی تحصیل سے نفرت کرتے ہیں جسکا بے فائدہ ہونا سب پر ظاہر ہی .

مورخ کا یہہ کام ہی کہ ان دونوں طریق کے بیچ میں پڑکر انکی مخالفانہ رایوں کو مطابق کردے ' اور بتلادے کہ کس مقام پر انکا خاص خاص علوم کو مطابق ہونا چاہیئے ' اور اس 'اتفاق کی' صورت قایم کرنا وہی تاریخ کی بنیاد قایم کرنا ہی . چونکہ تاریخ میں انسان کے افعال کا ذکر ہوتا ہی ' اور انسان کے افعال پیرونی و اندرونی باتوں کے میل سے پیدا ہوتے ہیں ' اسلیئے ضرور ہی کہ اُن باتوں کی حقیقت دریافت کی جاوے ' اور یہہ بھی دریافت کیا جاوے کہ کہاں تک اُنکے قاعدے معلوم ہیں ' اور عام باطن اور نیچر کے جاننے والوں کے پاس آیندہ تحقیقات کے لیئے کیا سامان ہیں . اسکا بیان آیندہ کیا جاویگا اور اگر اُس میں کچھہ کامیابی ہوئی تو مصنف کی اسقدر تو تعریف ہوگی کہ اسنے اُس اور بڑے خوفناک گڑھے کی ' جو ایسی باتوں کو علحدہ کرتا ہی جس میں تعجب قریبی ہی اور جسکو کبھی جدا نہونا چاہیئے پھر نے کی کوشش کی .

راقم
هنري طامس بکل
ترجمہ از
بکلز هسٹري آف سوازیشن ان انگلنڈ

اشتہار

کتب مفصلہ ذیل واسطے فروخت کے ہمارے پاس موجود ہیں اور محصول ڈاک کا علاوہ اُس قیمت کے ہی جس صاحب کو خریدنی منظور ہوں وہ خرید فرماویں

وہ کتابیں جن کی قیمت مدرسۃالعلوم مسلمانان کی کمیٹی میں جمع ہوگی *

کتاب جان دیون پورٹ متضمن حمایت اسلام بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصا

کتاب حمایت الاسلام ترجمہ کتاب گاڈفری هیگنس متضمن جواب اعتراضات عیسائیان بزبان اُردو قیمت فی جلد ... عصہ

کتاب خطبات احمدیہ مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عـہ

اگر کوئی غریب مسلمان انگریزی خواں خطبات احمدیہ کو خاص اپنے پڑھنے کے لیئے چاہے تو اُس کو نصف قیمت پر ملجاویگی *

کتاب مباحثہ مذهبی پادری فنڈر صاحب و ڈاکٹر وزیر خاں و مولوی رحمت‌اللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸ر

حصہ اول تاریخ هندوستان زمانہ هندوان مولفہ منشی محمد ذکاءاللہ صاحب بزبان اُردو قیمت فی جلد ... ۸ر

وہ کتابیں جن کی قیمت کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان میں جمع ہوگی *

کتاب رپورٹ سلیکٹ کمیٹی اُردو و انگریزی معہ خلاصہ رسالہ هاے موصوفہ کمیٹی قیمت فی جلد عصا۸ر

وہ کتابیں جنکی قیمت دوسری کمیٹی مسلمانان میں جمع ہوگی *

جواب کتاب ڈاکٹر هنٹر صاحب مؤلفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصا۸ر

اسباب بغاوت هندوستان مولفہ سید احمد خاں بزبان انگریزی قیمت فی جلد ... عصا۸ر

تہذیب الاخلاق من ابتداے شوال سنہ ۱۲۸۶ هجری لغایت سنہ ۱۲۸۸ هجری قیمت ... ۷ر

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۸۹ هجری قیمت عصا۸ر

تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۹۰ هجری قیمت عصا۸ر

دستخط
سید احمد خاں
سکرٹری
کمیٹی هاے مذکورہ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] 15 شوال سنہ 1306 نبوي سنہ 1291 هجري [نمبر 14

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور ہر خریدار اُس سال رواں کے شروع سے جس میں وہ خریدار ہوا ہی خریدار تصور ہوگا اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ صہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا بشرطیکہ وہ پرچہ زائد دفتر میں موجود ہو *

اِطلاع

بخدمت مہبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو و خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ترنیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۹۷

مسلمانوں کا افلاس

"الشیطان یعد کم الفقر و یامر کم بالفحشاء واللہ یعد کم مغفرۃ منہ و فضلا"

خدا تعالی فرماتا ہی کہ تمکو محتاجی اور فقیر کردینے کا تو شیطان وعدہ کرتا ہی اور لچپنے کے کام کرنے کو حکم دیتا ہی ' اور خدا اپنی بخشش کا اور نعمت دینے کا وعدہ کرتا ہی — اس زمانہ میں یہہ ٹھیک مثال اُن لوگوں کی ہی جنکا پیشہ یقولوں سالا یفعلون ہی — یعنی خود تو دنیا کے بندے ہیں اور کسی مرید و معتقد کی نذر تک نہیں چھوڑتے ' مگر زبان سے دنیا کی بی ثباتی اور دنیا کا ہیچ ہونا کہتے ہیں ؛ اپنی جیب میں دنیا بھرتے ہیں اور لوگوں کو اُس کے چھوڑنے کی نصیحت کرتے ہیں — جو کام مسلمانوں کی بھلائی و بہتری اور ترقی کا سونپا جاتا ہی ' یا کیا جاتا ہی ' یہہ عقل کے دشمن ' خدا کے دشمن ' رسول کے دشمن ' مسلمانوں کے دشمن ' ایک نہایت مسکینی سے ٹھنڈے سانس بھرکر کہتے ہیں ' ہاں دنیا چند روز ہی ؛ دولت مند ہوئے تو کیا غریب ہوئے تو کیا ؛ محل میں بھی گذر جاتی ہی درخت کے سایہ میں بھی گذر جاتی ہی ؛ مرتے کپڑے سے بھی بدن ڈھک جاتا ہی مہین بھی پہٹ جاتا ہی ؛ اچھا کھانے سے بھی پیٹ بھرتا ہی جو کی روٹی سے بھی بھرتا ہی ؛ ایسی بات کرو جو رہاں کام آئے ؛ دنیا تو گذر ہی جاتی ہی — ہاں جتنی دنیا ہوگی اُتنا ہی زیادہ حساب دینا پڑیگا ؛ تقدیر پر شاکر رہو ؛ انسان کو خدا بھروسا اُٹھاتا ہی پر بھروسا سلاتا نہیں — یہہ لوگ حقیقت میں اُس آیت کے مصداق ہیں ' اور وہ ٹھیک ٹھیک وہی وعدہ کرتے ہیں جسکا اُس آیت میں ذکر ہی .

مگر ہم تمام مسلمانوں کی دین و دنیا کی بھلائی چاہتے ہیں ؛ یہہ خواہش کرتے ہیں کہ احکام شریعت حقہ کے بجالاویں ' ممنوعات و محرمات سے بچیں ؛ مباح کے مزے اُڑاویں ؛ نیک طریقہ اور اچھے پیشہ اور مباح وسیلوں سے دنیا کمائیں ؛ اور پھر جسطرح خدا کی مرضی ہی نیک کاموں میں اُس کو صرف کریں ؛ کہ یہی مرضی خدا کی اور یہی حکم شریعت مصطفی کا ہی .

مگر نہایت افسوس ہی کہ مسلمانوں کا حال روز بروز بدتر ہوتا جاتا ہی ؛ مفلسی اُنکو گھیرتی جاتی ہی ؛ جرایم میں وہ مبتلا ہوتے ہیں یا جھلنانے اُن سے بھرے جاتے ہیں ؛ بیڈیں اُنکے پیروں پر لگتی ہیں ؛ ڈگریوں میں وہ پکڑے جاتے ہیں ؛ جائدادیں اُنکی فروخت ہوتی جاتی ہیں ؛ مگر وہ بے رحم اُن کے حال پر رحم نہیں کرتے ' اور اُن کو بھکانے سے باز نہیں آتے . وہ اپنے اس قول پر "نیمزنک لافریقہم الی یوم الدین" جمے ہوئے اور ثابت قدم ہیں . حال کے ایک انگریزی اخبار انٹین پبلک اُپینین لاہور میں ' مسلمانوں کا حال چھپا ہی ' اُسکا ماحصل ہم اس مقام پر لکھتے ہیں ' شاید مسلمان متنبہ ہوں .

اخبار مذکور نے مسلمانوں کے حالات پر غور کرکر یہہ اصول قایم کیا ہی " کہ اس زمانہ میں مسلمانوں کو ضرور مفلس ہونا چاہیئے . مسلمان کسانوں کا بتدریج مفلس ہونا ' جسکو ہم اس ضلع میں زیادتی مقدمات کا ایک سبب قرار دے چکے ہیں ' قابل لحاظ و غور کے ہی . جو رپورٹیں اور حالات کہ اخبار میں چھپی ہیں ' اُن سب سے پایا جاتا ہی کہ عام ہندوستان میں یہہ افلاس ترقی پر ہی . اس ضلع میں سنہ ۱۸۷۳ ع میں جتنی ڈگریں نقدی کی مہاجنان و دوکانداران نے کیں اُنمیں سے نصف ڈگریں مسلمان کسانوں پر ہوئیں ' اور بمقابلہ کل مقدمات قسم مذکورہ کے بحساب اوسط فی صدی چونتیس مقدمے ہوتے ہیں . جب ہم یہہ بات دیکھتے ہیں کہ منجملہ آٹھہ شخصوں کے ایک شخص بحساب اوسط عدالت کی لڑائی میں مشغول رہتا ہی ' تو تعداد اُن کسانوں کی خیال کرنی چاہیئے کہ کتنے لوگ روپیہ پیسہ کے معاملات میں مبتلا ہوکر عدالت کی لڑائی میں حیران پریشان رہتے ہیں . رجسٹرار جنرل پنجاب کی اخیر رپورٹ سے معلوم ہوتا ہی کہ تیرہ لاکھہ اسی ہزار پونڈ ' یعنی ایک کرور اڑتیس لاکھہ روپیہ کی جائداد غیر منقولہ مسلمانوں کی سنہ ۱۸۷۳ع میں بیع رہن ہوئی مسلمانوں کا مذہب صرف لڑائی اور لوٹ مار کے مناسب ہی ؛ تقدیر پر اندھادھندی سے اعتبار و تکیہ کرنا جیسا یہہ مذہب سکھلاتا ہی ' اور اُس کے معتقدوں کو خوش خوش ایسے موقع کی طرف لیجاتا ہی جس میں یقینی بربادی کا سامان ہوتا ہی ' اور کوئی مذہب نہیں سکھلاتا مگر وہی خیال کہ تقدیر کبھی نہیں ٹلتی تمام جرات اور ہمت کو کھودیتا ہی ' اور ترقی و بہبودی کو پژمردہ کرتا ہی " .

تقدیر کے مسئلہ کی نسبت جو کچھہ صاحب اخبار نے لکھا ہی ' اس میں کچھہ شک نہیں کہ موجودہ حالت مسلمانوں کی ایسی ہی ہی ' اور خود غرض لالچی مولویوں نے درحقیقت ایسا ہی اُنکو سکھلایا ہی ' الا مذہب اسلام کا یہہ مسئلہ نہیں ہی ' خود قرآن میں خدا فرماتا ہی " لیس للانسان الا ماسعی " .

ایک دوسرے اخبار ' مدراس ٹائمز نے مسلمانوں کی موجودہ حالت کی نسبت نہایت عمدہ مضمون لکھا ہی ' اُسکو بھی ہم لکھتے ہیں وہ

لکھتا ہی کہ "مسلمان ہندوؤں کے بادشاہوں کے مشابہ ہیں، جو کہ گذشتہ بات کو بھولتے ہیں اور نہ کسی بات کو جو آیندہ اُن کے لیئے مفید ہوسکیہتے ہیں؛ یہہ لوگ ہر بات میں سان رہتے ہیں؛ حرکت کرنے کی کبھی اُنکو خواہش نہیں ہوتی۔ یہہ لوگ درز میں پیچھے پڑ گئے، اور گو ممکن ہی کہ بڑی کوشش سے اوروں کی برابر جاویں، مگر وہ کوشش کرنے کی خواہش اُن کو معلوم نہیں ہوتی، اور نتیجہ اس کا یہہ ہوگا کہ بلحاظ قرمیت اور مرتبہ و اختیار کے، مسلمان بالکل گم ہوجائینگے۔ اب یہہ لوگ گویا اپنے امتحان پر ہیں، اور اگر چوکے تو ممکن نہیں کہ دوسرا موقع اُن کو مل سکے۔ یہہ تسلیم کرنا چاہیئے کہ ان لوگوں کی حالت عجیب ہی۔ یہہ لوگ سابق میں اس ملک کے فتح کرنے والے تھے، اور اب اُن کو مفتوحوں میں اپنا شمار ہونے کا بالطبع رنج ہوتا ہی مذہبی تعصب اور غرور، اور تعلیم کا جھوٹا خیال مسلمانوں کو اپنی ترقی کے اُس میدان میں پیر رکھنے سے باز رکھتا ہی جس میدان کو اُنہوں ہی کرنا ضرور ہی۔ پیشتر اسکے کہ بمقابلہ اپنے ہوشیار ہمسایہ ہندوؤں کے قوکری یا اپنی روزی پیدا کرنے کی اُمید کریں۔ جو قوم کہ تھوڑا عرصہ گذرا اُن کے تابع تھی، اُس کے ساتھہ مقابلہ کرنے میں اُن کے فخر کو سخت ضرر پہنچتا ہو، مگر اُن کو چاہیئے کہ اپنی حالت کو تبدیل کرنے کے لیئے کافی ہمت اور اُس مقابلہ میں سخت کوشش کرنے کے لیئے کافی جرأت اور اپنی ذات کی عزت کا خیال رکھنے کے لیئے پوری ہمت کریں اگر تجربہ کی نصیحتوں کو صحیح صحیح نہیں پڑھ سکتے، یا نہ پڑھینگے، تو ضرور تکلیف میں رہینگے۔ منجملہ اُن بڑے بڑے اسباب کے جن سے مسلمانوں کی خرابی ہوئی ہی، روزینہ داری اور لاخراج داری ہی، جس کے وہ یہہ گرویدہ ہیں، ایک بڑا سبب ہی۔ یہہ عادیقہ کاہلی پیدا کرتا ہی، اور کاہلی سے افلاس ہوتا ہی، اور افلاس موجب ہی تاخوشی کا"۔

یہہ شبہہ ملکی ہوتا اور روزینہ دار ہوتا انسان کے لیئے بہت بڑی آفت ہی۔ اس زمانہ میں ملکی معافی دار و روزینہ دار سب سے زیادہ خراب و بری حالت میں ہیں، مگر میری دانست میں ایک اور فرقہ بھی ایسا ہی ہی، یعنی وہ لوگ جو پیروں کو شہر بشہر اپنے مریدوں سے ٹیکس وصول کرتے پھرتے ہیں، یا مسجد پر بیٹھہ کر جھوٹے سچے قصہ سناکر اور واعظ بن کر لوگوں سے روپیہ لیتے پھرتے ہیں، اور بہت سے وہ لوگ ہیں جو اپنے تئیں کسی پیر فقیر کے خاندان کا بتاکر، کسی درگاہ کا خادم بہہ کر، یا مکہ معظمہ کا معارف اور مدینہ منورہ کا زیارت کرنے والا بتاکر روپیہ مانگتے پھرتے ہیں۔ جو مسلمان کہ ان لوگوں کے ساتھہ سلوک کرتے ہیں، وہ حقیقت اپنی قوم کے یعنی مسلمانوں کے دشمن ہیں۔ نا مہذب حیوانات نہایت بری چیز ہی، اس سے قوم میں مفلسی اور ناآسودگی، بے حیائی اور بے غیرتی پیدا ہوتی ہی۔

راقم
سید احمد

مضمون نمبر ۱۹۸

لکچر

نمبر ۱

مانسیور ایف گیزٹ صاحب فرانسیسی کا سولزیشن پر

اے صاحبو

ممالک یورپ † کی سولزیشن یعنی شایستگی کو یکجائی اور بالاجمال اس لیئے بیان کیا جاتا ہی، کہ اُن ملکوں کی جداگانہ شایستگی کے باہم ایک ایسا اتحاد نکلتا ہی جس کے سبب سے اُن تمام ملکوں کی شایستگی کو واحد قرار دےسکتے ہیں؛ باوجود اختلافات زمانہ اور مقام اور خاص حالات کے، شایستگی ممالک مذکور کی ایسے واقعات کے ذریعہ سے ہوتی ہی جو آپس میں بہت مشابہ ہوتے ہیں، اور شایستگی اُن ملکوں میں ہر جگہہ ایسے قاعدوں پر ترقی کرتی ہی، اور ہر جگہہ اُس کے ایسے نتیجے پیدا ہوتے ہیں جو باہم متحد اور مشابہ ہوتے ہیں: پس ایک ایسی شایستگی کا وجود پایا جاتا ہی جس کو یکجائی شایستگی بلاد یورپ نام رکھہ سکتے ہیں۔

بلادیورپ کی شایستگی پر یکجائی گفتگو کرنے کی دوسری وجہہ یہہ ہی، کہ شایستگی کے حالات مکمل کسی ایک ملک سے بہم نہیں پہونچ سکتے؛ کیونکہ کسی ایک ملک میں ممالک مذکور میں سے شایستگی کا ظہور بطور کامل نہیں ہوا ہی، بلکہ ایک جزو اُس کا ایک ملک میں، اور دوسرا جزو اُس کا دوسرے ملک میں، اور علی ہذاالقیاس: پس یہہ ضرور ہی کہ کچھہ فرانس، کچھہ انگلستان، کچھہ اسپانیہ، اور

† ممالک یورپ کی تفصیل یہہ ہی — انگلستان — اسکاٹلینڈ ایرلینڈ — فرانس — اسپانیہ — ہالنڈ — بلجیم — اٹالیہ — سوئٹزر لینڈ اسٹریا — جرمن — پرشیا — ٹرکی — روس — یرتان — سوئڈن ناروے — جزایر بحر قلزم — ان میں سے اٹالیہ وہ ملک ہی جس کا بڑا شہر روم قدیم ہی اور وہی دارالخلافت شاہنشاہی رومی قدیم کا تھا — ٹرکی سے حال کی رومی سلطنت مراد ہی جو اہل اسلام کے قبضہ میں ہی اور جس کا دارالسلطنت قسطنطنیہ ہی — مترجم

کچھہ جرمن سے اجزاء مختلف لیکر ' کامل شایستگی کی تاریخ لکھی جاوے ۔

ملک فرانس ایسے موقع پر وسط میں واقع ھی ' جس سے اُس کو ممالک یورپ کی شایستگی حاصل کرنے کا عمدہ ذریعہ موجود ھی ۔ کسی شخص کی تعریف بیجا کرنی بلکہ اپنے ملک کی بھی بیجا تعریف کرنی ھرگز نہیں چاھیئے ؛ لیکن یہہ کہنا کہ فرانس ھمیشہ شایستگی کا مرکز رھا ' کچھہ خود ستائی نہیں ھی ۔ اس سے ھماری یہہ مراد نہیں ھی کہ فرانس شایستگی حاصل کرنے میں سب قوموں کا پیشوا رھا ھی ؛ ایسا دعوی کرنا بے شک لغو ھی : کیونکہ زمانہ ھاے مختلف میں ملک اٹلی ایجاد اور ترقی فنون میں ' اور انگلستان ملکی معاملات اور تدبیروں میں ' سبقت لے گئے ؛ اور دوسرے ممالک بھی اور امور میں فرانس سے افضل ھوگئے ھوں : مگر اس سے انکار نہیں ھوسکتا کہ جب اھل فرانس ترقی اور شایستگی میں آپ کو مغلوب اور پس ماندہ پاتے ھیں ' تو اُن میں ایک ایسا نیا جوش اور غیرت ظاھر ھوتی ھی ' جس سے پھر وہ سعی اور کوشش کرکے اور قوموں کی برابر ھوجاتے ھیں ' یا اُن سے آگے بڑھ جاتے ھیں ؛ اور صرف یہی خوش قسمتی فرانس کی نہیں ھی بلکہ جب کبھی کچھہ قواعد اور امور شایستگی ' گو وہ کسی ملک میں ایجاد اور پیدا ھوئے ھوں ' اور ملکوں میں شایع ھوکر عام فیضرسانی کا باعث ھونا چاھتے ھیں ' تو اول اُن کی تراش خراش فرانس میں ایسی ھوجاتی ھی جس کے بغیر وہ علی العموم شایع اور مفید نہیں ھوسکتے : فرانس اُن کے حق میں گویا دوسرا مقام اُن کی پیدایش کا قرار پاتا ھی ۔ کوئی امر اور قاعدہ شایستگی کا شاید ایسا نہوگا جس کی نشو و نما اسیطرح سے فرانس میں نہوئی ھو ۔ وجہہ اسکی یہہ معلوم ھوتی ھی کہ فرانس کے تمدن اور ھمدردی کا طرز ایسا ھی ' جس کا اثر لوگوں کے دلوں پر بہت آسانی اور خوبی سے ھوتا ھی ؛ کسی اور قوم کی طبیعت ایسی رسا نہیں ھی ۔ اھل فرانس کے خیالات بہ نسبت اور قوموں کے زیادہ عام پسند ھیں ' اور تمام لوگوں کو زیادہ صاف اور قابل فہم معلوم ھوتے ھیں ' اور اُن کا جلد اثر ھوتا ھی : غرضکہ سہولت سخن ' اور صفائی تقریر ' اور عمدہ طرز تمدن ' اور باھمی ھمدردی کے باعث سے فرانس شایستگی میں پیشوا ھونے کے بہت مناسب اور لایق قرار پایا ۔

پس واقعہ شایستگی کے بیان میں فرانس کو شایستگی کا مرکز قرار دینا بیجا اور خود رائی نہیں ھی ؛ فی الحقیقت شخص شایستگی کا فرانس دل اور جگر ھی ۔

ھمنے شایستگی کو واقعہ کے لفظ سے جان بوجھہ کر اس لیئے تعبیر کیا ھی کہ شایستگی بھی ' مثل دیگر واقعات کے ' ایک ایسا واقعہ ھی جس کے حالات قابل ھو سکتے ھیں ' اور اُس کی تحصیل کی جا سکتی ھی ۔

کچھہ عرصہ سے بہت سی بحث ھو رھی ھی ' کہ علم تاریخ کو صرف بیان واقعات پر محدود کرنا چاھیئے ؛ بیشک اس سے بہتر اور درست کوئی بات نہیں ھی : مگر واضح رھے کہ لوگوں کے سرسری خیال کی یہ نسبت واقعات قابل بیان بہت کثرت سے ھیں ' اور بہت مختلف قسموں کے ھیں : مثلاً واقعات محسوسہ ؛ جیسے لڑائیاں ' اور معاھدے ملکی ؛ اور واقعات اخلاقی جن کا وجود چوچھہ محسوس نہونے کے کچھہ بے اصل نہیں ھی ؛ اور واقعات خاص جنکا نام بلحاظ ھر واقعہ خاص کے جدا گانہ ھوتا ھی ؛ اور واقعات عام جن کا کوئی خاص نام نہیں لے سکتے ' اور جن کے ظہور کی تاریخ صحیح صحیح بیان کرنی ' اور اُنکو کسی مقام یا شخص سے محدود اور مخصوص کرنا غیر ممکن ھی : مگر باوجود اس کے وہ واقعات ' دیگر واقعات تاریخی سے ' کچھہ کم قدر و منزلت نہیں رکھتے ؛ اگر ھم اُن کو علم تاریخ میں سے خارج کریں تو سلسلہ تاریخ کا شکستہ اور نا کامل ھوجاوے ۔

علم تاریخ کے جس حصہ کو ھم تاریخی فلسفہ کہتے ھیں ' یعنی تعلقات درمیان واقعات اور اُنکے اسباب اور نتیجوں کے ۔ بالتحقیق وہ حصہ ایسے واقعات سے بھرا ھوا ھی ' جو قدر و منزلت میں اُن واقعات تاریخ سے کم نہیں ھیں ' جنکو ھم واقعات محسوس کہتے ھیں ' جیسے لڑائیاں ' زلزلہ وغیرہ — تاریخی فلسفہ کے ایسے واقعات کو دیگر واقعات سے علحدہ کرنا بیشک مشکل ھی ' اور اُن کے بیان میں ھم سے غلطی ھو جانی کچھہ بعید نہیں ' اور اُن کے بیان کو دلچسپ و رنگین کرنا بھی آسان نہیں : مگر ان دشواریوں کی وجہہ سے اُن کی ماھیت نہیں بدلتی ' اور وہ بھی علم تاریخ کا ایسا ھی ضروری جزو ھیں ' جیسے واقعات محسوسہ ھیں ۔

شایستگی بھی اُنھیں واقعات میں سے ھی ' یعنی واقعہ شایستگی ایک عام اور مخفی اور پیچیدہ واقعہ ھی ؛ مگر ایسا ھونے سے اُس کے وجود میں کچھہ نقصان نہیں آتا ' اور دیگر واقعات سے کم قابل بیان نہیں قرار پاتا ۔ اس واقعہ کی نسبت ھم بہت سے سوال کرسکتے ھیں ' یعنی ھم پوچھہ سکتے ھیں ' اور استفسار کیا بھی گیا ھی ' کہ آیا شایستگی بھلائی ھی یا برائی ؟ بعض آدمی اُس کی بہت شکایت کرتے ھیں ' اور بعض اُس سے خوش ھوتے ھیں ۔ ھم پوچھہ سکتے ھیں ' کہ شایستگی ایک عام واقعہ ھی — آیا انسان کی تمام نسلوں کے واسطے کوئی شایستگی عام ھی ' یا انسانیت کا کوئی عام مقتضی ھی ؟ آیا مختلف قومیں اپنے اپنے زمانہ میں کوئی ایسی چھوڑ باقی چھوڑ جاتی ھیں ' جو کبھی معدوم نہیں ھوتی ' اور جس کو کوئی ھوتے

ہوتے ایک بڑا ذخیرہ ہو جاتا ہی، اور وہ ہمیشہ قایم رہیگا ؟ میرے نزدیک یہہ امر قابل یقین ہی ، کہ حقیقت میں انسانیت اپنا ایک عام مقتضی رکھتی ہی : یعنی مجموعہ شایستگی کا ہمیشہ برابر ایک زمانہ سے دوسرے زمانہ کو پہونچتا رہا ہی ۔ پس شایستگی کی ایک عام تاریخ قابل تحریر کرنے کے موجود ہی ؛ لیکن قطع نظر ایسے بڑے اور مشکل سوالات کے ، اگر ہم اپنی تقریر کو وقت اور مقام کے حدود میں محصور کریں : یعنی اگر ہم کسی قوم کی چند صدیوں کی تاریخ پر اکتفا کریں ، تو ظاہر ہی کہ اُن حدود کے اندر شایستگی بمنزلہ ایسے واقعہ کے موجود پائی جائیگی ، جس کے حالات قابل بیان ہونگے ؛ اور ایسے ہی واقعہ کو تاریخ کہتے ہیں ؛ بلکہ یہہ بھی کہنا چاہیئے کہ شایستگی کی تاریخ سب تاریخوں سے اعلی ہی : یعنی تمام تاریخیں اُس میں شامل ہیں ۔

کیا ہمکو یہہ معلوم نہیں ہوتا کہ واقعہ شایستگی سب واقعات سے افضل ہی ؟ یہہ ایسا عام اور معین واقعہ ہی کہ اور تمام واقعات آسپر ختم ہوتے ہیں ، اور انجام اُن سب کا اُسی پر ہوتا ہی ۔ اُن تمام واقعات پر ، جن سے کسی قوم کی تاریخ مرکب ہو ، اور جنکو ہم اُس قوم کی زندگی کے اجزا سمجھتے ہیں ، غور کرنی چاہیئے : یعنی اُس قوم کی تمام رسم و رواج ، اور تجارت ، اور ہنر ، اور فن ، اور لڑائی اور معاملات ملکی پر نظر ڈالنی چاہیئے ۔ پس جب ہم اِن تمام واقعات کو بہیئت مجموعی بلحاظ اُنکے تعلقات کے دیکھیں ، اور سوچیں سمجھیں ، تو ہم یہہ دریافت کرینگے کہ اُس قوم کی شایستگی کو اُن واقعات سے کیا مدد ملی ، اور کیسا اثر اُنکا اُس پر ہوا : اِس طریقہ سے ہم اُن واقعات کا صرف پورا خیال ہی نہیں باندھ سکتے ، بلکہ اُنکی اصلی قدر و منزلت بھی دریافت کرسکتے ہیں ۔ وہ واقعات بمنزلہ دریاؤں کے ہیں ، اور شایستگی ایک قسم کا سمندر ہی ، اور ہم پوچھتے ہیں کہ اُن دریاؤں سے کسقدر پانی کی امداد اُس سمندر کو پہونچی ؟ شایستگی ایسی شی ہی کہ اُسی سے ایک قوم کی دولت مرکب ہوتی ہی ، اور اُسی میں اُس قوم کی زندگی کے تمام اجزا اور وہ سب قوام ، جو اُس قوم کے وجود کا باعث ہوتے ہیں ، جمع ہوتے ہیں ۔ یہہ امر ایسا صحیح ہی ، کہ جو واقعات ناپسندیدہ اور مضر ہیں اور سب قوموں کے سینہ میں بہت بری طرح کھٹکتے ہیں : مثل ظالمانہ حکومت اور بد معاملی کے ، اگر اُن سے بھی کسی طرح شایستگی کو مدد پہونچی ہو اور کوئی حاصل ہوئی ہو تو کسیقدر ہم اُن کے نقصانوں سے چشم پوشی اور اُنکی بری خاصیت سے درگذر کرسکتے ہیں ؛ اور اُن کو بھی توجہ کے قابل قرار دے سکتے ہیں : یعنی کسی قسم کے واقعات سے شایستگی پیدا ہوئی ہو ہم اُن کے نقصانوں کو جو اُس کی تحصیل میں اُٹھانے پڑے ہوں ، اُسکی خاطر سے بھول جاتے ہیں ۔

علاوہ اُنکے ایسے واقعات ہیں جنکو تمدن سے متعلق نہیں کرسکتے ؛ بلکہ وہ خاص واقعات ہیں جو ، بہ تسبیط عام معاملات کے ، زیادہ تر انسان کی روح سے علاقہ رکھتے ہیں : یعنی مذہبی عقائد ، اور حکیمانہ خیالات ، اور علوم دقیق ، اور انشاء اور فنون ؛ اِن سب واقعات سے اخلاق کے کامل کرنے کے واسطے ، اور سرور حقیقت یعنی عقل کی تکمیل کے لیئے انسان سروکار رکھتا ہی ؛ اور اُن سے یہہ مقصود ہوتا ہی کہ انسان کی دلی حالت اور اُس سرور کو ترقی ہو ، جو عقل اور فہم سے علاقہ رکھتا ہی ؛ اور وہ تمدن سے چندان تعلق نہیں رکھتے : مگر اِن واقعات پر بھی انکو شایستگی کے لحاظ سے توجہ کی جاتی ہی ، اور صرف شایستگی کے تعلق کی وجہ سے قابل التفات متصور ہوتے ہیں ۔ سب وقتوں ، اور تمام ملکوں میں ، مذہب نے لوگوں کے شایستہ کرنے کا کام اپنے ذمہ لیکر فخر حاصل کیا ہی ؛ اور علوم دقیق ، اور علم انشاء ، اور ہنر و فن ، اور تمام عقلی اور اخلاقی خوشگوار شغلوں نے بھی اس فخر میں شریک ہونے کا دعوی کیا ہی : جب ہم اُن کے اُس دعوے کو تسلیم کرتے ہیں ، تو اُنکو سزاوار تعریف و توجہ کے قابل قرار دیتے ہیں ۔ پس ظاہر ہی کہ جو واقعات قطع نظر اپنے خارجی نتیجوں کے بذاتہ بڑی وقعت رکھتے ہیں ، اور جنکو صرف روح انسان سے علاقہ ہوتا ہی ، وہ بھی شایستگی کے ساتھہ تعلق رکھنے سے زیادہ تر قدر و منزلت کے قابل ہو جاتے ہیں : غرض کہ اس عام واقعہ یعنی شایستگی کا ایسا بڑا مرتبہ ہی ، کہ اُس کے سبب سے ہر ایسی شی کو ، جو اُس سے کچھہ علاقہ رکھتی ہی ، قدر و قیمت حاصل ہوجاتی ہی ۔ ان تمام واقعات یعنی مذہبی اور حکیمانہ خیالات ، و علوم و فنون کی صرف قدرو منزلت ہی شایستگی کی وجہ سے نہیں پڑ جاتی ، بلکہ بعض موقعوں پر ہم اُن کی صاحبیت اور خوبی کا اندازہ خصوصاً اُس اثر اور دخل کے لحاظ سے کرتے ہیں ، جو شایستگی پر اُنکا ہوتا ہی : یہی اثر اور دخل ایسا ہی کہ اُسکو کسیوقت میں کسی درجہ تک واقعات مذکور کی قدرومنزلت اور سودمندی کا قطعی پیمانہ ٹھہرایا جاتا ہی اب اُس واقعہ کی تاریخ لکھنے سے پہلے ، یہہ دریافت کرنا چاہیئے کہ وہ ایسا بڑا اور عمدہ واقعہ کیا ہی ، جو قرصوں کی زندگی کے تمام اجزا کا مجموعہ اور نتیجہ ہی ؟ اس کے جواب میں ہم کوئی نوی حکیمانہ راے ظاہر نہیں کرینگے ، اور نہ کوئی ایسا قاعدہ یا منطقی اصول قایم کرینگے ، جسکے نتیجہ کو سولیزیشن یعنی شایستگی قرار دیں ؛ کیونکہ ایسا طرز اختیار کرنے سے اکثر غلطی کا احتمال ہوتا ہی : ہمکو صرف ایک واقع کا ثابت کرنا اور بیان کرنا منظور ہی ۔

مدت تک انگلش ملکوں میں لفظ سولیزیشن یعنی شایستگی کا استعمال رہا ہی ، اور لوگوں نے اُس کی تشریح میں مختلف خیال

ظاہر کیئے ہیں، جو تھوڑے بہت وسیع اور صاف ہیں؛ اور لوگ اُسکے مختلف معنی سمجھے ہیں: مگر ہمکو اُس کے ایسے معنوں پر توجہہ کرنی چاہیئے جو اصلی اور عام فہم ہوں. پس واضح ہو کہ نہایت عام لفظوں کے مروج معنوں میں، بہ نسبت اُن خاص علمی تشریحوں کے جو بہت احتیاط اور غور سے کی جاتی ہیں، زیادہ تر درستی پائی جاتی ہی؛ اور لفظوں کے معنے عام رائے کے ذریعہ سے، جو انسانیت کی خاص علامت ہی، قایم ہوتے ہیں: یعنی معمولی معنی کسی لفظ کے بلحاظ دایمی وقوع واقعات کے بتدریج قایم اور معین ہوا کرتے ہیں. جب کوئی واقعہ ایسا پیش آتا ہی، جسکا اظہار کسی لفظ سے ممکن ہوتا ہی، تو وہ لفظ بالطبع واسطے ظاہر کرنے اُس واقع کے موضوع ہوجاتا ہی اور اُسی کے معنی وسیع ہوتے جاتے ہیں، اور رفتہ رفتہ وہ سب مختلف واقعات اور خیالات، جو بمقتضاء حالات کے لوگ اُس لفظ میں داخل کرتے ہیں، اُس سے منسوب ہوجاتے ہیں.

برخلاف اس کے، جب کسی لفظ کے معنے از روے علم قرار دیئے جاتے ہیں، تو وہ کسی ایک یا چند آدمیوں کے ایجاد ہوتے ہیں: اسی سبب سے وہ بہ نسبت عام پسند معنوں کے صحیح اور درست ہوتے ہیں. لفظ سولیزیشن یعنی شایستگی کے اصطلاح پر معنی لینے سے، کہ ہم اُسپر بطور ایک واقعہ کے لحاظ کریں، اور اُن تمام خیالات کو جو اُس لفظ میں داخل ہیں انسانوں کی عام رائے یا فہم کے موافق تحقیق کریں، اُس کے علمی معنوں کے اختیار کرنے کی بہ نسبت، جو بادی النظر میں زیادہ صاف اور درست معلوم ہوں، واقعہ شایستگی کے سمجھنے میں ہمکو بہت زیادہ دسترس ہوگی.

اب اس تحقیقات کی ابتدا ہم چند فرضی مثالوں سے کرتے ہیں: یعنی انسانوں کے تمدن اور معاشرت کی چند فرضی حالتیں بیان کرکے دریافت کرینگے، کہ اُن حالتوں میں عام رائے کے بموجب لوگوں کی کونسی ایسی حالت پائی جاتی ہی، جو دلیل اسبات کی ہو کہ وہ اپنے آپ کو روز بروز شایستہ کرتے جاتے ہیں، اور اُن سے کونسی ایسے معنے پیدا ہوتے ہیں جن کو لوگ لفظ شایستگی سے منسوب کرتے ہیں.

پس اول ہم ایک ایسی قوم فرض کرتے ہیں، جس کی معاشرت کے ظاہری حالات اچھے ہوں: یعنی لوگ بخوبی عیش و عشرت کے ساتھہ اوقات بسر کرتے ہوں، اور چند محصول ادا کرکے سختی اور تکلیف سے آزاد رہتے ہوں، اور اُن میں عدل و انصاف بھی اچھی طرح سے ہوتا ہو: غرض کہ اُن کی جسمانی حالت بہت بہتر ہو، اور اُن کی جان و مال کی حفاظت کا بخوبی انتظام موجود ہو؛ مگر اسی کے ساتھہ اُن کی عقل اور اخلاق کا وجود ایسی بری طرح قایم ہو، جس کو نشو و نما نہ دی جاتی ہو، بلکہ نہایت پژمردہ اور دبا کر رکھا گیا ہو؛ یہہ ہم نہیں کہتے کہ وہ قوم مظلوم ہو بلکہ ظلم کا خیال بھی اُس کو نہ آتا ہو. ایسی قوموں کی مثالیں بھی موجود ہیں: چنانچہ اکثر ایسی چھوٹی سلطنتیں ہوئی ہیں جن میں امراء کو غلبہ اور نزدیک حاصل رہی ہی، اور عوام بھیڑوں کے گلوں کی طرح رکھے گئے ہیں، یعنی اُن کو خوب کھلا پلاکر خرش و خرم رکھا ہی؛ لیکن اُن کی عقل اور اخلاق کی کچھہ بھی ترقی یا اصلاح نہیں کی گئی: تو اب ہم یہہ پوچھتے ہیں کہ ایسی حالت کو شایستگی کہینگے؟ کیا ایسی قوم اپنے آپ کو شایستہ کرتی جاتی ہی؟

اب دوسری ایک ایسی قوم فرض کرتے ہیں، جس کی جسمانی آسایشیں اُس سے کمتر ہوں: یعنی اُس قدر عیش و آرام اس قوم کو حاصل نہو جس قدر پہلی مفروضہ قوم کو تھا؛ لیکن جس قدر ہو وہ قایم رہنے کے قابل ہو؛ اور اس قوم کے لوگوں کی عقلی اور اخلاقی ضروریات کی طرف سے غفلت نہ کی جاتی ہو؛ بلکہ کسی قدر ایسے سامان موجود ہوں جن سے اُن کی عقل ترقی پاوے؛ اور عمدہ عمدہ خیالات کی وہ تحصیل کرتے ہوں، اور مذہبی اور اخلاقی مسائل میں بھی اُنہوں نے شگفتگی حاصل کی ہو؛ مگر باب آزادی اُن پر بالکل بند کردیا گیا ہو. غرض کہ جسطرح پہلی مفروضہ قوم میں ضروریات جسمانی کا سر انجام بخوبی تھا؛ اِس قوم میں عقل و اخلاق کی حاجتیں پوری کی گئی ہوں، اور ہر شخص بقدر اپنے حصہ کے سچائی اور راست بازی سے محروم نہ رہا ہو؛ لیکن وہ خود اپنے لیئے راستی اور صداقت کے تلاش کرنے کا مجاز نہو، یعنی اُس قوم کے اخلاق کے قایم رہنے کی مقدم علامت یہہ ہو، کہ اُس کے خیالات میں تبدیلی روا نہ رکھی گئی ہو؛ چنانچہ ایسی حالت اکثر ایشیا کی قوموں کی ہی، جن میں قولی اور صفات انسانی پر † ایسے احکام کے ذریعہ سے قید اور بندش رکھی گئی ہی، جن کا خاص خدا تعالی کی جانب سے نازل ہونا تسلیم کیا گیا ہی، اور انسانیت کو شگفتگی اور ترقی نہیں دی جاتی. یہی حال اہل ہندوستان کا بھی ہی. پس اب

† مگر مصنف نے اس بات کا خیال نہیں رکھا کہ جو در حقیقت سچا مذہب ہی اور خدا کی طرف سے دیا گیا ہی، اُس میں کوئی قید اور بند ایسی نہیں ہوتی جس سے انسان کی ترقی کے لیئے کچھہ روک ہو. وہ بندش حقیقت میں عام لوگوں کے خیال میں بندش ہوتی ہی؛ لیکن اس بندش میں یہہ صفت ہی کہ اگر نہایت آزادی سے اُس پر غور کی جاوے، تو آزادی اور ترقچر کے اصول کے بموجب وہی امر سچ قرار پاویگا جسکا بندش نام رکھا گیا ہی. پس نام کا فرق ہی مگر نتیجہ میں کچھہ فرق نہیں، جیسا کہ ہماری رائے میں تہوت مذہب اسلام ہی جو انسانوں کے الہامی مسایل سے بڑی ہی

هم پوچهتے هیں که کیا یهه ایسی قوم بهی اپنے آپ کو روز بروز شایسته کرتی جاتی هی ؟

اب هم ایسی قوم فرض کرتے هیں جسمیں هر شخص کو بهت سی آزادی تو حاصل هو ، مگر نهایت بد انتظامی اور لوگوں میں مساوات کا قهونا پایا جاوے ؛ جو شخص قوی نهو وه مظلوم اور مصیبت میں مبتلا رهکر هلاک هو جاوے ؛ یعنی اُس قوم کی معاشرت کی مقدم مصلحت زور و زبردستی هو . یهه بات بطریق روشن هی که ایک زمانه میں تمام یورپ کا یهی حال تها ؛ تو همارا وهی سوال هی که کیا یهه حالت شایستگی کی هی ؟ گو اس حالت میں شایستگی کے ایسے اصول موجود هوں جو آیندہ بتدریج شگفته هوں ، مگر موجوده حالت میں جو امر غلبه رکهتا هی اُس کو لوگوں کی عام راے یا فهم کے بموجب شایستگی نه کهینگے .

اب هم ایک چوتهی قوم ایسی فرض کرتے هیں ، جس میں هر شخص بالکل آزاد هو ؛ غیر مساوی هونا نهایت بے اثر هو ؛ جسکے جو دل میں آوے کرے ، اور اپنے همسایوں سے دولت و اختیار میں برابر هو ؛ مگر اُس کو عام مقصدوں اور عام کاموں سے کچهه سروکار نهو ؛ اور کسی کو عام خیالات اور عام تدبیروں سے کچهه بحث نهو ؛ غرضکه سامان معاشرت اور باهمی ارتباط نهایت کم هو ، یعنی هر شخص اور هر قسم کے قواء ظاهر اور پیدا هوکر بلا کسی طرح کے باهمی تعلق کے کوئی نشان اپنا نه چهوڑ کر جداگانه دنیا سے گذر جاویں ، اور یهی جداگانه حالت معاشرت کی متواتر پشتوں تک بدستور رهے ؛ چناںچهه یهه حالت وحشی قوموں کی هی ، که اُن میں آزادی اور برابری پائی جاتی هی ، مگر بلا شبهه شایستگی نهیں هی .

اسی طرح کی هم بهت سی مثالیں دے سکتے هیں ، مگر جسقدر بیان کیا گیا وه لفظ شایستگی کے عام پسند اور اصلی معنوں کی تشریح اور اظهار کے لیئے کافی هی .

ظاهر هی که جتنی فرضی حالتیں همنے بیان کیں ، اُن میں سے کوئی حالت ایسی نهیں هی جس کو عام فهم اور عام پسند معنوں کے لحاظ سے شایستگی قرار دے سکیں ؛ کیونکه ان فرضی حالتوں سے صاف ظاهر هی که لفظ شایستگی میں جو امر مقدم داخل هی ، وه اُن میں نهیں هی ؛ یعنی ترقی اور شگفتگی روز افزوں ، جس سے ایسی قوم کا خیال پیدا هوتا هی جو همیشه آگے بڑهتی جاتی هی ؛ نه اس غرض سے که اپنا مقام بدل دے بلکه اپنی حالت کے بدلنے کی غرض سے آگے بڑهتی هی : یعنی ایسی قوم کا خیال پیدا هوتا هی جو تهذیب و تربیت کو خود اپنی حالت سمجهتی هی . الحاصل ترقی اور شگفتگی روز افزوں کا خیال میرے نزدیک ایسا هی ؛ جو سولزیشن یعنی شایستگی کی بیخ و بنیاد هی . اب یهه دیکهنا چاهیئے که یهه ترقی اور شگفتگی کیا چیز هی ؟ مگر اس کا بیان کرنا مشکل هی .

لفظ سولزیشن یعنی شایستگی کی بناوٹ سے اس کا جواب صاف اور اطمینان کے قابل حاصل هوتا هی . لفظی معنی سولزیشن کے سوشیٹل لایف کی تکمیل هی یعنی انسانوں کے باهمی تعلقات یا معاشرت کو شگفته و کامل کرنا .

پس جسوقت کسی ملک کی نسبت لفظ سولزیشن بولا جاتا هی ، تو اُس کے سننے سے همارے دل میں یهی خیال پیدا هوتا هی ، اور هم سمجهتے هیں ، که اُس ملک میں تعلقات باهمی اور معاشرت نهایت وسیع اور شگفته اور تر و تازه هیں ؛ اور اُن کی ترتیب اور اُن کا انتظام بهت اچها هی : یعنی ایک تو یهه بات سمجهتے هیں که لوگوں کو جن ذریعوں سے قوت اور آسودگی حاصل هو ، وه کثرت سے هیں ؛ اور دوسرے یهه که اُن ذریعوں کی تقسیم سب لوگوں میں کمال خوبی اور انصاف سے هی .

مگر کیا سولزیشن یعنی شایستگی کی صرف یهی مراد هی ، اور اُسکے معمولی اور اصلی معنی اسی پر ختم هیں ؟ اُسمیں اور کچهه زیادہ وسعت نهیں هی ؟ کیا انسان کی قومیں چیونٹیوں کے گروہ کی مانند هیں ، یعنی ایسا گروہ هیں که اُس میں بجز حسن انتظام اور جسمانی آرام کے اور کچهه درکار نهیں ؛ جسمیں جسقدر زیادہ محنت اور مشقت کی جاوے ، اُسی قدر زیادہ خوبی اور انصاف کے ساتهه اُس محنت کے ثمروں کی تقسیم هو ، اور مقصد زیادہ یقین کے ساتهه حاصل هو اور ترقی کو کمال هو ؟

هماری طبیعت بمقتضاے انسانیت کے ایسے تنگ اور محدود معنوں سے فوراً برگشته هوتی هی ، اور پهلی هی نظر میں معلوم هوتا هی که لفظ سولزیشن میں اس سے کچهه زیادہ وسعت اور گنجایش هی ؛ یعنی صرف تعلقات باهمی معاشرت اور قوت اور آسودگی کی تکمیل سے سولزیشن یعنی شایستگی کی حالت زیادہ نضیلت رکهتی هی ؛ اور واقعه سولزیشن اور لفظ سولزیشن کے عام مروج معنی ، اور اُس کی نسبت عام راے ، یهه سب همارے اُس خیال سے جسکا ذکر هوا موافقت رکهتے هیں .

پهلے † روم قدیم کی اُس حالت کو خیال کیا جاوے ، جو ‡ کارتهیج

† روم قدیم ملک اٹلی کا اب ایک بڑا شهر هی ، جهاں پوپ یعنی مذهب عیسوی کا پیشوا رهتا هی ؛ یهه شهر زمانه قدیم میں دارالسلطنت رومی شاهنشاهی کا تها اس موقع پر روم قدیم سے روم قدیم کی تمام تلمیح مراد هی .

‡ کارتهیج ایک ملک براعظم افریقه میں تها ، جهاں روم قدیم کی طرح جمهوری سلطنت تهی ان دونوں سلطنتوں میں چند لڑائیاں هوئیں اور مدت تک قایم رهیں ؛ آخرکار رومی سلطنت شاهنشاهی هوگئی .

کی لڑائی کے بعد اُسوقت میں تھی، جب کہ روم کی جمہوری سلطنت کا شباب اور ایسا عمدہ زمانہ تھا کہ روم والے تمام دنیا کی شاہنشاہی حاصل کرنے پر آمادہ تھے، اور لوگوں کی حالت معاشرت ترقی پر تھی؛ اور پھر روم کی اُس حالت، کو دیکھا جاوے، جو شہنشاہ اغسٹس کے عہد میں یعنی اُس زمانہ میں تھی جب کہ اُس سلطنت کا زوال شروع ہوا یا لوگوں کی ترقی روز افزوں رک گئی، اور خراب اور بُرے قاعدے اُن میں مروج ہونے لگے، تو کوئی شخص ایسا ٹھہرگا جو یہہ خیال نکرے، کہ روم اغسٹس کے عہد میں، فیری سیانس یا سنسیٹیشس کے زمانہ کی بہ نسبت، زیادہ شایستہ تھا۔

ہم بہت سی ایسی ولایتوں کا حوالہ دے سکتے ہیں، جنمیں بہ نسبت دوسری ولایتوں کے آبادی اور سرسبزی زیادہ ہی، اور بہت جلد حاصل ہوتی ہی؛ اور لوگوں میں عیش و آرام کی تقسیم نہایت عمدہ ہی مگر باوجود اس کے، ازروے انسانوں کی عام رائے یا ہماری مقتضاے طبیعت کے، سولزیشن اُن ولایتوں کی، بہ نسبت اُن دوسری ولایتوں کے جنمیں معاشرت کی حالت ویسی عمدہ نہیں ہی، کمتر سمجھی جاتی ہی — مگر ہم پوچھتے ہیں کہ یہہ کیا بات ہی؟ کیا اُن دوسری ولایتوں میں، جن کی شایستگی افضل سمجھی جاتی ہی، کچھہ ایسے فائدے موجود ہیں جن سے لوگوں کی رائے میں حالت معاشرت کے اُن نقصانوں کا معارضہ ہوجاتا ہی، جو اُن میں موجود ہیں؟ اسکا جواب یہہ ہی، کہ علاوہ ترقی حالت معاشرت یا باہمی تعلقات کے لوگوں میں ایک اور قسم کی شگفتگی ظاہر ہوتی ہی، جو اُن کے نظر کا باعث ہی: یعنی ہر فرد بشر کی جداگانہ اور ذاتی شگفتگی، جس میں ترقی اُس کے قواء اور ہر قسم کے خیالات کی داخل ہی۔ پس اگر کسی ولایت میں لوگوں کی مجموعی حالت یا حسن معاشرت کی تکمیل یہ نسبت دوسرے ملک کے کم ہو، تو ممکن ہی کہ انسانیت یعنی لوگوں کی ذاتی حالت زیادہ رونق اور آزادی حاصل کرے۔ بے شک ہماری معاشرت کے متعلق بہت سے امور ایسے ہیں جن میں اب تک کامیابی نہیں ہوئی ہی؛ لیکن عقل اور اخلاق کے متعلق بہت سے امور میں ہم کامیاب ہوگئے ہیں؛ چنانچہ ظاہری فائدے اور معاشرت کے حقرق اکثر آدمیوں کو حاصل نہیں ہیں، مگر بہت سے عمدہ اور عالی دماغ آدمی دنیا میں آب و تاب کے ساتھہ موجود ہیں۔ پس علوم دقیق، اور فن، اور علم انشاء وغیرہ سب اپنی رونق دکھلاتے ہیں جہاں کہیں انسان اُن بڑی علمتوں کو دیکھتا ہی، جن کو خرد انسان نے رونق بخشی ہی؛ اور جہاں کہیں اُس عمدہ سرور اور نشاط کے ذریعہ اور خزانے پاتا ہی وہاں سولزیشن یعنی شایستگی کو تسلیم کرتا ہی۔

پس اس بڑے واقعہ سولزیشن میں دو واقعے داخل ہیں، جو دونوں اُسکے وجود کی شرط ہیں: یعنی شایستگی کی دو علامتیں ہیں؛ ایک تو لوگوں کی مجموعی حالت اور معاشرت کا ترقی پر ہونا؛ دوسرے لوگوں کی ذاتی حالت کی اصلاح اور تہذیب ہونا؛ غرض کہ مجموعی ترقی لوگوں کی، اور ہر انسان کی ذاتی انسانیت کی ترقی شایستگی میں شامل ہیں۔ جہاں کہیں انسان کی ظاہری حالت اصلاح پاکر رونق اور شگفتگی پاتی ہی، اور جہاں انسان کی باطنی حالت کو رونق اور شوکت حاصل ہوتی ہی، تو انہیں دونوں علامتوں کے سبب سے، باوجود نہایت ناکامل ہونے حالت معاشرت کے، اکثر ہم بآواز بلند شایستگی کے وجود کو تسلیم کرتے ہیں۔

غرض کہ اگر میری راے غلط نہیں ہی، تو انسان کی اُس تحقیق کا نتیجہ، جو صرف عام راے اور عام فہم کے بموجب کی جاتی ہی، یہی ہی؛ اور اگر ہم عام تاریخ سے شایستگی کی بڑی علامتوں یعنی اُن واقعات کی ماہیت دریافت کریں، جن کی بدولت ازروے عام تسلیم اور عام اتفاق کے سولزیشن کو ترقی ہوئی ہی، تو ہم کو دونوں علامتوں مذکور الصدر میں سے ایک نہ ایک ہمیشہ معلوم ہوگی۔ واقعات مذکورہ ہمیشہ اُس ترقی کی علامتیں ہوتی ہیں، جو لوگوں کو جداگانہ یعنی ہر شخص کو ذاتی حاصل ہوتی ہی، یا سب لوگوں کو عموماً حاصل ہوتی ہی؛ اور بسبب اُن واقعات کے انسان کی باطنی حالت یعنی اُسکے عقاید اور اطوار، یا اُس کی بیرونی حالت یعنی وہ تعلقات جو اُس کو اپنے ہمجنسوں کے ساتھہ ہوتے ہیں تبدیل ہو جاتے ہیں: مثلاً جبکہ مذہب عیسائی ظاہر ہوا تو اُس کی ابتدائی حالت میں اُس کا اثر اور اُسکی مداخلت لوگوں کی مجموعی حالت میں کچھہ نہیں ہوا؛ چنانچہ حامیان مذہب نے علانیہ منادی کی کہ اس مذہب کو لوگوں کی مجموعی حالت سے کچھہ سروکار نہیں ہی، اور اجازت دی کہ ہر قوم اپنے مالک کی اطاعت کرے؛ اور اور جو بڑی بڑی برائیاں اور خرابیاں اُس زمانہ کے لوگوں میں جایز تھیں اُنکی مذمت نہیں کی: لیکن باوصف اسکے کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا کہ † مذہب عیسائی شایستگی کی ایک علامت اور ذریعہ ہوا۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کس وجہ سے؟ جواب اسکا یہہ ہی کہ بباعث اس مذہب کے باطنی حالت انسان کی یعنی عقاید اور خیالات لوگوں کے، بدل گئے؛ اور اُنکی عقل اور اخلاق کی اصلاح ہوگئی —

(باقی آیندہ)

† مذہب اسلام اس سے بہت زیادہ اور عمدہ ذریعہ شایستگی کا ہوا ہی یعنی شروع ہی سے لوگوں کی باطنی حالت اور بیرونی حالت دونوں پر ایک ساتھہ اُسکا اثر اور اُسکی مداخلت ہوئی ہی، اور اُسنے تمام برائیوں اور خرابیوں کی ابتدا ہی سے علانیہ مذمت کی ہی اور غلامی کو بھی منع کیا ہی۔

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] 10 ذیعقدہ سنہ ۱۳۰۶ نبوي سنہ ۱۲۹۱ هجري [نمبر 10

بسم الله الرحمن الرحيم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جو دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور ہر خریدار اُس سال رواں کے شروع سے جس میں وہ خریدار ہوا ہی خریدار تصور ہوگا اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُس کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا بشرطیکہ وہ پرچہ زائد دفتر میں موجود ہو *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہوتے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط ارہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

تتمہ مضمون لکچر نمبر ۱

اصلاح اور تبدیلی واقع ہوئی ' جسکو انسان کی اندرونی حالت سے کچھہ علاقہ نہ تھا ؛ بلکہ انسان کی بیرونی حالت سے متعلق تھی ' یعنی اُس تبدیلی کی وجہہ سے لوگوں کی مجموعی حالت بدل گئی اور اصلاح پذیر ہوگئی : بیشک یہہ تبدیلی بھی شایستگی کی قطعی علامت تھی . تمام علم تاریخ کے دیکھنے سے ہر جگہہ یہی نتیجہ پایا جائیگا ؛ کوئی واقعہ جسکے سبب سے شایستگی کو شگفتگی ہوئی ہو ایسا نہ پایا جائیگا ' جسکی بدولت ایک نہ ایک اثر اُس قسم کا جسکا اوپر ذکر ہوا پیدا نہوا ہو .

پس اگر میری رائے غلط نہو ' تو اصطلاح سوائزیشن یعنی شایستگی کے عام پسند اور طبعی معنی یہی ہیں . میں نے واقعہ شایستگی کی صرف تعریف کی ہے ' اور اُس کی ماہیت کا بیان کامل طور سے نہیں ہوا ؛ مگر بہرحال اُسکی عام علامتیں کامل طور سے ظاہر کردی گئی ہیں ' یعنی دو بڑی علامتیں شایستگی کی یہی قرار پائیں . اب یہہ سوال پیش آتا ہے کہ اِن دونوں علامتوں میں سے کسی ایک سے ' یعنی لوگوں کی مجموعی حالت کی شگفتگی سے ' یا لوگوں کی جداگانہ ذاتی حالت کی ترقی سے ' پوری شایستگی ہوسکتی ہے یا نہیں ؟ یہہ دونوں واقعات ایسا اتصال اور ضروری تعلق باہم رکھتے ہیں ' کہ اگر اُنکا ظہور وقت واحد میں نہو تو بھی اُن میں تفرقہ نہیں ہوسکتا ' اور جلد یا دیر میں ایک سے دوسرا پیدا ہوجاتا ہے .

میرے نزدیک اس سوال کا تصفیہ کرنے میں تین طرح پر عمل ہوسکتا ہے : یعنی ایک تو ہم شایستگی کے اجزا کی خاص ماہیت تحقیق کرکے یہہ بات دریافت کرسکتے ہیں ' کہ اُن کے آپس میں بلحاظ اُنکی اصلیت کے ایسا اتصال اور ارتباط ہے یا نہیں ' اور اُنکا اجتماع ایک دوسرے کے ساتھہ لازم و ملزوم ہے یا نہیں ؛ دوسرے ہم علم تاریخ سے یہہ امر تحقیق کرسکتے ہیں ' کہ اُنکا ظہور ایک دوسرے سے علحدہ اور جداگانہ ہوا ہے ' یا ہمیشہ ایک جزو دوسرے جزو کی پیدایش کا باعث ہوا ہے ؛ تیسرے ہم اس سوال کی نسبت انسانوں کی عام رائے یا عام فہم سے مشورہ کرسکتے ہیں . اول میں عام رائے کی طرف رجوع کرتا ہوں .

جبکہ کوئی بڑا تبدل کسی ملک کی حالت میں واقع ہوتا ہے ' اور اُسکی دولت اور قوت کو بڑی ترقی حاصل ہوتی ہے ؛ اور اُسکے اُن ذریعوں کی تقسیم میں ' جو لوگوں کو بحالت مجموعی حاصل ہوتے ہیں ' انقلاب پیدا ہوتا ہے ' تو اُس ملک واقعہ کی بہت لوگ مزاحمت اور اُس سے مخالفت کرتے ہیں ' اور یہہ مزاحمت ہمیشہ ضرور پیش آتی ہے ؛ اور اُس تبدیلی کے مخالف عموماً یہہ کہتے اور فریاد کرتے ہیں ' کہ لوگوں کی مجموعی حالت کی ترقی منتازعہ سے اُنکی باطنی حالت یعنی اخلاق وغیرہ کی کسیطرح اور کچھہ بھی اصلاح نہیں ہوئی ؛ اور یہہ ترقی نری دھوکا بازی ہے ' واقعی نہیں ہے ' کیونکہ اُسکا نتیجہ اخلاق کے حق میں اچھا نہیں ہے ؛ اور جو لوگ اُن کے باہمی تعلقات اور معاشرت کی ترقی کے طرفدار اور درست ہوتے ہیں ' وہ اس اعتراض کی زور شور کے ساتھہ تردید کرکے برخلاف اس کے کہتے ہیں ' کہ لوگوں کی مجموعی حالت معاشرت کی ترقی سے اخلاق کی ترقی بھی ضرور ہوگی ؛ جب بیرونی حالت کا نظم و نسق بہتر ہوتا ہے تو لوگوں کی اندرونی حالت بھی خالص اور مہذب ہوجاتی ہے : غرض کہ نئی تبدیلی کے مخالفوں اور اُس کے معاونوں کے باہم ' سوال مذکورہ کی یہہ کیفیت ہوتی ہے جو بیان کی گئی .

اب ہم امر مذکورہ بالا کے برعکس فرض کرکے دیکھیں ' یعنی فرض کریں کہ اخلاق کی اصلاح ظہور میں آوے ' تو جو لوگ اُسکی ترقی کے لیئے کوشش کرتے ہیں وہ عموما کس چیز کا وعدہ کرتے ہیں ؛ خیال کرنا چاہیئے کہ جب لوگوں کے فرقہ قایم ہوکر جابجا آباد ہوئے ' اور مذہب کے پیشواؤں اور حکیموں اور شاعروں نے لوگوں کے اطوار کی درستی اور اصلاح میں سعی اور کوشش کی ' تو اُنھوں نے کن کن نتیجوں کا وعدہ کیا . واضح ہو کہ اُنھوں نے اپنی سعی اور کوشش سے یہہ وعدہ کیا ' کہ لوگوں کی مجموعی حالت کی اصلاح ہوگی ؛ اور جو ذریعے ہر قسم کے اُنکو حاصل ہیں اُنکی تقسیم زیادہ خوبی اور انصاف سے ہوجاویگی . پس اب غور کرنا چاہیئے کہ ایسے فسادوں اور وعدوں کا منشاء اور نتیجہ کیا ہے ؟

منشاء اُنکا یہہ ہے کہ لوگوں کو خود اپنی طبیعت سے یہہ جبلی یقین ہے ' کہ سوسائٹی کے دونوں اجزا یعنی معاشرت کی شگفتگی اور اخلاق کی ترقی آپس میں بہت سا ارتباط اور اتصال رکھتے ہیں : اسی طبعی اور جبلی یقین پر وہ لوگ رجوع کرتے ہیں ' جو شایستگی کی دونوں قسموں مذکورہ میں سے کسی ایک قسم کی تائید یا مخالفت کرتے ہیں . اس میں کچھہ شک نہیں ' کہ اگر ہم لوگوں کو یہہ یقین کراسکیں کہ معاشرت کی اصلاح اُنکی باطنی ترقی کو مضر ہوگی ' تو جو انقلاب مجمع عام پر اثر کر رہا ہو اُس کے ضعیف کرنے اور ٹوڑ دینے میں کامیاب ہونگے . برخلاف اس کے جب ہم وعدہ کریں کہ مجموعی حالت کی اصلاح لوگوں کی جداگانہ اور ذاتی تہذیب سے کی جاویگی ' تو ظاہر ہے کہ ایسے وعدوں کا اعتبار کیا جاتا ہے ؛ پس اسوجہہ سے یہہ تدبیر کامیابی کے ساتھہ عمل میں آتی ہے : پس

هر ایک انسان کو اپنی طبیعت اور عقل کی گواهی سے اسبات کا یقین هی ' که شایستگی کی تدبیروں ایک دوسرے سے متعلق اور باهم مخلوط هیں ' اور ایک کے ذریعہ سے دوسری پیدا هوتی هی .

دوسرے ' اگر هم دنیا کی تاریخ پر توجهہ کریں ' تو بهی نتیجهہ اُس سے بهی پیوآمد هوگا ؛ اور معلوم هوگا که تمام بڑی بڑی ترقیاں باطنی انسان کی مجموعی حالت خلایق کو مفید هوئی هیں ؛ دونوں واقعات مذکورہ میں سے ایک نه ایک غلبہ پر اور بڑے اثر کے ساتهہ ظاهر هوتا هوا ' اور جو ترقی هوتی هی اُسپر اپنی خاص علامت کا نقش قایم کرتا هوا پایا جائیگا . بعض اوقات ایک واقعہ کے ظهور سے بهت مدت دراز میں هزارها مزاحمتوں اور انقلابوں کے بعد دوسرا واقعہ ظاهر هوکر اُس شایستگی کو پورا کرتا هی ' جو پهلے واقعہ کے ذریعہ سے شروع هوئی تهی : لیکن اگر اُنکی بخوبی تحقیقات کی جاویگی ' تو باهمی تعلق اُنکا جلد دریافت هوجائیگا . قدرت کے کاموں کی رفتار تنگ حدود میں محصور نهیں هوتی هی ؛ وہ اس بات کے پابند اور اُسپر مجبور نهیں هوتے که جو اصول کل قایم هوا تها ' آج اُسکے نتیجهہ کی پیروی کرے ؛ بلکه قدرت کے کاموں کے نتیجے ایک عرصہ واجب کے گذرنے کے بعد اپنے وقت معین پر ' شاید سیکڑوں برس کے بعد ' ظاهر هوتے هیں . اگرچه وہ دلایل جن کے بموجب قدرت کے کام انجام هوتے هیں همکو صاف صاف معلوم نهوں ' لیکن معلوم نهونے کی وجهہ سے اُس کے اصول کچهہ کم صحیح اور کم مضبوط نهیں هوتے . خدا تعالی کے نزدیک وقت کچهہ هستی نهیں رکهتا . وقت کے اندر سے قدرت اس طرح گذر جاتی هی جیسے † هومر شاعر کے دیرتا خط میں سے ' اور بهت سے زمانوں کے گذرنے پر قدرت کی رفتار کا ایک قدم پورا هوتا هی . خیال کرنا چاهیئے که جب مذهب عیسائی نے مجمع خلایق کے باهمی تعلقات اور معاشرت کی اصلاح میں بڑا اور اچها اثر پیدا کیا ' تو اُس سے پیشتر کتنی صدیاں گذر گئیں ' اور کیسے کیسے بےانتها واقعات ظهور میں آئے ' مگر باوجود اس کے مذهب عیسائی کی تاثیر اور کامیابی میں مدت کے گذر جانے سے کچهہ فرق نهیں هوا ‡ .

تیسرے ' اگر هم تاریخ سے قطع نظر کرکے اُن دونوں واقعات کی ماهیت کو تحقیق کریں جن سے شایستگی مرکب هی ' تو بهی همکو بلاشبهہ یهی نتیجهہ حاصل هوگا . هر شخص کو اپنی خاص حالت سے

† هومر یونان قدیم کا نهایت عالی طبع شاعر تها اُس کی ذهانت اور تاڑ خیالی کی آج تک تمام اهل یورپ بڑے جوش و خروش کے ساتهہ تعریف کرتے هیں .

‡ مذهب اسلام کا عمدہ اور بڑا اثر ایسا سست اور ناقص نهیں

اسی نتیجهہ کا تجربہ هوا هی . جب انسان کے اخلاق میں کوئی تبدیلی واقع هوتی هی ' یعنی به نسبت سابق کے اُس کو کسی خیال یا قوت یا خوبی کا علم زیادہ حاصل هوتا هی ' اور اُس کے سبب سے خاص اُس کی ذاتی ترقی هوتی هی ' تو خیال کرنا چاهیئے که اُسیوقت اور اُسی کے ساتهہ اُس کو کیا خواهش اور کیا حاجت پیدا هوتی هی ؟ وہ اُسوقت یهہ چاهتا هی که میں اپنے نئے خیال کو تمام لوگوں پر ظاهر کروں اور اپنے خیالات کا بیرونی طور سے اضاف اُٹهاؤں . جوں هی کسی شخص کو کوئی بات حاصل هوتی هی ' اور اُس کو اپنی ذات کی نسبت کسی نئی ترقی کا یقین هوتا هی ' اور اُس کی ذات کو زیادہ قدر و منزلت حاصل هوتی هی ' تو وہ اس نئی تحصیل کے قبضہ کا خیال باندهتا هی ' یعنی اپنے آپ کو اُس عمدہ ذریعہ کا قابض سمجهتا هی ' اور اپنی طبیعت کے مقتضا اور تحریک باطنی کے سبب سے وہ اس بات کی خواهش کرنے پر مجبور هوتا هی ' که اُس تبدیلی اور اصلاح کو ' جو خاص اُس کی ذات میں هوئی هی ' اور لوگوں پر وسعت دیوے .

اسی دلی خواهش اور باطنی جوش کے سبب سے دنیا میں بڑے بڑے اصلاح اور تهذیب کرنے والے پیدا هوئے هیں ' یعنی وہ عالی همت لوگ جنهوں نے خود اپنی ذات کو بدل کر روے زمین کی هیئت کو بدل ڈالا ' اور اسی ضرورت اور باطنی خواهش کی وجهہ سے وہ همیشہ اپنی راہ پر ثابت قدم اور آگے کو بڑهتے رهے — اب اسقدر حال اُس تبدیلی کا جو انسان کے باطن میں هوتی هی بیان کرکے دوسری قسم کی تبدیلی پر توجهہ کی جاتی هی . جب کوئی انقلاب خلقت کی مجموعی حالت میں هوتا هی ' اور اُس کے سبب سے اُس حالت کا نظم و نسق اچهی طرح پر هوجاتا هی ' اور مال و دولت اور حقوق کی تقسیم لوگوں میں زیادہ انصاف سے هوجاتی هی ' یعنی دنیا کی صورت زیادہ صاف اور خوشنما هوجاتی هی ' اور ملک کے حاکموں کی کارروائی اور لوگوں کا آپس کے معاملات میں عمل درآمد زیادہ قرین انصاف اور مروت کے ساتهہ هوجاتا هی ' تو کیا هم یهہ خیال کرسکتے هیں که دنیا کی ایسی ترقی یافتہ حالت اور بیرونی حالت کی ایسی اصلاح کا اثر انسان کی باطنی حالت یعنی انسانیت پر لوٹ کر نهیں پڑتا ؟ واضح هو که جو کچهہ قدر و منزلت مثالوں اور نظیروں اور رسم و رواج اور عمدہ نمونوں کو حاصل هی ' اُس کی بنیاد صرف اسی اثر پر قایم هی ' اور هر بیرونی اور خارجی واقعہ ' جس کا نظم و نسق اچهی طرح پر هوا هو ' همیشہ اُسی قسم کے اور اُسی قدر و منزلت والے اندرونی اور باطنی واقعہ کا باعث هوتا هی ' گو دیر میں هو یا جلد ' ناقص هو یا کامل . پس جبکه خلقت کی مجموعی حالت کا انتظام اچهی طرح پر هو ' اور دنیا زیادہ تر انصاف پسند هوجاوے ' تو

اُس کے سبب سے انسان کی ذاتی حالت بھی زیادہ درست اور مہذب ہوجاویگی۔ جسطرح پر کہ خارجی حالت بذریعہ باطنی حالت کے اصلاح پاتی ہی، اُسیطرح باطنی حالت کو خارجی حالت سے تہذیب ہوتی ہی؛ دونوں اجزاء شایستگی ایک دوسرے سے بہت سا اختلاط اور تعلق رکھتے ہیں: ہرچند کہ سینکڑوں برس اور ہر قسم کے موانع اُن کے درمیان میں حائل ہوتے ہیں، اور ممکن ہی کہ اُن کے باہم وصل اور اختلاط ہونے کے لیئے اُن کی ہزار صورتیں بدلتی ہوں، مگر جلد یا دیر میں اختلاط اُن کا ضرور ہوجاتا ہی: اُن کی اصلیت اور عام علم تاریخ اور انسانوں کے دلی یقین تینوں کا یہی نتیجہ اور مقتضاء ہی۔

میں خیال کرتا ہوں کہ اگرچہ میں نے اس مضمون یعنی واقعہ شایستگی کی تعریف میں کامل اور کافی گفتگو نہیں کی ہی، مگر مختصر طرز پر جہاں تک بطور کامل تشریح اُس کے وجود کی ممکن تھی کی ہی۔ غرضکہ اُس کی حدیں قایم ہوگئیں، اور جو بڑے بڑے اُمور اُس کی بیخ و بنیاد ہیں، اور شایستگی کے باب میں توجہ کے قابل ہیں، اُن کو بیان کردیا ہی۔ اسی قدر کافی ہوتا، لیکن ایک اور امر پر گفتگو کرنے سے، جو اس موقع پر میرے خیال میں آتا ہی، میں در گذر نہیں کرسکتا۔ وہ امر تاریخ‌نمائہ امور میں سے نہیں ہی، بلکہ ایسے امور قیاسی میں سے ہی، جنکا ایک سرا تو انسان کے اختیار میں ہوتا ہی، اور دوسرا سرا اُس کی رسائی سے ہمیشہ باہر رہتا ہی؛ اُن کی پوری کیفیت اور اندازہ اُس کو معلوم نہیں ہوسکتا؛ صرف ایک ہی پہلو پر انسان کی نظر پہنچ سکتی ہی: مگر باوجود اس کے وہ اصلی اور واقعی ہیں اور ہماری توجہ کے مستحق ہیں، کیونکہ برخلاف ہماری مرضی کے ہمیشہ ہمارے سامنے موجود رہتے ہیں — اب دریافت کرنا چاہیئے کہ دونوں قسم کی تہذیب اور اصلاح مذکورہ میں سے، جنسے واقعہ شایستگی مرکب ہی، یعنی خلقت کی مجموعی حالت کی ترقی، اور انسان کی جداگانہ ذاتی حالت یعنی انسانیت کی تہذیب میں سے، کون سی قسم اصل مقصود اور نتیجہ ہی، اور کون سی اُس مقصود کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہی؟ آیا انسان اپنی ذات اور قواء اور خیالات کی ترقی اس غرض سے کرتا ہی، کہ انسانوں کی مجموعی حالت یعنی تمدن اور معاشرت کی تکمیل اور دنیوی تعلقات کی اصلاح ہووے، یا خلقت کی مجموعی حالت کی اصلاح اور ترقی اِس مراد سے کی جاتی ہی کہ اُس سے انسان کی ذات اور قواء اور خیالات کی شگفتگی ہو: یعنی خلقت کی مجموعی حالت ہر ایک انسان کی جداگانہ ذاتی حالت کے کام آوے، یا انسان کی جداگانہ ذاتی حالت سے خلقت کی مجموعی حالت کو امداد پہنچے؟ ہمیشہ اس سوال کے جواب پر یہہ بات منحصر رہتی ہی کہ آیا انسان کی ملاء غائی صرف یہی ہی کہ باہم اپنے ہمجنسوں کے رہکر اپنی اوقات گذار دے اور اُس کی ذات بالکل مجموع خلایق کے کام آوے، یا اُس کی ذات میں کوئی اور ایسی چیز بھی موجود ہی جو اُس کی دنیوی زندگی سے برتر اور افضل ہی؟.

اس سوال کو ایک نامی شخص رایر کولرڈ صاحب نے، جنکی دوستی کا فخر مجھکو حاصل ہی، اور جو ایسے جلسوں سے جیسا کہ ہمارا † جلسہ ہی ترقی کرکے زیادہ قوی اور خطر ناک ‡ جلسوں میں اول درجہ پر پہنچے ہیں، اور جنکی گفتگو کا اثر اُن کے تمام سامعین کے دلوں پر ہی، اپنے علم و یقین کے موافق اپنی اُس گفتگو میں حل کیا ہی، جو اُنھوں نے مسودہ قانون تدارک دزدی مال گوجا کے باب میں کی ہی: چنانچہ اُن کی اُس گفتگو میں یہہ دو فقرہ مندرج ہیں "کہ انسان خلقت کے گروہوں میں پیدا ہوتے اور مرتے ہیں، اور اُن کے مقدر اُس سے انجام پاتے ہیں؛ مگر اُن گروہوں میں انسان کی بالکل ذات داخل اور شامل نہیں ہی: علاوہ اُس توجہ کے جو انسان مجموعی حالت یعنی دنیا پر صرف کرتا ہی، اُسکی ذات کا نہایت عمدہ حصہ یعنی وہ اعلی درجہ کے قواء، جنکے ذریعہ سے وہ خدا تعالی تک رسائی حاصل کرتا ہی، اور حیات آخرت اور عالم غیر محسوس کی ایسی خوشی جو یہاں میں نہیں آ سکتی حاصل کرتا ہی، اُس کے پاس باقی رہتے ہیں؛ انسان کا وجود مخصوص بالذات امتیاز اور تصدیق کے قابل اور غیر فانی ہی، اور مقدر اُس کا ملکوں یا خلقت کے گروہوں کے انجام سے مختلف ہی.

میں اس پر کچھہ اپنی طرف سے زیادہ کرنا ضرور نہیں سمجھتا، اور خاص اس امر کی بحث مجھکو منظور نہیں ہی، اس لیئے صرف اُس کے بیان کردینے پر اکتفا کرتا ہوں. شایستگی کی تاریخ میں اُس کا ظہور موجود ہی، یعنی جب تاریخ شایستگی پوری ہو جاتی ہی اور ہماری موجودہ زندگی کی نسبت کچھہ زیادہ کہنا باقی نہیں رہتا، تو ضرور انسان اپنے دل سے پوچھتا ہی کہ آیا اب کوئی چیز اُس کی توجہ کے قابل رہی ہی یا نہیں، اور وہ سب چیزوں کے انجام پر پہونچ گیا یا نہیں؟ پس یہہ امر تمام اُن امور میں سے نہایت عالی ملزات اور آخر ہی، جس کی طرف تاریخ شایستگی ہمکو مایل کرسکتی ہی؛ اس مقام پر اس امر کے صرف مرتبہ اور درجہ کا ذکر کردینا کافی ہی.

---

† اِس جلسہ سے عام جلسہ مراد ہی جو آپس میں لوگ جمع ہوکر نجی کے طور پر کرتے ہیں.

‡ اس جلسہ سے ملکی جلسہ مراد ہی جو بہ نسبت عام جلسوں کے زیادہ قوی اور پر خطر ہوتا ہی.

جو کچھہ بیان کیا گیا ' اُس سے ظاہر ہی کہ شایستگی کی تاریخ دو طریقوں اور دو صورتوں سے بیان ہو سکتی ہی ' اُس کے دو مطمح ہیں : ایک تو یہہ کہ مورخ کسی قوم کی اندرونی اور باطنی حالت پر کیسی معہودہ زمانہ کے اندر اپنی توجہہ مصروف کر سکتا ہی ؛ دوسرے اُس قوم کی بیرونی اور خارجی حالت سے بحث کر سکتا ہی ' یعنی جو واقعات اور تبدیلیاں اور انقلاب انسان کی ذات میں ہوئے ہیں ' اُن کے حالات لکھے ' اور اُسکو ختم کرکے اُس قوم کی مجموعی حالت اُسی زمانہ کی بیان کرے ؛ خواہ اس کے برعکس عمل کرے ' یعنی انسان کی ذات پر توجہہ کرنے کے بدلے وہ دنیا کے حالات کو اپنا مضمون بناوے ' اور انسان کے خیالوں اور رایوں کے انقلابوں کے بیان کرنے کے بجاے وہ انسان کی خارجی حالت یعنی لوگوں کی مجموعی حالت کی تبدیلیوں اور واقعات کو اپنا مد نظر ٹھہراوے . یہہ دونوں حصے اور شایستگی کی تاریخیں آپس میں بہت سا اتصال اور اختلاط رکھتی ہیں ' بلکہ دونوں کو ایک دوسرے کا عکس اور شبیہہ تصور کرنا چاہیئے ؛ مگر باوجود اسکے وہ ایک دوسرے سے جدا ہوسکتے ہیں : خصوصاً آغاز بیان میں تو اُنکو اس نظر سے جدا کرنا لازم ہی کہ ہر ایک حصہ کا مفصل اور صاف صاف بیان ہوسکے. میرا یہہ ارادہ نہیں ہی کہ انسان کی ذاتی اور قلبی شایستگی کی تاریخ پر تمہارے روبرو کچھہ گفتگو کروں ' بلکہ خارجی واقعات یعنی لوگوں کے باہمی تعلقات اور معاشرت کے واقعات محسوسہ کی تاریخ پر متوجہہ ہونا منظور ہی . البتہ میری یہہ خواہش تھی کہ تمام واقعہ شایستگی کی کیفیت ' جیسی وسعت اور پیچیدگی کے ساتھہ میرے خیال میں ہی ' آپ صاحبوں کے روبرو بیان کرتا ' اور تمام بڑے بڑے اُمور جو شایستگی سے متعلق ہیں ظاہر کرتا ؛ مگر بالفعل میں اپنی تحقیق کے میدان کو تنگ اور محدود رکھکر صرف لوگوں کی مجموعی حالت اور معاشرت کی تحقیق اور تاریخ پر اکتفا کرتا ہوں .

میں اس تاریخ کا آغاز اس طرح پر کرونگا کہ یورپ کی شایستگی کے اجزا کا بیان اُنکی ابتدائی پیدایش سے یعنی زوال سلطنت روم قدیم سے کرونگا ؛ اور لوگوں کی مجموعی حالت کا جو کچھہ حال اُس سلطنت کی مشہور و معروف تباہی اور خرابی کے وقت میں تھا ' اُسکو مرقوم کرونگا . مجھکو شایستگی مذکور کے اجزا کو از سرنو شگفتہ کرنا منظور نہیں ہی ؛ اُنکا فراہم اور جمع کردینا مقصود ہی ؛ اور پندرہ سو برس میں جو اُسرتک سے اب تک گذرے ہیں شایستگی مذکور کو جو کچھہ نشو و نما اور شگفتگی ہوئی ہی ' اُس کو مسلسل بیان کرونگا.

میں سمجھتا ہوں کہ جب میں اس واقعہ کی کسی قدر تاریخ بیان کردونگا ' تو یقین کے ساتھہ دریافت ہوگا کہ شایستگی ہنوز کم سن ہی یعنی تھوڑے ہی عرصہ سے اُس کا وجود قایم ہوا ہی ' اور دنیا کی تمام رفتار کا حال ابھی تک ہمارے اندازہ اور قیاس میں نہیں آیا ہی . بے شک ابھی انسان کی فہم و فراست اُس درجہ سے بہت بعید ہی ' جس پر اُس کا پہونچنا ممکن معلوم ہوتا ہی ؛ اپنے انجام تک کے تمام زمانہ کی ماہیت ہماری سمجھہ میں آنی دشوار ہی . اگر کوئی شخص اپنے دل میں غور اور فکر کرکے اُس غایت درجہ کی رفاہ اور فلاح کا نقشہ اور تصور باندھے ' جو اُس کے خیال اور توقع میں ہو ' اور پھر اُس تصور کو دنیا کی واقعی موجودہ حالت سے مقابلہ کرے ' تو اُس کو یقین ہو جاویگا کہ لوگوں کی مجموعی حالت اور شایستگی کی بنیاد تھوڑے عرصہ سے قایم ہوئی ہی ' اور جس قدر راہ ہمنے طے کی ہی وہ ' بمقابلہ اُس راہ کے جو ہنوز طے ہوئی پائی ہی ' نہایت قلیل اور خفیف ہی ؛ مگر اس سے اُس سرور میں کچھہ کمی نہیں ہو سکتی ہی جو ہمکو اپنی واقعی حالت کے سرچشمہ اور سمجھوتے سے حاصل ہو .

جو کہ میں تاریخ شایستگی یورپ کے بڑے بڑے واقعات پندرہ سو برس گذشتہ کی بابت تمہارے روبرو بیان کرنا چاہتا ہوں ' اُن سے تمکو دریافت ہوگا کہ اب تک انسان کی حالت نہ صرف بلحاظ حالات خارجی یعنی تمدن اور معاشرت کے ' بلکہ حالات باطنی یعنی قلبی اور روحی کے اعتبار سے بھی کس قدر جدا گانہ اور آفتوں میں مبتلا رہی ہی . اُس تمام زمانہ میں انسان کی طبیعت کو اُسی قدر سختی اور مصیبت گوارا کرنی پڑی ہی ' جس قدر کہ انسانوں کے مجموعہ کو ؛ اور معلوم ہوگا کہ شاید اول ہی مرتبہ انسان کی ذات ایسی حالت کو زمانہ حال میں پہونچی ہی جو موجود ہی ؛ گو ابھی تک وہ بہت ناقص اور نا کامل ہی ' لیکن ایسی ہی کہ اُس میں کچھہ امن و امان اور صلح اور اتفاق پایا جاتا ہی . یہی حال خلقت کی مجموعی حالت کا بھی ہی ' چنانچہ اُس کو بھی بہت ترقی حاصل ہوئی ہی ' اور انسانوں کی حالت زمانہ سابق کی نسبت آسودہ اور قرین انصاف ہی . جب کہ ہم اپنے بزرگوں کے حال پر نظر ڈالیں تو لیو کریٹس شامو کے اُن اشعار کو اپنی حالت سے منسوب کر سکتے ہیں ' جن کا مضمون یہہ ہی کہ ایک بڑے طوفان میں سمندر کے کنارے پر کسی مقام محفوظ سے ایسے جہازوں کو خطرہ میں دیکھنا ' جو طوفان غضب ناک اور ہوا کے ہولناک کے پنجہ بلا میں مبتلا ہوگئے ہوں ' خوشنما ہی .

اور بغیر کچھہ بہت سی شیخی کے ہم اپنی حالت سے ہر سو کے اُن اشعار کو منسوب کرسکتے ہیں جن کا مضمون یہہ ہی ' کہ خدا کا شکر ہی کہ ہم اپنے پیشینیوں کی بہ نسبت بہت بہتر حالت میں ہیں . مگر ہمکو غافل نہونا چاہیئے اور اپنے عیش و عشرت اور اصلاح و خوبی پر پھولنا نہ چاہیئے ' ورنہ ہم دو بڑے خطروں یعنی شیخی اور کاہلی میں مبتلا ہو جاوینگے ' اور اپنی طبیعت کی قوت اور کامیابی اور روشن ضمیری پر اعتماد بیجا کرنے لگینگے ' اور عیش و آرام کی حالت سے ضعیف اور کراب ہوکر طرح طرح کی آفتوں میں مبتلا ہونگے . مجھکو معلوم ہوتا ہی کہ اب ہم ایسی غیر مستقل حالت کو قبول کرتے جاتے ہیں ' کہ کبھی تو اپنی حالت کی نہایت خفیف وجوہات سے فریاد و شکایت کرنے لگتے ہیں ' اور کبھی بالکل بلا وجہ قانع اور رضامند ہو جاتے ہیں . ہماری طبیعت میں بڑی صلاحیت اور متواتر خواہش اور بے انتہا بلند نظری ہمارے خیال اور دل میں ہمیشہ رہتی ہی ؛ مگر جب ہمکو اپنی زندگی کے متعلق کوئی کام کرنا ہوتا ہی ' اور اُس میں کچھہ دقت اور جانکاہی اور خرچ کرنا پڑتا ہی ' اور اپنے مقصد کے حاصل کرنے میں سعی و کوشش کرنی ہم پر واجب ہوتی ہی ' تو ہمارے ہاتھہ کاہلی سے بغلوں کی جانب جاتے ہیں ' اور ہم اپنے مقصد کو اُسی طرح کی آسانی اور سہل انکاری سے مایوس ہوکر چھوڑ دیتے ہیں ' جس طرح کہ بے خبری اور اضطرابی سے پہلے اُس کی تحصیل کی خواہش ظاہر کرتے ہیں . پس ہمکو ہوشیار ہونا لازم ہی تاکہ ہم تباہتوں میں نہ پڑیں ؛ ہمکو ارادہ کرنے سے پہلے اپنی قوت اور فہم و فراست اور علم کا واجبی تخمینہ کرلینے کی عادت کرنی چاہیئے ' اور جو شے ہمکو اپنے نزدیک ' بطور جایز اور انصافاً اور نہایت درستی اور اُن قاعدوں کے مراعات کے ساتھہ جن پر ہماری شایستگی کی بنیاد قایم ہی حاصل نہوسکے ' اُس کا ارادہ نہیں کرنا چاہیئے . کبھی کبھی ہم ایسے اصول اور طریقے اختیار کرتے ہیں جن پر ہمیشہ خود اعتراض کرتے ہیں اور اُن سے نفرت رکھتے ہیں : یعنی وہ طریقے جنکو وحشت کے زمانہ میں یورپ کے قوی اور زبردست آدمی اپنا حق سمجھتے تھے ' یعنی جانوروں کے سے زور و زبردستی اور کھولی ہوئی دروغ گوئی سے اپنا کام نکالتے تھے . یہہ طریقے چار پانچ سو برس پیشتر بیشک روز مرہ کی عمل درآمد میں تھے ؛ لیکن جب ہم ایسی نامعقول خواہش کو ایک لحظہ بھی گوارا کرتے ہیں ' تو پھر ہمارے اندر نہ تو وہ استقلال نہ وہ وحشیانہ دل کی قوت ' جیسے کہ اُس زمانہ کے لوگوں میں تھی ' پائی جاتی ہی . اُن لوگوں کی حالت رنج اور سختی سے بھری ہوئی تھی ' اسی وجہ سے وہ اُس سے نجات پانے کے لیئے ہمیشہ بضرورت امادہ سعی اور کوشش اور جانفشانی کے رہتے تھے ؛ اور ہم اس زمانہ کے لوگ اپنی حالت پر قانع ہیں .

پس ہمکو چاہیئے کہ کسی ایسی بیہودہ خواہش میں جس کے حاصل ہونے کا ابھی وقت نہ آیا ہو ' دل لگاکر خطرہ میں نہ پڑیں . بہت سا نچھہ ہمکو عطا ہوا ہی ' اور بہت ہی کچھہ اُسکا معارضہ ہمسے طلب کیا جاویگا : آیندہ زمانہ کے لوگ ہمسے ہماری کارروائی اور اُسکے نتیجوں کے حساب کا سخت مواخذہ کرینگے ؛ اب حکام اور رعایا سب کی نسبت مباحثہ اور تحقیق کا عمل میں آنا جایز اور ضروری قرار پایا ہی ؛ اور سب کے سب مواخذہ دار ہیں . پس ہمکو چاہیئے کہ اپنی شایستگی کے اصول کی استقلال اور ایمانداری سے ہمیشہ پیروی کرتے رہیں ' اور اُنسے تجاوز نکریں : وہ اصول یہہ ہیں — انصاف — قانون کے بموجب عمل درآمد — اپنی عام کارروائی اور افعال کا مشتہر کرنا ' کردار اور گفتار کی آزادی — یہہ بات ہمکو ہرگز نہیں بھولنی چاہیئے کہ جب ہم یہہ چاہتے ہیں ' اور ہمارا چاہنا معقول بھی ہی ؛ کہ تمام معاملات ہم پر ظاہر کیئے جاویں اور ہم اُنپر بحث و مباحثہ کرنے کے مجاز ہوں ' تو اُسی کے ساتھہ ہماری کارروائی پر بھی دنیا کی نظر لگی ہوئی ہی ' اور اپنی باری کے وقت ہماری کارروائی پر بھی مباحثہ ہوگا ' اور لوگ اُسکی خوب چھان بین کرینگے .

راقم
ایف گیزٹ بزبان فرانس
مترجمہ
ولیم ہیزلسٹ بزبان انگریزی

لکچر

نمبر ۲

مانسیور ایف گیزٹ صاحب فرانسیسی کا سولزیشن پر

اے صاحبوں

جو کہ مجھکو تھوڑی سی جگہہ میں مختصر کرکے بہت سا مضمون لکھنا منظور ہی ' اِسلیئے میرے لکچروں میں باوجود اس ارادہ کے کچھہ طوالت ہوجاویگی ؛ اور اس اختصار کے ارادہ کے سبب سے ایک اور مشکل پیش آویگی ' یعنی بعض اوقات مجھکو ایسی باتیں بیان کرنی پڑینگی جنکا ثبوت اُسی وقت نہ دے سکونگا ؛ اور ایسے ایسے خیالات اور امور پیش آوینگے جنکی تصدیق آیندہ کسی موقع پر ملتوی رکھی جاویگی : پس مجھکو اُمید ہی کہ آپ صاحب بعضے وقت صرف میرے قول ہی کا بضرورت اعتبار کرینگے .

پہلے لکچر میں میںنے واقعہ شایستگی کی ترضیح عام طور پر ' بغیر تذکرہ کسی خاص شایستگی ' اور بلا لحاظ کسی وقت اور مقام کے ' کی ہی : یعنی صرف نفس واقعہ شایستگی پر محض حکیمانہ طور پر گفتگو کی ہی ' اور اب میں تاریخ سولزیشن یعنی شایستگی یورپ پر گفتگو کرتا ہوں . لیکن اُس کا خاص بیان کرنے سے پہلے آپ صاحبوں کو اُس کی خاص علامتوں سے واقف اور آگاہ کرنا چاہتا ہوں ؛ اور اُس کا ایسا صاف اور روشن امتیاز قایم کیا چاہتا ہوں کہ وہ تمام دیگر شایستگیوں سے ' جو دنیا کے مختلف مقاموں میں ظاہر ہوئی ہیں ' بالکل غیر اور علحدہ ثابت ہوجاوے : غرض کہ میں اپنے اس ارادہ کی مبادرت کرتا ہوں ' اور اچھی طرح تکمیل اُس کی صرف اُس وقت متصور ہوگی ' جب کہ میں یورپ کے لوگوں کی مجموعی حالت کی کیفیت ایسی ٹھیک ٹھیک بیان کرسکونگا ' جس سے اُسکی شناخت اور اُس کا امتیاز ایسا ہوجاوے گویا اُس کی تصویر تمہارے آگے موجود ہی .

جب ہم اُن شایستگیوں پر ' جو یورپ کے زمانہ حال کی شایستگی سے پہلے ایشیا میں یا دنیا کے اور حصوں میں ظاہر ہوئیں' جنمیں یونان اور روم قدیم کی شایستگی کو بھی داخل سمجھنا چاہیئے ' نظر ڈالتے ہیں ' تو خواہ نخواہ ہمارے دل میں یہہ خیال پیدا ہوتا ہی کہ اُن شایستگیوں میں وحدت اور یکرنگی موجود ہی ؛ اور معلوم ہوتا ہی کہ وہ سب واقعہ واحد اور خیال مفرد سے ظہور میں آئیں ؛ اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ خلقت کا تمام گروہ ایک ہی اصول غالب کا پابند رہا ' اور اُسی سے اُس کی تمام رسم و رواج ' اور جامے اور قاعدے ' اور عقاید اور خیالات ' غرض کہ ہر قسم کی ترقیاں ظہور میں آئیں — مثلاً ملک مصر میں اُس اصول † غالب نے تمام مجمع خلایق پر اپنا اثر و دخل کیا ' جسکے بموجب یہہ یقین کیا جاتا ہی کہ فلاں فلاں احکام اور قاعدے خاص خدا تعالی کی طرف سے معاملات دنیوی کے انتظام کے واسطے نازل ہوئے ہیں : چنانچہ یہہ مسئلہ شایستگی مصر کے رسم و رواج اور ہر قسم کی یادگاریوں ‡ اور حالت سے ' جنکا کچھہ بقیہ اب بھی موجود ہی ' ظاہر ہوتا ہی . ہندوستان میں بھی یہی حال پایا جاتا ہی ؛ وہاں بھی اب تک یہی مسئلہ بڑے زور شور سے پھیلا ہوا ہی ؛ اُسکے مقابلہ میں اور خیالات بہت کم ٹھہرتے ہیں ؛ اور مقامات دیگر میں دیگر اصول غالب ' جسکے بموجب گروہ خلایق نے ترتیب پائی ہو ' پایا جاویگا : مثلاً کسی متعمند قوم کا غلبہ . جہاں کہیں یہہ اصول غالب ہوتا ہی ' وہاں صرف زور اور زبردستی پر لوگوں کے قوانین اور رسم و رواج کی بنیاد قایم ہوتی ہی ' اور اور کہیں مجموعی حالت خلقت کی جمہوری اصول پر قایم ہوتی ہی : چنانچہ جو جمہوری سلطنتیں سوداگروں اور تاجروں کے ذریعہ سے † ایشیاے کوچک اور شام اور ایونیہ اور فنیشیہ میں قایم ہوئیں' وہ اسی اصول غالب کے بموجب قایم ہوئیں . غرض کہ جب ہم زمانہ قدیم کی شایستگیوں پر نظر ڈالتے ہیں ' تو ہمکو دریافت ہوتا ہی کہ اُس زمانہ کی رسم و رواج اور قاعدے اور جامے اور خیالات اور اطوار سب میں ایک عجیب قسم کی یکرنگی اور وحدت موجود ہی ؛ اور ایک قوت واحد اور غالب تمام حالات پر حاوی اور اُن میں دخیل پائی جاتی ہی .

ہماری یہہ مراد نہیں ہی کہ ممالک مذکورہ کی شایستگی کا ہمیشہ ایک ہی اصول اور طریقہ رہا . جب کہ ہم اُن ملکوں کی زیادہ تر قدیم تاریخ کو دیکھتے ہیں ' تو معلوم ہوتا ہی کہ جب خلقت کے کسی گروہ میں قواے مختلف ظاہر اور شگفتہ ہوئے ' یعنی مختلف قوت والے پیدا ہوئے ' تو اُن کی کوشش شاہنشاہی کے حاصل کرنے یعنی سب پر غالب رہنے کے لیئے ہوئی : چنانچہ مصریوں اور یونانیوں وغیرہ میں سپاہیوں اور بہادروں کے گروہ نے کاہنوں اور پوجاریوں کے فرقہ سے لڑائی اور مقابلہ کیا ؛ اور اور مقاموں میں فاتح اور تفرقہ کے ممد و معاون لوگ اُن لوگوں کے مخالف رہے ' جو بالقید ذات اور فرقہ کے عام میل جول کے حامی اور مدد گار تھے ؛ اور جو لوگ کسی ملک کی حکومت میں امرا اور عماید کا غلبہ چاہتے تھے ' وہ جمہوری حکومت کے قواعد اور عام پسند خیالات سے نا اتفاقی کرتے رہے ؛ مگر یہہ مخالفت اور مقابلہ ایسے زمانوں میں ہوا ہی جن کی تاریخ موجود نہیں ہی : اس لیئے اُن کی یادگار نہایت خفیف اور عام طور پر باقی رہی ہی .

یہی مخالفت قوموں کی امورات زندگی میں بھی بعض اوقات ظاہر ہوتی ہی ' مگر ہمیشہ جلد ختم ہو جاتی ہی ؛ یعنی منجملہ اُن قوتوں (یعنی صاحب قوتوں) کے ' جو غلبہ پاتے ہیں ' کوئی

† ایشیاے کوچک اور شام کا ملک عرب کے شمال میں واقع ہی' اور سلطنت عثمانیہ یعنی سلطان روم کے قبضہ میں ہی ؛ اور فنیشیہ افریقہ میں واقع تھا ؛ اب یہہ نام اُس کا نہیں رہا ؛ یہہ کوئی حصہ مغربی افریقہ کا بحر ٹلزم کے ساحل پر ہی جو زمانہ قدیم میں فنیشیہ کے نام سے پکارا جاتا تھا ؛ اور اُس کا دارالسلطنت شہر کارتھیج تھا : اسی کارتھیج اور روم قدیم کے باہم مدت تک لڑائیاں رہیں تھیں ' اور ایونیہ کوئی جزیرہ اُسی بحر ٹلزم میں واقع ہی .

† یہہ وہ مسئلہ ہی ' جسکا ذکر لکچر اول میں اُس مقام پر آیا ہی ' جہاں شایستگی کے ترضیح کے واسطے چند فرضی حالتیں قوموں کی بیان کی ہیں ؛ ملاحظہ کرو حالت فرضی دوم کو .

‡ اس لفظ میں کتابیں بھی داخل ہیں .

قوت (یعنی صاحب قوت) شاہنشاہی کے حصول میں کوشش اور تکرار کرکے اُس کو جلد حاصل کرلیتی ہی ' اور مجموع خلایق پر بالکل قابض ہو جاتی ہی . لڑائی جھگڑہ کا خاتمہ ہمیشہ اس طرح پر ہوتا ہی کہ کوئی خاص اصول نہایت غایہ حاصل کرلیتا ہی ' گو وہ ایسا غالب نہیں ہو جاتا کہ دوسرے تمام اصولوں کو خارج کردے ؛ اور قوموں کی تاریخ میں مختلف اصولوں کا وقت واحد میں موجود ہونا اور باہم مخالفت رکھنا اتفاقیہ ہوتا ہی ' یعنی بہت تھوڑے عرصہ تک رہتا ہی .

نتیجہ اس تمام تقریر کا یہہ ہی کہ اکثر زمانۂ قدیم کے سوانحیشنوں یعنی شایستگیوں میں نہایت سادگی پائی گئی ' اور اس سادگی سے مختلف نتیجے پیدا ہوئے : چنانچہ یونان میں بعض اوقات اصول معاشرت کی سادگی سے بہت بڑی ترقی اور نہایت جلد ہوئی ' کہ کسی اور قوم نے ایسے تھوڑے عرصہ میں ایسی عمدگی کے ساتھہ اپنی ترقی نہیں کی ؛ مگر اس حیرت انگیز ترقی کے بعد دفعتاً یونان کے قواء بالکل صرف اور ضائع ہوگئے ؛ اور اُس کا زوال اگرچہ ایسی ہی شتابی سے نہیں ' تاہم بہت جلد ہوا ' جس سے تعجب آتا ہی . معلوم ایسا ہوتا ہی کہ یونان کی شایستگی کے اصول میں جو قوت بڑھنے یا قوت ایجاد تھی وہ باقی نہیں رہی ' اور اُس کی جگہہ اور کوئی قوت قایم نہیں ہوئی .

اور مقاموں میں ' مثلاً مصر اور ہندوستان میں ' اصول شایستگی کی یکتائی کا اثر اور طرح پر ہوا . وہاں لوگوں کی مجموعی حالت ایک درجۂ خاص پر قایم رہگئی ' یعنی اُس سے آگے نہیں بڑھی ؛ اصول غالب کی سادگی سے تمام حالات اور معاملات میں ایسا طریقہ واحد پایا جاتا ہی ' جس سے طبیعت پژمردہ ہوتی ہی ؛ ملک ویران اور برباد تو نہیں ہوا ' مگر لوگوں کی مجموعی حالت کے وجود کا یہہ حال ہو گیا کہ اُس میں حس و حرکت نہ رہی ' اور برف کی مانند جم گیا .

جو ظلم و ستم اصول اور قاعدوں کے نام سے مختلف صورتوں پر قدیم زمانہ کی شایستگیوں میں ظاہر ہوا ' اُس کا سبب یہی قرار دے سکتے ہیں کہ مجموع خلایق صرف ایک ہی قوت کے اختیار اور قابو میں ہوگیا ' اور اُس قوت نے کسی اور قوت کے وجود کو گوارا نہ کیا ؛ جو قاعدہ اُس کے مخالف اور اُس سے مختلف ہوا ' اُس کے مٹانے اور مٹانے کے لیئے کوشش کی گئی : اصول غالب اور حاکم نے کسی مخالف قاعدے کے ظہور اور اجرا کو اپنے ساتھہ روا نرکھا .

شایستگی کی اس وحدت کا اثر علمی اور عقلی امور پر بھی ایسا ہی ہوا : چنانچہ سب اہل یورپ جانتے ہیں کہ ہندوستان کے علوم کی جو یادگاریاں اب یورپ میں تقسیم اور شایع ہوئیں ' اُن سب میں ایجاد کا طرز و طریقہ ایک ہی پایا جاتا ہی ' اور وہ سب واقعہ واحد کا نتیجہ اور خیال واحد کا مظہر معلوم ہوتے ہیں . مذہبی یا اخلاقی کتابیں اور تاریخانہ روایتیں ' رزمیہ نظم کی تصنیفات وغیرہ ' اِن سب میں ایک ہی علامت پائی جاتی ہی ؛ اور عقل کے کاموں اور کتابوں میں بھی ویسی ہی سادگی اور یکرنگی ظاہر ہوتی ہی جیسیکہ واقعات اور رسم و رواج اور قاعدوں میں ہی بلکہ خاص یونان میں ' جو انسان کی عقل کے خزانوں کا مخزن تھا ' علوم و فنون میں ایک عجیب یکتائی پائی جاتی ہی .

زمانہ حال کی شایستگی کی کیفیت اس سے بالکل مختلف ہی ؛ بغیر اِس بات کے کہ اُس کا بیان مفصل کیا جاوے ' اُس کے حالات پر صرف سرسری نظر ڈالنے سے ضرور معلوم ہوجائیگا ' کہ وہ ایسے اصول پر مبنی ہی جو باوجود مختلف اور متفرق ہونے کے آپس میں گہلے ملے ہیں ؛ تمام مختلف طریقے اور اصول جن سے لوگوں کی مجموعی حالت نے ترکیب پائی ہی ' زمانہ حال کی شایستگی میں موجود ہیں : یعنی قواء دینی اور دنیوی اور اجزاے سلطنت شخصیہ اور سلطنت جمہوری اور سلطنت ترمیہ ' اور وہ طریقہ انتظام دنیا کا جس کا مخرج خدا تعالی کو تسلیم کیا گیا ہی : غرض کہ ہر قسم کے انتظام اور طریقے تمدن اور معاشرت کے باہم مخلوط ہیں ؛ اور ایک دوسرے کے زور کو دباتے ہوئے ہی . یورپ میں غایت درجہ کی آزادی اور بے انتہا دولت اور شوکت اور قوت موجود ہی ' اور یہہ سب قواء مختلف ہمیشہ ایک دوسرے کے مخالف اور مقابل رہتے ہیں ؛ مگر کسی ایک قوت کو دوسری قوتوں پر ایسا غلبہ نہیں ہوتا ' کہ یورپ کے سب لوگوں کی مجموعی حالت پر اُس کی تاثیر غالب ہوجاوے . قدیم زمانوں میں خلقت کے سارے گروہوں کا طرز اور طریقہ ایک ہی قسم کا معلوم ہوتا تھا ؛ یعنی کبھی تو انتظام سلطنت شخصیہ کا ' اور کبھی وہ انتظام جو بذریعہ احکام الہی ہوتا ہی ' اور کبھی انتظام جمہوری سلطنت کا ' ایک وقت میں غالب اور رائج ہوتا تھا ' اور کوئی دوسرا طریقہ انتظام دنیا کا اُس کے مقابلہ میں قایم نہیں رہ سکتا تھا ؛ مگر اب اہل یورپ کی مجموعی حالتوں کی ترکیب اور ترتیب میں تمام طریقے اور سارے قاعدے آپس میں ملے جلے اور مخلوط پائے جاتے ہیں : یعنی خالص یا کچھہ آمیزش کے ساتھہ انتظام سلطنت شخصیہ ' اور انتظام بذریعہ احکام الہی ' اور انتظام سلطنت جمہوری ' اور تھوڑا بہت انتظام سلطنت ترمیہ ' سب کے سب وقت واحد میں پہلو بہ پہلو تروتازہ اور شگفتہ ہورہے ہیں ؛ اور باوجود

اپنے اختلاف اور رنگینی گوناگوں کے ' اُس میں ایسی مشابہت اور یاھمی تعلق پایا جاتا ھی جو صاف ظاھر ھی ۔

اھل یورپ کے خیالات اور رایوں میں بھی وھی اختلاف اور طرح طرح کی مخالفت پائی جاتی ھی ؛ کیونکہ خلقت کے گروھوں کی مجموعی حالت کی ترکیب میں مختلف طریقے انتظام دنیا کے وقت واحد میں موجود ' اور ایک دوسرے کے مخالف اور مقابل ھوکر ھر ایک کی قوت اور اثر کو معدوم اور اُس کی اصلاح کرتے رھتے ھیں : پس متوسط زمانوں کی دلاورانہ تحریروں کو دیکھنے سے معلوم ھوتا ھی ' کہ اُس وقت میں کوئی ایسا خیال اور مسئلہ ظاھر نہیں ھوا کہ اُس کے اشتھائی نتیجے پیدا ھوئے ھوں : بلکہ معلوم ھوگا کہ اختیار مطلق کے ممد و معاون اپنے مسئلہ کے انتھائی نتیجوں سے پلہ اپنے علم اور ارادہ کے دفعتاً باز آئے ؛ اور اُنھوں نے اپنے آس پاس ایسے خیالات اور تاثیروں کے وجود کو موجود پایا ' جنھوں نے مزاحمت کرکے اُنکے ارادوں کو حد غایت پر نہیں پھونچنے دیا ۔ جمھوری طریقہ کے معاون بھی اُسی قاعدہ کے پابند پائے جاوینگے : غرض کہ ھر ایک جانب سے ایسی سینہ زوری اور ھٹ اور ارادہ بے ٹھکانے اور اندھا دھندی کے ساتھہ ظاھر ٹھہرگا ؛ جیسا کہ قدیم زمانوں کی شایستگیوں میں پایا جاتا ھی ؛ اور لوگوں کی رایوں اور خیالات میں بھی ایسا ھی اختلاف اور مقابلہ پایا جائیگا : یعنی آزادی کا معقول انس ایسی طبیعت کے ساتھہ موجود ھی ' جو اطاعت کی پہ آسانی صلاحیت رکھتی ھی ؛ اور ھرشخص کی دوسرے شخص کے ساتھہ بڑی وفاداری ' اور اُسی کے ساتھہ اس غالب خواھش کا وجود سب کے داوں میں پایا جائیگا ' کہ ھر شخص اپنی مرضی کے موافق ازادانہ عمل کرے ' اور ھر طرح کی قید و بند کو اُٹھاوے ' اور اس طرح بے تکلف اوقات بسر کرے کہ گویا اُسکو کسی کی کچھہ پرواہ نہیں ھی ؛ اور لوگوں کی ذاتی حالت یعنی جُداگانہ طبیعتیں بھی ایسی ھی مختلف اور متحرک ھیں جیسے کہ مجموعی حالت ھی ۔

زمانہ حال کے علوم کا بھی ایسا ھی حال ھی ۔ اس پر سب کو اتفاق ھی کہ خوبصورتی اور ظاھر کی عمدگی اور رونق میں ھمارے علوم زمانہ قدیم کے علوم سے کمتر ھیں ؛ ایک بلحاظ عمیق ھونے خیالات اور رایوں کے ھمارے علوم اُن سے زیادہ زر خیز اور قوی ھیں ۔ معلوم ھوتا ھی کہ یہ نسبت سابق کے انسان کی طبیعت بہت زیادہ امور کی طرف پر انگیختہ اور راجع ھوئی ' اور نہایت عمیق گھسی پیٹھی ھی : اسی وجھہ سے ظاھری صورت کا نقص پیدا ھوا ھی ' کیونکہ جسقدر زیادہ تفکر اور تیزنگی کے ساتھہ حالات اور لوازم ھونگے ' اُسیقدر اُنکی سادہ اور خالص طرز روش قایم ھونے میں زیادہ دشواری پیش آویگی ۔ عمدہ اور سڈول اور اُستادی کے کاموں میں جس شی کو ھم صورت اور وجاھت پاکیزہ کہتے ھیں ' اور جس چیز کو تصنیف اور ایجاد کی خوبصورتی اور لطافت کہتے ھیں ' وہ وہ صفائی اور سادگی اور یکتائی ھی جو کسی اُستادی کے کام میں ظاھر کی جاتی ھی : مگر جب کہ رائیں اور خیالات نہایت مختلف اور رنگیں ھوں ' جیسی کہ یورپ کی شایستگی میں پائی جاتی ھیں ' تو سادگی اور صفائی کا حاصل کرنا بہت دشوار معلوم ھوا ھی ۔

پس تمام اطراف و جوانب میں زمانہ حال کی شایستگی کی یہہ بڑی علامت (یعنی متفرق اور مختلف قواء یا اُصول کا مخالط اور مجتمع ھونا) ظاھر اور روشن ھی ۔ یہہ نقصان البتہ اُس میں ھی ' کہ جب ھم علم اور فن میں انسان کی طبیعت کی کسی خاص شگفتگی اور ترقی جداگانہ پر توجہہ کرتے ھیں ' تو اُس کو زمانہ قدیم کی شایستگیوں میں کی اُسی قسم کی ترقی سے اکثر کمتر پاتے ھیں ؛ مگر جب ھم کل مجموعہ شایستگی پر لحاظ کرتے ھیں ' تو اس زمانہ کی یورپ کی شایستگی کو بہ نسبت ھر ایک زمانہ کی شایستگی کے بہت زرخیز اور مالا مال دیکھتے ھیں : کیونکہ ایک ھی وقت میں اُس میں بہت سی قسموں کی ترقیاں رونق پذیر ھوئی ھیں ؛ اور اسیوجھہ سے یورپ کی شایستگی کا وجود پندرہ سو برس سے قایم رھا ھی ' اور اب بھی اُس کو برابر ترقی ھوتی جاتی ھی ۔ اگرچہ ترقی اُسکی شاید ایسی تیزی سے نہیں ھوئی جیسی کہ یونان کی شایستگی کو ھوئی ' مگر اُس کی ترقی کبھی مسدود اور ساکن نہیں ھوئی ھی ؛ اور جو بڑی راہ اُسکو آیندہ طی کرنی باقی ھی ' اُس میں سے روز بروز کچھہ نکچھہ طی ھوتی رھتی ھی ؛ بلکہ اُس کی رفتار زیادہ تیز ھوتی جاتی ھی : کیونکہ اُس کی آزادی اور رفتار کی مزاحمتیں رفع ھوتی جاتی ھیں ۔ جب کہ اکثر اور شایستگیوں میں صرف ایک اُصول یا طریقہ واحد رایج ھوتا ھی ' یا وہ اور طریقوں پر نہایت غلبہ حاصل کرکے ظلم و ستم کا باعث ھوجاتا ھی ' تو یورپ کے زمانہ حال کی شایستگی کے وہ مختلف اجزا ' جنسے خلقت کی مجموعی حالت کے انتظام کی ترکیب قایم ھوئی ھی ' مخرج اور ذریعہ اُس ازادی کا ھیں جو آج کل یورپ میں پائی جاتی ھی ؛ اور اس شایستگی کے مختلف اجزا کے مخلوط ھونے سے یہہ امر غیر ممکن ھی ' کہ ایک جزو اُسکا دوسرے جزو کو خارج اور باطل کردیوے ؛ اور جبکہ وہ اجزاء ایک دوسرے کو نیست و نابود نہیں کرسکتے ' تو اُن سب کا یکجائی موجود ھونا اور اُن کے آپس میں ایک قسم کا ارتباط اور اتفاق ھونا ضروری ٹھہرا ۔ اسی اتفاق کی وجھہ سے اُن میں کا ھر ایک جزو اُس قسم کی ترقی میں مصروف ھی جو اُس کے حصہ میں آئی ھی ؛ اور اگر اور مقاموں

میں کسي خاص اصول واحد کے غلبہ سے زور و ظلم قایم ہوا ہی ' تو یورپ میں آزادي کي وجہ سے شایستگي کے مختلف اجزا اور وہ حالت مخالف اور مقابلہ کي ' جو اُن اجزا کے باہم ہمیشہ رہتي ہی ' قایم ہوئي ہی .

اس حالت سے یورپ کي ایک بڑي اور اصلي برتري قایم ہوتي ہی . اگر ہم ' اس کي زیادہ تحقیقات کریں ' اور واقعات خارجي سے کنارہ کرکے اصلي حالات پر متوجہ ہوں ' تو دریافت ہوگا کہ یہہ برتري جائز اور واجب ہی ' اور جس طرح وہ اصلي واقعات سے قایم ہوتي ہی اُسي طرح عقل بھي اُس کو تسلیم کرتي ہی . چند لمحہ یورپ کي شایستگي سے قطع نظر کرکے ہم دنیا کي عام حالت اور طریقہ پر التفات کریں ' تو معلوم ہوگا کہ دنیا کے کارخانوں کي کیفیت بھي ایسي ہي مختلف اور طرح طرح کے حالات سے بھري ہوئي ہی ' اور اُن اجزاء مختلف اور مخالف کے باہم ایسي ہي جد و جہد اور نفاق پایا جاتا ہی جیسا کہ یورپ کي شایستگي میں . ظاہر ہی کہ دنیا میں کسي اصول واحد ' یا کسي ترکیب خاص ' یا کسي خیال مفرد ' یا کسي خاص قوت کو ایسا رتبہ حاصل نہیں ہی کہ تمام دنیا پر اُس کو غلبہ ہو ' اور دنیا کے سارے کارخانے اُسي کي متابعت اور تاثیر سے ایک خاص صورت پکڑیں ' اور اُسي صورت پر ہمیشہ قایم رہیں ' اور اُس قوت غالب کے سوا اور سب قواء اور تاثیریں بالکل معدوم ہوجاویں : بلکہ تمام قوتیں اور اصول اور مختلف ترکیبیں مخلوط ہوکر ایک دوسرے کے اثر کو معدود اور معتدل کرتي ہیں ' اور اُن کي آپس میں سخت مخالفت علي‌الاتصال چلي جاتي ہی ؛ جس کا یہہ نتیجہ ہوتا ہی کہ کبھي کوئي اصول غالب ہوجاتا ہی ' کبھي مغلوب ہوجاتا ہی ؛ مگر ایسا کبھي نہیں ہوتا کہ کسي ایک اصول کو غلبہ کامل اور فتح مطلق حاصل ہو ' یا وہ بالکل مغلوب اور معدوم ہوجاوے . غرض کہ دنیا میں مختلف طریقے اور خیالات اور اصول ' اور اُن کے باہم ایک دوسرے کے برخلاف جد و جہد کا ہوتا رہنا ' اس غرض سے پایا جاتا ہی کہ اُن کو کسیقدر یکتائي اور وحدت حاصل ہو ؛ گو یہہ یکتائي محض خیالي ہی ' ممکن الحصول نہیں ' لیکن انسان اپني آزادي اور اعمال سے اُس وحدت اور یکتائي کي طرف راجع اور مایل ہی . خلاصہ یہہ کہ دنیا کي عام حالت مختلف اور رنگین اجزا سے مرکب ہی ' اور یورپ کي شایستگي ٹھیک اُس کي تصویر ہی : یعني جیسا طریقہ دنیا کے حالات اور کارخانوں کا ہی ' اُسي طرح یورپ کي شایستگي نہ تو محدود اور تنگ ہی ' نہ ایسي غالب اور مطلق اصول پر مبني ہی جس کے مقابلہ میں دوسرے اصول اور قواعد موجود اور قایم نہ رہ سکیں ' نہ اُس کي حالت سکون اور قیام کي ہی . مجھکو یقین ہی کہ اُس کي حالت سے خصوصیت کي علامت اول ہي مرتبہ دور ہوکر ' اُس کي شگفتگي اور ترقي اُسي طرح اختلاف اور زرخیزي اور کوشش اور مستعدي کے ساتھہ ہوئي ہی ' جیسي کہ تمام دنیا کي حالت کي رنگ برنگي کیفیت کي ہوتي ہی .

ہم یہہ کہہ سکتے ہیں کہ یورپ کي شایستگي ازلي راستي کے مقام اور قدرت کے میدان میں پہرنچي ہی ' اور اُس کي ترقي خدا تعالی کے ارادوں کے بموجب ہوتي ہی ' اور اُس کي فوقیت اور برتري کا بھي یہي سبب معقول معلوم ہوتا ہی .

میں چاہتا ہوں کہ یہہ مقدم اور خاص علامت یورپ کے سوسایٹي یعني شایستگي کي اِن لکچروں کے سنتے وقت برابر تمہاري آنکھوں کے روبرو اور تمہارے دلوں کے اندر موجود رہے ؛ میںنے بالفعل اس علامت کو صرف ظاہر کردیا ہی ' ثبوت اس کا واقعات کي توضیح اور تشریح سے حاصل ہوگا . باوجود اس بات کے اگر اس علامت کے اسباب اور اجزاء ' جو میںنے یورپ کي شایستگي سے منسوب کي ہی ' اسي شایستگي کے ابتدائي حالات سے دریافت ہوویں ' اور سوسایٹي کي پیدایش کے وقت یعني شہنشاهي روم قدیم کے زوال کے وقت میں اور دنیا کي عام حالت میں ' اور اُن واقعات میں جو نہایت قدیم زمانہ سے یورپ کي شایستگي کي ترکیب پانے اور قایم ہونے کے باعث ہوئے ہیں ' اس زرخیز اور متحرک اختلاف کي اصل و بنیاد کي شناخت اور تمیز ہوسکے ' تو مجھکو یقین ہی کہ تم میري راے سے اتفاق کروگے اور میرے بیان کي تائید اُس سے بخوبي ہوگي . اب میں اُس تحقیق کو شروع کرتا ہوں ؛ چنانچہ قدیم شہنشاهي روم کے زوال کیوقت سے میں یورپ کي حالت کي تحقیقات کرتا ہوں ' اور رسم و رواج اور قواعد اور خیالات اور رایوں سے یہہ بات معلوم کرنے کا قصد رکھتا ہوں ' کہ قدیم دنیا سے زمانہ حال کي دنیا کو کونسے اجزا اور اصول بہم پہونچے ہیں . اگر اصول مذکور میں وہي علامت موجود پائي جاوے جو میںنے بیان کي ہی ' تو تمکو اُس کا بہت کچھہ یقین ہو جاریگا .

اول ہمکو شہنشاهي روم قدیم کي کیفیت اور اُس کي ترکیب یعني بناوٹ اور نشو نما کا حال بخوبي سمجھہ لینا چاہیئے . واضح ہو کہ ابتدا میں قدیم روم کي سلطنت ایسي پنچایت کي مانند تھي ' جو شہروں میں واسطے انتظام اور صفائي اور آراستگي شہر کے قایم ہوتي ہی ؛ اور اُس کي گورنمنٹ صرف اُن قاعدوں اور رسم و رواج کا ایک مجموعہ تھا ' جو شہر کے اندر کے رہنے والوں کي حالت کے مناسب اور موضوع تھي : فرض کہ جو جلسے اور قاعدے شہروں کي آرایش

اور انتظام اور سلامتي کے مرتب ہوتے ہیں ' وہ اُس سلطنت میں خلقت کي مجموعي حالت کي خاص علامت تھي .

یہہ حال صرف شہر روم کا نہ تھا ' بلکہ اگر ہم تمام ملک اٹلي کے اُس زمانہ ابتدائي کا حال ملاحظہ کریں ' تو دریافت ہوگا کہ شہر روم کے چاروں طرف بجز شہروں کے اور کچھہ آبادي نہ تھي ؛ اور جو رومي قوم اُس وقت میں کہلاتي تھي اُس کا وجود بجز ایک شہروں کے مجمع کے اور کچھہ نہ تھا : چنانچہ † قوم اٹرس کنس اور سیم نائیٹس اور سیبائیس اور پرنان پرتر کي قوم ' غرض کہ ان سب قوموں کا یہي حال تھا . اُسوقت میں یہہ آبادي نہ تھي ' جس کو مفصلات اور ضلع کي آبادي کہتے ہیں ؛ مفصل میں کھیتي تو ہوتي تھي ' مگر آبادي کچھہ بھي نہ تھي ؛ مالکان اراضي شہر کے باشندے ہوتے تھے ؛ وہ اپني حفیظ کي نگراني کرنے باہر جایا کرتے تھے ' اور انڈر اپنے ساتھہ غلاموں کو بھي لے جایا کرتے تھے ؛ مگر جس آبادي کو ہم آجکل مفصلات اور ضلع کہتے ہیں ' جو ہر ضلع میں جا بجا موجود ہی ' یعني کھیں تو دیہات اور کھیں خاص خاص عمارتیں ہیں ' زمانہ قدیم میں اٹلي میں کہیں اس آبادي کا نام و نشان بھي نہ تھا ؛ لوگ اُس سے بالکل ناواقف تھے .

اب یہہ دیکھنا چاہیئے کہ جب سلطنت روم کو وسعت ہوئي ' تو اُس نے آبادي کے باب میں کیا کارروائي کي . تاریخ کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ اُس نے شہروں کو فتح کیا ' اور شہر ہي آباد کیئے ؛ شہروں ہي سے اُس کي لڑائیاں رہیں ' اور شہروں ہي سے رفاقت اور دوستي رہي ؛ اُس نے جو لوگ دوسري جگہہ آباد ہونے کے لیئے ' اپني فامرو سے باہر کو بھیجے ' وہ شہروں ہي میں آباد ہونے کو بھیجے گئے . غرض کہ اُس عالم کي تاریخ ' جس کو رومي سلطنت نے فتح کیا ' بھي سے شہروں کے آباد اور فتح کرنے کي تاریخ ہی . البتہ مشرق میں رومیوں کي سلطنت کي یہہ صورت نہ تھي ' گو مشرق میں بھي اُس کو وسعت ہوئي تھي ؛ مشرق میں یہہ نسبت مغرب کي آبادي کے تقسیم مختلف تھي : چنانچہ مشرق کے شہروں میں ایسي گنجان آبادي نہ تھي ' جیسي کہ مغربي شہروں میں تھي ؛ مگر جو کہ ہمکو یورپ کي آبادي سے زیادہ غرض ہی ' اس لیئے مشرق کے حال پر کچھہ توجہہ نہیں کرني چاہیئے .

مغرب میں جا بجا آبادي کي وہي حالت تھي جو میں نے بیان کي . ملک گال یعني فرانس اور ہسپانیہ میں بجز شہروں کے اور کچھہ نہ تھا ' اور شہروں سے کچھہ فاصلہ پر تمام ملک میں جنگل تھا اور دلدل تھي ؛ جو یاد گار اور سڑکیں رومیوں نے بنائیں ' اُنکي کیفیت دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ بڑي بڑي سڑکیں ایک شہر سے دوسرے شہر تک بنائي گئي تھیں ؛ اور یہہ بیشمار سڑکیں جو اب ہر ضلع میں جا بجا پائي جاتي ہیں موجود نہ تھیں ' اور کوئي آبادي اُن بیشمار دیہات اور پیرونجات کي آرامگاہوں اور گرجوں کي مانند ' جو متوسط زمانوں سے یورپ میں پھیلي ہی ' اُسوقت میں مطلق نہ تھي . رومي سلطنت نے بجز ایسي بہت سي یادگاروں یعني شہروں کے ' جن میں ایک ہي مقام پر بہت سي آبادي جمع ہوگئي ' اور جن کي خاص علامت باہمي تعلقات کي یہہ ہی کہ اُن کا حال پنچایت کے مجمعوں کي مانند ہی ' اور کچھہ باقي نہیں چھوڑا : غرضکہ ہم کسي نظر سے اور کسي طور پر رومي سلطنت کے وقت دنیا کو دیکھیں ' یہي معلوم ہوگا کہ شہروں کي آبادي کو بڑا غلبہ اور کثرت حاصل تھي ' اور مفصلات میں خلقت کے تمدن اور معاشرت کا وجود نہ تھا .

روم کي فامرو میں جو آبادي کي حالت شہروں کے انتظام کي پنچایت کي مانند تھي ' اسي وجہہ سے یگانگت اور یکرنگي کا قایم و برقرار رہنا ' جس سے ایک بڑي سلطنت کے حصوں میں باہمي تعلق قایم رہتا ہی ' دشوار ہوگیا . رومي سلطنت کي پنچایت (یعني جمہوري سلطنت) ' جو شہروں کے انتظام کے واسطے موضوع تھي ' دنیا کو فتح تو کرسکي ' لیکن اُس کو ترکیب دینا اور اُس میں انتظام اور حکومت کرنا ایسا آسان نہ تھا جیسا کہ فتح کرلینا : پس جب وہ سلطنت بااسباب ظاہر اپنا کام پورا کرچکي ' اور تمام مغرب اور بہت سا حصہ مشرق کا اُس کے تحت حکومت ہوگیا ' تو اُس کے بے شمار شہر اور چھوٹي چھوٹي ریاستیں ' جن سے وہ مرکب تھي اور جن کے آپس میں کچھہ تعلق نہ تھا ' اور ہر ایک اُن میں سے خود مختار تھي ' علحدہ علحدہ ہوگئیں ؛ گویا ہر اطراف و جوانب میں متفرق اور منقسم ہوگئیں . یہہ ایک سبب اُن اسباب میں سے ہی جن کي وجہہ سے شہنشاہي کا ہونا ضرور ہوا ' کیونکہ شہنشاہي ایسے طرز کي حکومت تھي جس کے اجزا بہ نسبت پہلي سلطنت جمہوري کے زیادہ متحد اور وابستہ تھے ؛ اور شہنشاہي زیادہ تر اس قابل تھي کہ

† یہہ اُن چھوٹي چھوٹي قوموں کے نام ہیں جو ملک اٹلي میں آباد تھیں ' اور پرنان برتر اٹلي کے اُس حصہ کو کہتے تھے جسمیں پرنالي لوگ جاکر بسے تھے ؛ غالبا وہ حصہ جزیرہ سسلي تھا جو اٹلي کے جنوب میں واقع ہی اور اُسي کا ایک جزو سمجھا جاتا ہی ؛ اب اُس کا نام جزیرہ سسلي ہی ؛ زمانہ قدیم میں اُس کو یونان برتر شاید اس وجہہ سے کہتے تھے کہ وہ خاص یونان سے اُوپر کي جانب واقع ہی .

سلطنت سابق کے اجزا کو جن میں بہت تھوڑا تعلق اور یگانگت تھی وابستہ اور مجتمع کرے : چنانچہ خلقت کے گروہوں کے اُن متفرق حصوں میں جن سے رومی سلطنت مرکب تھی اجتماع اور اتفاق قایم کرنے کے لیئے کوشش عمل میں آئی ' اور کسیقدر کامیابی ہوئی ' جبکہ عہد سلطنت شہنشاہ † اگسٹس اور شاہنشاہ ٹایبرکلیشین میں معاملات تمدن اور معاشرت کی بابت قانون بنائے گئے ' اور قانونوں نے بہت سی رونق پائی ' تو اُسیوقت میں اُس ظالمانہ انتظام کا بڑا سررشتہ قایم ہوا ' جس کے سبب سے روم کی تمام قلمرو میں ایسے کارپردازوں اور اہلکاروں کا گویا جال پورا گیا ' جن کی تقسیم قلمرو کے مختلف حصوں میں ایک خاص نوعہ کے اختیار سے عمل میں آئی جن کے آپس میں بھی اور دربار سلطنت کے ساتھہ بھی اتفاق اور سازش تھی ؛ اُن کے ذریعہ سے لوگوں میں حاکم کی خواہش اور مرضی کا پورا کرنا ' اور لوگوں کے کاموں اور اختیاروں کو حاکم کے ہاتھہ میں منتقل کرنا مقصود تھا .

اس سررشتہ اور انتظام کو رومی قلمرو کی خلقت کے اجزا باہم مجتمع کرنے ہی میں صرف کامیابی نہیں ہوئی ' بلکہ ایسی قوت کا خیال جو مطلق اور غیر محدود ہو ' اور جو تمام دوسری قوموں کا مرکز اور مرجع ہووے ' لوگوں کے دلوں میں بہت آسانی سے جگہہ پکڑ گیا . ہمکو اس بات کے دیکھنے سے حیرت ہوتی ہی ' کہ جو چھوٹی چھوٹی جمہوری سلطنتیں اور شہروں کی پنچایتوں کے مجمع ایسے تھے جنکے باہم کوئی اچھا انتظام اور اتفاق نہ تھا ' اور وہ رومی قلمرو میں داخل تھیں ' اُن کے دلوں میں صرف شہنشاہ کی بارگاہ مقدس اور عالی کی بہت بڑی تعظیم اور عظمت بہت جلد قایم اور شایع ہوگئی . ان تمام حصوں میں بے شک کوئی تعلق قایم ہونے کی سخت ضرورت معلوم ہوتی ہوگی ' اور اُس کے سبب سے لوگوں کی طبیعت میں ظالمانہ حکومت یعنی شاہنشاہی کا اعتبار پیدا ہوگیا ہوگا ' اور اُس حکومت کے خیالات نے اُن کے دلوں میں رسائی کی ہوگی .

ایسے مقیدہ اور اعتبار ' اور ایسے اہلکاروں کے انتظام مذکور ' اور فوج کی بدولت شاہنشاہی روم نے اُس بربادی اور تباہی کا جو اُسکی قلمرو کی اندرونی حالت میں کام اپنا کر رہی تھی ' اور اُن حملوں کا جو † وحشی قوموں کرتی تھیں ' مقابلہ کیا ؛ اور مدت تک اپنے زوال مسلسل کی حالت میں اُن خرابیوں کا مقابلہ کرتے اور اپنے آپکو بچاتے رہے ؛ مگر آخر کار وہ وقت آپہونچا جبکہ اُس کے اجزا کی نااتفاقی اور انتشار غالب ہوگیا ؛ اُسکے عالیشان قد و قامت کے قایم رکھنے میں نہ تو کوئی ہنر و فطرت حکومت ظالمانہ کی کام آئی ' اور نہ وہ بے پروائی جس سے لوگوں نے اُس حکومت کی اطاعت اور غلامی اختیار کی تھی کافی ہوئی . چوتھی صدی میں وہ سلطنت بالکل متفرق اور منقسم ہو گئی ؛ ہر طرف سے وحشی قومیں گھس آئیں ' اور اُس کے صوبجات کی طرف تمام سلطنت کی پھلائی اور انجام کے لیئے کچھہ بھی مقابلہ اُن وحشیوں کا نہوا ' اور کچھہ زیادہ تکلیف اور دقت گوارا نہیں کی گئی .

(باقی آیندہ)

† روم کی سلطنت جمہوری کی تباہی کے بعد بھی پہلا شاہنشاہ ہوا ؛ اس کے عہد میں ہر علم و فن کو ایسی ترقی اور رونق ہوئی کہ جب کسی زمانہ میں علوم و فنون کی کسی قوم میں بڑی ترقی ہوتی ہی ' تو اُس زمانہ کو بطور استعارہ کے عہد اگسٹاین اُس ملک کا کہتے ہیں ' لفظ اگسٹس کے معنی نہایت مبارک اور عمدہ کے ہیں ' اور اسی شاہنشاہ کے نام سے مہینہ اگست کا نام اُس کی عزت اور یادگار کے واسطے مشہور کیا گیا .

اِطلاع

ہمارے پاس ہمارے بہت سے دوستوں کے خطوط آئے ہیں جو اپنی عنایت سے میرا فوٹو گراف طلب فرماتے ہیں میں نے حال میں اپنا فوٹو گراف ایک نہایت عمدہ فوٹوگرافر سے بنوایا ہی اور وہ سب تصویریں فوٹوگراف کی کمیٹی مدرسۃالعلوم کو دیدی ہیں پس میرے جن دوستوں کو میری تصویر فوٹوگراف کی مطلوب ہو در روپیہ قیمت بھیج کر طلب فرمالیں وہ سب روپیہ چندہ مدرسۃالعلوم میں جمع ہوگا *

راقم
سید احمد

از مقام بنارس

† وحشی سے یہہ مراد ہی کہ وہ قومیں ناتربیت یافتہ اور غیر مہذب تھیں .

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] یکم ذیحجہ سنہ ۱۳۰۶ نبوی سنہ ۱۲۹۱ ھجری [نمبر ۱۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور ہر خریدار اُس سال رواں کے شروع سے جس میں وہ خریدار ہوا ہی خریدار تصور ہوگا اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا بشرطیکہ وہ پرچہ زائد دفتر میں موجود ہو *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

تتمہ مضمون لکچر نمبر ۲

ایسے ادبار کے زمانہ میں کئي شاہنشاہوں کو ایک عجیب خیال پیدا ہوا ' یعني اُنھوں نے یہہ امتحان کرنا چاہا کہ عام آزادي کي اُمیدوں سے یعني ایسے انتظام اور حکومت کے قایم ہونے سے ' جسکو اب ہم ایسي حکومت کہتے ہیں جو لوگوں کے وکیلوں کے ذریعہ سے ہوتي ہی ' روم کي قلمرو میں اتفاق اور انتظام پہ نسبت ظالمانہ حکومت کے اچھے طور سے قایم رہ سکتا ہی یا نہیں : چنانچہ شاہنشاہ ہونوریس اور تھیوڈوسس صغیر کا فرمان مصدورہ سنہ ۴۱۸ع موسومہ حاکم ملک گال یعني فرانس موجود ہی ' جسکا یہہ مقصود تھا کہ فرانس کے جنوبي حصہ میں ایک ایسي حکومت قایم کي جاوے جسمیں رعایا کي طرف سے وکیل حاضر ہوویں ' اور اُس کے ذریعہ سے شاہنشاہي کے مختلف حصوں کا اتفاق اور انتظام قایم رہے ۔ اُس فرمان کا مضمون یہہ ہی ۔

فرمان بنام ایکریکولا حاکم فرانس

اُس ثابت اطمینان کیفیت کے لحاظ سے جو تمام ملک فرانس کي نسبت تحریر کي ہی ' علاوہ اور ایسے حالات کے جو ظاہرا اُس ملک کیواسطے مفید ہیں ' ہم احکام مندرجہ ذیل کو ہمیشہ کے واسطے قانون کي منزلت بخشتے ہیں ' یعني ان احکام کا نفاذ بطور قانون کے مرعي رکھیگا ' اور ہم حکم دیتے ہیں کہ ہمارے † ساتوں صوبوں کے باشندے اُن احکام کي اطاعت کریں ' جو ایسے احکام ہیں کہ اُن کے جاري ہونے کي خود اُن کو خواہش اور التماس کرنا چاہیئے تھا ۔

ہمکو معلوم ہوتا ہی کہ تمہارے دربار میں ' خاص اور عام فلاح کي نظر سے ' حکام نایب اُن صوبوں کے ہر صوبہ سے بلکہ ہر شہر سے زمینداروں کي حقیقت کے حالات اور اُوْر اُمور بیان کرنے کے واسطے اکثر حاضر ہوتے ہیں : اسلیئے ہم نے یہہ مناسب اور مفید سمجھا ہی کہ اس سال سے تمہارے دارالحکومت شہر آرلیز میں ایک تاریخ معین پر ساتوں صوبوں کے باشندوں کي طرف سے ایک سالانہ مجلس ہوا کرے ۔ اس قاعدہ سے ہماري غرض یہہ ہی کہ خاص اور عام دونوں قسم کے امور کا انتظام اُس کے ذریعہ سے ہوتا رہے ۔ تمہارے دربار میں تمہارے نامور اور معزز لوگوں کے جمع ہونے سے ' بشرطیکہ تم تاریخ معینہ پر کار سرکار کي ضرورت سے باہر نہ گئے ہو ' تمہارے صحیح اطلاع اور عمدہ خبریں ہر ایسے معاملہ کي نسبت حاصل ہوسکینگي جو قابل غور اور توجہہ کے ہوگا ؛ اور جو امر بعد غور کاملحل ہوگا اُس کا علم سب صوبوں کو ہوجاویگا ' اور جن صوبوں کے لوگ اُس مجلس میں حاضر نہونگے اُن پر بھي اُنھیں قاعدوں کي پابندي لازم ہوگي جو اُس مجلس میں انصافاً قرار پاوینگے ۔ علاوہ اس کے ہر ‡ قسطنطنیہ میں سالانہ مجلس کےقایم کرنے سے ہمکو یقین ہی کہ سرکار ہي کو فائدہ نہ پہونچیگا ' بلکہ لوگوں کے باہمي تعلقات اور معاملات تمدن اور معاشرت کو بھي بہت ترقي حاصل ہوگي ۔ بے شک یہہ شہر ایسے عمدہ موقع پر واقع ہی کہ غیر ملکوں کے لوگ وہاں بکثرت آتے ہیں اور تجارت کثرت سے ہوتي ہی ' اور مقاموں کي ہر قسم کي چیزیں وہاں آتي ہیں ' یعني زر خیز ملک مشرقي ' اور خوشبویوں سے مالامال ملک عرب ' اور نازک اور پاکیزہ اشیا کا مخرج ملک § ایسریا ' اور ثمرور خطہ افریقہ ' اور خربصورت ملک اسپانیہ ' اور بہادر ملک فرانس کي تمام عمدہ چیزیں جو اُنمیں پیدا ہوتي ہیں ' اس شہر میں ایسي فراواني سے موجود رہتي ہیں کہ جو اشیاء دنیا کے اور مقاموں میں بڑي عمدہ اور نایاب سمجھي جاتي ہیں ' وہ اس جگہہ کي خاص پیداوار معلوم ہوتي ہیں ۔ علاوہ اس کے اس مقام پر دریاے رون کے سمندر ٹسکن میں گرنے سے وہ تمام ملک ' جس میں سے وہ دریا گذرتا ہی اور جن کو یہہ سمندر گھیرے ہوئے ہی ' قریب ہوگئے ہیں ۔ جو کہ تمام دنیا کي وہ سب چیزیں ' جو نہایت عمدہ اور کارآمد سمجھي جاتي ہیں ' براہ خشکي و تري بذریعہ گاڑیوں اور جہازوں کے آکر اس شہر میں جمع ہوتي ہیں ' اسلیئے اس شہر میں ' جہاں خدا تعالی کي خاص عنایت سے زندگي کے عیش و آرام کے سامان اور تجارت کي ہر طرح کي آساني اور آسایش مہیا اور موجود ہی ' جو حکم ہم مجلس عام کے منعقد ہونے کي نسبت صادر کرتے ہیں اُس سے ملک فرانس کو ضرور فائدہ پہونچیگا ۔

سابق میں بھي حاکم پٹرونیس نے بنظر فیض رساني اور مصلحت کے اسي جلسہ کے منعقد ہونے کا حکم دیا تھا ' مگر اُسکے بعد انقلاب

† وزرمیوں نے ملک فرانس کو سات صوبوں پر منقسم کیا تھا ۔

‡ شاہنشاہ قسطنطین اعظم نے قدیم رومي قلمرو کے حصہ مشرقي کا دارالسلطنت شہر قسطنطنیہ آباد کیا تھا ' جو اب دارالسلطنت ٹرکي یعني سلطنت عثمانیہ کا ہی جس کو اہل اسلام روم کہتے ہیں ' اور اسي شاہنشاہ نے شہر آرلیز واقعہ ملک فرانس میں ایک حاکم اعلی مقرر کرکے اُس شہر کو فرانس کا دارالحکومت قرار دیا تھا ؛ اُس کي یہہ خواہش تھي کہ اُس شہر کا نام بھي اُسي کے نام پر رکھا جاوے ' کیونکہ اُس کو اُس سے نہایت اُنس تھا ' لیکن رسم و رواج کے غلبہ سے یہہ خواہش اُس کي پوري نہ ہوئي اور شہر کا نام آرلیز قایم رہا ۔

§ اِس کو اب سریا یعني ملک شام کہتے ہیں جو مملکت عثمانیہ میں یعني سلطان روم کے قبضہ میں ہی ۔

اور پریشانی کے واقع ہونے اور ایسے بادشاہوں کے سبب سے ' جنہوں نے تمام اختیارات کو خود غصب کرلیا ' اُس کا عمل درآمد جاتا رہا : پس اب ہم اپنی رائے مصلحت آمیز اور اپنے حکم سے پھر اُس کو شگفتہ اور تروتازہ کرتے ہیں — اے حاکم والا جاہ ایگریکولا اور ہمارے عزیز بھائیو ' تمکر چاہیئے کہ ہمارے اس حکم کے بموجب اور کسی اور ایسے قاعدے کے لحاظ سے بھی ' جو حکام سابق نے مقرر کیا ہو ' اپنے صوبہ جات میں قواعد مندرجہ ذیل کی تعمیل کراؤ — وہ سب لوگ جو سرکاری عہدوں پر مامور ہوں یا ریاست اور حقیت کے مالک ہوں ' اور سب صوبوں کے منصف اور عادل ' ماہ اگست اور ستمبر کے دوسرے ہفتہ میں شہر ارلیز میں جمع ہوکر ' مجلس منعقد کیا کریں ' اور اپنے اجلاس کے ایام خود اپنی مرضی سے قرار دیا کریں — صوبجات نوم پوپولیٹیا اور ایکوئیٹین ثانی بہت فاصلہ پر ہیں ؛ اگر وہاں کے حاکمان عدل نشوت کار سرکار کی وجہ سے خود شریک جلسہ نہو سکیں ' تو حسب معمول اپنی طرف سے نائب مقرر کرکے اُس مجلس میں بھیج دیا کریں — جو کوئی مرقع اور وقت معینہ پر حاضر ہونے سے قاصر رہیگا ' اُس پر جرمانہ اس حساب سے ہوگا کہ حکام عدل و انصاف میں سے ہر غیر حاضر پر پانچ پونڈ طلاء ' اور شہری † کمیٹیوں کے ممبروں میں سے ہر غیر حاضر ممبر پر تین پونڈ طلاء — اس مصلحت اندیشی کی تدبیر سے ہمارا غرض یہہ ہی ' کہ ہمارے صوبوں کے باشندوں کو بہت سا فائدہ پہونچے ' اور یہہ قاعدہ ہمارا مین نوازش اور کرم کی دلیل ہی ' جس سے شہر آرلیز کی رونق اور آبادی کو بھی ترقی ہوگی . ہم اپنے بھائی ‡ کے بیان کے بموجب اُس شہر کے لوگوں کی وفاداری اور وابستگی کے بہت ممنون ہیں . یہہ فرمان پندرھویں مئی کو لکھا گیا ' اور گسویں جون کو شہر آرلیز میں پہونچا .

اس قاعدہ سے فائدہ حاصل کرنا صوبوں اور شہروں کے رہنے والوں نے پسند نہیں کیا ' چنانچہ اُس مجلس میں شریک ہونے کے لیئے کسی نے اپنے نائب مقرر نہیں کیئے : کیونکہ خلقت کے اُس مجموعہ کی اصل خصلت کے یہہ امر برخلاف تھا کہ تمام اختیارات کا ایک ہی مرکز ہو ' اور اس تدبیر سے اُن کے باہم اتفاق رہے ؛ بلکہ عالی ہمتی اور طبیعت کی آزادی کا جا بجا ظہور ہوا ' اور خلقت کے ایک عام مجموعہ یا ولایت کا از سر نو قایم کرنا غیر ممکن معلوم ہوا . شہروں کے لوگ اپنے اپنے خاص حالات پر متوجہہ رہے ؛ اُنہوں نے اپنی شہرپناہ کے بیرونی مقاموں سے کچھہ سروکار نہ رکھا : جس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ شاہنشاہی تباہ اور برباد ہو گئی ' کیونکہ کسی شہر کے باشندوں نے اُس کی تائید نہیں کی ؛ وہ صرف اپنے اپنے شہر کے انتظام اور درستی کے خواہشمند رہے . پس جو بات شاہنشاہی روم کی ابتدا میں ممکن معلوم ہوئی ہی ' وہی اُس کے زوال کے وقت بھی ظاہر ہوتی ہی : یعنی رومی قلمرو کی خلقت میں اُس قسم کی طبیعت اور اصول کا غلبہ ' جس کے ذریعہ سے لوگ آپس میں جمع ہوکر بطور پنچایت کے اپنے شہروں کا انتظام اور اُن کی اصلاح کرتے ہیں . غرض کہ شاہنشاہی روم کی تباہی کے وقت اُس کی قلمرو کی خلقت نے اپنی ابتدائی حالت پر عود کیا : چنانچہ شہروں سے وہ سلطنت مرکب تھی ' اور اُس کی بربادی کے بعد بھی شہر ہی باقی رہے .

الحاصل جو قاعدہ آبادیوں اور شہروں کے انتظام اور درستی کا کمیٹی کے ذریعہ سے مروج تھا ' وہ یورپ کی زمانہ حال کی شایستگی کو رومیوں کی شایستگی سے وراثتاً حاصل ہوا ہی ؛ اگرچہ اخیر میں یہہ تسہیل ابتدائی زمانہ کے یہہ قاعدہ بہت ضعیف اور کمزور ہوگیا تھا ' اور بڑی بے ضابطگی اور خرابی اُس میں ظاہر ہوئی تھی ' مگر یہی ایک ایسا اصلی قاعدہ تھا ' جو رومی سلطنت کے تمام قواعد اور اصولوں میں سے اُس کے زوال کے بعد قایم اور باقی رہا .

یہہ کہنا کہ صرف یہی قاعدہ باقی رہا صحیح نہیں ہی ' بلکہ ایک اور اصل یا خیال بھی باقی رہا ' یعنی شاہنشاہی کا خیال اور اُس جاہ و جلال اور اعلی اور مطلق قوت کا خیال ' جو شاہنشاہ کے نام کے ساتھہ لازم و ملزوم ہی . غرض کہ یورپ کی شایستگی کو رومیوں کی شایستگی سے جو اصول اور خیالات بہم پہونچے ' وہ یہہ ہیں : یعنی ایک تو شہر اور آبادیوں کی درستی اور انتظام کا قاعدہ ' جو کمیٹی کے ذریعہ سے کیا جاتا ہی ' اور آزادی کی وہ عادتیں اور قاعدے اور اُصول اور نظیریں ' جو اُس قاعدہ سے متعلق ہیں : دوسرے اُس قانون کے بنانے کا قاعدہ ' جو اُمور تمدن اور معاشرت کے باب میں سب خلقت کے لیئے علی العموم یکساں نافذ کیا جاتا ہی ' یعنی اُس قوت اور اختیار مطلق کا خیال جو شاہنشاہ عالی جناب اور مقدس کو حاصل ہوتا ہی ' جس سے عام انتظام اور ہر ایک کو مطیع و محکوم کرنے کا قاعدہ حاصل ہوا ہی .

مگر اُسی زمانہ میں رومیوں کے اندر ایک دوسرا گروہ نہایت مختلف قسم کا قایم ہوا ؛ اُس مجمع کے اصول اور قاعدے اور رائے اور خیالات بہت مختلف تھے ' اور وہ ایسا مجمع تھا کہ اُس کی

† رومی قلمرو میں شہروں کی کمیٹیاں شہروں اور دیہی آبادیوں میں جا بجا قایم تھیں اور اُن کا نفوذ سے رواج تھا .

‡ بھائی سے قسطنطین شہر ثانی مسماۃ پلیسیڈیئس مراد ہی جس کو شاہنشاہ ہونوریس نے امورات سلطنت میں اپنا شریک قرار دیا تھا .

بدولت یورپ کے اس زمانه کی مجموعی حالت میں بهت سے مختلف قسم کے اصول شایع اور مروج هونے والے تهے : اُس مجمع سے هماری مراد میسائیوں کا گرجا یعنی پادریوں کا ترتیب یافته گروه هی ، مذهب میسائی مراد نهیں هی . واضح هو که چوتهی صدی کے آخر اور پانچویں صدی کے شروع میں ، مذهب میسائی صرف بمنزله ایسے اعتقاد کے نه رها تها ، جو محض لوگوں کی ذات سے مخصوص هو ؛ بلکه میسائیوں کا ایک عام جلسه قایم هوگیا تها ؛ اُس جلسه میں حکومت کا سلسله جاری تها ؛ اور اُن میں پادریوں کا ایسا گروه تها ، جو مختلف کاموں کے انجام دینے کی لیاقت رکهتا تها ، اور محاصل اور خراج اور آزادانه کارروائی کے ذریعے اور ایسے قاعدے اور طریقے ، جو ایک بڑے گروه کے انتظام کے لیئے مناسب تهے ؛ اور هر صوبه کی مجلسیں ، اور عام قومی مجلسیں ، اور اخلاقی امور پر عموماً مباحثه کرنے کی رسم اُس مذهب کے لوگوں میں موجود اور رایج تهی . فرضکه مذهب میسائی اُس زمانه میں صرف ایک ملت اور طریقه هی نه تها ، بلکه اُس کا گرجا یعنی پادریوں کا گروه قایم هوگیا تها .

اگر پادریوں کا ترتیب یافته گروه نهوتا ، تو هم نهیں کهه سکتے هیں که شهنشاهی روم کی تباهی کے زمانه میں مذهب میسائی کو کیا کیا پیش آتا . هم یهه راے مذهب میسائی کی نسبت صرف یالحاظ امورات انسانی یعنی دنیوی کے ظاهر کرتے هیں ؛ کسی ایسے امر واقع سے هماری غرض نهیں هی ، جو قدرتی † واقعات کے قدرتی نتیجوں کے برخلاف هو : یعنی اگر مذهب میسائی ، اپنے ابتدائی زمانه کے موافق ، اُسوقت میں بجز ایک عقیده اور خیال هونے کے اور کچهه اصلیت نرکهتا ، تو هم یقین کرسکتے هیں که وه شهنشاهی روم کی تباهی ، اور وحشی قوموں کے حملوں میں غرق اور معدوم هوجاتا: چنانچه زمانه مابعد میں ، ایشیا اور تمام شمالی حصه افریقه میں ، وه مذهب اُس قسم کے حملوں یعنی مسلمان ‡ وحشی قوموں کی یورش کی آفتوں کا صدمه نه اُرٹها سکا ؛ گو وه ایک گروه ترکیب یافته کی صورت میں اُسوقت قایم تها ، مگر پهر بهی پامال هوگیا . جب که زمانه مابعد میں اُسکا یهه حال هوا ، تو یهه امر زیاده قرین قیاس هی که شاهنشاهی روم کے زوال میں بهی اُسکی یهی کیفیت هوتی .

اُس وقت میں وه فریقے موجود نه تهے ، جنکے سبب سے ، قطع نظر قواعد معینه اور مسلمه عام کے ، اس زمانه میں اخلاقی خیالات اور مذهبی عقاید قایم هوجاتے هیں ، یا وه انقلاب کے مقابله میں مخالفت اور مزاحمت کا باعث هوجاتے هیں ؛ یعنی ایسے ذریعے موجود نه تهے ، جنکی مدد سے کوئی حقیقت یا خالص خیال لوگوں کے دلوں پر بڑی حکومت اور غلبه حاصل کرتا هی ، اور اُنکے افعال پر حاوی اور واقعات اور معاملات میں دخیل هوجاتا هی : فرضکه چوتهی صدی میں کوئی ایسا امر موجود نه تها ، جس کی بدولت ذاتی خیالات اور رایوں کو غلبه اور زور حاصل هوتا . ظاهر هی که ایسی سخت آفت کے مقابله کے واسطے اور ایسے طوفان عظیم سے ظفرمند هونے کے لیئے ایسے گروه خلایق کا وجود نهایت ضروری تها ، جو بهت استحکام سے مرتب اور قایم هوا هو ، اور اُس کے اجزا اور ارکان آپس میں اچهی طرح متفق اور وابسته هوں . میرا یهه کهنا که چوتهی صدی کے شروع میں صرف گرجا یعنی پادریوں کے گروه کے سبب سے ، مذهب میسائی سلامت رها کچهه مبالغه نهیں هی ؛ بلکه محض ایک سچی بات کا ظاهر کرنا هی ؛ گرجا هی کے قواعد اور قوت اور حکام کی بدولت ، مذهب میسائی رومی شهنشاهی کی اندرونی تباهی اور وحشیوں کے زور و غلبه کے مقابله کی تاب لاسکا ، اور اُسیکی بدولت وحشیوں پر شایستگی نے فتح پائی : اور رومی شاهنشاهی کے زمانه کی خلقت اور وحشی قوموں کے درمیان میں شایستگی کے قایم رکهنے کا خاص ذریعه اور وسیله وهی گرجا کا گروه هوا . پس یهه بات دریافت کرنے کے لیئے که اُس زمانه سے مذهب میسائی کی بدولت زمانه حال کی شایستگی کو کیا ترقی حاصل هوئی ، اور کون کون سے اُنکے قواعد اور اصول اس شایستگی میں داخل اور مروج هوئے ، مذهب میسائی پر توجهه کرنے کی به نسبت زیاده تر گرجا کے گروه یعنی پادریوں کی حالت پر همکو متوجهه هونا چاهیئے .

جبکه هم اُن مختلف انقلابوں پر ظاهری یعنی مفهوی لحاظ سے نظر ڈالیں ، جو مذهب میسائی کی ترقی کے زمانه میں اُس کے آغاز رواج سے پانچویں صدی تک واقع هوئی ؛ یعنی هم اُس مذهب کو بطور ایک گروه کے سمجهیں ، که بطریق ایک بڑے مذهبی عقیده کے ، تو همکو معلوم هوگا که اُسپر تین مختلف حالتیں گذریں .

اپنے سب سے پهلے زمانه میں میسائیونکا گروه بهیثیت ایک ایسے مجمع کے تها که جو اپنے عام عقیده اور عام رایوں کے سبب سے ممتاز اور مخصوص هوگیا تها ؛ چنانچه سب سے پهلے میسائی مذهب کے

† قدرتی واقعات اور نتیجوں سے ایسے واقعات اور نتیجے مراد هیں جو بمقتضاے حالات دنیا واقع اور پیدا هوتے هیں ، اور اُنکو حالات قرین قیاس بهی کهتے هیں .

‡ ابتداے اسلام میں عرب اور ترکستان اور تاتار کی مسلمان قوموں انهوں نے جو بدوش تهیں ، جنهوں نے میسائیوں پر یورش کی اور فتح پائی ، اُن کے خانه بدوش هونے اور معاشرت کا سامان بکثرت اور مودہ نه رکهنے کے سبب سے مصنف اُنکو وحشی قومیں کهتا هی .

لوگ ایک ہی طرح کے خیالات ' اور ایک ہی قسم کے عقاید مذہبی کی پیروی کرنے سے بطور ایک جماعت کے قایم ہوئے تھے ' اور اُن میں کوئی ترتیب اور سلسلہ مسائل اور قواعد اور انتظام اور حکام کا نہ تھا .

ہر ایک نیا مجمع ' گو وہ کیسا ہی ضعیف البنیاد ہو ' ایسی اخلاقی قوت کی تاثیر سے خالی نہیں ہوتا ' جس کے سبب سے وہ زندہ دل رہتا ہی ' اور اُسی کے بموجب کاربند ہوتا ہی ؛ پس عیسائیوں کی متعدد جماعتوں میں ایسے ایسے آدمی تھے ' جو ساری جماعت کو وعظ اور ہدایت کرتے تھے ' اور اُسپر اخلاق کی راہ سے حکومت کرتے تھے ؛ مگر کوئی حاکم حسب ضابطہ ' اور کوئی انتظام مسلمہ نہ تھا : بلکہ ابتدا میں عیسائیوں کی صرف ایک ایسی جماعت تھی جو اپنے عقائد اور خیالات کے یکساں ہونے کے سبب سے قائم ہوگئی تھی .

عیسائیوں کے گروہ کو جلد جلد ترقی ہوئی ' جس کی علامتیں نہایت قدیم یادگاروں اور کتابوں میں پائی جاتی ہیں ؛ پس جسقدر ترقی ہوتی گئی ' اُسی کے موافق ایک مجموعہ مسائل اور قواعد اور انتظام اور حکام کا قایم ہوتا گیا : چنانچہ اُن میں ایک قسم کے حکام ' جو متقدمین کہلاتے تھے ' کاہن یعنی پریسٹ بنے ؛ اور دوسری قسم کے حکام سرپرستکار یا نگراں حال کہلاتے تھے ' وہ بڑے پادری یعنی بشپ قرار دیئے گئے ؛ اور تیسری قسم کے حکام خادموں یعنی ڈیکن کے نام سے ملقب ہوئے ؛ اور اُنکا یہہ کام قرار پایا کہ فریبوں اور محتاجوں کی خبر گیری کریں اور خیرات تقسیم کیا کریں .

اُن مختلف حکام کے کاموں کو ٹھیک ٹھیک دریافت اور معین کرنا غیر ممکن ہی ؛ کیونکہ اُنکے آپس میں نہایت خفیف فرق اور امتیاز تھا ' اور اُن کے کاموں میں تبدیلی ہوجاتی تھی ؛ مگر یہہ کچھ صاف اور واضح ہی کہ کارپردازوں کے ایک محکمہ کی ترتیب ضرور عمل میں آئی .

مذہب عیسائی کے دوسرے زمانہ میں ایک خاص علامت کا غلبہ پایا جاتا ہی ' یعنی عیسائیوں کے گروہ کو یہ ہیئت مجموعی ہر کام میں حکومت اور فوقیت حاصل تھی ؛ چنانچہ کل مجمع کی رائے اور اختیار سے کارپرداز منتخب ہوتے تھے ' اور انتظام کی درستی بلکہ مسائل کا رواج بھی اُن ہی پر موقوف اور منحصر تھا ؛ گرجا کے حکام یعنی پادریوں کا ترتیبیافتہ گروہ اور عیسائی قرم ابھی تک علیحدہ نہیں ہوئی تھی ' اور ایک دوسرے سے بلا واسطہ وجوہ جدا گانہ نہیں رکھتے تھے ؛ بلکہ عیسائیوں کے گروہوں کو اپنے گروہ کے لوگوں پر بڑا رعب داب حاصل تھا .

مذہب عیسائی کے تیسرے زمانہ میں اس سے بالکل مختلف حالت اُس کی ہوگئی ؛ چنانچہ پادریوں کا گروہ عیسائی قرم سے علحدہ قایم ہوگیا ' جس کی ترتیب اور انتظام ' اور معاصل اور آمدنی ' اور علاقہ جداگانہ تھا ؛ یعنی پوری حکومت اُس کو حاصل تھی : غرض کہ پادریوں کا گروہ ایک ایسا کامل مجمع تھا ' جسکو اپنے وجود اور قیام کے واسطے ہر طرح کے ذریعے حاصل تھے ؛ اور وہ اُس مجموع سے یعنی قوم عیسائی سے ' جس سے اُس کو تعلق اور واسطہ تھا ' اور جس پر اُس نے اپنا رعب داب پھیلایا تھا ' الگ تھا . فرض کہ عیسائی گرجا کی ترکیب کا تیسرا زمانہ ایسا تھا ' یعنی پانچویں صدی میں ایسی صورت پر اُس کا ظہور ہوا ؛ حکام کا گروہ اور لوگوں سے بالکل علحدہ ہوگیا تھا ؛ اس قسم کی حکومت مذہبی امورات میں آج تک کسی اور فرقہ یا ملک میں قائم نہیں ہوئی : اُن تملقات میں جو پادریوں کو اہل ایمان سے تھے پاداری لوگ بے انتہا حکومت کرتے تھے .

پادریوں کو ایک اور ذریعہ بھی رعب داب کا حاصل تھا : یعنی بڑے پادری اور کاہن اُس قسم کے مجسٹریٹ اعلی مقرر ہوئے ' جو شہروں کی انتظامی کمیٹی کی طرف سے مقرر ہوتے ہیں . یہہ بات ہمکو پہلے دریافت ہو چکی ہی کہ رومی سلطنت کے اصول اور قواعد میں سے ' بجز اُس قاعدے کے جس کے بموجب شہروں کا انتظام کمیٹیوں کے ذریعہ سے ہوتا ہی ' اور کچھہ باقی نہیں رہا تھا ؛ ظالمانہ حکومت کی خرابیوں ' اور شہروں کی بربادیوں کے سبب سے ' اُن کمیٹیوں کے ممبر تو شکستہ دل اور کاہل ہو گئے تھے ؛ اور برعکس اس کے بڑے پادریوں اور کاہنوں کا گروہ نہایت زندہ دل اور سرگرم تھا : پس اُنہوں نے تمام معاملات کی نگرانی اور ہدایت کے واسطے ایسی مستعدی ' جیسی کہ قیاس چاہتا ہی ' ظاہر کی . اگر اس معاملہ میں ہم اُن کو ملامت کریں اور غاصب ٹھہرائیں ' تو یہہ ہماری غلطی ہوگی : کیونکہ اُنکو حسب اقتضاے حالات موجودہ اُسوقت کے خود بخود اختیارات حاصل ہوئے . اُس وقت میں صرف پادریوں کا ہی فرقہ از روے اخلاق کے قوی اور تروتازہ تھا ؛ پس وہ جابجا صاحب اختیار ہوگیا : یہی دنیا کا طریقہ اور دستور ہی .

اس انقلاب کی علامتیں اُن تمام قوانین سے ظاہر ہوتی ہیں ' جو اُس زمانہ کے شاہنشاہوں نے ' جس کا ہم ذکر کر رہے ہیں ' جاری کیئے تھے ؛ چنانچہ اگر ہم شاہنشاہ تھیوڈوسیس ' یا شاہنشاہ جسٹینین کے مجموعہ قوانین کو ملاحظہ کریں ' تو ہمہ سے ایسے قواعد اور آئین پائے جاوینگے ' جن کے بموجب شہروں اور آبادیوں کے انتظام کے امور پادریوں کے سپرد کیئے گئے : کسی قدر اُن میں سے ذیل میں نقل کیئے جاتے ہیں .

مجموعہ قوانین جستینین باب اول دفعہ ۱ اور باب چہارم دفعہ ۲۶

ہم شہروں کے سالانہ امور یعنی اُن امور کی بابت ' جو شہر کے معمولی محاصل سے علاقہ رکھتے ہوں ' خواہ وہ محاصل شہر کی حقیقی اور جایداد یا لوگوں کی بخشش اور وصیت سے ہوں ' خواہ کسی دوسرے مخرج اور آمدنی سے وصول ہوتے ہوں ؛ اور اُن امور کی بابت ' جو عمارات سرکاری یا مختلف سامانوں کے ذخیروں ' یا حماموں یا قحبہ خانوں یا بندرگاہوں کے قایم رکھنے ' یا شہر پناہوں اور پرجوں کے تعمیر کرنے ' یا پلوں اور سڑکوں کی مرمت کرنے سے ' یا ایسے مقدمات کی تحقیقات سے جن سے شہر کو عام یا خاص فائدہ اور غرض ہو تعلق رکھتے ہوں ' یہہ حکم نافذ اور صادر کرتے ہیں کہ خدا پرست بڑا پادری ' اور تین معزز اور مشہور آدمی جو شہر والوں میں سے منتخب کیئے جاویں ' باہم جمع ہوکر اجلاس کیا کریں ؛ اور جو کام ہر سال طیار ہووے ' اُسکی جانچ پڑتال اور اُن لوگوں کی نگرانی جو اُن کاموں کو انجام دیتے ہیں کرتے رہیں ؛ اور اُن کی توتیہ درستی کے ساتھ ' اور اُن کا حساب بہ احتیاط تیار کیا کریں ؛ اور یہہ بات ثابت کیا کریں کہ ہمنے اپنا کام ' جو عام یادگاروں کی درستی اور انتظام اور سرکاری عمارتوں ' یا اُس روپیہ سے متعلق ہی جو سڑکوں یا اور سرکاری عمارتوں میں خرچ ہووے ' بخوبی تمام انجام دیا ہی .

مجموعہ قانون ایضاً دفعہ ۳۰

ارل یا دوسرے درجہ کی عمر کے † نابالغوں کی ولایت ' یا اُن سب لوگوں کی ولایت کے باب میں جن کے واسطے قدرتاً ولی مقرر ہونا چاہیئے ' یہہ حکم نافذ کیا جاتا ہی — جب کہ جائداد اشخاص مذکورہ کی پانسو آری سے زیادہ نہو ؛ تو اُن کے ولی کا تقرر حاکم صوبہ پر منحصر نہوگا ؛ کیونکہ ایسی کار روائی سے خرچ بہت پڑجاتا ہی ' خصوصا ایسی حالت میں کہ حاکم ممدوح اُس شہر میں مقیم نہو جس میں ولی کا مقرر ہونا ضرور ہو : پس ایسی صورت میں ولی کا تقرر بہ اختیار مجسٹریٹ شہر کے ' بڑے پادری خدا پرست یا اور سرکاری عہدہ داروں کے مشورہ کے ساتھہ ' عمل میں آنا چاہیئے .

مجموعہ قانون ایضاً باب اول کی دفعہ ۱ اور باب DD کی دفعہ ۸

ہماری یہہ خواہش ہی کہ شہروں کے محافظ ' جن کا اُن اُمور سے جو ایمان صادق سے علاقہ رکھتے ہیں ' اور راز ہاے مقدس سے بخوبی واقف ہونا ضرور ہی ' بڑے پادریوں اور کاہنوں ' اور معزز اور مشہور لوگوں اور حقیقت داروں ' اور انتظام شہر کی کمیٹی کے ممبروں کے اختیار سے ' منتخب اور مقرر ہوا کریں ؛ اور اُن کے تقرر کی رپورٹ فوج کے اعلی افسر کی خدمت میں منظوری کے لیئے روانہ ہوا کرے : تاکہ اُس اعلی افسر کی منظوری کی سند سے اُس تقرر کو زیادہ پختگی اور استحکام حاصل ہووے .

ہم بہت سے اور قوانین کا بھی حوالہ دے سکتے ہیں ' جن سے یہی امر ظاہر ہوگا جو ہمنے بیان کیا ہی ' یعنی اُس رومی انتظام میں ' جس کے بموجب شہروں کے بندوبست کے واسطے کمیٹیاں مقرر تھیں ' اور زمانہ ہاے متوسط کے انتظام اور قاعدہ میں ' اُس سرشتہ کا وجود پایا جائیگا جس میں علاوہ شہر کے اور لوگوں کے پادری بھی دخیل تھے ؛ شہری معاملات میں پادریوں کا دخل اُس قدیم زمانہ کے بعد ' جس میں کمیٹی انتظام کے ممبر منتخب ہوتے تھے ' اور زمانہ حال کے شہر کی کمیٹیوں کے سرشتہ سے پہلے ہوا .

اس سے ظاہر ہی کہ پادریوں کو اپنے گروہ کی خاص ترکیب اور ترتیب سے ' اور اُس رعب داب کے باعث سے جو وہ عیسائی قوم پر رکھتے تھے ' اور اُس مداخلت کی وجہہ سے جو امورات ملکی میں اُن کو ہوئی ' کیسا ہوا اختیار حاصل ہوگیا تھا ؛ اُسی وقت سے پادریوں کے فرقہ نے زمانہ حال کی شایستگی کی قسم اور ہیئت کے قایم کرنے اور اُس کے ترقی دینے میں بہت مدد کی : جو اصول اور قاعدہ اس فرقہ کی بدولت شایستگی کو حاصل ہوا ہی اب ہم اُس کو بیان کرینگے .

اُس زمانہ میں ' جبکہ قوت جسمانی نے خلقت کی مجموعی حالت میں طوفان برپا کررکھا تھا ' اور بڑے زور شور سے نمودار ہورہی تھی ' ایسے اخلاقی رعب داب اور ایسے اخلاقی قوت کے ظہور میں آنے سے جس کی اصل و بنیاد صرف لوگوں کے عقیدوں اور اخلاقی خیالات پر مبنی تھی ' بہت بڑا فائدہ متصور تھا . اگر پادریوں کے فرقہ کا وجود ایسے وقت میں نہ ہوتا ' تو تمام دنیا تری قوت جسمانی کے اختیار اور تابو میں آجاتی . یہہ قوت اخلاقی صرف پادریوں کے فرقہ کو حاصل تھی ' اور اُنھیں کے ذریعہ سے وہ کام میں آئی ؛ بلکہ اس فرقہ نے اور بھی کارروائی کی ؛ چنانچہ اُس نے ایسی حکومت اور قانون کو ' جو تمام انسانی قوانین سے افضل اور برتر ہی ' قایم رکھا ' اور اُس کے خیال اور اثر کو لوگوں میں شایع کیا ؛ اور انسانوں کی نجات کے لیئے اس بڑے عقیدہ کی اصل و بنیاد کو ظاہر اور روشن کیا ' کہ تمام انسانی قوانین سے بہتر اور افضل ایک ایسا قانون موجود ہی ' جو ہر زمانہ کی رسم و رواج اور حالت کے موافق کبھی تو ملک کے نام سے ' اور کبھی قانون الہیہ کے نام سے نامزد ہوتا ہی ؛ مگر بہرحال

† رومی قانون میں نابالغوں کے تین درجے تھے اور اُن تینوں کے حقوق اور عوارض جداگانہ تھے .

وجود اُس قانون واحد کا مختلف زمانوں میں ہر جگہہ ہمیشہ پایا جاتا ہی .

حاصل یہہ کہ پادریوں کے ذریعہ سے ایک بڑے واقعہ کی بنیاد پڑگئی ' یعنی قوت اور اختیارات روحانی اور جسمانی کے درمیان امتیاز قایم ہوگیا ؛ یہی امتیاز اور تقسیم آزادی ایمان کا مخرج ہی ' اور ایسے اصول پر مبنی ہی جو نہایت کامل اور وسیع آزادی ایمان کی بنیاد ہی . قوت † روحانی اور جسمانی کی تقسیم کی بنا اس بات پر ہی ' کہ روح اور طبیعت اور عقیدہ باطنی اور راستی اور حقیقت پر قوت جسمانی یعنی حاکم کو حکومت کرنے کا کچھہ حق نہیں ؛ نہ اُس کی کچھہ تاثیر اُن پر ہوتی ہی . یہہ تقسیم اُس امتیاز سے پیدا ہوئی ہی ' جو عالم خیال اور عالم اعمال ' یا عالم واقعات باطنی اور خارجی کے درمیان میں قایم اور مسلم ہی . غرضکہ یہہ قاعدہ آزادی ایمان کا ' جس کے واسطے اہل یورپ اسقدر لڑے بھڑے ' اور اُنھوں نے بڑی بڑی تکلیفیں اور ظلم سہے ' بہت عرصہ کے بعد انھوں پادریوں کی مرضی کے برخلاف ترقی پاکر ' آخرکار امتیاز قوت جسمانی اور روحانی کے نام سے یورپ کی شایستگی کے بین ابتدائی زمانہ میں قایم اور مسلم ہوگیا ؛ اور پادریوں کے فرقہ نے اُس ضرورت کے سبب سے ' جو وحشیوں سے اپنی قوم کے محفوظ رکھنے کے لیئے اُن کو پیش آئی ' اس مسئلہ کو رایج اور قایم کیا .

پس اخلاقی رعب داب کے موجود ہونے اور قانون الہیہ کے قایم ہونے ' اور روحانی اور جسمانی اختیارات کے تقسیم ہونے سے ' پانچویں صدی میں پادریوں کے فرقہ سے تین بہت بڑے فائدے اہل یورپ کو حاصل ہوئے .

مگر اُس زمانہ میں بھی سارے اثر اُس فرقہ کے بالکل نافع اور مفید نہیں تھے ' چنانچہ اُسی پانچویں صدی میں اُس فرقہ کے کتنے ہی نقص اور خواب اصول بھی ظاہر ہوئے ' جو ہماری شایستگی کی ترقی میں نہایت دخیل اور اُس کے مزاحم رہے ہیں ؛ مثلاً اُسی زمانہ میں

† اگرچہ قوت جسمانی اور قوت روحانی کے معنی ظاہر اور صاف ہیں ' مگر اس موقع پر جو مراد مصنف کی ہی اُس کی تشریح کردینی نامناسب نہوگی . قوت جسمانی سے وہ قوت مراد ہی جو حاکم کو بزور شمشیر اور حکومت کے لوگوں کے جسم اور بیرونی حالات پر حاصل ہی ؛ اور قوت روحانی سے وہ قوت مراد ہی ' جو مذہب اور اخلاق کے باب میں کسی مجموعہ مسایل مذہبی اور قوانین اخلاق کو لوگوں کی روح اور طبیعت اور باطنی حالات پر حاصل ہوتی ہی ' اور حاکم کو اُس میں مداخلت نہیں پہونچتی .

جس کا ہم ذکر کررہے ہیں حاکم اور محکوم کا فرق قایم ہوا ' یعنی پادریوں نے یہہ ارادہ کیا کہ محکوم کے مقابلہ میں حاکم ایک علحدہ اور دوسری چیز قایم ہوجاوے ' اور محکوم قوانین کے پابند کردیئے جاویں ؛ اُن کی خواہشیں اور زندگی کے کام ' بغیر اس بات کے کہ اُن کی عقل اور طبیعت آزادی کے ساتھہ رضامند ہو ' اپنے قبضہ اور تصرف میں لائے جاویں . علاوہ اس کے پادریوں نے اس بات کے لیئے بھی کوشش کی کہ خلقت کے امور دنیوی میں اُن قواعد اور احکام کو غلبہ ہووے ' جو خدا تعالی کی طرف سے نازل ہوئے ہیں ' اور جسمانی یعنی دنیوی اختیارات پر تسلط کرکے خود مختاری کے ساتھہ حکومت کریں ؛ اور جب احکام الہی کو اس طرح پر غلبہ دینے سے دنیوی حکومت حاصل کرنے میں وہ کامیاب نہوئے ' تو اُنھوں نے دنیوی بادشاہوں کی رفاقت اختیار کی ' اور لوگوں کی آزادی کی مضرت کو گوارا کرکے بادشاہوں کے غیر محدود اختیار میں شریک ہونے کی غرض سے ' اُنکی خود مختاری کی جان و دل سے تائید کی .

غرضکہ یہہ اصول شایستگی کے تھے ' جو یورپ کو پانچویں صدی میں پادریوں اور رومی شاہنشاہی سے بہم پہونچے ؛ اُسی حالت میں رومی قاہروں کی خلقت پر وحشیوں نے قاہر پاکر قبضہ اور تسلط کرلیا . اب اُن تمام اصول اور قواعد کے بخوبی سمجھنے کے لیئے ' جو ہماری شایستگی کے وجود اول کی ترتیب میں مخلوط اور مجتمع ہوئے ' ہمکو صرف وحشیوں کے حالات کی کیفیت معلوم کرنی باقی رہی ہی .

واضح ہو کہ وحشیوں کی کیفیت بیان کرنے سے بالفعل میرا یہہ مقصد نہیں ہی ' کہ میں اُن کی تاریخ کے حالات پر گفتگو کروں . اے صاحبو تمکو معلوم ہی کہ اُس زمانہ میں رومی شہنشاہی کے فتح کرنے والے تربیا ایک ہی قوم اور نسل میں سے تھے ' چنانچہ بجز قوموں سکلیورونک اور الیمنی کے وہ سب لوگ اہل جرمنی تھے ' اور شایستگی اور تہذیب بھی اُن کی قریبا بدرجہ مساوی تھی . بیشک اُن کی شایستگی میں کسیقدر تفاوت اُس قرب اور دوری کے لحاظ سے ضرور ہوگا ' جو رومی قلمرو کی خلقت سے اُن مختلف قوموں کے مسکنوں میں تھی : مثلاً قوم گاتھہ بالشبہہ یہ نسبت قوم فرانکس یعنی فرانسیسوں کے زیادہ ترقی یافتہ تھی ' اور اُن کے اطوار زیادہ نرم اور پسندیدہ تھے ؛ مگر جب ہم بہیئت مجموعی اُن کے حالات پر نظر ڈالیں ' اور اُن سے جو کچھہ نتیجے ہماری نسبت پیدا ہوئے ' اُن پر غور کریں ' تو معلوم ہوگا کہ وحشیوں کی باہمی شایستگی میں بھی تھوڑا اصلی تفاوت تھا .

غرضکہ وحشي قوموں میں جو عام حالت لوگوں کي تھي ' اُس کي کیفیت سمجھني ضرور ھی ؛ مگر یہہ ایسا مضمون ھی کہ اس زمانہ میں اُسکي کیفیت سے ھمارا بخوبي واقف ھونا نہایت دشوار ھی .

اگرچہ بغیر بہت سي دشواري کے رومیوں کے اُس انتظام کي کیفیت ' جس کے بموجب شہروں کے بندوبست کي کمیٹیاں جا بجا مقرر تھیں ' اور پادریوں کے حالات ھماري سمجھہ میں آتے ھیں : کیونکہ اُنکا اثر آج تک پایا جاتا ھی ' اور اُنکے پتے اور نشان بہت سے قواعد اور جلسوں اور واقعات سے پائے جاتے ھیں : خلاصہ یہہ کہ ھزاروں ذریعے اُن کي شناخت اور تشریح کے ھمارے پاس موجود ھیں — مگر وحشیوں کي رسم و رواج اور تمدن اور معاشرت کا وجود بالکل نیست اور نابود ھوگیا : پس ھم اسبات پر مجبور ھوتے ھیں کہ خواہ نہایت قدیم زمانہ کي تاریخانہ یادگاروں سے ' یا اپني عقل و قیاس کے ذریعہ سے ' اُن کے حالات جمع کریں .

وحشیوں کي خصلت اور حقیقت کا نقشہ بخوبي ذہن نشین ھونے کے لیئے البتہ ایک راے اور واقعہ ایسا ھی جسکا سب چیزوں سے پہلے بخوبي سمجھنا لیقنا ضرور ھی . اُس راے اور واقعہ سے میري مراد وہ خوشي ھی ' جو ھر فرد بشر کو اپني ذات کے بے تعلق اور غیر محتاج ھونے سے حاصل ھوتي ھی . یعني وہ سرور جو آدمي کو اپني ذات خاص سے اپنے قوت بازو اور پوري آزادي سے دنیا اور زندگي کے اتفاقات † میں کام لینے سے حاصل ھوتا ھی ؛ یعني اُس عمل اور کارروائي کي خوشي اور نشاط جو ھر شخص بلا جبر و مشقت اپني مرضي سے کرنا چاھتا ھی ؛ یعني ایسي دلیرانہ کارروائي کا اطف اور حظ جسکا انجام اور نتیجہ غیر محقق ھوتا ھی ؛ اور وہ خطروں سے بھري ھوئي اور بے نظیر ھوتي ھی . غرضکہ وحشیوں میں اسي راے اور خیال کا غلبہ تھا ؛ وہ اوصاف اخلاقي کے محتاج تھے ؛ اسي محتاجي کے سبب سے بیشمار گروہ انساني ' خلاقات یعني وحشیوں کي متواتر حرکت اور دوا دوش سے مضطرب رھتے تھے . اس زمانہ میں جبکہ ھم لوگ ایک نہایت ترتیب پائے ھوئے مجمع خلایق میں زندگي بسر کرتے ھیں ' تو اُس خیال یا راے کي کیفیت کو ' اُس تمام اثر اور قوت کے ساتھہ جو ' اُسکو چوتھي اور پانچویں صدي کے وحشیوں پر حاصل تھي ' بخوبي معلوم نہیں کرسکتے . اُس کا پورا پورا سمجھنا دشوار ھی . میرے نزدیک صرف ایک نقاب موجود اور باقي ھی ' جسمیں وحشت کي یہہ خاص علامت اپني پوري اب و تاب کے ساتھہ منقش اور موجود ھی ؛ یعني انگلستان کي اُس فتح کي تاریخ ' جو قوم

† اتفاقات سے ایسے کام دنیا کے مراد ھیں جنکے نتیجہ اور انجام کي نسبت ھمکو یقین اور اعتبار نہیں ھوتا .

† نارمنز نے حاصل کي تھي ' مولفہ تھیري صاحب . صرف یہي ایک ایسي کتاب ھی ' جسمیں وہ تمام خیالات ' اور خواھشیں ' اور میلان طبیعت ' جو لوگوں پر ایسي حالت معاشرت میں ' جو وحشت کے قریب قریب ھو ' موثر اور حاوي ھوتے ھیں ' اس خوبي اور درستي سے ظاھر اور جمع کیئے گئے ھیں ' کہ ‡ ھومر شاعر کي صداقت بیاني اور نقشہ بندي کي برابري کرتے ھیں .

ممالک امریکہ کے وحشیوں کے حالات زندگي میں ' جو عجیب و غریب داستان کوپر صاحب نے لکھي ھی ' میرے نزدیک اُس میں بجھہ حالات ایسے ھیں ' جو یورپ کي قدیم وحشي جرمني قوموں کے حالات سے مشابہہ ھیں ' گو وہ مشابہت ادنی درجہ کي ھی ' اور راستي اور سادگي بھي اُن میں کم ھی . امریکہ کے وحشیوں کے طریقہ اوقات بسري میں ' اور جو باھمي تعلقات اور خیالات اُن کے جنگلوں میں موجود پائے جاتے ھیں ' اُن میں ایسي چند باتیں ھیں ' کہ اُن سے ھمکو قدیم اھل جرمن کے کسیقدر طور و طریقے یاد آتے ھیں . اِس میں کچھہ شک نہیں ' کہ وہ حالات کسیقدر شاعرانہ طرز پر بیان کیئے گئے ھیں ' اور جو نہایت بري بري باتیں ' اور ناپسندیدہ حالات وحشیوں کي اوقات بسري کے ھیں ' وہ بخوبي ظاھر نہیں کیئے گئے . اس موقع پر میں اُن نقصانوں کا ذکر کرنا نہیں چاھتا جو وحشیوں کے اطوار اور طریقوں سے باھمي تعلقات خلایق یعني تمدن اور معاشرت کو پہنچے ھیں ' بلکہ وحشي شخص کي خاص ذاتي اور جداگانہ حالت سے اس وقت سمجھکر بحث کرتي ھی . ھرایک وحشي کي طبیعت میں ' جو یہہ خواھش نہایت غالب تھي ' کہ ھر آدمي ذاتي آزادي اور بے تعلقي رکھتا ھو ' اُس کے سبب سے وحشیوں کي ذات میں اُس سے زیادہ ناپسندیدہ اور خراب باتیں موجود تھیں جو تھیري صاحب نے ظاھر کي ھیں ' چنانچہ اُن میں ایسي سنگدلي اور سرد مہري تھي جو صاحب ممدوح کے بیان سے پوري پوري ظاھر نہیں ھوتي ' مگر باوجود اس نقصان اور برائي ' یعني سنگدلي اور خود غرضي کے ' جب ھم اُس خواھش کي ماھیت اور اُس کي اصلي خالص جز پر نظر کرتے ھیں ' تو ظاھر ھی کہ ذاتي آزادي اور بے تعلقي کا انس ایک بڑا عمدہ امر اخلاق کا ھی ' اور انسان کي اخلاقي یا

† یہہ فرانسیسوں کي ایک قوم تھي جسکا وطن نارمنڈي تھا جو فرانس کا ایک صوبہ ھی بہت مدت تک اس قوم کي سلطنت انگلستان میں رھي .

‡ یہہ قدیم یونانی کا نہایت مشہور شاعر ھی اُس کے نظم میں یہہ کمال ھی کہ جس شی کے حالات وہ بیان کرتا ھی اُس کا ایسا نقشہ باندہ دیتا ھی گویا وہ شی آنکھہ کے سامنے موجود ھی اور واقعي ھی خیالي نہیں .

باطنی خلقت اُس کی نہایت مقتضی ہی ' اور یہہ خواہش یا اُنس و سرور ہی ' جو آدمی کو اُس وقت حاصل ہوتا ہی جب کہ وہ یہہ جانتا ہی کہ مجھکو اپنی اصلاح اور فائدہ کے واسطے اپنی رائے اور مرضی کے موافق عمل کرنے کا اختیار اور آزادی حاصل ہی ' اور میں بذاتہ ایک چیز جداگانہ اور بے تعلق اور آزاد ہوں .

یہہ خیال یا مسئلہ مذکور جرمنی کے وحشیوں ہی کی بدولت یورپ کی شایستگی کا جزو قرار پایا . رومی ڈامور کے باشندے ' اور عیسائی قوم ' اور قریبا تمام شایستہ قومیں قدیم زمانہ کی ' اس عمدہ خیال سے نا آشنا تھیں . زمانہ قدیم کی مختلف شایستگیوں میں ' جس آزادی کا ہم تذکرہ پاتے ہیں ' وہ آزادی امور راجع ملکی سے متعلق تھی ' یعنی اُس شخص کی آزادی سے جو ملکی نوعی یا جماعت میں شریک ہوتا تھا . اُن شایستہ قوموں میں سے انسان نے اپنی ذاتی آزادی کے واسطے کوشش نہیں کی ' بلکہ اپنی ملکی آزادی کے لیئے سعی کی : چنانچہ وہ جس کسی خاص جماعت سے تعلق رکھتا تھا ' اُسی کے مقاصد پر فدا ' اور اُسی کے حاصل کرنے میں اپنی جان دینے کو مستعد رہتا تھا . یہی حال پادریوں کے فرقہ کا تھا . چنانچہ اُس فرقہ کے ارکان اپنی خاص جماعت کے ساتھہ جان و دل سے وابستہ ہوتے تھے ' اور اُس کے قوانین پر جان نثار ہونے کے خیال کو مزیز رکھتے تھے ' اور اُس کی بادشاہت کو وسعت دینے پر آمادہ رہتے تھے ' بلکہ یہہ کہنا چاہیئے کہ اس مذہبی جوش اور خیال سے یہہ اثر پیدا ہوا ' کہ انسان نے اپنے ہی حوکت کو اُولت کو اپنی ذات یا نفس پر قالا ؛ یعنی اُس نے خاص اپنی ذات کو مطیع اور محکوم کرنے ' اور اپنی طبیعت کو اپنے ایمان اور عقیدہ کا تابع اور پابند کرنے میں دل سے کوشش کی ' لیکن خیال اور شوق ' اُس ذاتی آزادی اور بے تعلقی کا ' جو باوجود ہر طرح کے خطروں اور جوکھوں کے ' ہر شخص کو صرف اپنے نفس کی رضامندی اور سرور کے واسطے حاصل ہونی ضرور ہی ' نہایت عمدہ اور نادر خیال تھا ' جس سے رومی ڈامور کی خلقت اور عیسائی لوگ محض ناواقف تھے ' اور اُس نے صرف وحشیوں کے ذریعہ سے بیدار ہوکر زمانہ حال کی شایستگی کے گہوارہ میں پرورش پائی ' اور اس شایستگی کے امور میں اُس کو ایسی بڑی مداخلت رہی ہی ' اور ایسا ایسے عمدہ نتیجے اُس سے پیدا ہوئے ہیں ' کہ اُس کو اس زمانہ کی شایستگی کا اعلی جزو تصور کرنا چاہیئے .

ایک اور امر یعنی شایستگی کا ایک اور جزو بھی ' ہمکو وحشیوں سے حاصل ہوا ہی ' اُس کے لیئے بھی ہم اُنہیں کے مرہون منت ہیں ؛ اس امر سے میری غرض اُس تعلق سے ہی ' جس کے سبب سے ضرورت کے وقت ہر سردار کے متوسل اُس کو فوج کی مدد دیتے تھے ' یہہ تعلق خاص خاص شخصوں اور سپاہیوں کے باہم اسطرح سے قایم ہوا ' کہ اُس سے ہرایک کی آزادی کو کچھہ ضرر نہیں پہنچا ' اور درجہ اور مرتبہ کے مساوات جو اُن کے آپسمیں کامل طور پر موجود تھے ' وہ بھی شروع شروع میں بہت کچھہ سالمت اور قایم رہے ؛ مگر باوجود اس کے اُس قسم کی ماتحتی اور توسل ' جو ایک فرقہ کے ارکنوں میں ایک دوسرے کی نسبت ہوتا ہی ' اُن میں قایم ہوگیا . اور آخرکار اسی قاعدہ کی بدولت وہ امیرانہ انتظام رایج ہوگیا ' جو بعد کو سلسلہ ریاست ہاے متفقہ ' اور طوایف الملوکی کے نام سے مشہور ہوا ؛ اور یہی تعلق اُس رفاقت اور وفاداری کی بنیاد ہی ' جو ایک آدمی دوسرے آدمی کے ساتھہ بغیر کسی خارجی ضرورت اور ایسے فرض کے کرتا ہی جو معاہدت کے عام اصولوں پر مبنی ہو . قدیم زمانہ کی جمہوری سلطنتوں میں کوئی آدمی کسی دوسرے آدمی سے کوئی خاص واسطہ اور بے تکلف اتحاد نہیں رکھتا تھا ' بلکہ سب کے سب اپنے شہر سے وابستہ اور تعلق رکھنے والے ہوتے تھے ؛ یعنی اُن کے باہم عام تعلق ہوتا تھا ' مگر وحشیوں میں خاص خاص آدمیوں کے آپسمیں باہمی تعلق دو وجہہ سے قایم ہوا ؛ اول تو اُس تعلق کی وجہہ سے ' جو سردار کو اپنے مصاحب اور رفیق سے ' اُس حالت میں تھا جب کہ اُن کے گروہ یورپ میں سرگشتہ اور آوارہ پھرتے تھے ؛ اور دوسرے اُس تعلق کی وجہہ سے ' جو اُسوقت اُن کے باہم پیدا ہوا جبکہ طوایف الملوکی ہوئی ' اور صاحب ریاست ہوکر اُن میں ریاست داران متوسل و متفق کا سلسلہ قایم ہوا ' جس کے بموجب وہ اپنے اعلی سرداروں یا بادشاہوں کے تابعدار سمجھے جاتے تھے ' اور سردار اعلی آقا کے لقب سے ' اور اُنکے ماتحت متوسلین اورفرمانبردار کے لقب سے ' ملقب ہوئے . غرض کہ زمانہ حال کی شایستگی کا یہہ دوسرا اصول ' یعنی رفاقت اور تعلق ایک آدمی کا دوسرے آدمی کے ساتھہ ' وحشیوں ہی سے ہمارے ہاتھہ لگا ہی ' اور اُنہیں کے طور و طریقوں سے ہمارے طریقوں میں داخل ہوا ہی ' اور اُس کو بھی ہماری شایستگی میں بڑا دخل ہی .

اے حضرات ' اب آپ فرمائیں کہ میں نے شروع میں کیا یہہ بات غلط بیان کی تھی ' کہ زمانہ حال کی شایستگی اپنے آغاز ہی میں ایسی مختلف اور رنگ برنگی ' اور ایسی متحرک ' اور منتشر تھی ؛ جیسی کہ اُس کی کیفیت اس بیان سے معلوم ہوتی ہی ' جو میں نے آپ کے روبرو عام طور پر بیان کیا ہی ؟ کیا یہہ بات اب ہمکو معلوم اور تحقیق نہیں ہوگئی ' کہ ہماری شایستگی کی ترقی روز افزوں

میں جو مختلف اصول مجتمع ہیں ' وہ تریباً سب کے سب رومی سلطنت کے زوال کے وقت میں بھی موجود تھے ؟ اب ہمکو معلوم ہوگیا کہ اُس وقت میں تین ایسے مجمع خلایق کے موجود تھے ' جن کے باہم کچھہ مناسبت اور مشابہت نہ تھی : یعنی ایک تو شہروں کے انتظام کی کمیٹیاں ' اور مجلسیں ' جو رومی شہنشاہی کی اخیر یادگار اور بقیہ ہیں ' دوسرے عیسائیوں کا مجمع ' تیسرے وحشیوں کا گروہ ؛ ان مجمعوں کی ترتیب اور ترکیب بہت مختلف تھی ' اور اُن کا نشو و نما بالکل مختلف اصول اور قاعدوں پر ہوا ؛ اُن مجمعوں کے ذریعہ سے جو خیالات اور رائیں لوگوں میں ظاہر ہوئیں ' وہ بھی نہایت مختلف اور غیر تھیں . چنانچہ ہمکو معلوم ہوا ہی کہ مطلق آزادی ' اور بالکل بے تعلقی کے ساتھہ ' جو ہر شخص اپنے نفس اور اپنے افعال کی نسبت چاہتا تھا ' غایت درجہ کی اطاعت اور فرمانبرداری بھی موجود تھی ؛ اور اُن والیان ریاست ' اور جاگیر داروں کی حکومت کے پہلو بہ پہلو ' جو ادنی درجہ کے جاگیر داروں اور سپاہیوں کے آقا اور سردار ہوتے تھے ' مذہبی یعنی پادریوں کی حکومت اور اُن کا غلبہ پایا جاتا تھا ؛ اور گرجا کے یعنی مذہبی قواعد اور احکام ' اور رومیوں کے ناقابلہ قوانین اور رائیں ' اور وحشیوں کے روایتی یعنی بغیر لکھے ہوئے رسم و رواج ' سب ایک ہی زمانہ میں موجود تھے : غرض کہ نہایت مختلف قوموں اور زمانوں ' اور طرح طرح کے حالات معاشرت ' اور طور و طریقوں ' اور خیالوں ' اور رایوں کی آمیزش اور اختلاط ' یا ایک ہی وقت میں اُن سب کی موجودگی ' جا بجا پائی جاتی تھی . میں سمجھتا ہوں کہ جو کیفیت میں نے بیان کی اُس سے ہماری شایستگی کی عام خاصیت اور علامت ' جس کے ظاہر کرنے میں میں نے کوشش کی ہی ' بخوبی واضح اور روشن ہوتی ہی .

ہماری شایستگی کے اجزا میں جو اختلاف اور پریشانی اور بے ترتیبی پائی جاتی ہی ' بے شک اُس سے بہت نقصان ہمکو پہونچا ہی : اس سبب سے یورپ کی ترقی دیر اور تردد کے ساتھہ بتدریج ہوئی ہی ' اور یورپ بہت سی آفتوں اور تکلیفوں میں مبتلا رہا ہی ؛ مگر باوجود اس کے میرے نزدیک اس کا کچھہ افسوس کرنا نہیں چاہیئے ' کیونکہ اُسی انقلاب اور اختلاف اور مخالفت کی بدولت ' اب لوگوں کو بھیڑ مجموعی ' اور ہر شخص کو بحالت جداگانہ ' اس بات کا موقع ملا ہی ' کہ اُن کی ہر قسم کی ترقی کامل طور پر ہو سکے ' اور ہر معاملہ اور ہر کام میں انسان کے قوا کو بے انتہا وسعت اور شگفتگی حاصل ہو سکتی ہی : پس یہہ موقع اُن تمام تکلیفوں اور مصیبتوں اور ہر قسم اور لاگ کا ' جو اُس کے پیدا کرنے میں ہمکو اُٹھانی پڑیں ' کافی وافی معارضہ ہی . تمام مراتب اور حالات پر غور کرنے کے بعد ' یہہ ثابت ہوتا ہی ' کہ شایستگی یورپ کی ایسی انقلاب پذیر ' اور زورآور ' اور جفاکش حالت سے ' درسری سادہ وضع کی شایستگیوں کی بہ نسبت انسان کو بہت زیادہ فائدہ پہونچتا ہی ' فرضکہ بہ نسبت نقصان کے اُس سے انسان کو نفع زیادہ حاصل ہوا ہی .

اب ہم اُس حالت کی عام علامتوں سے جس میں دنیا رومی شہنشاہی کے زوال اور ادبار سے مبتلا ہوئی واقف ہوگئے ' اور اُن مختلف اصولوں سے بھی ماہر ہوگئے ' جو یورپ کی شایستگی پیدا کرنے کے لیئے متحرک اور برانگیختہ ہوکر مخلوط اور مجتمع ہوئے ؛ اس کے بعد اب آیندہ ہمکو یہہ دیکھنا ہوگا کہ اُنھوں نے کیا کیا عمل اور اثر اپنا دیکھایا ' اور اُن کو کس کس طرح سے نشو و نما اور شگفتگی حاصل ہوئی : پس لکچر مابعد میں یہہ امر ثابت کیا جاویگا کہ اُس زمانہ میں جسکو ہم وحشیوں کا زمانہ کہا کرتے ہیں ' اور جس میں وحشیوں کے حملوں سے بڑا گہرا اور انقلاب واقع ہوا ' اُن اصولوں نے کیسی صورت پکڑی ' اور کیا کیا نتیجے اُن سے پیدا ہوئے *

راقم
ایف گیزٹ بزبان فرانس
مترجمہ
ولیم میزاسٹ بزبان انگریزی

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد پنجم] ۱۵ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۶ نبوی سنہ ۱۲۹۱ ھجری [نمبر ۱۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور ہر خریدار اُس سال رواں کے شروع سے جس میں وہ خریدار ہوا ہی خریدار تصور ہوگا اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو ني پرچہ چار آنہ جملہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا بشرطیکہ وہ پرچہ زائد دفتر میں موجود ہو *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور تنبیشن کے منایجر فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرقکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۲۰۰

لکچر

نمبر ۳

مانسیور ایف گیزت صاحب فرانسیسي کا سولزیشن پر

اے صاحبو — یورپ کي شایستگي کے بنیادي اصول اور اُسکي وہ ابتدائي کیفیت جو رومي شاهنشاهي کے زوال کے وقت تهي ' آپ کے روبرو بیان کي گئي . اُس سے پہلے میں نے کچهه حال اُن اصول کے اختلاف اور مسلسل باهمي مخالفت کا بیان کرکے ' اِس امر کے ثابت کرنے میں کوشش کي کہ اُن اصول میں سے کوئي اصول یورپ کے مجموع خلایق پر ایسا غلبہ مطلق حاصل کرنے میں ' یا اُس پر اس قدر حاوي هو جانے میں ' کامیاب نہیں هوا کہ اُس کے سوا اور اصول بالکل معدوم ' یا حد سے زیادہ اُس کے مطیع هو گئے هوں . اور یہہ بات ظاهر هو چکي هی کہ یہي خاص علت شایستگي یورپ کي تهي ' اُسي کے ذریعہ سے اُسي کا بخصوصي امتیاز هوتا هی . اب هم اُس شایستگي کے اُس زمانہ کي تاریخ بیان کرنا شروع کرتے هیں ' جس کو وحشیوں کا زمانہ کہتے هیں .

اس زمانہ پر پہلے هي نظر ڈالنہ سے ممکن نہیں کہ اُس واقعہ پر نظر نہ پڑے جو بظاهر بیان مذکور کے مخالف معلوم هوتا هی . جب هم ایسے چند خیالات کي ماهیت کو دیکهتے هیں ' جو یورپ کے قدیم حالات کي نسبت یقین کیئے جاتے هیں ' تو معلوم هوتا هی کہ هماري شایستگي کے مختلف اصول ؛ یعني سلطنت شخصیہ ' اور دنیا کا انتظام بذریعہ احکام الهي ' اور حکومت قومیہ ' اور جمهوري کے اصول ' سب اس بات کا دعوی کرتے هیں کہ ابتدا میں یورپ کا مجموع خلایق همارے تهے اور قابو میں تها ' اور همارا اختیار اور مطلق حکومت صرف اس وجهه سے ضایع هوگئي کہ اصول مخالف نے اُس کو غصب کرلیا . جو کچهه اس امر میں لکها گیا اور بیان کیا گیا هی ' اُن سب تصویروں اور بیانوں کے ملاحظہ سے دریافت هوگا کہ وہ تمام طریقے اور انتظام ' جن کے ذریعہ سے هماري ابتدائي حالت کي ترضیع اور تشویع کا ارادہ کیا گیا هی ' اس بات کے دعویدار هیں کہ یورپ کي شایستگي کے اصولوں میں سے ایک نہ ایک اصول کو غلبہ مطلق حاصل رها هی .

چنانچہ ایک فرقہ اُن لوگوں کا هی ' جو طوایف الملوکي یا انتظام ریاست هاے متفقہ کے معاون هیں ' اُن میں سے نهایت مشہور ہولینڈرز صاحب کے پیرو هیں . اُن کا یہہ دعوی هی کہ رومي شاهنشاهي کے زوال کے بعد ' متهممند قوم کے لوگوں کو ' جو بعدہ امراء مالک هوگئے ' تمام اختیارات اور حقوق حاصل تهے ' اور کل مجموع خلایق اُنهیں لوگوں کا محکوم اور مطیع تها . اُس کے بعد اُن امیروں سے بادشاهوں نے اور رعایا نے وہ حکومت چهین لي ' پس طوایف الملوکي ' یا حکومت امرا ' یورپ کي ابتدائي حالت اور اصلي هیئت تهي .

علاوہ اس فرقہ کے ' سلطنت شخصیہ کے مددگاروں کا بهي ایک فرقہ هی ' مثلاً ڈوبس صاحب کي خانقاہ کے پیرو بیان مذکورالصدر کے برخلاف یہہ ظاهر کرتے هیں ' کہ یورپ کا مجموع خلایق بادشاهوں کے تحت و تصرف میں تها ؛ یعني رومي شاهنشاهوں کے حقوق جرمني بادشاهوں کو وراثتاً پهونچے تهے ' اور قدیم قوموں نے خصوصاً قوم گاز ' یعني فرانسیسیوں نے ' اُن کو بادشاہ هونے کے لیئے خود چلیا تها ' پس اُنهیں کي حکومت جایز تهي ' امیروں نے جو کچهه تسلط کیا وہ سب بادشاهوں کے حقوق اور اختیار کا پیچها قبض و تصرف تها .

اسي طرح سے تیسرا فرقہ اُن آزاد مدبروں یا حکومت جمهوري کے حامیوں کا پایا جاتا هی ' جنکو هم کسي اور نام سے بهي پکار سکتے هیں ' مثلاً رعایا کے مدد و معاون کہیں ' اُن میں سے میبلي صاحب کي خانقاہ والوں کے مقولہ کے بموجب ' پانچویں صدي سے مجموع خلایق کي حکومت اُس مملکت کو پهونچي جو آزادانہ قواعد اور اصول سے مرتب اور مرتب تها ' یعني آزاد لوگوں یا رعایا کي جماعت کو حاصل هوئي ' اور امیروں اور بادشاهوں نے اُس ابتدائي آزادي کو ارث کهسوٹ کر اپنے آپ کو مالا مال کرلیا ' اُن کے حملوں کي مار مار سے عام آزادي مغلوب هو گئي ' ورنہ اُن کے عهد سے پہلے اُس کو فوقیت اور پوري سبقت حاصل تهي .

بادشاهت اور امیروں اور رعایا کے مُرندارں کے دعووں سے بڑہ کر مذهب کے حامي اور معاون اپنا دعوی پیش کرتے هیں جو احکام الهي پر مبني هی . وہ کہتے هیں کہ مذهب اپنے اصل مقصود اور ایسے حق کے سبب سے ' جو خدا تعالی کي ذات خاص سے اُس کو حاصل هی ' مالک اور مختار تمام مجموع خلایق کا تها ' اور صرف اُسي کو استحقاق اُس کي حکومت کا تها ' پس یورپ کي ملکہ † جایز اور

† یہہ انگریزي زبان کا محاورہ هی کہ جس شی کو لوگ بهت عزیز اور عمدہ جانتے هیں اُس کو مرتبہ کے صیغہ سے یاد کرتے هیں ' مثلاً چاند کو ملکہ آسمان کہتے هیں .

حقدار ہونے کا رتبہ صرف مذہب ہی کو حاصل تھا ' کیونکہ اُسی کی کوشش اور محنت سے یورپ حقایق اور شایستگی تک پہونچا ہی ۔

پس اے صاحبو ' ہماری حالت ذرا بہ پیچیدہ ہی ' ہمنے یہہ خیال کیا تھا کہ ہم یہہ بات ثابت کرچکے کہ یورپ کی شایستگی کے اصولی جن سے کوئی اصول اُس کی تاریخ کے زمانہ میں غالب مطلق نہ تھا ' بلکہ وہ سب اصول ہمیشہ اتصال اور اختلاط اور مخالفت اور مصالحت کی حالت میں موجود اور قایم رہے ' مگر ہم پہلی ہی منزل میں ایسی رائے کا وجود پاتے ہیں جو صریح مخالف ہمارے بیان کے ہی ' یعنی یہہ رائے کہ یورپ کی عین ابتدائی حالت میں ' یعنی اُس زمانہ میں ' جب کہ یورپ وحشیوں سے معمور تھا ' نکلی اصول اور قاعدہ مجموع خلایق پر بالکل حاوی اور غالب تھا ' اور کسی ایک ملک میں نہیں ' بلکہ یورپ کے تمام ملکوں میں ہماری شایستگی کے مختلف اصولوں کی طرف سے اسی قسم کے مخالف دعوے مختلف زمانوں میں کچھہ کچھہ مختلف صورتوں میں ظاہر ہوئے ہیں ؛ چنانچہ جن تاریخ والے فوقوں کا ہم ابھی ذکر کرچکے ہیں وہ جا بجا موجود پائے جاتے ہیں ۔

یہہ امر یعنی مخالف دعویہاے مذکور کا پیش ہونا بذاتہ ایک امر اہم نہیں ہی ' بلکہ اسوجہہ سے بہت منزلت رکھتا ہی کہ اُس سے ایسے اور واقعات ظاہر ہوتے ہیں جو ہماری تاریخ میں بڑا رتبہ رکھتے ہیں ۔ حال کے یورپ کے اول زمانہ کی حکومت اور اختیار کی نسبت جو ثمانیہ مخالف دعوے ایک ہی وقت میں پیش کیئے گئے ہیں ' اُن سے دو واقعے لحاظ کے قابل ظاہر ہوتے ہیں ' اول اختیارات ملکی کے استحقاق کی اصل اور قاعدہ جو اُن خیالات میں سے ہی جن کو یورپ کی شایستگی میں بڑا دخل رہا ہی ۔ دوسرا امر یہہ ہی کہ ہمکو یورپ کے زمانہ وحشت کی حالت کی خاص اصلی علامت اور خاصیت معلوم ہوتی ہی ' اور بالفعل ہمکو خاص اُسی زمانہ سے سروکار اور بحث ہی ۔

اب ان دونوں واقعوں کے ثابت کرنے میں کوشش کی جاویگی ' یعنی اُن اصل دعوؤں کی مخالفت سے جن کو ہم ابھی بیان کرچکے ہیں ایسا مسلسل نتیجہ نکالا جاویگا جس سے وہ دونوں واقعے ثابت ہوجاوینگے ۔

اب خیال کرنا چاہیئے کہ یورپ کی شایستگی کے مختلف اصول ' یعنی دنیوی انتظام بذریعہ احکام الہی ' اور بادشاہی ' اور حکومت ڈمیہ اور جمہوری کے معاون ' اپنے اس دعوی کے ثبوت میں کہ یورپ کا مجموع خلایق پہلے پہل ہمارے ہی اصول کے تحت حکومت تھا کیا کہتے ہیں ' اور اُن سب کا کیا یہہ دعوی نہیں ہی کہ ابتداءً ہماراہی اصول جایز اور درست تھا ؟ اس سے ظاہر ہی کہ استحقاق اختیارات ملکی ایک ایسا حق ہی جو قدامت اور امتداد زمانہ پر مبنی کیا گیا ہی ' مختلف اصولوں مذکور کے حامی اور مددگار اُس حق کا مخرج اور اپنے اختیارات کے استحقاق کا ثبوت اسی بات کو قرار دیتے ہیں کہ ہمارا حق سب سے مقدم اور قدیم تھا ۔ آپ صاحب غور کریں کہ یہہ دعوی کسی خاص انتظام اور گروہ کے معاونوں سے مخصوص نہیں ہی ' بلکہ تمام اصولوں کے حامی اور مدد گار یہی دعوی کرتے ہیں ۔ اس زمانہ میں ہم صرف ایک انتظام یعنی بادشاہی کو جایز اور واجب تصور کرتے ہیں ' مگر واضح ہو کہ یہہ ہماری غلطی ہی کیونکہ یہی جواز اور واجبیت تمام اصولوں اور انتظاموں میں متصور ہوسکتی ہی ۔ یہہ بات ہمکو معلوم ہوچکی ہی کہ ہماری شایستگی کے تمام اصول خاص اپنی نسبت اُس جواز اور استحقاق کو منسوب اور مخصوص کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر ہم یورپ کے زمانہ مابعد کی تاریخ کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ مجموع خلایق کی نہایت مختلف صورتیں اور انتظام اور حکومتیں سب بدرجہ مساوی جایز اور درست تسلیم کی گئی تھیں ' اور کوئی استحقاق سے خالی نہ تھی ؛ چنانچہ حکومت اسپارٹا اور حکومت جمہوری جو ملک اٹلی اور سوئیٹزرلینڈ میں ہوئی ' اور حکومت جمہوری مقام سین مرینو ' اور یورپ کی تمام بڑی بڑی بادشاہتیں ' سب اپنے کو جایز اور مستحق کہتی ہیں اور اُن کا مستحق ہونا تسلیم بھی کیا گیا ہی : ان سب حکومتوں مذکور نے اپنے استحقاق کے دعوی کو ' اپنے جاسوں اور قاعدوں اور اپنے سورشتہ حکومت کے سب سے پہلے اور ہمیشہ سے ہونے پر ' برہناد تاریخ اُسی طرح سے مبنی کیا ہی ' جس طرح بادشاہوں نے اپنے دعوی کو قایم کیا ہی ۔

اگر ہم یورپ سے قطع نظر کرکے اور ملکوں اور زمانوں پر نظر ڈالیں ' تو یہی مسئلہ استحقاق اختیارات ملکی کا جا بجا نظر آویگا ؛ یعنی حکومت کی کسی جزو ' یا کسی جاسہ اور طریقہ ' یا قاعدہ سے ہم اُس کو ہر جگہہ منسوب پاوینگے ' کوئی ملک اور زمانہ ایسا نہیں ہی جس میں مجموع خلایق اور اختیارات ملکی کا کچھہ نہ کچھہ وجود نپایا جاوے ' اور جس سے اسی قسم کا استحقاق جو قدامت اور امتداد مدت پر مبنی ہی منسوب نہ کیا گیا ہو ' اور وہ استحقاق تسلیم نہ کیا گیا ہو ۔

اب جاننا چاہیئے کہ یہہ اُصول استحقاق کیا ہی ' اور اُس کے اجزا کیا ہیں اور اُسنے شایستگی یورپ میں کسطرح سے مداخلت پائی ہی ۔ واضح ہو کہ تمام اختیارات اور حکومتوں کی ابتداء میں قوت جسمانی کا وجود پایا جاتا ہی اور یہہ قاعدہ تمام اختیارات ملکی کی

نسبت میں یہ امتیاز بیان کرتا ہوں ' مگر میری یہہ غرض نہیں ہی کہ تمام اختیارات کی اصل اور بنیاد صرف زور اور قوت ہی ہوتی ہی' یا یہہ کہ اگر اُن کی ابتدا میں بجز زور و قوت کے اور کچھہ استحقاق اُن حکومتوں کو نہوتا تو وہ قایم ہوجاتیں ' بلکہ ظاہر ہی کہ اور حقوق کا ہونا بھی ضروری ہی ؛ چنانچہ حکومت اور اختیارات مجامع خلایق کی بعض مصلحتوں کے سبب سے ' یعنی مجامع خلایق کے اطوار اور عادتوں اور رایوں اور خیالات کی حالت کے لحاظ سے قایم ہوا کرتے ہیں؛ لیکن پھر بھی اس امر سے انکار نہیں ہو سکتا کہ تمام حکومتوں اور انتظاموں کی ابتدا قوت جسمانی سے معیوب اور داغدار ہوتی ہی ' گو اُنکی خاصیت اور صورت کیسی ہی کیوں نہو .

مگر کوئی صاحب حکومت اس ابتدا کا اقرار نہیں کرتا ' بلکہ تمام ذی اختیار اُس سے انکار کرتے ہیں ' اور کوئی تسلیم نہیں کرتا کہ ہمارا اختیار اور حکومت زور و قوت کے ذریعہ سے قایم ہوئی ' ایک ایسی سمجھہ یا ہوشیاری جسکے برخلاف عمل کرنا غیر ممکن ہی صاحبان حکومت کو اسبات سے آگاہ اور متنبہ کرتی ہی کہ زور و زبردستی سے استحقاق کی بنیاد قایم نہیں ہوتی ' اگر ہماری اصل اور بنیاد زور و قوت تہی تو ہمارا حق کبھی قایم نہیں ہوسکتا .

پس اب جو ہم ابتدائی زمانوں کا حال دیکھتے ہیں اور مختلف انتظاموں اور سررشتوں اور اختیاروں اور حکومتوں کو زور و زبردستی کے پنجہ اور قابو میں پاتے ہیں ' تو اسپر جھجھ سے ہر قسم کے صاحب حکومتوں میں سے ہرایک یہہ حجت اور دعوے کرتا ہی کہ میرا انتظام اور میری حکومت دوسرے حقوق کے وجود سے پہلے اور سب سے اول موجود تہی' اور مجمع خلایق اس زور و زبردستی اور تنازعہ اور فساد کی حالت سے پہلے ' جس میں تم مجھکو پاتے ہو میرے ہی اختیار و حکومت میں تہا ' میرا ہی انتظام و اختیار جایز اور درست تہا ' لیکن اور لوگوں نے میرے حقوق پر ناحق حجت اور تکرار کرکے اُنکو بطور ناجایز غصب کرلیا .

امر مذکورہ بالا سے صرف یہہ بات ظاہر ہوتی ہی کہ زور و زبردستی کا قاعدہ استحقاق اختیارات ملکی کی بنیاد نہیں ہی ' بلکہ اُس کی اصل اور بنیاد اس سے بالکل مختلف ہی . اب سمجھنا چاہیئے کہ تمام سررشتوں اور حکومتوں کا زور و زبردستی سے اسطرح پر منکر ہونے سے مقصد کیا ہی ' ظاہر ہی کہ اُنکو اسبات سے انکار ہی کہ اُنکا استحقاق کسی اور بات پر منحصر ہی جو اُنکے استحقاق کی اصلی بیخ و بنیاد ہی ؛ یعنی اُنکا استحقاق عقل اور معقولیت اور راستی اور انصاف پر مبنی ہی ' وہ ایسی اصل اور بنیاد سے شاید اس خواہش سے اپنے آپ کو متعلق کرنا چاہتے ہیں کہ اُنکو زور و زبردستی سے قایم ہونے والی حکومتیں خیال نہ کیا جاوے ' وہ اپنی قدامت کے حیلہ اور پردہ سے ایک مختلف استحقاق رکھنے کا دعوے کرتے ہیں . پس استحقاق اختیارات و حکومت ملکی کی اول خاصیت یہہ ہی کہ زور و قوت جسمانی کو اپنا مخرج تسلیم نہ کرکے وہ اپنے آپ کو ایک خیال یا قوت اخلاقی سے ؛ یعنی راستی اور انصاف اور عقل اور معقولیت کے مسئلہ سے متعلق اور منسوب کرتے ہیں ' اسی اُصول اور بنیاد سے استحقاق اختیارات ملکی کا قاعدہ قایم ہوا ہی ' اور قدامت اور امتداد مدت کے ذریعہ سے وجود اُسکا حسب مندرجہ ذیل قرار پاتا ہی .

یعنی جب کہ تمام حکومتوں اور انتظاموں اور خلایق کے مجمعوں کے ابتدا میں زور و قوت کا غلبہ ظاہر ہو لیتا ہی ' تو زمانہ اپنا دخل اور اثر شروع کرتا ہی اور زور و زبردستی کے کاموں اور نتیجوں کی ہیئت تبدیل کرکے اُنکی اصلاح کرتا ہی ' اور مجمع خلایق کے ہر قسم کے لوگوں سے مرتب ہوکر محض قایم رہنے ہی سے وقت کے گذرنے پر اُن کاموں کی اصلاح ہوجاتی ہی جو زور و زبردستی سے ابتدا میں ظاہر اور پیدا ہوئے تھے انسان کی خاص ذات میں انتظام اور انصاف و معقول پسندی کے خیالات موجود ہیں ' اور وہ ہمیشہ اُس کے ساتھہ رہتے ہیں ' اور اُس کی طبیعت میں یہہ خواہش موجود ہی کہ وہ خیالات اُس کے شایع ہوں ' اور جن حالات میں وہ زندگی بسر کرتا ہی اُن میں اُن خیالات کی مداخلت اور تاثیر ہووے ' اور اس کام کے انجام دینے کے لیئے ہمیشہ کوشش کرتا رہتا ہی ' اور اگر وہ حالت معاشرت جو اُسکو حاصل ہوتی ہی قایم رہتی ہی ' تو ہمیشہ اُس کی کوششوں کا کچھہ نہ کچھہ اثر پیدا ہوتا رہتا ہی ؛ غرض کہ جس عالم اور مجمع خلایق میں انسان اپنی اوقات بسر کرتا ہی ' اُس میں عقل اور اخلاق اور استحقاق اور درستی کے اُصول کو رواج دیتا ہی .

انسان کے کاموں اور کوششوں کے علاوہ ایسے قدرتی قانون کی وجہہ سے جسکی شناخت اور امتیاز میں غلطی ہونی غیر ممکن ہی ' اور جو اُس قانون اور قاعدہ سے مشابہ ہی جس کے بموجب مادی دنیا اور عالم اجسام انتظام اور ترتیب پایا ہوا ہی ' اسقدر معقولیت اور انصاف اور انتظام خود بخود موجود ہی جو ایک مجمع خلایق کے قیام اور بقا کے واسطے نہایت ضروری ہی ' چنانچہ مجمع خلایق کے قایم اور باقی رہنے ہی سے ہم یہہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ کوئی مجموع خلایق محض بیہودہ اور بے انصاف اور بے تمیز نہیں ہوتا ' اور معقولیت اور انصاف اور راستی اور درستی کے اُس اُصول سے جس پر خلقت کے تمام مجمعوں کی بقا اور قیام منحصر ہی بالکل محروم اور

معرا نہیں ہوتا . اور اگر مجمع خلایق شکفتہ ہوکر ترقی پاتا ہی اور زیادہ قوی اور آسودہ حال ہوتا جاتا ہی ' اور تمدن اور معاشرت کی حالت کو روز بروز زیادہ آدمی قبول کرتے جاتے ہیں ' تو اسکا سبب یہہ ہوتا ہی کہ وقت کے گذرنے اور زمانہ کی گردش سے عقل اور انصاف اور درستی اُسکو زیادہ حاصل ہوتی جاتی ہی ' اور درجہ بدرجہ اُس کے حالات کی ترتیب اصلی استحقاق اور درستی کے موافق ہوتی جاتی ہی .

غرض کہ اُس مجمع خلایق کا جو خیال اور راے استحقاق اختیارات و حکومت ملکی کی نسبت ہوتی ہی ' وہ تمام دنیا میں مذکورہ بالا طریقہ سے دخیل ہوتی ہی ' اور دنیا سے ہر ایک شخص کی جداگانہ طبیعت میں ثغرہ کرتی ہی . پھر حال اُس انتظام و حکومت کی بنیاد اور ابتدا کسیقدر ایسا استحقاق ہی جو از روے اخلاق یعنی انصاف اور عقل اور راستی اور درستی کے استحقاق کے نام سے موسوم ہوسکتا ہی اور بدہ ایسی منظوری اور تسلیم پر اُسکا مدار ہوتا ہی جو وقت کے گذرنے سے حاصل ہوتی ہی ' جس سے اسبات کے یقین کرنے کی وجہہ پیدا ہوتی ہی کہ عقل نے واقعات اور معاملات میں بخوبی دخل پایا اور اصلی استحقاق اور درستی عالم ظاہری پر مرتب ہوئی . اب ہم جس زمانہ کے حال پر مفروض کرینگے اُس سے معلوم ہوگا کہ زور و زبردستی اور کذب و دروغ نے بادشاہت کے انتظام اور حکومت امرا اور جمہوری کے قواعد اور اصول کو ' بلکہ خاص مذہب کو بھی گھیر لیا تھا ' اور ہر جگہہ زور و زبردستی اور دروغ اور کذب کی اصلاح زمانہ کی تاثیر سے بتدریج ہوتی گئی ' اور بجاے اُن کے راستی اور درستی ' شایستگی میں قایم ہوگئی ؛ حاصل یہہ کہ انسانوں کی حالت معاشرت میں راستی اور درستی کے دخیل ہونے سے ' استحقاق اختیارات ملکی کا خیال اور مسئلہ رونق پذیر ہوا ' اور زمانہ حال کی شایستگی میں مذکورہ طرز سے اُس نے اپنے لیئے جگہہ اور مرتبہ حاصل کیا .

مختلف زمانوں میں جب کہ مسئلہ استحقاق اختیارات ملکی کو ' اختیار مطلق یعنی بادشاہت کا نشان قرار دینا چاہا ' تو اُس کی اصلیت میں خرابی پڑگئی ' اختیار مطلق یعنی بادشاہت کا نشان ہونے سے ' اُس کی اصلیت اسقدر بعید اور غیر ہی کہ صرف انصاف اور راستی اور درستی کے نام سے اُس کی بنیاد دنیا میں قایم ہوئی ہی ' اور اُس کا اثر عالم پر ظاہر ہوا ہی ؛ پس وہ مسئلہ ایسا نہیں ہی کہ اُس کے مقابلہ میں کوئی اصول قایم نہ رہ سکے اور وہ کبھی شخص کی ذات خاص سے تعلق نہیں رکھتا ' بلکہ جہاں کہیں درستی اور راستی ظہور پذیر ہوتی ہی ' وہاں اُس کا وجود بھی قایم ہوتا ہی ' چنانچہ اُس کو آزادی اور حکومت دونوں سے مناسبت اور اتحاد ہی ' اور خاص حقوق اور اُن قواعد سے جنکے بموجب ملکی اختیار عمل میں لائے جاتے ہیں دونوں سے مساوی تعلق ہی . ہم اُسکا وجود نہایت مخالف انتظاموں اور سورشتوں میں ' مثلاً طرایف الملوکی کے انتظام اور † فلانتروز اور جرمن کی اُن کمیٹیوں اور جلسوں میں ' جو شہروں کے انتظام کے لیئے مقرر تھیں ' اور اٹلی کی جمہوری حکومتوں میں بھی ایسی ہی خوبی اور کمال سے پاتے ہیں ' جیسا کہ بادشاہی کے قواعد میں ' غرضکہ وہ ایک ایسی صفت اور ملاحظہ ہی جو زمانہ حال کی شایستگی کے مختلف اصولوں میں پھیلی ہوئی ہی ' اور اُس کی ماہیت کو شایستگی کی تاریخ کے ابتدا ہی میں سمجھہ لینا ضرور تھا .

دوسرا امر یا واقعہ جو اُن مختلف دعووں مذکورالصدر سے صاف صاف ظاہر ہوتا ہی جو وقت واحد میں پیش کیئے گئے ہیں ' اُس زمانہ کی اصلی علامت ہی جسکو ہم یورپ کی وحشت کا زمانہ کہا کرتے ہیں ' جب کہ یورپ کی شایستگی کے تمام اصولوں کے معاونوں کو یہہ دعوی ہی کہ زمانہ مذکور میں یورپ خاص ہمارے قبضہ اور حکومت میں تھا ' تو ایسے دعووں کا صریح نتیجہ یہہ ہی کہ اصول مذکور میں سے کسی اصل اور جزو کو کامل غلبہ حاصل نہ تھا ' کیونکہ جب کوئی قاعدہ معاشرت اور تمدن کا دنیا میں غالب ہوتا ہی تو اُس کا امتیاز کچھہ مشکل نہیں ہوتا . دسویں صدی کے حالات کے معائینہ سے بے تامل طرایف الملوکی کے انتظام کا امتیاز ہوتا ہی ' اور سترھویں صدی میں اس بات کے اقرار کرنے میں ہمکو تامل نہیں ہی کہ حکومت شخصیہ یعنی بادشاہت غالب ہوگئی ' اگر ہم فلانتروز کے اُن مجمعوں پر نظر کریں جو شہروں کے انتظام اور درستی کے لیئے مقرر ہیں ' اور ملک اٹلی کی جمہوری حکومتوں کو ملاحظہ کریں ' تو فی الفور ہم اِس بات کی گواہی دینگے کہ جمہوری سلطنت کے اصول کو وہاں سبقت حاصل ہی ؛ فرض کہ جب فی الحقیقت مجموع خلایق کے حالات میں کوئی اصول غالب موجود ہوتا ہی ' تو اُسکی شناخت اور تمیز نہوتا محال ہی .

اُن مختلف سورشتوں اور انتظاموں کے باہم جو یورپ کی شایستگی میں دخیل ہوئے ' اس امر کی بابت جو تنازعہ واقع ہوا کہ ابتداء شایستگی مذکور میں کونسا قاعدہ اور سورشتہ غالب تھا ' اُس سے ثابت ہوتا ہی کہ سب اصول اور قاعدے وقت واحد میں اپنا وجود رکھتے تھے ' اور اُن میں سے کوئی بھی عموماً اسقدر رایج اور حاوی

† یہہ ایک ملک ممالک اسپین یعنی اندلس کا ہی

نہیں ہوا کہ مجموع خلایق اُسی کی شکل اور صورت پر قایم ہوجاتا اور اُسی کے نام اور علامت سے مشہور ہوتا ۔

فرشکہ یورپ کے زمانہ وحشت کی یہہ خاصیت اور علامت تھی ؛ یعنی تمام مختلف اصول مخلوط ہو رہے تھے ، اور سارے انتظام اور قاعدے اپنی ابتدائی حالت میں تھے ، اور اُن کے آپسمیں مخالفت اور تفرقہ عام تھا ، اور وہ تفرقہ اور تنازعہ بھی دایمی یا کسی قاعدہ پر نہ تھا ۔ اِس زمانہ کی حالت معاشرت کے طرز اور طریقہ ، یعنی حالات پر غور کرنے سے میں آپ صاحبوں کے روبرو یہہ بات ثابت کرسکتا ہوں کہ کسی جگہہ کسی ایک ایسے امر واحد یا اصول مفرد کا موجودہ ہونا غیر ممکن تھا جو عام اور مستحکم اور مسلم ہو گیا ہو ، بس اِس بات کے ثبوت میں دو باتوں پر میں حصر کرتا ہوں ؛ یعنی لوگوں کی حالت جداگانہ ، اور عام قاعدوں اور طریقوں کی حالت پر توجہہ کرتا ہوں ، جسکی کیفیت سے کل مجموع خلایق کا نقشہ ظاہر ہوجاویگا ۔

اِس زمانہ میں چار قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں ایک آزاد آدمی ، جو کسی برتر درجہ کے آدمی یعنی کسی مربی کے متوسل اور ملتحق نہ تھے ، اور اپنے مال و متاع کے کامل آزادی کے ساتھہ قابض اور اپنی زندگی جس طرز پر بسر کرنے کو جی چاہے بسر کرنے کے مختار مطلق تھے ، اور کسی دوسرے شخص کے کسیطرح مرہون منت نہ تھے اور کچھہ تعلق کسی سے نرکھتے تھے ۔ دوسرے متوسل ، جنکو دوسرے آدمیوں سے پہلے تو وہ تعلق تھا جو صاحب اور سردار کے درمیان میں ہوتا ہی ، پھر دوسرے تعلق کی وجہہ سے متوسل اور فرمانبردار قرار پائے ، یعنی ایسا تعلق اُن میں ہوگیا جو آقا اور تابعدار کے آپسمیں ہوتا ہی ، اور اُنھوں نے جاگیریں یا اور بخششیں عطا ہونے کے سبب سے دوسروں کی خدمت کا فرض اپنے ذمہ اختیار کیا ۔ تیسرے آزادعدہ آدمی ۔ چوتھے غلام ۔

مگر ہم پوچھتے ہیں کہ کیا یہہ مختلف فرقے قایم اور معین ہوگئے تھے ؟ جبکہ حدود معین میں ایک مرتبہ لوگوں نے آپ کو محدود کرنا منظور کرلیا تو کیا اُنھیں حدود کے اندر وہ ہمیشہ قایم رہے ؟ مختلف فرقوں کے باہم جو تعلقات تھے کیا اُن میں کوئی بات عادہ اور استقلال کی موجود تھی ؟ اسکا جواب یہہ ہی ، ہرگز نہیں ۔ اُس زمانہ کے حالات کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ آزاد آدمی ، اپنی حالت کو ہمیشہ چھوڑ چھوڑ کر کسی ایسے شخص کی خدمت اختیار کرتے تھے جس سے اُنکو کچھہ بخشش وغیرہ حاصل ہوتی تھی اور متوسلوں کے فرقہ میں قایم ہوتے تھے ؛ اور اور فرقوں کے لوگ اپنی حالت کے زوال پر غلاموں میں داخل ہوجاتے تھے ۔ اور کسی جگہہ یہہ پایا جاویگا کہ متوسل اپنے مربیوں سے علحدہ ہوتے اور غیر متوسل ہوکر از سرنو آزاد رہنے کے لیئے کوشش کرتے تھے ؛ غرض کہ تحریک اور پراگندگی کے سبب سے ایک فرقہ سے دوسرے فرقہ میں برابر انتقال اور تبدل کا ہونا ، اور عموماً مختلف فرقوں کے تعلقوں کا غیر معین اور غیر مستقل ہونا ، اور کسی شخص کا اپنی حالت پر یکساں قایم رہنا ، جانچا پایا جاویگا ۔

زمینداری کی حقیت کا بھی یہی حال تھا ؛ یہہ بات مشہور ہی کہ اراضی کی تقسیم اس طرح پر تھی کہ بعض اراضی بالکل معافی کی تھی ، اور بعض پر کسیقدر حقوق کسی سردار یا حاکم بالادست کے قایم تھے ، اور یہہ بھی آپ صاحبوں پر روشن ہی کہ دوسری قسم اخراجدار اراضی کی حقیت میں ایک بہت درست اور معین ترتیب اور سررشتہ کے قایم کرنے کا کس طرح پر ارادہ کیا گیا تھا ، چنانچہ جس حقیت پر کچھہ خراج دینا پڑتا تھا ، وہ اول میں سالہاے معدود اور معین کے واسطے عطا کی جاتی تھی ، اور اُس کے بعد جاگیردار کے حین حیات تک اور اخر کار موروثی حقیت ہوجاتی تھی ، غرض کہ انتظام اور ترتیب کے قایم کرنے میں کوشش محض بیکار تھی ، اور سب قسموں کی حقیت بلا ترتیب اور بے قاعدہ موجود تھی ، چنانچہ ایک ہی زمانہ میں اراضی خراج گذار کی تین قسمیں مذکور موجود تھیں ، اور اراضی واحد چند سال میں ان مختلف قسموں میں داخل ہوتی تھی ، جس طرح لوگوں کی حالتوں میں کچھہ استقلال نہ تھا اُسی طرح اراضیوں کی حالت بھی ناپائدار تھی ۔ تمام اطراف اور جوانب میں وہ بڑا انقلاب اور تبدل پایا جاتا تھا جو خانہ بدوشی کی حالت سے کنارہ کرکے قیام اور سکون کی حالت قبول کرنے ، اور ذاتی اور خاص تعلقات معدوم ہوکر حقیت اور لوگوں کے باہمی اور مجموعی تعلقات قایم ہونے سے اظہر من الشمس ہی ۔ اس انقلاب اور تبدل کے زمانہ میں شایستگی کے تمام جزونکا حال پریشان اور بے ترتیب تھا اور وہ خاص خاص امور اور خاص خاص مقاموں سے مخصوص تھے ۔

اُسوقت کے قواعد اور طریقوں میں بھی اُسی قسم کی بےاستقلالی اور آمیزش پائی جاتی ہی ، چنانچہ وقت واحد میں تین قاعدے ترتیب اور انتظام کے موجود تھے ، یعنی بادشاہت کا انتظام ، اور طوایف الملوکی جس میں حقیتوں اور لوگوں کے باہم توسل اور استمداد کا سلسلہ قایم تھا ، اور آزاد جلسے یعنی آزاد لوگوں کی مجلسیں جو متفق ہوکر معاملات کے طی کرنے کے واسطے بحث و مباحثہ کرتی تھیں ۔ ان تینوں سررشتوں اور انتظاموں میں سے کسی ایک کے دخل اور قایم میں مجموع خلایق نہ تھا ، اور کوئی ایک انتظام اور قاعدہ کسی دوسرے سررشتہ اور اصول پر غالب نہیں ہوا ، چنانچہ آزاد جلسے تو موجود تھے ، مگر جن لوگوں کو اُن میں شریک ہونا چاہیئے تھا و

رائے و قادر ہی شریک ہوتے تھے ' اور حکومت امور یعنی طوایف الملوکی کا بھی معلمد آمد کچھ اچھا اور باترتیب نہ تھا ' اور بادشاہت جو بعض سادہ اور آسان قاعدہ انتظام کا تھی اور جسکا معین اور مشخص ہونا نہایت سہل تھا کسی معین طریقہ پر قایم نہ تھے ' کہیں کہیں تو بیکس منتظوری اور انتخاب سے بادشاہ مقرر ہوتے تھے ' اور کہیں یہہ قاعدہ تھا کہ بادشاہت موروثی تھی ' کبھی باپ کا جانشین بیٹا ہوتا اور کبھی خاندان میں سے انتخاب کیا جاتا تھا ' اور کبھی بادشاہ متوفی کا کوئی رشتہ دار بعید بلکہ غیر شخص بادشاہ کیا جاتا تھا ' غرضکہ کسی قاعدہ اور انتظام میں کوئی امر مخصوص اور معین نہ پایا جاویگا ' تمام قواعد اور اصول اور معاشرت کی تمام قسموں کی حالتیں یکجائی اور باہم مخلوط موجود تھیں ' اور ہمیشہ اُن میں تبدیلی ہوتی رہتی تھی .

طوایف الملوکی ' یعنی امیروں کی ریاستوں کا بھی یہی حال تھا ' اُن میں بھی اُسی قسم کا تغیر اور تبدل رایج تھا ؛ چنانچہ کبھی تو وہ قایم ہوتی تھیں اور کبھی ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہوجاتیں تھیں ' کبھی وہ مجتمع ہوتی تھیں اور کبھی منقسم اور منتشر ' اُن کے امتیاز اور اُن کے منفصل ہونے کے لیئے کچھہ سرحدیں معین نہ تھیں ' نہ کوئی طریقہ حاصر حکومت کا تھا ' نہ کسی جداگانہ قوم کا وجود تھا ' بلکہ ہر قسم کے حالات اور اصول اور امور اور قوموں اور زبانوں کا عام اختلاف و اختلاط پایا جاتا تھا ' غرضکہ یورپ کے زمانہ وحشت کا ایسا حال تھا .

اب خیال کرنا چاہیئے کہ اس عجیب زمانہ پر حد اور انتہا کیا تھی ' اُس کی ابتدا تو بطوریہ ممتاز اور مخصوص ہی ؛ یعنی رومی شاہنشاہی کے زوال سے اُس کا آغاز ہوا ' مگر یہہ معلوم کرنا چاہیئے کہ اختتام اُس کا کب ہوا ' اس سوال کا جواب دینے کے لیئے ہمکو اس امر کا دریافت کرنا ضرور ہی کہ مجموع خلایق کی ایسی حالت کسوجہہ سے قایم ہوئی ' اور ایسی وحشت کے اسباب کیا تھے .

مجھکو اسکے دو مقدم سبب معلوم ہوتے ہیں ' ایک دنیوی سبب جو خارجی حالات سے واقعات کے دورہ میں قایم ہوا ' دوسرا اخلاقی سبب یعنی باطنی جو خاص انسان کے باطن اور ذات سے متعلق تھا .

خارجی سبب تو حملوں کا جاری اور قایم رہنا تھا ' یہہ خیال نکرنا چاہیئے کہ پانچویں صدی میں وحشیوں کے حملے موقوف ہوگئے تھے ' اور رومی سلطنت میں زوال آجانے سے یہہ بھی قیاس نکرنا چاہیئے کہ اُس کی ہیبت اور اُس کے کھنڈرات پر وحشیوں کی سلطنتیں فوراً قایم ہوگئیں ' اور نقل مکان اور حملوں کا خاتمہ ہوگیا ' بلکہ یہہ نقل مکان اور انقلاب بعد زوال سلطنت روم کے مدت تک جاری رہا جسکا ثبوت بطوریہ ظاہر ہی .

دیکھو اول ہی نسل کے بادشاہان فرانس دریاے † راین کے پار ہمیشہ اترنے کو جاتے تھے ' چنانچہ بادشاہ کلوٹیو اور ڈیگوبرٹ ہمیشہ مہمات جرمنی میں مصروف رہتے ' اور قوم تھورانجیین اور اہل ڈنمارک اور اہل سیکسن ‡ سے جو دریاے راین کے داہنے کنارہ پر مقیم تھے لڑتے پھرتے رہتے تھے ' اب فرمائیے کہ اُس کی وجہہ کیا تھی ' یہی وجہہ تھی کہ وہ قومیں دریاے راین کے اس پار اگر رومی سلطنت کی لوٹ اور غنیمت میں شریک ہونا چاہتی تھیں . علاوہ اُس کے اُسی زمانہ میں اُن فرانسیسیوں نے جو ملک فرانس میں مقیم ہوگئے تھے ' اور خصوصا مشرقی اہل فرانس نے ملک اٹلی پر بڑے بڑے حملے کیوں کیئے ' اور سوئیٹزرلینڈ پر حملہ کرکے کوہ § الپ سے گذر کر ملک اٹلی میں کیوں داخل ہوئے ؟ اسکا سبب یہہ تھا کہ شمال و مشرق کی طرف سے نئی قوموں کی آبادی اور دباؤ سے وہ مجبور ہوئے ؛ پس اُن کی مہمیں صرف لوٹ کھسوٹ کی غرض سے نہیں بلکہ بمقتضاے ضرورت عمل میں آئیں ' یعنی جن مقاموں میں وہ اباد ہوئے تھے ' اُن سے اُن کو نکال دیا گیا ' اور وہ اور مقاموں میں قسمت آزمائی کرنے کو گئے ' تاکہ وہاں دولت اور آسایش حاصل کریں . جرمن والوں کی ایک نئی قوم ظاہر ہوئی جس نے ملک اٹلی میں اُس بادشاہت کی بنیاد ڈالی جو اومبارڈ والوں کی سلطنت مشہور ہوئی ' اور فرانکس کے شاہی خاندان میں تبدیلی ہوئی ' یعنی قوم کارولونجیین ' بجاے میروونجیین کے قایم ہوئی . اب یہہ بات مسلم ہی کہ خاندان شاہی کی اس تبدیلی سے حقیقت میں ملک فرانس پر خود فرانسیسیوں کی طرف سے نیا حملہ واقع ہوا ' اور قوموں کے اس مبادلہ کے سبب سے مغربی فرانسیسیوں کی بجاے ' مشرقی فرانسیس قایم ہوئے ' اور یہہ تبدیلی کامل اور یہہ دوسری قوم صاحب حکومت ہوگئی ؛ شاہنشاہ شارلیمین ' اہل سیکسن کے مقابلہ میں وہی کارروائی کرنے لگا جو قوم میرو واجینین ' بمقابلہ تھوراونجین کے کرتی تھی ' چنانچہ وہ اُن قوموں سے جو دریاے راین کے پار مقیم تھیں ' ہمیشہ برابر لڑتا رہا .

اب دیکھنا چاہیئے کہ ان انقلابوں کا کیا باعث تھا ' اُن کا سبب یہہ تھا کہ قوم اوسٹروگرائیتھینز اور ولتدیز اور سروابیز اور اہل بوہیمیا یعنی سکلیونک نسل والوں نے اہل جرمن کو دبایا ' اور چھٹی صدی سے نویں صدی تک اُنکو مغرب کی طرف بڑھنے اور چلے جانے پر مجبور کیا ' اور شمال و مشرق میں جا بجا حملوں کی مارا مار رہی ' جسکا اثر زمانہ کے واقعات پر ہوتا رہا .

(باقی آیندہ)

† دریاے راین ملک جرمن اور فرانس اور سوئیٹزرلینڈ کی حد فاصل ہی .

‡ یہہ اہل سیکسن ایا و اجداد انگریزوں کے ہیں ' جنھوں نے جرمن سے نقل مکان کیا تھا ' چنانچہ اب تک ایک صوبہ سیکسنی کے نام سے وہاں موجود ہی .

§ یہہ ایک بڑا پہاڑ ملک اٹلی اور استریا اور جرمن میں واقع ہی .

نمبر ۲۰۱

لعنۃ اللہ علی الکاذبین

اخبار نورالانوار میں میری نسبت ایک بزرگ نے یہہ مشتہر فرمایا ہی کہ وقت آنے حیدرآباد کے میں اُن سے ملنے گیا اور اُنھوں نے پوچھا کہ "حیدرآباد سے بھی شغل تحریر نیچریہ کا رہیگا بجواب اُس کے میں نے کہا کہ برس روز سے زیادہ ہوا کہ میں نے اس تحریر کو ترک کردیا ہی اور یہہ تحریر میری حسب اسباب ظاہر کے تھی ورنہ باطن میرا وہ ہی جو اہل اسلام کا ہی" یہہ تحریر حضرت کی سراسر چھوڑدیہہ اور محض توہمت ہی سبحٰنک ھذا بہتان عظیم چند روز پیشتر لوگوں نے ایسی ہی بیہودہ خبریں اوڑائی تھیں اور میرے خاص دوستوں نے بھی مجھسے استفسار کیا تھا میں نے بجواب خط مزیزی ماجد علی کے اصلی کیفیت اپنی مشتہر کردی تھی اب حیدرآباد آنے سے پھر منافق مسلمانوں نو یہہ خیال شاید ہوا ہو اور اُنکو اپنے غلط خیال کے موافق گمان تبدیلی خیالات اور وضع کا میری نسبت پیدا ہوا ہو مگر میرے مذہبی خیالات اور دلی واراوں میں کچھہ فرق نہیں ہوا مسلمانوں کے مذہبی اوہام کی غلطیاں ظاہر کرنے اور اُن میں تہذیب و شایستگی پھیلانے کا خیال جیسا تھا ویسا ہی ہی —

اُنھیں خوے دل آزاری جو آگے تھی وہ اب بھی ہی
وفا کی ہمکو بیماری جو آگے تھی وہ اب بھی ہی

میں نے نہ اپنے اعتقاد کو بدلا نہ اپنے خیال کو نہ اپنی وضع کو نہ اپنے لباس کو نہ اپنی طرز معاشرت کو اور انشاء العزیز —

تا زمیخانہ و مے نام و نشاں خواھد بود
سر ما خاک رہ پیر مغاں خواھد بود
حلقہ پیر مغانم ز ازل در گوش است
ما ھمانیم کہ بودیم و ھماں خواھد بود

مولوی محمد علی صاحب کی تحریروں کی تائید بھی میری تو یہہ کی ایک خیالی وجہہ قرار دی گئی ہی مگر میں سچ کہتا ہوں اور سراسر سچ کہتا ہوں کہ اُنکی اکثر تحریرات کا اثر اگر کسیکے دل پر ہوسکتا ہی تو اتنا ہی کہ اسلام شہرت رائی اور ظلم اور فساد اور بد اخلاقیوں کا ایک ذریعہ اور جھوٹی کہانیوں اور بیہودہ خبروں اور عقل و حقیقت کی مخالف باتوں کا ایک مجموعہ ہی نہ اسلام سے دنیوی برکتیں ہوئیں نہ بنی نوع انسان کی معاشرت اور اخلاق میں اُس سے اصلاح ہوئی حق یہہ ہی کہ مولانا صاحب پادریوں پر احسان کر رہے ہیں اور اُنکو اسلام کی غلط برائیوں کے ظاہر کرنے اور اُس کی اصلی خوبیوں کے چھپانے میں مدد دے رہے ہیں جو سیاہی موجودہ اسلام کے چہرہ سے دور کی جاتی ہی مولوی صاحب اُسے پھر لگا دیتے ہیں اور جو الزام مسلمانی مذہب سے دور کیا جاتا ہی مولانا صاحب اُسیکو پھر جمادیتے ہیں پس جبکہ میرے تردیک مولانا صاحب کا دل و دماغ ایسا ہو اور میرے دل پر اُن کی تحریرات کا ایسا اثر ہوتا ہو تو اُس سے مجھے کیا ہدایت ہوسکتی ہی ہاں اُن کی تحریرات سے کبھی کبھی طالب علموں کی کچ بحثیوں کا مزہ آجاتا تھا یا ضروری و مصباح پڑھنے والوں کے لفظی مباحثوں کی تصویر آنکھوں کے سامنے پھر جاتی ہی دگر ہیچ — اسوقت مجھے ایک حکایت منظوم یاد آئی تہ شایقین کے نذر کرتا ہوں سننے والے اُسے میری زبان سے سنیں اور داد دیں *

مارنے از کوہ بصحرا گذشت — دید مزاریل بدامان دشت
دل ز غم وسوسہ پر داختہ — دیدہ ز نیلوک تہی ساختہ
گفت بدو عارف صحرا نورد — کز چہ دریں بادیۂ ہرزہ گرد
طبع تر آسودہ ز وسواس چیست — ایں قدرت کندی الماس چیست
کار تر در صومعہ و خانقاہ — باز چرا مائدۂ از کار گاہ
تفرقہ پیش صف طاعت نہ — رخنہ گر سلک جماعت نہ
در صف اصحاب نہیب تو کو — جادوے جبریل فریب تو کو
شعبدہ انگیزی خویت کجاست — خوی بد موروثہ جویت کجاست
رہزن دوران بدل بد سگال — طنز کناں داد جواب سوال
کز پر کاہ ما سے زمان — فارغم از کشمکش ایں و آں
داشت مرا باز ازیں جد و جہد — حیلہ گریہاے نقیبان مہد
یک تن ازیں طایفۂ پرالہوس — از پئے گمراہ کردن پس

اب میں اپنے دوستوں اور یاروں کی خدمت میں صاف صاف عرض کرتا ہوں کہ اگر کوئی میری نسبت ایسی خبر اور بیہودہ اور جھوٹی خبریں اوڑاوے اُسے غلط اور توہمت سمجھیں اور خاصکر دلسوزی حضور میں بھی یہہ التماس ہی کہ آیندہ نصیحت سے معاف فرماویں اور اپنا اور میرا وقت ضایع نکریں *

من ترک عشقبازی و ساغر نمیکنم — صد پار توبہ کردم و دیگر نمیکنم
شیخم بعطنز گفت حرام است می مخور — گفتم مگو کہ گوش بہ ہر خر نمیکنم
ایں تقویم بس است کہ چوں زاہداں شہر — ناز و کرشمہ بر سر منبر نمی کنم

راقم
مہدی علی
از حیدرآباد

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

۸۹۱/۵۴۳۰۵ تہذیب الاخلاق
جلد

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔